طب نبوی

TIBI NAYAB VIDEOS

Subscribe

حکیم محمد یوسف حسن

Free
Tibi Nayab
Books

ایک عرصے سے نایاب فنِ طب کا بے نظیر مخزن

طبِ مخفی

مع

خلاصۃ المجربات

مؤلف

حکیم و ڈاکٹر محمد یوسف حسن

"صدارتی تمغہ امتیاز"

ناشر

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

چوک اردو بازار ـــــ لاہور

عرضِ ناشر

ایک عرصہ سے ہمارے دل میں خواہش موجزن تھی کہ ملک کے مشہور و معروف ماہر امراض جنسیات اور صدارتی تمغۂ امتیاز رکھنے والے مایۂ ناز طبیب جناب حکیم محمد یوسف حسن ؒ کی اعلیٰ پایہ کی خالصتاً طبّی اور جنسیات کے موضوع پر بہترین رہبر و راہنما کا کام دینے والی کُتب کی اشاعتِ جدید کا اہتمام کیا جائے۔

اسی اثناء میں برادرم حکیم طاہر محمود صاحب کی کوشش و تلاش و بسیار کے نتیجہ میں حکیم صاحب مرحوم کے فرزندِ ارجمند جناب میاں انعام الحق صاحب (سینئر ایڈووکیٹ، ہائی کورٹ، سپریم کورٹ و فیڈرل شریعت کورٹ) سے ملاقات ہوئی، میاں صاحب سے معاملہ طے کر کے ان کے والد صاحب کی جملہ کتب کی جدید اشاعت کے حقوق حاصل کیے۔

لہٰذا حکیم محمد یوسف حسن ؒ کی ایک انمول اور مجرب و زود اثر نسخہ جات پر مشتمل کتب "طبِ مخفی" آپ کے پیشِ نظر ہے اس کی افادیت کا اندازہ اس کے کرامتی اثرات والے نسخہ جات کے استعمال کے بعد ہی ہو گا۔

انشاء اللہ العزیز چند روز کے اندر حکیم محمد یوسف حسن ؒ کی دیگر تمام تر کُتب آپ کے ہاتھوں میں ہوں گی۔

شیخ محمد ابوبکر صدیق
شیخ محمد عثمان غنی

Free
Tibi Nayab
Books

پیش لفظ

از: حکیم حافظ طاہر محمود بٹ
فاضل طب و جراحت

○

شیخ محمد اینڈ سنز کی طرف سے شائع کی جانے والی طبی کتب کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے اس کے ساتھ ہی ان کا جذبۂ خدمت علم و طب پہلے سے بڑھ رہا ہے۔

وہ وقت دور نہیں ہے کہ جب علم طب کی کوئی بھی کتاب شائع ہو سکے گی انشاء اللہ العزیز۔

ملک کے نامور معالج اور ماہر امراض جنسیات حکیم و ڈاکٹر محمد یوسف حسن (سابق ایڈیٹر ماہنامہ) نیرنگ خیال کی مشہور و معروف تالیف "طب مخفی" آج کے پیش نظر ہے جو اب تک بلا مبالغہ ہزاروں کی تعداد میں فروخت ہو چکی ہے اس کا ہر نسخہ ہیرے جواہرات سے تولنے کے قابل ہے اس کتاب میں سہل الحصول بے ضرر اور کرامتی اثرات رکھنے والے نسخہ جات کی افادیت صرف ہر اچھے طبیب کی صدری بیاض کی زینت ہیں بلکہ بیمار انسانیت کی شفایابی کے لیے ان کی مسیحائی کی بنیاد کا جزو ہیں۔ اس کا مطالعہ ہر معالج کے لیے مفید ہوگا۔

وما علینا الا البلاغ



سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ

دیباچہ

اَلْعِلْمُ عِلْمَانِ عِلْمُ الْاَبْدَانِ وَعِلْمُ الْاَدْيَانِ

مشرق قدیمی مشرق اور پُراسرار مشرق کے علمی کارناموں کی محیر العقول تاریخ کے مطالعے سے اُن حقائق کے چہرے سے پردہ اُٹھتا ہے جن کا تصور باندھنے سے علم و فضل کا ایک بحر بے پایاں لہراتا ہوا تمام کرۂ ارض پر محیط معلوم ہوتا ہے۔ علمائے مشرق نے مذہب کے بعد سب سے زیادہ توجہ طبی علوم کی نشر و اشاعت پر کی تھی اور اس عنوان پر انہوں نے متعدد ضخیم کتب تصنیف کیں۔

مشرق کے اس وسیع قطعہ ارضی کا حصہ جو ہندوستان کہلاتا ہے اور جس کے طول و عرض کی وسعت مختلف النوع اقوام، رنگ و نسل، و زبانوں کے ملاپ کے باعث بطور خود ایک براعظم کی حیثیت رکھتی ہے اپنی قدیم ویدک طبی تصنیفات پر فخر کر سکتا ہے لیکن ویدک گرنتھوں اور پوتھیوں کا بیشتر حصہ مرور زمانہ کی طفیل مدت سے نابود ہو چکا ہے اور جو باقی ہے وہ سنسکرت جیسی زبان میں ہیں جس کے سمجھنے اور سمجھانے والوں کی تعداد انگلیوں پر شمار کی

جا سکتی ہے جن ویدک طبی کتابوں کے تراجم ہو چکے ہیں وہ بھی صرف رسم الخط کی تبدیلی ہے ورنہ اُن میں ترجمہ کی حیثیت و شان کسی صورت بھی قائم نہیں رکھی گئی۔ ویدک کے بعد یونانی و ڈاکٹری کا نمبر ہے جو اس وقت ہندوستان میں رائج ہے۔

ڈاکٹری یا طب غربی حکمران قوم کا گل سرسبد ہے حکومت کی پشت پناہی، یورپ کے سرمایہ دار تاجروں کی حیات پرور مساعی اور محققین فرنگ کی شبانہ روز کی سرگرمی و کاوش، اس کی بقا و ترقی کے لئے بہترین ضامن ہیں۔

اس کے بعد طب یونانی ہے جو میری بحث و تمحیث کا اصل موضوع اور جس کی گزشتہ تاریخ پر ایک چلتی ہوئی نظر ڈالنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ محض خلفائے راشدین کے علمی ذوق کی شرمندہ احسان ہے، جس وقت بغداد تمام دنیا کا علمی مرکز بنا ہوا تھا اس وقت حکمائے یونان کی علمی کاوشوں اور ہزار سالہ جانفشانیوں سے جو چراغ علم روشن ہوا تھا وہ ٹمٹما رہا تھا زمانہ کی پیہم گردشوں اور اُن گنت تبدیلیوں نے اہل یونان کے قوے کو اس حد تک معطل کر دیا تھا کہ اُن میں حرکت و زندگی نام کو بھی باقی نہ تھی اور سکوت و جمود کا ایک ایسا پردہ چھایا ہوا تھا جس کو دیکھ کر ہر یگانہ و بیگانہ بیانگ دہل کہہ رہا تھا کہ یونانی علم و حکمت انحطاط و زوال کی آخری منزلوں پر آن پہنچا ہے مسلمان اس وقت بیدار اور جویائے علم تھے علم کو اپنی میراث سمجھ کر جہاں سے ملتا لینے میں دریغ نہ کرتے تھے اور اسلامی حکومت اس کے لئے ہر قسم کی آسانیاں بہم پہنچا رہی تھی چنانچہ تمام یونانی کتب بغداد میں سخت تلاش و جستجو سے بہم پہنچائی گئیں ماہران فن کی امداد سے ان کے تراجم عربی زبان میں کئے گئے۔ ادویات کی تیاری و تجربہ کے لئے دار التجارب قائم ہوئے اور اس طرح سے مسلمانوں نے مردہ طب یونانی کے قالب میں حیات جاوید کا صور پھونک دیا مسلمانوں نے اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ طب یونانی کو مکمل کرنے کی غرض سے انہوں نے ہندوستان سے ماہران فن کی ایک جماعت طلب کی سنسکرت سے ترجمے کئے گئے اور ایک ہندو وید تمام یونانی اسپتالوں پر نگرانی کے لئے مقرر کر دیا گیا اور اس کے بعد ہندوستان نے طب یونانی اور ویدک کے ملاپ سے ویدک طب کی مخصوص خوبیوں علم کشتہ جات، وغیرہ کو طب یونانی نے اپنے اندر جذب کر کے اس کو بھی ہمیشہ کے لئے

تباہی سے بچانے کا سامان بہم پہنچا دیا۔ طب یونانی کے لئے مسلمانوں کی اجتماعی کوششیں اور اس میں مجنونانہ شغف رکھنے کے باعث عام طور پر طب یونانی کو طب اسلامی کہا جاتا ہے۔ اسلامی حکما نے مستقل تصانیف لکھیں اور اس کو مکمل کرنے کی غرض سے اس میں حیرت انگیز تبدیلیاں اور جدتیں پیدا کر دکھائیں اس سلسلہ میں شیخ الرئیس، رازی، زہراوی، ابن بیطار، مجوسی، ملا سدید، ابن عوض، اکبر ارزانی وغیرہ مخصوص و ممتاز اشخاص ہیں۔

ہندوستان میں جب اسلامی پرچم کے ساتھ طب یونانی بھی پہنچ گئی، مدتوں یہاں اس کا ڈنکا بجتا رہا لیکن حکومت کے زوال کے ساتھ ہی طب یونانی کی وہ شان قائم نہ رہ سکی اور ایسی قعر گمنامی میں گری کہ اگر مخصوص ہستیاں اس کے لئے کوششیں نہ کرتیں تو یہ مدت سے مٹ چکی ہوتی اس سلسلہ میں حکیم اعظم خاں صاحب، حکیم عبدالمجید خاں صاحب، حکیم عبدالعزیز خاں صاحب لکھنوی اور مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں صاحب بانی طبیہ کالج دہلی کے نام نامی و اسم گرامی ہندوستان کی دیسی طب کے محافظوں میں جلی قلم سے لکھے ہیں۔

ان کے علاوہ بہت سے اطبائے نامدار نے بذریعہ تصنیفات طب یونانی کی تقویت و ترقی میں ہر ممکن کوشش کی ہے اور اپنے سرمایہ علم کو بڑھانے اور محفوظ کر لینے میں قابل قدر خدمتیں انجام دی ہیں ان میں سے شمس الاطبا حکیم ڈاکٹر غلام جیلانی خاں صاحب، حکیم فیروز الدین صاحب مرحوم، حکیم عبدالعزیز صاحب کامل مرحوم، حکیم کبیر الدین صاحب پروفیسر طبیہ کالج دہلی و ایڈیٹر المسیح و پنڈت تھاکر دت صاحب شرما وئید ایڈیٹر وئید امرت کے نام ہمیشہ عزت و تکریم سے لئے جائیں گے۔

طب یونانی کے انحطاط و زوال کو دیکھ کر اور اطباء میں سرگرمی، اتفاق اور بیداری پیدا کرنے کے لئے چند طبی اخبارات و رسائل بھی شائع ہو رہے ہیں ان میں حکیم مولوی محمد شریف صاحب ایچ پی ایل ایل مدیر الحکیم، حکیم ڈاکٹر مرزا امام الدین صاحب ایل ایم ایس چیف ایڈیٹر رسالہ حامی الصحت لاہور، حکیم محمد حسن صاحب قرشی مدیر مشیر الاطباء، حکیم علم الدین صاحب بھاگوالیہ ایڈیٹر المعالج، حکیم محمد ظفر الدین صاحب اڈیٹر معین الصحت، حکیم احمد الدین صاحب اڈیٹر تبصرۃ الاطبا وغیرہ خیر خواہان طب یونانی کی طرف سے قابل شکریہ ہیں۔

مندرجہ بالا تمام اطباء نے ہمیشہ اس حقیقت کو بے نقاب کیا ہے کہ اپنے موجودہ انحطاط

و زوال پر صف ماتم بچھانے سے چنداں فائدہ نہیں پہنچ سکتا بلکہ جو کچھ اس وقت ہ
پاس موجود ہے اس کی حفاظت کی جائے اور جو کچھ تلاش و جستجو سے مل سکتا ہے
عجلت کے ساتھ بہترین صورت میں شائع کر دیا جائے۔ چنانچہ اس اصول کو مدنظ
ہوئے فلسفہ طب پر متعدد کتب تصنیف و تالیف ہوئیں، قلمی بیاضوں اور اطبائے ہ
کے مجربات کو بڑی محنت سے اکٹھا کر کے شائع کیا گیا۔ مجربات کے عنوان پر درجنوں کتا
مرتب ہو چکی ہیں لیکن باوجود اس کثرت کے طالبانِ مجربات کی تشنگی ابھی بجھی نہیں اور
ہل من مزید کا نعرہ لگایا جا رہا ہے اس لئے ضرورت محسوس ہوئی کہ اس عنوان پر جامع
کامل کتابیں لکھی جائیں اس کے علاوہ قبلہ حکیم فیروز الدین صاحب مرحوم مولف رموز الا
نے جلد دوم کے دیباچہ میں اسی موضوع پر بدیں الفاظ اظہار خیال کیا تھا:۔

"ایسے دستور العلاج کا مکمل ہو سکنا صرف اس طرح ممکن ہو سکتا ہے کہ ہندوستان کے مختلف
اصحاب سے اُن کے مجربات لیکر شائع کئے جائیں اور متقدمین کی کتابوں کی ورق گردانی کر کے
ایک قسم کے بالخاصہ اثر کرنے والے نسخہ جات کا ذخیرہ جمع کر کے پبلک میں شائع کیا جائے اور
پھر اہل ملک کو مجبور کیا جائے کہ وہ ان کا تجربہ کر کے اطلاع دیں اور کوئی وقت آ جائے کہ
میں یا میرے بعد کوئی آنیوالا شخص اُن کی جانچ پڑتال کر کے ایک جگہ مناسب صورت میں
جمع کر کے شائع کر دے اور بس"۔

حکیم صاحب نے جس ضرورت کو مندرجہ بالا سطور میں ظاہر کیا ہے اور جس قسم کی کتاب کے لئے
تجویز پیش کی تھی وہ خیال میرے لئے شاہراہ عمل بن گیا اور میں نے اس مقصد وحید کی تکمیل
میں ایک منظم و مکمل کوشش شروع کر دی۔ میں برابر تین سال سے اس کے لئے مصالحہ جمع کرنے
میں مصروف رہا ہوں اور شبانہ روز اطبا سے ملکر اُن سے ہر قسم کی جدید و قدیم کتابوں کے اُن
نسخہ جات کے متعلق معلومات حاصل کرتا رہا ہوں جو اُن کے تجربہ میں صحیح و مفید پائے گئے
تھے۔ ممبران دار التجارب کی خدمت میں خطوط لکھے اور جس جس شہر میں مجھے جانے کا اتفاق
ہوا میں اس کام کی تکمیل میں برابر کوشاں رہا ہوں۔ کئی گشتی مراسلے چھپوا کر تقسیم کئے ہزاروں
خطوط اپنی قلم سے لکھے اور اس کے علاوہ دیگر ذرائع سے اسکے متعلق لٹریچر شائع کرتا رہا

اور سب سے بڑھ کر مجھے اس کام میں رسالہ حامی الصحت لاہور نے امداد بہم پہنچائی جس نے میری اپیلوں، درخواستوں اور اشتہارات کو بغیر کسی معاوضہ کے درج اخبار کیا یہاں تک کہ بفضل خدا تین چار سال کی محنت شاقہ کے بعد یہ ناچیز تحفہ جناب کے پاکیزہ و مبارک ہاتھوں تک پہنچانے میں کامیاب ہوا ہوں۔

طب مخفی کو چند ابواب میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ باب اول میں اطباے ہند کے مجربات ہیں جن میں سینکڑوں اعلیٰ پایہ کے نسخہ جات درج ہیں جن کا آج تک کسی جگہ اظہار نہیں کیا گیا تھا اور میں اطباء کا تہ دل سے مشکور ہوں کہ انھوں نے بخل جیسی نامراد لعنت کا طوق دیسی طب کے گلے سے اتارنے میں پوری پوری سعی کی ہے۔

باب دوئم میں میرے مطب کے تمام مستعمل نسخہ جات بالکل صحیح اوزان و تراکیب سے درج کتاب کر دئے گئے ہیں اس کا نام "میری بیاض" ہے جس کو ابتدا میں جداگانہ کتاب کی صورت میں شائع کرنے کا اعلان کر چکا تھا لیکن بعد میں اس کتاب میں اضافہ کر دینا مناسب سمجھا تاکہ یہ کتاب ہر صفت موصوف بن جائے۔

باب سوئم کا عنوان دیسی فارما کوپیا یا دستور العلاج ہے جس میں ہر مرض کے نام کی تحت میں بہترین مجرب و تصدیق شدہ نسخہ جات کو جمع کر دیا گیا ہے اس مقصد کے لئے مجھے متقدمین کی کتابوں کو بھی دیکھنا پڑا ہے اور جدید کتب سے بھی استفادہ حاصل کیا گیا ہے یہ کام بڑی محنت و عرقریزی کا تھا لیکن بفضل خدا یہ کام انجام کو پہنچا۔ اس میں قریباً مندرجہ ذیل کتب کے بہترین مجربات ہیں:-

قرابادین قادری، شریفی، ذکائی، بقائی، قرابادین کبیر، علاج الامراض، زمرد اخضر، رموز اعظم، تکملہ ہندی، خلاصۃ التجارب، مفتاح اعظم، اقتباس العلاج، علاج الغربا، مجربات اکبری، طب اکبر، عجالہ نافع، قانون شیخ الرئیس، مفرح القلوب، مجربات ہندی، مجربات جالینوس، مجمع الجوامع، تحفۃ المومنین، ذخیرہ، خواندم شاہی، کامل الصناعت، مجربات قابوس، مجربات بوعلی سینا، زاد غریب وغیرہ وغیرہ۔

جدید کتب میں سے گڈری، تحفۃ الاطبا، تذکرۃ الاطبا، جامع اسرار صدری، باقیات، گنج

مجربات، بیاض مسیحا، بیاض خاص، رموز الاطباء، حرز جان، علاج بالمفردات۔ واگ بھٹ گنجینہ طبیب، مخزن حکمت، اسرار حکمت، اکسیر اعظم، بحر الفواید، اکسیر الامراض، طب حسینی، اور راز الاطباء وغیرہ وغیرہ سے مجرب و صحیح نسخہ جات کا انتخاب کیا گیا ہے۔

یہ انتخاب ایک فارمیا کوپیا کے برابر ہے اور اب ہر طبیب ان مستند و مفید نسخہ جات سے اپنے علم و تجربہ کے مطابق ہر وقت معجز نما و محیر العقول فواید حاصل کر سکتا ہے۔

جہاد اکبر

کچھ عرصہ سے ہم بخل کے خلاف مصروف جہاد ہیں، ہم نے ایک حد تک اس جہاد میں کامیابی حاصل کر لی ہے اور آیندہ کے لئے منزل مقصود ہمارے قریب نظر آ رہی ہے ہماری کشتی امید لب ساحل پہنچنے کو ہے۔ ہمارے اطباء کے پاس نسخہ جات کا ایسا ذخیرہ مہیا ہونے والا ہے جس کے بعد اُن کو علاج معالجہ کے لئے بر الساعت نسخہ جات مقابلہ کے میدان میں کامل فتح دیا کرینگے۔

اس کتاب کی ترتیب و تدوین کے ایام میں مجھ پر چند عجیب و غریب حقیقتوں کا انکشاف ہوا ہے بعض اطباء نے میرے مراسلات کے جواب میں مجربات کے اظہار سے انکار کر دیا ہے ان میں سے بعض نے تو یہ کہا ہے کہ طبیب کامل وہ ہے جو مزاج کے مطابق نسخہ تجویز کر سکے اس لئے مجربات پر انحصار نہیں ہو سکتا بعض نے لکھا ہے کہ ہم اپنی برسوں کی کمائی اور اپنے بزرگوں کے عطیات کو کیوں اور کس لئے ظاہر کر دیں بعض نے فرمایا کہ جو نسخہ جات ہزاروں لاکھوں روپے کو بھی میسر نہیں آ سکتے وہ چار پانچ روپے قیمت کی کتاب میں کیسے شائع کئے جائیں اس طرح سے اہل و نا اہل اس سے فائدہ اٹھا کر ملک کو بجائے فائدہ کے نقصان پہنچائینگے بعض نے میری درخواستوں پر مغلوب الغضب ہو کر لکھ دیا کہ خبردار ہم سے نسخہ جات نہ مانگے جاویں اور جو کبھی آپ کو ہدیۃً دیئے تھے وہ بھی ظاہر نہ کئے جائیں۔ اور نسخہ جات کا اظہار ایک گناہ ہے جس کی ذمہ داری آپ کے سر پر ہوگی نعوذ باللہ من ذلک مخالفین کی دلیلوں پر جہاں تک غور کیا گیا ہے وہ یکسر فضول و بے معنی ثابت ہوئی ہیں یہ سب وہم و خیالات ہیں یہ سب بغض و حسد اور بد اعتقادی کا نتیجہ ہیں یہ جذبہ سخاوت و ایمان

کی صفات کے علاوہ سرشانی میں یہ بخل و امساک کی شرمناک لعنت و شیطنت کی غلامی ہے جس کا
علقہ ابھی تک بعض احباب اپنے کانوں میں پہنے ہوئے ہیں اور جسے اتار پھینکنے کے لئے
ان میں جرأت تو ہے لیکن بخل مانع ہے ۔

ہم نے بارہا اُن کی خدمت میں تفصیل سے عرض کیا ہے کہ جو طبیب مفردات سے نسخہ کو
خود تجویز کرتا ہے وہ بھی مفردات کے تجربہ و افعال و خواص کے علم کی تفصیل ہی کامیابی حاصل
کر سکتے ہیں آخر مفردات بھی تو تجربہ کے بعد ہی دریافت کی گئی تھیں ۔ انہی مفردات سے
پھر امراض کے لئے بر الساعت و بالخاصہ مجرب نسخہ جات مرتب کئے گئے اور ان نسخہ جات
کو بھی طبیب مریض کے حالات و مزاج و عمر کے لحاظ سے تشخیص مرض کے بعد ہی مناسب
مقدار سے استعمال کرا سکتا ہے ۔

باقی اہل نااہل کی بحث سراسر فضول ہے کتابوں میں ہزاروں مفید و صحیح نسخہ جات
موجود ہیں لیکن کتنے حکیم اور بے علم اُن سے صحیح طور پر استفادہ حاصل کر رہے ہیں حضرت
ہی کتابیں ہیں جو آپ کی علمی کوششوں و جد و جہد کو محفوظ بنائے ہوئے اور آنے والی
نسلوں کے لئے بہترین سرمایہ جمع رکھے ہوئے ہیں اور عہد حاضر کی کوششوں ہمارے
مستقبل کو کامیاب و شاندار بنانے میں پوری پوری امداد دیں گی ۔

اکیمیا

اس کتاب کے ایک باب میں بڑے اختصار کے ساتھ لیکن جامع الفاظ میں اکیمیا پر روشنی
ڈالی گئی ہے کیونکہ مجھے مشاہدہ و تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ ہندوستان میں ایک مخصوص جماعت
باوجود جہالت و لاعلمی کے اس فن کا عشق رکھتی ہے لیکن بوجہ اس علم کے بنیادی اصولوں
سے ناواقفیت کے وہ اپنا وقت عزیز اور محنت و مشقت کی کمائی بڑی بیدردی سے ضائع
کر رہے ہیں میں نے کوشش کی ہے کہ نہایت اختصار کے ساتھ اس علم کے بنیادی
اصولوں کو واضح کر دوں جن سے لاعلمی کی وجہ سے کوئی شخص بھی اس فن میں کبھی کمال
حاصل نہیں کر سکتا ۔

شکریہ ۔ میں اُن تمام مصنفین و مولفین کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جن کی تصنیفات

سے میں نے استفادہ حاصل کیا ہے اس کے علاوہ شمس الاطبا حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی صاحب اور ڈاکٹر مرزا امام الدین صاحب اور میرے مکرم و معظم مہربان حکیم غلام محمد صاحب ناظم کا بھی کسی طرح سے حق ادا نہیں ہو سکتا جنہوں نے کتاب کی ترتیب میں مجھے علمی امداد دیکر ممنون احسان بنا لیا ہے

آخر میں اطبائے ہند و شائقین دیسی خواہان طب یونانی جدید کی خدمت میں نہایت ادب کے ساتھ گزارش کرتا ہوں اگر وہ اس میں کسی قسم کی غلطیاں پائیں تو اس کو عجلت و کثرت کار پر حمل کرتے ہوئے مجھے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اڈیشن ان نقائص سے پاک رہے اور دوسرے حصص کی تکمیل میں مجھے اپنے بہترین تجربات اور بہترین مشورہ سے مستفید فرماتے رہیں ۔

فی الحال اس کتاب کا دوسرا حصہ موسوم بہ ضخامت کبیر زیر تیاری ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ پانچ چھ ماہ کے اندر اندر شائع ہو جائیگا یہ حصہ دو سو صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں صرف فن کشتہ جات پر بحث کی گئی ہے اور اس میں صرف اُن کشتہ جات کو مفصل و مشرح ترکیب تیاری سے لکھا جائیگا جسے یا تو ہم خود تیار کر چکے ہیں یا اکثر اطبا اُن کی تصدیق کرتے ہیں اس طرح سے فن کشتہ جات میں ایک ایسی مصدقہ و صحیح کتاب شائع ہو جائیگی جو ہماری آئندہ دن کی پریشانیوں کو دور کر دیگی یہی باعث ہے کہ اس حصہ میں کشتہ جات بہت کم درج کئے گئے ہیں حصہ دوم کا مفصل اعلان کسی دوسری جگہ درج ہے ۔

اس جلد میں اطبا کی تصاویر کا اہتمام نہیں ہو سکا جلد دوم میں چند تصاویر لگانے کا ارادہ ہے چونکہ یہ جلد اطبا کی تصویر سے خالی ہے اس لئے اپنی تصویر بھی غیر ضروری سمجھی گئی ۔ خدا حافظ ۔

لاہور

۱۴ یوں ۱۹۲۳ء

خادم الملک

حکیم محمد یوسف حسن حنفی عفی عنہ

Free Tibi Nayab Books

مُجرّبات اطبّائے ہند

باب اوّل

مُقدّمہ

طب مخفی کے پہلے باب میں ہندوستان بھر کے اُن ممتاز اور نامور اطبا کے ذاتی مجربات درج کرنے کا فخر حاصل کرتا ہوں جنہوں نے ازراہ کرم میری استدعاؤں، تمناؤں، متواتر التجاؤں اور روزمرہ کی درخواستوں کو شرف قبولیت بخشا ہے اور اپنے اُن گرانمایہ اور قابل اخفا نسخہ جات کو جنہیں وہ آج تک حرز جان بنائے ہوئے تھے برائے اندراج بھیجکر مجھے اور تمام بہی خواہان طب کو شکریہ کا موقع دیا ہے اور اس طرح سے انہوں نے اس شریف نظریہ کی تکمیل میں مجھے امداد دی ہے جس کا ماحصل دیسی طب کی حفاظت و ترقی ہے اور جس کا قدم اولین بخل جیسی نامبارک و منحوس لعنت و ذلت کو دور کرنے کے لئے مدت سے بہی خواہان طب اُٹھا چکے ہیں اور اس قیمتی سلسلہ کی یہ کڑی اپنے اندر ایک ایسی خصوصیت رکھتی ہے جس کو مدنظر رکھتے ہوئے مجھے اس بات کا دعویٰ کرنے کا فخر حاصل ہوا کہ اس دفعہ اطبا نے صدری نسخہ جات کے اظہار میں بہت بڑی قربانی کی ہے۔ کیونکہ درحقیقت انہوں نے ایسے ایسے قیمتی اور مجرب نسخہ جات برائے اشاعت روانہ فرمائے ہیں جس کی نظر گزشتہ کوششوں میں نہیں ملتی۔ طب مخفی کا نام اور جس الفاظ اور جس پیرایہ میں اُس کے لئے حصول مجربات میں کوشش کی گئی ہے وہ اس بات کا مقتضی تھا کہ اطباء بخل کو دور کرنے میں ایک ایسا کامل و بہترین اقدام کریں جو آیندہ کے لئے نظیر قرار دیا جا سکے۔ الحمد للہ کہ طب مخفی کا پورا باب جس میں ایکسو کے قریب اطباء کے مجربات درج ہیں حقیقت میں اپنی آپ ہی نظیر ہے اور مجھے امید ہے کہ آیندہ دیگر اطباء بھی اسی طرح سے اپنے بہترین اور

اور فی الحقیقت مجرب نسخہ جات شائع کرا کر اس اعلیٰ ترین مقصد کی بجا آوری میں اجتماعی کوشش جاری رکھینگے ۔

اطباء نے مجربات کثیر تعداد میں روانہ کئے تھے ۔ لیکن قلت گنجائش کی وجہ سے ہمیں مجبوراً ان میں سے انتخاب کرنا پڑا ۔ یہ مفید نسخہ جات ہمارے پاس محفوظ ہیں اور عنقریب بذریعہ طبی اخبارات کے شائع کر دئے جائینگے تاکہ جس پاکیزہ جذبہ سے متاثر ہو کر یہ مجربات لکھے گئے تھے وہ مقصد کسی نہ کسی طور حاصل ہو اور یہ فیض عام جاری رہے ۔

یہ مجربات اطباء نے اپنی تحریر اور اپنی مخصوص روزمرہ کی زبان میں لکھے ہیں اس لئے ان کا طرز تحریر مختلف اور کئی زبانوں کی چاشنی اپنے اندر رکھتا ہے ہم نے بھی سوائے چند مستثنیات کے جہاں تک ہو سکا اُن کو حرف بحرف طب نبوی میں درج کیا ہے اس لئے کہ اس میں عجیب و غریب ترکیبیں اور ہر زبان کے الفاظ آپ کو نظر آئینگے ۔ چونکہ ہمیں بھی مجربات اطباء ہی کی زبان میں بھلے معلوم ہوتے تھے اس لئے انہیں کے الفاظ میں درج کر دئے ہیں ۔

آخر میں اس امر کا اظہار کرنا بھی لازمی ہے کہ اطباء کے مجربات انکے مراتب کے لحاظ سے درج نہیں کئے گئے ۔ سوائے اپنے مخدوم و مکرم اُستاد حکیم نور الدین صاحب جلالپوری کے جن کے مجربات ہم نے بطور برکت کے سب سے اوّل درج کئے ہیں ۔ باقی اطباء کے حالات جس طرح سے ہمارے پاس یکے بعد دیگرے پہنچتے رہے ہیں ہم اُسے ترتیب دیتے گئے ہیں ۔ اس لئے اس میں تقدم و تاخر کا خیال نہ رکھنا چاہیے ۔ کیونکہ مراتب کا تحفظ ہم نہیں کر سکے ۔

خادم الملک

حکیم محمد یوسف حسن غفی عنہ

Free Tibi Nayab Books

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجربات از جناب مخدوم و محترم مولانا مولوی حکیم میر نور الدین صاحب جلالپوری

صدر کانگرس کمیٹی و سکرٹری خلافت کمیٹی وغیرہ لائل پور

حب سیماب طلائی جو تقویت اعضاے رئیسہ میں بے عدیل ہے اس کے علاوہ اور بھی منافع کثیر اس میں موجود ہیں۔ صاحب الشفا الابدان کا ذاتی مجرب ہے اور حکیم میر نور الدین صاحب نے بھی چند بار تیار کر کے تجربہ کیا اور صحیح پایا:۔

سیماب مصفےٰ ۶ ماشہ ورق طلا اعلےٰ قسم جس کو پنا کہتے ہیں ۴ ماشہ لیکر دونوں کو تھوڑا سا پانی کے ذریعہ سے کھرل کریں کہ مثل مسکہ کے ہو جاوے پھر گولی بنا کر رکھیں ایک ساعت میں قدرے سخت ہوگی پھر سوزن سے سوراخ کر کے مضبوط دھاگہ ڈالیں دھاگہ ریشمی ہونا چاہئے اس کو محفوظ جگہ میں رکھیں ہفتہ عشرہ میں گولی محکم ہو جاتی ہے اس گولی کے ڈورہ کو ایک لکڑی کے سرا میں باندھ کر دودھ میں لٹکائیں مگر گولی تہ میں نہ لگے اور دودھ میں لٹکتی رہے۔ اس دودھ کو پی لیا کریں اور ایک گولی سو سال تک کفایت کرتی ہے اور مندرجہ بالا فواید رکھتی ہے۔

تدبیر شنگرف:۔

شنگرف تولہ۔ روغن گاے ۵ تولہ۔ شہد ۵ تولہ۔ شنگرف کو باریک پیس کر شہد اور گھی میں ملائیں ہر سہ اشیا کو کڑچھی میں ڈالکر چولھے پر رکھیں اور نیچے آگ جلائیں اور آہنی سیخ سے ہلاتے جائیں یہ پختہ ہو کر مانند گولا ہو جائے جب قدرے گھی رہ جائے تو آگ بھی پڑ جاتی ہے جب دھواں بند ہو جائے تو اتار لیں اور پیس رکھیں۔ خوراک ایک سے ۲ چاول جس شخص کے ہاتھ سرخ ہوں اور پھٹ جاتے ہوں۔ نیز باہ کی کمزوری کی حالت میں مفید ہے اور کئی بار بنایا گیا۔ ۲۱ یوم تک کھلائیں۔

کشتہ سیماب مرکب

پارہ قلعی ایک ایک تولہ پارہ کو کڑچھی میں ڈالکر ۲ تولہ روغن سرشف اس میں ڈالیں اور قلعی کو علیحدہ پگھلا کر اس پارہ و روغن میں ڈال دیں اور خوب ملائیں ایک ڈلی سی بن جائیگی پھر ۲ تولہ پوست درخت تیج بل باریک پیس کر ڈلی اس میں رکھ کر سیر پختہ سفید لیویں (کہنہ پارچہ) اس پر لپیٹیں اور ایک طرف رکھ کر جہاں کسی کا سایہ نہ پڑے آگ دیں۔ جب سرد ہو تو راکھ آہستہ آہستہ ہٹا کر نکال لیں۔ پارہ کا سفید کشتہ ہوگا اور قلعی خام رہیگی۔ خوراک ایک رتی قوت باہ و امساک کو اکسیر ہے۔ ترکیب استعمال یہ ہے کہ چوہارا کی گٹھلی نکال کر ایک رتی کشتہ ڈالکر دورہ باندھیں ایک سیر پختہ شیر مادہ گاؤ میں پکائیں جب پک جائے تو ۵ تولہ مصری ڈال کر نوش کریں ۲۱ یوم میں ہر قسم کی کمزوری دور ہوگی۔ ذاتی مجرب ہے۔

کشتہ سہ دھاتہ:۔

سکہ ۲ تولہ جست ۲ تولہ قلعی ۲ تولہ کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے تو روغن زرد میں سرد کریں پھر نکال کر مٹی کے برتن میں ڈال کر نیچے اس کے آگ دیں۔ ۱۲ تولہ کوکنار باریک پیس کر چٹکی دیتے جائیں جب راکھ ہو جائے تو اتار کر دہی میں پیس کر باریک باریک قرص تیار کریں اور ان قرصوں کو ایک برتن گلی آب نارسیدہ میں رکھ کر تیز آگ دیں۔ جب بسنتی رنگ ہو جائے تو اتار کر پیس لیں۔ خوراک ایک رتی۔ جریان و ضعف باہ میں لاثانی ہے۔

کشتہ سکہ برنگ سرخ:۔

۲ تولہ سکہ لیکر پگھلائیں اور سیماب ۱ تولہ ملائیں پھر کیسو سبز سیاہی دور کر کے بوزن ایک من خام کوٹ کر چٹکی دیتے جائیں سیخ آہنی سے ہلاتے جائیں۔ لکڑی پیپل یا بیری کی جلائیں پہلے سیاہ رنگ ہوگا پھر سرخ پھر سفید اور پھر سرخ ہو جائیگا۔ اتار کر پیس لیں۔ خوراک ایک رتی۔ سوزاک دیرینہ و جدید میں مفید ہے۔

مجربات عالیجناب شمس الاطباء حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی خانصاحب

مصنف و مولف (۱) مخزن حکمت طبع ہمارم (۲) مخزن الادویہ اکبری
(۳) مخزن الجواہر (۴) تاریخ الاطباء (۵) علاج بالمفردات

جناب شمس الاطباء نے بڑی قیمتی خدمات انجام دی ہیں جن کی تعریف کی محتاج نہیں ان کی تالیفات
اور ادویہ کی بہترین قسم کی تالیفات ہیں۔ ان سے نہ صرف زمانہ موجودہ کے طبابت پیشہ حضرات و
بلکہ عوام بھی بہت فائدہ اٹھا رہے ہیں بلکہ بفضل خدا ان سے فائدہ کے انشاء اللہ تعالیٰ ان سے فائدہ
اٹھاتے رہینگے اور ان کی یہ طبی خدمات یادگار زمانہ رہینگی ہم سفارش کرتے ہیں کہ ہر ایک طبیب اور
طالب علم کے کتب خانہ میں ان کی تمام تصنیفات ضرور موجود رہیں (مولف)

سفوف مقلظ جو مردوں کے جریان کے لئے مفید و مجرب ہے:۔

تال مکھانا۔ سنج۔ سنا ور۔ بیدبند۔ سوچرس۔ گوکھرو تخم انگن۔ صمغ عربی ہر ایک ۶ ماشہ مشک ۲
نشک۔ سنگھ ناگوری چینا گوند مقاقل ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ مصلی سیاہ مصلی سفید ہر ایک ۱ تولہ
نیات سفید ہموزن ہلاہ دیسب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور چھ ماشہ صبح شام دودھ بھر گائے
کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں کثرت گوشت خوری ترشی دباری اور تمام اشیاء سے پرہیز

معجون مقوی جو ضعف باہ اور تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے مفید و مجرب ہے:۔

مغز بادام مغز چلغوزہ مغز بلادر مدبر اسنگھ ناگوری خولنجان عقرقرحا ہر ایک ۱ تولہ زعفران
بسباسہ تخم زرک تخم انجرہ تخم کونچ ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم بلیون اصل مصلی ڈوڈی دار فلفل ہر ایک ۱ تولہ
کچلہ منشر سنہ سوکھا۔ مشک تبتی ہر ایک ۶ ماشہ قند سفید ۵۰ تولہ مصل کف گرفتہ ۵۰ تولہ
بدستور مشہور معجون بنائیں ابتداء میں چند روز تک ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام دودھ کے
ہمراہ دیں بعد ازاں بتدریج اس کی مقدار خوراک بڑھا کر ۶ ماشہ صبح و شام بدستور استعمال
کریں دوران استعمال میں مباشرت اور حقہ نوشی وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔

مطبوخ جو ورم رحم و نفاس کے لئے مفید و مجرب ہے:۔

مغز جب قرطم تخم خربزہ بادیان گاؤزبان پرسیاوشاں پوست اشنان ہر ایک ۱ ماشہ

سب کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب چوتھائی پانی رہ جائے تو مل چھان کر شربت بنوا کر ۴ تولہ ملا کر پلائیں ۔

برائے کثرت طمث و نفاس :۔

برادِ سفرجلہ ۱ ماشہ باریک پیس کر مفرح یا رد سادہ یا جواہر والی ۵ ماشہ میں ملا کر ورق نقرہ لپیٹ کر گولیاں بنا کر اوپر سے عناب ۳ ماشہ شیرہ بیخ انجبار شامی ۔ شیرہ سپستان الاس شیرہ تخم خربزہ سیاہ ہر ایک ۲ ماشہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ عرق بید مشک ۵ تولہ عرق گندنا ۵ تولہ میں نکال کر شربت انار ولایتی ملا کر پلائیں ۔

سفوف جو سلطان الاغریں مفید و مجرب ہے :۔

تالمکھانا ۔ گل سپاری ۔ بیخ بید گرجوانی ۔ گل پستہ ۔ پوست بیر دل پستہ ۔ گل وحداو ہر ایک ۴ ماشہ ۔ خلب بصری ۔ آرد مونگ ۔ بریاں ۔ مغز تخم تربندی بریاں ہر ایک ۱ تولہ بیضگی ژوی ۳ ماشہ ۔ نبات سفید ہمہ وزن بالا دیہ سب کو باریک کوٹ کر سفوف بنائیں ۔ روزانہ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ بوقت سہ پہر استعمال کریں ۔

حبوب مفید سرفۂ اطفال :۔

سماگہ نصف ۔ نام نصف ۔ بریاں ۔ فلفل سیاہ ہمہ وزن ۔ سب کو مغز گھیکوار میں کھرل کریں اور چنے برابر گولیاں بنا کر نصف یا ایک گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے بچے کو کھلائیں ۔

مفید صرع اطفال :۔

عود صلیب ۔ جدوار ہر ایک ۳ رتی باریک پیس کر خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار میں ۴ ماشہ ملا کر گاؤزبان گل گاؤزبان ہر ایک ۲ ماشہ ۔ عناب ۳ دانہ شہد خالص ۲ تولہ سب کو پانی میں جوش دیں پہلے خمیرہ کھلائیں بعد اس کے یہ جوشاندہ پلائیں ۔

* * *

مجربات حکیم فقیر محمد صاحب چشتی نظامی

تلمیذ عالیجناب حاذق الملک حکیم عبد المجید خاں صاحب مرحوم دہلوی

(تمغہ و سند یافتہ طبیہ کالج دہلی) - لاہور سوتر منڈی

فالج میں مسہلات اور تنقیے کے بعد جب مقویات اور تدہین شروع کرائی جائے تو اس روئی کا سر پر بندھوانا معمولات مستعملہ کے اثر کو بہت کچھ بڑھا دیتا ہے کہ جس سے ازالہ مرض بہت جلد ہوتا ہے

مونگ کا آٹا آک زمدان کی جڑ کا چھلکا باریک پیس کر دونوں ہموزن لیکر پانی میں گوندھ کر کچی پکی روئی (جسے پنجاب میں اکو سی روئی کہتے ہیں) پکائیں کچی طرف روغن قسط سے چپڑ کر سر پر اس جانب بندھوا دیں کہ جس جانب فالج ہے۔

خدر (سن ہو جانا) جسم میں اگر کوئی جگہ سن ہو جائے تو اس کے لئے بہترین نسخہ ہے خردل (رائی) ایک تولہ عقرقرحا ۶ ماشے تخم لرب (مولی کے بیج) چھ ماشہ سرکہ یا برانڈی شراب میں پیس کر سن کی جگہ لیپ کر دیں۔

طحال کے لئے تخم لیموں کاغذی تین ماشہ پانی میں پیس کر اگر پلائیں تو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔

درد رحم - بچہ پیدا ہونے کے بعد بعض مرتبہ زچہ عورت کو درد رحم کی بہت تکلیف ہوتی ہے اس کے لئے ذیل کا نسخہ اکسیر صفت ہے:-

بادیان ایک تولہ زنجبیل ایک تولہ کشنیز خشک ایک تولہ پوست بیخ بید انجیر تین تولے ایک سیر پانی میں جوش دیں جب نصف پاؤ رہ جائے تو چھان کے نیم گرم زچہ کو پلائیں۔

Free Tibi Nayab Books

مجربات مولانا مولوی حکیم محمد شریف صاحب ایچ پی ایل ایل

مہتمم دواخانہ چشمہ صحت و ایڈیٹر رسالہ الحکیم لاہور

جو آرش شاہی دافع مالیخولیا مراقی نیز مقوی قلب و معدہ و مفرح ہے:۔
مروارید ۵ ماشہ۔ ہلیلہ ۵ ماشہ۔ زرشک۔ عرق گلاب عرق بید مشک ہر ایک ۵ ماشہ تمام کو نرم آنچ پر پکائیں کہ ادویات بھرہ جائیں پھر مل کر صاف کریں بیدمشک شربت انار ترش و شربت انار شیریں و شربت نارنج و شربت لیموں و شربت آلو و نبات سفید ہر ایک ۲۵ مثقال کچھ کم ۲۵ مثقال داخل کر کے قوام بنا لیں۔ نیچے آمار کر ابریشم عرض ورق طلا ورق نقرہ مروارید ناسفتہ ہر ایک ۳ مثقال عنبر اشہب ۲ مثقال گل گاؤزبان تخم گل سرخ ہر ایک ۵ مثقال کوٹ چھان کر دوائیں خوراک ۲ درم۔

اطریفل عجیب در تقویت دماغ بے مثل ندارد و ہر مزاج کو موافق ہے:۔

پوست بلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ سیاہ۔ پوست آملہ ہر ایک ۲ تولہ مغز بادام مغز گردو مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین مغز تخم خربوزہ تخم خشخاش ہر ایک تین تولہ۔ الائچی خورد الائچی کلاں۔ دار چینی خطائی۔ کاہو۔ بادیاں ہر ایک ۷ ماشہ کشنیز تر شکر کشنیز خشک ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ گل بنفشہ۔ گاؤزبان ہر ایک ۹ ماشہ ورق نقرہ ایک دفتری نبات سفید ۲ اچند نمک سیندھا نمک چند۔ علی الرسم اطریفل بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے تولہ تک۔

دوا برائے نزول الماء مجرب نیز زیادتی چشم کو بھی دور کرتی ہے:۔

مامیراں۔ سنگ بصری۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ سنگ خارا نمل ورازیانہ سفید۔ مغز تخم خربوزہ مروارید۔ سہاب۔ زعفران۔ افیون۔ پاکسو۔ رتن بوت۔ ورق از یر۔ نما کشنیز سفید آنچ دیکر نما کشنیز سفید حاصل کر لی گئی ہر چند دوا یہ کو باریک کرنے اول ۲ دام روغن گاؤ دل پھر ۲ دام آب انار تک پھر ۲ دام آب ترنج پھر ۲ دام آب گلاب پھر ۲ دام شبنم

پھر ۲ دام شیر زناں پھر ۲ دام شہد خالص سے سحق کریں اور خشک کر کے آنکھ میں ڈالیں ۔

برائے سعال بلغمی :-

سہاگہ نمک سونچل زنجبیل ہر ایک ایک حصہ ۔ صبر قنب ہر ایک نصف حصہ بیخ سہانجنہ کے پانی سے حبوب بقدر کوکن بیر کے بنائیں اور ایک گولی نیم گرم پانی سے دیں ۔

کشتہ شاخ گوزن دافع نفث الدم :-

۵ تولہ شاخ گوزن کے ٹکڑے چھوٹے چھوٹے کر کے شیر مدار میں تر کریں جب خشک ہو جائیں پھر تر کریں اسی طرح سے ۳ مرتبہ ۔ آہنی ظرف میں رکھ کر اور گل حکمت کر کے ۲۰ سیر کی آنچ دیں برنگ سفید ہوگا خوراک ایک ماشہ بدرقہ مناسب ہے ۔

برائے ذیابیطس افضل الادویہ :-

مروارید زمرد ہر ایک ایک درم ۔ کہربا گل گاؤزبان ہر ایک ۲ درم ۔ طباشیر صندل سفید گل سرخ ۔ کشنیز ہر ایک ۲ مثقال ۔ صمغ عربی ۔ کتیرا ۔ نشاستہ ہر ایک ایک تولہ شیرہ آملہ ۵ تولہ جو عرق گلاب کے ذریعے سے حاصل کیا ہو ۔ نبات سفید ۱½ پاؤ ۔ عرق گلاب ۵ تولہ ورق نقرہ ۳½ ماشہ علی الرسم معجون تیار کریں اور بقدر ۳½ ماشہ شربت انار ترش و گلاب کے ہمراہ کھلائیں اگر حرارت زیادہ ہو تو بقدر نیم درم کافور اضافہ کر سکتے ہیں اور اس ضماد سے کام لیں ۔ صندلین ۱ تولہ گل ارمنی ۱ تولہ کوٹ چھان کر آب مکو کے ساتھ گردوں پر ضماد کریں ۔

برائے امساک :-

انبہ ہلدی ۔ شیر مدار دونوں کو کھرل کر کے ملالیں اور گولیاں بقدر نخود بنائیں ایک گولی شام کو تین پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں ۲ گھنٹہ قبل لیکن اس روز کسی قسم کی غذا کا استعمال نہ کیا جائے ورنہ قے ہو جائیگی ۔ شیرینی دودھ کھا سکتے ہیں کافی امساک ہوگا ۔

روغن ہڑتال ورقی :-

ہڑتال ورقی ۲ تولہ گل کیسو کے عرق میں ۱۶ پہر صلایہ کرکے حبوب بنا کر رکھیں اور چار روز کے بعد بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں، منی کو خوراک بقدر چاول پان کے پتہ پر رکھ کر دیں مقوی و ممسک ہے ۔

مسقط حمل :-

پوست اٹ سٹ گھگر ویل پر زاغ کوٹ چھانکر بقدر مونگ گولی باندھیں اور فرج میں رکھیں ۔

دیگر شاخ بید انجیر نرم و تازہ کوٹ کر روغن بادام سے چرب کریں اور شافہ بنائیں اور سم اسپ کی دھونی دیں ۔

کشتہ چاندی برائے قوت باہ :-

بزادہ چاندی ۳ ماشہ سیماب ۵ ماشہ اول بذریعہ ترشی یکجا سحق کریں پھر مہندی کے پانی سے ۴ پہر صلایہ کریں بعد ازاں قرص باندھ لیں اور نکچھکنی کے نیم پاؤ آٹے کو ایک بوتہ معمہ میں قرص کے نیچے اوپر بچھا دیں اور ۲ سیر اپلوں کی آنچ دیں جب سرد ہو جائے تو نکال کر ۲ گھڑی تک آب جغرات سے کھرل کریں اور نرم آنچ پر تشویہ دیکر پیس کر رکھ لیں خوراک ایک رتی ۔

کشتہ سیماب :-

سیماب ۵ ماشہ شیر انجیر ۵ ماشہ لیں اور ایک بیضہ مرغ میں سے سفیدی نکالکر زردی رہنے دیں اور اول شیر انجیر ڈالیں پھر سیماب ڈالکر منہ کو دوسرے انڈے کے چھلکے سے بند کرکے گل حکمت کرکے ایک سیر پختہ پاچک دشتی کی بند ہوا آنچ دیں نسکفتہ ہوگا خوراک ایک چاول ہمراہ مسکہ بحسب مزاج ۔

مجربات زبدۃ الحکماء حکیم محمد حسن صاحب قرشی ایڈیٹر مشیر الاطباء

ہیڈ لیکچرار طبیہ کلاسز پنجاب یونیورسٹی - لاہور

مقوی باہ :-

بیش سفید ۲ تولے کو بیس گرزمین قند کے پانی میں گوندھ لیں اور اس میں شکر ۲ تولے کی ڈلی رکھ کر غلولہ بنائیں۔ غلولہ پر اچھی طرح دبیز کپڑا لپیٹ دیں۔ تانبے کی دیگ میں دو من مصفا پانی بھر لیں اور غلولہ کو اس میں ڈال کر سرپوش سے اچھی طرح اس کا منہ بند کر دیں سرپوش پر ایک بھاری پتھر رکھ دیں اور ہلکی آنچ دینی شروع کریں ایک پہر کے بعد آگ تیز کر دیں پہر تین پہر تک بہت تیز آگ دے کر دیگ اتار لیں سرد ہونے پر ڈلی نکال لیں خوراک ایک چاول بھر مکھن میں شکر ملا کے ساتھ۔ دودھ گھی کا استعمال زیادہ کرنا چاہئے۔

گشتہ مجرالیہود سنگ گردہ و مثانہ کے لئے عمدہ چیز ہے :-

بچھو کلاں پانچ عدد کوٹ لیں اور قرصہ بنا کر اس میں ایکتولہ مجرالیہود رکھیں پھر مٹی کے سکوروں میں بند کر کے پانچ سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پر مجرالیہود کو پیس کر شیشی میں خوراک ایک ماشہ ۔

دوائے جریان سفید ۲ تولے لیکر لوہے کی کڑاہی میں پگھلا لیں اور سہاگہ کی لکڑی سے ہلاتے رہیں نیز گنی ٹھنڈا کر چھڑکتے رہیں جب خاک ہو جائے تو نکال کر محفوظ رکھیں خوراک ۲ چاول +

مجربات عمدۃ الحکماء حکیم مولوی خواجہ معین الدین خان صاحب

المتخلص بہ حکیم حیدرآباد دکن

دافع جذام نوشادر ۲ تولہ سکھا دو گنا خالص ۳ تولہ سہ روز ایک عدد نوشادر پیٹنے مینڈک کو کوٹیں اور پکڑیں تو رطوبت اس سے نکلے جو کہ سکھا دو گنا نوشادر

میں ملا کر پلا دیں بلا ناغہ تا ۴۰ یوم اور دوران استعمال میں غذا بالخصوص نان نخود بے نمک اور کوئی شے نہ دیں یہ عجیب نادر اور سریع الاثر علاج ہے جس کو میں نے کئی بار آزمایا اور بے خطا پایا لیکن شرط یہ ہے کہ ۲ ہفتہ اربعین ہفتہ پرہیز لازم جانیں ۔

دافع بواسیر خونی وبادی :۔

کالا کوڑا کھوٹ چھانکر سفوف بنالیں خوراک ۶ ماشہ ہمراہ جفرات چکہ پوٹلی یعنی پانی نکالا ہوا دیگر کنجال کہ در آب بستہ مثل بیل برگ سرد ہوتا ہے باریک ترکوٹ کر نگیا بنا کر میز پر باندھ دیں تا ۲ ہفتہ برابر استعمال کریں یہ میرا کئی بار کا تجربہ شدہ ہے پرہیز از مرچ و نمک وغیرہ آنچہ کہ اودیہ عمدہ تازہ اندرون مدت ہو کہنہ ہو اور خس و خاشاک سے پاک صاف ہو لیکن مرچ و نمک وغیرہ سے اجتناب کرے ۔

بہت قوت باہ ہیشل از اسرار مکتومہ و کنز مصدرہ بیعد اجد والد مرحوم مغفور نور اللہ و نم تجربہ ریس خاکسار چند بار آمدہ :۔

زیرہ شاہ ہندوانی ۔ مشک اصلی ۔ زیرہ زرد ۔ فراطین کہ از راہ دہن طفل برآمدہ سایہ خشک نمودہ از ہر ایک یکیک ماشہ کافور عدد نیم ماشہ یا کمتر بیشتر کو مثل سرمہ پیس کر آب کتانی میں حل کر کے مقدار زیرہ مثقال زیرہ دینا کر سایہ میں خشک کریں مقدار مذکورہ صباح ذکر میں اول قدرے روغن بادام چکنا مثل بعدہ ایک عدد زیرہ مذکور لیکر روغن مذکور میں چرب کر کے سوراخ تنقیب میں رکھیں جس وقت کہ باہ غلبہ کرے نخود و شیر کامل ہووے اس کو زور کرنے بیشاب سے فارغ ہو کر جماع کریں بعد انتزاع قضیب کو شیر گرم میں ایک ساعت رکھ کر پیشاب کریں ۔

جہت سوزاک و پریمو مجرب جد امجد والد مرحوم و بارہا تجربہ آمدہ :۔

سفید رامت اصلی ایکتولہ تازہ سبز بے سوراخ ۲ عدد گنجہ سفید ۲ تولہ طباشیر ۱ تولہ ۵ ماشہ خاکستر مرجان ۹ ماشہ روغن صندل ۲ تولہ سب کو کوٹ چھان کر روغن صندل ملا کر پیہ بنا کر کے ہر روز ایک خوراک ہمراہ آب درخت نیم مع برگ و شاخ دن کریں ۔ ہر روز سہ بار یہ زد اقریس فتح زد اقریہ ہے ۔ پوست بلیدہ ۲ تولہ پوست

بیلہ ۲ تولہ شب یمانی ۲ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ مروارید سنگ ہر ایک ایکتولہ تو تیا ۲ ماشہ دل
دار الائچی ۲ مروارید سنگ کو خوب باریک مثل سرمہ پیس کر بعد باقی کوٹ کر سب کو پرگلی آب
تار سیدہ میں دونوں ادویہ یک جا تین آثار پانی میں شبانہ روز تر کر کے ایک جوش دیکر
خوب مکرن کر کے چھان کر اس پانی کو شیشہ میں رکھ لیں اس سے دن میں تین بار پچکاری
لیں ہر بار تین دفعہ اور ہر وقت زیادہ سرد کر چکی سے پکڑ لیں تاکہ دوا کا اثر بخوبی قریب
پہنچے اور زیادہ ضرورت ہو تو آہستہ آہستہ بیانا گرم کرتے رہیں اگر سوزش ہو تو شیر زن کا زیادہ کریں
سوزش دور ہو جائیگی اور غذا میں نمک ہرگز نہ ڈالیں پھلکے ملائی تو بی دال سو بے
نمک و مرچ کھلاویں عجیب تاثیر ہے۔

مجربات خادم الاطباء حکیم سید فضل حسن شوستری خوروی

یا خبت دروازہ۔ میرٹھ

نسخہ قوت باہ مجرب و آزمودہ:۔ مرد ایفا ساقط ۴ ماشہ بیخ مرجان ۴ ماشہ
بیخ کاسنی ۳ ماشہ بیخ خس پچہ ۳ ماشہ شکوفہ اذخر ۲ ماشہ گرمونا ۲ ماشہ مغز بکلاں
۲ ماشہ دار صینی ۲ ماشہ گیہ ۲ ماشہ صمغ عربی ۲ ماشہ صمغ عربی ۱ ماشہ شیراز ۱ ماشہ بادران
خوشی ۱۰ ماشہ بہمن سفید ۱۰ ماشہ شہد عدد ہموزن ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد میں ملائیں
اور جوزن سے نصف گھنٹہ پیشتر ۲ ماشہ تیغ مرچ پانی کے ساتھ کھا لیا کریں۔ پھر لطف عظیم
مشاہدہ فرمائیں گے انشاء اللہ یہ دوا کرتی ہے پٹھوں کو بہت قوت پہنچاتی ہے قضیب کو سخت کرتی
ہے مثل سنی کو کھولتی ہے اور مرد کی تمام قوتوں کو درست کرتی ہے میرے تجربہ
میں اس سے بہتر دوا کوئی ثابت نہیں ہوئی۔

نسخہ سوزاک مجرب و آزمودہ:۔ تخم بیات جس کو سمندر سوکھ بھی کہتے ہیں
۲ تولہ لیکر تین عدد بیج سیاہ ملا کر ٹھنڈے پانی میں گھونٹ کر بلا چھانے ہوئے
پی لیں انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں آرام ہو جائیگا۔

نسخہ اتشک مجرب و آزمودہ:۔ سنگ سیاہ اصلی لیکر ایک انڈے میں جس میں زردی

دو سفیدی کو جو دو جوڑ کر بند کر کے ۴۰ یوم تک رکھا رہنے دیں بعد ۴۰ یوم کے نکال کر
پیتل یا شیشہ کے ایک برتن کو کھرل میں ڈال کر نصف سیر آگ کا دودھ ڈال کر خوب کھرل
کریں یہاں تک کہ دودھ جذب ہو جاوے پھر ٹکیہ بنا کر دو سکوروں میں رکھ کر ٹکیہ
کر کے چار سیر اپلوں کی آنچ دیں کشتہ ہو جاوے گا مگر نہایت ہلکا ہو گا اگر خام ہے تو پھر
دودھ میں کھرل کر کے دوبارہ چار سیر اپلوں کی آنچ دیں اور نکال کر محفوظ شیشی
میں رکھیں خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن کے تین سے یوم میں زخم اچھے اور
تشنگ کا نام و نشان باقی نہیں رہتا تجربہ شدہ ہے۔ خذا گیہوں کی روٹی
روغن زرد میں چور کر کھا دیں اور کچھ نہ کھا دیں ۔

تجربات جامع الحکماء حکیم الحاج محمد حبیب اللہ صاحب قادری

شفاخانہ قادری شکارپور سندھ

برائے درد مفاصل نیز مقوی باہ مثل اکسیر ہے :۔

سفید مصبر ۱ تولہ کوٹ کر روز شیر ماہی تازہ میں پھر اسی طرح دودھ کی تجدید کریں
علی ہذا القیاس سہ یا چہار تجدید تمام ہونے پر کھرل میں کوٹ کر رکھیں اور ایک تابہ گل پر
پراٹھا بنا کر ایک ٹکڑا بچھا کر اس پر مرہم بادی مثل بنا کر رکھیں اور پھر اسکے
اوپر پنیر یا دھنیا پتہ حسب ذائقہ رکھ کر اس پر ایک اور پراٹھا رکھیں پھر حسب بالا مرہم یا دھنیا
پتہ پنیر رکھ کر اوپر کوئلہ گلی سرنگوں کر کے بطور بریان کے ساتھ بند کر دیں اور ایک
دو پہر آنچ تنوری ہمراہ چوب کنار دیں سرد ہونے کے بعد نکالیں خستہ ہو گا خوراک خس یا لم
حسب طاقت مزاج مریض یا بیماری ۔

دافع سرفہ نزلی کو کرتا کھانسی ہوپنگ کف بھرے بارہا :۔

مغز تخم خربوزہ ۱ ماشہ طباشیر ۲ ماشہ پوست انار شیریں ۳ ماشہ الائچی خورد ۳ ماشہ مصری
۳ ماشہ کتیرا سنگی ۳ ماشہ گوند ببول ۳ ماشہ کتیرا ایک شاشہ مغز کدو ۳ ماشہ مغز بادام شیریں
تخم خیارین سفید ۳ ماشہ ہر سہ مغز خربوزہ ۳ ماشہ مغز بادام شاخ گوند ببول سوختہ ۳ ماشہ

شکر تیغال ۶ ماشہ خاکستر برگ کیلا ۳ ماشہ شکر سفید ۲ تولہ باریک کر کے سفوف بنا کر دن رات میں چار پانچ مرتبہ تھوڑا تھوڑا چٹایا کریں ۔

کشتہ شنگرف ہمراہ ہڑتال ورقی دافع مرض دمہ :-

شنگرف رومی ۱ تولہ ہڑتال ورقی ۲ تولہ دونوں کو تین روز شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور بعدہٗ اوپر ۱ تولہ سوت خام لپیٹ کر ہوا سے بچا کر آگ لگا دیں سرد ہو نکالیں کشتہ سفید برآمد ہوگا خوراک ایک سرخ بالائی یا مسکہ میں پرہیز اشیاء ترشی و باری سے ۔

مجربات حکیم محمد حبیب اللہ خاں صاحب

مالک کارخانہ چشمہ حیات اجمیر شریف

حبوب تریاق مجلوق مجلوق کی جملہ قسم کی شکایات رفع کرنے کے علاوہ ہر قسم کی نامردی کے لئے تریاق ہیں جن کا اثر روز اول معلوم ہوتا ہے :-

(۱) سافٹ پل فاسفورس اکسٹراکٹ ڈامیانہ اکسٹراکٹ کوکا جوہر فولاد اکسٹراکٹ مکسور لیکا جملہ اجزا کو یکجا شامل کر کے کھرل کریں اور بحفاظت بند کر دیں ۔

(۲) دوسری کھرل نیم میں مشک خالص ۱ ماشہ عنبر اشہب ۱ ماشہ مومیائی خالص ۱ ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ طلا ۱ ماشہ زعفران خالص ۳ ماشہ جند بیدستر ۱ ماشہ مایہ شتر اعرابی اصلی ۳ ماشہ کرم شاہ دیمک ۳ عدد (اگر دستیاب ہو سکیں) بیر بہوٹی جدید ۳ ماشہ کف ابابیل خالص ۳ ماشہ ست ثعلب مصری ۳ ماشہ مغز ہندی کنجشک خانگی ۳ ماشہ برادہ قضیب بجو ۳ ماشہ (اگر ہو سکے) ورنہ مجبوراً برادہ قضیب گاؤ ۳ ماشہ ریگ ماہی نر ۳ ماشہ خراطین مصفا ۳ ماشہ ماہی روہیان ۱۷ ماشہ جملہ اجزا یکجا کر کے خوب کھرل کریں کہ نہایت باریک ہو جاوے کہ ورقوں کا نشان باقی نہ رہے بعدہٗ اسکو نمبر (۱) کی کھرل میں شامل کر کے محفوظ رکھیں ۔

(۳) خولنجان ۳ ماشہ بہمن ۶ ماشہ عود صلیب ۳ ماشہ جدوار خطائی اصلی ۱ ماشہ جوز بو

۳ ماشہ مغز بادام شیریں مغز پستہ روغن مغز مغز کدو شقاقل مصری تخم خیارین ہر دوا ۳ ماشہ
اصل ہمارا دوا کو یکجا باریک کر کے اس کھرل میں شامل کر دیں ۔
(۴) مروارید نامفتہ ۱ ماشہ یاقوت سنج ۱ ماشہ زمرد سبز ۱ ماشہ مرجان ۳ ماشہ یشب سبز
۳ ماشہ صدف صادق ۳ ماشہ طباشیر کبود ۳ ماشہ کہربا عرق گیوڑہ دو گلاب میں کامل
یکسر یوم کھرل کروا کے کھرل بنرا کی ادویہ میں شامل کر کے خوب باریک کریں کہ کیسا
ہو جائے اگر یہ قوام تیار شدہ سخت ہونے کی وجہ سے گولیاں بنانے کے لائق نہ ہو تو
حسب ضرورت شہد ملا کر قوام کو لائق بوب کر لیں یہ نسخہ تو دو بوب تیار کر لیں اور
گرد بصورت بنانا درکار ہو تو گولیوں پر ورق نقرہ یا طلا چڑھا دیں اس سے دیرپا
بھی ہو جائیگی اور صبح و شام ایک ایک گولی شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں
اور غذا مرغن کھائیں پندرہ دن تک ۳۰ گولی استعمال کریں اور ترک کر دیں اگر
کوئی شکایت باقی رہ جائے تو ایک ہفتہ کے بعد پھر ۳۰ گولی استعمال کریں ترشی
و حجامت سے پرہیز کریں ۔

تجربات ڈاکٹر محمد یوسف صاحب ہمدرد قریشی بی اے ایل ایم ایس (ہومیو)
جھنگ

طلا ۔ روغن چنبیلی ۔ اتولہ مال کنگنی ۶ ماشہ دار چینی ۶ ماشہ لونگ ۶ ماشہ جاوتری ۶ ماشہ
عقرقرحا اتولہ زعفران ۱ ماشہ تل سیاہ یتولہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد سب کو باریک کر کے تیل
مذکورہ میں ملا کر شیشی کھل کر دیں جو شیشی ادویات سیاہی مائل ہونے پر کپڑا چھان کر لیں
پھر اسی تیل میں تخم اندرائن ۲ تولہ بیل ۲ تولہ رائی خشک ۲ تولہ ملا کر کھرل کریں مالش کر کے اوندھ
کا پتہ یا اندھ لیں قریبی دور از کی بیگی بستی وغیرہ کے لئے بے نظیر ہے ۔

گولی ممسک ۔ عاقرقرحا ۔ زعفران ۔ جائفل ۔ تنگرف ۔ مرغل افیون سب ۱ ماشہ وزن
میکر خوب باریک کر کے خود کے برابر گولیاں قبل دوپہر گھڑی دو دھ کے ہمراہ ایک گولی
پہ دوران بیٹوک نگلے کہ ۔ سونٹھ گندھک نمک سیندھا ہموزن لیموں کے رس میں
گولیاں بعد جنگلی بیر بستی اور اعلیٰ چیز ہے ۔

مجربات حکیم محمد عبدالرحمن صاحب صدیقی

مقام مرار گوالیار ریاست

حب مہی کثیر الاثر سریع التاثیر مجرب بے تخالف۔

ثعلب مصری۔ شقاقل۔ خولنجان۔ مایہ شتر اعرابی۔ عنبر اشہب تخم الیون ہر ایک ۲ ماشہ۔ جدوار خطائی مصطگی رومی۔ قرنفل۔ ریگ ماہی۔ زعفران۔ عاقرقرحا مشک خالص ۱ عدد یا سلف کشتہ طلا کشتہ فولاد۔ کچلہ مدبر۔ خرا طین مصفے ہر ایک ایک ماشہ۔ دانہ ہیل خورد مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ شاہ دیگ ۵ عدد۔ خوب باریک کر کے عرق بید مشک میں بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنائیں صبح کو ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں۔ اگر ایسنس آرنج مسٹرخ اور اکسٹریکٹ ڈمیانہ ۲ ماشہ اضافہ کر دیں تو بہت قوی ہو جاتا ہے کشتہ طلا کے عوض کلورائڈ آف گولڈ اور کشتہ فولاد کے عوض فرائی ریڈ ٹکم اور کچلہ مدبر کے عوض اکسٹریکٹ نکسوامیکا ڈال سکتے ہیں۔

روغن اکسیر دانتوں کے درد کے لئے بیحد مستعمل ہے:۔

کاربولک ایسڈ ۲ تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ اول کافور کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے کاربولک ایسڈ میں ڈال کر ایک شیشی میں رکھیں اور اس کا منہ مضبوط بند کر کے پانی میں رکھیں روغن تیار ہو جائیگا۔ پھر پھریری سے دانت میں لگائیں۔

دوائے عجیب اکسیر معدہ ہضم طعام سے قبض و قراقر شکم اور اکثر امراض معدہ کے لئے کبھی غیر موثر نہیں ہوتی:۔

گندھک آنولہ سار۔ جوہر نوشادر ہموزن لیکر مولی کے پانی میں پھر سرکہ مقطر میں کھرل کریں جب خشک ہو جائے احتیاط سے شیشی میں رکھیں۔ مقدار خوراک ایک رتی آمیزت ادویہ اور مستعد دیت بھی ملائیں توجہ ہے۔

تریاق اوجاع۔ درد مفاصل۔ درد عضلی۔ درد سینہ و پشت گردن اور صداع وغیرہ کے لئے نہایت مجرب و بیحد مفید ہے:۔

سورنجان شیریں ۱ تولہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ ایسپائرین ۶ ماشہ۔ اینٹی پائیرن ۲ ماشہ۔ کیفین سائٹراس ۳ ماشہ۔ نبات سفید ۳ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور دو دو ماشہ دن میں تین مرتبہ پانی کے ہمراہ کھلائیں۔

سفوف حمی تپ کہنہ کے لئے نہایت مفید اور مجرب۔

ست گلو تولہ۔ انیس تولہ۔ کنین سنفاس۔ کافور۔ طباشیر۔ دانہ ہیل خورد۔ کشتہ ابرک سفید۔ جوہر نوشادر۔ شب یمانی بریاں۔ ست املی۔ ست پودینہ۔ ست لیموں۔ ست اجوائن ہر ایک ۳ ماشہ سب کو پیس کر سفوف بنائیں اور تین تین ماشہ صبح شام کھلائیں۔ اگر کھانسی ہو۔ تو ست املی اور ست پودینہ داخل نہ کریں۔

عرق مرکب منوم اور قابض اور مسکن اوجاع ہے خصوصاً وضع حمل کے بعد جو درد ہوتا ہے اس کو نہایت مفید ہے اور سریع العمل اور قوی التاثیر ثابت ہوتا ہے۔

لائیکر مارفیا ہیڈروکلوراس ۸ ماشہ پانی ایک بوتل۔ خوراک ۵ تولہ سے ۲۰ تولہ تک۔ اگر درد کی شدت ہو تو شربت راحت دن میں دو تین مرتبہ دیں۔ ہر قسم کے دردناک امراض میں نیند لانے اور درد کم کرنے کے لئے دیتے ہیں۔

حب مسکن منوم اور قابض اور مسکن اوجاع مثل عرق مرکب کے نہایت مجرب اور مفید اور مستعمل ہے۔ اسہال کے بند کرنے کو ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ دیں۔ درد رفع کرنے کے لئے دو گولی کھلائیں امساک کے لئے چار گھنٹہ پیشتر دو گولی۔ شدید درد کی تکلیف سے نیند نہ آتی ہو تو سوتے وقت دو گولی کھلائیں۔ مارفیا ہیڈروکلوراس ۱ ماشہ۔ مصطگی رومی ۱ تولہ میں ملا کر ایک سو بیس گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک سے ۴ گولی تک۔

روغن کیمیا جو امراض جلد کے لئے اکسیر الاثر ثابت ہوا ہے۔ ہر قسم کے درد کے لئے حکمی علاج ہے اور سریع التاثیر۔ نہایت مقوی اعصاب اور محلل اورام بھی ہے:۔

روغن بلسان ۶ ماشہ۔ روغن موم سادہ۔ روغن قسط ہر ایک ۴ ماشہ۔ روغن بابونہ ۲ ماشہ۔ روغن مالکنگنی ۶ ماشہ۔ روغن الائچی۔ روغن دارچینی۔ روغن قرنفل ہر ایک ۲ ماشہ شیشی میں ڈال کر خوب ہلاویں تاکہ ایک ذات ہو جاویں تسکین اوجاع کے لئے اس میں

کاربولک ایسڈ ۲ ماشہ۔ روغن کافور چار ماشہ بھی اضافہ کرلیں عضو ماؤف کو کپڑے سے خوب رگڑ کر گرم کرلیں پھر دس پندرہ منٹ تک مالش کریں تاکہ جذب ہو جائے اوپر سے فلالین وغیرہ گرم کپڑا باندھ دیں۔ اعصاب کے لئے روغن بیضہ مرغ بھی داخل کر لیتے ہیں ۔

عرق طحال نہایت مجرب اور معمول ۔

شورہ قلمی پانچ تولہ۔ برادہ آہن سوا تولہ۔ ترپھلہ ایک تولہ۔ تیزاب گندھک سوا تولہ۔ تمام اجزا کو بوتل میں ڈال کر اوپر سے بقدر ضرورت سرکہ ڈالیں کہ تمام ادویہ حل ہو کر سادہ عرق بن جائے صبح کو تخم کاسنی اور مکو خشک کا شیرہ نکال کر سکنجبین سرکہ سے شیریں کر کے بقدر مناسب عرق سیاہ ملا کر پلائیں اور اسی طرح سہ پہر کو بھی استعمال کریں چند روز میں ورم کا نشان نہ رہیگا ۔

دواء السرفہ ہر قسم کی کھانسی میں اعجاز الاثر اور بغایت مجرب و معمول ہے۔ برگ نیب تازہ۔ نمک سانبر۔ جو مسلم ہموزن باریک پیس کر مثل طلولہ کے بنا کر گل حکمت کر کے آتش مناسب میں سوختہ کریں بعدہٗ باریک پیس کر رکھیں اور رات دن میں تین چار بار قدرے قدرے کھلائیں ۔

مجربات حکیم دلاور علی خاں صاحب عرف نتھے خاں

قصبہ بیس رو تحصیل فیروز پور جھرکہ ضلع گوڑگانوہ

یہ نسخہ ہر قسم کے سر کے درد کو مجرب ہے:۔

روغن پودینہ ۵ ماشہ۔ سرسوں کا تیل ۱ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ شراب مقطر ۲ تولہ ان سب کو ملالیں وقت ضرورت تھوڑا سا سر پر لگا دیں جہاں درد ہو مجرب ہے ۔

درد شقیقہ

دارچینی کا تیل ملنا اور نوشادر اور بغیر بجھا چونہ ہموزن لیکر باریک پیس کر کئی بار سنگھا دیں۔ درد کے مخالف جانب کنپٹی پر قریب دو انگل میں جمالگوٹہ کا بیج پانی سے پیس کر لگا دیں اس سے ایک آبلہ پیدا ہوگا جو مکھن لگانے سے جاتا رہیگا۔ لیکن یہ

احتیاط رکھیں کہ آنکھ میں نہ لگ جائے۔

روغن دافع لقوہ و فالج

سفید کنیر کی جڑ کا چھلکا ۶ ماشہ۔ چرمٹی سفید یعنے گومچی سفید ۶ ماشہ۔ دھتورہ سیاہ کے پتے ۶ ماشہ۔ ان کو خوب باریک پیس کر ٹکیہ بنالیں پھر تل کا تیل پاؤ بھر لیکر اس میں اس ٹکیہ کو ڈال کر آگ پر جلادیں جب ٹکیہ جل جاوے پھر ٹکیہ کو پیس کر تیل میں حل کریں جب تہ نشین ہو جاوے پھر اس کی مالش کریں۔ نہایت مجرب ہے۔

دافع فالج و امراض باردہ

کچلہ آدھ پاؤ لیکر پانچ روز تک پانی میں بھگو رکھو بعدہ گائے کے دودھ میں جوش دو پھر تند سیاہ کو پانی میں جوش دو پھر صاف کرکے ان کا چھلکا اتار کر باریک پیس کر اس میں ہموزن مرچ سیاہ پیس کر ملادیں پھر اس کی سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالو۔ ایک ایک گولی صبح و شام کھلادیں۔ اگر گرمی زیادہ کرے تو مکھن اور مصری ملا کر چٹادیں۔ مجرب المجرب ہے۔

دافع اختلاج

ایک سرخ کافور ۶ ماشہ گلقند میں ملا کر دیں اسی طرح کی تین خوراک دن میں تین بار دیں۔ مجرب ہے۔

مجربات حکیم محمد یوسف صاحب

نظام اسٹیٹ ضلع پرتھی۔ تعلقہ سمت نگر

پپیتہ۔ یوں تو یہ مفرد دوا ہیضہ میں کثیر استعمال ہے۔ لیکن خاص تجربہ میرا اسکے متعلق یہ ہے کہ جس جگہ بچھو (عقرب کژدم) نے کاٹا ہو اس کو پانی میں گھس کر گاڑھا گاڑھا لیپ کرنا ۵ منٹ میں زہر کو کھینچ لیتا ہے۔ بچھو پر اس کا استعمال اکثر کیا ہے اور کرتا ہوں۔ لیکن دوسرے جانوروں کے زہر کو بھی کھینچتا ہے۔ ایک بار ہزار پایہ یعنی کنکھجورا پر اور ایک مرتبہ سانپ پر اور دو مرتبہ زنبور پر بھی استعمال کیا اور

فائدہ حاصل ہوا ۔

برگ اڑنڈ ۲ تولہ ۔ فلفل سیاہ تولہ ۔ خوشادر ۲ ماشہ کوب بنائیں ۔ یہ گولیاں سعال بلغمی کو بیحد مفید ہیں اور انفلوئنزا کی کھانسی کیلئے بہت ہی مفید ثابت ہوئی ہیں ۔

مجربات ڈاکٹر علی احمد شاہ صاحب

دھوراجی ۔ کاٹھیاواڑ

روغن سم الفار دافع لقوہ وفالج ۔ وجع المفاصل ۔ حرق النسا ۔ دمہ ضعف بلغمی بیس برس سے نکالتا ہوں اور میرا تجربہ ذاتی ہے ۔

سم الفار سفید ۲ تولہ ۔ سفید مکل کنیر کے خشک پتوں کا سفوف آدھ سیر بذریعہ پنسال جنتر تیل نکال لیں ۔

مجربات حکیم محمد عبدالرحمن صاحب

تحصیل بریلی ضلع جنوب ۔ گورنمنٹ بھوپال

دافع منشیات :۔

کونین ارنڈ ہیننگ آمیز کر کے گولیاں مثل نخود بنا کر رکھ لو ہنگام ضرورت ایک گولی پانی میں گھول کر دینے سے جملہ قسم کے زہر زائل ہوتے ہیں بارہا تجربہ ہوا ۔

دمہ بلغمی :۔

لوبان کوڑیالہ ۱ ماشہ ۔ شہد ایکتولہ ملا کر استعمال کراؤ کف نکل کر صاف ہو کر دمہ جاتا رہتا ہے ۔

دمہ خشک :۔

چوزیکا مقطر کڑاہی میں پکا کر خواہ گولیاں خواہ سفوف کر کے رکھ لو ۔ مریض دمہ کو ہمراہ لعاب گاؤزبان یا بہدانہ استعمال کراؤ ۔ چند روز میں انشاء اللہ تر ہو کر بلغم نکل کر صحت ہوگی ۔

تپ کہنہ :-

کچھوے کی پیٹھ کی ہڈی یعنے ڈھال جس کو کہتے ہیں صاف شدہ ہو یعنے دس روز تک زمین میں گلا دو پھر نکال کر رکھ لو۔ وقت ضرورت پتھر پر گھسو جو کچھ نکلے اُس میں گوند ببول باریک پیس کر ملا کر گولیاں برابر نخود بنا کر رکھ لو۔ عرق برگ قدم کے ساتھ استعمال کراؤ انشاءاللہ تیسرے درجہ کی تپ دق جاتی رہیگی۔

درد شکم کسی قسم کا ہو :-

گھیگوار کا گودہ پاؤ سیر ایک بوتل میں بھر کر ڈھائی تولہ نمک لاہوری پیس کر چھوڑ دو ڈانٹ لگا کر دھوپ میں رکھ دو تیسرے دن پاؤ بھر عرق ادرک اور ایک تولہ نوشادر و ایک تولہ سہاگہ بریاں چھوڑ دو۔ آمیز ہو جانے پر ۳ ماشہ دینے سے درد فوراً کافور ہو جاتا ہے۔

سوزاک مجرب ایک دن میں علاج :-

رسکپور ۵ تولہ۔ کافور ۵ تولہ۔ برانڈی عمدہ ایک بوتل اس قدر کھرل کرو کہ سب خشک ہو جاوے قرص مثل بٹن بنا کر ایک کوری ہانڈی میں برابر جما دو۔ دوسری ہانڈی منہ پر رکھ کر اوندھی کپرمٹ کر کے اوپر تر کپڑہ رکھ کر نیچے آدھ سیر تیل سرسوں بذریعہ چراغ موٹی بتی کے آنچ ہونے دو تین گھنٹہ کے اندر جوہر اُڑ کر جم جائیگا۔ بعد سرد ہونے کے آہستہ سے کھرچ کر فوراً شیشی میں بھر لینا ڈانٹ مضبوط لگانا وقت ضرورت دو چاول یا تین چاول انتہا چار چاول۔ اگر بہت سخت موقع ہو تو ایک رتی ایک پتاشہ میں رکھ کر بالائی میں لپیٹ کر حلق میں رکھ کر پانی کے ذریعہ سے نگلوا دو اور مریض کو لٹا دو یا بیٹھا رہے مگر پیشاب کو روکے رہے بعد چار پانچ گھنٹہ کے پیشاب بیتاب کر دیگا اُس وقت پچکاری میں پوٹاس پرمنگنیٹ پانی میں حل کر کے بھر لو اور پچکاری کرو۔ اس طرف پچکاری کا زور اُس طرف دوا مذکور کا زور فوراً قرحہ صاف ہو کر بہ جاتا ہے۔ دوسرے دن دوا کی ضرورت نہیں رہتی ہے۔ اس نسخہ سے بڑھ کر کوئی نسخہ سوزاک کا دیکھنے میں نہیں آیا۔

جڑی کسوندی کے خواص مجربہ :-

پتے پیسکر آنکھ دُکھنے پر ٹکیہ باندھو فوراً ٹھنڈک و آرام ہو جڑ و پتے و شاخ پیس کر پلا دو زہر کسی قسم کا ہو خواہ جانور کا ہو دفعہ ہو جاتا ہے بچھو کے ڈنک پر لگا دو فوراً جیسے بہانہ ہو گیا۔ درخت گھر میں لگا دو کھٹمل گھر میں نہ رہینگے۔ اور کیڑا گھر میں کبھی نہ رہیگا۔

سرمہ عجیب و غریب جالا پھولے کو مفید:۔

فلفل سفید ایکتولہ۔ طوطیا زندہ ایکتولہ۔ کوئلہ ببول ۶ تولہ کسوٹی کے کھرل میں ایک ہفتہ کھرل کرو۔ عجیب سرمہ ہے۔

کشتہ ہڑتال

ہڑتال سفید ۳ تولہ۔ اسگند ناگوری ایک پاؤ باریک پیسکر نصف نصف زیر و زبر رکھ کر دس سیر کی آنچ دیدو کشتہ سفید ہوگا بکھن یا بالائی کے ساتھ صرف ایک رتی کھلانے سے درد ہر قسم جسمانی و رینگن باے و عرق النسا و نقرس و دیگر دردہا وغیرہ وغیرہ کو مفید۔

مُجرّبات حکیم ابوالفقر محمد شمس الحق خاں صاحب

حکیم حاذق مالک شفاخانہ فیض عام امرتسر

کشتہ سیماب مقوی باہ و مغلظ:۔

پارہ دو تولہ کو اول آب رتن جوت سبز میں جو تقریباً ڈیڑھ پاؤ تک ہو اُس میں متواتر تین روز کھرل کرکے اور کسی ڈولی میں بند کرکے پاچکدشی جنگلی آٹھ سیر کی آگ دیکر کشتہ حاصل کریں۔ خوراک ایک سُرخ صبح اور ایک سُرخ شام کو ہمراہ شیر گاؤ وغیرہ کے ملا کر۔ یہ حرارت غریزی پیدا کرتا ہے۔ اوجاع مفاصل کو دافع ہے نامرد کو مرد بنانے میں بے مثال کشتہ ہے۔

کشتہ سم الفار۔ جذام و آتشک فساد خون وغیرہ عوارضات کے واسطے تریاق اعظم ہے:۔

ترکیب کشتہ کی یہ ہے۔ مغز بیدانجیر تین پاؤ کو یکجان کرکے نگدہ بنا کر اُس میں سم الفار کی ڈلی رکھ کر خوب گل حکمت کرکے بیس سیر اُپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ایک سُرخ صبح ایک سُرخ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

کشتہ بنگ سفید مقوی گردہ ہے اور منی زیادہ کرتا ہے معدہ کو طاقت دیتا ہے نسخہ بہت عجیب و غریب ہے :-

مائیں خورد ۱۲ تولہ۔ بنگ کو ٹکڑہ ٹکڑہ کر کے ایک پالتی کو کھود کر اس میں مائیں رکھیں تہ بہ تہ رکھیں پھر اوپر و نیچے پانچ کدشتی بیس سیر رکھ کر آگ دیں سرد کر کے مغز کنول گٹھ طباشیر صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ کوزہ مصری ۴ تولہ ملا کر حفاظت سے رکھیں خوراک بمقدار ایک ماشہ ہمراہ مسکہ گاؤ کھانی چاہئے ۔

دافع قبض و حصر یہ گولیاں معدہ کو قوت دیتی ہیں اور دائمی قبض کو دور کرتی ہیں مغز بادیاں۔ تربد مقشر ہر ایک ۳ تولہ مغز گھیگوار میں خوب کھرل کر کے یکجان کریں اور حبوب بمقدار نخود بنا کر استعمال کریں۔ خوراک حسب برداشت طبع ۔

روغن سم الفار :-

جمالگوٹہ مدبر مصفے ۲ تولہ سم الفار ایک تولہ دونو کو کھٹمٹ بوٹی پاؤ بھر آب میں کھرل کر کے قرص بنا کر پتال جنتر میں روغن نکال کر حفاظت سے رکھیں۔ خوراک ایک حبہ کے مقدار قند سفید یا پتاشہ میں رکھ کر بہت سے امراض کو مفید و مجرب و معمول خاص احقر الانام ہے ۔

دواء الترنجبین یہ معجون دافع جریان و سرعت انزال و رقت کو بالخصوص دافع ہے اس کی جتنی مدح کی جاوے کم ہے :-

مغز تخم تمر ہندی کلاں بریاں۔ تخم اٹنگن۔ تخم سریالہ۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری ہر ایک ۳ تولہ سب کو کوٹ چھان کر یکجان کر کے حفاظت سے رکھیں۔ ترنجبین عمدہ مصفے ۴۰ تولہ کو عرق گلاب ایک بوتل۔ عرق بید مشک نصف بوتل۔ عرق کیوڑہ نصف بوتل میں صاف کر کے مصری ملا کر قوام کر کے اوپر کی ادویہ اور کھویہ شیر آدھ سیر روغن گاؤ آدھ سیر ملا کر حلوہ تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ صبح یا حسب برداشت طبع کھایا کریں ۔

مخرج و قاتل دیدان۔ قبیلے حیات و کدو دانہ وغیرہ کرم کے دفعیہ کے واسطے آزمودہ بے عدیل ہے :-

بوٹی ہزار دانی۔ برگ آڑو ہر ایک ایک تولہ دونو گھس کر صاف کر کے مصری ملا کر پینا

حصول مدعا کے واسطے کافی ہے۔ شیرینی وغیرہ سے پرہیز چاہئے۔

دوائی دافع اوجاع مفاصل و نقرس و عرق النساء وغیرہ:-

سورنجان سفید و شیریں۔ صعتر۔ نمک ہندی۔ کف دریا۔ مہندی ہر ایک ڈیڑھ تولہ گلسرخ۔ زنجبیل۔ سقمونیا مشوی ہر ایک ۹ ماشہ۔ پوست بیخ کبر۔ شیطرج۔ بوزیدان ہر ایک ایک تولہ۔ تخم کرفس۔ ہلیلہ زرد۔ فلفل سفید ہر ایک سوا تولہ سب کو کوفتہ بیختہ کرکے عسل سہ چند ملا کر معجون بنا کر خوراک ۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ ماء العسل کھانا چاہئے اگر تنقیہ مطلوب ہو تو ایک تولہ کھانے سے اجابت فراغت سے آجاویگی۔ سرد اور مغم افزا اشیاء و ادویہ سے پرہیز چاہئے۔

خارش تر۔ خارش رطب خواہ کتنی دیرینہ کیوں نہ ہو یہ مرہم تریاق اعظم کا حکم رکھتی ہے شنگرف رومی ۲ تولہ کو مسکہ گاؤ پاؤ پختہ کو ایک صد بار دھو کر ملا کر مرہم تیار کریں اور موضع خارش پر لگا کر ایک گھنٹہ بعد نیم سوپ سے دھو دیں یا جونسا صابن مہیا ہو سکے اس سے دھو دیں۔ شیر اور میٹھے سے پرہیز چاہئے۔

مجربات حکیم رام رکھا صاحب

مقام و ڈاکخانہ کھائی پھیمے کی ضلع فیروز پور

کشتہ مرجان مقوی دماغ:-

مرجان ایک تولہ لیکر تین تولہ مسکہ مادہ گاؤ میں ملفوف کرکے کوزہ گلی میں بند کرکے گل حکمت کرکے پانچ سیر پختہ اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکالکر بدستور مسکہ گاؤ میں آگ دیں۔ اسی طرح تین دفعہ آگ دیں پھر پیس کر شیشی میں حفاظت سے رکھ چھوڑیں۔ یہ کشتہ نہایت اعلیٰ درجے کا مقوی دماغ ہے۔ خوراک ۱ سرخ۔

سرمہ عجیب جو کہ تقریباً تمام امراض چشم کے لئے مفید ہے۔ ضعف بصارت۔ غبار۔ ڈھلکہ۔ خارش و ککروں وغیرہ کے لئے بینظیر چیز ہے:-

سیماب ۱ تولہ۔ کشتہ جست ۱ تولہ (جسکو ہلدی کی چٹکی دیکر کشتہ کیا ہو) سرد چینی قلمی شورہ

تخم ریحاں۔ سنہ رجھگ۔ توشادر۔ شب یمانی۔ سنگ بھری چینی خالص ہر ایک ۶ ماشہ
کاسنی سبز ۶ ماشہ۔ زنگار۔ طوطیا سبز۔ اقلیمیائے فضہ۔ اقلیمیائے ذہبی۔ سفیدہ کاشغری
ماہیران چینی۔ برگ نیم در سایہ خشک کردہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سرمہ سفید ۱ ماشہ۔ فلفل گرد
۱ ماشہ۔ فلفل دراز ۱ ماشہ۔ سرمہ سیاہ دو تولہ تمام اشیاء کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملا کر دو
دن آب برگ سرس میں کھرل کریں پھر ۶ ماشہ روغن خالص کو تین چار تولہ پانی میں
حل کر کے اس پانی میں ادویہ کو کھرل کریں بعدہ دو روز عرق گلاب خالص دو آتشہ
میں کھرل کر کے خشک ہونے پر پارچہ تر کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھ چھوڑیں اور
رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگایا کریں۔ ترشی و تیل کی چیزوں سے پرہیز۔ پچھلا
پرہیزی سے ڈالا کریں۔ چند یوم کے استعمال سے خاطر خواہ فوائد نظر آئینگے۔

اکسیر قرحہ سوزاک

جو کہ کہنہ سوزاک کا صرف یک روزہ بیمثل علاج ہے۔ صرف ایک دفعہ کے استعمال
سے پیپ وغیرہ کو شرطیہ آرام آجاتا ہے۔ اگر خدانخواستہ ایک دن کے استعمال
سے آرام نہ ہو تو دو دن کا وقفہ دیکر ایک خوراک اور استعمال کریں۔

ترکیب ہذا۔ اول مریض کو شام کے وقت بکرے کا گوشت حسب خواہش گھی میں بھونکر
نرم مصالح خوب ڈالکر شکم بھر کر کھلا دیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد لوبان کوڑیالہ ایکتولہ باریک
پیسکر دفن صندل ۱ تولہ خالص ملا کر کھلا دیوں۔ مریض کو دو تین گھنٹہ پانی سے پرہیز
کرا دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ ایک خوراک سے ہی سوزاک اس طرح دفعہ ہوگا۔ جس
طرح گدھے کے سر سے سینگ۔

کشتہ مرگانگ

قلعی مصفا ۱ تولہ۔ پارہ مصفی ۱ تولہ دونکو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ بعدہ ایکتولہ
پانچ تولہ پانی میں حل کر کے اس پانی سے قلعی و پارہ کو کھرل کریں۔ جس وقت پانی سیاہ
ہو جاوے تو وہ پانی نکال کر پھینکدو اور پانی ڈالکر کھرل کریں۔ اس طرح چند دفعہ کریں پھر
گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ توشادر ۱ تولہ ڈال کر کھرل کریں۔ جب خوب باریک ہو جاوے

آتشی شیشی میں ڈالکر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر شیشی کو کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب سیاہ دھواں نکلنا موقوف ہو جاوے اور زرد رنگ کا دھواں نکلنا شروع ہو تو شیشی کو آگ پر سے اٹھا لیویں جب سرد ہو جاوے شیشی توڑ کر کشتہ برنگ سنہری نکال لیویں یکشتہ مقوی باہ دافع جریان منی۔ احتلام و سیلان رحم ہے۔ خوراک ایک رتی شیشی کے منہ میں گاہے بہ گاہے سیخ آہنی پھیرتے رہیں۔

مجربات حکیم فقیر محمد صاحب

نمبردار سکنہ موضع موٹھی تحصیل و ڈاکخانہ اکھنور۔ ریاست جموں

برائے امراض قلب۔ سوداوی المزاج۔ اختلاج۔ خفقان۔ اسہال کہنہ دموی صعدی ہیضہ وغیرہ میں آزمودہ تیر بہدف ہے۔

زہر مہرہ سیتزدا تولہ۔ گاؤزبان تازہ یا خشک ۱ تولہ یا آب نگدہ بنا کر درمیان زہر مہرہ دیکر محل حکمت کر کے دو سیر بھڑ کی آگ میں اسی طرح چہار بار آگ میں پھر گل سرخ گل بنفشہ گل گاؤزبان۔ ابریشم خام ہر یک ۲ تولہ۔ زعفران نیم ماشہ۔ تمام ادویہ ۲۴ گھنٹہ ۱ سیر خام عرق گاؤزبان میں بھگو کر نقوع لیں پھر دیگچی قلعیدار میں نقوع ڈال کر درمیان زہر مہرہ مذکور لٹکا دیں۔ حرف آگ پر پکائیں تاکہ پانی جذب ہو جاوے پس صدف صادق عمدہ دیشب سبز ہر یک ۳ تولہ۔ مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی ہر یک ۳ ماشہ کہربا کشتہ مرجان ہر یک ۱ تولہ۔ طباشیر دانہ الائچی خورد ہر یک ۲ تولہ سب کو عرق تیز و تند گلاب بیدمشک ہر یک ۲۰ تولہ۔ آب سیب۔ آب انار ہر یک ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں پھر ورق نقرہ کلاں یکصد عدد ورق طلا ۲۰ عدد مخلوط کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ۴ رتی ہمراہ مربہ سیب یا آب یا شربت ابریشم وغیرہ مناسب وقت۔ نہایت مجرب و پاک شدہ نسخہ ہے۔ غضب نخی کی خاطر پیش حضور ہے۔

بواسیر کا اکسیری نسخہ۔

کان ٹوٹیاں ۵ عدد روغن زرد ۵ تولہ میں یہاں تک بریاں کریں کہ سیاہ ہو جائیں پھر

دستہ آہنی سے کھرل کرتے جائیں کہ یکذات ہو جائیں پھر سیدہ گندم ۵ تولہ روغن مذکور میں بریاں کریں جب بریاں ہو جائے تو آرد حب البان ۵ تولہ ملا دیں اور ۵ تولہ شکر تری ملا کر سفوف بنائیں خوراک ۹ ماشہ سے ۲-۳ تولہ تک ہر روز استعمال کرائیں۔ بفضلہ ۱۴ روز میں بواسیر دور ہوگی اور پھر تمام عمر عود نہ کریگی اور ذیل کا بخور بھی اس کے ہمراہ استعمال کریں تاکہ مسے خشک ہو کر بیخ و بن سے اکھڑ جائیں پس افگندہ ابابیل خشک کر کے سحق کر لیں اور بوتل میں رکھ چھوڑیں جب حاجت سے فارغ ہو کر آئیں اپلہ صحرائی جسکا دھواں نکل چکا ہو اس پر دوائی مذکور بقدر ۳ ماشہ ڈال کر اس کا دھواں مریض کو دلوائیں اور کپڑا اس پر رکھیں تاکہ دھواں برابر مقعد پر پہنچے ادھر ادھر پریشان نہ ہو۔

مرہم اکسیر ہر قسم کے پھوڑے۔ ورم طاعون کھجرالی وغیرہ کا شرطیہ بیخطا و طلسمی علاج ہے لوبان کوڑیہ ۶ ماشہ۔ کافور اصلی ۶ ماشہ دونوں کو الگ الگ پیس کر ملا لیں۔ کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر کھرل کریں یہ مرہم سا بن جائیگا۔ اس کو لگائیں اگر دنبل بیٹھنے والا ہوگا تو اندر ہی اندر گم ہو جاویگا اگر پک کر اچھا ہونے والا ہے تو ایسا ہی ہوگا۔ بالکل بے خطا اور تیر بہدف نسخہ ہے۔

مجربات حکیم نور احمد منور ابن مولوی محمد عبداللہ صاحب

بھٹی متوطن بلدہ جتوئی ضلع مظفر گڑھ حال مقیم پھلن ڈاکخانہ جتوئی

درد کمر کمی اشتہا۔ مرض نامردی اور عام کمزوری کا مجرب علاج۔

سفوف کچلہ مدبر۔ سفوف مرچ سیاہ۔ قرنفل۔ سفوف زنجبیل ہر یک ایک تولہ کوٹ چھان کر صمغ عربی کے ساتھ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام غذا کے بعد۔ شیر مادہ گاؤ جوشدادہ حسب برداشت پیویں۔ تدبیر کچلہ:- دو تولہ کچلہ لیکر دو ہفتہ تک پانی میں تر رکھیں اور روزمرہ پانی بدلتے رہیں۔ جب نرم ہو جاوے چھلکا اتار ڈالیں اور خشک کر کے آگ میں جلا دیں۔ جب دھواں نکلنے لگے آگ سے نکال لیویں۔ اور دھواں بند ہو جانے اور سرد ہو جانے پر سفوف بنا دیں۔

بیخ عین الادویہ جس کو عام زبان میں مدار اور آک کہتے ہیں :۔
ایک حصہ کالی مرچ ½ حصہ اور نمک سنجل ہموزن کالی مرچ بقدر نخود گولیاں بنا دیں
جوڑوں کے درد کے واسطے ۶ ماشہ گھی سے ایک ایک گولی دو وقت اکسیر ہے۔
بلغمی کے ہاضمہ اور بخوک کے لئے عجیب ہے ۔

زیرہ عین الادویہ جو صلیب کی شکل کا پھول ہوتا ہے ایکتولہ نمک لاہوری
ایک تولہ پیپل ایکتولہ۔ گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنا لیویں بچوں کو ایک گولی ہیضے سے
کھانسی نہیں آتی اور سوتے ہوئے کے منہ سے اگر رال آتی ہو۔ تو ان گولیوں کے
استعمال سے رفع ہو جاتی ہے ۔

کشتہ پوست بیضہ مقوی مشانہ۔
پوست بیضہ کو توا بھٹی میں جوش دیکر اندر کا پوست اُتار کر ایک گلی برتن میں ڈال کر
گل حکمت کر کے ۲ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہوگا ورنہ دوسری آگ سے عمدہ کشتہ
تیار ہوگا۔ خوراک کا وزن ½ ماشہ ۔ پوست بیضہ اتولہ ہو ۔

کشتہ قمر۔
ورق چاندی ۵ ماشہ آب دھدک بوٹی میں کھرل کریں اور خشک کر کے غلولہ بنا لیویں
پھر آدھ آدھ سیر کچہ کی دو تھالیاں لیکر ایک میں گوبر کر کے اس کے اندر غلولہ مٹی
تکا لیپ کر کے وہ غلولہ اس میں رکھ کر دوسری تھالی اس پر رکھ لیویں اور بند جگہ
میں آگ اوپر رکھ کر سلگا دیویں۔ سفید بے چمک کشتہ برآمد ہوگا۔ خوراک
ایک چاول سے ایک رتی تک ۔

نسخہ نزول مجرب ۔
سم الفار ۳ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۲۵ عدد میں کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ مسور
بنا دیں۔ ایک گولی صبح نہار منہ اکیس یوم تک کھلا دیں ۔ فذا مرض ۔

بواسیر بادی کا مجرب علاج ۔
روغن زرد گاے ۱۲ اشارک۔ تھوم ۷ تولہ ہر روز علی الصباح دو چھٹانک تک پیں

ایک تولہ تھوم کو اس قدر پکاویں کہ تھوم جل کر کوئلہ ہو جاوے۔ تب تھوم کو علیحدہ کر کے گھی کو نہار منہ پی لیویں۔ بفضلہ تعالیٰ اختتام دوا تک فائدہ مکمل ہوگا۔

مجرّبات حکیم ظہیر احمد صاحب

از حسین منزل شریف محلہ مرار پور شہر گیا

دوائی دافع انفلوئنزا بہت زود اثر۔

برگ بیل تازہ چار تولہ در آب ۱۰ تولہ حل کردہ یک دو جوش دادہ صاف نمودہ نبات ابیض ۶ ماشہ یا قدرے نمک طعام داخل کردہ عقب کشتہ گوزن ۴ رتی در روز سہ بار و شب یکبار بنوشانند۔ یا بغیر کشتہ مذکور بنوشانند۔ در یک دو روز بالکل تندرست خواہد شد۔

مجرّبات حکیم مستانہ فقیر صاحب

مالک دواخانہ رہنمائے صحت جہلم۔ پنجاب

طلسمی پوڈر نئے اور پرانے سوزاک کے لئے ایک قابل قدر دوا ہے۔

خار خسک ۴ تولہ۔ کباب چینی ۳ تولہ ۳ ماشہ۔ جوکھار سفید ۲ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ ۳ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ بورہ صندل سفید ۲ تولہ۔ مغز تخم کدو یک تولہ۔ مغز تخم خیار ایک تولہ۔ مغز تخم تربوز ایک تولہ۔ کبابہ خنداں ۱ تولہ۔ بادیاں ۱ تولہ۔ پرسیاوشاں تولہ۔ تخم کرفس ۱ تولہ ست بیروزہ اصلی ۲۵ رتی۔ روغن صندل ۶ ماشہ۔ روغن گندہ بیروزہ تین ماشہ۔ روغن بلسان ۳ ماشہ قلمی شورہ دو تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔ اور تینوں روغن اس میں ملا لیں۔ خوراک تین ماشہ تین دن میں تین دفعہ۔ غذا دودھ چاول یا بھنڈی توری دال مونگ ہمراہ چپاتی کھا سکتے ہیں۔ پرہیز ترش گرم اور تیل والی اور قابض اشیاء سے۔

ناتھ حسین رنن خونی بواسیر کے لئے بیمثل۔

خاکستر مغز اخروٹ مستم و کنجد مقشر برابر لیں تین ماشہ۔ خوراک ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ
یا صرف آب بیدمشک کے استعمال کر سکتے ہیں ۔

بھگوان بٹی۔

اس مجوب کو منہ میں رکھنے سے ہونٹ۔ زبان۔ دانت۔ گلا۔ تالو کے سب قسم کے امراض
دُور ہو جاتے ہیں اور منہ کی بو، شش پھالے وغیرہ سب کو فائدہ پہنچتا ہے۔ کتھ بکھم
تولہ کو تین صد تولہ پانی میں جوش دیں جب آٹھواں حصہ پانی باقی رہے تب اُتار کر چھان
لیں اور اُس میں جائفل۔ بھیم سینی کپور۔ سپاری دکھنی۔ دار چینی۔ چھوٹی الائچی۔ تج۔
تیج پات اور مشک یہ سب تین تین ماشہ۔ کوٹ بیس کر باریک کر لیں اور نخود کے برابر
گولیاں بنا رکھیں اور وقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھوائیں ۔

مجربات حکیم محمد مطیع احمد صاحب نوشہ میاں

شکوہ آباد ضلع مین پوری

سعال وضیق بلغمی۔ اسراری

برگ مدار شاداب ۱ عدد۔ فلفل سیاہ دس ۱۰ عدد باریک سائیدہ بہ لعاب صمغ عربی
سرشتہ جوب مقدار نخود سے سازند و دردہن گیرند ۔

سُرفہ ہر قسم۔

مغز بادام شیریں ۷ ماشہ۔ تخم کتان ۷ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۷ ماشہ۔ انیسون ۳ ماشہ
اصل السوس مقشر ۳ ماشہ۔ رب السوس ۳ ماشہ۔ مصری ۷ ماشہ باریک سائیدہ
جوب مقدار نخود سے سازند ۔

سفوف سوزاک قدیم

ست بیروزہ ایکتولہ۔ ست سلاجیت ۶ ماشہ۔ طباشیر ۴ ماشہ۔ ست گلو ۶ ماشہ۔
اصل السوس مقشر تولہ۔ کشتہ رانگ ۲ ماشہ سفوف سازند۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ خیر گاؤ۔

حب حیات جہت تقویت معدہ و ہاضمہ و کسر ریاح و دفع قراقر و تخم تشکم و تقویت

دماغ و تصفیہ حواس، تفتیح شدہ و ماندگی اعضا:-

نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ نمک کانچ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ منقی۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ دارفلفل ہر ایک ایک تولہ۔ اجواین دیسی ۹ ماشہ۔ شیطرج ہندی ۹ ماشہ۔ قرنفل۔ دارچینی۔ دارہیل ہر ایک ۴ ماشہ۔ عود ہندی۔ مصطگی رومی۔ بسباسہ ہر ایک ۳ ماشہ کوفتہ بیختہ با عرق لیموں سرشتہ حبوب مقدار نخود مے سازند۔ خوراک از یک ماشہ تا دو ماشہ۔ مزاج بلغمیہ را تیر بہ ہدف۔

جہت کلف

پوست نارنجی۔ آرد برنج ساٹھی۔ مغز بادام شیریں۔ صدف صادق۔ مغز تخم باقلا۔ تخم ترب ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ باریک سائیدہ سفوف سازند۔ ترکیب استعمال۔ قدرے در گلاب یا شیر حل کردہ بر رخسار ہا بمالند۔

مدر طمث مجرب:-

کف دریا ۳ ماشہ۔ مکو خشک تولہ۔ شہد خالص ۲ تولہ۔ منقی ۲ تولہ۔ بابڑنگ ایک تولہ۔ برگ مکو سبز ۵ تولہ ادویہ باریک سائیدہ بآب برگ مکو آمیختہ شافہ تیار ساختہ بذریعہ قابلہ حمول نمایند۔

مجربات حکیم ابوظفر محمد عبدالخالق صاحب امرتسری

اڈیٹر سالک۔ راولپنڈی شہر

سفوف حافظ حمل:-

بُرادہ عاج۔ فوفل۔ شاخ گوزن سوختہ۔ گلنار۔ ابریشم مقرض ہر ایک ۱ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ مرجان۔ بُسد ابیض۔ گلسرخ۔ گل ارمنی۔ کشنیز خشک۔ عود ہندی۔ مصطگی رومی۔ زرنباد۔ کباب چینی ہر ایک ۲ ماشہ۔ کافور قیصوری ۳ رتی۔ جملہ ادویہ کوفتہ بیختہ پارچہ بیز نمودہ نگاہ دارند از آغاز ماہ سوئم ۴ ماشہ ازیں سفوف گرفتہ ہمراہ شیر آملہ ۵ تولہ۔ شہد خالص بقدر ۲ تولہ شیریں کردہ بخورند۔

دوائے واحد جہتِ سفید آب :-

جوہر مازو جس کو انگریزی میں گیلک ایسڈ (Gallic Acid) کہتے ہیں بقدر ایک رتی آب سرد کے ہمراہ دن میں ۴ مرتبہ پینے سے فوری اثر ہوتا ہے ۔

حب زعفران شبریہ جہتِ انشراح الرحم :-

ایلوا ۹ ماشہ ۔ زعفران کشمیری ۔ دارچینی ۔ مُرکی ۔ جلیتیت اصیل ہر یک ۳ ماشہ ۔ مشک تبتی ۴ رتی سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر شہد بقدر حاجت میں گوندھ کر چنے قدر قرار کریں ۔ غذا کے بعد دو وقت ایک ایک گولی پانی کے ساتھ دیا کریں ۔

طبع مقتول جہتِ ضیق النفس :-

اجوائن دیسی ۔ نمک لاہوری ہر ایک ۔ ۲ تولہ لیکر دونوں کا سفوف تیار کریں ۔ ایک کچے گلی میں قدرے بچھا کر اُوپر ۲ عدد برگ مار رکھ دیں پھر ایک تہ سفوف کی ان پتوں پر بچھا دیں ۔ اس کے اُوپر ۵ عدد برگ مار رکھ کر پھر ایک تہ سفوف بچھا دیں پھر ۴ عدد برگ مار رکھ کر باقی ماندہ سفوف بچھا کر گل حکمت کر دیں اور گڑھے میں ۱۲ سیر جنگلی اُپلوں کی آگ دیں (ہوا سے محفوظ مکان میں) سرد ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں ۔ خوراک ایک ماشہ مع ہمراہ مسکہ یا بالائی ۔

جوہر اکسیر جہتِ بیاض چشم و پھولا :-

نوشادر کو عرق برگ سرس میں تر کر کے سایہ میں خشک کریں حسب دستور معروف دو پیالوں میں جوہر اُڑا لیں ۔ نہایت قلیل مقدار میں استعمال کریں ۔ پھولا کو بتدریج اکسیر ثابت ہوگا انشاء اللہ ۔

گلکرہ لوشن جہتِ گلکرہ ہر نوع :-

شب یمانی ۱ ماشہ ۔ سہاگہ سفید ۱ ماشہ ۔ توتیائے اخضر ۱ رتی ۔ افیون مصفی ۱ رتی ۔ گلاب خالص ۵ تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے عرق گلاب میں حل کر کے محفوظ رکھیں اور آنکھوں میں ڈالیں ۔

مجربات پیرزادہ حکیم سید عبداللہ شاہ صاحب

دواخانہ نئی زندگی۔ نوشہرہ

آتشک۔ سوزاک۔ بواسیر۔ نواسیر۔ جذام۔ گٹھیا۔ خنازیر اور دیگر تمام سوداوی امراض کے لئے اکسیر ہے ہر مرض کے درجہ میں بیحد مفید ہے۔ ظاہر کرنے کا نسخہ نہیں ہے مگر بخل بھی کوئی اچھی بات نہیں ہے:۔

نسخہ یہ ہے۔ دارچکنا۔ رسکپور۔ سم الفار۔ مردار سنگ۔ شنگرف۔ ہرتال بلقی۔ سیماب۔ طوطیا۔ سیندور۔ نوشادر۔ زنگار۔ آہک آب نارسیدہ۔ جملہ ادویہ کو ہموزن لیکر ایک ہفتہ آب لیموں میں سحق کر کے دو مٹی کے پیالوں میں بطریق معروف جوہر اڑائیں۔ اس جوہر کو لیکر وزن کر کے کم شدہ وزن کے مطابق پھر سب چیزیں ملا کر جوہر اڑائیں۔ اسی طرح دس مرتبہ یا کم سے کم پانچ مرتبہ جوہر اڑائیں۔ خوراک ½ چاول سے ایک چاول تک۔ مسکہ میں۔ پرہیز وغیرہ بطریق معروف۔

آتشک کا شرطیہ نسخہ: چوبیس گھنٹے میں شرطیہ آرام ہوتا ہے۔ اندرونی و بیرونی زخم سوکھ جاتے ہیں۔ نہ منہ آتا ہے نہ کوئی اور تکلیف ہوتی ہے کبھی خطا نہیں کرتا۔ بارہا کا آزمودہ ہے رات کو اس سے صرف چار پانچ دست آتے ہیں اور بس۔

نسخہ:۔ رسکپور۔ شنگرف۔ دارچکنا۔ تخم بھنگ مساوی الوزن لیکر باریک سرمہ کی طرح پیس لیں۔ خوراک تین ماشہ اس طرح دیں کہ آدھ سیر بکرے کا گوشت پاؤ بھر عمدہ گائے کے گھی میں خوب گرم مصالحہ اور ۳۰-۳۵ سرخ مرچیں ڈال کر پکائیں پہلے مصالحہ کو گھی میں سرخ کریں۔ پھر گوشت ڈالیں اور پھر یہ دوا (تین ماشہ) ڈال دیں اور خوب بھونیں کہ سرخ ہو جائے۔ جب تیار ہو جائے تو اتار کر نیم گرم سب کچھ کھلا دیں مصالحہ بھی کھلا دیں۔ بس یہی ایک خوراک کافی ہے۔

Free Tibi Nayab Books

مجربات حکیم مولوی عبدالحی صاحب

دگرپور ضلع میمن سنگھ مشرقی بنگال

نسخہ مرارت قلب مجرب۔

[illegible]

مجربات حکیم محمد علی صاحب آزاد

منڈی محلہ بیسور

کشتہ سلوطیا

[illegible]

دو قسم کا ہوتا ہے ایک درخت کی شکل میں ایک مفروش مو خرالذکر پودا حاصل کر کے سالم پودا معہ برگ و بار کچل کر نگدی بنائیں۔ ۲۰ تولہ وزن ہونا چاہئے پھر کپڑ مٹ کر کے گچ پت کی آتش دیں ایک ہی آنچ میں یا دوسری آنچ عمدہ سالم الحروف کشتہ ہوگا باوزن بھی ہوگا۔

شگفت اشرفی

عمدہ خالص سکہ اشرفی لیکر عرق بوٹی کاگ جھنگا یا اطریلال میں تین مرتبہ بجھاؤ دیں بعد ازاں زعفران مونگرا کشمیری ۶ ماشہ شیر پارس پیپل میں کھرل کر کے ضماد کر کے خشک کریں پھر گل کنیر زرد تازہ ۳ تولہ۔ گل پارس پیپل تازہ چار تولہ۔ گل ٹیسو خشک ۵ تولہ۔ گل بانسہ زرد گل تازہ چار تولہ۔ گل صد برگ (گل گیندا) ۵ تولہ سب کو یکجا کر کے خوب باریک پیس کر نگدہ بنائیں پھر اشرفی اس میں ملفوف کر کے اوپر ۶ تولہ ریسمان خام جو کہ شیر حشر میں تر کر لیں لپیٹ کر اوپر تین گل حکمت کر کے خشک کریں بعدہ ۵ سیر پاجکدشتی کی محفوظ آگ دیں اگر احتیاط سے آگ دی گئی تو سالم الحروف پھولی ہوئی برآمد ہوگی زندہ بھی ہو سکتی ہے اگر کچھ خامی رہے تو تجدید عمل کریں دوسری مرتبہ بجھاؤ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

اسی ترکیب سے نقرہ کا بھی سالم الحروف کشتہ ہوتا ہے لیکن صرف اس قدر تبدیلی کی ضرورت ہے کہ بجائے کنیر زرد گل کے سفید گل ڈالنا چاہئے۔

یہ تیر بہدف اور مجرب ہے کبھی خطا نہیں کرتا۔ آزمانا شرط ہے۔

امساک قوی الاثر

مویز منقے کلاں ۸ تولہ۔ تخم جوز ماثل سیاہ ۳ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ آخرالذکر دو اشیاء کو جوکوب کر کے آب شیر میں نصف سیر میں اس قدر جوش دیں کہ تیسرا حصہ پانی کا رہ جائے تو سرد کر کے چھان لیں اور تھوڑی دیر رکھ کر بذریعہ تبی مقطر حاصل کریں اور مقطر کو قلعی دار دیگچی میں ڈال کر مذکور الصدر مویز ۸ تولہ بھی اسی میں ڈال دیں نرم آنچ سے پکائیں حتے کہ سب عرق جذب ہو جائے اور بار بار سیخ آہنی سے یا چمچے سے ہلاتے رہیں تاکہ برتن کو نہ لگ جائے ورنہ بیکار ہو جائیگا پھر نکال کر شیشی میں رکھ چھوڑیں وقت ضرورت قبل از جماع ایک دانہ مویز کھا کر شیر نیم گرم جس میں روغن بادام اور مصری ملے ہوئے ہوں پی لیں سخت

مساک رہیگا۔ نصف دانہ سے طبیعت کی طاقت دیکھیں ۔

اخیر میں چلتے چلاتے ایک ملفوظ مساک کا لاجواب بلکہ نایاب نسخہ عرض کئے دیتا ہوں تاکہ ہماری یاد گار آپکے پاس محفوظ رہے ۔

مشک اصلی ۱ ماشہ۔ کافور بیگی ۳ ماشہ۔ بُرادہ قضیب خرس ۳ ماشہ۔ خون تازہ قضیب وبڑی ۳ ماشہ۔ عطر حنا عمدہ ایک تولہ۔ اول مشک و کافور صیم سینی کو نمک سحق کریں پھر قضیب خرس کا بُرادہ شامل کریں پھر خون لوڑی داخل کرکے خوب کھرل کریں۔ اخیر میں عطر حنا شامل کرکے کھرل کرکے شیشی میں ڈال کے ایک ہفتہ زیر زمین مدفون کریں۔ بعد ازاں نکالیں۔ وقت ضرورت بقدر ایک نخود حشفہ کے چاروں طرف کنارہ پر ضماد کرکے مشغول کار ہوں ۔

مجربات حکیم باوا سوبھارام صاحب

چک ۵۵ بابا بکالہ۔ جھنگ برانچ۔ ضلع لائل پور

کشتہ مس جو کہ مقوی باہ اور مقوی بدن ہے برص جذام اور برص کے واسطے بہت فائدہ مند ہے ۔

تانبہ خالص حسب ضرورت لیکر برادہ طیار کرکے چار پہر تک دہی سے کھرل کرکے پھر آب لیموں و نمک سے چار پہر کھرل کریں اور رات کو پانی سے دھو دیں۔ دوسرے روز پھر آب لیموں اور نمک سے تمام روز کھرل کرکے رات کو دھو دیویں اسی طرح پانچ روز تک کریں۔ اس کے بعد تانبہ کا ۱/۴ حصہ گندھک آملہ سار مصفا اور ۱/۱۶ حصہ سیماب مصفی ملا کر چار پہر آب لیموں اور نمک سے کھرل کرکے آتشی شیشی گل حکمت شدہ میں ڈالکر دس پہر نمک بالوجنتر کی آگ دیویں اس کے بعد نکال کر حفاظت سے رکھیں۔ خوراک ایک چاول مکھن سے مقوی باہ ہے اور عرق مصفہ خون سے دافع امراض جذام اور برص ہے ۔

کشتہ شنگرف مقوی۔

زنجفر کو شیر مدار میں چار پہر تک کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر دس پندرہ روز تک خوب سکھا دیں

مابعد ایک اُپلہ کلاں پہ تولہ راکھ پیپل نیچے اور ۵ تولہ اُوپر دیکر ارد گرد چند چھوٹے اُپلے لگا کر آگ دیویں بعد سرد ہونے کے نکالیں باوزن ہوگا۔ اکسیر ہے۔

کشتہ عقیق سرخ دافع نزلہ و زکام ہر قسم۔

عقیق سرخ گرم کرکے آب کھٹی بوٹی و عرق گلاب میں قریباً دس بارہ دفعہ بجھاویں مابعد فی تولہ عقیق کے دس تولہ چھلکا اریٹھا لیکر زیر زبر دیکر آگ بیس سیر پختہ دیویں خوراک ۲-۴ رتی تک تین خوراک میں فوراً نزلہ و زکام کو آرام کر دیتا ہے شرطیہ دوائی ہے اکسیر الاثر ہے

کشتہ جست مقوی بصر و دافع جریان منی:-

جست۔ سیماب۔ پوست ہلیلہ۔ کالپی مصری ہر ایک ہموزن۔ اول جست اور پارہ کو کڑاہی میں ڈالیں اور آگ پر رکھیں جب گل جائے کالپی مصری کی چٹکی دیتے رہیں اور چوب نیم سے ہلاتے جاویں پھر پوست ہلیلہ کی چٹکی دیویں اور بدستور ہلاتے رہیں آنچ نرم ہو خاکستر ہو جاویگی۔ قوت بدنی اور اعضاے رئیسہ کے لئے بقدر چار چاول بدرقہ مناسب سے کھلائیں اور ضعف بصر و بیاض چشم کو اکتحالاً مفید ہے۔

کشتہ بارہ سنگا دافع درد ہر قسم ذات الجنب ذات الریہ اور وجع المفاصل میں اکسیر ہے بارہ سنگا کو پہلے جلا لیویں مابعد اُس میں کوار گندل کا رس ڈال کر کھرل کرکے آگ دیویں یا شیر مدار میں کھرل کرکے آگ دیویں۔ خوراک ۲-۴ رتی بہ مسکہ ڈلائی یا منقہ وغیرہ میں۔

مُجرّبات حکیم نظام الدّین صاحب

ڈابھیل۔ ضلع سورت

براے نفث الدم و سل و سرفہ مجرب است۔

کوکنار معہ دانہ ۱ تولہ تین پاؤ پختہ پانی میں جوش دیں بعدہٗ مل کر صاف کرکے قوام مصری کا پکاویں بعدہٗ یہ ادویہ سحق کی ہوئی ڈالیں۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بنولہ ہر ایک ۶ ماشہ ملا کر خوراک ایک تولہ کشتہ مرجان ۲ رتی ملا کر چٹائیں اُوپر سے چھٹانک عرق گاؤزبان پلائیں۔

حب سرفہ

ریب فسوس ۶ ماشہ۔ کندر ۳ ماشہ۔ کاکڑاسنگی ۶ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ بادام ۵ عدد۔ زعفران ۳ ماشہ۔ میعہ سائر ۳ ماشہ ہمراہ شہد یا شیرہ خواب بقدر کفایت بنائیں۔

مجربات حکیم ملک اللہ دتہ خاں صاحب

سکنہ بھیرہ ڈاکخانہ جھاوریاں تحصیل و ضلع شاہ پور

برائے بواسیر بادی و خونی۔

سم الفار ۳ ماشہ۔ دار چکنا۔ شنگرف۔ پھٹکڑی۔ ہڑتال ۵ رتی۔ ہر ایک ہموزن باریک کر کے ہمراہ کوار گندل کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر جو ہر اڑائیں۔ خوراک ایک چاول سے نصف رتی تک ہمراہ مسکہ گاؤ بیمار کو دیویں نہایت مفید ہے۔ پرہیز ترشی اور گرم اشیاء سے کریں۔

برائے سلسل بول۔

جاوتری ۲ تولہ مصری کابلی ۲ تولہ باریک کر کے چھ پڑیاں بنا دیں اور روزانہ ایک پڑیہ ہمراہ دودھ دیویں۔

برائے قوت باہ

ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ ورق طلا ۱ ماشہ۔ موتی ۱ ماشہ۔ کستوری ۱ ماشہ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ افیون دیسی ۳ ماشہ۔ تمام کو عرق کیوڑہ میں کھرل کریں ایک بوتل ختم کریں بعد ازیں باجرا کے دانہ کے برابر گولی بنا کر ایک صبح مسکہ گاؤ کے ہمراہ اور ایک شام کو ہمراہ دودھ کے دیویں مجرب ہے۔

برائے دافع پیچش دسنگرہنی وغیرہ۔

مجرب المجرب۔ جب کسی دوا سے فائدہ نہ ہو تو یہ گولیاں اپنا عجیب و غریب اثر دکھاتی ہیں۔

زعفران کشمیری ۳ ماشہ۔ جائفل ۸ ماشہ۔ افیون دیسی اصلی ۱۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳۲ عدد۔ شنگرف رومی ۴ ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر ۲ تولہ شہد میں گولیاں بقدر دانہ ماش بنائیں۔ برائے دافع دست ہمراہ شہد استعمال کرائیں اور برائے خونی

پیچش ہمراہ گھی اور عام پیچش والے کو چاولوں کے پانی کے ساتھ دیویں نہایت مجرب ہے۔

مجربات خادم الاطباء حکیم رتھولال صاحب

مینجر گروکل براسی ڈاکخانہ لوہاری ضلع مظفر نگر

واسطے دافع کرم شکم ہو سب قسم کے جن کی شمار بیس قسم میں سے ہے سب کو دفع کرنے میں اکسیر کامل کا کام کرتا ہے:۔

پارہ مصفی ۳ ماشہ۔ گندھک مصفی ۶ ماشہ۔ ایرائن خراسانی ۹ ماشہ۔ بیخ تخم بکائن ۱۲ ماشہ ڈھک پاپڑا مقشرہ ۱۵ ماشہ۔ اول پارہ اور گندھک کو کھلی کریں بعدہٗ دیگر ادویات ملادیں پھر صلابہ کرکے ظرف شیشی میں نگاہ رکھیں حسب ضرورت اس میں سے جوان آدمی کے لئے بقدر ۶ ماشہ لیکر ایک تولہ شہد میں ملا کر کھلادیں اوپر سے گرم دودھ پلادیں سب قسم کے کیڑوں کو دفع کرنے میں مجرب المجرب ہے۔

واسطے خارش و آب رواں دسٹرخی۔ سفیدی۔ کگرے پڑبال وغیرہ جلامراض کو نافع ہے۔ کگروں اور پڑبال کو بالخصوص نافع ہے:۔

مروارید ناسفتہ خاکستر ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ ملا کر ایک روز کھرل کریں پھر سفید صاج ۱ تولہ ملا کر پھر دو روز کھرل کریں بعد ازاں کونڈ لکڑی ببول ۶ تولہ ملا کر چار یوم کھرل کریں کل سات یوم کھرل کرنے کی ضرورت ہوگی ہمراہ سلائی صبح اور بوقت خواب آنکھ میں لگادیں۔ نوٹ۔ ببول کا کونڈ دیگ خمدہ یا پانی پڑی ہوئی لکڑی کا نہ ہو اور نہ پانی کے ذریعہ سے بجھایا گیا ہو۔

مجربات حکیم سید عماد الحسن صاحب

سند یافتہ کانپور

بچوں کی پسلی کا علاج۔

طوطیائے سبز خام یکتولہ گرفتہ بعرق لیموں یکعدد کاغذی ہفت یوم کھرل نمود وجوب

بقدر خشخاش بستہ نگاہ دارند و بوقت ضرورت ہمراہ شہد خالص طفل را بدہند ۔

کالی کھانسی کا مجرب علاج ۔

زراوند مدحرج سوختہ ۲ تولہ ۔ برگ پان بنگلہ سبز ۷ عدد سوختہ ۔ عناب ولائتی سوختہ ۲۰ عدد گرفتہ باریک نمودہ در شہد خالص آمیختہ قدرے قدرے دہند ۔

ہیضہ کی مفید دوا ۔

بیخ پیاز انگاہ ۹ ماشہ ۔ بیخ سوگرا تولہ ۔ تخم لیموں کاغذی تولہ ۔ پوست زرد ترنج تولہ ۔ تارمیل دریائی ۹ ماشہ ۔ زہر مہرہ دریائی ۹ ماشہ گرفتہ باریک نمودہ بعرق گلاب حل کردہ حبوب بقدر نخود بستہ نگاہ دارند و بوقت ضرورت یک حب ہمراہ عرق بادیان بدہند ۔

دافع قبض و ریاح و بواسیر بادی و باد گولہ وغیرہ ۔

بوقت خواب ملیٹھ خالص بقدر ۴ سیر گرفتہ حبوب بستہ بخورند ہمراہ عرق بادیان نیم گرم بسیار مجرب است ۔

مجربات حکیم امام الدین صاحب عف مجن

قصبہ نگرولی ضلع مظفر نگر

روغن طلا برائے مجلوق ۔

تم الفار ۱ تولہ ۔ مٹھا تیلیا ۱ تولہ ۔ سہاگہ خیلیا ۱ تولہ ۔ گندھک آنولہ سار ۱ تولہ ہمہ ادویہ باریک کوفتہ بیختہ و روغن گاؤ آمیختہ در پارچہ گاڑھا لت کردہ فتیلہ سازند آں فتیلہ را روغن سازند پارہ در کھرل نہادہ زیر فتیلہ نہادہ کہ روغن در کھرل بہ چکید و روغن معہ پارہ ضماد کردہ استعمال نمائند ۔

برائے وجع المفاصل

عرق برگ دھتورہ ۔ ثمار ۔ عرق برگ ارنڈ عرق برگ مدار ۔ عرق برگ تماکو ہر ایک ۔ مار ۔ در روغن سرشف بسوزانید ہر گہ عرق بسوزند و روغن بماند بگزارند ۔ مالش نمایند ۔

طلا برائے قوت باہ مجرب :-

چربی شیر ۱ تولہ۔ چربی سانڈہ ۱ تولہ۔ بیر بہوٹی ۱ تولہ۔ خراطین خشک ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ گندھک آنولہ سار ۱ تولہ۔ بیگن صحرائی ۱ تولہ۔ ہڑتال طبقی ۱ تولہ۔ لونگ۔ عاقرقرحا۔ جائفل جاوتری۔ جونک۔ سم الفار۔ تخم پیاز۔ برادہ دندان فیل۔ سم اسپ کمیت۔ مال کنگنی۔ بیخ کنیر سفید۔ جمال گوٹہ۔ سرگین بوزنہ ہر یک ایک تولہ۔ مشک ۶ ماشہ باریک سائیدہ زردی بیضہ مرغ انداختہ حبوب بستہ در آتشی شیشی نہادہ روغن کشند و بر قضیب مالش و طلا نمایند و برگ بنگلہ تنبول بر قضیب بندند۔

مجربات حکیم پنڈت شنکر دت صاحب

ٹانگڑہ۔ ڈاکخانہ جنڈیالہ گروکا۔ ضلع امرتسر

برائے چھپاکی جو کہ معمولی دو چار روز کی پیدا شدہ مرض کو صرف ایک ہی خوراک میں دور کرتا ہے۔ مہینوں کے بیمار کو صرف چار پانچ روز میں فائدہ ہوتا ہے۔ آج تک خطا نہیں کی دس سال سے استعمال کر رہا ہوں۔ روزانہ دو دفعہ استعمال کیا جاتا ہے :-

ناگ کیسر (گل) عمدہ یک تولہ کوفتہ بیختہ سہ چند عمدہ شہد میں ملا کر دو خوراک کی جاتی ہے۔

برائے ہیضہ جو کہ عرصہ پندرہ چودہ سال سے میرے استعمال میں ہے میں نے کبھی خطا کرتا نہیں دیکھا کئی مریضوں کو بستر مرگ پر سے واپس لایا نسخہ جوشاندہ کی صورت میں ہے اسواسطے پردہ رکھنے اور بیمار کے اعتقاد کے لئے کوئی معمولی ہاضم دوائی کی ایک آدھ رتی کی پڑی ساتھ دیدیا کرتا ہوں :-

پودنہ خشک ۲ تولہ۔ میوہ ۲ تولہ ہر دو اشیاء کو پانی ایک سیر میں جوشایا جاتا ہے۔ چار پانچ چھٹانک پانی رہنے پر اتار کر ٹھنڈا کر کے مل چھان کر حسب موقع دو دو چار چار تولہ پانی گھنٹہ گھنٹہ یا آدھ آدھ گھنٹہ بعد دیا جاتا ہے۔

مجربات حکیم لدھارام صاحب

سکنہ چک نمبر ۱۳۳ بہادر والہ ڈاکخانہ سنڈا بانڈھ ضلع جھنگ

انجن مشکلکشا برائے ضعف بصر یہاں تک کہ عینک کی عادت کو چھڑا دیتا ہے۔

نقرہ خالص۔ بست خالص۔ سکہ صاف :: تانبہ تمامی ہر ایک ایکتولہ۔ طلا خالص ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ مرجان۔ صدف کلاں ہر ایک ۴ ماشہ۔ عرق گلاب حسب ضرورت پہلے چھ تولہ کو چھل بند کر کے لوہے کے دستہ سے خوب کھرل کریں پھر دوسری دوائیں ملا کر عرق گلاب سے کھرل کریں۔ جب سیاہ سرمہ بن جائے بس تیار ہے۔ رات کو سوتے وقت ایک سلائی آنکھ میں پھیریں۔

طلا مشکلکشا برائے مجلوق :-

شیر مادر۔ شہد خالص مسکہ گاؤ ہر ایک ۲ تولہ۔ خون مرغ ۱ تولہ۔ خون خرا ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو چھ پہر کھرل کر کے محفوظ رکھیں بقدر ایک رتی مالش کر کے اوپر برگ تمبول یا انڈ گرم کر کے باندھیں اگر آبلہ ایک دن کے استعمال سے پیدا ہو تو آبلہ کو سوزن سے چھید ڈالیں اس کے اوپر روغن چنبیلی خالص لگا دیں خواہ روغن زرد اسی طرح تین بار استعمال کریں اگر کچھ کسر رہ جائے تو ایک ماہ کے بعد پھر استعمال کریں۔

برائے عسر ولادت۔

تریاق فاروق ایک ماشہ ہمراہ پانی کھلا دیں۔

کشتہ شنگرف برائے قوت باہ۔

تخم شبت ایک پاؤ۔ شنگرف ایکتولہ۔ ایک توے آہنی کو چولھے پر چڑھا کر نصف تخم مذکور اوپر ڈالیں اوپر شنگرف کی ڈلی رکھ کر بقیہ تخم مذکور اوپر ڈال دیں پھر ایک پیالہ گلی اوپر اوندھا کر کے نیچے بیری کی لکڑی کی آگ چار پہر جلا دیں مگر شرط یہ ہے کہ تخم شبت سب جل جائیں اور ٹھنڈا ہونے کے بعد ڈلی مذکور نکال کر کھرل کریں اور مصری ۱ تولہ۔ صمغ عربی ۴ ماشہ ڈال کر ہمراہ عرق گلاب گولیاں بقدر دو ماش جوار بنا کر

کر محفوظ رکھیں۔ ناظرین یہ وہ کشتہ ہے جو کہ بوڑھے کو جوان کر دیتا ہے۔ طریق استعمال اس طرح ہے۔ دودھ گاؤ ۲ پاؤ مغز بادام ۱ عدد مغز پستہ ۷ عدد۔ الائچی خورد ۷ عدد ماش مقشر ۱ کیتولہ۔ بھری ۶ تولہ۔ مسکہ گاؤ ۱۲ تولہ۔ مغز بادام۔ پستہ۔ الائچی۔ ماش ان کو شیریں برگوکر آگ پر رکھیں بھری اور مسکہ بھی ساتھ ہی ڈال دیں جس وقت مغز پک جائے اتار کر ٹھنڈا کر لیں۔ چلہ کے خفیف سا گرم ہو۔ دو گولیاں کشتہ مذکور کی اس جریدہ کے ساتھ استعمال کریں برابر بہ یوم اس سے قدرت خدا کا ملاحظہ کریں۔ برائے بواسیر خونی خون کو بند کرتا ہے قبض کشا ہے مصفی خون۔ یہاں تک کہ آشوب کو بھی مفید ہے۔

بوٹی جل نیم سوا تولہ۔ مرچ سیاہ پانچ عدد مثل سردائی رگڑ کر پلا دیں بعد مسکہ گاؤ ۲ تولہ۔ بورہ چینی ۲ تولہ ملا کر چٹا دیں۔ بہ یوم استعمال کرنے سے مرض بالکل جاتا رہتا ہے کشتہ نقرہ مقوی دل و دماغ۔

نقرہ خالص کا باریک پترہ بنا کر بوٹی جوڑ توڑ کے نگدہ میں رکھ کر آگ دیں کشتہ ہو گا اپنے دو سیر کے دونوں ہموار بیچ میں گڑھا کھود کر نگدہ میں نقرہ لپیٹ کر دو مل کر کے جائے مخفوظ پر آگ دیدیں۔

مجربات منشی غریب داس صاحب حکیم حاذق

موضع شانتی نگر چک ۷۲ براستہ خانیوال ضلع ملتان

کشتہ سنکھیہ برائے پھولا مجرب۔

کرنڈ یعنی بانھ کے آدھ پاؤ نگدہ میں قدرے سنکھیہ ریزہ ریزہ کر کے رکھ کر ۱۵ سیر اُپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ جس وقت نصف سے زیادہ اُپلے جل جاویں۔ اُوپر سے رکھ دُور کر کے اُس پر شراب درجہ سوئم کی خالص قدرے ڈالیں۔ سنکھیہ پھول پھولیگا۔ آنکھ میں ڈالنے سے ایک ہفتہ میں پھولا دُور ہو گا۔ سانپ کے کاٹے کو ایک رتی دودھ اور گھی میں کھلائیں اکسیر ہے۔ بنا کر استعمال کرنا شرط ہے۔

کیڑا دانت و درد بیحد۔ یہ نسخہ ایک عورت کو جس کو کہ تین چار ماہ سے منہ سے کیڑے گرتے اور سخت بدبو و درد کھانا پینا محال مرنے پر ترجیح دیتی تھی ایک ہفتہ میں بالکل آج تک شفا ہے دوسروں پر بھی ایسا ہی مفید پایا گیا ہے۔

برگ نیم سایہ میں خشک کئے ہوئے باریک کر لیویں تھوڑا سا کڑوا تیل و ذرا سی نمک طعام ملا لیویں۔ ۱۰ بوند یا اس سے کم امرت دھارا یا آب حیات یا اکسیر شامل کر کے اگر ڈاڑھ کھوکھلی ہو تو اس میں بھر دیویں۔ دانتوں پر ہو تو مل دیویں مجرب و آزمودہ ہے۔

سرمہ مقوی البصر موتیا بند۔ پھولا۔ جالا۔ دھند۔ خارش۔ رتوند۔ پانی بہنا آنکھ کی تمام امراض میں مفید ہے۔ آزمانا شرط ہے۔

چیل کا انڈا لیکر سرمہ سیاہ ۲ تولہ منگا کر باریک کریں۔ انڈا توڑ کر چھلکا مع فضلہ ڈال کر کھرل کریں۔ دو تین دن بعد ذیل کی ادویہ ہمراہ شامل کھرل کریں:۔ گل چنبیلی خشک۔ مغز تخم سرس۔ چاکسو ہر ایک ایک تولہ۔ نرملی ۶ ماشہ۔ پوست بیخ سونف ایک تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۳ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۶ ماشہ تمام چیزوں کو باریک کھرل کر کے سرمہ بنا کر استعمال کریں۔ تعریف پہلے درج کی گئی ہے۔

ڈبہ اطفال دفع:۔

تخم راڑا تین ماشہ پانی میں خوب پیس کر بچے کو پلائیں۔ اسی وقت قے ہوگی بفضل خدا بچے کو آرام ہوگا۔

مجربات حکیم پنڈت سردھا رام صاحب

بمقام سکھ چین ڈاکخانہ کالا سوالے۔ ضلع حصار

دمہ و کھانسی و بلغم خارج کرنے کا نسخہ:۔

ہرتال ورقیہ تین تولہ۔ نوشادر ۶ تولہ۔ نمک سندھیا ۹ تولہ۔ پیشتر دو کوری ہنڈیا لیں۔ ایک ہنڈیا کو چکنی مٹی اور گھوڑوں کی لید لیپ کر کے خشک کر لیں۔ جب

جب بالکل خشک ہو جاوے تو اس میں مندرجہ بالا ادویات بترتیب ذیل ہنڈیا میں ڈالیں۔ اول ہڑتال درقیہ کو ریزہ ریزہ کر کے ڈالیں پھر نوشادر کو پیس کر ہڑتال ورقی پر اس طرح سے رکھیں کہ وہ بالکل نوشادر کے نیچے آجاوے پھر مدار (آک) کے ایکسو ایک پتے سبز لیکر اُن کو مکھن گاؤ سے چپڑ کر مچڑی ہوئی طرف سے تمام پتوں کو اُن کے اُوپر رکھ دیں اور اس ہانڈی کے مُنہ کے ساتھ دُوسری ہانڈی کا مُنہ جوڑ کر کپڑ مٹی سے لیپ کر کے سکھا لیں اور نیچے چار پہر جنڈ کی لکڑی کی آگ مند۔ مدھم۔ تیز کریں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ اُوپر کی ہانڈی پر گیلا کپڑا رکھتے رہیں تاکہ ہڑتال نکل نہ جائے۔ جب ٹھنڈی ہو جاوے تو اُوپر کی ہانڈی میں جو جوہر لگا ہوا ہے چھری سے کھرچ لیں۔ اس جوہر کا رنگ طوطے کے پنکھ جیسا ہوتا ہے۔ خوراک آدھ رتی سے ڈیڑھ رتی۔ آگے بموجب طاقت دینا چاہئے اور ہمراہ پتاشہ دینی چاہئے پرہیز دال مرچ۔ کھٹائی وغیرہ۔

پھُل ماتا موتی بخار۔

موتی سچے ۴ رتی۔ زعفران ۴ ماشہ۔ جائیفل ۶ ماشہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ لونگ چھ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ مشقی ۱ تولہ۔ ان سب ادویات کو باریک پیس کر چار چار رتی کی گولیاں بناؤ۔ جب پھل ماتا سردی سے اندر دب جاوے تو ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو گرم پانی سے دیں نہایت اکسیر ہے۔ یہ سینکڑوں مریضوں پر تجربہ کیا ہوا ہے۔

گنٹھیا کو اکسیر

ہلدی۔ نمک سندھیا۔ چال ہڑ کلاں ہر ایک ایکتولہ۔ سبز اندرائن (تنڈہ) کا اُوپر سے چھلکا اُتار کر خوب کوٹ کر اس کا رس کسی کپڑے میں ڈال کر نکال لیویں۔ پیشتر مندرجہ بالا دواؤں کو رگڑ کر اُن میں آدھ سیر رس جذب کریں بعد ۶ دو دو رتی کی گولی بناؤ۔ خوراک ایک گولی ہمراہ دُودھ کے دیویں۔ دوائی طاقت کے بموجب دینا چاہئے جس سے کم از کم ایک دست ہر روز آجاوے کیتنی ہی بڑھی ہوئی سوج کیوں نہ ہو۔ فوراً آرام آجاویگا۔

مجربات حکیم محمد حیات صاحب ثابت

تار بابو محکمہ نہر ترکھانی بنگلہ نہر ڈاکخانہ خاص ضلع لائل پور

اکسیر جریان۔

کشتہ سدھا تین تولہ۔ کشتہ چاندی ایکتولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ آب خیسانده پوست خشخاش سے برابر تین روز تر کریں اور گولی بقدر تین سرخ بنادیں خوراک ایک گولی صبح شام ہمراہ شیر تازہ ۔

سرعت انزال واحتلام۔

طباشیر ۲ تولہ۔ سبوس اسبغول ۲ تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ ثعلب مصری ایک تولہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ بھنگ کے بیج ۹ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۶ ماشہ۔ بصری ۵ تولہ۔ شیر برنج ۵ تولہ شیر برنج میں حل کر کے چالیس گولیاں بنادیں خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ ۔

بخار ہر قسم :۔

آک کی جڑ جلا کر اس کی راکھ ایک چھٹانک۔ نوشادر ایک چھٹانک۔ پیشکوی ہریاں نصف چھٹانک سب کو ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان وگلاب ایک چھٹانک اگر باری کا بخار ہو تو ایک عدد جوائل (دھتورہ) کا بیج ایک ماشہ دوائی مذکورہ میں رکھکر عرق مذکورہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نہایت سادہ اور مجرب ہے ۔

مقوی باہ

سم الفار سیاہ اصلی تین ماشہ۔ زعفران۔ افیون۔ ورق چاندی ہر ایک سات ماشہ۔ چاروں اشیا کو چار ہفتہ لگاتار بھیڑی کے دودھ میں کھرل کریں اور دو سو گولیاں بنالیویں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کچے دودھ سے استعمال کریں غذا مرغن کھاویں

وجع المفاصل

کچلہ مدبر و مقشر ۲ تولہ۔ چوب چینی ۴ تولہ۔ مغز بادام آٹھ تولہ۔ شہد خالص ۱۶ تولہ بعجون

بنا کر خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر تازہ گرم سے۔ ایک ہفتہ تک آرام ۔

آتشک :۔

رسکپور، مغز ریٹھہ ہر ایک ۶ ماشہ دونوں کو باریک کر کے آب پیاز ایک پہر کھرل کریں پھر گولی بنا کر ایک پیاز کلاں میں خشک کر کے دیدیویں۔ بعد ایک سیر پیاز باریک پیس کر بطور زندہ گولی والے پیاز کے اردگرد لیپٹ دیویں پھر اس کے اوپر کپڑا لپیٹ کر اوپر آرد گندم بطور دو انگشت لپیٹ کر اوپر اور کپڑا لپیٹ کر اوپر مٹی سے عمل حکمت کریں اور قدرے خشک کر کے ایک گڑھا میں دس بارہ سیر کی آگ دیویں پھر سرد ہونے پر دوائی نکال کر ۲۵ عدد گولیاں بنا لیویں خوراک ایک گولی صبح ایک عصر کو ہمراہ پانی۔ غذا بیسنی روٹی دروغن زندہ باقی سب پرہیز ہے۔ ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔ آتشک چاہے کسی قسم کا ہو ضرور ہوگا اور رنگ چندن کی طرح ہوگا ۔

بواسیر :۔

رسکپور ۲ تولہ۔ برادہ دندان فیل آٹھ تولہ۔ دو پیالوں میں برادہ کر کے درمیان رسکپور رکھ کر گل حکمت کر کے بیری کی لکڑی سے جو ہر الگ الگ میں برابر ایک پہر تک پھر سرد کر کے جدا جدا علیحدہ کر لیویں اور جو رسکپور درمیان رہے وہ علیحدہ کر لیویں۔ جوہر کو باریک کر کے ۵ تولہ مکھن میں ملا کر کانسی کے برتن میں پتھر کے دستہ سے رگڑیں۔ جب موم کی مانند ہو جاوے تو مسوں پر قدرے لگا دیں اور دوسرا رسکپور باریک کر کے ایک چاول بھر مکھن میں کھلا دیویں۔ غذا مرغن کھاویں۔ بواسیر کے لئے نہایت مجرب نسخہ ہے ۔

سوزاک کہنہ قرحہ

رسکپور، کتھ گلابی ہر ایک ۶ ماشہ شیر بز سرخ رنگ میں ایک دن کھرل کریں پھر گولی بقدر موٹھ بنا دیں خوراک ایک گولی ہمراہ سفوف ذیل :۔ ست بیر وزہ تولہ۔ طباشیر الائچی خورد ہر ایک چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ دوران استعمال دوا نہانا منع ہے ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔ ترش اور گرم اشیا سے پرہیز ۔

سل :۔ کے لئے نہایت مفید و مجرب

سیماب۔ آملہ سار۔ سنکھیا سفید۔ مرجان۔ مروارید ناسفتہ۔ سونا مکھی ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو باریک کر کے پانی آب برگ نیم تین سیر سے کھرل کریں اور شکیہ بنا کر خشک کریں اور کوزہ گلی میں بند کر کے گج پٹ کی آگ دیویں سرد کر کے نکالیں خوراک نصف سرخ تین بار روزانہ۔ گھی اور دودھ کا کافی استعمال کریں۔

خنازیر در ابتدا۔

لوٹا کھار۔ قلعی چونہ ہر ایک چالیس تولہ چار سیر پختہ پانی میں بھگو کر بعد تین دن کے مقطر لے لیویں۔ شورہ قلمی تولہ سرخ کاہی ۲ تولہ۔ نوشادر۔ رسکپور۔ دار چکنا۔ سم الفار۔ مرداسنگ۔ طوطیا سبز ہر ایک ایک تولہ پانی مقطر مذکورہ میں ڈالکر کڑاہی میں ڈالکر پکاویں جب پانی خشک ہوگا تو سب کچھ روغن کی مانند ہو جائیگا شیشی میں نگاہ رکھیں وقت ضرورت روئی سے گلٹیوں پر لگاویں۔ دو تین روز میں گلٹیاں بہ جائینگی اور مادہ خارج ہوگا اور یہ مرہم لگاویں۔ سندور۔ طوطیا سبز۔ مرداسنگ صابن۔ استخوان مار۔ استخوان گربہ تولہ تولہ۔ روغن سرسوں چھ تولہ سبکو باریک کر کے مرہم بناویں اور لگاویں اس کے ساتھ خوردنی نسخہ یہ استعمال کریں۔ مٹھا تیلیہ مدبر۔ الائچی دانہ۔ فلفل دراز۔ عقرقرحا ہر ایک ۶ ماشہ خوب باریک کر کے چار پہر کھرل کریں۔ خوراک ایک سرخ ہفتہ میں۔

یرقان ضعف جگر۔

برادہ آہن فولاد ۱۰ تولہ۔ سونا مکھی ایک تولہ۔ ترپھلا تین پاؤ۔ دہی یعنی جغرات تین سیر ایک مٹی کی ہانڈی میں نصف ترپھلا جو باریک کیا گیا ہو ڈال دیویں اور اس کے اوپر برادہ آہن اور سونا مکھی باریک کردہ ڈال دیویں اور اسکے اوپر دہی ڈال دیویں بعد ازاں ہانڈی کا منہ بند کر کے دھوپ میں رکھ دیویں تین ہفتہ کے بعد اندر سے برادہ آہن و سونا مکھی نکال کر باریک کر لیویں خوراک ایک ماشہ رب انار یا دہی تین چار تولہ میں ملا کر کھلائیں ہر قسم کی گرم خشک چیزوں سے پرہیز۔ اس کو ۴۰ دن استعمال کریں۔

خدر فالج - لقوہ - تشنج

سٹھاتیلیہ مدبر کچلہ مدبر جند بیدستر ہر ایک چھ ماشہ شنگرف ایکتولہ سہاگہ فلفلین دارچینی ہر ایک ایکتولہ سم الفار سفید تین ماشہ سب کو خوب باریک کر کے پانی کنوار سے کھرل کریں اور ۳۶۰ گولیاں بنالیویں خوراک ایک گولی بعد غذا صبح شام ۔

نامردی ۔

سم الفار سفید سم الفار سیاہ - گھونگچی سفید ہر ایک ایکتولہ - شیر گاؤ آٹھ سیر میں ادویہ بالا کو خوب باریک کر کے پوٹلی باندھ کر جوش دیویں اور مکھن نکالکر شیشی میں نگاہ رکھیں - خوراک ایک تنکہ بھر پان میں کھلائیں اور مریض کو ایک گھنٹہ تک ٹہلاویں - ایک ہفتہ تک اسی طرح عمل کریں اور ترشی اور جماع سے پرہیز کرائیں اگر مجلوق ہو تو روغن مذکورہ دو قطرہ روغن کنجد میں اچھی طرح حل کر کے اعضا مخصوصہ پر مالش کریں اور اوپر برگ ارنڈ باندھیں ۔

مجربات جناب ایم پی مسرا صاحب

آنریری مجسٹریٹ سمبل

کشتہ پاہ لاجواب

پاہ ایک چھٹانک لیکر انجیر جنگلی کے دودھ میں سات روز تر رکھیں بعدہٗ اُسے پیالہ میں جس میں بھیگا ہے دوسرا پیالہ جما کر مٹی سے منہ بند کر دیا جاوے تاکہ ہوا کا گزر نہ ہو سوا سیر اُپلوں کی آگ کا بھڑکا نکال کر اُس میں دبا دیا جاوے جب ٹھنڈی آگ ہو جاوے نکال لیا جاوے زرد رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا - پرور روگ عورتوں کے (یعنی عورتوں کو جو جریان ہو جاتا ہے) دو یا تین چاول بغیر لگے پان میں کھلاویں شرطیہ آرام ہوگا ۔

برائے مرگی ۔

گھوڑی جب بچہ جنے وہ مادہ ہو یا نر اُس کے بچہ کی زبان کے اوپر ایک بجنبہ

زبان سی ہوتی ہے جوکہ اُتار کر پھینک دی جاتی ہے اُسکو لیکر سکھا لیا جاوے اور شیشی میں کوٹ کر حفاظت سے رکھے اس میں سے مرگی والے کو بقدر ایک رتی پان میں کھلاویں ۲۱ روز تک۔ باد بڑھنے والی یا پیدا ہونے والی چیزوں سے پرہیز ہے اور خاص پرہیز نہیں ہے۔

بڑی پنگا ڈر کا تیل نکلوایا جاوے صبح و شام مریض کے کانوں میں چند قطرے ڈالے جاویں مرگی والے کو یا ایک ماہ میں یا چالیس روز میں یا کم و بیش دنوں میں اُس کی نکسیر پھوٹیگی بس نکسیر پھوٹنے کے بعد سے پھر کبھی دورہ نہیں ہوگا اگر نکسیر کا خون زیادہ جاوے تو سر پر پانی ڈالنا چاہئے اور مٹی پر پانی ڈال کر سنگھانا چاہئے۔

بنگم سرپھوڑا اور دماغ کی پھپھلاہٹ وغیرہ کو بہت مجرب ہے:۔

برگ سپستان پیسکر لگانا چاہئے۔ ڈاکٹری دو ایلکا اور کل دوا اُسکے سامنے ہیچ ہیں۔

برائے تپ دق اکسیر و نایاب زمانہ ہے حتے کہ درجہ سوئم میں بھی پہنچ گئی ہو لائق امرا اور رؤسا ہیں۔

سرطان تازہ ڈھائی پاؤ۔ بکری دو برس کی نلیوں کے ٹکڑے کر دو۔ گلاب کے پھول تازہ ڈھائی پاؤ۔ گل ارمنی ایک چھٹانک۔ اول گل ارمنی کو باریک پیس کر پہلے ہانڈی میں گلاب کے پھول بچھائے جاویں اُسکے اوپر تل اور سرطان صاف کئے ہوئے اوپر نیچے رکھے جاویں بعد گل ارمنی باریک پسی ہوئی چھڑک دی جاوے اور پھر اُسپر گلاب کے پھول بچھائے جاویں ہانڈی کا منہ سرپوش سے بند کر دیا جاوے۔ مٹی سے گل حکمت کر دی جاوے مضبوطی سے تاکہ دھواں نہ نکلے اور نیچے ہانڈی کے باریک باریک شوراخ چار پانچ کر دئے جاویں بذریعہ چنال جنتر تیل نکالا جاوے بس۔ خوراک پانچ قطرہ حسب برداشت طبیعت بکری کے دودھ میں ملا کر دیا جاوے دو ہفتہ میں اثر معلوم ہوگا کہ کیا ہوتا ہے۔ حسب برداشت طبیعت قطرات کا اضافہ بھی ہو سکتا ہے۔

مجربات سید ذہانت حسین صاحب وصی امروہی

موجیانوالہ۔ گجرات پنجاب

ملذذ۔ ممسک۔ منزل النساء ہے غرض ہر سہ خواص اس میں موجود ہیں :۔

بیر بہوٹیاں ۶ حصہ مغز پنبہ دانہ ۱۲ حصہ دونو کو سحق کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کر لو بعدہٗ پاخانہ بوزنہ نر (بندر) کا جس کو سایہ میں رکھ کر خشک کر لیا ہو اس کا بھی پتال جنتر سے تیل نکالو اور ہر دو کو جدا جدا رکھو بعدہٗ اجزاء ذیل شامل کر کے طلا تیار کریں روغن بوزنہ و روغن پنبہ (بنولہ) مرکب مشک یا عنبر خالص بیل کے پتہ کا پانی ہر ایک تین تین حصہ سبکو کھرل کر کے مرہم سا بنا لیں اور وقت ضرورت قدرے لگا کر لطف اٹھائیں ۔

برائے سفیدی چشم و دھند و جالا و پڑبال ابتدائی موتیابند و ناخونہ وغیرہ کو از حد مفید ہے :۔

ہوالشافی۔ رسوت۔ زاک بریاں۔ افیون۔ سمندر جھاگ۔ شورہ۔ مرچ سفید۔ سرمہ سفید سیماب۔ جست ہر ایک ایک تولہ۔ زنگار ۶ ماشہ۔ جست پگھلا کر سیماب ملا لیں۔ بعدہٗ سبکو باریک کھرل کر کے ایک سولیموں کاغذی کے عرق سے کھرل کر کے نگاہ رکھیں اور وقت شب ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگایا کریں عمدہ نسخہ ہے ۔

مجربات سید لعل شاہ صاحب برق احمدی

دروازہ گنج۔ پشاور شہر

حقیقی مبہی :۔

اکسٹرکٹ نکسوامیکا ۴ ماشہ۔ اکسٹرکٹ ڈمیانا (خشک) ۸ ماشہ۔ کشتہ فولاد صد آتشہ ۳ ماشہ۔ کشتہ نقرہ گلاب والا ۱ ماشہ۔ جوہر مشک ۲ ماشہ۔ مشک تبتی ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ حبوب نخودے سازند۔ خوراک دو حب تک بدرقہ مناسب سے یا پاؤ بھر شیر گاؤ

میں پاؤ بھر عرق گاؤزبان ۔ ۲ تولہ مغز پنبہ دانہ اور تین تولہ عمدہ صاف ترنجبین ڈلوا کر جوش دیں جب دودھ رہ جائے تو چھنوا کر شب کو گولیوں یا گولی پر پلوا دیا کریں جریان وغیرہ ہو تو اول اس کا علاج ضروری ہے۔ خارجی دوا کی ضرورت ہو تو وہ بھی کریں۔

مجربات حکیم حافظ احمد الدین صاحب

ثمن برج۔ وزیر آباد پنجاب

بوٹی جل دھنیا لٹوکری یا کوڑا کسیر برائے پلیگ

جب کسی کو پلیگ ہو جائے اور گلٹی نکل آئے تو جس طرف گلٹی نکلے اسکے دوسری طرف اس بوٹی کو کوٹ کر ٹکیہ بنا کر نبض کی جگہ پر باندھ دیویں اور گلٹی پر مکھن کو سو بار پانی میں دھو کر کپڑے پر لگا کر لگا دیں اور تجدید مکھن کرتے رہیں چار پانچ گھنٹہ کے بعد اور بعض کو ایک آدھ گھنٹہ کے بعد جائے نبض پر جلن ہو کر چھالا اٹھ آتا ہے اس سے پانی نکال دیں اور وہی مکھن آب شستہ چھالے کی جگہ پر لگا دیں اس عرصہ میں بخار کم ہو جائیگا اور ایک دو دن میں بیمار راضی ہو جائیگا اس کے ساتھ میں مندرجہ ذیل حبوب بھی برتا کرتا ہوں۔ کافور دیسی ۱ تولہ کالی مرچ ۳ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ پیس کر حب بقدر نخود خوراک ۲ گولی ہمراہ شربت صندل ۲ تولہ۔ عرق بید مشک ۵ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۵ تولہ (دن میں ۳ بار) کوئی مسہل دینے کی ضرورت نہیں۔ یہ بوٹی خدا جانے اس پلیگ کے زہر کو کس طرح فنا کر دیتی ہے کہ حیرانی ہوتی ہے۔ اگر کسی بیوقوف معالج کے علاج سے گلٹی اندر جذب ہو گئی ہو اور بخار سرسام تیز ہو گیا ہو تو گلٹی پر کوڑ بوٹی اور پیاز معمولی کوٹ کر باندھ دیں ایک دو گھنٹہ میں گلٹی کو باہر لے آئیگی اور زہر کو جذب کر لیگی۔ ایک اور بات:۔ اس بوٹی کے استعمال کے بعد اگر گلٹی اندر جذب ہو جائے تو کوئی بھی پروا نہیں ہوتی کیونکہ کوئی بری علامت ظاہر نہیں ہوتی بلکہ

صحت ہو جاتی ہے۔ دو باتیں اور بعض وقت اس کو نبض پر باندھنے سے اور گھڑی کمخن مذکور لگانے سے گھڑی معدوم ہو جاتی ہے مگر بخار ہرگز نہیں بڑھتا بلکہ وہ زہریلا مادہ فنا ہو جاتا ہے اور بقایل اخراج بذریعہ عروق جہاں بوٹی باندھی ہے بصورت پھوڑا نکل جاتا ہے اور بخار بہت جلدی اُتر جاتا ہے اور یہ مخصوص صفت غالباً اسی بوٹی میں ہے۔ دوسرے یہ کہ اگر گھڑی کہیں نہ نکلے اور بخار طاعونی تشخیص ہو تو پھر بھی اس کو واہنی نبض (کلائی پر باندھ دیں) اور محبوب مندرجہ صدر کھلا دیں خداوند کریم صحت دیگا۔

مجربات ڈاکٹر غلام حیدر خاں صاحب

بارہ بنکی (اودھ)

اکسیر آتشک:۔

برگ بوٹی سدا سہاگن یکتولہ۔ برگ تمبول قسم بنگلہ ۱۲ عدد۔ ریسپور ۴ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ شیر بز۔ ۱ تولہ کسی پتھر کے برتن میں درخت نیم کے ڈنڈے سے گھوٹ کر گولیاں بقدر دو نخود تیار کر کے سایہ میں خشک کر لیں اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام بالائی میں لپیٹ کر کھایا کریں۔ نہ تو اس سے منہ آتا ہے نہ قے نہ دست۔ عجیب شے ہے جو جناب کو نذر کی جاتی ہے۔ بعضوں کو ایک دست روز اذ کھل کر آتا ہے بعد گولی کھانے کے پرہیز کسی شے سے نہیں ہے جو جی چاہے کھائیں۔ اُمید کہ جناب اس نسخہ کی قدر فرمائینگے۔ بیسیوں آدمیوں پر تجربہ شدہ ہے۔

اکسیر سوزاک جو بیسیوں بار کا مجرب و آزمودہ ہے۔

گندہ بیروزہ ۲۰ تولہ۔ چرونجی ۱ تولہ۔ لوبان کوڑیہ ۵ تولہ۔ مصطگی رُومی ۵ تولہ سب دواؤں کو ایک کپڑے میں باندھ کر پوٹلی بنا کر ایک گگلی ہانڈی میں تھوڑا سا پانی بھر کر پوٹلی کو معلق لٹکا دیں۔ پانی سے دو تین اُنگل پوٹلی اُونچی

رہے بعد ازاں منہ ہانڈی کا گل حکمت کر کے ہانڈی کی بغل میں ایک سوراخ کر کے اس میں ایک نلی تقریباً ڈیڑھ دو بالشت کی لمبی لگا دیں اور اس پر کپڑا لپیٹ دیں۔ ہانڈی کے نیچے آگ کریں اور نلی کو جس پر کپڑا لپیٹا ہے برابر ٹھنڈے پانی سے تر رکھیں۔ بس نلی کے ذریعہ تیل ٹپکنا شروع ہو گا۔ اس تیل کو بحفاظت رکھیں۔ پانچ قطرے صبح پانچ قطرے شام بتاشہ میں رکھ کر کھا لیا کریں انشاء اللہ ہفتہ عشرہ میں کلی صحت ہو گی اور یہی تیل گٹھیا و باتی کو بھی مفید ہے اس کی مالش کی جاتی ہے اور اگر جسم کا کوئی حصہ چاقو وغیرہ سے کٹ جائے تو یہ تیل پھریری سے لگا دیں فوراً خون بند ہو جائیگا۔ نہایت ہی مجرب شے ہے۔

مجربات حکیم لالہ سکھدیال صاحب

منصرم بندوبست۔ اودھ پور

اکسیر سوزاک جو علاوہ سوزاک کے مستورات کی امراض حیض بوجہ گرمی خون کم آتا ہو درد ہوتا ہو ہاتھ پاؤں جلتے ہوں کے لئے تیر بہدف ہے نیز جریان احتلام کو بھی مفید ہے۔ کئی دفعہ بنا چکا ہوں اور خرچ ہو جاتا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ مسک ایکتولہ۔ الائچی دانہ ایکتولہ۔ طباشیر عدد ایکتولہ۔ گل گلاب جاذیر ایکتولہ مصری کوزہ دو تولہ۔ پہلے مسکہ کو پتھر پر پتھر سے اس قدر گوٹا جاوے کہ مثل کاجل کے ہو جاوے یا ورق نقرہ کی طرح ہو جاوے پھر اس میں الائچی دانہ ڈالکر کھرل کرو۔ بعد طباشیر ڈال کر کھرل کرو بعد گل گلاب ڈال کر کھرل کرو بعد مصری ڈالو بس دوائی تیار ہے خوراک ایک سے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ مکھن یا دودھ گائے حسب موقع پرہیز سرخ مرچ تیل کی اشیاء۔ اچار۔ ترشی ہر قسم۔

برائے آتشک مجرب المجرب:۔

سم الفار ا تولہ۔ رسکپور ا تولہ۔ پارہ ا تولہ۔ بیخ حنظل خشک کا سفوف ۶ تولہ۔ ایکو

خوب کھرل کریں تاکہ چمک نابود ہو جاوے جس قدر زیادہ کھرل ہوگا زیادہ مفید ہے اور جس قدر پرانی دوائی ہوگی اُتنی ہی مفید ہوگی خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن۔ خوراک میں شوربا گوشت و شوربا نخود با نان گندم۔ اس کے سواے جملہ چیز کا پرہیز ہے۔ روغن زرد جس قدر زیادہ استعمال ہوگا اتنا ہی مفید ہوگا۔ یہ دوائی پہلے درجے کے کوڑھ کو بھی دُور کرتی ہے کئی دفعہ تجربہ کر چکا ہوں۔

ہڑتال ورقی

ہڑتال طبقی دو سر ساہی و نکچھکنی تازہ نیم سیر اگر تازہ نباشد خشک بگیرند و باریک سائیدہ غلولہ بندند و درمیان ایں غلولہ ہڑتال نہند بعدہٗ خاکستر برگ و چوب ڈھاک یک سیر پس ازیں خاکستر پاؤ سیر گرفتہ باقدرے آب آمیختہ بر غلولہ لیپ سازند پس ہمبریں نمط چہار لیپ خاکستر مذکور کنند و در ہر مرتبہ خشک کنند۔ بعدہٗ یک لیپ از گل حکمت و پارچہ براں کنند و خشک نمایند بعدہٗ آتش گجپٹ دہند ہرگاہ کہ سرد شود برارند و آں ہڑتال کشتہ را باحتیاط بگیرند و قدر یک سرخ بر یک تولہ مس گداختہ اندازند اگر بقدر یک حبہ با برگ پان براے دفعہ جذام دہد دفع شود مجرب ست

مجربات حکیم محمد ظفر الدین صاحب طبیب یونانی نظام دکن

قصبہ مکھیڑ ضلع ناندیر

مقوی باہ۔ ممسک

سم الفار سفید عمدہ یکتولہ۔ افیون خالص ۹ ماشہ۔ زعفران درجہ اول ۴ ماشہ۔ اول ہر ایک جزو کو فرداً فرداً پیسکر بعدہٗ یکجا کرلیں اور شیر برگد تازہ ۵ تولہ میں خوب سحق کرکے دو ٹکیہ تیار کریں تاکہ اگر ٹکیہ جل جائے یا درست نہ اُترے تو دُوسری کے لئے احتیاط ملحوظ رہے پھر ایک بڑا گٹھا سفید پیاز کا لیکر درمیان سے نصفا نصف کاٹ کر دو ٹکڑے کریں۔ ہر دو ٹکڑوں کے عین درمیان سے اتنا اتنا فضلہ نکالکر اس قدر گڑھا بنائیں جس میں ٹکیہ سما جائے۔ ٹکیہ اندر رکھ کر دونوں ٹکڑوں کو ملاکر

ایک آدھ آدر پیاز کچل کر چاروں طرف برابر دیکر ہلکا کپڑ مٹ یعنی گل حکمت کریں اور دھان کی بھوسی جلا کر جب دھواں نکلنا موقوف ہو جاوے اور انگارہ بھی زیادہ تیز نہ رہے اُسکے اندر گل حکمت شدہ مذکور رکھ دے۔ آگ کا اندازہ اس قدر ہو کہ پیاز جلنے نہ پائے بلکہ مضمحل ہو کر گلابی سی ہو جائے۔ اگر آگ ذرا بھی تیز ہوگی تو دوا جل کر اُڑ جائیگی اور قدرے خاکستر سی رہ جائیگی۔ سرد ہونے کے بعد نکالیں۔ سم الفار معہ دیگر اجزا یکجان ہو کر مومیہ برآمد ہوگا۔ تار کھینچنے سے ربڑ کی طرح بڑھیگا۔ پس موٹھ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ ورق نقرہ لگا کر رکھیں۔ نہایت مقوی باہ ممسک۔ مقوی اعضاے رئیسہ۔ محرور مزاج یا نوجوانوں کے لئے زیادہ مفید نہ ہوگا۔ موسم سرما اس کے استعمال کے لئے نہایت موزون ہے۔ ۷ گولی معہ پرہیز بستر کی کمال قوت بخشتی ہے۔ دوران استعمال میں حسب برداشت دودھ گھی بادام وغیرہ مقوی اغذیہ کا استعمال زیادہ رہے۔ ترش۔ قابض اور نفاخ اشیاء سے پرہیز۔

مُجرّبات حکیم محمد نواز خاں صاحب

موسےٰ خیل ضلع میانوالی

براے داد یعنی دھدر

بوٹی دودھ بہتل جس کو قاضی دستار بھی کہتے ہیں جو آجکل باغوں میں عام ملتی ہے خودرو ہے اس کا دودھ داد کی جگہ اچھی طرح لیپ کر دیویں بعد چار پہر کے یا آٹھ پہر کے جبکہ چھلکا سوکھ کر جم جاویگا تو پھر گر بھی جاویگا اور داد جڑھ سمیت اُکھڑ جاویگا جگہ بالکل صاف تندرست ہو جاویگی مگر اول مرتبہ لگانے سے جلن اور درد ضرور ہوتا ہے۔

کشتہ سنکھیا

سنکھیا سفید ۲ تولہ کو آب گل سنکھا ہولی بوٹی جو عام بوٹی ہے میں برابر چار پہر

آب پانی پھول سے نکالکر کھرل کریں پھر دو سیر گندہ بوٹی کا لیکر کھرل شدہ سنکھیا رکھکر پندرہ سیر آگ دیدیں کشتہ سفیدی مائل بہت عمدہ خوراکی تیار ہوگا ہمراہ مسکہ کے رتی بھر کا چوتھا حصہ کھاویں اکیس یوم میں آتشک دور اور صفائی خون اس قدر کریگا کہ رنگ سرخ ہو جاتا ہے اور قوت باہ حد درجہ ہو جاتی ہے۔

مجربات حکیم رئیس اللسان سید حمید الحسن صاحب

بسیانگن ضلع اجمیر

روغن اعجاز

ہڑتال ورقی اصلی ۳ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۳ تولہ خوب باریک پیسکر کسی شیشی یا چینی کے برتن میں ڈال کر دوسرے پیالے کا سرپوش کریں اور روزانہ ۳ تولہ شیر عشر تازہ بیس یوم تک ڈالتے رہیں بعدہٗ چالیس روز تک اس کو نہ کھولیں اور کسی محفوظ مگر بلند مقام پر رکھدیں۔ چالیسویں روز کھول کر دیکھیں تو بھڑوں کے چھتہ کے سے سوراخ معلوم ہونگے جن میں روغن بھرا ہوگا اس کو باحتیاط نچوڑ کر کسی شیشی میں بھر کر رکھ لیں۔ موسم سرما میں اس کا استعمال اس طرح کریں کہ اس روغن میں سینک ڈبو کر پان پر دو الف بناویں اور پان کو نوش فرمالیں اس کے اوپر آدھ پاؤ بالائی کھالیں۔ ایک ایک الف تا برداشت بڑھا کر گھٹاتے رہیں۔ فوائد۔ بھوک بے انتہا پیدا کرتا ہے۔ قوت باہ و امساک و سرخی رنگ و ازدیاد خون میں بے نظیر ہے۔ غذا کو جزو بدن بنانا اس کا خاص خاصہ ہے اور بس۔ طلاء بھی عجیب الاثر ہے۔

کشتہ قرن الایل اکسیر دمہ:-

قرن الایل یعنی بارہ سنگا آٹھ انگل لیکر اس پر آٹھ سیر برگ چڑچڑا سبز کوٹ کر لپیٹ دیں کہ کہیں سے کھلا نہ رہے۔ پھر پندرہ سیر آرنے چھاؤں میں رکھ کر آنچ دیدیں مگر اپنا سایہ اس پر نہ پڑنے دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ ایک سے تین مرتبہ میں سفید کشتہ ہو جاتا ہے چڑچڑا کی خاک علیحدہ رکھیں۔ کشتہ ایک

چاول پان میں رکھ کر دمہ کے لئے بے نظیر ہے اور راکھ چڑچڑہ کھانے کے لئے اکسیر ہے۔ مگر صحت ہونے پر حسب حیثیت محتاج کو کھلا کر ثواب اس کا ارواح چہاردہ معصومین علیہم السلام کو نذر کریں۔ یہ ایک شاہ صاحب کا عطیہ اور میرا معمول مطب ہے۔

مجربات حکیم رحیم بخش صاحب

قصبہ ہریانہ ضلع ہوشیارپور

برائے درد سر ہر قسم

زعفران ۱ ماشہ۔ بادام روغن ۲ ماشہ ملا کر نسوار دن میں ۳-۴ دفعہ مریض استعمال کرے اور قدرت خدا کا مشاہدہ کرے درد کہنہ یا تازہ دور ہوگی ۲ گھنٹہ میں کلی صحت ہوگی مجرب ہے۔

معجون مقوی باہ مجرب ہے

تخم کونچ۔ تخم اٹنگن۔ گوکھرو کلاں۔ جائفل۔ جاوتری۔ قرنفل ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ پیپلا مول ۲ تولہ۔ زنجبیل ۹ ماشہ۔ تج ایک تولہ عنبر ۲ ماشہ۔ بادام روغن ۸ تولہ۔ شیر مادہ گاؤ یک سیر پختہ۔ شہد ۱۰ تولہ۔ کل ادویہ سے سفوف کر کے شیر مذکورہ میں زعفران داخل کر کے کھویا تیار کریں۔ بعد میں سفوف مذکورہ داخل کر کے اس میں بادام روغن ڈال کر خوب بریاں کریں جب پانی جل جاوے کھویا تیار ہو گیا۔ شہد داخل کر کے قوام کرو بعد میں ادویات مذکورہ داخل کر کے کسی شیشے کے مرتبان میں رکھو خوراک ۲ ماشہ سے لیکر ۵ ماشہ تک استعمال فرماویں اوپر سے شیر مادہ گاؤ قریب۔ ثار نوش فرماویں انشاءاللہ تعالیٰ صحت کلی ہوگی۔

مجربات حکیم رام چند سنیاسی

از جلال آباد موگا ضلع فیروزپور

نسخہ اکسیر الاجسام ایک صدری سنیاسی نسخہ جو ضعف معدہ و جگر و قلب

دوا ورم و گردہ و شانہ و پاہ نیز جریان و رقت منی کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے :-
برادہ فولاد خالص مصطفیٰ ۲ تولہ و برادہ سیم اعلیٰ مصفےٰ ۵ تولہ لیکر کسی مٹی کے برتن
میں ڈال کر آب بھنکل بوٹی (جس کو گوبھی اور دودھی بھی بولتے ہیں) ۸۰ تولہ جس
میں سے ایک شاخ نکل کر اس میں سے پھول زرد مثل آرسی کے نکلتا ہے داخل
کر کے گل حکمت کر کے گوبھی کی آنچ دیں۔ بعد سرد ہونے کے دوا کو نکال کر چار پہر
آب بھنکل سے سلایہ کر کے بطریق مذکورہ بالا آنچ دیں اس طریق سے پانچ آنچ
دیکر دوا کو کھرل میں ڈال کر ۴ تولہ سیماب مصفےٰ داخل کر کے آب گھیکوار سے چار پہر
کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے کسی کوزہ میں بند کر کے ۱۰ سیر بچتہ اُپلوں کی آنچ
دیں اس طرح پندرہ آگ دی جاوے اور ہر آگ میں سیماب مصفیٰ ۴ تولہ داخل کر لیا
جایا کرے پھر دس آگ نیم کے پتوں کے پانی میں کھرل کر کے بطریق بالا آگ دیں
اسی طرح دس آگ شیر زقوم سے اور دس آگ شیر مدار سے اور دس آگ آب تربھل
سے اور دس آگ آب تربوز سے اور دس آگ آب گلو سے اور دس آگ آب بھنگرہ
سے اور دس آگ آب برگ مول سے اور دس آگ آب جفرات سے اور دس آگ
آب برگ پان سے اور دس آگ آب شاہترہ سے اور دس آگ آب لیمو کاغذی
سے اور ۵ آگ شیر بڑ سے اور ایک آگ شیرہ زعفران یکتولہ سے اور ۲ آگ کافور
۵ تولہ سے اور دو آگ روح کیوڑہ سے دیں مگر ہر آگ میں سیماب مصفیٰ ۴ تولہ داخل
کیا جاوے بس اب ۱۵۰ آتش دیکر پھر ایک آگ اسی طرح یعنی دوا کو کوزہ سے
نہ نکال کر بغیر کھرل کرنے اور بغیر دخل آب کسی بوٹی کے گز پٹھ کی دے ڈالیں
اور اسی آنچ میں اُپلہ صحرائی سے کام لیا جاوے۔ اب نسخہ طیار ہے۔ پارچہ بیز
کر کے کسی شیشی میں رکھ چھوڑیں۔ خوراک ۱ رتی تا یک رتی ہمراہ مکھن ۲ تولہ
اُوپر سے دُودھ گائے کا بقدر ۲۰ یا ۳۰ تولہ کے حسب موافقت مزاج گرم یا سرد
پیا جاوے۔ ترشی اور جماع اور ثقیل اشیا و تیل کی بنی ہوئی چیزوں اور گرم اشیا
سے پرہیز واجب ہے۔ بعد ایک سال کے استعمال میں لاویں۔ ایک سال کے

بعد جس قدر زیادہ کہنہ ہوگا۔ زیادہ مفید ہوگا۔

مجربات حکیم دیوراج صاحب شرما

از پٹیالہ۔ اناج منڈی۔ دروازہ ناہبھ

اکسیر داد۔

ہڑتال طبقی ۱تولہ۔ سیماب (پارہ) ۱تولہ۔ گوگرد آملہ سار ۱تولہ۔ مردار سنگ ۱تولہ۔ طوحیا سبز ۲ ماشہ سب ادویہ کو باریک کپڑا چھان کر کے روغن زرد ۵ تولہ جس کو پانی میں ۲۱ دفعہ دھویا ہو میں ملا کر حل کر کے کسی شیشی یا چینی کے پیالے میں رکھ چھوڑیں اور ہر روز صبح و شام داد پر لیپ کر دیا کریں۔ سوزش اور جلن بالکل نہیں ہوتی۔ فولاد کی داد کے واسطے بھی مجرب ہے۔

برائے خارش دیرینہ۔

چرائتہ ۳ ماشہ۔ برگ حنا ۳ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ نیمکوفتہ ۱تولہ۔ عناب ولایتی کلاں ۷ عدد رات کو آب تازہ میں کسی مٹی کے کورے برتن میں بھگو دیں صبح کو نہار عسل خالص ۱۰ تولہ ملا کر پلا دیں ۷ روز تک کافی ہے اس سے ایک دست ہر روز کھلکر آتا ہے

غذا۔ صرف مونگ کی دال نان گندم ہمراہ روغن زرد۔ پرہیز۔ شوخ مرچ۔ گرم تیل اچار وغیرہ۔ اگر خارش بدن پر بہت ہی زیادہ ہو تو گندھک آملہ سار ۳ ماشہ۔ جغرات ۵ تولہ میں ملا کر تمام بدن پر مالش کریں اور ۲ گھنٹے کے بعد نیم گرم پانی سے غسل کریں۔

ضماد برائے چوٹ از حد مفید ہے۔

ابوں ۱تولہ۔ السی ۱تولہ۔ میدہ لکڑی ۶ ماشہ۔ ہلدی ۳ ماشہ۔ بیجی ۲ ماشہ۔ مردار سنگ ۱تولہ مغز بادام ۷ دانہ۔ سب کو پانی میں رگڑ کر لیپ کریں۔

اکسیر بواسیر خونی و بادی۔

پوست بندق ہندی (ریٹھہ) ۱تولہ۔ کاٹ مفید ۱تولہ شہد خالص سے ۲ گھنٹہ

تک کھرل کریں اور گولی بقدر نخود بنا دیں یک حب صبح کھا کر اوپر سے روغن زرد خالص ۳ تولہ نیم گرم پی لیں۔ شام کے وقت ایک گولی ہمراہ آب تازہ کھا کھا لیں ۷ روز تک۔ پہلے تین روز تک بیسنی روٹی گھی سے کھاویں۔ اس کے بعد مونگ کی دال بھی کھا سکتے ہیں۔ گھی زیادہ استعمال کریں۔ ۷ روز کے بعد یہ تبرید پلاویں۔ کونپل درخت بڑ ۶ ماشہ۔ گل صد برگ ۶ ماشہ۔ بھنگ ۱ ماشہ۔ بادام ۷ دانہ۔ الائچی خورد ۷ دانہ۔ مصری ۳ تولہ در آب سائیدہ صاف کردہ بنوشند۔ مستوں پر باندھنے کے واسطے۔ برگ بھنگ ۶ ماشہ۔ ہلدی ۳ ماشہ۔ بادام ۱۰ دانہ۔ رسونت ۳ ماشہ رگڑ کر تکیہ بنا کر باندھیں ۔

بال جیون رکشا بچوں کی بدہضمی۔ بخار۔ کھانسی۔ دست۔ قبض وغیرہ دانت نکلنے میں آسانی اور درد پسلی سے بچے محفوظ رہتے ہیں۔ روزانہ استعمال سے بچے مضبوط اور طاقتور ہو جاتے ہیں:۔

ناگر موتھ۔ اتیس۔ کاکڑا سنگی۔ مگھاں۔ جنسلوچن۔ الائچی خورد۔ زہر مہرہ خطائی نارجیل دریائی ہر ایک ۶ ماشہ۔ خوراک ۶ ماہ کے بچے کو ۴ رتی۔ ایک سال کو ایک ماشہ صبح دوپہر شام ۔

برائے کثرت طمث

موچرس کپڑ چھان کر کے ۴ رتی ہمراہ شربت مصری کے دیں صبح و شام۔ نہایت مفید دوا ہے ۔

مجربات حکیم عبدالوحید خاں صاحب سند یافتہ لکھنؤ

محلہ داؤد سرائے۔ سہارنپور۔

برائے جریان جدید و کہنہ:۔

مازو مدبر ایک تولہ۔ کجلی گندھک آملہ سار مدبر ۶ ماشہ۔ پارہ مصفا ۶ ماشہ۔ ستاور ۶ تولہ۔ سنگجراہت ۶ تولہ سفوف سازند خوراک ۴ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ جدید

جوان میں دو دن کہنہ میں ۱۵ دن۔ بارہ سال کا جریان ۲۱ دن میں جاتا رہتا ہے۔
مازو عمدہ ایک تولہ بغیر سوراخ لیکر دال ماش میں اُبال لیں۔ جب مازو نرم ہو جاویں
نکال کر خشک کر لیں یہ مازو مدبر ہے یہ نسخہ مقوی باہ بھی ہے۔

برائے ذیابیطس

جامن کی گٹھلی ۱۲ تولہ ۲۱ مرتبہ شیرہ گوڑ مار بوٹی میں تر و خشک کر لی جائیں سفوف
بنالیں۔ کشتہ فولاد ۱ ماشہ جو کیکر کی پھلی سے بنایا جائے شامل سفوف کر کے ۲۴
خوراک بنالیں صبح و شام بدرقہ مناسب کے ساتھ کھلائیں۔

مجربات ڈاکٹر محمد عظیم الدین صاحب فقیر طاہر کے

پرائیویٹ میڈیکل پریکٹشنر۔ قصور

برائے جریان کہنہ بارہا دفعہ کا آزمایا ہوا۔

اُردماش ایک پاؤ۔ آرد موصلی سفید ۵ تولہ۔ دودھ بھینس یک سیر۔ ادویات کو
دودھ میں ڈال کر خوب جوش دیں جب سب دودھ خشک ہو جائے شیرہ آملہ
۱½ پاؤ۔ روغن زرد یک پاؤ۔ کھانڈ دیسی ۱½ پاؤ ڈال کر مانند حلوا تیار کر لیں اور
قریباً نصف پاؤ روزانہ استعمال کیا کریں مجرب ہے۔ پرہیز ترش گرم اشیاء
جماع وغیرہ سے۔

نسخہ طلا برائے مجاوق۔ جو ایک نیپالی سنیاسی کا عطا کردہ ہے۔
مادہ پتہ بیل یک ماشہ۔ عرق مولی تازہ یک ماشہ لیکر بیر بہوٹی ایک کو خوب آپس
میں گھسیں اور ذکر پر طلا کریں بعد میں برگ پان گرم کر کے باندھ دیں۔

اکسیر برائے نامردی

کٹھی سیاہ رنگ کی جوان گیارہ مرغیوں کو خرید لیں اور کسی فراخ مکان میں بند کر
دیں اور اُن کی خوراک کا یہ بندوبست کریں۔ سانڈہ کا گوشت قیمہ نصف سیر۔
نشاستہ ایک پاؤ۔ آرد جو نصف سیر۔ آرد چنا نصف سیر۔ روغن زرد ایک پاؤ۔

تمام کو روزانہ گوندھ کر کھلایا کریں ایک ہفتہ کھلا کر بعد میں ایک مرغی روزانہ نصف صبح نصف شام مصالحہ وغیرہ ڈالکر روغن زرد میں بھون کر کھانی شروع کر دیں۔ گیارہ مرغیوں کے ختم ہونے تک بالکل صحت ہوگی۔ مجرب ہے۔

ذیل کے دو نسخہ جات سرسہ منڈی کے ایک سنیاسی سے حاصل ہوئے تھے

برائے نسیان

ماش مقشر یک سیر۔ ہلیلہ زرد ایک پاؤ دونوں کو دس سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ تمام رات بھیگے رہیں۔ صبح کو زلال ماش علیحدہ کر لیں پھر ایک سیر سہاگہ ایک سیر زیرہ کرمان مندرجہ بالا زلال کے ساتھ اس قدر دھوئیں کہ سہاگہ وغیرہ نصف رہ جائے پھر خشک کر لیں دونوں ادویات کا سفوف جالیں پھر کشنیز مصفے یک پاؤ۔ دانہ الائچی کلاں یک پاؤ۔ بادیاں مقشر یک پاؤ۔ قند سفید یک پاؤ۔ شکر سرخ یک پاؤ سب کو ملا کر رکھیں۔ خوراک شروع دو ماشہ صبح و شام۔ غذا عمدہ و مرغن کھایا کریں پرہیز ترش و خشک اشیاء۔ یہ نسخہ جامع نواید الامراض جسمانی ہے۔

برائے برص :۔

ہلیلہ کابلی ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ یکتولہ۔ عقرقرحا یکتولہ۔ تربد سفید یکتولہ۔ گوشت خورہ یکتولہ۔ تخم حنظل یکتولہ۔ نمک سفید یکتولہ۔ صمغ رومی یکتولہ۔ زنجبیل یکتولہ۔ آب کیلہ میں گولیاں بروزن چنا بنالیں۔ تین گولیاں روزانہ ہمراہ آب گرم پرہیز ترش و خشک

مجربات حکیم محمد سعد اللہ الانصاری صاحب

خیر پور میرس سٹیٹ۔ سندھ

برائے وجع المفاصل جدید و قدیم و انتخواں برآمدہ و کسیکہ از مرض صاحب الفراش باشد و از نشست برخاست و پہلو گردانیدن عاجز بود۔

سفوف چوب چینی ایکپاؤ کوفتہ بیختہ شدہ۔ رسکپور سحوق سرسہ ۳ ماشہ دونوں کو کسی پیالہ یا نمرہ میں ڈال کر انگشت شہادت سے چند منٹ گھمائیں یہانتک کہ اطمینان

کل ہو جائے کہ دونوں چیزوں کے اجزا بخوبی ہم مزوج و مخلوط ہو گئے ہیں۔ بس دوا تیار ہے ہر روز بقدر ۳ ماشہ صبح کو کاغذ پر یا کف دست پر رکھ کر دم بند کر کے منہ میں رکھ کر پانی کے ایک دو گھونٹ سے نگل جائیں درمیان دم نہ لیں مبادا کھانسی آکر پریشان کر دے پھر شام کو بھی بقدر ۳ ماشہ بدستور سابق دیں۔ اگر حرارت محسوس ہو تو لعاب اسپغول دو تین بار روزانہ پیا کریں۔ ایکپاؤ تمام ہونے کے بعد اگر فائدہ تھوڑا معلوم ہو یا بالکل معلوم نہ ہو تو گھبرائیں نہیں دوسرا پاؤ بطریق اول بنا کر کھا دیں۔ اسی طرح بتدریج چار بار کرنے سے پورا ایک سیر چوب چینی اور ایکتولہ رسکپور بدن میں داخل ہو کر مادہ خبیثہ فرنگیہ و آتشکیہ و خنازیر کا قلع و قمع کر دیگا اگر درمیان میں فائدہ ہو گیا تو زیادہ کھانے کی ضرورت نہیں۔ نہ تو آئیگا نہ طبیعت خراب ہوگی بلکہ بعض طبائع میں ایک دو اسہال روزانہ ہوتے رہینگے اور فضلات خارج ہو کر طبیعت ہلکی پھلکی بشاش ہوتی رہیگی اور عوارض میں نمایاں کمی محسوس ہوتے ہوئے سرور کی حالت پیدا ہوتی رہیگی +

ایک سیاسی صاحب نے ایک مولوی صاحب کو یہ نسخہ بتایا تھا۔ انہوں نے میرے والد صاحب مرحوم کو عطا فرمایا تھا۔ جو ہمارے گھر کے چند آدمیوں پر متفرق اوقات میں ایک ایک پاؤ بنا کر دیا گیا تھا اور ایک ہی پاؤ سے آرام ہو کر زائد بنانے کی حاجت نہیں رہی تھی۔ خود مجھ کو موروثی طور پر وجع المفاصل ہوا تو والد صاحب نے میرے لئے تیار کیا اور ایک ہی پاؤ سے عافیت ہو گئی۔ میرے اُستاد صاحب کے گھر میں پیشانی پر غنچہ نمودار ہو کر مدت تک ستا رکھا تھا۔ علاج کر کر کے تھک گئے اور لاعلاج سمجھ کر مایوس ہو گئے میں نے نسخہ بتلایا ایک سیر کھانے کے بعد فروتی بالکل غائب ہو گئی اور اُستاد صاحب بڑے شکر گزار ہوئے۔ خوبی یہ کہ پرہیز کچھ نہیں سب کچھ کھانا چاہئے حتیٰ کہ حضرات تمباکو بھی کھانے سے دریغ نہ کیا جائے پس ہر قسم کی بدپرہیزی کی جا سکتی ہے۔ اگر طبیعت بدپرہیزی گوارا نہ کرے تو اس پر بھی مجبور نہیں

مجربات حکیم سید محمد شفیع صاحب

قصبہ سنہر ضلع گوڑگانواں

برائے بواسیر خونی و بادی۔

ہلیلہ اسود ۳ تولہ۔ چاکسو ۳ تولہ۔ رسوت اصلی ۵ تولہ۔ گوگل ازرق ۳ تولہ۔ رسوت کو عرق گلاب میں حل کر کے خشک کریں۔ چاکسو و ہلیلہ کا سفوف بنا کر گوگل میں ملا کر گھی کے ساتھ مانند کنار صحرائی کے گولیاں بنا دیں چار چار گولی ہمراہ آب سرد دن میں ۳ بار دیں اور کوئی چیز کھائیں یا پئیں اول یہ پڑھ لیا کریں وہ یہ ہے آجا مرجا۔ مار۔ مریجا جو جانے یہ چاروں بول خونی بادی رہے نہ مول۔

طلا مجرب:۔

سفید سنکھیا۔ زرد سنکھیا۔ کنجشک۔ مغز ماہی روہو۔ سفیدی بیٹ کبوتر جنگلی مغز مرغ خانگی۔ چربی خصیہ خوک نر۔ چربی شیر۔ چربی ریچھ۔ خون چمگادڑ۔ خون خصیہ خرجونک لگا کر جب خون سے پُر ہو جاوے الگ کریں۔ خراطین خشک۔ دیودار۔ دار ہلد۔ انبہ ہلدی۔ عنبر اشہب۔ لوبان کوڑیا۔ زفت رومی۔ تل سیاہ۔ عقرقرحا۔ زعفران اصلی۔ قرنفل۔ جائفل۔ اوتری۔ دارچینی۔ برادہ دندان فیل۔ گھونگچی سفید۔ فلفل دراز۔ افیون یہ سب ادویہ مساوی ایک ایک تولہ۔ جند بیدستر۔ خردل۔ بیلیٹی مصطگی رومی۔ مال کنگنی۔ مومیائی جبالی۔ دیمک کا بادشاہ یہ ساتوں ۹-۹ ماشہ مغز نارجیل کہنہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر آدھ سیر برانڈی شراب میں تر کریں بعد کو تمام خون مغز شریک کر کے آٹھ یوم سایہ میں خشک کریں اور ہلا دیا کریں حتے کہ برانڈی جذب ہو جاوے۔ برتن چینی کا ہو۔ بطریق جنتر تیل نکالیں لاجواب ہے۔

مجربات حکیم سید نظیر حسین صاحب ملازم سابق نظامت شیر گڑھ

راج کوٹہ۔ از قصبہ دھولڑی ضلع میرٹھ

برائے بواسیر خونی و بادی یہ گولیاں مجرب ہیں اور ہمیشہ معمول و بیخطا۔

گل تن اسیر قلعی نہ اسیر دونوں کو جدا جدا پانچ پانچ سیر پانی میں بھگو دیویں۔ بعد ایک رات ایک دن کے آب زلال لیکر باہم ملا کر کڑھائی میں پکا دیں جب غلیظ ہو کر گولی بنانے کے قابل ہو جاوے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیویں پانی کے ساتھ صبح و شام ایک ایک گولی کھا لیویں۔ پرہیز معمولی۔

برائے آتشک یہ گولیاں اکسیر کا حکم رکھتی ہیں جوشش دہن مطلق نہیں ہوتا۔ ثمر بکائن سبز ۶ تولہ چیکٹ چراغ روغن تلخ ۶ تولہ۔ رسکپور ۴ تولہ عرق لیموں ۷۵ تولہ چاروں اجزا باہم ملا کر حل کریں جب گولی بنانے کے قابل ہو جاوے جنگلی بیر کی برابر گولیاں بناویں۔ صبح کو ایک گولی جغرات چکیدہ میں لپیٹ کر ملع کریں بادی اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

مجربات حکیم منی رام صاحب

موضع ڈھنڈ۔ ڈاکخانہ ڈھنڈ۔ ضلع امرتسر

کشتہ مرجان تقویت دماغ کے لئے مفید ہے:۔

مرجان یکتولہ کو لیکر کوزہ میں ڈال کر تین تولہ مکھن ڈال کر منہ بند کر کے آگ ۱۵ سیر اپلہ کی دیں اس طرح تین بار مکھن ڈال کر آگ دیں شگفتہ ہوگا خوراک ارتی ہمراہ خمیرہ بادام کے۔ نسخہ خمیرہ بادام مغز بادام ۱۰ تولہ دودھ گاؤ پاؤ پختہ میں گھوٹ کر مصری آدھ سیر پختہ ڈالکر قوام خمیرہ کا کریں۔ ورق نقرہ ۱۵ عدد۔ دانہ الائچی ۹ ماشہ ملائیں۔ خوراک ۲ سے ۴ تولہ۔

تپ پرانا و تپ بلغمی:۔

پاڑا حصہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۲ حصہ۔ مٹھا تیلیہ مدبر ۳ حصہ۔ چوک ۴ حصہ جمالگوٹہ مصفاہ ۵ حصہ ان کو لیموں کے رس میں کھرل کر کے گولی مقدار سرسوں سفید کے بناویں۔ دو تین ماشہ مصری کوزہ میں ملا کر کھلائیں اوپر عرق گاؤزبان پاؤ پختہ پلاویں۔ عام بخاروں میں دو چار روز میں آرام ہوتا ہے۔ تپ دق دو ہفتہ تک

دور ہو جاتا ہے +

مجربات حکیم تمکین احمد خاں ضیاء عرف بنے میاں

امروہی - دار الصحت بازار چوک - بلند شہر

ماء اللحم قلیل الاجزا کثیر المنافع -

عمدہ زبکرے کا گوشت ڈھائی سیر لیکر یخنی تیار کیجئے اور اس میں دار چینی - جوز بوا - بسباسہ سنبل الطیب ہر ایک ۶ ماشہ جو کوب کر کے ڈال دیجئے اور بندریعہ قرع انبیق بدستور اس کے نیچے میں زعفران ۶ ماشہ پوٹلی بنا کر ڈال دیجئے اور عرق کشید کرنے کے بعد سکم نقارہ ۲ ماشہ آدھ پاؤ عرق گاؤزبان میں حل کر کے ملا دیجئے جسقدر حل کیا جائیگا اسی قدر عمدہ ہوگا ۲ تولہ مقدار خوراک دودھ میں ڈال کر پینے سے قدرت خدا کا مشاہدہ فرمائیے اگر دودھ مضر ہوتا ہو تو مناسب بسکٹ کے ہمراہ +

جوب آتشک - کہنہ سے کہنہ آتشک ہو انشاء اللہ تعالے ۱۲ یوم میں دور ہوگی - بعد از سر نو صاف ہو کر یہ معلوم ہوگا کہ مرض تھا ہی نہیں :-

اول مصفیات کا منضج ۶ یا ۷ دن پلا کر اس نسخہ سے مسہل کرائیں - ناریل کہنہ ۱ تولہ خربزے کہنہ ۱ تولہ - مغز حب السلاطین اندکا پستہ دور کیا ہوا چھ عدد یا ایک کوٹ کر ۳ قرص بنا لیں ایک قرص روزانہ علی الصباح نیگرم پانی کے ہمراہ استعمال کیا جائے اور ہر دست کے بعد نیگرم پانی پیا جائے دوپہر بعد جب دستوں سے فراغت ہو جائے دہی چاول غذا میں کھائیں خواہ نمکین خواہ ہلکا میٹھا دہی اگر قے بھی دستوں کے ساتھ ہو تو کچھ مضائقہ نہیں چوتھے دن سے یہ گولیاں گیہوں کے آٹے میں چھپا کر دودھ یا پانی کے ہمراہ شروع کی جائیں تو ۹ دن تک اس درمیان میں غذا دال مونگ بے دھلی اور گیہوں کی روٹی - گھی کم از کم ایک چھٹانک روزانہ استعمال کیا جائے - نسخہ یہ ہے :-

اجمود - اجوائن خراسانی - ریسکپور - سیماب ہر ایک ۶ ماشہ - نیلا تھوتھا نام ۳ ماشہ

بلادر ہر بریڈ ۶ ماشہ۔ عقرقرحا ۶ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۳ تولہ۔ ۳ روز تک متواتر
پنی ۱۲ پہر کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ فیصدی ۹۹ مریض اس سے
کامیاب ہوتے ہیں۔

مجربات حکیم سید رضا حسین صاحب

سنبل ضلع مراد آباد۔ محلہ چوہدری سرائے

برائے تقویت باہ و تولید منی از حد مجرب ہے۔

تالمکھانہ ۹ تولہ۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ گوکھرو خورد۔ گوکھرو کلاں۔ موصلی
سفید۔ موصلی سیاہ۔ گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ۔ ثعلب مصری۔ سمندر سوکھ۔ اندرجو
شیریں۔ موچرس۔ الائچی سفید ہر ایک یکتولہ۔ دارچینی۔ کبابچینی۔ سورنجان
شیریں۔ شقاقل مصری۔ طباشیر سفید ہر ایک ۹ ماشہ۔ چوب چینی ۱ تولہ۔ بہمن سفید
۱ تولہ۔ بہمن سرخ ۱ تولہ۔ بوزیدان ۲ ماشہ۔ مغز پستہ ۶ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۶ ماشہ
مغز بادام شیریں ۶ ماشہ۔ نبات سفید سہ چند۔ اول تالمکھانہ کو شیر برگد میں
دو بار تر کر کے سایہ میں خشک کر لیوے بعدہٗ ایک ناریل کو لیکر اس میں سوراخ
کرے اور کل تال مکھانہ کو اندر کر دیوے اور منہ اس کا خوب مستحکم آٹے سے بند
کر دیوے کہ مثل بالی کے ہو جاوے تو نرم آگ میں خوب پکاوے۔ جب سرخ ہو جاوے
تو ناریل علیحدہ کر کے تال مکھانا نکال کر سفوف کر لیوے اور ناریل کا سفوف علیحدہ رکھے
اور سب ادویات کو خوب باریک پیس کر شکر سفید کے قوام میں ملا کر معجون تیار کر
لیوے خوراک یکتولہ صبح کھایا کرے۔ ترشی بادی سے پرہیز کرے۔

برائے سستی و فالج و لقوہ۔

بر ہمی۔ افیون خالص۔ پوست بیج کنیر سفید۔ پوست بیج آک۔ پوست بیج دھتورا
سیاہ ہر ایک ۵ دام۔ شیر بادہ گاؤ خالص ۵ سیر۔ سب دواؤں کو سایہ میں خشک کر کے
سفوف کریں اور دودھ میں ڈال کر جوش کریں جب نصف جل جائے نیچے اتار کر

دہی جمائیں اور روغن نکالیں۔ برابر یک چاول جاڑوں کے موسم میں پان کے ساتھ کھائیں۔ ترشی بادی سے پرہیز رکھیں۔ غذا مرغن و چرب مثل گوشت مرغ یا کبوتر یا کنجشک نرینہ یا گوشت حلوان نرینہ کھلائیں بفضل الٰہی عرصہ ۴۰ روز میں سُستی صد سالہ دُور ہو اور مرض فالج و لقوہ کو بھی دُور کرے۔

برائے قوت باہ و زیادتی شہوت و سستی اندام و سرعت انزال:۔

مغز استخوان ۴ ماشہ۔ انبہ کہنہ پھلی ببول۔ عاقرقرحا۔ موصلی سیاہ۔ اُٹنگن موچرس مصطگی رومی۔ ثعلب مصری۔ گھیکوار ہر دو۔ گوکھرو ہر ایک ۴ ماشہ۔ کمرکس ۲ ماشہ سمندر سوکھ ۲ ماشہ۔ چوب چینی ۲ ماشہ۔ دارچینی گلی ۲ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف کر کے ہمراہ شیر مادہ گاؤ یک کف دست کھائیں۔ بہت نافع ہے۔

ایضاً

بیضہ مرغ کا سر کھول کر سفیدی دُور کر دے اور اُس کی بجائے شہد اس میں بھر دے پھر منہ بند کر کے انڈے کو جوش دے۔ تخم زردک پیس کر اُس پر چھڑک کر کھائے نامرد کو بھی فائدہ دے۔

برائے طحال مفید ہے۔

جوکھار۔ سجی کھار۔ سہاگہ بریاں۔ ہینگ بریاں۔ نمک سیاہ۔ نمک سیندھا۔ کانچ کا نمک۔ پہلی چار ادویہ تولہ۔ تولہ۔ دوسری تین ادویہ ۴-۴ ماشہ۔ سب کو ایک بوتل میں گلاب بھر کے ان دواؤں کو سفوف کر کے اس میں ڈال دیں اور پیپل مسلم کو بھی اُس میں ڈال دیں جبکہ پیپل پھول جائے تو ایک پیپل روز صبح کو کھائیں اور اُس گلاب سے ۷ ماشہ کی ایک سیپی پی لیویں۔

برائے آتشک:۔

رسکپور تولہ۔ مرچ سیاہ تولہ۔ دانہ الائچی خورد تولہ ان سب چیزوں کو خوب کوٹ پیس کر کپڑے سے چھان کر بکری کے دُودھ میں گولی بقدر ۳ ماشہ کے بنا دیں اور ہر روز صبح کو بالائی میں رکھ کر کھلا دے۔ مگر اس انداز سے کھائے کہ دانت نہ لگنے پائے

اگر دانت ٹوٹ گیا ہو یا ٹوٹ گیا ہو تو اس میں برابر وزن سے تین ماشہ رسکپور اور زیادہ ملا دینا چاہیئے۔ اور اگر دانت لگ جائیگا تو منہ آنے کا خطرہ ہے۔ اگر خدا نخواستہ منہ آجائے تو کچھ خوف بھی نہیں ہے مگر گولی برابر کھلانا چاہیئے۔ جب خوب منہ آجائے اور رال وغیرہ گر جائے تو انار کی چھال کچنار کی چھال اور امرود کی چھال ان سب کو جوش دیکر اس کی کلی کرانا چاہیئے بحکم خدا جلدی شفا ہوگی پرہیز ترشی بادی اشیاء سے ۔

سرت لوبان واسطے امراض بلغمی و قوت باہ و خوشبوے دہن و مرض پرستو و مخدرات و سیلان رحم کو مفید ہے بشرطیکہ مرطوب مزاج کی وجہ سے ہو۔ ایک رتی پان میں ڈال کر کھائیں :۔

لوبان جو کوب کر کے آدھ سیر دودھ کی ہانڈی میں بچھا دیں اور درمیان اس کے جھاڑو کی تیلیاں باہم پیوستہ رکھ کر چینی اس پر ڈھانک دیں اور گل حکمت سے چولھے پر چڑھا دیں اور نیچے اس کے پاؤ بھر تیل کا چراغ روشن کریں اور بتی باندھ تمام شب کے ڈالیں اور ہانڈی سے دو انگشت کا فاصلہ ہو تاکہ جوہر خوب اڑے مگر بغیر تیلیوں کے سرپوش گل حکمت کر کے ہانڈی کے نیچے بطریق مذکور چراغ روشن کردیں تب بھی جوہر نکل آویگا ۔

برائے دمہ :۔

کبوتر ایک عدد لیکر اس کو ذبح کر کے اس کے مقعد سے اس کا پیٹ چاک کر ڈالے اور اس کی آنت وغیرہ نکال کر نمک سیاہ جس قدر اس میں بھر سکے بھرے۔ بعد ازاں تاگے سے سی ڈالے بعد سینے کے اس کو کوری ہانڈی میں رکھ کر جلا ڈالے بعد جل جانے کے اس کی گولی مقدار ریٹھہ کے ہمراہ پانی گوند بول کے بنا دے۔ بعد استعمال کرے ایک گولی صبح پانی سے اور ایک شام کو کھا دے ۔

برائے تپ و لرزہ مجرب ہے :۔

پوست درخت نیم بشمار۔ گلوے نیم تازہ بشمار۔ چرائتہ بشمار۔ افسنتین رومی بشمار

سات سیر پانی میں جوش دیا جائے جب دو سیر رہ جائے چھان کر دوبارہ جوش دیا جائے
جب پاؤ سیر رہ جائے تو گولیاں بقدر نخود تیار کی جائیں بہت مفید ہیں اگر گولیاں نہ
بن سکیں تو نشاستہ یا ست گلو قدرے ملا کر بنانی چاہئیں پھر ایک گولی باری سے
تین گھنٹہ پہلے اور ایک دو گھنٹہ پہلے اور ایک ایک گھنٹہ پہلے کھائیں۔ جو بخار بار
بار عود کر آئے تو صحت کے بعد بھی چند روز کھالیں۔ اس مرض کے کثرت کے زمانہ
میں اگر تندرست ایک گولی روزانہ کھائے تو انشاء اللہ اس مرض سے امن رہے گا

مجربات حکیم چھتہ رام صاحب عمدۃ الحکما

کوٹ اودو۔ ضلع مظفر گڈھ

برائے خفقان: ڈبہ اطفال کو دور کرتا ہے۔ حماسہ کے داغ مٹا دیتا ہے
فساد صفرا اور مفرت سیماب پارہ و جوشش خون کو مفید ہے :۔
بیخ جواسا ایک تولہ پانی میں گھس کر نوش فرمادیں اور ڈبہ اطفال کے لئے مقدار ۲
ماشہ بیخ جواسا پانی میں جوش دیکر پلایا جاوے ۔

شیاف مدر طمث :۔
برادہ دندان فیل ۲ ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ ۲ رتی۔ افیون ارتی۔ نوشادر ۲ ماشہ پانی
میں گھس کر شیاف بنالیں حسب دستور استعمال فرمادیں ۔

طلا مقوی باہ :۔
خون مرغ سیاہ۔ بول خر ہموزن لیکر برادہ قضیب سنسار میں گھرل کر کے تین روز طلا کریں

ورم خصیتین کو دور کرتا ہے :۔
استخوان سنگ پشت یک عدد۔ مغز تخم انڈی ۱۰ ماشہ۔ بیضہ سنگ پشت یک عدد
زرد چوب ۲ ماشہ۔ گیرو ۲ ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ ۳۰ عدد۔ زنجبیل پانچ تولہ۔ سفیدی
بیضہ مرغ بقدر حاجت میں ضماد تیار کر کے استعمال فرمادیں ۔

جبوب مقوی باہ :۔ نہایت مفید ہے

سم الفار سفید۔ شنگرف رومی۔ ہڑتال ورقی ہموزن شراب برانڈی پاؤ بھر میں حبوب بقدر دانہ مونگ تیار فرماویں۔ مقدار خوراک ایک گولی بعد از غذا ہمراہ شیر مادہ گاؤ۔

مجربات حکیم گنگا پرشاد صاحب حکیم پشمان

مقام خورجہ۔ ضلع بلند شہر

جہت آتشک و وجع المفاصل وغیرہ بدوں آمدن دہان و تعبر قے و اسہال بلا تکلف صحت از آتشک می باید:۔

سم الفار اصیل ۱ تولہ عرق کٹیلی خورد دو بار آں را صاف کردہ باشند بسیائید قدرے قدرے عرق مذکورہ بالا براں ریختہ حل کردہ باشند تا آنکہ ہمہ عرق خشک شود پس حبوب آں بقدر ماش طیار سازند یک حب را در بالائی جغرات گاؤ نہادہ خوردہ باشد۔ دوا بدنداں نرسد ورنہ بدنداں ضرر می سازند۔ اول در بالائی یک حب نہادہ بخورند بعدہ نیم سیر جغرات از شیر گاؤ ساختہ باشد بنوشند۔ غذا۔ دال ماش مقشر بروغن بسیار و نان گندم۔ پرہیز از شیر برنج و دال مونگ و سیر و شیر بنی کشند از مقاربت زن محترز باشند اگر موسم سرما بود جغرات را نیم گرم کردہ خورند در یک چلہ صحت یابد اگر قضیب از بیخ و بنیاد منقطع گردد از سر نو پیدا شود و سوراخ کام وغیرہ افتد زود پر شوند بفضل الٰہی

عرق مصفی خون و مادہ سوداوی وغیرہ بباعث آتشک وغیرہ حادث شود در ہفتہ صحت کلی حاصل شود:۔

تخم بادیاں۔ عنب الثعلب۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ سناء مکی۔ بدھارا۔ بای برنگ۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ عشبہ مغربی۔ گل منڈی۔ سرپھوکہ۔ برادہ شیشم۔ نگند۔ برہم ڈنڈی۔ نک چھکنی ہر یک پاؤ۔ چھالیہ کہنہ۔ آملہ خشک۔ گل نیم۔ تخم بکائن معہ گل تخم جامن پھلی ببول۔ گل مہندی۔ پوست کچنال۔ کٹیلی خورد ہر یک نیم آثار۔ گودہ امتاش۔ صندلین برگ جھاؤ۔ افتیمون پوٹلی بستہ ہر یک پاؤ بہمہ نیم کوب کردہ گل سرخ ۲ تولہ در آب دریا

یا باراں سہ یوم تر داشتہ عرق کشد بر صباح پنجتولہ بہمراہ شہد ۲ تولہ بنوشند ۔

طلا جہت قوت باہ بحکم اکسیر وارد از جدا مجد حکیم امر سنگھ صاحب مرحوم مغفور از بیاض کہنہ تحریر یافت ۔

جند بیدستر ۱ ماشہ عقرقرحا گجراتی ۵ ماشہ ۔ بیربہوٹی تولہ ۔ شیر تیدھارا تولہ ۔ روغن زرد گاؤ ۵ تولہ جملہ ادویات سائیدہ در روغن آمیختہ بر پارچہ نہادہ یک فتیلہ طیار سازد یک طرف فتیلہ بطور چراغ روشن نمایند قطرہ قطرہ روغن در ظرف روغن میچکد جمع کردہ در پارچہ سفید صاف کردہ کہ کہنہ سی تیل نگاہ دارند بر قضیب طلا کردہ از برگ تنبول بندند قدرے دادن خشخاش اشد طلا موقوف دادن انتشار بسیار شود ۔

جہت برص ابیض سودمند

پوست بلیلہ زرد ۱۷ ماشہ ۔ پوست بلیلہ ۔ آملہ خشک ۔ افتیمون تخم خرول ہر ایک ۱۴ ماشہ ۔ جوزبوا عقرقرحا ۔ بیخ شیطرج ہندی ہر ایک ۷ ماشہ ۔ دار فلفل خورد ۔ تخم خرفہ قسط تلخ ۔ اسطوخودوس ۔ دار چینی ۔ بسفایج ۔ تاریقون ہر ایک ۱۴ ماشہ ۔ ترپہ سفید بجوف خواشیدہ ہر ایک ۱۸ ماشہ ۔ روغن بادام شیریں ۱۲ تولہ ۔ جملہ ادویات سائیدہ در روغن بادام چرب بمانند از شب مالیدہ شہد سہ حصہ آمیختہ در ظرف گل یعنی مرتبانی باحتیاط دارند قدر نخود جو یا دھان سیاہ دغن نمایند بعد ۱۵ برآوردہ قدرے شربت نوماشہ بخورند ۔ پرہیز اشیائے شور و مغلظ دارند ۔

ضماد جہت برص ابیض :۔

بابچی ۴ دام ۔ ہڑتال طبقی ۲ دام ۔ بیخ پیپتہ ۲۵ ماشہ ۔ گھونگچی سفید ۲۵ ماشہ حل ۲۵ ماشہ عرق گلاب ۔ اتولہ یا شراب ۔ یا بول مادہ گاؤ نازائیدہ جوب بقدر کفایت بشتی طیار سازند در برص ابیض ضماد نمایند ۔

حب جواہر جہت بند کردن خونی بواسیر و مقوی اعضاء رئیسہ :۔

مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ ۔ بسد احمر دو نیم ماشہ ۔ یشب سبز نیم ماشہ ۔ عقیق سرخ نیم ماشہ ناریل دریائی ماشہ ۔ زعفران ۱ ماشہ ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ ۔ زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ ۔

یاقوت سرخ ۳ ماشہ۔ یاقوت زرد ۲ ماشہ۔ فیروزہ ۲ ماشہ در یک ماہ گلاب سحق طبیخ نمایند
چوں خشک شود حبوب بقدر نخود بندند قدرے شربت یک یا دو حب تنہا یا بدرقہ
مناسبہ باید خورند ۔

جہت رطوبت سیلان رحم و رقت منی مجرب است :-

موصلی سیاہ۔ موصلی سفید ہر یک تولہ۔ سبوس اسبغول ۲ تولہ۔ تج۔ مائیں خورد۔ مائیں
کلاں۔ گوند ببول بریاں۔ گوند ڈھاک۔ کشتہ قلعی ہر ایک یکتولہ۔ مازو سبز ۴ عدد
کھانڈ شکر خام ۶ پاؤ ہمراہ ۷ چھٹانک شیر گاؤ ہر دو وقت شربت قدرے ۹ ماشہ یا یکتولہ
پرہیز ترشی و بادی اشیاء دارند ۔

امساک از جد امجد جناب حکیم امر سنگھ صاحب مرحوم مغفور سکندر آبادی تحریر یافت
افیون ۴ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ جاوتری ۵ ماشہ۔ جوز بوا یک عدد۔ خشک ۱ ماشہ
نخود بریاں یکتولہ۔ خرما ۲ عدد۔ شیر برگد ۹ ماشہ۔ افیون شیر برگد ہر دو خرما داخل
کردہ در خاک دیگدان گرم باشند گرم نمایند در گلاب سائیدہ حبوب بقدر کنار دستی
طیار سازند یک حب پیش از مقاربت ہمراہ شہد شیریں کردہ بخورند ۔

سرمہ سیلان اشک خارش و سرخی آشوب چشماں نفع کنند :-

جست سفیدہ ۳ تولہ۔ سرمہ سیاہ تولہ۔ ورق نقرہ ۱۰ عدد در عرق بادیاں نیم پختہ
باشد یا در عرق گلاب صلایہ کردہ جست یا چاندی کی سلائی سے ڈالیں ۔

دیگر ککرے و با منی و رمد و بیاض و سبل پھولا جدید چیچک باشد مجرب است
کشتہ مس دو تولہ۔ کانچ چمنی کا سفید ۲ تولہ در عرق ادرک و ترپھلا پنج پنج مرتبہ
مغسول نمایند۔ کشتہ مس در آملہ سار گندھک ۲ تولہ تیار کردہ شد شہد چسپیدہ سرمہ
آمیختہ ہر دو چشماں صبح و شام استعمال دارند۔ اگر فساد نزلہ باشد تخم بادیاں ۵ ماشہ
گل منڈی ۵ ماشہ۔ نبات سفید ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ ہر دو وقت بخورند صبح طلوع آفتاب
شب را خفتہ ۔

حب آنند بہروں رس جہت تپ لرزہ تپہائے کہنہ وغیرہ مفید است :-

بچھناگ مدبر در فضلہ گاؤ میش نازائیدہ مدبر بمانند۔ مرچ سیاہ فلفل سیاہ۔
سہاگا۔ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ جملہ ادویات سائیدہ حبوب بقدر نخود بندند۔

حب رام بان جہت تپ بلغمی وغیرہ:۔

سم الفار ۱ تولہ۔ کھاپریا مغسول ۲ تولہ۔ عرق کریلہ ۱۰ تولہ۔ حبوب بقدر ماش یا موٹھ
طیار سازند در بالائی پیچیدہ بخورند۔

مجربات جناب صاحبزادہ سید محمد یعقوب خاں صاحب حکیم حاذق

فتح جنگ۔ ضلع کیمبل پور

طلا مجرب برائے قوت باہ

سم الفار سفید ۱ تولہ۔ سیماب مصفی ۱ تولہ۔ کیچوا خشک ۵ تولہ۔ مال کنگنی ۵ تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ
پہلے سم الفار و سیماب کو کھرل کریں بعدہٗ ہر سہ ادویہ کو نکال کر کھرل کریں پھر ہر روز
دودھ بھیڑ ایک چھٹانک ڈال کر کھرل کریں سات دن تک۔ پھر گولیاں بنا کر سایہ
میں خشک کر کے بذریعہ آتشی شیشی بطریق پتال جنتر تیل نکال لیویں بیمار جلق زدہ کو
پانچ یوم متواتر مالش کرا کے اوپر برگ پان باندھیں ایک پرت قضیب کی اتر جاتی
ہے اور مایوس مریض بھی صحت حاصل کر لیتا ہے۔ چند بار تجربہ ہو چکا ہے۔

نوٹ۔ یہ نسخہ میرے ہم زلف جناب حکیم محمد یوسف حسن صاحب مولف کتاب
ہذا کا ہے جس میں کچلہ زیادہ کر کے بجائے زردی بیضہ کے دودھ بھیڑ سے کام
لیا ہے اور آتشی شیشی میں تیل نکالا ہے۔ لہٰذا یہ زیادہ تیز ہے آپ کا نسخہ عام
کمزوری میں مجرب ہے اور جب حالت مایوسی تک پہنچی ہو اس وقت یہ لگانا ہوں

نسخہ امساک

تخم دھتورہ ۱ جز۔ سیاہ افیون ۱ جز۔ خالص چرس ۲ جز۔ پہلے تخم دھتورہ و افیون کو کھرل
کریں اور پھر چرس ڈال کر خوب کھرل کریں تاکہ لائق حبوب بنانے کے ہو جاویں خوراک
ایک حب سے دو حب تک قبل جماع آدھ گھنٹہ ہمراہ دودھ گاؤ۔ حبوب سیاہ مرچ کے برابر

بندش دوا تیز ہے تھوڑی سے ابتدا کرنی چاہئے۔

نسخہ اکسیر جذام و آتشک کہنہ:۔

سم الفار زرد عمدہ خالص ۱ تولہ۔ آب کنیلی ۹ تولہ۔ آبلیوں کا قند ۹ تولہ۔ سم الفار کو کھرل میں ڈال کر اول آب کنیلی خرد میں کھرل کر کے خشک کریں بعد ازیں کا قند میں کھرل کر کے خشک کریں خوراک بقدر نصف چاول ہمراہ مسکہ یا بتاشہ کھلاویں۔ سات خوراک سے بیس خوراک تک کافی ہے۔

نسخہ برائے دردِ سر جملہ اقسام:۔

بیخ حنظل۔ کچلہ بریاں سرچ سیاہ ہر سہ اوزن کو کھرل کر کے باریک کریں شہد ملا کر جو بقدر مرچ سیاہ بنا دیں خوراک ایک حب ہے دو حب تک ہمراہ پانی بوقت شب بجربہ ہے۔

ترکیب کشتہ قلعی:۔

قلعی صافی ۱ تولہ۔ اسبغول ۵ تولہ۔ اسبغول کو رات کو بھگو دیں پانی اس قدر ڈالیں کہ اس میں جذب ہو جاوے پھر اسبغول مذکورہ کو دو حصہ کر کے ٹکیہ بنا دیں قلعی کو پتلا کر کے پترا بنا کر باریک کتر کر ایک ٹکیہ پر بچھا کر دوسری ٹکیہ اوپر رکھ کے گل حکمت کر کے ۱۰ سیر پاچک کی آگ دیویں نہایت عمدہ کشتہ تیار ہوتا ہے۔

نسخہ استحاصہ:۔

گل ختمی۔ صمغ عربی۔ اسوت۔ تالمکھانہ۔ مازو۔ سودھ پٹھانی مساوی اوزن باریک پیس کر سفوف بنا دیں خوراک ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ شیر و چاول۔ تجربہ ہے۔

مجربات حکیم تلسی رام صاحب

گوڈس کلرک پنجاب مال گودام۔ دہلی

کشتہ سیم:۔

دودھی کلاں و کچھکنی ہر ایک بقدر ایک پاؤ دونوں کو کوٹ کر حصارہ نکالیں اور روئے سالم کو چالیس بچھاڑیں بعدیں ڈیڑھ سیر روئی گھی کے تجگ میں رکھ کر بیس

پاچکدشتی کی آگ گڑھے کی دیں سرد ہونے پر نکالیں عمدہ کشتہ ہوگا۔ خوراک ارتی ۔

کشتہ نیلہ تھوتھا برنگ سفید

تمباکو نوشیدنی پاؤ آثار کوٹ کر سفوف کریں درمیان میں نیلہ تھوتھا گجراتی رکھ کر دس سیر اپلہ صحرائی کی آگ دیں سفید ہوگا ۔

کشتہ شنگرف برنگ سفید

اول شنگرف کو شیر آک میں کھرل کر کے قرص بنا کر خشک کریں بعد ازاں قدرے پارچہ پر مٹی لگا کر قرص پر لپیٹیں خشک کریں پھر اُس پر آدھ سیر پارچہ کہنہ لپیٹ کر گولہ بنا دیں ہوا بچا کر گولے پر آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں سفید کشتہ برآمد ہوگا ۔

کشتہ زرنیخ ورقی برنگ سفید

زرنیخ طبقی ایک تولہ یا زائد کو رس صحرائی گوبھی میں ایک شبانہ روز تر کرے۔ رس اس قدر ہو کہ ڈلی عرق میں غرق رہے۔ اول پوست املتاس کو سایہ میں خشک کر کے جلا کر آدھ سیر راکھ حاصل کرے اور ایک پیالہ گلی میں نصف راکھ بچھاوے اور ہڑتال مذکورہ کو رکھ دے اور کچھ عرق گوبھی کا باقی ہو بمعہ فضلہ اسی ہڑتال پر ڈال کر نصف بقایا راکھ ڈال کر ڈھانپ دے۔ دوسرا پیالہ منہ پر رکھ کر لب ہائے پیالہ کو گل حکمت کر دے اور خشک کرے۔ دیگدان چولھے پر رکھ کر ایک نیم پاش چوب ڈھاک کی آگ دے بعد سرد ہونے پر نکالے راکھ جدا کرے کچھ راکھ زرد رنگ اور خاکستر مائل ہوگی جو فضلہ گوبھی کا ہے اُس کو جدا شیشی میں رکھیں اور ہڑتال سفید کشتہ ہوگی اس کو جدا پیس کر رکھیں فضلہ کھانسی کے امراض میں استعمال کریں اور ہڑتال ایک چاول برگ پان میں جذام و ضیق النفس والے کو دیں امراض بلغمی میں نہایت سودمند ہے۔ شہوت جماع و اشتہا زیادہ کرتا ہے ۔

کشتہ مس

اول مس کو عرق پھلی دار تھوہر میں بجھاؤ دیکر مصفا کر لیں۔ سم الفار ایک تولہ۔ زرنیخ ایک تولہ۔ کبریت ایک تولہ۔ زنجفر ایک تولہ۔ ہر چہار ادویہ کو قدرے آکھ سے کھرل کرے کہ

مثل گلدی کے ہو جاوے مس پر لپیٹ دے بعدہ آکھ کے پھول کا زیرہ جو پھول کی پنکھڑی کے اندر گھنڈی یا لونگ کی شکل کا ہوتا ہے ایک کنویں کی ٹنڈ بھر دستیاب کر کے نصف ٹنڈ فرش کر کے مس رکھ کر بقایا زیرہ بھر دے ٹنڈ کے منہ پر گل حکمت کر دے۔ گڑھے میں گز پٹ کی آگ دے جو تین روز تک متواتر رہے آگ ایسی جگہ دے جہاں کسی کا سایہ نہ پڑے سرد ہونے پر نکالے۔ یہ کشتہ شنگرفی رنگ برآمد ہوگا جو اپنی قوت میں عجیب الاثر ہوگا سیم کو رنگیگا۔ اکسیر الاجسام ہوگا پہچان اس کی یہ ہے ایک بالٹی یا ٹب بھرے پانی پر ایک رتی ڈالے اگر مثل اکسیر ہر طرف پانی پر دوڑ کر چھا جائے اور اس پر گیہوں کے دانے ڈال کر دیکھے کہ تیرتے رہیں غرق نہ ہوں تو تیار ہے حفاظت سے رکھیں۔ جذام۔ وجع المفاصل میں نصف چاول مناسب بدرقہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ غذا مرغن۔ گھی دودھ کا استعمال زیادہ۔

سرمہ توتیائی :-

توتیا ایک تولہ۔ پھٹکڑی چار تولہ۔ سمندر جھاگ ۶ ماشہ سب کو پاؤ بھر عرق ستیاناسی کے ہمراہ کھرل میں سحق کرے خشک ہونے پر گز پٹ کی آگ دے کر حفاظت سے شیشی میں رکھے امراض دھند چشم کے لئے ازحد مفید ہے۔

مجربات آنند میڈیکل ہال۔ آیورویدک

رُڑکی

جسم کو مضبوط اور طاقتور بناوے۔ طاقت ہاضمہ کو بڑھاوے۔ سنپات میں تیز بخار میں ہیضہ میں آب حیات کا کام دے۔ گرمی زائل ہو چکی ہو جسم ٹھنڈا پڑ گیا ہو فوراً حرارت کو قائم کرے :-

قند سیاہ کہنہ ۱۶ سیر۔ چھال ببول ایک سیر۔ انار کی چھال۔ اڑوسہ کی چھال۔ موچرس۔ باراہی کند۔ مجیٹھ۔ اسگند۔ دیودار۔ بیل گری۔ شلوماک ارلو۔ پاڈھل کی چھال۔ شال پرنی۔ پرسٹ پرل۔ چھوٹی کٹیلی۔ بڑی کٹیلی۔ گوکھرو۔ بیر۔ اندراین۔ چیتہ۔ تال مکھانا۔

سانٹھ ہر ایک بیس بیس تولہ پانی ایکسو اٹھائیس سیر۔ بڑے مٹی کے مٹکے میں قند سیاہ اچھی طرح پانی میں گھول کر سب چیزیں مندرجہ بالا جو کوب کر کے بھگو دی جائیں اور منہ مٹکے کا اچھی طرح ڈھکن لگا کر کپڑے اور مٹی سے بند کر کے بیس دن کیواسطے رکھ دیا جاوے۔ اُس کے بعد منہ مٹکے کا کھول کر حسب ذیل چیزیں باریک کوٹ کر اُس میں ملا دیوے۔ چکنی چھالیہ ۲ ماشہ۔ دھتورہ بیج۔ لونگ۔ پدماک۔ جس۔ لال چندن۔ سونف۔ اجوائن دیسی۔ کالی مرچ۔ دونوں زیرہ۔ کچور۔ چٹا ماسی۔ دارچینی۔ الائچی خورد۔ جائی پھل۔ ناگرموتھا۔ ارنی۔ سونٹھ۔ میتھی۔ مینڈھا سینگی۔ سفید چندن۔ ہر ایک چار چار تولہ۔ مندرجہ بالا چیزوں کو ڈال کر پھر منہ بند کر دیوے اور چار روز اور رکھا رہنے دیوے۔ اس کے بعد بھبکہ میں عرق کشید کریں بعدہٗ عرق کشید ہو جانے کے سب کو یکجا کر کے اور چھانکر بوتل میں بھر کر رکھ دیوے اور ڈھائی تولہ یعنی ایک اونس صبح و ایک اونس شام کو امراض مندرجہ بالا میں عام طور پر استعمال کرے۔ اس کا نام میں نے امرت انند عرق رکھا ہے۔ اور زود ہضم و ملائم غذا کی ہدایت کرے۔

نسخہ مندرجہ بالا کے ساتھ اگر معدہ صاف نہیں ہے تو میں ایک گولی حسب ذیل چیزوں کی بنی ہوئی دیتا ہوں:۔

شنگرف گئو دودھ میں بذریعہ ڈولا نیتر شدھ کی ہوئی ۳ تولہ۔ میٹھا تیلیہ گئو موتر میں شدھ کیا ہوا دو تولہ۔ سہاگہ بریاں یک تولہ۔ جمال گوٹہ باقاعدہ شدھ کیا ہوا۔ ان چہار اشیا کو ادرک کے عرق میں خوب اچھی طرح کھرل کر کے خشک کرے۔ اُس کے بعد ایک روز شیر مدار (آک) اور ستاور کے رس میں کھرل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنا لیوے ایک گولی اس عرق کے ساتھ دینے سے پات رکت۔ اور ستنبہ۔ ام بات۔ سنگرہنی۔ اور آٹھ قسم کے بخار دور ہوتے ہیں۔

میرے یہاں ان ہر دو دواؤں کا بہت زیادہ خرچ ہے اور فیصدی ۷۵ و ۸۰ مریضوں کو قطعی شفا ہوتی ہے۔

مجربات حکیم ڈاکٹر مرزا محمد ابراہیم بیگ صاحب

ڈاکخانہ قصبہ مڑل۔ ضلع ملتان

نسخہ رفع دائمی قبض

عصارہ ریوند تولہ۔ ایلوہ خالص تولہ مصطگی رومی ۶ ماشہ ہر سہ ادویہ کو باریک پیس کر آب گھیکوار میں حب بقدر نخود بناویں خوراک دو تین گولی ہمراہ آب گرم یا عرق بادیان دیں۔

حبوب دافع جملہ امراض شکم

ایلوہ تولہ۔ ادرک ۱۰ تولہ شحم حنظل تولہ۔ نوشادر تولہ۔ صابون ولایتی ۶ ماشہ خوب سحق کرکے در آب کوار گندل گولیاں نصف نصف رتی کی تیار کرلیں خوراک برائے طبیب

نسخہ اکسیر بچھو کاٹے کے لئے:۔

کلورل ہیڈریٹ۔ کافور ہموزن کھرل کریں یہ پانی سا بن جاویگا کاٹے ہوئے مقام پر چار قطرہ ڈالیں۔ درد بفضلہ فوراً کافور ہوگا۔

کشتہ شنگرف رومی برائے قوت باہ عجیب وغریب:۔

شنگرف رومی ۲ تولہ کو دوپہر تک شیر مدار میں کھرل کریں اور بعدہٗ عرق پیاز سفید میں و شراب برانڈی ۲ تولہ میں دو دوپہر تک قرص بنا کر دو صدف کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آگ دیں کشتہ ہو جاویگا خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک مسکہ یا پتاسہ میں نہایت مقوی باہ ہے۔

اکسیر برائے درد کان۔ عجیب لاجواب نسخہ ہے۔ جب کان میں درد ہو تو اسکے ڈالنے سے فی الفور سکون ہو جاتا ہے گھنٹہ گھنٹہ بعد ایک قطرہ ڈالا جاوے۔

زیرہ بز تولہ عسل خالص تولہ ملا کر رکھیں۔

نسخہ خارش خشک و تر تجربہ شدہ:۔ صرف تین یوم میں بفضلہ آرام آجاتا ہے

قلمی شورہ۔ گندھک۔ سیماب۔ نیلا تھوتھا۔ کافور بالکل باریک پیس لیں اور مسکہ کو پانی میں ایک صد ایکبار دھو کر اس میں ملاویں اور بدن پر ملیں اور ایک گھنٹہ کے بعد

بھینس کا گوبر مل کر نہالیں دو روز میں قطعی آرام ہو جاویگا۔ پھنسیاں خشک ہو کر گر جائینگی۔

نسخہ پتھری نکالنے کا مجرب :-

جوارہ سوہ پانچ تولہ تخمی شوہ ۱۰ تولہ۔ آب مولی ۳ سیر ایک سکورہ گلی میں نصف شوہ پھاویں اور اس پر جوارہ سوہ رکھ کر بقیہ نصف شوہ ڈالیں اور شیرہ مولی بھر کر گلگت کریں سات سیر کی آگ دیں اسی طرح پانچ مرتبہ خوراک چھ چاول ورق چاول جوکھار میں ملا کر ہمراہ پانی استعمال کریں۔

نسخہ جو بوا سیر کے مسوں کو خشک کرتا ہے اور خارش مسہ کو بھی مفید ہے :-

کچلہ پانی میں گھس کر ملا کریں از حد مفید ہے اور پوست ریٹھہ کا سفوف نصف ماشہ مکھن میں استعمال کریں۔

نسخہ منجن دانت نون اور پیپ کو ۷۵ فیصدی فائدہ بخش ہے :-

کونین ۳ جز مصطگی رومی ایک جز دانتوں و مسوڑوں کو ملیں اکسیر اعظم ہے۔

نسخہ صرع اکسیر اعظم مجرب المجرب یادگار حضرت حکیم مولانا مولوی حاجی الحرمین الشریفین قبلہ صوری و کعبہ معنوی مرحوم و مغفور عمدۃ الحکماء حاجی مرزا محمد عیسیٰ بیگ صاحب :-

کف کھجور یعنی ہزار پائے کو برگ تمباکو میں لپیٹ کر سایہ میں خشک کریں۔ کرم تبی خشک ۳ عدد۔ مکھی جو گھوڑا کو کاٹتی ہے ۳ عدد۔ ٹڈی دٹڈہ مذکور مجفف شدہ بروز بخشک خشک کر کے در سایہ۔ پوٹاسی پرمیگنیٹ ۳ ماشہ۔ تمام اجزا کو باریک پیس کر چھان لیں چند بار مصروع کی بینی میں ہاس لینے سے تمام کرم دماغ بمعہ ہر ہا خارج ہو کر ہمیشہ کے لئے بیماری صرع سے چھٹکارہ حاصل ہوتا ہے۔

روغن مقوی باہ۔ یہ وہ نسخہ راز سینہ سے ہے جس کی بدولت حکیم محمد علی چنیوٹی معالج خاندان شاہی ریاست جموں نے ہزاروں روپیہ کمائے ہیں۔ یہ نسخہ ہمارے بزرگان سے سینہ بسینہ چلا آتا ہے قوت باہ کے لئے لاثانی نسخہ ہے جو اس کی نظیر نہیں۔ تن جوت۔ ماشہ۔ پوست بیخ اونٹ کٹارہ۔ ماشہ۔ بسم الفار سفید تولہ بیخ گاؤ

سب کو ایک دیگچی قلعی شدہ میں ڈال کر تھوڑا پانی اضافہ کر کے چوبیس گھنٹہ تک جوش دیں اور جس قدر پانی جلتا جاوے اسی قدر اضافہ کرتے جائیں یہاں تک کہ چوبیس گھنٹہ میں صرف دودھ باقی رہ جائے پس ادویہ کو دور کر کے دہی جمائیں اور مکھن نکال کر رکھ لیں اور پانچ قطرہ سے سات قطرہ تک دودھ میں ملا کر شکر سے میلی کر کے پئیں یا حلوہ سوجی میں استعمال کریں ۔

نسخہ سستی و نامردی کے لئے مجرب :-

شنگرف رومی تولہ کی ایک ڈلی سالم لیں اور سفید پیاز لیکر پہلے پیاز کو اندر سے کھول کر ڈلی مذکور اس میں ڈالیں پھر وہ گندہ جو پیاز سے نکلا ہے ڈالکر ۴۰ تولہ روغن زرد گاؤ میں دیگچی قلعی دار میں ڈال کر ایک تار آہنی میں وہ پیاز اس طرح لٹکا دیں کہ روغن زرد نصف نیچے اور نصف اوپر رہے اسی طرح اس پیاز کو جلا کر نکالیں آگ نرم جلاویں پس روغن زرد استعمال کرائیں پانچ سرخ سے زیادہ نہ کھائیں ۔ پرہیز ترشی اور سرخ مرچ سے ضروری ہے ۔

مجربات حکیم شیخ غلام محمد صاحب چشتی نظامی

نیا محلہ ۔ شہر راولپنڈی

اکسیر بخار :-

گیرو ۱ تولہ ۔ نوشادر ۲ تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ ۔ مغز کرنجوہ ۸ تولہ جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور بند شیشی میں محفوظ رکھیں ۔ بوقت ضرورت ۱ رتی سے ۴ رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلانے سے اگر بخار چڑھنے سے پہلے کھلاویں تو نوبت کو روک دیگا ۔ اور اگر بخار کی حالت میں دیں تو پسینہ آکر بخار کو اتار دیگا ۔ انشاء اللہ تعالےٰ ۔

اکسیر باہ :-

شنگرف رومی ۱ تولہ آب پیاز ۱۰ تولہ میں کھرل کریں اور گولی بنا کر ایک کنجشک نر صاف کے پیٹ میں ڈالکر سی دیں ایک پاؤ گھی خالص میں سرخ کریں بعد ازاں نکالکر ہاون دستہ

میں شنگرف مع گوشت خوب باریک پیس لیں اور ایک چھٹانک آب پیاز اور خشک کریں جب خشک ہونے پر آئے تو مندرجہ ذیل ادویہ شامل کریں اور قدرے شہد ملا کر چار چار رتی کی گولیاں بنالیں۔ بوقت ضرورت حسب طاقت برداشت مریض ایک گولی سے چار گولی تک ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں اور قدرت الٰہی کا مشاہدہ کریں۔

زعفران عمدہ ۱ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ جائفل ۵ دانہ۔ ستاور ۱ تولہ۔ موصلین ۲ تولہ۔ افیون خالص ۱ ماشہ۔ کشتہ سم الفار سفید ۱ ماشہ

ترکیب کشتہ کردن سم الفار

سم الفار سفید ۱ تولہ کو آب بیخ مدار ۲۰ تولہ کا کڑچھا یا توا آہنی پر رکھ کر چویا دیتے رہیں جب تمام پانی جل جاوے تو ہرمل سبز کے ۲۰ تولہ پانی کا بدستور چویا دیں۔ جب خشک ہو جاوے تو ہرمل سبز کے پھول ایک پاؤ لیکر اس کا لگدہ بنائیں اور حسب دستور معروف کسی گلی برتن میں رکھ کر گل حکمت کریں اور پانچ سیر پاپک صحرائی کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور اپنے کام میں لائیں۔

اکسیر نمبر ۵:-

قلعی ۱ تولہ (ہرن کھری مصفیٰ)۔ سیماب ۱ تولہ ہر دو کو گرہ کریں بعد میں باریک پترا کریں اور سم الفار سفید ۱ تولہ۔ ہرتال ورقی ۱ تولہ یکجا کھرل کریں اور دو حصوں میں تقسیم کریں ایک حصہ آتشی شیشی میں ڈالیں اس کے اوپر قلعی و سیماب کا پترا رکھیں اور اس کے اوپر باقیماندہ دوائی ڈالکر شیشی کا منہ بند کر دیں۔ لیکن شیشی کو پہلے سے کپڑوٹی کر لیا ہو پانچ سیر پاپک صحرائی کی بے دود آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور نگاہ رکھیں خوراک ۱ رتی بتاشہ میں کھلائیں۔ مقوی باہ۔ دافع جریان اور تقویت اعضاء رئیسہ میں بفضل خدا بے مثل ہے۔ غذا مرغن کھلائیں۔

اکسیر العین:-

کوڑیاں سفید خوردہ ۵ تولہ کسی پتھر یا مٹی کے برتن میں ڈال کر۔ اوپر اتنا رس ڈالکر کوڑیوں سے دو انگشت اوپر رہے۔ برتن کا منہ کپڑے سے بند کر دیں تاکہ گرد و غبار

سے محفوظ رہے۔ ۲ ہفتہ کامل دھوپ میں رکھ کر ہر روز لکڑی سے ہلا دیا کریں۔ کوڑیاں عرق لیموں میں حل ہو کر مل جائینگی۔ بعد ازاں چینی بگی ۳ تولہ سپیشی سفید (جو کہ ہاتھ کے دبانے سے باریک ہو جاتی ہے) ۳ تولہ۔ شنگرف سفید ۳ تولہ۔ شنگرف سیاہ ۳ تولہ۔ شاخ مرجان ۱ تولہ تخم شورہ ۱ تولہ۔ نمک شیشہ ۱ تولہ۔ آب زہر مہرہ ۲ عدد۔ صندل بھاگ ۱ تولہ۔ مغفل بھاگ ۱ ماشہ۔ کوڑیاں زرد سوختہ ۱ تولہ۔ جملہ ادویہ کو آب زہر مہرہ دس لیموں جس میں کوڑیاں شامل ہیں کھرل میں ڈالکر کھرل کریں۔ جب وہ پانی خشک ہو جاوے تو ایک پاؤ عرق کشنیز ملائیں اور ایک پاؤ درخت سرس خشک کریں بس سرمہ تیار ہے۔ جدہ شیشی میں نگاہ رکھیں۔ دو سلائیاں ہر روز آنکھوں میں لگائیں۔ اکثر امراض چشم کیواسطے مجرب و مفید ہے۔

مجربات جناب ڈاکٹر گوہر بیگم صاحبہ

آرنی۔ ضلع ویلور

بکثرت طمث:۔

ہزار شرخ ایک حصہ۔ سنگجراحت ۲ حصہ اور تخم کنگنی بریاں ۳ حصہ سفوف کر کے رکھ لیں۔ ۳ ماشہ شربت انجبار کے دن میں ۲ یا ۳ وقت دیں۔ قوی الحمل تیار کرنا ہو تو اوپر کے سفوف میں اقاقیا ایک حصہ اضافہ کر لیں۔ اسی بموجب شربت انجبار کے ہمراہ

اور مالیں۔ بہت مجرب ہے کبھی خطا نہیں کرتا۔

سفوف ایوڈوفارم کے عوض زخموں کے لئے ڈریسنگ:۔

ایسڈ بورک ایک اونس۔ بسمتھ سب نائٹریٹ ایک اونس۔ سفوف کافور ایک اونس ملا کر کام میں لائیں۔ **درد گر۔ بچے گو کے لئے یہ نسخہ مفید ہے:۔**

ٹنکچر ایسی ٹے سی (Tinc. Actaeae) مقطر ۲۰ قطرہ۔ پانی مقطر ایک اونس ایسی ایک خوراک دن میں ۳ وقت۔ جائے درد پر یہ دوا مالش کریں۔ تھیلی سل سلیٹ (Thalictrum Sticta) ایکڈرام۔ اسپرٹ کلوروفارم نصف ڈرام۔ سوپ لیبی منٹ ۳ ڈرام۔ مقام ماؤف پر اچھی طرح مالش کر کے اوپر آرد مونگ گھیکوار کے رس سے گوندھ کر

بی روٹی سی بنا کر ایکطرف سینک کر نیم گرم درد کی جگہ باندھیں دو تین روز میں درد غوطہ کر ہو جاویگا بعد صحت چند روز دیں۔ تخم سروالی ۵ تولہ۔ آرد گندم بریاں بروغن زرد۔ ثمار چاشنی دیکر حلوا تیار کریں۔ سب طاقت دیں۔

مجربات حکیم مظفر الدین صاحب مونڈیا

اعظم گڑھ

نسخہ سوزاک :-

دم الاخوین اماشہ۔ گل ارمنی اماشہ۔ صمغ عربی اماشہ۔ تودری گلگون اماشہ باریک کرکے پہلے کھائیں اوپر سے تخم کاکنج ۲ ماشہ۔ تخم شاہترا چھ ماشہ۔ تخم کاسنی چھ ماشہ۔ تخم خارخسک ۶ ماشہ۔ خارشتر ۶ ماشہ۔ عناب ولایتی ۵ دانہ۔ عرق مکو دہ تازہ میں رات کو بھگو دیویں صبح کو مل کر چھان کر اسی پانی میں مغز تخم کدو شیریں ۹ ماشہ۔ مغز تخم خشخاش سفید ۲ ماشہ تخم پالک ۹ ماشہ پیس کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر پئیں۔ ہر قسم کے سوزاک کو مفید ہے۔

مجربات حکیم حافظ احمد صاحب

ڈاکخانہ سعید پور۔ ضلع حیدرآباد سندھ

برشعشا برائے قوت دل وجگر ومعدہ وغیرہ اعضاء و برخاست چشم و سردی و نزلہ و زکام وغیرہ بسیاری امراض را مفید و مجرب است و خواب بیارد:-

جوز بوا۔ جند بیدستر۔ رودنگ ہر یک ۱ ماشہ۔ زنجبیل بگلسنج صاف ہر یک ۲ ماشہ۔ اجوائن نرد البنج۔ خولنجان۔ قرنفل۔ دار چینی۔ عود۔ گل ارمنی۔ زعفران۔ ریوند چینی۔ فلفل سفید عاقرقرحا۔ قرنفلون۔ فلفل دراز۔ سانج ہندی۔ گل اذخر۔ اسارون ہر یک ۳ ماشہ۔ ترجموصوف بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ بسد اسمر۔ بالچھر۔ رب سوس۔ انیسون ہر یک ۶ ماشہ خشخاش۔ فلفل سیاہ ہر یک ۹ ماشہ۔ قرنفل۔ جدوار خطائی ہر یک ایکتولہ۔ آملہ منقی۔ تریاک۔ مغز تخم خیارین ہر یک ۲ تولہ۔ عصری کوزہ۔ شہد خالص ہر یک ۳ تولہ بدستور

درست نمایند اگر خواہند ورقین و مشک وغیرہ وغیرہ موجب خواہش اضافہ نمایند و آں وزن خوراک نیم ماشہ تا دو ماشہ تاثیرے عجیب وغریب دارد ۔

برائے تپ دق وسل در درجہ آخری بسیار مفید و مجرب است انشاء اللہ تعالیٰ کہربا۔ طباشیر۔ سرمہ سیاہ۔ زہر مہرہ۔ خاکشی۔ تخم کاہو مقشر۔ ست گلو اصلی۔ مغز تخم بادرنگ۔ تخم کاہو۔ خربوزہ و تربوز۔ تخم خرفہ مقشر ہر یک یکتولہ۔ الائچی دانہ خورد گلسرخ صاف۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ دم الاخوین۔ زعفران۔ کافور ہر یک ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ مصری کوزہ ۷ تولہ۔ تمامی ادویہ کوفتہ بیختہ سفوف نمایند وزن یکتولہ صبح و شام با شیر مادہ خر و شیر مذکور از ۵ تولہ تا یکپاؤ ہر چہ دستیاب شود۔ مجربات در عرق بید مشک و کیوڑہ و گلاب کھرل کردہ اندازند ۔

سفوفے است عجیب الترکیب برای اسہال کہنہ و سلیح و زحیر کہنہ خصوصاً اسہال بواسیری کہنہ کہ با ریم و خون آید دراں قابضات و ملینات ہر دو نقصان دارند۔ اثرے عجیب وغریب دارد :۔

فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ۔ نمک سنگ ۴ ماشہ۔ سرپھوکہ ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ صعتر ۶ ماشہ۔ بسد احمر ۲ تولہ۔ فودنہ ۲ تولہ۔ الائچی دانہ خورد ۲ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۲ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ۔ کہربا ۱ تولہ۔ مرجان ۱ تولہ۔ زہر مہرہ ۳ تولہ۔ صدف مروارید ۴ تولہ۔ تربد مجوف ہموزن ادویہ ۲۲ تولہ۔ انار دانہ ہموزن ہمہ ادویہ ۴۴ تولہ مصری کوزہ ہموزن ہمہ ادویہ ۸۸ تولہ کوفتہ بیختہ سفوف درست نمایند وزن خوراک کفدست بعد از طعام قدرے توقف نمودہ ۔

مجربات حکیم منشی شیر محمد صاحب چشتی

موضع خیر اللہ پور تحصیل نکودر ضلع جالندھر

تریاق بواسیر :۔

تخم بکائن سبز جن کی گٹھلی آسانی سے باریک ہو سکے یا پختہ بکائن کا چھلکا (جو سایہ میں

خشک کیا ہوا ۲ تولہ مغز تخم نیم ۲ تولہ۔ ست رسونت ۲ تولہ۔ ہر سہ اشیاء کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس کر ملا لیں۔ اب ان میں ۱۵ تولہ سبز ککروندہ کے پتوں کا عرق رگڑتے رگڑتے جذب کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیویں اور ۲ ہفتہ تک ایک گولی صبح اور ایک بوقت شام تازہ پانی سے کھاویں۔ گندم کی گرما گرم روٹی گھی سے نوش کریں اور کوئی چیز نہ کھاویں۔ ۲ ہفتہ میں بواسیر کا نام و نشان نہ رہیگا۔ بارہا کا مجرب ہے۔

تریاق چشم۔ آنکھوں کے جملہ امراض کے لئے لاجواب اور بے خطا نسخہ۔ رسونت عمدہ نگر کوٹی ۳ تولہ۔ افیون خام مصفیٰ ۶ ماشہ۔ شب یمانی زرد ایک تولہ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ ان سب کو جدا جدا پانی میں گھول کر نتھار کر یک جان کر لیویں اور کڑچھے میں ڈال کر آگ پر پکاویں۔ جب منجمد ہونے لگیں تو کبھی آگ پر رکھیں۔ کبھی اتاریں تاکہ شب یمانی نہ جلے۔ پانچ چھ بار اس طرح کرنے سے مثل لئی کے ہو جاویگی۔ اب اسکی چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر بحفاظت رکھ لیں اور بوقت حاجت پانی میں گھس کر آنکھوں پر لگاویں۔ شرطیہ بے خطا اور مجرب المجرب ہے۔

تریاق درد مفاصل ریحی۔ دیکھنے میں تو یہ ایک معمولی اور بے حقیقت سی چیز ہے مگر بعد تجربہ آپ فوراً پکار اٹھینگے کہ یہ تو واقعی اعجاز مسیحائی ہے:۔

کالی زیری پانچ تولہ لیکر اُسے خوب باریک پیسیں اور کپڑ چھان کر کے آدھ گھنٹہ پھر خوب رگڑیں۔ اب تین تین ماشہ کی پڑیہ بنا لیویں اور صبح کے وقت باسی پانی کے ہمراہ روزانہ ایک پڑیہ ۲ ہفتہ تک کھاویں۔ گڑ اور شکر اور تیل والی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

مجربات حکیم سید عالم علی صاحب کامل جاگیردار و طبیب سرکاری

ریاست بھرتپور۔ راجپوتانہ

برائے اختناق الرحم تیر بہدف

کونین۔ ہینگ سنبل الطیب۔ جند بیدستر۔ کافور۔ طباشیر۔ جملہ مساوی الوزن کوفتہ بیختہ

در عرق بادیان حل کردہ حبوب بقدر نخود بندند یک حب صبح یک شام ہمراہ آب یا بدرقہ مناسب بدہند۔ برائے مرض مذکور یعنے اختناق الرحم تیر بہدف و مجرب است۔

مجربات حکیم ملک اللہ دتہ خاں صاحب

ڈاکخانہ جھاوریاں مقام بھرتہ ضلع شاہپور

نسخہ سوزاک :-

فلفل سرخ ۲ عدد جو لمبی ہوں۔ اُن کی ڈنڈیوں کو خوب دھاگہ سے باندھیں اور بوقت شام ایک گھڑا پانی کا بھریں اور اس میں مرچ مذکورہ لٹکا دیویں اور علی الصباح مرچ نکال کر خوب گھوٹیں باریک مانند سرمہ بناویں بعدہ ایک پاؤ پانی یک تولہ مصری و مرچ ملا کر نوش کریں۔ تین دن بطریق مذکور علاج کریں بحکم ایزدی صحت ہوگی۔

برائے ضیق النفس :-

شراب رم نیم بوتل۔ سرکہ انگوری خالص یک پاؤ۔ نبات کالپی یک پاؤ۔ ہمہ سہ ادویات ملا کر یک جز کریں اور اکتالیس دن انبار گندم میں محفوظ رکھیں بعدہٗ نکال کر خوراک بقدر ۶ ماشہ علی الصباح نوش کریں۔ اگر حرارت گرمی پیدا کرے تو اجواین دیسی بادام۔ الائچی خورد رگڑ کر استعمال کراویں۔ بحکم ایزدی تعالیٰ صحت ہوگی۔

کشتہ فولاد جو واسطے قوت باہ و ضعف جگر کے از حد مفید ہے :-

بورہ فولاد ایک تولہ شیر مدار یک پاؤ میں تر کریں جب خشک ہو جاوے پھر سرکہ انگوری خالص یک پاؤ میں تر کر کے آگ پر سوار کریں۔ جب خشک ہو جاوے کوزہ گلی میں ڈالکر اُوپر سے گل حکمت کر کے اکتالیس دن پرانے گوبر میں دفن کریں بعدہٗ نکال کر نگاہ رکھیں۔ اس کا استعمال جس قدر زائد مدت استعمال کریں اُسی قدر فائدہ عظیم ہووے خوراک یک رتی ہمراہ مسکہ استعمال کراویں۔ کم از کم بعد یک سال گزرنے استعمال کریں۔ زیادہ نیاز۔

مُجرّبات حکیم غُلام حسین صاحب

قصبہ ردولی۔ محلہ عباسی ضلع بارہ بنکی۔ اودھ

نافع قوبا:۔

مُردا سنگ، گندھک آملہ سار، سیماب۔ سہاگہ سازو بے سوراخ پھٹکڑی۔ گوگل۔ افیون ہر ایک ایک تولہ پہلے افیون کو پانی میں گھولیں اور اس کے بعد گوگل رُوی پانی میں گھولیں بعدہٗ گندھک اور سیماب کی کجلی کر کے ملا دیں بعد اس کے دوسری دوائیں مثل غبار پیس کر ملا دیں اور دھوپ میں رکھیں جب خمیر اٹھے تب گولیاں بنائیں اور آب شبینہ میں گھس کر اور داد کو کھجلا کر لگا دیں پہلے ہی روز تخفیف دوسرے روز ظاہری مرض معدوم کا ایک ہفتہ کے استعمال سے استیصال مرض ہو جائیگا انشاءاللہ تعالےٰ

اکسیر وجع مفاصل جس کا سبب آتشک یا مادہ سوداوی ہو:۔

سیماب ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۹ ماشہ۔ کجلی کمائیں مغز جمالگوٹہ تازہ دو تولہ آب لیموں کاغذی کلاں ۲ عدد میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں صبح کو ایک حب سے چار حب تک حسب طاقت دیں اور اوپر سے دال ارہر پختہ جس میں گھی برابر پڑا ہو نیم گرم ملا دیں اور مراعات مسہل سوداوی ملحوظ رکھیں۔ دوسرے روز کشمش ۱ تولہ۔ مصری ۱ تولہ پانی میں پیس کر بطور تبرید صبح کو پلا دیں۔ غذا کھچڑی ارہر مرغن۔ اس طرح تین چار مسہل دیں انشاءاللہ استیصال مرض ہو کر شفائے کامل ہوگی۔

مُجرّبات حکیم غُلام حسین صاحب

نواں محلہ۔ راولپنڈی

کشتہ ہڑتال ورقی برنگ سفید:

ہڑتال ورقی ۵ تولہ عرق دودھ بھتل ۳ پاؤ (جس کا دودھ اور پھول زرد رنگ کا ہو) پہلے ہڑتال کو عرق مذکورہ میں کھرل کر کے گولی بنا لیں۔ بعد ایک پاؤ بوٹی مذکورہ کے

نقدہ میں رکھ کر حسب دستور گل حکمت کر کے پانچ سیر اُپلہ کی آگ دیں۔ قدرے وزن کم ہو جاتا ہے۔ کسی موقع پر وزن برابر برآمد ہوتا ہے۔ کشتہ بالکل سفید ہوگا۔ ترکیب استعمال۔ کشتہ ہڑتال اتولہ۔ دانہ الائچی خورد اتولہ۔ طباشیر اتولہ۔ ست گلو خانہ ساز اتولہ لعاب بہدانہ و اسپغول میں کھرل کر کے گولی مانند نخود بنا کر حفاظت سے شیشی میں نگاہ رکھیں۔ تپ دق کے مریض کو اگر دینا ہو تو لعاب بہدانہ کے بغیر گولی بنائی جاوے بذریعہ شربت بنفشہ و نیلوفر اور عرق کاسنی سے دیویں۔ باقی تمام قسم کے بخاروں میں پانی یا شربت سے دیویں۔ قوت باہ و جریان کے واسطے بجائے ہر دو لعاب کے دودھ بڑھ سے کھرل کریں۔

کشتہ شنگرف برائے لقوہ۔ فالج و امراض باردہ و قوت باہ۔

شنگرف یکتولہ را در یکتولہ مٹھا تیلیہ باریک کردہ در پوٹلی بستہ در شیر پندرہ سیر پختہ در کڑاہی انداختہ درمیان او پوٹلی مذکور را آویزند کہ تہ دیگ نرسد۔ چوں شیر سوختہ شود آں را دور کردہ شنگرف را بیروں آوردہ در آب شستہ نگہدارند۔ تیلیہ مذکور را خشک کردہ علیحدہ نگاہدارند۔ و باز در بلادر تولہ باریک ساختہ ہمیں طور کنند و بلادر را خشک ساختہ نگاہدارند و شنگرف را در کھرل انداختہ باریک نمودہ بعد مٹھا تیلیہ و بلادر مذکور شامل کردہ سحق بلیغ کنند۔ بعد دیگر ادویہ شامل کردہ خوب کھرل کنند۔ خوراک یک سرخ ہمراہ شیر گاؤ۔

ترکیب بھلاوہ دافع وجع مفاصل و دیگر امراض:۔

بلادر کُلاہ دور کردہ یک پاؤ در شیر گاؤ سہ آثار بجوشانند حتی کہ روغن بلادر در شیر خلط گردد۔ فرود آوردہ بلادر دور کردہ دریں شیر روغن گاؤ و شہد خالص یک یک پاؤ مخلوط کردہ باز بجوشانند کہ مُہرہ شود۔ فرود آوردہ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ جاوتری قرنفل۔ زنجبیل ہر یک سہ ماشہ باریک کردہ انداختہ پائیں آوردہ نگاہدارند۔ خوراک روز اول یک درم۔ روز دوم دو درم۔ روز سوم سہ درم بوقت نہار بخورانند تا چہل روز پرہیز از بادی۔ ترشی و جماع۔ فوائد۔ ہشت نوع علت سلسل بول جاؤ گولاو

درد شکم، سرفہ، ناسور، آماس شکم (علت زن کہ جملہ علت است) جہت استخوان شکستہ
ونشنوای گوش، اشتہای طعام و فربہ بدن و سفید مو را سیاہ کند و زہر مار کارگر نشود

مجربات حکیم و ڈاکٹر سید علی کوثر صاحب سند و تمغہ یافتہ

آصفیہ میڈیکل اسکول بھوپال

حرق النار :-

روغن بید انجیر حسب ضرورت لیکر موضع حریق پر طلا کریں فوراً سوزش رفع ہوگی
مریض آرام پائیگا ۔

برائے درد شقیقہ :-

کافور ۱ ماشہ۔ مرچ سیاہ سات عدد۔ نبات سفید ۱ ماشہ تھوڑے سے پانی میں پیسکر
ناک میں ٹپکائیں۔ ہزاروں مرتبہ کا آزمودہ ہے ۔

برائے موتی جھرہ :- عجیب نسخہ ہے

دارچینی۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ زعفران مساوی لیکر سنکھا ہولی (مشہور بوٹی ہے) کے
پانی میں ہلیلہ کلاں سے گھس کر چنے کی برابر گولیاں بنائیں۔ دن میں تین گولیاں
۲-۳ گھنٹہ کے بعد عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیں۔ مریض کیسی ہی مایوس حالت تک
کیوں نہ پہنچ چکا ہو ایک ہی دن میں رو بہ افاقہ ہو جاتا ہے ۔

برائے مار گزیدہ ۔ پلاتے ہی ہوش آتا ہے :-

مغز تخم کرنجوہ ایک عدد روغن گاؤ ایک چھٹانک میں پیس کر پلائیں ۔

سرخی چشم و دیگر امراض چشم :-

نیلا تھوتھہ ۶ ماشہ۔ کات سفید ۶ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۲ ماشہ باریک پیس کر عرق لیموں کاغذی
۱۴ عدد میں کھرل کریں اور شیاف یا گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں وقت ضرورت سرد پانی
میں گھس کر آنکھ میں لگائیں ۔

حب آتشک مجربہ :-

شنجرف ۳ ماشہ۔ سیماب ۴ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۴ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۴ ماشہ۔ موصلی سفید ۶ ماشہ۔ موصلی سیاہ ۶ ماشہ۔ بلادر ۳ تولہ۔ کنجد سیاہ ۳ تولہ کوٹ چھان کر قند سیاہ کے ساتھ نخود کی برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک حب۔

ورم طحال :-

پوست بیخ کبر ۳ ماشہ سکنجبین ۳ تولہ میں گھس کر ہر روز صبح کے وقت چٹائیں ایک ہفتہ میں طحال کی شکایت بالکل رفع ہوگی۔ آزمودہ ہے۔

مجربات حکیم و ڈاکٹر ابو النصر سید علی اکبر صاحب آزاد

چاند پور۔ ضلع بجنور

برائے سوزاک بینظیر اور بے مثل دوا۔ ہمیشہ کی معمول اور مجرب :-

سنگجراحت۔ ماشہ برگ نورستہ آک میں کشتہ کرکے ہموزن پھٹکڑی گیرو گوالیاری اور اٹھارہ ماشہ سیندور ملا کر سفوف بنائیں اس کے بعد روغن بلسان۔ روغن صندل ملا کر حبوب بقدر نخود بنا کر دن میں چار گولیاں تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے صرف دس روز کھلائیں۔ (یہ نسخہ سوچ سمجھ کر دیں۔ مولف)

عظم طحال کہنہ۔ طحال کیسی ہی بڑھی ہوئی پرانی کیوں نہ ہو تھوڑے ہی عرصہ میں تمام شکایات کالعدم ہو جاتی ہیں۔

نوشادر۔ ماشہ باریک پیسکر شحم گھیکوار ۱ ماشہ پر چھڑک دیں تھوڑی دیر میں پانی اوپر آجائیگا اس کو احتیاط سے نتھار کر زیرہ سفید ۹ ماشہ۔ نمک سیاہ ۴ تولہ۔ زرد چوب ۶ ماشہ خوب باریک پیسکر ملائیں۔ خوراک ۲ تولہ علی الصباح۔

صداع

کیفین سائبیراس ۵ گرین۔ فیناسٹین ۵ گرین۔ سفوف کشنیز ۳ ماشہ۔ شکر سفید ۳ ماشہ۔ سرد پانی کے ساتھ نوش کریں درد فوراً دور ہو جاتا ہے۔

عقر۔ بانجھ پن۔ میں آجکل اس مرض کے بیشمار نسخوں کا مالک ہوں۔

پچاسوں آزمائے۔ سینکڑوں زیر تجربہ ہیں۔ حال میں ذیل کا نسخہ بہت سی اصلاحوں کے بعد کچھ کامیاب ثابت ہوا ہے :-

قلب الحجر ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ۱ تولہ۔ سنگجراحت ۱ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ زعفران ۱۰ ماشہ۔ عرق بوٹی چھچھی میں نخود کی برابر گولیاں بنا کر بعد غسل دو گولی صبح دو شام کھلائیں۔

مجربات حکیم قاضی محمد عبد القادر صاحب صدیقی عرف نادر بخش صاحب

ہیڈ مولوی مدرسہ اسلامیہ جھانسی

برائے اکسیر الدم :-

سیسہ بقدر حاجت لیکر آہنی کڑاہی میں ڈالیں اور اُسے آگ پر رکھ کر پگھلائیں اسی اثنا میں بڑی لکڑی سے ہلاتے جائیں اور اثناء حرکت میں پھٹکڑی خام چھڑکتے رہیں جب وہ خاکستر ہو جاوے تو نکال کر چھان لیں اور ہموزن اسکے شادنج مغسول ملا کر قرص کہربا و شربت انجبار ۲ تولہ کے ہمراہ بقدر یک سرخ استعمال کریں ہر قسم کے جریان الدم کے لئے تیر بہدف ہے۔

برائے ہزال الاطفال مجرب :-

گوشت مگرمچھ شیر مادر میں گھس کر پلائیں۔ تین روز سے لیکر سات دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

روغن عجیب کم خرچ بالانشین کا مصداق ہے :-

مغز پستہ ۲ ماشہ۔ سم الفار سفید ۲ تولہ کو جوکوب کر کے روغن آفتابی نکالیں۔ بحساب فی تولہ مشک خالص ۱ ماشہ و عنبر خالص ۱ ماشہ ملا کر ضعف باہ و نامردی کے مریضوں کو مالش کرائیں اور اُوپر سے بنگلہ پان لپیٹ دیں ایک ہفتہ تک اثناء استعمال میں آب سرد سے قطعی پرہیز چاہئے۔

عرق مقوی جسم و ضعف بصارت کے لئے آزمودہ ہے :-

سنڈی پاؤ سیر تین پاؤ پانی میں جوش دیکر نبات سفید ملالیں اور بطریق معمول شربت تیار کرکے استعمال کرائیں۔ خوراک ۲ تولہ ۔

مجربات حکیم مولا بخش صاحب رکنوی

چک ۱۲۶ ڈاکخانہ چنیوٹ ضلع جھنگ

اکسیر اسہال برائے اسہال از حد مفید ہے اور سخت سے سخت سنگرہنی کے لئے سریع الاثر ہے :۔

ست گلو تولہ۔ طباشیر تولہ۔ الائچی خورد تولہ۔ کشتہ مرجان ۳ رتی ہر سہ ادویات کو باریک کرکے کشتہ مرجان ملادیں خوراک ایکتولہ صبح ایکتولہ دوپہر ایکتولہ شام ہمراہ شیر بز تازہ استعمال کریں بفضل باری تعالیٰ ایک دن میں ہی شفا کلی حاصل ہوگی۔ غذا سابودانہ شیر گائے میں پکا کر دیویں اور ترشی و بادی اور تیل کی پکی ہوئی اشیاء سے پرہیز لازمی ہے ۔

گوہر اکسیر برائے وجع المفاصل یہ دوائی وجع المفاصل کے لئے اکسیر اعظم سے کم نہیں ہے :۔

میٹھا تیلیہ مدبر۔ شنگرف۔ مرچ سیاہ ہر ایک ایکتولہ۔ افیون ۶ ماشہ تمام ادویہ کو باریک کرکے آب ادرک ۷ تولہ میں کھرل کرکے بقدر دانہ موٹھ گولیاں بنادیں خوراک ایک ایک حب صبح و شام ہمراہ روغن زرد یا آب گرم استعمال کریں۔ بفضل کریم برسوں کا بیمار صرف چار یوم میں چلنے پھرنے لگتا ہے۔ بارہا کا آزمودہ ہے ۔

سفوف گوہر برائے اسہال از حد مفید ہے :۔

زنجبیل تولہ۔ بل کتھ تولہ۔ اجوائن تولہ۔ موچرس تولہ۔ مصری ۲ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر خوراک بوقت صبح تولہ دوپہر تولہ۔ شام تولہ ہمراہ شربت حب الآس ۳ تولہ استعمال کریں ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔ آزمودہ ہے ۔

گوہر معجون مقوی باہ و اعضائے رئیسہ ہے۔ سرعت انزال اور جریان کے واسطے بےنظیر ہے اور احتلام کے لئے بمنزلہ اکسیر ہے۔ بعد فراغت جو کمزوری ہو جاتی ہے گوہر معجون کے کھانے سے نہیں ہوتی۔ درد کمر کو بفضل خدا دور کرنے میں بے مثل ہے:۔

آرد مغز تخم کونچ۔ اسگند۔ مثاور۔ صندر سوکھا۔ موصلی سفید۔ آرد مغز تخم تمر ہندی لعاب مصری۔ گوکھرو ہر ایک۔ ۱ تولہ۔ کستوری ۱ ماشہ۔ بھنگ ۲۰ تولہ۔ مغز بہدانہ کشمش۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل۔ مغز اخروٹ۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد۔ اول تخم کونچ تخم تمر ہندی کو ایک پوٹلی میں باندھ کر شیر گاؤ میں بھگوئیں جب چھلکا نرم ہو جاوے اُتار کر اور بعد خشک ہونے کے باریک کریں بعدہٗ بھنگ کو ایک پوٹلی میں باندھ کر دس سیر شیر گاؤ میں جوش دیویں جب نصف شیر رہ جاوے تو اس میں پوٹلی کو مل کر نکال دیویں اور بعد ازاں تمام ادویات کو علاوہ مغزیات کے باریک کر کے شیر گاؤ میں ڈال کر نرم آنچ پر کھویا بنا دیں اور جب کھویا تیار ہو جاوے تو کڑاہی سے نکال کر کڑاہی کو صاف کریں اور ایک سیر روغن زرد ڈال کر کھویا کو اچھی طرح نرم آنچ پر بھونے مگر جل نہ جاوے پھر چار سیر مصری کو چاشنی بنا کر کھویا کو اس میں ملا دیں اور بعد ازاں ورق نقرہ۔ کستوری۔ کشمش و دیگر مغزیات داخل کریں خورک ۹ ماشہ صبح ۹ ماشہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کھا دیں کیا مجال کہ منی کے متعلق کوئی بیماری رہ جاوے اور مادہ منویہ کو قابل اولاد بنا دے آزمودہ ہے۔ ترشی بادی اور زیادتی جماع سے پرہیز لازمی ہے۔

گوہر جلاب۔ دائمی قبض کے لئے اکسیر ہے اور پیٹ میں مروڑ نہیں ہوتی بعد اسہال کے طبیعت بہت خوش ہو جاتی ہے کسی قسم کی گرمی محسوس نہیں ہوتی سقمونیا تولہ۔ جلاپا تولہ۔ ایلوا زرد تولہ۔ ہڑ ہاریہ تولہ بہیڑہ بڑی تولہ سونٹھ ۶ ماشہ۔ مرچ ۶ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ ۱۲ عدد ۶ ماشہ تمام ادویات کو باریک کر کے ہمراہ

آب بقدر خود حب بنا دیں۔ رفع قبض کے لئے ایک گولی بوقت خواب ہمراہ آملہ یا دودھ کھانے سے صبح دست کھل کر ہو جاتا ہے اگر جلاب لینا ہو۔ تو ۵۔ ۷ گولیاں ہمراہ عرق بادیاں کھا دیں آزمودہ ہے۔

گوہر مصفّی۔ بفضل خدا اس دوائی کے استعمال سے نیا و پرانا آشک دور ہو جاتے ہیں اور بہت پرانے گہرے زخم بھی چند یوم میں بھر جاتے ہیں۔ نیز علاوہ آشک کے خرابی خون سے پیدا شدہ پھوڑے پھنسیاں بھی تحلیل ہو جاتے ہیں۔ منہ اس سے نہیں آتا۔ ۱۵ یوم تک دوا کھانے سے انشاء اللہ شفا ہو جاتی ہے ۱۵ یوم تک نمک نہ کھانا چاہئے۔ گیہوں یا چنے کی روٹی مرغن کھا دیں مجرب آزمودہ ہے

پارہ ہفت تولہ۔ گندھک آملہ سار ہفت تولہ۔ کتھا پاپڑیہ تولہ ہر سہ ادویہ ایک یوم برابر کھرل کریں جب بجلی سیاہ ہو جائے تو بعدہٗ ہلدی۔ ناگ کیسر۔ دانہ الائچی خورد زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ اجوائن۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ دار فلفل۔ طباشیر۔ تیزپات۔ بانکی جل نیم۔ چوب چینی ہر ایک ۶ ماشہ باریک کر کے شامل کریں شہد خالص ۱۶ تولہ ملا کر کسی چینی کے برتن میں محفوظ الہوا رکھیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام کھا دیں۔ ترشی بادی سے پرہیز لازمی ہے۔ آزمودہ ہے۔

گوہر طلاء برائے نامردی جلق زدہ کو مفید ہے چند یوم کے استعمال سے شفا کلی حاصل ہوتی ہے مجرب و آزمودہ ہے اور بروقت طلا حب گوہر مرجان بھی استعمال کریں:۔

تم الفار سفید ۴ ماشہ۔ مٹھا تیلیہ ۶ ماشہ۔ گھرنگی سفید ۶ ماشہ۔ جمالگوٹہ ۶ ماشہ۔ بیہوٹی ایکتولہ۔ مالکنگنی ایکتولہ۔ خراطین تولہ۔ پوست بیخ جوز ماثل تولہ۔ پوست بیخ کنیر سفید تولہ۔ اذاراقی ۳ عدد۔ سانڈہ دو عدد۔ تمام ادویات کو باریک کر کے شکر بھیڑ نصف سیر میں کھرل کر کے جب کچھ قدرے تری باقی ہووے بذریعہ بنالجنتر روغن نکالیں اور اعضائے خاص پر حشفہ اور بیضوں چھوڑ کر طلا کریں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیویں۔ ترشی۔ بادی۔ آب سرد اور ہوائے

سرد سے پرہیز لازمی ہے۔

کشتہ شنگرف قائم النار:-

پودینہ تلسی ۵ تولہ خام اس کو عرق گھیکوار میں ۶ گھنٹہ کھرل کریں۔ بعد آگ درمیان شنگرف رکھ کر کوزہ میں گل حکمت کر کے۔ اسیر کی آگ دیں گھنٹہ بھر عمدہ برآمد ہوگا۔ نامردی اور وجع المفاصل کو دور کرتا ہے۔ خوراک ایک چاول مسکہ میں کھاویں۔

مجربات حکیم سید نظیر حسین صاحب

مانوں پور حکیماں۔ سرہند۔ ضلع پٹیالہ

برائے مقوی دماغ و دافع نزلہ و درد سر:- اس نسخہ کے اجزا اگرچہ معمولی ہیں مگر فائدہ میں بےنظیر ہیں جو کہ مقوی دماغ ہونے کے علاوہ نزلہ کی بیخ و بنیاد اُڑا دیتا ہے۔ اس موذی مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات ہو جاتی ہے:-

گاؤزبان ۲ تولہ۔ ابریشم مقرض ۶ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ۔ زعفران ۹ ماشہ ورق نقرہ صد عدد۔ نبات ۴ تولہ۔ مصری کا قوام لعوق میں لائیں۔ خشک ادویہ کو باریک کر کے شامل کریں اور بعد میں ورق ملا کر نگاہ رکھیں۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ مجرب ہے۔

البیکٹری پوڈر وضاد البرق:- اگرچہ بڑے بڑے طلاؤں کے مقابلہ میں اس کے اجزا پر نظر ڈالنے سے اس کی وقعت کچھ معلوم نہیں ہوتی لیکن تجربہ کے بعد حیرت پیدا کرتا ہے کہ یہ اجزا اور یہ طاقت۔ اس پوڈر کو میں نہایت عزیز رکھتا ہوں کہ کم قیمت اور فائدہ بیش قیمت طلاؤں کا۔ قابل قدر چیز ہے۔

اسگند ناگوری۔ انبہ ہلدی۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ افیون ہر ایک ۹ ماشہ بیخ نرگس۔ پوست بیخ مدار بیر بھولی ہر ایک ۶ ماشہ۔ ایک روز کامل دودھ بول خرمیں کھرل کر کے خشک کر لیں اور سات حصہ کر کے ایک حصہ دودھ

میں حل کر کے ضماد کریں۔ انشاء اللہ ہفتہ کے استعمال کے بعد ناقابل برداشت قوت پیدا ہو جاتی ہے۔

کشتہ نحاس۔ یہ کشتہ تمیسر ہے جس کی تلاش میں ایک زمانہ سرگرداں ہے اور صاحبان کیمیا کی جان ہے اور ایک رائی کے برابر پان یا مسکہ میں ملا کر کھانے سے سات یوم میں نامرد کو مرد کامل بنا دیتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

برگ جھاؤ کو خوب کوٹ کر پانی نکالیں موسم برسات میں تو زیادہ مقدار برگ پانی حاصل ہو جاتا ہے البتہ دوسرے موسم میں کسی قدر آب چاہ ملا کر اور زیادہ کوٹائی کرنے کے بعد آب حاصل ہوتا ہے۔ اس میں پیسہ مادھو شاہی کو پچاس بجھاؤ دیجئے۔ یہ سنڈھ ہو جائیگا یعنی پیسہ پر مروڑیاں ہو جائینگی۔ اب ایک سیر پختہ برگ جھاؤ بالائی کی طرح باریک ہونے پر پیسہ مذکور کو درمیان میں دیکر گولہ سا بنالیں اور ایک اُپلہ کلاں میں گڑھا کھود کر گولہ اُس میں رکھ کر دوسرے اُپلہ سے بند کر دیں اور چاروں طرف لید اسپ سے مضبوط بند کر دیں اور خشک کر لیں اور ان دونوں اُپلوں پر ٹاٹ کہنہ یا بوری لپیٹ کر خفیف سا کپڑ مٹ کر کے خشک کر لیں۔ ایک مربع گز گڑھا تیار کر کے ۲ من پختہ اُپلوں کے درمیان سپنٹ دیکر آگ دیدیں اور اُوپر سے آوہ گھماروں کی طرح بند کرنا چاہئے۔ محض دو تین سوراخ صرف دُھواں نکالنے کے لئے رکھ دینے چاہئیں۔ چار پانچ روز میں آگ سرد ہوگی۔ احتیاط سے وہ پیسہ نکال لیں۔ جو مسلم سفید باوزن بتاشہ کی طرح کا پھولا ہوا ہوگا جو ایک نایاب تحفہ ہے۔ ۴۰ یوم زمین میں دفن کرنے کے بعد پھر استعمال خوراکی میں لائیں۔ مرغن غذا روغن و شیر وغیرہ زیادہ استعمال کریں۔ گرم و ترش اشیا سے پرہیز لازم ہے۔

مجربات حکیم عبدالغفور صاحب فیروز خورجوی

مقیم واسنہ ڈاکخانہ خاص ضلع میرٹھ

جواہر مہرہ۔ چونکہ جواہر مہرہ کے متعدد نسخہ ہیں لیکن خاکسار کے یہ تجربہ میں ہے

ہدیۂ ناظرین ہے اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ افزایش رُوح و حرارت غریزہ خفقان اور جملہ امراض قلب کو نافع ہے۔ ناتوان و ضعیف کو قلیل عرصہ میں توانا کرتا ہے۔ جمیع اقسام کمزوریوں کو دُور کرتا ہے:۔

زہر مہرہ خطائی ۹ ماشہ۔ لعل بدخشی۔ یاقوت سُرخ۔ عقیق سرخ عقیق سفید عقیق زرد۔ یشب سبز۔ یاقوت سفید۔ یاقوت کنود۔ زمرد سبز۔ فیروزۂ نیشاپوری مرجان قرمزی۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی ہر ایک ۹ ماشہ در عرق کیوڑہ سحق بلیغ کریں۔ حتے کہ مثل غبار ہو جائے۔ بعد ازاں [illegible] ۳ سب ۵ ماشہ مشک خالص ۳ ماشہ اضافہ کر کے سحق کریں۔ بعد ازاں ورق طلا ۵۰ عدد۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد اضافہ کر کے کھرل کریں کہ اوراق حل ہو جائیں۔ خوراک ۲ چاول۔

حب السلاطین۔ قولنج کو کھولتی ہے۔ ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہے طحال ورم جگر۔ استسقا کو نافع ہے:۔

ایلوا ایک تولہ ۵ ماشہ۔ تربد مقشر مجوف ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ انزروت ۱۰ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۰ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ ماشہ۔ نمک ہندی ۱۰ ماشہ۔ مصطگی رُومی ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۱۰ ماشہ۔ ساذج ہندی ۱۰ ماشہ۔ قسط شیریں ۱۰ ماشہ۔ سلیخہ یعنی تج۔ ریوند چینی۔ زنجبیل۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ فلفل سیاہ۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ کتیرا۔ الائچی کلاں ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۹ ماشہ۔ مشک ایک دانگ۔ حب بقدر نخود بنائیں۔ مقدار خوراک ایک سے پانچ تک۔

سفوف برائے بواسیر خونی و بادی دونوں کیلئے نافع و مجرب ہے:۔

ثمر بکائن۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ سیاہ۔ شیطرج ہندی ہر ایک ۳ تولہ۔ مقل ازرق۔ برادہ آہن یعنی لوہ چون ہر ایک ۶ تولہ سفوف بنالیں۔ خوراک ۳ سے ۶ ماشہ تک

حب ممسک:۔

زعفران ۳ ماشہ۔ افیون ۱۰ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ نرکنجشک خانگی ۱ عدد

اول کنجشک خانگی کو ذبح کر کے آلایش وغیرہ سے پاک کریں۔ جملہ ادویہ کو کنجشک صاف کردہ کے اندر بھر کر سی دیں۔ آتش پر اس قدر بریاں کریں کہ نہ تو سوختہ ہو جائے اور نہ خام رہے۔ حب بقدر مٹر بنائیں۔ غذا سے دو گھنٹہ بعد دو حب کھلائیں اور حب سے دو گھنٹہ بعد جماع برائے قوت یک حب روزانہ صبح کھلائیں۔ تعریف فضول ہے۔ تجربہ شاہد ہوگا۔

کشتہ سنگجراحت۔ تپ دق اور سل کے واسطے مفید ہے:۔

سنگجراحت ۵ تولہ آب اڑوسہ سبز ۱۰ تولہ میں سحق کر کے ۵ سیر اُپلوں کی آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکالیں ایک آگ ہوئی۔ اب سنگجراحت مذکور کو آب ریش برگد سبز میں سحق کر کے آگ دیں یہ دوسری آگ ہے۔ سہ بارہ آب برگ گولر سبز میں سحق کر کے مندرجہ بالا ۵ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ نوٹ۔ ہر مرتبہ آتش بھڑک نہ جائے ہوا کا بچاؤ کیا جائے۔ ترکیب استعمال۔ برائے بخار۔ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ کے ہمراہ بقدر ۴ ماشہ کھلائیں۔ ہر دو گھنٹہ بعد ۴ سرخ ہمراہ عرق شربت کے دیں انشاء اللہ بخار اُتر جائیگا نہ کمزوری لائیگا۔ الغرض دق اور سل میں مناسب بدرقہ (سے) استعمال کریں۔

مجربات حکیم حافظ محمد عبدالرحمٰن صاحب

مقیم کوٹلہ غلاں ضلع ڈیرہ غازیخاں

نسخہ شربت و عرق جہت بیماری ہائے مرقومہ مجرب و مفید است۔ حرارت جگر۔ دوار سر۔ ماندگی قلب۔ ثقل اندام۔ تپش نوبتی مختلف اوقات:۔

تخم کشوث ۶ ماشہ۔ آلو بخارا ۹ عدد۔ تخم کاسنی۔ بورا صندل سفید۔ زرشک ہر یک یکتولہ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ ابریشم خام۔ گل گاؤزبان۔ تخم کاہو۔ تخم خیارین ہر یک یکتولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ گلو ۲ تولہ۔ سروالی ۶ ماشہ۔ مصری دو چند۔ مقدار شربت ۳ تولہ ہمراہ عرق ہذا گلسرخ ۱ ثالک۔ گاؤزبان ۱ ثالک۔ بورہ صندل سفید ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔

ابریشم خام ۲ تولہ۔ سونف ۳ تولہ۔ کاسنی ۳ تولہ۔ مکو سبز ۳ تولہ۔ شاہترہ ۳ تولہ۔ وزن عرق ایک شالک صبح و شام۔ روغن بادام کی مالش سر پر بال کترا کر کیا کریں قبض ہونے پر مسہل نیار شنبر ماء الجبن میں دیا کریں۔ غذا زیادہ تر گندم و سابودانہ و آش جو بعدہٗ دال مونگ و عند الخشکی حریرہ جائز۔ یہ علاج بالا مرقومہ کئی دفعہ کا مجرب ہے۔ پچھلے مہینوں میں بندہ نے ایک معزز رئیس جناب حاجی مرزا غوث محمد صاحب نائب تحصیلدار ریاست بہاولپور کا علاج ان ہی ادویہ کے ساتھ کیا تھا جن کو بخار کہنہ مختلف اوقات کا تھا اور بہت سے علاج ڈاکٹری و یونانی کرا چکے تھے بفضل ایزد ایک ہفتہ تک آرام ہوتا نظر آیا اور پندرہ دن کے بعد غسل شفا کیا۔

سفوف مسکن الاوجاع یعنے دافع ہر درد خصوصاً ریح کے دردوں اور وجع المفاصل میں مفید و مجرب ہے:۔

سورنجان تلخ ۱ تولہ۔ انٹی فیبرین ۱ تولہ۔ سوڈا سیلی سلاس ۲ تولہ۔ بیش ۳ ماشہ سبکو باریک کر کے سفوف بنائیں۔ خوراک ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہے۔

برائے سوزاک ایک محض سہل الحصول قابل اخفاء مجرب نسخہ:۔

ایک پیسہ کی کوڑیاں لیکر اُن کو شگفتہ کر لیں۔ خوراک ۳ ماشہ مکھن میں استعمال کراویں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو جائیگی۔

کثرت پیشاب از حرارت جگر یعنے ذیابیطس کیواسطے مرقومہ نسخہ از حد مفید و مجرب ہے:۔

خشخاش سفید ایک یا تین تولہ صبح شام پانی کے ساتھ استعمال کراویں۔

مُجرّبات حکیم دیوی دیال صاحب

مقام کنجاہ ضلع گجرات پنجاب

برائے قوت باہ و طلا معجز اثر نسخہ:۔

سم الفار سفید۔ سم الفار زرد ہر ایک ۲ ماشہ۔ سم الفار سرخ ۱ ماشہ۔ ہڑتال ورقی۔ شنگرف رومی

گھونگچی سفید مقشر ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ جائفل کلاں ۱ عدد۔ دانہ الائچی کلاں ۵ ماشہ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۲ تولہ۔ کٹھ تلخ ۲ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ ۲ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ اول جملہ ادویہ خشک کو کوفتہ بیختہ کر لیویں پھر ان میں جمالگوٹہ پیس کر ملا دیویں بعد ازاں زردی بیضہ مرغ میں تمام پیسی ہوئی ادویات کو ملا کر کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور پھر کسی آتشی شیشی میں یا بذریعہ پتال جنتر کے تیل نکالیں۔ جب تیل تیار ہو جائے تو کسی شیشی میں سنبھال رکھیں۔ باہ کے واسطے نہایت ہی مفید ہے۔ ہر روز ایک سیخ یا ایک دو قطرہ تک حسب برداشت پان میں ڈال کر کھلاویں اور طلا بھی اسی کا کریں۔

معدہ کی جملہ امراض کے واسطے اکسیری نسخہ:۔

سہاگہ بریاں یعنی پھول کیا ہوا ایک چھٹانک۔ نوشادر دیسی ایک چھٹانک ان ہر دو کو پیس لیں پھر ایک سیر گھیکوار (کوار گندل) کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے اس میں یہ دونوں ادویہ خلط ملط کر دیویں اور ایک مٹی کی مصفا ہانڈی میں ڈال کر منہ بند کر کے زمین میں دفن کر دیویں ایک ہفتہ کے بعد نکال لیویں اور اس کا آب زلال نکال کر کسی صاف شیشی میں ڈال رکھیں۔ عجب سرخ رنگ کا ہوگا۔ وقت ضرورت ایک چمچہ چھوٹا استعمال میں لاویں انشاء اللہ فوری اثر دکھلاویگا۔

جریان کا حکمی علاج۔ بہت مفید نسخہ ہے:۔

تخم تمر ہندی۔ پھلی ببول۔ خار خسک۔ ستاور۔ صندل سرخ و سفید۔ بہمن سرخ و سفید۔ ثعلب مصری۔ موصلی سیاہ و سفید۔ آرد سنگھاڑہ۔ کاکنج۔ تخم اٹنگن۔ اندر جو شیریں۔ صمغ عربی۔ طباشیر۔ موچرس۔ موساکنی۔ بہوں پھلی۔ نبات ہر ایک ایک تولہ۔ سب ادویات کو باریک کر کے مقدار ایک تولہ ہر صبح گائے کے دودھ کے ہمراہ کھلاویں مجرب ہے۔

درد گردہ میں جو نہایت ہی مفید اور بارہا کا آزمودہ:۔

بھکڑہ۔ تخم کسنبہ یعنی پولیاں۔ تخم کھیرا ان تینوں کو گھوٹ کر پن چھان لیویں پھر اس میں ۲ ماشہ کے قریب سنگ یہود گھس لیویں۔ یہ ادویہ اس مقدار میں ایک دن

تین مرتبہ پلاویں۔ وزن پانی کا ایک گلاس یا مناسب وقت و مطابق رائے حکیم مقامی

ہچکی جو کسی دوائی سے دُور نہ ہوتی ہو:۔

سرکہ انگوری خالص ایک چھوٹا چمچہ۔ آب پیاز سفید چھوٹا چمچہ۔ نمک سانبھر ۱ ماشہ ڈال کر دن میں تین بار استعمال میں لاویں۔

ہیضہ کا شرطیہ علاج:۔

مگھاں مرچاں سیاہ۔ سُنڈھ ۲-۲ تولہ۔ ہینگ ۹ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ ۱ تولہ ایک سیر آب ادرک میں آٹھ روز کھرل کریں۔ دال مونگ کے برابر گولیاں بنالیویں۔ بوقت ضرورت عرق گلاب یا گرم پانی سے ایک گولی پھر گھنٹہ بعد دُوسری گولی انشاءاللہ فوراً آرام

مُجرّبات حکیم سدا رنگ صاحب ولد حکیم صاحب تہ مل صاحب

بمقام جسوال ڈاک خانہ کھٹہ۔ تحصیل خوشاب۔ ضلع شاہپور

برائے جریان مغلظ منی:۔

بہدانہ ۵ تولہ۔ گل خیرا ۲ تولہ۔ گلو ۱ تولہ۔ مصری ۷ تولہ سات حصے کر لیویں ایک حصہ رات کے وقت ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں بوقت صبح مل چھان کر مصری ملا کر پی لیویں ترش اشیاء سے پرہیز۔

برائے درد پیٹ مفید ہے:۔

سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۲ ماشہ۔ نمک سونچر ایک تولہ سفوف بناویں خوراک ۱ ماشہ بہمراہ روغن زرد دیویں مفید ہے۔

برائے درد دانت و درد داڑھ:۔

تماکو کا گل۔ ولایتی کافور۔ مرچ سیاہ۔ چولہے کی سُرخ مٹی ہر چہار اشیاء ہموزن لیکر سفوف بناویں اور دانتوں پر ملیں۔ بحکم خدا درد فوراً کافور ہوگا۔ پورا دفعہ کا آزمودہ ہے۔

مجربات حکیم جیون مل صاحب ولد حکیم صاحب تہ مل صاحب

مقام جسوال ڈاکخانہ کھڈ تحصیل نوشہرہ ضلع شاہدرہ

عرق مصفی خون :-

عناب - پاپڑہ - منڈی بوٹی - نیم سیدی - ہلیلہ - بلیلہ - آملہ ہر ایک ۵ تولہ - گلو - عشبہ - صندل سرخ - صندل سفید ہر ایک ۲ تولہ - چرائتہ - سلیارہ - رسونت - کتھ ہر ایک ۲ تولہ - برادہ شیشم ۲ تولہ مذکورہ بالا ادویات کو تین سیر پانی میں بھگو کر دو بوتل عرق کشید کریں خوراک ۲ تولہ عرق ایکتولہ شہد خالص ملا کر بوقت صبح پلا دیں - نمک سے پرہیز کرا دیں - روغن زرد کا استعمال زیادہ کرا دیں نہایت مفید چیز ہے ۔

برائے بندش حیض احتباس طمث - ایام حیض کے چند دن پیشتر عرق مصفی خون مذکورہ استعمال کرا دیں اور شروع حیض کے دن جوشاندہ ذیل دیویں مجرب المجرب ہے :-

اجوائن دیسی - تخم سوہ - پودینہ - پاپڑہ - مغز خیار ہر ایک ۶ ماشہ - تخم گاجر - تخم کسنبہ ہر ایک ۴ ماشہ فی پڑیہ جوشاندہ بنا کر صاف کر کے شہد خالص ملا کر یا شربت بزوری بنا کر رات کے وقت دیویں - تین یوم استعمال کرا دیں ۔

زیادتی حیض کو روکنے کے واسطے :-

مغل ارمنی - سنگجراحت ہموزن لیکر کھرل کر کے محفوظ رکھیں - خوراک ایک شہ بھر پانی - نہایت کارآمد چیز ہے ۔

مجربات حکیم وڈاکٹر اوم پرکاش صاحب وید ایم بی

آنند گڈی - جموں

برائے آتشک بہت مفید ہے :-

رسکپور۔ شنگرف۔ دار چکنا سم الفار ہر ایک ایکتولہ ادرک کے نصف سیر پانی میں سب کو کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر جو ہرا ڈالیں اور محفوظ رکھیں۔ خوراک نصف چاول حلوے میں لپیٹ کر۔

سُرمہ جو ہر امراض چشم کے لئے مفید ہے :۔

افیون ۴ رتی۔ پھٹکڑی ۴ رتی۔ بورک ایسڈ ۴ گرین۔ زنک سلفاس ۱۲ گرین۔ زعفران ۶ رتی۔ کاپر سلفاس ۲ رتی۔ سرمہ سیاہ چار تولہ سب کو خوب پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور صبح و شام لگاویں۔

پلیگ کی گلٹی کے لئے :۔

السی۔ ارنڈ۔ اسپغول۔ مغز تخم دھتورہ سیاہ۔ بیٹھ کبوتر۔ بیج ارنڈ۔ آرد گندم برابر وزن لیکر خوب پیس کر ہمراہ پانی پیٹس سا بنا کر گرم گرم باندھو گلٹی پھوٹ جاویگی۔ اگر پھوٹی ہوگی تو بیٹھ جاویگی۔

حب مقوی باہ برائے مجلوقین :۔

سم الفار سفید۔ کتھ سفید۔ مغز مسنگھاڑہ خشک ہر ایک ایکتولہ تینوں کو ۳۶ عدد لیموں کے پانی میں کھرل کرو۔ جب پانی خشک ہو جاوے تو مشک۔ عنبر اور زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا ہر ایک ایک ماشہ داخل کر کے ایک دن آدکھرل کرو اور بقدر دانہ موٹے جوب بنا کر خشک کر کے محفوظ رکھو خوراک ایک گولی صبح ایک شام بعد غذا مکھن یا بالائی کے ہمراہ۔ قریب نصف گھنٹہ بعد دودھ گاڑھا پی لینا چاہئے۔ غذا مرغن دودھ گھی کا استعمال زیادہ رکھو۔

مجربات حکیم سید غلام باری صاحب

ساکنہ کلانور۔ ضلع گورداسپور

برائے قوت باہ و آتشک۔ یہ گولیاں قوت باہ و آتشک یا جو بیماریاں آتشکی مادہ سے پیدا ہوں نیز تصفیہ خون کے لئے بمنزلہ اکسیر ہیں۔ ہر وقت تجربہ آپ ہی معلوم

ہوگا۔ رسکپور۔ رسونت۔ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ایک تولہ۔ نیلہ تھوتھہ۔ صدف مروارید ی۔ سوختہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ آب لیموں یک بوتل۔ جملہ ادویہ مذکورہ میں آب لیموں کی ایک بوتل بذریعہ کھرل جذب کر دیں اور بمقدار نخود حبوب تیار کر لیں۔ ترکیب استعمال۔ اول رات کو کھچڑی نرم پکا کر اور اس میں روغن زرد اچھا ڈالکر کھائیں صبح ایک گولی پانی تازہ کے گھونٹ سے کھالیں ایک قے آویگی اس کے بعد گوشت بُز میں زیادہ روغن زرد اور معمولی مصالح ڈالکر پکا دیں اور کھالیں۔ ایک اسہال ہوگا اگر پیاس ہو تو دودھ مادہ گاؤ پیویں جس قدر ہو سکے (ایک من تک دودھ ہضم ہو سکتا ہے میرا تجربہ ہے) اس کے بعد بھی شاید ایک اسہال ہو۔ اسی طرح ایک ہفتہ کے بعد ایک گولی اور کھالیں۔ چار گولیوں کے کھانے سے قوت رفتہ پھر عود کر آتی ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

برائے ضعف جگر۔ خواہ کسی طرح سے عارض ہوا ہو یہ نسخہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے

اجواین دیسی چار سیر خام۔ زنجبیل۔ مجیٹھ ہر ایک تین پاؤ خام۔ آہن کہنہ ۵ سیر خام۔ قند سیاہ بسیار کہنہ تین پاؤ خام۔ آب چاہ ۲۰ سیر خام۔ مغز گھیکوار ۷ سیر خام جملہ ادویات کو جوکوب بنا کر کے معہ آب چاہ و مغز گھیکوار ایک صبوحہ گلی میں ڈالکر اور اس کا منہ مٹی سے بند کر کے روڑی میں دفن کر دیں۔ گرمی کا موسم ہو تو ۷ دن سردی ہو تو ۱۵ دن۔ بعدہٗ نکال کر صاف کر کے بوتلوں میں ڈال کر رکھ لیں۔ خوراک ۳ تولہ غذا نان گندم زاید گھی کے ساتھ کھائیں۔ باقی دیگر جملہ اغذیہ و اشیاء سے پرہیز۔ سات یا پندرہ دن تک استعمال کی جاوے۔

سفوف عظیم النفع۔ ہر قسم کے اسہال بند کرنے کے لئے مفید ہے:۔

بھنگ۔ زنجبیل۔ دارفلفل۔ انار دانہ۔ کشنیز خشک۔ صمغ عربی۔ کوکنار ہر ایک ایک تولہ بھنگ۔ کوکنار و انار دانہ کو علیحدہ علیحدہ بریاں کر کے دیگر ادویات کے ساتھ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں خوراک ۳ ماشہ مناسب بدرقہ کے ساتھ۔

تپ دق کے لئے مجرب ہے:۔

گربہ سیاہ کو ذبح کر کے اُس کے گوشت کو نمک شیشہ لگا کر خشک کر لیویں اور مریض دق کو سات روز کھلاویں اور قدرت حکیم مطلق کا ملاحظہ کریں ۔

مجلوق کجی کے لئے پٹی :-

جند بیدستر - دارچینی - عقرقرحا ہر ایک ۷ ماشہ تینوں ادویہ کو شراب برانڈی میں خوب صلایہ کریں بعدہٗ تھوڑا سا تلوں کا تیل لیکر عضو مخصوص کو خوب مالش کریں جب رگیں خوب گرم ہو جاویں تو تیار شدہ دوائی کو کسی پارچہ میں ضماد کر کے عضو پر چسپاں کر دیں اور تار ریشم سے خوب باندھ دیں تین دفعہ کے استعمال سے کجی بالکل جاتی رہتی ہے ۔

مُجرّبات حکیم سلطان علی شاہ صاحب

لٹیرہ خورد - ڈاکخانہ آدم پور ضلع جالندھر

برائے سطبری قضیب مجربہ و مولفہ از حضرت اقدس مولانا مولوی غلام رسول صاحب مرحوم رح و بندہ خود بارہا تجربہ نمودہ بسیار مجرب دیدہ برائے سطبری قضیب یعنے فربہی کہ فی الفور حاصل گردد و امساک و قوت باہ آرد ۔

خراطین دہنی ۳ ماشہ - زہرہ روہو ماہی ۳ ماشہ - زردی گل کٹائی خورد ۵ سرخ - کافور بھیم سینی ۲ سرخ - مشک تبتی ۳ سرخ ہمہ ادویہ را در شراب تند کھرل کنند و شیاف زیرہ ساختہ بوقت حاجت پیش از جماع شراب نم دادہ در سوراخ قضیب بالا کردہ نہند و فتیلہ فربہی پیدا کردد مجامعت کند ہر قدر کہ مجامعت کردہ آید فربہی زیادہ گردد ۔

برائے آتشک مجربہ مولانا صاحب ممدوح رح و بندہ خود بارہا تجربہ نمودہ بے جوشش دہان آتشک را زایل نمایند احتیاج پرہیز نیست اگر خواہند پرہیز کنند قلیہ و خشکہ بخورانند برائے ایں مرض بہتر ازیں دوا کم دیدہ می شود :-

پوست درخت نیم ۲۰ تولہ - پوست درخت کچنال ۲۰ تولہ - بیخ حنظل ۲۰ تولہ - پھلی ببول یعنی کیکر ۲۰ تولہ - کٹائی خورد با برگ یا پوست و بیخ ۲۰ تولہ - قند سیاہ بسیار کہنہ ۲۰ تولہ

ہر ادویہ را کوفتہ بیختہ در آب چھ آثار پختہ بجوشند چوں آب سوا آثار پختہ بمانند صاف کردہ در بوتل اندازند خوراک ہر صبح سات تولہ آب مذکور بنوشند متواتر دو ہفتہ ۔

معجون فلک سیر مسکر مشتہی و مبہی ممسک مجرب احقر است :-

زعفران - دانہ الائچی کلاں - دارچینی - قرنفل ہر ایک ۱۰ ماشہ - لوبان شقاقل مصری - اندر جو شیریں - جوز الطیب ہر یک دو تولہ - مغز بادام مقشر ۵ تولہ - مشک خالص تبتی ۴ ماشہ - مصری آثار پختہ - روغن بیخ شوکران ۵ تولہ - شہد ۲۰ تولہ - ادویہ کوفتہ بیختہ با روغن بیخ شوکران چرب نمودہ مصری و شہد را بہ قوام آوردہ ادویہ آمیختہ بطریق معمولہ معجون سازند قدرے شربت برائے مرد قوی الجثہ از یک سرخ تا چہار سرخ وسط از دو سرخ تا سہ سرخ تا یک سرخ سازند ۔

برائے ہیضہ وبائی احقر بسیار جا استعمال کردہ مجرب دانستہ ہرگز خطا نکردہ بیش یعنی مٹھا تیلیہ دو تولہ - آرد گلو ۴ تولہ در بول مادہ گاؤ بقدر ہشت روز کھرل نمایند مثل اکسیر شود تا پانزدہ تا کہ اکسیر الاکسیر شود - خوراک دو سرخ تا سہ سرخ با آب ادرک ۴ تولہ بخورند اگر آب ادرک نباشد زنجبیل را طبخ نمودہ آب بگیرند ۔

برائے ذرب و سنگرہنی مجرب بندہ است :-

کشتہ سنکھ ۱۰ تولہ - شیطرج ہندی ۳ تولہ - زنجبیل ۳ تولہ - فلفل سیاہ دو تولہ - نمک دریا ۱۰ تولہ - نمک سیاہ ۱۰ تولہ - نمک شیشہ ۱۰ تولہ - نمک لاہوری ۱۰ تولہ - جوکھار ۱۰ تولہ - گندھک آملہ سار تولہ - مٹھا تیلیہ مدبر ۶ ماشہ - سیماب تولہ سوائے گندھک کے سب ادویہ کو باریک کر کے آب لیموں میں کھرل کریں اور خمیر کریں اُدھر گندھک و سیماب کو داخل کر کے لیموں کے پانی سے کھرل کریں پھر باقی ادویہ ملا کر ایک ایک ماشہ کی گولی بناویں دھوپ میں خشک کر کے شیشہ میں رکھ لیں - خوراک ایک گولی ہر روز سکنجبین سے دیا کریں - صبح کے وقت اور سنکھ کا کشتہ اس طرح کریں - لیموں کا پانی ایک برتن میں اتنا ڈالا جاوے کہ اس میں سنکھ ڈوب جاوے - پھر سنکھ کو آگ میں خوب گرم کر کے اس پر پانی ڈالا جاوے اس طرح ہر بار گرم کر کے غوطہ دیتے جاویں یہاں تک کہ سنکھ

آب لیموں میں خاکستر ہو کشتہ ہو جاوے پھر دوائی مذکورہ میں ملا دیں فقط غذا ایک وقت پلاؤ نمکین ایک وقت دال مونگ ہمراہ روٹی گندم ۔

برائے سگِ دیوانہ مجربہ و مولفہ جناب استاد صاحب مولانا مولوی غلام رسول صاحب بندہ خود بسیار جگہ آزمودہ است ہرگز خطا نہ کردہ :-

ذراریح سرو بازو بریدہ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ سنبل الطیب ۲ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ فلفل سیاہ ۲ ماشہ فلفل دراز ۲ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ ہمہ ادویہ را کوفتہ بیختہ بآب قرص سازند بقدر دو دانق یک قرص بخورند اگر در شانہ سحج معلوم شود جوشاندہ عدس مقشر ۵ تولہ ہمراہ بادام روغن و قدرے مسکہ گاؤ انداختہ بنوشند و نیز در آب زن بنشانند اگر حاجت بول شود در آبزن بول کند اگر بول برنگ خون آمد پس آرام شود و دیگر دوائی حاجت نیست اگر بول برنگ خون نیاید بار دیگر قرص بخورانند بطریق مسطورہ ۔

برائے جریان منی و مغلظ منی و نیز قوت باہ آرد مجربہ و مولفہ بندہ :-

گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ گوند سہانجنہ۔ گوند بادام۔ گوند سنبل۔ گوند ڈھاک۔ تودری سفید۔ تودری زرد۔ تخم کاسنی۔ تالمکھانہ۔ گوکھرو کلاں۔ شقاقل مصری۔ گل سپیاری۔ فوفل دکھنی ہر یک یکتولہ ثعلب مصری پانچ تولہ مصری کالپی ۲۰ تولہ بدستور سفوف کردہ بقدر یکتولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ تازہ بخورند از ترشی و اشیاء تیز پرہیز کنند ۔

مجربات ڈاکٹر جے رام داس صاحب ایم۔ ڈی

طبیب یونانی سند یافتہ سوئٹزرلینڈ و کلکتہ

برائے نزول الماء ہر قسم :-

بول خر۔ بول اونٹ و بول انسان ہر سہ ہموزن کی کھار نکالکر انجن کریں صرف ایک ایک سلائی

برائے تمام امراض چشم :-

نوشادر و سہاگہ خام ہر ایک ایک پاؤ باریک کر کے پیتل کی پرات میں ڈال کر اس میں قدرے رس گھیکوار ڈالیں اور ایک پیتل ہی کے لوٹے کے پیندے سے گھسیں یہاں تک کہ ایک

دس اس میں سوکھ جائے بس طیار ہے۔ پھولا۔ جالا۔ کمزوری نگاہ۔ ڈکار۔ باہمنی۔ آشوب۔ پدبال وغیرہ کل امراض متعلقہ چشم اور پلک وغیرہ کیواسطے مفید ہے ہر روز ایک ایک سلائی بست کے سرمچو سے انجن کریں ۔

ایک مار سیاہ کالا جس کی چھاتی بھی سیاہ ہو یعنے سوا سیاہی کے کوئی نشان مفید نہو ایک ہانڈی میں ڈال دو سیر روغن کنجد اس پر ڈالیں منہ ہانڈی چپنی سے ڈھانپ کر گل حکمت کر کے کفر کے ڈھیر میں چالیس یوم دفن کر کے نکالیں صرف اس کی ہڈی ہی رہیگی اس تیل چھان کر نگاہ رکھیں بروقت ضرورت چراغ مسی میں ڈال کر جلائیں اس کا دھواں حاصل کر کے روز سرمہ انجن کریں کل امراض چشم پر مفید ہے نیز اسی تیل کو آبدختاز پر لگانا بھی مفید ہے

برائے دمہ ہر قسم مفید و مجرب :-

آک کے پودے کی راکھ۔ تمباکو کی راکھ۔ کپاس کی دکھ ہر سہ راکھ ہموزن اس کے برابر کھانڈ دیسی ملا کر نصف ماشہ تک روز سرمہ کھلانے سے دمہ ہر قسم دور ہو جاتا ہے ۔

مجربات حکیم خواجہ عبدالقادر صاحب شفا

دارالصحت مخزن الشفا حیدرآباد دکن

طلا قطب شاہی

روغن زیتون ۵ تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ خراطین صاف نمودہ ۲ تولہ۔ آلایش شکم کیکڑا یکعدد ان سب کو ایک دن اور ایک شب ہر دو روغن میں ڈالکر رکھنا دوسرے روز گرم کرنا تاکہ سرخ ہو جائے اس وقت اتار کر چھان کر شیشہ میں رکھنا وقت ضرورت تھوڑا سا لیکر حشفہ چھوڑ کر طلا کرنا تاکہ جذب ہو جائے۔ ایسا ایک ہفتہ لگاتار دو وقت یعنے صبح و شام پرہیز ترشی و بادی و جماع کا ضروری ہے کئی بار آزمایا گیا ہے

طلا مہی :-

عقرقرحا۔ دارچینی۔ خولنجان ہر یک یکتولہ باریک ساشیدہ بار روغن کنجد آمیختہ بمالند و اگر خواہند بحالت اصلی باز آید با آب سرد بشویند ۔

برائے تپ دق جملہ اقسام :-

چھال نیم چار انگشت۔ چھال پیپل چار انگشت رات کو پاؤ بھر پانی میں تر کر کے صبح مالیدہ صاف نمودہ نوشانند مجرب المجرب ۔

مُجرّبات حکیم محمد خاں صاحب آروی رجسٹرار

لعل گنج۔ ضلع مظفر پور۔ صوبہ بہار

برائے قرحہ ریہ (سل) :-

مویز منقے مع تخم گیارہ سے اکیس دانہ تک حسب مزاج ۲ تولہ آب سرد میں سحق بلیغ کر کے صبح و دوپہر و شام پی جایا کریں۔ خون تھوکنے کے لئے اکسیر ہے ۔

برائے فواق (ہچکی) :-

ہچکی جو اکثر زیادہ خوراک کھانے سے آتی ہے بروقت نمک یا لیموں چاٹ لینے سے غائب ۔

برائے سوزاک و قرحہ :-

روغن صندل۔ روغن بلسان۔ روغن بہروزہ۔ روغن کباب چینی ہر ایک ایک تولہ باہم ملا کر ایک شیشی میں رکھ چھوڑیں ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام اور ایک ماشہ رات کو سوتے وقت بونٹ کے حلوہ کے اندر بند کر کے نگل جاویں۔ غذا میں کسی قسم کا پرہیز نہ کریں۔ گڑ تیل۔ مرچ۔ انڈا۔ گوشت جہاں تک رغبت ہو کھائیں۔ یہ نسخہ اپنا ایجاد کیا ہوا ہے جو اس ناپاک مرض کی بیخکنی میں مسیحائی کرتا ہے ۔

مُجرّبات حکیم پنڈت دینا ناتھ صاحب شرما

مقام فتحگڑھ پنجتور۔ ضلع فیروزپور

کُشتہ قلعی درجہ اوّل :-

یہ کشتہ نہایت اعلیٰ درجے کا ہے۔ کہنے کو تو یہ کشتہ قلعی ہے لیکن سچ جانئے کہ کشتہ چاندی بھی اس کے سامنے کوئی حقیقت نہیں رکھتا میں نے اسکو کئی بار بنایا اور آزمایا ہے ۔

جریان منی کے مریض، احتلام کے شاکی جن کو سالوں سے یہ مرض اٹھی محض کشتہ کے استعمال سے بالکل تندرست ہو گئے یہ ایک سنیاسی کا عطیہ ہے جس کو میں نے آج تک مخفی رکھا تھا اور کسی اخبار یا کتاب میں نہیں چھپوایا بناؤ۔ اور اس کتاب کے موجد کو دعائے خیر سے یاد کرو جن کے طفیل سے ایسے بیش بہا درگوہر آپ کے ہاتھ آئے ہیں :-

قلعی عمدہ آٹھ تولہ لیکر اس کو یکے بعد دیگرے تیل سرسوں، کلونجی، پیشاب گائے، دہی میں کم از کم ۱۲ دفعہ زیادہ سے زیادہ سے ۲۱ بار بجھاؤ دیکر صاف کریں پھر اس میں پارہ چار تولہ ڈالکر قلعی بمعہ پارہ کو لوہاروں کے آہرن پر رکھ کر ریزہ ریزہ کریں اور علیحدہ رکھیں۔ اب ہرڑ، بہیڑہ، آملہ، بیٹ جنگلی کبوتر، ہلدی، بھنگ ہر ایک تین تین چھٹانک لیکر خوب باریک کپڑچھان کریں۔ ایک گڑھا بقدر ڈیڑھ ہاتھ لمبا چوڑا کھود کر اس پر دس سیر اپلے ٹکڑے ٹکڑے کر کے بچھائیں اور ان پر ایک ٹاٹ کا ٹکڑا بچھا کر اس کے اوپر باریک شدہ دوائی بچھا دیں قلعی بمعہ پارہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو اس پر بچھا کر اس کے اوپر ٹاٹ کا ٹکڑا بچھا دیں اور دس سیر اپلوں کو ان کے اوپر دیکر آگ روشن کریں جس وقت سرد ہو جائے آہستہ سے نکالیں قلعی شگفتہ ہوگی کھرل میں ڈال کر باریک پیس کر رکھیں خوراک ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ مکھن یا بدرقہ مناسب استعمال کرائیں مرد کو بنگ گھوڑے کو تنگ کی مثال اس کشتہ پر بالکل ٹھیک اترتی ہے۔

برائے پھولا چشم بہت مفید ہے :-

سونٹھ۔ مرچ سیاہ پھٹکڑی۔ شیشہ نمک۔ کشتہ جست۔ شورہ قلمی۔ سبز کانچ یعنی (ہرے رنگ کا کانچ) مگھ۔ سیندور۔ بھنگ تمام اشیاء ہموزن لیں۔ پہلے ہرے کانچ کو خوب ہی باریک پیس کر مثل سرمہ کر لیں۔ بعد ازاں اس باریک شدہ کانچ کو دیگر اشیاء میں ڈال کر خوب باریک پیس لیں اور کپڑچھان کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت صبح و شام استعمال کرائیں۔ پرہیز کھٹائی سے

مجربات حکیم ایس ایم یوسف صاحب۔ دہلوی

پوسٹ رسٹی نیٹ۔ کلکتہ

برائے درازی و فربہی عضو خاص نہایت مجرب است :-

عقرقرحا ۱ تولہ۔ خولنجان ۱ تولہ۔ خراطین خشک ۲ تولہ۔ زفت روی اہل قسم ۲ تولہ۔ روغن کنجدہ
تولہ سب دواؤں کا سفوف کر کے روغن کنجد میں دو دن تک حل کریں یہاں تک کہ لیس دار
ہو جائے وقت استعمال پہلے تخم کرفس کو پانی میں جوش دیکر عضو مخصوص کو اچھی طرح دھو ڈالیں
اور پھر دوائی لگاویں۔ کم از کم پندرہ یوم ایسا کریں نہایت قوی العمل اور زود اثر چیز ہے۔

حب تپ صفراوی کو بہت نافع ہے:۔

کتھ سفید پاؤ حصہ۔ کافور ایک حصہ۔ گوشت ہیں کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک
ایک گولی وقت صبح۔

حب برائے سرعت انزال بہت مفید ہیں:۔

تخم خربزہ مغز تخم پہول مغز بادام تخم خیارین مغز تخم سرس مغز تخم کدو مغز تخم
خشخاش سب ادویہ ہموزن لیکر بھنگرہ کے شیرہ میں کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں
بنا دیں۔ خوراک چار ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

قرص حبہ اندام نہانی کی سختی کے واسطے بہت مجرب ہے:۔

چنیا گوند ۶ ماشہ بہت باریک پیس لیں اور ۲ تولہ پھٹکڑی بریاں کریں اور حین بریاں کرتے
وقت پانی میں گوند بھی چنیا گوند ملا کر اس پر چھڑکیں۔ بعد سرد ہونے کے پیس پھر تھوڑا سا
بھاوا دا کر دوسری بار پیس کر محل مخصوص میں رکھیں۔ فائدہ عجیب دیکھیں۔

حب بچوں کے سبز دست آنے کو مفید ہے:۔

ببول کی پتیاں۔ لونگ۔ مروارید۔ گلنار۔ زعفران۔ نیب کی کونپل۔ سونف۔ سیاہ زیرہ
سفید زیرہ۔ کچ۔ اجوائن۔ برنگ کابلی ہر ایک سات ماشہ باریکر پیس کر چنے کے برابر
گولیاں بنا کر ایک صبح اور ایک شام کھلا دیں۔

مجربات ابوالنصیر حکیم سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب کرمانی

ٹنڈو محمد خاں سندھ

منضبط کرمانی برائے دکنی السرد مفید:۔

عناب۔ سپستان ہر یک ہفت دانہ گل بنفشہ نیلوفر خطمی خبازی۔ سورنجان۔ گاؤزبان۔ بہدانہ۔ زوفا ہر یک دو ماشہ مصری سہ تولہ۔ بادیان۔ ملٹھی۔ کاکنج سیاہ ہر یک ماشہ۔ آب یک نیم پاؤ تر کردہ صبح جوشانیدہ بنوشند مجرب و آزمودہ ۔

منضج ایجاد کرمانی برائے ذات الجنب :-

اصل السوس سہ ماشہ۔ عناب پنجدانہ۔ گاؤزبان۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ گل خیرو ہر یک شش ماشہ گل سرخ یکتولہ جوش دادہ بکار برند۔ وزن گل سرخ را بر طبیعت مریض تغیر و تبدیل کنند تا کہ اسہال شوند ۔

کحل اخضر کرمانی برائے قوت بصر و بیاض بصر و ناخنہ و زیادتی موء :-

افیون۔ مصری۔ زعفران۔ شب یمانی ہر یک نیم ماشہ۔ کف دریا۔ نوشادر۔ نیلہ تھوتھہ۔ صمغ عربی ہر یک دو ماشہ ہمہ ادویہ در کھرل سائیدہ سرمہ تیار کنند و بکار برند اگر برائے ناخنہ بکار برند شنگرف نیز داخل سازند و در زیادتی مو بعد کندیدن مو ہماں ساعت افیون نیم ماشہ و زعفران نیم رتی با قدرے آب مخلوط کردہ میل بآں آلودہ بر مکان مو کندیدہ بگرداند و بر آں کحل استعمال کند باز روز دوم و سوم بدستور بعمل آرد ۔

مسہل کرمانی برائے اسہال :-

سنکھیا۔ دارچکنا۔ مردار سنگ۔ رسکپور۔ مساوی نیم کوب نمودہ در دیگ گلی انداختہ سرپوش دادہ جوہر بکشد و آتش از چوب پنبہ یا بیخ کانہ دہ سیر پختہ بدہد پس جوہر کہ بر سرپوش چسپیدہ باشد بکشد فقط سر سوزن در پتاشہ یا در بادیان بخوراند دہ یا زدہ اسہال خواہد شد ۔

مجربات حکیم لالہ کندن لال صاحب ولد لالہ رگھومل صاحب

شکارپور سندھ

مفید سل و دق۔ تینوں درجوں میں مفید ہے :-

شاخ مرجان سوختہ۔ ابرک و عناب۔ مروارید۔ برادہ نقرہ۔ سرطان سوختہ ہر ایک ۳ ماشہ

برابر طلا یک ماشہ ادویہ دو روز آب لیموں میں اور دو روز کنوار بوٹی میں کھرل کریں پھر ٹکیہ بنا کر آدھ سیر گل سرخ تازہ کے گملہ میں رکھ کر آگ آٹھ سیر کی دیں سرد ہونے پر گلاب دو آتشہ میں کھرل کر کے رکھیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ شیر مادہ خریا شیر بکری دیں۔

حب مسہل۔ یہ گولیاں اسہال کے لئے بہت مجرب ہیں۔ ہر قسم کے فساد خون میں تنقیہ مادہ کے لئے دی جاتی ہیں:۔

جمال گوٹہ مدبر ۲ تولہ، کتھ سیاہ ۲ تولہ دونوں کو پیس کر موگہ کے برابر گولیاں بنا دیں اکثر تین چار گولی خوب مسہل ہو جاتے ہیں۔ مجرب ہے۔

دوائی خارش جو خارش کے لئے بہت مفید و مجرب ہے:۔

نیلا تھوتھہ بریاں ۱ ماشہ۔ سیماب۔ زال سفید۔ کبیلہ۔ مردار سنگ۔ تلفل سیاہ ہر ایک ۲ تولہ نیلا تھوتھہ و سیماب کو آب برگ حنا سبز میں کھرل کریں تا کہ سیماب جذب ہو جاوے بعد دیگر ادویات پیس کر باہم ملا کر رکھ لیں وقت حاجت ۲ تولہ دوائی ۴ تولہ دھوئی ہوئی روغن میں ملا کر مالش کریں۔

عرق ہاضم نہایت مجرب۔ درد شکم۔ کمی اشتہا۔ ورم طحال وغیرہ جملہ امراض شکم کو مفید ہے۔ مغز گھیکوار ایک پاؤ۔ آب ادرک ایک پاؤ۔ نمک سیاہ۔ نمک ناہوری۔ سہاگہ پھٹکیا۔ نوشادر ہر ایک ۲۔ تولہ اول نمک و مغز گھیکوار کو ملا کر ایک بوتل میں بند کر دھوپ میں رکھیں جب مغز گھیکوار جل جاوے اس کے بعد جملہ ادویہ باریک پیس کر چھان کر آب ادرک ملا کر شامل کریں جب سب ایک ذات ہو جاویں تو چھان کر دوسری بوتل میں بھر کر رکھ لیں خوراک ایک تولہ دن میں تین مرتبہ بہت مجرب ہے۔

مجربات خادم الاطبا حکیم ایس جے رام نند

کیرت پور۔ ضلع ہوشیار پور

اکسیر برائے آتشک اور جذام

شنگرف۔ دار چکنا۔ رسکپور ہر ایک ایک تولہ۔ پارہ صفتی ۶ ماشہ۔ ہڑتال ورقی صفتی ۱ ماشہ سنکھیا سفید ۱ تولہ۔ ان تمام ادویہ کو دودھ آک میں ایک ہفتہ تک کھرل کریں بعد دو چنالیاں ٹکیا

کی لیکر اُن کو کسی پتھر پر منہ کی طرف رگڑ رگڑ ہموار کر کے منہ ملا کر دیکھیں اگر بخوبی مل جاویں
اور کوئی سوراخ یا دراز معلوم نہ دیوے بعد ایک پیالی کو چار گل حکمت کریں بعد دونوں
پیالیوں کے منہ آپس میں ملا کر صرف منہ پر گل حکمت کر کے نیچے دو پہر تک دو لکڑی بیری
کی آگ جلاویں اور اُوپر کی پیالی پر گیلا کپڑا کر کے رکھ دیوے۔ سوکھنے یا بہت گرم ہونے
پر کپڑا اُٹھا کر دوبارہ تازہ پانی بھگو کر رکھ دیویں اسی طرح تا اختتام عمل کریں بالکل سرد
ہونے پر اُوپر کے پیالے سے بحفاظت جوہر اُتار لیویں بعد جوہر کو برگ بکائن کے خالص عرق
(رس پلیک یوم) کھرل کریں اور بدستور جوہر کا جوہر اُڑا دیں بعد سرد ہونے کے جوہر کو اُتار
کر رس لیموں یا رس کھٹکل میں کھرل کریں بعد بدستور جوہر اُڑا دیں بعد سرد ہونے کے جوہر
اُوپر والی پیالی سے اُتار کر محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن پانچ تولے استعمال
کریں جب پیاس لگے گھی پلاویں اول تو ایک خوراک دینے سے آرام ہو جاویگا حد تین خوراک
اس سے آتشک اور جذام وغیرہ وغیرہ یوں بھاگتے ہیں جیسے گدھے کے سر سے سینگ
یہ مذکورہ امراض کے لئے مجرب اور تیز بہدف نسخہ ہے اگر اس کو اکسیر کے نام سے پکارا
جاوے تو بیجا نہیں کیونکہ یہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے (نوٹ) آگ سے احتیاط رکھیں دھم دھم آگ
جلاویں اور پیالیوں میں سے کہیں دھواں نکلے تو مٹی سے بند کر دیا کریں ۔

اکسیر سوزاک ۔ بہت مفید ہے ۔

نوشادر ۵ تولہ۔ پھٹکڑی سرخ۔ سہاگہ۔ کشتہ صدف۔ جوکھار ہر ایک ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار
آٹھ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ ان تمام ادویہ کو تین شبانہ روز شیر آک میں کھرل کر کے ٹکیہ ۲۰ بناویں
اور مٹی کے پیالوں کو گھس کر اُن کے منہ آپس میں ہموار کر لیویں بعد ٹکیہ پیالے میں رکھ کر
درمیانی حصہ تک خوب گل حکمت کر دیویں اور نیچے دھیمی دھیمی آگ آٹھ پہر جلاویں بعد ۲۴
گھنٹہ کے اُتار لیویں اور آگ دیتے وقت اُوپر والے پیالے پر چند تہ کپڑا بھگو کر رکھنا چاہئے
گرم ہونے یا سوکھنے پر دوبارہ تازہ پانی میں بھگو کر رکھ دیا کریں سرد ہونے پر حفاظت سے پیالے
علیحدہ کر کے اور اُوپر والے پیالے سے تمام جوہر اُتار کر شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔ خوراک
ایک رتی جوہر ہمراہ کھانڈ سفید یا پتاشہ میں رکھ کر نگل جائیں اُوپر سے اُسی وقت دودھ کی لسی

پی جاویں اور پیاس لگنے پر بھی دُودھ کی لسی استعمال کریں شام کے وقت دُودھ چاول کھاویں اس سے تین روز میں شرطیہ سوزاک دُور ہوگا۔ جتنے روز میں صحت ہو اُتنے روز اور استعمال کریں۔ درمیان میں نمک سے پرہیز بہت جلد فائدہ ہوگا۔

اکسیر طحال۔ مجرب ہے:۔

سم الفار سفید ۱ حصہ۔ ہیرا کسیس ۱۶ حصہ۔ نوشادر ۳۲ حصہ۔ چرائتہ ۶۴ حصہ۔ ان سب کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر وزن کرلیں۔ بعد ملا کر رس گھیکوار میں ایک پہر کھرل کریں اور مقدار گولی جنگلی بیر کے طیار کریں ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ گرم پانی نوش کراویں۔ دو ہفتہ میں شرطیہ طحال دُور ہوگی سب سے سچا گواہ تجربہ ہے اور تجربہ ہی شرط ہے۔

سرمہ مفید البصر جو کہ ضعف بصارت چشم و ابتداء نزول الماء و شبکوری و بیاض چشم و ناخونہ اور پڑبال وغیرہ کے لئے ازحد مفید ہے:۔

زعفران کشمیری ۵ رتی۔ سمندر جھاگ۔ پھٹکڑی شگفتہ۔ نوشادر۔ طوطیا بریاں۔ زنگار ہر ایک ۲ ماشہ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ۔ افیون خالص ۱ ماشہ سب کو عرق پھول نیم یا صرف نیم میں ایک پہر کھرل کریں جب مانند غبار ہو جاوے ریشمی کپڑے میں چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور سلائی سے لگاویں تجربہ کر کے دُعا خیر سے یاد فرماویں۔

مجربات حکیم نظام الدین محمد صدیق صاحب

قصور ضلع لاہور۔ دروازہ کوٹ بدر دین خاص

دافع ریح البواسیر:۔

پوست ہلیلہ زرد ۱۰ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱ تولہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ تربد مقشر ۲ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ۔ صبر زرد ۳ تولہ۔ مقل ازرق ۶ تولہ تمام ادویہ میں سے جو کوٹنے والی ہوں کوٹ لیں اور جو پانی گداز کرنے والی ہوں گداز کریں بعدہ ملا کر حب بآب کرفس یا از عرق بادیان تیار کریں خوراک ۲ ماشہ کریں اور مداومت کریں انشاء اللہ یہ نسخہ اسرار سے ہے ایک مدت سے میرے تجربہ میں آیا ہے آپ کے ایما پر اظہار کیا گیا۔

کرۃ الریاح عام اس کو باد گولہ کہتے ہیں اور یہ مرض بکثرت عورات کو نمودار ہوتی ہے بوجہ حبس طمث یا بعد مرض طویل یا از کثرت غم یا از بند ہونے نفاس سے با افراط برودت و بلغم غلیظ بہت ہی ظہور پذیر ہوتی ہے بیمار ہر وقت کراہتا اور بے قرار رہتا ہے۔ اول ماء الاصول سے مادہ کا انضاج کریں تا نو یوم بعدہٗ موافق مزاج کے مسہل دیویں:۔

جلاب۔ تربد۔ عشق پیچہ ہر ایک ۴ ماشہ سفوف کر کے گرم پانی سے نقل کریں دو تین دفعہ ساعۃً بعد ساعۃٍ پانی گرم تھوڑا تھوڑا دیویں اسہال با فراغت ہونگے بہت سا مواد خارج ہو جائیگا بعدہٗ یہ گولیاں تیار کر کے استعمال کریں:۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ شب یمانی نوشادر۔ نانخواہ۔ ثمر کٹائی خورد۔ نمک سیاہ۔ دارہلد۔ جوکھار تمام کوٹ چھان کر سفوف کر کے محفوظ رکھیں خوراک ۱ ماشہ پارس کو ارگندل سے کھرل کر کے حب بمقدار نخود تیار کر کے ۱ ماشہ کھاویں اور مداومت کریں۔

ضیق النفس کہ از مادہ بلغم مع الحرارت یا تپ ہو:۔

کشمش سبز ۹ ماشہ۔ بہمن سفید ۳ ماشہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ مع پوست نیمکوفتہ۔ کوسے ابریشم ۳ ماشہ۔ عناب ۷ عدد۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ رات کو گرم پانی میں نقوع کریں صبح جوش دیکر مل چھان کر صاف کر کے نبات ڈالکر پلاویں اگر تپ ہو تو یہ سفوف ہمراہ دیویں۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ افسنتین۔ مست گلو۔ مغز کرنجوہ ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ چھان کر ۱ ماشہ خوراک ہمراہ مطبوخ بالا مذکورہ کے دیں۔

اسہال اطفال زرد رنگ کہ اکثر دائیہ کی بد احتیاطیوں اور بد پرہیزیوں سے وقوع میں آتے ہیں دائیہ ہر چہار اشیاء سے پرہیز کرے:۔

گلنار۔ الائچی خورد۔ افیون۔ چاکسو۔ رسوت۔ کچور۔ زیرہ سفید۔ ہلدی۔ پوست نیم۔ کونپل کاٹن کونپل ببول ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ چھان کر حب بمقدار مونگ تیار کریں۔ خوراک ۲ گولی ہمراہ شربت انجبار یا حب الآس یا ہمراہ شربت انار صبح شام تا سہ یوم دایہ کو ہدایت کریں کہ بد پرہیزی نہ کرے۔

حب دافع اسہال سبز اطفال اکثر دایہ کی بدعنوانیوں اور بد پرہیزیوں سے

یہ حالت بچوں پر نمودار ہوتی ہے اول شیر اور اشیائے نفاخ انگیز سے احتراز کرائیں بعدہٗ بچہ کو شیر بکثرت نہ پلائیں چونکہ یہ علت بچوں کو کثرت شیر پلانے سے ہوتی ہے بچہ شیر حد سے زیادہ پی جاتا ہے اور بدہضمی بچہ کو لاحق ہوتی ہے اس صورت میں اسہال غیر منہضم ظہور پذیر ہوتے ہیں بچہ کو دودھ کم پلایا جاوے اور دایہ کو پرہیز کلی اشیائے باردہ نافخہ سے کرائیں اور یہ نسخہ تیار کر کے بچہ کو استعمال کرائیں فاحفظ اللہ عجیب :-

برگ ببول - لونگ - مردار سنگ - گلنار - کیسر - کونپل نیم - زیرہ کرمانی - زیرہ سفید - نمک سونچر - تج - اجوائن - باؤبڑنگ ہر ایک ۷ ماشہ باریک کر کے گولیاں بمقدار نخود تیار کریں اور ایک گولی صبح اور ایک دوپہر ایک شام بچہ کو بطریق مناسب دیں انشاء اللہ کوئی خرابی نہ رہیگی اور تپ وغیرہ بھی اگر ہوگا تو دور ہو جائیگا ۔

مجربات حکیم اکبر حسین صاحب

گڈری بازار - الہ آباد

فواق - ہچکی کیسی ہی سخت آرہی ہو - ۲ تولہ پودینہ کی پتیاں کھلا دینا فوراً آرام ہوگا ۔

برائے بواسیر خونی :-

جس وقت خون جاری ہو تو ایک تولہ تخم سرس باریک کوٹ کر اور سفوف پھانک کر اوپر سے باسی پانی پیا جاوے خون بالکل بند ہو جاویگا اور کچھ دنوں کے لئے آرام ہوگا ۔

طلا خام :-

مہتی مینڈک ۱ ماشہ - سنکھیا سفید ۳ رتی - افیون خام ۳ ماشہ - بیر بہوٹی ۳ ماشہ - مغز پستہ ۴ ماشہ سب کو شراب برانڈی میں ملا کر بطور لیپ استعمال کیا جائے ۳ یوم کا استعمال کافی ہے

برائے سیاہ کردن مو :-

ٹیسو کے پیڑ پر (جس کو پلاس کہتے ہیں) جو پیڑ باندا کا ہوتا ہے اس کی دس بارہ پتیاں سبز کاٹ کر کھچڑی میں روغن زرد زیادہ ڈالکر چالیس یوم کھاویں تو بال سیاہ نکلینگے - دو آدمیوں پر میرا تجربہ ہے لیکن باندا ٹیسو کے پیڑ پر بمشکل ملتا ہے جن صاحب کو دستیاب

یہ حالت بچوں پر نمودار ہوتی ہے اول شیر اور اشیائے نفاخ انگیز سے احتراز کرائیں بعدہٗ بچہ کو شیر بکثرت نہ پلائیں چونکہ یہ علت بچوں کو کثرت شیر پلانے سے ہوتی ہے بچہ شیر حد سے زیادہ پی جاتا ہے اور بدہضمی بچہ کو لاحق ہوتی ہے اس صورت میں اسہال غیر منہضم ظہور پذیر ہوتے ہیں بچہ کو دودھ کم پلایا جاوے اور دایہ کو پرہیز کلی اشیائے باردہ نافخہ سے کرائیں اور یہ نسخہ تیار کر کے بچہ کو استعمال کرائیں فاحفظ اللہ عجیب :-

برگ ببول - لونگ - مردار سنگ - گلنار - کیسر - کونپل نیم - زیرہ کرمانی - زیرہ سفید - نمک سونچر - نج - اجوائن - باؤبڑنگ ہر ایک ۷ ماشہ باریک کر کے گولیاں بمقدار نخود تیار کریں اور ایک گولی صبح اور ایک دوپہر ایک شام بچہ کو بطریق مناسب دیں انشاء اللہ کوئی خرابی نہ رہیگی اور تپ وغیرہ بھی اگر ہوگا تو دور ہو جائیگا۔

مجربات حکیم اکبر حسین صاحب

گڈری بازار - الہ آباد

فواق - ہچکی کیسی ہی سخت آرہی ہو - ۲ تولہ پودینہ کی پتیاں کھلا دینا فوراً آرام ہوگا۔

برائے بواسیر خونی :-

جس وقت خون جاری ہو تو ایک تولہ تخم سرس باریک کوٹ کر اور سفوف پھانک کر اوپر سے باسی پانی پیا جاوے خون بالکل بند ہو جاویگا اور کچھ دنوں کے لئے آرام ہوگا۔

طلا خام :-

سہتی مینڈک ۱ ماشہ - سنکھیا سفید ۳ رتی - افیون خام ۳ ماشہ - بیر بہوٹی ۳ ماشہ - مغز پستہ ۴ ماشہ سب کو شراب برانڈی میں ملا کر بطور لیپ استعمال کیا جاوے ۳ یوم کا استعمال کافی ہے

برائے سیاہ کردن مو :-

ٹیسو کے پیڑ پر (جس کو پلاس کہتے ہیں) جو پیڑ باندا کا ہوتا ہے اس کی دس بارہ پتیاں سبز کاٹ کر کھچڑی میں روغن زرد زیادہ ڈالکر چالیس یوم کھاویں تو بال سیاہ نکلینگے۔ دو آدمیوں پر میرا تجربہ ہے لیکن باندا ٹیسو کے پیڑ پر بمشکل ملتا ہے جن صاحب کو دستیاب

ہووے وہ ضرور اس عمل کو کریں ۔

برائے زخم ہر قسم و پھوڑا و ناسور :-

گدھی کا گوشت بمعہ کھال کے سایہ میں خشک کرلیں بعدہٗ جلا کر اس کی راکھ کو زخم پر چھڑکیں ۲ روز میں زخم بھر آویگا ۔

ماشرا - پتی اگر نکل آتی ہو :-

عقرقرحا ۳ ماشہ کھلانے سے آرام ہوگا صرف ایک بار کھلانا کافی ہے ۔

سعال ہر قسم :-

برگ کیلہ خشک ۵ تولہ بھٹی کی گلی خشک ۳ تولہ ۔ فلفل دراز چھ عدد کو گرم بھوبل میں بھون لیں ۔ برگ کیلہ و بھٹی کی گلی کو کوئلہ بنالیں سب باریک پیس کر اور سب کی ہموزن مصری کوزہ ملا کر دن میں تین چار بار دو دو چٹکی دیویں ۔

برائے زخم قروح بثور کہنہ و جدید و ناسور و زخم سرطان و دنبل وغیرہ :-

گرگٹ ایک عدد لیکر اس کے شکم میں پارہ دو تولہ داخل کریں بعدہٗ شکم کو سی دیں ۔ ایک پاؤ روغن کنجد میں گرگٹ کو کوئلہ کریں جب خوب جل جاوے ایک تولہ تخم دھتورہ سیاہ قنبیل (کمیلہ) ۲ تولہ مصفا داخل کریں نیب کی لکڑی سے ۶ گھنٹہ کامل برابر گھوٹیں مثل مرہم کے ہو جاویگا اٹھا کر شیشی میں رکھیں کنٹھ مالا کا حکمی علاج ہے اور ہر قسم کے پھوڑے پھنسی اس کے لگانے سے بہت جلد اچھے ہوتے ہیں ۔

روغن برائے سوزاک :-

روغن صندل ۔ روغن بہروزہ ۔ روغن کباب چینی ہموزن لیکر علی الصباح ایک پاؤ شیر گاؤ میں ۱۸ قطرہ روغن ڈالکر پی لیویں اسی طرح تا استیصال مرض دونوں وقت پئیں ۔

روغن خضاب :-

اندرائن ایک حصہ ۔ مازو نصف حصہ ۔ اخروٹ ایک حصہ معہ پوست مغز سب کا روغن نکالیں ۔ دو بار کے لگانے سے بال سیاہ ہونگے ۔

برائے ذیابیطس ۔ ذیابیطس کا نسخہ میرے تجربہ میں مفید ثابت ہوا ہے اور

اور ستر اسی فیصدی یقینی مفید ہے:-

شنگرف ایکتولہ پوست قشر بیضہ آٹھ عدد میں کھرل کریں جب گولی بن جاوے تو مٹی کی کلیا میں رکھ کر اور گل حکمت کر کے ۲۰ سیر پختہ اُپلوں کی آگ دیں اس سے کشتہ پوست بیضہ و شنگرف عجب سفید ہوگا (میرے تجربہ میں بھورا رنگ ہوتا ہے) نکال کر باریک کریں اور اقاقیا تولہ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ طباشیر کبود ۱۰ ماشہ تخم حماض ۷ ماشہ باریک ملا کر نگاہ رکھیں خوراک ایک رتی سے ۳ رتی تک ہمراہ مسکہ و شیرہ مغز بادام ۶ دانہ صبح و شام سے کھایا کریں۔

طلا اکسیر اعظم:-

۵ تولہ فرار مصفا کو لیکر سنگ سماق کے کھرل میں دستہ ہاتھی دانت سے کھرل کریں لیکن ۳ ماہ لگاتار بلا توقف۔ روغن ہو جاویگا اعضائے تناسل پر صرف تین یوم تین خط روزانہ دیدیا کریں اور قدرت خدا کا کرشمہ دیکھیں۔

برائے امساک مجرب ہے:-

ہر چہار اجوائن بقدر ایکتولہ پھانک کر اُوپر سے شیر گاؤ استعمال کریں سہ گنا امساک ہوگا یعنی اگر قوت پانچ منٹ قائم رہنے کی ہے تو ۱۰ منٹ کی ہو جاویگی۔

مقوی باہ و ممسک:-

کیچوا مصفا ۴ حصہ نکچھکنی ایک حصہ شکر سفید نصف وزن۔ خوراک ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ جس میں چوہارا چار عدد ڈالکر پکایا گیا ہو۔ یہ قیمتی نسخوں سے اچھا ہے۔

حب بخار نوبت لرزہ:-

سیاہ مرچ تولہ عرق دھتورہ سبز ۳ تولہ سب کو کھرل کر کے گولیاں بقدر موٹھ کے بنا دیں جوان کو ۲ گولی صبح ۲ شام ہمراہ آب تازہ سے دیویں۔

اکسیر دق جو میری مایہ ناز دواؤں سے ہے:-

سنکھیا دودھیا تولہ مروارید تولہ دونوں کو پانچ تولہ عرق سبز مور پنکھی میں کھرل کریں خشک ہونے پر اسی طرح عرق دوبارہ جذب کریں اسی طرح سات بار تر و خشک کھرل

کرکے نگدہ بوٹی مذکور میں رکھ کر مضبوط گل حکمت کرکے ۲۰ سیر جنگلی کنڈوں میں محفوظ مقام پر آنچ دیں خوراک ۲ چاول بدرقہ بر راے طبیب ۔

سفوف براے جریان ۔ بہت مفید ہے :۔

تخم انگن ۔ شقاقل مصری ۔ مغز تخم تمر ہندی ۔ بریاں ۔ مصطگی رومی ۔ بھوسی اسپغول تخم سروالی ۔ تخم کونچ ۔ زیرہ سفید ۔ سمندر سوکھ ہر ایک ایک تولہ ۔ رال سفید ۹ ماشہ ۔ برم ڈنڈی ۹ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر خوراک ۹ ماشہ صبح ۹ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ ۔ مار ۔

اکسیر جریان ۔ کشتہ شاخ مرجان با مصری کوزہ بیحد مفید پایا ۔

مجربات حکیم ہریشچندر صاحب ۔ وید گوئیندوال

دافع آتشک بیخطا عطا کردہ سنیاسی بارہا آزمودہ :۔

نیلہ تھوتھا ایک تولہ ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ ہر دو کو باریک کرکے ایک تانبے کی پرات میں لیپ کرکے مدھم آگ پر رکھیں جب دھواں نکلنا موقوف ہو تو اتار کر باریک پیس کر سنبھال لیں ۔ خوراک ۴ رتی سے ۶ رتی ہمراہ بالائی وغیرہ کسی قسم کی پرہیز کی خاص ضرورت نہیں ۔

دافع شبکوری نہایت عجیب الاثر :۔

پوست ریٹھہ کی جھاگ نکال کر سلائی سے آنکھوں میں لگائیں ۔ درد شدید وغیرہ کی پروا نہ کریں اول تو ایک روز حد تین روز میں شفا کلی ہو ۔

دافع پھولا چشم سالہا سال کا تجربہ شدہ :۔

زیرہ سفید ۔ شورہ قلمی دونوں ہموزن باریک پیس کر ایک کانسی کی تھالی میں کانسی کے ہی کٹورہ سے ہمراہ شیر زن جس کی گود میں لڑکی ہو تین روز تک خوب کھرل کریں بعد ازاں خشک کرکے کپڑ چھان کرکے شیشی میں سنبھال رکھیں جس کی آنکھوں میں ڈھکنے سے یا ویسے

ہی پھولا پڑ گیا ہو جو چھ ماہ سے زاید عرصہ کا نہ ہو اور کسی چوٹ وغیرہ سے نہ ہو چند روز کے استعمال سے ہی دُور ہو گا۔ ہر روز ۲ دفعہ سلائی سے آنکھ میں لگا دیں۔ ۷ روز ۱۴ روز یا زیادہ استعمال کریں۔

سرمہ مقوی البصر نہایت مفید واسطے ہر طبع کے:۔

سرمہ سیاہ (اگر اصفہانی ہو تو زیادہ بہتر ہے) ایکتولہ کو صاف کر کے آب کیلا میں تین روز کھرل کریں بعد ازاں آب سرس میں جو تازہ لکڑی سے نکالا گیا ہو (ایک سرے پر آگ لگا کر دُوسرے سرے سے ٹپکا دیں) تین روز تک کھرل مندرجہ ذیل اشیا باریک شدہ ڈال کر کریں۔ نمر دسنگی ۴ ماشہ صندر سفید ۱۰ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ مرچ سفید ۴ رتی۔ ورق نقرہ کلاں ۱۵ عدد۔ ورق طلا کلاں ۱۰ عدد۔ کشتہ عقیق ۱ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۲ ماشہ مامیرو جینی (اگر میسر ہو سکے) ۴ رتی عدد۔ کھرل میں کھرل کر کے سنبھال رکھیں۔ بوقت شب استعمال میں لاویں۔

مجربات پنڈت بہاری لال جی وید

گوجرانوالہ

دافع آتشک۔ جذام و برص وغیرہ

ایک کپڑا صاف و سفید عرض ۲ گرہ طول ڈیڑھ گز لیکر شیر زقوم میں سات بار تر و خشک کریں۔ ساتویں بار کم از کم دو تولہ باریک چھڑک کر کپڑا تہ کر کے خشک کر کے دو بڑے پیالوں میں بطریق مشہور جوہر اڑا لیں۔ خوراک ایک خشخاش سے چار خشخاش تک ہمراہ مناسب بدرقہ کے۔

حابس الحیض نہایت مفید الاثر:۔

مٹی ابجیاری لجالو۔ گیری۔ گل وحا واسنگ ہر ایک۔ دسوت تمام ادویہ موزن لیکر گائے شہد ملا کر ایک تولہ تک ایک دفعہ چٹا دیں دن میں ۲ دفعہ۔ اگر حمل کی حالت میں خون حیض کے علاوہ ہوں تو بھی نہایت مفید و زود اثر ثابت ہوا ہے۔

دافع ہیضہ ۔ افیون نصف رتی ۔ مرچ سیاہ چہارم حصہ رتی ہینگ بریاں چہارم رتی ۔ دیسی کافور رتی تمام ادویہ کی تین عدد حبوب بناویں تین خوراک سے ہی شفا کلی حاصل ہو ۔

دافع سوزاک مجرب المجرب ۔ سنگ یہود ایک عدد لیکر ایک لیموں کاغذی میں سوراخ کر کے بھر دیں اوپر سے کپڑ مٹی کر کے خشک ہونے پر ایک ٹھیکرا میں رکھ کر (سوراخ اوپر رہے) دو تین سیر اپلوں کی آگ دیدیویں سرد ہونے پر بحفاظت نکال کر سنگ یہود جو ریت سا ہو گیا ہوگا باریک پیس کر سنبھال رکھیں خوراک ۲ رتی ہمراہ لسی دودھ کے ۔

برائے پلیگ ۔ مریض کے جس طرف گلٹی ہو دوسری طرف کلائی میں کچھ معمولی سے بچھو لگا کر وہاں پر جل دھنیا بوٹی کا نقدہ سا بنا کر باندھ دیں کچھ عرصہ کے بعد وہاں پر آبلہ پڑ جائیگا آبلہ کو چھیڑنے سے خون نکلیگا جس سے شفا ہوگی ۔

مجربات حکیم حافظ محمد مظفر صاحب

و حکیم حافظ محمد امیر صاحب ۔ بھلسہ (ریاست گوالیار)

نسخہ برائے تپ چوتھیا جو احقر کا خاندانی مجرب و آزمودہ ہے سجی چونہ بے بجھا ۔ منسل ہڑتال طبقی پھٹکڑی سفید ہر ایک ۶ ماشہ ان سب اجزا کو باریک پیس کر دو سکورہ گلی میں رکھ کر پانچ سیر اپلے صحرائی کی آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک پیس کر نگاہ رکھیں اور جس روز چوتھیا کی باری ہو نصف رتی یہ دوا شکر سفید ۱ ماشہ میں ملا کر کھائیں اور اوپر سے دودھ گاؤ اور چاول تناول فرمائیں اسی طرح چار روز متواتر استعمال کرنے سے بفضل ایزدی شفا ہو جاتی ہے ۔

جسم سے کانٹا بندوق کی گولی اور چھرا نکالنے کی مجرب و تیر بہدف دوا برگ اڑوسہ ۱۱ عدد بیخ آک قند سیاہ دونوں دواؤں کو باریک پیس کر قند سیاہ میں ملا کر ۱۱ عدد حبوب بنائیں اور ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب سرد استعمال کریں ۔

برائے آشوب چشم ۔ نبات سفید ۶ ماشہ پھٹکری سفید ۶ ماشہ باریک پیس کر گلاب میں حل کر کے ایک شیشی میں نگاہ رکھیں اور دن میں ۳ مرتبہ ۴۰ قطرے آنکھ میں ٹپکائیں ۔

برائے رمد۔ رسوت ۶ ماشہ پھٹکڑی سفید ۶ ماشہ افیون ۱ ماشہ زعفران ۱ ماشہ نبات سفید ۱ تولہ عرق گلاب میں حل کر کے شیاف بنائیں اور پانی میں گھس کر پلکوں پر ضماد کریں۔

برائے درد شقیقہ۔ مرچ سیاہ ۱ عدد۔ وج ترکی ۱ رتی سرد پانی ۱ ماشہ میں پیس کر استنشاق کریں۔

مجربات حکیم چونی لال صاحب سند یافتہ پنڈ دادنخاں

حال مقیم گھوڑا گلی تحصیل کوہ مری

مرض نامراد ہیضہ کے لئے بلا مبالغہ سینکڑوں مرضا پر آزمایا ہوا بے خطا نسخہ حلتیت مصفی ۱۵ رتی تخم فلفل احمر ۶۰ رتی کافور ۳۰ رتی افیون مصفی ۷½ رتی سب ادویات کو آب ادرک یا جوشاندہ زنجبیل میں کھرل کر کے ۶ عدد گولیاں بناویں بوقت ضرورت شدت مرض میں ایک گولی ہر آدھ گھنٹہ بعد عرق پودینہ کے ساتھ دیویں دو تین گولیاں اس طرح دینے پر جب افاقہ معلوم ہو تو پھر چار چار گھنٹہ بعد گولی دیویں پرماتما نے چاہا تو تین چار گولیوں سے آپ مریض کو تندرست پائینگے۔

برائے بواسیر خونی و بادی کمیلا ۲ تولہ مغز قنب مغسول ۶ ماشہ۔ دہی ایک چھٹانک کو کپڑے میں ڈال کر لٹکا دیویں پانی ٹپک جانے پر پنیر حاصل کریں اور مندرجہ بالا ہر دو ادویہ کو اس پنیر میں ملا کر کھرل کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر کے بناویں ایک گولی صبح بہمراہ ادھر ڈکا (گاڑھی لسی یا متھی ہوئی دہی) دیویں زیادہ تکلیف ہو تو ایک گولی شام کو بھی دودھ کے ہمراہ دیا کریں دو تین دن میں خون بند اور قبض کھلی رہتی ہے۔

اکسیر دمہ صدری و خاندانی مجرب نسخہ جو ضیق النفس کے لئے برالساقہ ہے۔ کوکنار (پوست خشخاش) ۵ تولہ تماکو تلخ دیسی سُتاں والہ ۵ تولہ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ مویز منقے ۵ تولہ چاروں ادویہ کو پانی میں بھگوئیں اور تین دن بعد چھان کر خیساندہ حاصل کریں اسے نتھار کر کسی قلعی دار برتن میں ڈالیں اور بھاپ پر گاڑھا بمشکل رب بنائیں

ورا کہ ہر صبح بعد فراغت انگلی کے ساتھ ۱۰ ماشہ بھر چاٹ لیا کریں۔ غذا مونگ کی دال نخود کی تری یخنی چوزہ ۔

داد قوبا کے لئے جادو اثر مرہم۔ ہائیڈرارجیرائی ایمونی ایٹا ۳۰ گرین ایسڈ سیلی سلک ۳۰ گرین سلفر سیلائیڈ ۳۰ گرین لینولین ۴ ڈرام وائیٹ ویزلین ۴ ڈرام بطریق معروف مرہم بنائیں اور دن میں دو تین دفعہ داد پر لگایا کریں داد دور ہو جاویگا

مجربات حکیم صاحب رام صاحب مدان

لیہ ضلع مظفر گڈھ

انجن برائے پتی یعنی چھپاکی۔ ۱۲ عدد الائچی خورد سبز رنگ کے دانے نکال کر نوشادر ایک ماشہ ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں بحفاظت رکھیں۔ بوقت ضرورت بذریعہ سلائی مریض کی آنکھوں میں لگا دیں اور ہوا سے بچا کر مریض کو بٹھا دیں دیکھتے دیکھتے چھپاکی دور ہوگی۔ نصف گھنٹہ کے بعد اگر ضرورت معلوم ہو تو دوبارہ لگا سکتے ہیں ۔

اچھیا بھیدی یعنی مسہل حسب خواہش۔ نہایت سہل الترکیب اور بے ضرر دوا ہے۔ مغز مالکوٹہ غیر مدبر (صرف قشر و پتہ دور شدہ) شورہ قلمی مغز بادام مقشر فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ لیکر کونڈی ڈنڈا میں خوب رگڑیں جب مثل موم ہو جاوے تو قدرے گھی میں بریاں کر کے رکھ چھوڑیں عند الضرورت دوائی مذکور میں سے ۲ رتی تولکر ایک گرم پانی میں استعمال کریں اور ہر اجابت کے بعد دو گھونٹ گرم پانی پیتے جاویں دست ہوتے رہینگے جس وقت دست بند کرنا چاہیں گرم دودھ میں میٹھا ملا کر پی لیں فوراً اسہال بند ہونگے عجیب مسہل ہے دو ہی رتی سے جتنے دست لینے منظور ہوں بترکیب بالا لے سکتے ہیں ۔

عطوس برائے درد سر شقیقہ اور درد دنداں۔ نوشادر ایک تولہ کافور ایک ماشہ دونوں کو ملا کر خوب کھرل کر کے بند شیشی میں نگاہ رکھیں اور بوقت ضرورت بطور ہلاس استعمال فرماویں

عند الضرورت نصف گھنٹہ کے بعد مکرر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

مجربات حکیم محمد مرزا صاحب

سرہالہ کلاں ضلع ہوشیارپور

برائے نامردی و سستی و دیگر امراض جو استعمال کرنے پر ظاہر ہونگے:۔

سنکھیا زرد ۲ تولہ زعفران اصلی ۲ تولہ ہر دو کو باریک پیس کر دودھ گاؤ میش ۴ سیر پختہ میں ڈالکر جوش دیویں جب اودھ پر بالائی آجاوے اور اچھی طرح پک کر دودھ کسی قدر گاڑھا ہو جاوے تب ضامن لگا کر رکھ دیویں اور صبح ہو کر مکھن نکال لیں اور پھر اس کا گھی بنا کر شیشی میں محفوظ رکھیں ایک سیخ پر لگا کر بالائی میں ملا کر استعمال کریں پھر دیکھیں کیا اثر ہوتا ہے۔

طلا۔ سم الفار سفید ۴ تولہ گھونگچی سفید ۲ تولہ گھونگچی سرخ ۴ تولہ بیخ کنیر سفید ۴ تولہ جائفل ۴ تولہ جاوتری ۴ تولہ عقرقرحا ۴ تولہ لونگ ۴ تولہ ان سب کو سم الفار کے سوائے باریک پیس کر شراب برانڈی میں بقدر ضرورت کھرل کر کے خشک کر لیویں کھرل کم از کم ۲ یوم ہو پھر رات کو جملہ ادویات اور سم الفار کو بھی باریک پیس کر ۵ سیر دودھ مادہ گاؤ میں ڈالکر جوش دیکر ضامن لگا دیویں اور صبح حسب دستور مکھن نکال لیں اور مکھن کو دوبارہ گرم کر کے گھی تیار کریں اور حسب دستور طلا کریں اوپر پان کا یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیویں۔

طلا آسان و مجرب۔ شنگرف ۲ تولہ ہمالگونہ تولہ سم الفار ۳ ماشہ موم ۴ تولہ مسکہ گاؤ ۱۲ تولہ ہر سہ اول کو پیس کر موم کو مکھن میں گرم کر کے ملا لیں اور طلا کریں۔

مجربات حکیم عبدالوحید خاں صاحب سند یافتہ لکھنؤ

سہارنپور۔ محلہ داؤد سرائے

مقوی باہ ضماد۔ کچلہ شیرہ ادرک میں گھس کر چار چار گھنٹہ بعد ضماد کریں اور انوش دارو سادہ نو ماشہ ورق نقرہ ۲ عدد میں لپیٹ کر ۳ مرتبہ یعنی صبح دوپہر شام بدرقہ

مناسب سے دیں ۔

برائے جریان منی ۔ ماجو مدبر ۴ ماشہ کجلی یعنی گندھک ۲ ماشہ پارہ مصفا ۲ تولہ ستاور ۶ تولہ سنگجراحت ۶ تولہ سفوف بنا کر ۴ ماشہ بدرقہ مناسب سے نوش کریں ماجو عمدہ ۳ تولہ لیکر دال ماش میں اتنا جوش دیں کہ ماجو نرم ہو جاویں نکالکر خشک کر لیویں یہ مدبر ہیں ۔

مجربات ڈاکٹر محمد اسمٰعیل صاحب حکیم حاذق ایل ایچ ایم ایس

باغبانپورہ ۔ لاہور

پڑبال اور ککروں کا شرطیہ علاج ۔ کاپر سلفاس ۱ تولہ بورکیس ۱ تولہ بسمتہ سب نائٹراس ۱ تولہ فرائی فلفاس ۱ تولہ گم عربک ۶ ماشہ زنگار ۱ تولہ کشتہ جست جے پوری ۶ ماشہ پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ اول پھٹکڑی بریاں خسانده برگ حنا اور زیرہ سفید ایک ایک تولہ میں خوب کھرل کریں جب خشک ہو جاوے تو دیگر ادویہ خوب باریک پیسکر ملا کر ہمراہ آب شیاف بناویں اول پڑبالوں کو موچنے سے اکھیڑ کر شیاف مذکور گھسیں ۲ ہفتہ میں کلیہ آرام ہوگا ککروں کے لئے پلکوں کو الٹا کر ککروں پر گھسیں چند روز میں آرام ہوگا ۔

درد گوش کا مجرب علاج ۔ ٹنکچر اوپیم اڈرام اٹروپین سلفاس ارتی عرق گلاب ½ اونس ملا کر دو چار قطرے کان میں ڈالیں فوراً درد موقوف ہوگا ۔

مجربات قاضی میران بخش صاحب آفس قانونگوئی

میرام شاہ

نسخہ بخار ۔ سلفیٹ آف کرزن یکتولہ فے نس ٹین ۶ ماشہ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ ست گلو خانہ ساز ۶ ماشہ طباشیر عمدہ ۲ تولہ ان سب کو باریک کر کے ایک پاؤ عرق لیموں کھرل کے ذریعہ جذب کر کے حبوب نخودی بناویں ۔ خوراک دن میں تین گولی ۔

امساک و قوت باہ ۔ جائفل جلوتری لونگ عقرقرحا شنگرف رومی ہر ایک یکتولہ

زعفران کنجد سفید اجوائن خراسانی حرمل ہر ایک ۶ ماشہ مارفیا ½ ۱ ماشہ اسٹرکنیا ۱ رتی افیم ۹ ماشہ منقہ دانہ بیروں شدہ۔ اول ہر ایک دوائی کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لو سفوف شنگرف کھرل میں ڈالکر اول مارفیا (ست افیم) سے خوب خلط ملط بذریعہ کھرل کرو۔ مابعد سٹرکنیا (جوہر کچلہ) خوب کھرل کرو مابعد تمام ادویات باری باری سے ایک ایک ملا کر تین گھنٹہ تک کھرل کریں اس کے بعد منقہ ملا کر خوب کھرل کریں کہ یکذات ہو جاوے۔ حبوب نخودی بناؤ۔ حسب برداشت نصف گولی سے دو تین گولی تک کھلاؤ۔

مُجرّبات حکیم محمد علی صاحب

مقام شاہ ابوبکر ضلع فیروزپور

درد گردہ ہر قسم۔ زود اثر مجرب بلا تخلف۔ تراب ہالک ابیض ایک حبہ مریض کو کھلا کر ۳ پاؤ شیر گاؤ میں ۴ تولہ روغن کنجد ملا کر پلائیں چشم زدن میں آرام ہو۔

برائے ذات الجنب مجرب بلا تخلف۔ لہسن پھیلا ہوا۔ افیون مگس خانگی کا گوہ (جو اکثر چھپروں میں تنکوں کے ساتھ لگا ہوا ہوتا ہے) مساوی وزن پانی میں رقیق طلا بنا کر طلا کریں اور آگ سے سینکیں درد فوراً دور ہوگا۔

خرابی معدہ ہر قسم قولنج ہیضہ وغیرہ وغیرہ۔ کاربالک ایسڈ ۱ تولہ کافور ۳ تولہ ایک شیشی میں ڈالیں سب پانی ہو جائیگا معدہ کی ہر مرض میں اکسیر ہے۔ خوراک ۳ قطرہ پتاشہ میں یہ خوراک آدھ آدھ گھنٹہ کے بعد دی جاوے۔

مُجرّبات خادم الاطبّاء حکیم قادر بخش صاحب

موضع بپروال ڈاکخانہ مائل گنج ضلع منٹگمری

برائے سعال بلغمی جس میں بلغم از حد نکلتا ہے:۔ تخم جوز ماثل ۳ ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ باریک کر کے لعاب صمغ عربی میں گولیاں بقدر دانہ مسور بنائیں خوراک ایک

ایک گولی صبح دوپہر شام کو دیں تجربہ شدہ ہے ۔

برائے استسقا لحمی :- برگ مدار سبز ۱/۴ سیر زرد چوب خوردنی ۱۰ تولہ ہلدی کو باریک کر کے برگ مدار ملا کر خوب گھوٹ کر گولیاں بقدر دانہ مسر بنالیں خوراک پہلے دن ایک گولی دوسرے دن ۲ گولی حتی کہ ساتویں دن سات گولی دیں پھر سات گولی ہی دیتے رہیں انشاء اللہ تعالے فضل ہوگا تجربہ شدہ ہے ۔

نسخہ بستن قے ۔ گل سرخ ۳ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ کشنیز مدبر ۷ ماشہ انار دانہ ۷ ماشہ سماق ۹ ماشہ پوست پستہ ۲ ماشہ مصطگی رومی ۲ ماشہ مغز کنول ڈوڈہ پتہ دور کردہ ۷ عدد الائچی خورد ۶ ماشہ کوزہ مصری ۱۰ تولہ باریک کر کے سفوف بنالیں یک چٹکی لحظہ بلحظہ استعمال کریں ۔ نوٹ زیرہ سیاہ و کشنیز ہر دو کو سرکہ میں تر کر کے خشک کر لیں مدبر ہیں

نسخہ برائے رطوبت رحم مجرب :- ماجو ۔ تج ۔ گل سپاری ۔ کاٹھ سپاری ۔ قاقلا ہر دو قسم شب یمانی گل دھاوا گل انار مائیں ہیرا کسیس ہموزن لیکر سفوف بنا لیں ایک چٹکی رحم میں تجربہ شدہ ۔

کشتہ سنکھ جو تپ دق و دیگر تپ ہر قسم و موتی جھرہ و جریان کمزوری خرابی خون زہر سانپ جدری درد پسلی وجع المفاصل وغیرہ کو مفید ہے سنکھ ۱۰ تولہ لیکر کسی کوزہ گلی میں ڈالدیں اور شیر مدار سے کوزہ کو بھر کر آگ دیں سفید ہوگا نکالکر کھرل میں ڈال دیں باریک کر کے تھوڑا تھوڑا شیر مدار ڈال کر خوب کھرل کریں بعد چار پہر کے نگدہ سبز گلوکا ۱۰ تولہ دیکر ۱۲ سیر آگ دیں بعد سرد ہونے کے نکالکر پھر شیر مدار میں کھرل کر کے دوبارہ نگدہ سبز گلوکا دیکر آگ دیں جب سرد ہو تو سہ بارہ اسی طرح شیر مدار میں کھرل کر کے نگدہ گلو میں آگ دیں تیار ہے خوراک ۱/۲ رتی گلقند میں دیں ۔

نسخہ باد پرسوتک ۔ ست لوبان خالص ماشہ کستوری یک رتی باریک کر کے یک برنج گلقند میں خوراک کریں دن میں دو تین بار دینے سے بالکل آرام ہوگا تجربہ شدہ ہے ۔

بہرہ پن کی اکسیر دوا ۔ انار کی ٹوپی چند بید ستر ہر ایک تولہ سہاگہ بریاں ۳ ماشہ

نمک تولہ چاروں کو تین تولہ روغن بادام تلخ میں کھرل کر کے بعد ازاں ۵ تولہ سرکہ انگوری خالص ڈالکر ایک بلکا جوش دیں اور شیشی میں بھر لیں ایک دو ہفتہ میں سماعت دور ہوگی تجربہ شدہ ہے ۔

مجربات حکیم تلسی داس جمعیت رائے سئنانی

سند یافتہ طبیہ کالج دہلی ۔ سکھر

دافع جریان و احتلام بارہا تجربہ کی کسوٹی پر آزمایا ہوا ہے ۔ تالکھانہ کندر نشاستہ آرد سنگھاڑہ مازو ہر ایک ۲ تولہ کشتہ سردھاتہ ۳ ماشہ کشتہ مرجان ۳ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں ۔ خوراک ۳ ماشہ صبح و ۳ ماشہ رات کو خواب کے وقت ہمراہ دودھ گاؤ ۔

دوا برائے سوزاک ۔ گندھک ۲ تولہ شورہ قلمی ۴ تولہ ۔ منسل ۲ تولہ چونہ قلعی ۴ تولہ صدف صادق ۲ تولہ سم الفار سفید ۲ تولہ سہاگہ ۳ تولہ شب یمانی ۴ تولہ سب اشیاء کو باریک کر کے دوپہر تک لعاب گھیکوار میں اچھی طرح کھرل کر کے چھوٹی چھوٹی قرص بنا دیں خشک ہونے کے بعد گل حکمت کر کے ۷ سیر اپلوں کی آنچ دیں سرد ہونے کے بعد نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں ۔ خوراک نصف سے ایک رتی مکھن میں صبح کو یا شام کو بالائی میں دیں اور دوسرے وقت یعنے اگر دوا صبح کو دیں تو سفوف ذیل شام کو ۔ اگر دوا شام کو لیں تو سفوف صبح کو لیں ۔

سفوف سوزاک ۔ گل ارمنی رال کباب چینی دانہ ہیل کلاں شورہ قلمی شب یمانی بریاں ہر ایک ۲ تولہ طباشیر گیرو بہروزہ مدبر ہر ایک ۔ ایک تولہ ہر ایک کو کوٹ کر سفوف بنا کر رکھیں خوراک ۳ ماشہ ہمراہ لسی دودھ صبح کو یا شام کو

برص ابیض ۔ چٹی کے لئے بہتوں پر تجربہ کیا ہوا ۔ بابچی تخم ترب ۔ سہاگہ ہموزن باریک کر کے دہی میں ملا کر جگہ پر لگا کر دھوپ میں بیٹھیں اور بابچی کا نقوع پیتے رہیں چند یوم میں فائدہ ہوگا ۔

مجربات حکیم محمد عبدالرحمٰن صاحب صوفی

ساکن مینمبور

موم جنتر دافع فالج ولقوہ وجع الورک ووجع المفاصل مجربہ۔

موم ۸ پلال حلتیت ۴ پلال گندر ۴ پلال جوزبویہ ۲ پلال دارچینی ۴ پلال قرنفل ۴ پلال عقرقرحا ۲ پلال اجوائن دیسی ۴ پلال نوشادر ۴ پلال گندھک آملہ سار ۴ پلال نمک سام ۴ پلال ان تمام کو نیم کوفتہ کر کے موم کے ٹکڑے کر کے تھوڑا پانی سے تر کر کے مٹکی میں بھر کے نلی لگا کے نلی کے منہ کو بالوں کا کارک لگا کر مٹکی کے منہ کو مضبوط شکوری اور اڑد کے آٹے سے بند کر کے جنتر کشید کریں یہ جنتر مثل موم سخت اور سیاہ رہیگا مقام عضو پر قدرے لگا کے ہاتھ کو انگار کا سینکا دیکے خوب مالش کریں تین دفعہ سے زیادہ لگانے کی ضرورت نہیں ہے۔

جنتر دافع سستی وکجی ولاغری از ذکر مجلوق مغز سفید گھی تولہ افیون اتولہ تخم جوز ماثل اتولہ۔ کنجد سیاہ ایکتولہ حلتیت خالص ایکتولہ سیماب اتولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۱ عدد ان سب کو ملا کر خوب ایک پہر کھرل کریں بطریق معروف جنتر کشید کر کے بطور طلا عضو خاص پر طلا کریں اوپر سے پان باندھیں سرد پانی نہ پڑے عجیب الاثر ہے۔

نسخہ دافع تاپ تلی ودافع رجا یعنے کرنگ شکم (حمل کاذب) وکدو دانہ وخراطین شکم۔ سہاگہ ۱ درم صبر سقوطری ۲ درم نکچھکنی ۳ درم سجی ۴ درم قند ۵ درم مغز گھیکوار ۶ درم تمام کو خوب کھرل کر کے ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام ہمراہ آب گرم پرہیز لحم۔ ترشی بادی۔

معجون مقوی حافظہ۔ ۲ ہفتہ کے استعمال سے قوت حافظہ اتنا زیادہ ہو جاتا ہے کہ لوگ اس شخص کو جادوگر کہینگے۔ سنا مکی اتولہ سعد ہندی اتولہ فلفل سفید ایکتولہ کندر اتولہ زعفران کشمیری اتولہ شہد خالص ۵ تولہ تمام کو کوٹ چھان کر شہد ملا کر

رکھیں روزانہ خوراک مثقال پرہیز ترشی و بادی ٭

مجربات پنڈت گنگا سہای صاحب پاٹھک

ساکن بسولی۔ ضلع بدایوں

سانپ کا زہر دُور ہو جاتا ہے:۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ ریٹھہ کا چھلکا ۶ ماشہ خالص ریشم کا کپڑا پانچ تولہ تھوتھی خورد ۱ عدد ہر سادویہ کو ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر جلتے ہوئے کوئلوں پر رکھ کر رکھ کر لے اور اس راکھ میں عصارہ برگ ۲ تولہ باریک کر کے شامل کرے خوراک ۳ ماشہ۔ سانپ کاٹنے پر جس قدر جلد ممکن ہو دوا مذکور دی جاوے ٭

قے۔ اُبکائی:۔ ایک چار پانچ گرہ ٹاٹ کا ٹکڑا لیکر جو سن کی رسی کا بنا ہو، ہو آگ میں جلاؤ جب اُس کا دُھواں نکل کر انگارا ہو جاوے تو ایک برتن میں جس میں قریب آدھ سیر کے پانی ہو وہ جلا ہوا ٹاٹ بجھا دو جب ٹاٹ کی راکھ تہ نشین ہو جاوے تو اُس میں سے مریض کو دو چار گھونٹ پانی پینے کو دیجئے ایک بار میں ہی اس چیز کا فائدہ دیکھ کر آپ حیران رہ جاویں گے اول تو پہلی ہی خوراک میں قے یا اُبکائی بند ہو جاوے گی ورنہ دس منٹ بعد پھر وہی پانی دیجئے ٭

جوب دافع امراض سوداوی۔ فساد خون۔ مقوی مفرح۔ ہاضم۔ ممسک

عطیہ ایک سنیاسی:۔ مشک ۲ ماشہ زعفران ۲ ماشہ جائفل ۲ ماشہ جاوتری ۲ ماشہ لونگ ۲ ماشہ سونٹھ ۲ ماشہ مرچ سیاہ ۲ ماشہ پیپل ۲ ماشہ ناگ کیسر ۲ ماشہ بیر بہوٹی ۱ ماشہ عقرقرحا ۲ ماشہ پوست بیج کنیر سفید ۶ ماشہ بھنگرے کی جڑ ۲ ماشہ افیون ۲ ماشہ تخم دھتورہ ۲ ماشہ جائفل ۳ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ لونگ ۳ ماشہ سونٹھ ۳ ماشہ مرچ ۳ ماشہ پیپل ۳ ماشہ گلاب کے پھول ۳ ماشہ برادہ صندل سفید ۵ تولہ روغن الائچی ۳ ماشہ روغن صندل ۳ ماشہ روغن لونگ ۳ ماشہ اول ادویات نمبر ۱ الغایت ۲۳ کو آدھ سیر پانی میں جوش دو جب چھٹانک بھر رہے تو چھان کر اور ادویات نمبر ۱

نہایت دا کو کھرل میں خوب باریک کر کے جو شاندہ مذکورہ سے اُس وقت تک کھرل کرتا رہے کہ کل جوشاندہ ادویات میں جذب ہو جاوے بعدہٗ ایکتولہ شہد ڈالکر ادویات کو کھرل کرے جب شہد خوب مل جاوے تو دو تولہ کے قریب ۲۴ نخود یا ۲۶ ڈالکر خوب کھرل کرے تاکہ گولی باندھنے کے قابل نقدہ ہو جاوے اور گولیاں وزن میں ۲ ماشہ کی بنا دے خوراک ایک گولی امراض سوداوی و فساد خون میں ہمراہ برگ تنبول یا مصالحہ دیگر قوایہ کو ہمراہ دودھ ۔

مجربات حکیم محمد عبدالقادر صاحب رضا دہلوی

معرفت مسٹر الیشر داس آنند جج سٹ لاء سٹریا سیکوٹ لاہور

درد گردہ و ریگ گردہ و سنگ گردہ کا آسان علاج :- السی کو بریاں کر کے کوٹ کر مصری ہموزن ملا کر رکھیں دو تولہ صبح دو تولہ شام ایک پیالہ چائے کے ہمراہ نوش کریں چائے میں قدرے دودھ بھی ملا لیا جائے ۔

حب سرفہ جو کہ اکثر اقسام سرفہ میں کسیر کا حکم رکھتی ہے :- پوست بلیلہ، بلیلہ سیاہ، پوست بیروں پتہ شکر تیغال صمغ عربی ہر ایک مساوی کوٹ چھان کر سیدانہ کے لعاب میں گولیاں تیار کریں بقدر نخود اوقات دن میں ۴ بار یا زاید دو دو گولیاں کھائیں ترشی کا پرہیز کریں ۔

برائے بواسیر سر قسم - بوٹی اوندھا ہوئی بقدر ۶ ماشہ ہمراہ مرچ سیاہ ۷ عدد قدرے پانی میں گھوٹ کر صبح و شام پی لیا کریں ۔

کشتہ نقرہ جو کہ مقوی دل جگر و معدہ ہے مشتہی طعام و دافع خفقان و دافع جریان و مانع سرعت ہے :- براہ نقرہ خالص ۱ تولہ پارہ ۱ تولہ ہر دو کو ۴ گھنٹے عرق بیسوں کاغذی میں کھرل کر کے دو سکورہ کلی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر دو سیر اُپلے جنگلی کی آنچ دیں اسی طرح اکیس بار تکرار عمل کریں ہر بار ایکتولہ پارہ جدید شامل کریں خوراک ایک ماشہ سے چار ماشہ تک ہمراہ مسکہ و حلوا و ملائی ۔

شنجرف مدبر مقوی گردہ و مثانہ رافع نزلہ بارد دافع امراض بلغمی وفالج ولقوہ: - شنگرف ۱ ماشہ کو ۴ پہر (۱۲ گھنٹہ) بمقدار سن کے بیج میں بھر کر دو انگشت گہری میں بند کر کے آدھ سیر بھینس کے آنچ دیں اسی طرح ۴۰ روز تک ۔ ۴۰ بار تجویز عمل کریں خوراک ایک چاول سے ۲ چاول تک بمقدار مناسب ۔ کے ہمراہ مثل مسکہ مادہ گاؤ وحلوائے بیضہ و دودھ بکری وغیرہ گاؤ زبان عنبری وغیرہ ۔

مجربات حکیم لالہ سری رام صاحب دوسنا حصہ

ایڈیٹر "حکمت طبعی" کاایئن نور ضلع انبالہ

نزول الماء یعنی موتیابند جس کو انگریزی میں کٹریکٹ کہتے ہیں جس کے علاج کیلئے جراحی عمل ہی آخری علاج تصور کیا گیا ہے :- بیخ مرچ سرخ یعنی فلفل دراز جو کم از کم ۲ سالہ پودہ کی کہنہ ہو پتھر پر گھس کر سلائی سے آنکھوں میں رات کو سوتے وقت لگاتے رہیں مگر عمل جراحی نہ کیا گیا ہو ۔ گھی دودھ کا خوردنی استعمال بکثرت رکھنا چاہئے دیگر ہر طرح سے مکمل پرہیز ۔ دھوئیں سے مریض کو بچانا ضروری ہے یقینی میرو کی اس کے سامنے کیا حقیقت ہے ۔ آزماؤ فیض پاؤ ۔

محافظ بصر - سرمہ سیاہ ۔ تولہ کی ایک ٹکی کو آگ میں سرخ کر کے لیموں تازہ سبز کے نچوڑے ہوئے پانی میں بجھاؤ دیں پس اسی طرح ایک ہزار مرتبہ بجھاویں پھر کھرل کر کے ۲۰ تولہ شراب عمدہ میں کھرل کریں خشک ہونے پر شیشی میں محفوظ رکھیں سوتے وقت سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں یقینی میرو اس دوا کا کب مقابلہ کر سکیگا ۔

مقوی باہ - محافظ منی - پوست بیخ درخت سنبل ۱۰ سالہ کو اسی درخت کے پوست کے پانی نکالے ہوئے کی ۲۱ دفعہ پیٹھ دی گئی ہو یعنی اس کے پانی میں بھگو کر سکھایا گیا ہو صرف ایک تولہ مقدار خوراک ہمراہ دودھ استعمال کرنا ضرور جوانمرد بنا دیتا ہے ۔

* * *

طِبِّ مخفی

باب دُوئم

میری بیاض

خیال حکماء و ماہران حکمت

رموز حکمت بھی راز قدرت سے کم نہیں ہیں بہ حسن و خوبی
چھپاؤ کم علم و بے خرد سے بتاؤ قانع و اہل دیں کو

میرا ذاتی تجربہ و خیال

بقا کسی کو نہیں ہے یوسف سفر ہے درپیش جیتے جی سب
ملے جو اسباب زندگی میں سپرد کر دے انہیں مکیں کو

ہندوستان کے طبی حلقوں میں وہ اصحاب خاص عزت و شہرت رکھتے ہیں جنہوں نے طبی تصنیفات کے ذریعہ سے دیسی طب کی خدمت کی ہے۔ اس سلسلہ میں متعدد کتب شائع ہو چکی ہیں جن کا بیشتر حصہ مجربات کے متعلق ہے۔

جس زمانہ میں بندہ الحکیم کے صیغہ ادارت میں مددگار اول کے فرائض بجا لا رہا تھا میں نے محسوس کیا کہ مجربات کے متعلق ابھی تک اطبا میں بہت بڑا بخل باقی ہے۔ وہ اصحاب جو مجربات شائع کراتے ہیں اُن میں سے بیشتر کا مقصد صرف اپنی دکانداری کو بڑھانا اور اپنی دوا کو شہرت دینا ہوتا ہے۔ وہ اس میں ارادۃً ایسے اجزا بلا ضرورت لکھ دیتے ہیں جو عام طور پر

اطبا و معالجین اصحاب کو میسر نہ آسکتے ہوں اور وہ مجبور ہو کر صاحب نسخہ ہی سے رجوع کریں۔ اس قسم کے نسخہ جات میں کوئی ایسی بوٹی شامل کی جاتی ہے جو ہر جگہ و ہر موسم میں دستیاب نہیں ہوتی یا نہایت قیمتی ادویات بلا ضرورت اضافہ کر دی جاتی ہیں یا ترکیب عمل ایسی طویل و مشکل ہوتی ہے کہ کسی کو تیار کرنے کا حوصلہ ہی نہ ہو۔ ان حالات کو دیکھ کر اور اس قسم کے مین السطور اغراض کو سمجھ کر میں نے جریدہ الحکیم میں کئی مضامین افتتاحیہ میں لکھے اور سب سے اول خود اپنے بڑے بھائی نسخہ جات کو "مجرب نسخہ جات کو کیوں چھپائیں" کے عنوان کی تحت میں درج کرنا شروع کر دیا۔ اس تحریک کا بہت اچھا اثر ہوا اور کئی اصحاب گوشہ تنہائی سے نکل کر میدان صحافت پر نمودار ہوئے اور دریا دلی سے اپنے تجارب کو پیش کرنے لگ گئے۔

اپنی اس کوشش کو کامیاب ہوتے دیکھ کر میں نے اس مشن (مقصد) کو اور وسعت دینے کا خیال کیا، جس کو آج الحمد للہ کتاب کی صورت میں کامیابی کے ساتھ پبلک کے سامنے پیش کرنے کی جرأت کر رہا ہوں۔

اگرچہ اکثر اصحاب نے میرے اس ناچیز اقدام کو تعریف و توصیف اور تفکر و اطمینان کی نگاہوں سے دیکھا ہے لیکن بعض اصحاب نے مجھے اس مبارک کام سے ہاتھ اٹھا لینے کا بھی بارہا مشورہ دیا ہے۔ بعض نے سخت تہدیدی خطوط لکھے ہیں کہ اس طرح چار پانچ روپے میں بیش بہا طبی خزانہ" نااہل حضرات کے ہاتھوں میں چلا جائیگا۔ کیونکہ اس قسم کے نسخہ جات ہزاروں و لاکھوں روپے سے بھی دستیاب نہیں ہو سکتے۔ لیکن مجھ پر اس قسم کی دھمکیوں نے کسی قسم کا بھی ناموافق اثر نہیں کیا اور جو کچھ میں جانتا تھا بلا کم و کاست نذر قوم ہے۔ اگرچہ طبی کتب میں ہزارہا قیمتی و قابل قدر نسخہ جات موجود ہیں لیکن اُن سے بھی صرف اہل اصحاب ہی جائز طور پر استفادہ حاصل کر سکتے ہیں ورنہ نااہل تو نسخہ پڑھ کر بھی کما حقہ فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ کیونکہ نسخہ استعمال کرانے اور تشخیص مرض کے لئے بھی ایک حد تک علم و تجربہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

طب نبوی کے اس باب کا نام "میری بیماری" ہے۔ اس میں وہ تمام نسخہ جات درج ہیں

جو میرے مطب میں تیار رہتے ہیں یا میرے تجربہ میں آچکے ہیں اس میں سے بعض بزرگان طب کا عطیہ ہیں، بعض میری ذاتی کوششوں کا نتیجہ ہیں، بعض طبی کتب سے صحیح سمجھ کر بعد تجزیہ کرنے کے داخل مطب کر لئے گئے۔ امید ہے کہ میری اس ناچیز کوشش اور اس ہدیہ کو اسی نظر سے دیکھا جائیگا جس پاکیزہ جذبہ سے متاثر ہو کر میں نے یہ پیشکش تحفہ قوم کی ہے۔

اگرچہ ان میں سے بیشتر نسخہ جات سے جناب واقف ہونگے لیکن نسخہ خواہ کس قدر مختصر یا بظاہر معمولی ہو یا اس کے اجزا سے واقفیت ہو تب بھی اگر وہ فوائد کے لحاظ سے تجربہ کی کسوٹی پر صحیح اترا ہے تو وہ ہر پہلو سے بیش قیمت اور قابل توجہ سمجھا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ چند اوراق اہل نظر اصحاب حرز جان بنائینگے اور احقر کے حق میں دعائے خیر کرینگے۔

میں نے ان نسخہ جات کو بالکل سادہ عام فہم پورے اجزا اور صحیح ترکیب تیاری سے درج کیا ہے۔ دیدہ دانستہ غیر ضروری بوٹیاں یا قیمتی ادویات اضافہ نہیں کیں نہ ترکیب تیاری ہی مشکل یا غلط لکھی ہے۔ فوائد میں بھی مبالغہ سے کام نہیں لیا اس پر بھی اگر کوئی بات تشنہ رہ گئی ہو تو آپ ایک آنہ کا ٹکٹ برائے جواب بھیج کر ضروری ہدایات معلوم کر سکتے ہیں۔

نسخہ جات کو استعمال کرانے سے قبل مریض کی مزاج و عمر و حالات مرض کا مطالعہ لازمی ہے۔ بغیر صحیح تشخیص کے کوئی نسخہ بھی پورا فائدہ نہیں دے سکتا۔

محمد یوسف حسن

امراض دماغ و اعصاب

اکسیر صرع :-

عود الصلیب ۳ ماشہ۔ استخوان سر آدمی سوختہ ایک ماشہ۔ زبد البحر ۲ ماشہ۔ سہاگہ ۱ ماشہ۔ کشتہ جست ۱½ ماشہ خوراک ۲ رتی صبح کو اور عصر کے وقت مندرجہ ذیل سفوف سے دیویں :-

سفوف صرع :-

افتیمون۔ اسطوخودوس۔ عقرقرحا۔ بسفائج ہر ایک ۳ تولہ سکنجبین عنصلی کے ساتھ یا شربت افتیمون و عرق گلاب سے بمقدار ۳ ماشہ تک دیں چند یوم میں فائدہ شروع ہوگا اور ایک ماہ میں کامل صحت ہو جاتی ہے۔

حبوب فالج و لقوہ۔ نزلہ بارد میں بھی مجرب ہے :-

سیماب مصفیٰ۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ ہڑتال طبقی۔ جدوار خطائی ہر ایک تولہ بیش سیاہ دو تولہ عرق بھنگرہ تین پاؤ۔ اول سیماب و گندھک کو کھرل کریں پھر باقی ادویات کوٹ چھان کر ملائیں اور تمام کو عرق بھنگرہ میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک سے تین گولی تک حسب قوت مریض جوشاندہ زنجبیل سے دیں یعنی ۴ ماشہ زنجبیل کو ۱۰ تولہ پانی میں جوش دیکر چھان کر اس سے گولی کھلائیں۔ یہ دوا بعد تنقیہ دینی چاہئے۔

نسوار صداع دودی

جب دماغ یا ناک میں کیڑے پڑ گئے ہوں، ناک سے چوہا گرتا ہو یا بینیس و ناکڑا کا مرض ہو تو ایسا جوتا تلاش کریں جو بہت ہی پرانا کسی میدان یا جنگل میں پڑا ہو اس کا تلا کوئلوں کی آنچ میں جلا کر راکھ بنالیں اس راکھ کو شیشی میں بھر کر رکھیں۔ مریض کو دیں کہ وہ بطور ناس کے قدرے استعمال کرے۔ اسی ناس سے ایک مایوس مریض کے ۳۵ کیڑے آدھ گھنٹہ میں بندہ نے ایک دفعہ خارج کئے تھے۔

ناس برائے درد شقیقہ

فلفل دراز ۲ تولہ نمک سنگ ۶ ماشہ دونوں کو باریک پیس کر چھان لیں اور استعمال کریں۔

کہنہ سے کہنہ درد شقیقہ سے بھی بفضل ایزدی شفا ہوتی ہے ۔

حبوب خاص الخاص مقوی دماغ

زہر مہرہ خطائی۔ شاخ مرجان عقیق۔ یشب۔ صدف ہر ایک ایک تولہ۔ آدھ سیر بکن کے نگدہ میں ان سب کو علیحدہ علیحدہ رکھ کر ۲۰ سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ ایک دو آنچ میں سب شگفتہ ہونگے پھر ۲ تولہ اسپات کا برادہ کر کے اُس کو جامن کی چھال پتوں کے جوشاندہ میں ایک روز متواتر سحق کریں پھر کوزہ میں بند کر کے دس سیر اُپلوں کی آگ دیں اسی طرح سے دس پندرہ بار بتکرار کھرل کریں اور آگ دیں ازاں بعد اس میں سے ایک تولہ لیں پھر ان سب میں کشتہ قلعی پارہ والا ۲ تولہ۔ ورق نقرہ یا کشتہ نقرہ چھ ماشہ کچلہ مدبر ۳ ماشہ ملا کر شہد کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں اور ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ دیا کریں مجرب المجرب ہے ۔

عطوس برائے امراض دماغی مجرب :-

برگ کشمیری ۶ ماشہ۔ نکچھکنی ۶ ماشہ۔ پوست ریٹھا ۴ ماشہ۔ بندال ۳ ماشہ۔ کتیرا ۱ ماشہ۔ شحم حنظل ۱ ماشہ۔ قرنفل ۱ ماشہ۔ عقرقرحا ۱ ماشہ۔ تمباکو ۲ تولہ خوب باریک کر کے رکھیں اور ضرورت پر کام میں لائیں ۔

صداع صفراوی :-

لعاب اسپغول ۴ درم۔ روغن کدو دو درم۔ شیر دختران ۲ درم۔ گلاب ایک تولہ۔ آب کشنیز تازہ ۳ درم باہم ملا کر اور تھوڑا کافور زیادہ کر کے ضماد کریں یا صندلین گلاب میں باریک پیس کر ایک تولہ برادہ کدو ۴ تولہ گل نیلوفر ایک تولہ۔ بنفشہ ایک تولہ۔ آرد جو ۲ تولہ۔ روغن گل ۲ تولہ کشنیز تازہ ایک تولہ آب کاہو یا خرفہ میں ملا کر ضماد کریں ۔

صداع سوداوی :-

سنا مکی ۷ درم۔ گل سرخ ۴ درم۔ افتیمون ۲۰ درم کو پوٹلی میں باندھ کر شامل کریں۔ پوست ہلیلہ زرد سیاہ ہر ایک ½ درم۔ بسفائج۔ اصل السوس۔ مقشر۔ رازیانہ ہر ایک ۲ درم۔ اسطوخودوس۔ پرسیاؤشاں۔ شاہترہ۔ گل گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر ہر ایک تین درم۔ مویز منقی۔ سپستان ہر ایک ۳ دانہ پانی میں بھگو کر جوش دیکر گلقند آفتابی دس درم مغز فلوس

نیار شنبر ۲ درم اس میں حل کر کے روغن بادام ۱ اضافہ کر کے دن میں ۱۲ مرتبہ تقسیم کر کے پلائیں ۔

صداع شقیقہ :-

فلفل دراز اور اس کا چوتھا حصہ نمک سنگ باریک کر کے نسوار دیں ۔ ۳ سالہ شقیقہ بھی دور ہو جاتا ہے یا شورہ قلمی دار فلفل باریک کر کے تھوڑی سی دوائی مخالف سمت کے نتھنے میں چڑھائیں مجرب المجرب ہے ۔

لطوخ برائے شقیقہ مجرب و معمول :-

کتیرا صمغ عربی تخم کاہو ۔ تخم خشخاش تخم کاسنی ۔ دم الاخوین جفنص گلسرخ ۔ افتیمون ۔ زعفران کو کوٹ چھان کر سفیدی بیضۂ مرغ میں لگا کر کاغذی تیار کریں اور اس میں سے سوئی سے چھوٹے چھوٹے چھید کر کے کنپٹی پر لگائیں ۔

سرسام صفراوی ۔ ضماد معمول جہت اقسام سرسام و غشی عجیب النفع و سریع الاثر :-

آرد مونگ پاؤ سیر کا آٹا بنا کر شیر گاؤ پاؤ سیر میں گوندھ کر اس سے روٹی پکائیں جو ایک طرف سے خام ہو پھر سر کو روغن گل سے چرب کر کے جو طرف خام ہو وہ سر پر رکھ کر ۴ پہر تک باندھے رکھیں اگر دوبارہ ضرورت پڑے تو مکرر عمل کریں ۔

دافع سبات :-

فلفل گرد سوتے وقت لعاب دہن اسپ میں گھس کر آنکھ میں لگائیں ہرگز نیند نہ آئیگی ۔ دیگر فلفل گرد ۔ نمک سنگ ۔ زرد چوبہ تینوں ہموزن لیکر باریک کریں چند بار متواتر کھلائیں غلبہ خواب دور ہوگا ۔

دافع سہر :-

تخم کاہو ۔ بزر البنج ۔ افیون خام ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر مطبوخ خشخاش سے پیشانی پر ضماد کریں ۔ منوم قوی ہے ۔ ایسا ہی روغن حبوب سبعہ باردہ کی مالش کرنی نیز مجرب ہے ۔

دافع نسیان :-

سفوف کندر و زنجبیل و شکر یا سفوف مصطگی و شکر و ملح سلیمانی وغیرہ مفید ہیں ۔

ادویات دافع صرع :-

سعوط۔ زنجبیل۔ نمک سنگ۔ برم ڈنڈی برابر وزن باریک کر کے سعوط کریں یا سات مکھیوں کے سر سحق کر کے وقت نوبت سعوط کریں۔ صرع اطفال میں نربسی شیر مادر میں باریک کر کے بچہ کو دیں اور مرجان کو سرخ کر کے پیشانی پر دونوں ابروؤں کے درمیان داغ دیں۔ مجرب ہے ۔

حبوب فالج۔ جو فالج میں اپنا نظیر نہیں رکھتیں۔ نضج کے بعد برائے تصفیہ اعصاب کوئی دوا اور مسہل اس کی برابری نہیں کر سکتا:۔

شحم حنظل۔ صبر ہر ایک ۲ درم فرفیون ۵ درم مقل ازرق ۱۰ درم حبوب تیار کریں۔ خوراک ۱ مثقال اول ہفتہ میں ۲ مثقال دوسرے ہفتہ میں ۳ مثقال تیسرے ہفتہ میں ۴ مثقال چوتھے ہفتہ میں ہر ہفتہ میں صرف ایک دفعہ دیں اور ۶ روز ناغہ کریں۔ اس کے بعد حبوب فالج و لقوہ سے جو پیشتر درج ہو چکی ہیں کام لیں تو شفا یقینی ہے ۔

روغن برائے فالج و لقوہ و تقویت قضیب میں مجرب ہے:۔

بیضہ مرغ ۲۴ عدد۔ زنجبیل مسحوق نیم پاؤ۔ عقرقرحا ۲ دام۔ مال کنگنی ۳ دام مغز بید انجیر ایک پاؤ۔ ادویہ کو جوکوب کر کے بطریق پتال جنتر روغن نکالیں اور ایک رتی اس میں سے قضیب پر مالش کرنا مقوی باہ ہے اور مقام فالج پر اس کی مالش کرنا مجرب ہے تشنج یابس میں دنبہ گوسپند ورق ورق کر کے عضو ماؤف پر نیم گرم باندھیں ۔ دیگر روغن دافع تشنج:۔ پوست بیخ کبر۔ رتکاں سفید۔ برگ دھتورہ سیاہ ہر ایک ۲ دام تمام کو کوٹ کر قرص تیار کریں اور ایک پاؤ روغن کنجد میں جلائیں جب دھواں موقوف ہو تو دستہ آہنی سے باریک کر کے محفوظ رکھیں اور دھوپ میں بیٹھ کر مالش کریں ۔

دیگر برائے کرختگی اعضاء دست و پا:۔ تخم بید انجیر مقشر روز اول ایک دانہ۔ روز دوئم ۲ دانہ علیٰ ہذا سات روز تک سات دانہ دیں اور اسی طرح سے ایک ایک کم کرتے جائیں۔ مجربات خفیہ سے ہے ۔

امراضِ چشم

ککروں کی دوا جو کہ ککروں کے واسطے نہایت مجرب ہے :-

زعفران۔ افیون ہر ایک ۱ ماشہ۔ زنگار۔ سرمہ سیاہ۔ سمندر جھاگ۔ لونگ۔ سونا مکھی روپا مکھی۔ سبز کانچ ہر ایک ۳ ماشہ۔ کشتہ جست ۵ تولہ تمام کو سرمہ کی طرح باریک پیس کر کھرل کریں اور بیاض و ککروں کے مریضوں کو استعمال کرایا کریں۔ اگر مریض زیادہ بُری حالت میں ہو تو میں اس سلائی کو پلکوں کو اُلٹ کر ملا کرتا ہوں اور یہ میرے تجربہ میں انگریزی کاسٹک اور دُوسری چیزوں سے بدرجہا بہتر ہے ۔

سلائی برائے ککرہ :-

طوطیا سبز۔ شب یمانی سفید۔ سوہاگہ۔ سونا مکھی۔ زنگار مصفےٰ۔ ہیرا کسیس سبز ولایتی ہر ایک ۶ ماشہ۔ کشتہ جست دیسی ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ۔ ان کو کوٹ کر سفوف تیار کریں اور قدرے پانی ملا کر ان کے شیاف تیار کر لیں اور ککروں پر گھس دیا کریں ۔

سرمہ برائے جالہ و پھولہ :-

دندان خر مُردہ کو سبوچہ گلی میں ڈال کر چھ انگل بلند عرق لیموں اس میں ڈال دیں اور خوب مضبوط گل حکمت کر کے اینٹوں کے بھٹے میں آگ دیں یا پانچ من اُپلوں میں جلا لیں پھر پھٹکڑی کو برگ گھیکوار میں رکھ کر شگفتہ کر لیں دونوں ہموزن اور ہر دو کے برابر سفیدی بیضہ مرغ و شیر برگد و نوشادر مصفےٰ کے کھرل کریں اس کو معمولی سرمہ کی طرح لگایا کریں اور کبھی کبھی اطریفل زمانی کا کھلانا بھی نفع مند ہے ۔

سرمہ برائے پھولہ چیچک :-

کانچ سبز باریک کوٹ کر کسی گل حکمت شدہ کوزہ گلی میں ڈالیں اور بھنگرہ سیاہ کا پانی چہار چند بھر کر دس سیر کی آنچ دیں پھر جست کے برتن میں ڈال کر ایک ڈنڈا نیم جس میں گدھے کا دانت نصب ہو ۴۰ روز سحق کریں اور ہر روز ایک یا دو عدد لیموں کاغذی کا پانی مقطر شدہ ڈالا کریں مجربات سے ہے ۔

پھولا کا علاج جو کہ نہایت مجرب ہے:۔

جوہر نوشادر ہفت بار تصعید شدہ۔ روغن خلام یعنی فاسفورس جوہروں کا چوتھا حصہ۔ دونوں کو کانسی کے برتن میں جست کے ڈنڈا سے ایک پہر گھول کریں ایک چاول برابر سلائی سے پھولا پر رکھ دیں اور آنکھوں پر پٹی باندھیں۔ تھوڑی تکلیف محسوس ہوگی برداشت کریں۔ مجربات سے ہے۔

اکسیر نزول الماء و موتیابند:۔

آدھ پاؤ نمک۔ ۲ تولہ گندم۔ ۲ تولہ پوست الائچی سفید۔ ۶ ماشہ کافور بھیم سینی۔ نمک کو باریک پیس کر کوٹنا گل آب نارسیدہ میں رکھیں اوپر دانہ گندم ڈال دیں۔ گندم پر پوست الائچی پھر اس کو بہ احتیاط گل حکمت کریں اوپلے کی لکڑی نیچے جلائیں۔ آنچ پورے چار پہر دے اور ڈھکنا پر کپڑا تر کر کے رکھیں اور خشک نہ ہونے دیں بعد ازاں برتن کو سرد ہونے دیں اور دوا نکال کر بحفاظت تمام رکھیں اس میں سے ۶ ماشہ کا فوذ بھیم سینی ملا کر گھول کر لیں تیار ہے۔ موتیابند پختہ ہو خواہ پچھلی پرانی ہو اس کے استعمال سے تھوڑے عرصہ میں دور ہو جاتی ہے۔ نزول میں ایک وقت یہی دوا اور دوسرے وقت یہ دوا لگائی جاتی ہے:۔ صابون دیسی ۵ تولہ۔ رال سفید ۳ ماشہ۔ نیل تھوتھ ۳ ماشہ اول صابون کو نرم آنچ پر پگھلا کر نیل تھوتھ مسحوق ڈالیں کہ گھل جائے پھر رال مسحوق ڈالیں اور اتنی دیر آنچ پر رکھیں کہ میرگی دیسا ہی آجائے۔ دانہ خشخاش کے برابر دوسرے دن یہ دوا آب تازہ میں حل کر کے آنکھ میں سلائی کی مدد سے لگایا کریں۔

ابتدائے نزول الماء میں یہ نسخہ مجرب ہے:۔

سرب مصفے ایکتولہ۔ سیماب مصفے ۷ ماشہ باہم عقد کریں اور سرمہ سیاہ ایکتولہ سرد پیسی ۶ ماشہ۔ بن تلسی کے پانی میں اگر وہ میسر نہ ہو تو آدھ سیر تلسی ہری کے پانی میں اتنی مدت تک گھرل کریں کہ تمام پانی جذب ہو جائے ازاں بعد بطور سرمہ استعمال کریں۔

برائے ضعف بصر مجربات کاملہ سے ہے:۔

نرسی آب لیموں میں گھرل کی ہوئی ایک درم۔ مامیراں۔ مشک۔ کف دست۔ توتیا سبز

الٹمد۔ رسوت۔ رتن جوت۔ فلفل دراز۔ سنگ بصری۔ زاج۔ مرکی ہر ایک ۱/۲ ۱ درم تمام کو آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بنالیں اور ضرورت پر آب شبینہ میں حل کر کے آنکھ میں لگائیں۔ نہایت مفید ہے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے دیرینہ ضعف بصارت کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

کشتہ پیسہ برائے امراض چشم :-

نانک شاہی پیسے چند لیکر شور والی مٹی سے مل کر خوب صاف کریں۔ پھر انجن ہاری مٹی جس کو گورگھرائی اور جل جلا بھی کہتے ہیں اس مٹی میں قدرے پانی ملا کر گوندھ کر ایک ایک پیسہ کو اس میں لپیٹ دیں اور خشک کر کے کھریا مٹی کے دو بوتے لمبے بنا کر اس میں پیسے تہ بہ تہ رکھ کر جست پگھلا کر ڈالیں اور کسی محفوظ جگہ میں گڑھا کھود کر ۲ سیر صحرائی کنڈوں کی آگ دیں۔ پھر پیسہ ہائے سیاہ شدہ کو توڑ کر کھرل میں ہمراہ آب لیموں کاغذی میں سحق کریں۔ امراض چشم و ککروں میں مفید ہے۔

مشترک النفع برائے رمد۔ مجربات صدری سے ہے :-

افیون ۳ ماشہ۔ توتیا سبز ۳ ماشہ۔ شب شگفتہ ۶ ماشہ۔ نبات کوزہ ۱ تولہ۔ رسوت خالص ۲ تولہ تمام کو ملا کر پانی میں گھس کر حبوب نخودی تیار کریں اور ضرورت کے وقت گھس کر آنکھ میں لگائیں۔ جملہ اقسام رمد میں مجرب ہے۔

دمعہ یعنی آنکھ سے پانی بہنا :-

جست خالص سوا تولہ آگ پر پگھلائیں اور نصف دام پارہ ڈالیں۔ پھر دونوں کو کھرل کر کے مثل سرمہ کے بنالیں اور آنکھ میں ڈالا کریں۔

نسخہ دافع نزول الماء :- مجرب ہے

مامیراں۔ سنگ بصری۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ مشک۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ مغز تخم ہلیلہ۔ مروارید۔ سیماب۔ زعفران۔ چاکسو مقشر۔ رتن جوت۔ کشتہ ازریر۔ کشتہ صدف۔ غنچہ چنبیلی۔ تمباکو خراسانی۔ خاکستر پوست مار سیاہ۔ گھیکوار میں کھرل کریں۔ پھر ۲ دام آب ادرک میں پھر آب گلاب میں پھر شیر عورت میں پھر شہد میں حل آنکھ میں لگایا کریں۔

معجون مقوی بصارت۔ دافع رطوبات دماغی:۔

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ مغز کشنیز۔ اصل السوس مقشر ہر ایک۔ ایکتولہ۔ گل منڈی ۸ تولہ۔ سفوف بیخ منڈی ۴ تولہ۔ قند سفید سہ چند۔ اول ہلیلہ جات کے سفوف کو روغن بادام ۸ تولہ اور روغن زرد ۱۲ تولہ میں چرب کریں پھر تمام ادویہ کو قوام میں ملا کر معجون بنالیں۔ خوراک ۲ تولہ شیر گاؤ مصری سے دیا کریں۔

چھوٹا رگڑا برائے امراض چشم جس میں سرخی چشم۔ جالا و پھولا چشم۔ آنکھوں سے پانی جانا و کیچڑ آنا وغیرہ امراض دور ہو جاتے ہیں۔ امراض چشم کے معالج یہ نسخہ کسی کو نہیں بتلاتے ایک صاحب کمال سے حاصل کیا گیا ہے:۔

افیون خام ۶ ماشہ کیسر ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔ کشتہ جست ۲ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ۲ ماشہ۔ املی کے پتوں کا پانی ۵ تولہ سب چیزوں کو کھرل کرے اور گولیاں بنا کر رکھیں۔ ضرورت پر پانی میں حل کر کے سرمہ کی طرح سے سلائی سے صبح و شام لگایا کریں۔

کشتہ جست کی ترکیب یہ ہے کہ سرس کا پانی ایک پاؤ کڑچھے میں ڈالکر چولہا پر اس میں ۲ تولہ جست ڈال دیں جب پانی خشک ہو گا تو جست پھول جائیگا۔ اگر کچھ کسر رہ گئی ہو مکرر کر لیں۔

دیسی لوشن برائے امراض چشم۔ کگرے۔ دھند۔ پڑ بال وغیرہ:۔

رسوت خالص ۱ تولہ۔ قلمی شورہ۔ نوشادر ہر ایک ۵ تولہ۔ سندر جھگ۔ افیون خام ہر ایک ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی ایکتولہ۔ اول رسوت کو ڈیڑھ سیر کیلا کے پانی میں بھگو رکھیں پھر باقی چیزوں کو کوٹ چھان کر کیلا کے رس میں گھوٹ کر تین دفعہ چھان کر بوتلوں میں رکھ چھوڑیں اور صبح و شام آنکھوں میں پانی موصوف ڈالا کریں۔

سرمہ برائے دھند مخصوص:۔

دہی آدھ سیر۔ نمک شیشہ ۵ تولہ دونوں کو ملا کر آہنی توے پر رکھ کر نیچے بیری کی آگ جلائیں۔ جب دہی وغیرہ جل جائے تو عرق گلاب میں اچھی طرح کھرل کر کے سرمہ بنائیں اور سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں۔

نسخہ پڑوال :-

نیم کی پتی لیکر اس کا پانی نکالیں اور اس پانی میں روئی کی بتی بنا کر خوب تر کر کے خشک کریں پھر ایک پاؤ روغن کنجد لیکر چراغ میں بتی موصوف جلائیں اور اسکے اوپر معمولی چینی کی رکابی رکھ کر کاجل لیں اور مکھن کے ہمراہ کاجل کو کانسی کے کٹورہ میں کھرل کریں۔ کاجل بن جائیگا جست کی سلائی سے آنکھوں میں لگائیں پڑوال دور ہو جائینگے اور پھر پیدا نہ ہونگے ۔

اکثر امراض چشم میں مجرب راقم :-

پوست ہلیلہ زرد و بلیلہ و آملہ ہر ایک ۲ تولہ جو کوب کر کے رکھیں اور جست خالص نیم پاؤ کو گداخت کریں اور نصف ہلیلہ جات مذکورہ ڈالکر بسیخ آہنی سے حرکت دیں جب ہلیلہ جات جل جائیں باقی کے نصف ڈالکر پھر حرکت دیں جب وہ بھی جل جائیں تو برگ نیم سبز آدھ پاؤ لیکر اول نصف ڈالکر حرکت دیں جب جل جائیں تو باقی ڈالیں جب مثل خاکستر کے ہو جائے تو باریک کر کے رکھیں اور آنکھ میں ڈالیں مفید ہے ۔

ادویات برائے ظفرہ و ناخنہ :-

زعفران کو پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں یا آدمی کے کان کی میل شہد میں گھس کر آنکھ میں لگائیں یا ناخن فیل پتھر میں گھسکر آنکھ میں لگائیں ۔

دوا برائے ناخنہ و غشا کو نافع :-

توتیا سبز ایک درم۔ ناخن فیل۔ کافور۔ زعفران۔ صبر۔ انزروت ہر ایک ایک ماشہ سنبل الطیب۔ مرجان ہر ایک نیم درم۔ ادویہ کو گلاب میں سحق کریں اور حبوب باندھکر رکھیں وقت حاجت صدف پر گھسکر آنکھ میں لگائیں ۔

ادویات مجرب برائے امراض چشم دگر چشم مجرب :-

زنجبیل۔ شب تشگفتہ۔ نمک سنگ بہت کھرل کر کے آنکھ میں ڈالیں ۔

دیگر :- شب تشگفتہ۔ نبات کوزہ۔ کلمی بعض باریک کر کے آنکھ میں ڈالیں ۔

دیگر :- کف دریا گل چنبیلی ہمراہ نبات صلایہ کر کے آنکھ میں ڈالیں ۔

دوا مجرب برائے بیاض

نک سنگ۔ نمک شور۔ سہاگہ۔ شب یمانی۔ کف دریا۔ شونہ قلمی ہر ایک ۱ دام کوٹ چھان کر آب کوار گندل میں ایک ساعت کھرل کریں اور ایک ٹکڑہ نوشادر جو قدر تین دام کے ہو اس پر چھڑکار کریں جب خشک ہو جائے تو کوا ہی میں ڈال کر اس پر قلمی سوتی ۲ پیسہ ڈالیں اور دوب آگ جلائیں۔ اگر کسی جگہ سے دھواں نکلے تو اور قلمی ڈال دیں۔ دو پہر کے بعد نیچے اتار کر سرد کریں۔ غلول بام نکال کر رکھیں۔ نوشادر شگفتہ ہوگا سحق کر کے محفوظ رکھیں مثل دانہ رائی پپوٹی چشم پر رکھیں اور نان گندم نیمگرم اس پر باندھیں اور صبح کھول ڈالیں۔ پندرہ روز تک آنکھوں کو پانی نہ لگائیں ہفتہ دو ہفتہ کے عمل سے صحت ہوگی۔

دوائی برائے دفع خارش و سُبل و دمعہ و بیاض وغیرہ :-

چشمہ سنج مدبر مقشر ۲ تولہ۔ رسوت۔ شب شگفتہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ زعفران۔ افیون۔ نبات ہر ایک دانگ تمام کو چار پہر تک گلاب میں صلایہ کریں پھر حسب تیار کر کے عند الحاجت پانی میں گھس کر آنکھ میں ڈالیں۔

دیگر مجرب۔ انزروت مدبر بہ شیر خر ۶ ماشہ۔ چاکسو مدبر مقشر ۳ ماشہ سفیدہ تین ماشہ کف دریا ۳ ماشہ۔ رسوت ۴ ماشہ۔ نبات سفید اتولہ صلایہ کر کے آنکھ میں ڈالیں۔

پوٹلی برائے درد چشم جو بوجہ سُبل کے ہو :-

برگ امبلی۔ برگ مرس۔ زرد چوب۔ شب یمانی۔ افیون ہر ایک نیم دام دو پوٹلی باندھیں اور پانی میں رکھیں اور پوٹلی کریں۔ چند بوند آنکھ میں ڈالیں۔

دوا دافع دمعہ۔ جست خالص ½ تولہ کو گلائیں اور زنبق خام نیم دام اس میں ڈال کر باریک کر کے آنکھ میں ڈالیں۔

دیگر۔ چاکسو مقشر ۲ حصہ۔ سنگ بصری۔ مروارید۔ کف دریا۔ مرجان۔ لاکھ۔ توتیا سبز۔ سون مکھی۔ موٹھ ہر ایک ایک حصہ تمام ادویہ کو باریک پیس کر آنکھ میں ڈالیں مجرب المجرب ہے۔

غشا یعنی شبکوری میں مجرب ہے :-

شہد و رازیانہ کو آنکھ میں ڈالنا مفید عام ہوتا ہے یا مگس ۴۰ عدد فلفل ۷ عدد شیر عورت سے ظرف مسی بغیر قلعی میں سحق کر کے وقت شام آنکھ میں ڈالیں ۔

صابون کہنہ قدرے لعاب دہن میں پیس کر آنکھ میں ڈالیں مجرب ہے ۔

دوا برائے نزول الماء مجرب :-

ابتدائے مرض میں سرمہ سفید کو باریک کر کے تلخہ بافہ و ماہی روہو میں تر و خشک کر کے باریک کھرل کر کے آنکھ میں ڈالیں ۔

برائے نزول الماء مجرب و برائے بیاض نافع :-

مامیراں ۔ سنگ بصری ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۔ مشک ۔ فلفل دراز ۔ فلفل گرد ۔ مغز تخم ہلیلہ ۔ مروارید ۔ سیماب ۔ زعفران ۔ افیون ۔ چاکسو ۔ رتن جوت ۔ خاکستر ارزیر ۔ خاکستر صدف ۔ غنچہ چنبیلی ۔ تماکو خراسانی ۔ خاکستر پوست مار سیاہ ۔ رس کنوار گندل ۔ سحق کریں پھر ۲ دام آب ادرک میں پھر گلاب پھر شیر زناں پھر شہد میں کھرل کر کے آنکھ میں ڈالیں ۔ ہر ایک رس میں دو دو دن کھرل کریں ۔

شیاف مرارہ معمول برائے نزول الماء :-

مرارہ زاغ سیاہ ہفت عدد ۔ تخم عباسی دو نیم درم سحق بلیغ کر کے شیاف تیار کریں ۔

کحل برائے اقسام ضعف بصر :-

سرب خالص باریک کر کے ایک درم ۔ فلفل سفید ۔ سرمہ سیاہ ۔ سرمہ سفید ۔ اقلیمیا ۔ چاکسو مدبر ہر ایک نیم درم ۔ سون مکھی ۔ شب شگفتہ ۔ افیون ۔ مسک ہر ایک ایک ماشہ مروارید چینی سفید ۔ زرد چوب ۔ مامیراں ۔ رتن جوت ۔ رسوت ۔ نیلا تھوتھا ہر ایک نیم ماشہ جملہ ادویہ باریک کر کے آب ہلیلہ زرد سے تین روز تک سحق کریں کہ مثل غبار کے ہو جائے پھر آنکھ میں ڈالیں ۔

دوا برائے شعر زائد :-

توتیا ۳ ماشہ ۔ افیون ۷ ماشہ ۔ رسوت ۱۱ ماشہ ۔ نبات سفید ۲۱ ماشہ ہمراہ شہد و سرکہ

کے ظرف نحاسی میں چوب نیم سے خوب رگڑیں اور آنکھ میں ڈالیں اگر دوائی سخت ہو جائے تو شیر عورت میں گھس کر نرم کریں ۔

دوا برائے شعر زاید و سلاق :-

قطعہ کنوار کو ہمراہ مسکہ گاؤ چرب کر کے مثل کباب آگ پر رکھیں اور جو مادہ اس سے ٹپکے اس کو کانسی کے برتن میں لیکر ملیں ۔ دیگر خرمہرہ خورد ۔ ترشی لیموں ۲۰ عدد ایک دن بھگو دیں پھر سحق بلیغ کر کے سلائی سے آنکھ میں ڈالیں ۔

دوا برائے سلاق و بہمنی مجرب :-

موئے آدمی جوان سوختہ سپاری سوختہ ہر ایک ایک درم دونوں کو باریک کر کے ہمراہ روغن گاؤ کے ظرف کانسی میں خوب سحق کریں اور آنکھ میں ڈالیں نیز بالائے چشم طلا کریں ۔ ابتدائے غرب یعنی ناسور گوشہ چشم میں صرف حضض باریک پیس کر طلا کرنا مرض کو دفع کرتا ہے ۔ مجرب و معمول ہے ۔

ضماد مجرب راقم لاعدیل برائے رمد دموی :-

حضض ۱۲ تولہ ۔ نبات کوزہ ۱ جزو ۔ شب شگفتہ ۲ جزو ۔ افیون ۔ توتیا سبز ہر ایک ۱ جزو جس وقت پھٹکڑی کو شگفتہ کریں افیون کو درمیان میں رکھیں اور توتیا کو سفید کر لیں اور حضض کو پانی میں پیس لیں اور کپڑے میں چھان لیں ۔ باقی ادویہ کو باریک کر کے اس میں ملائیں اور حل کریں ۔ وقت حاجت کام میں لائیں اسرار سے ہے ۔

پوٹلی برائے چشم بارہا مجرب :-

کوکنار ۔ زیرہ سفید ۔ افیون ۔ شب شگفتہ سب کی پوٹلی بنا کر آنکھ پر رکھیں ۔

دوائی برائے درد چشم :- فی الفور مسکن وجع :-

لودہ میدہ گندم ۔ روغن گاؤ ہر ایک ۴ درم تمام کو سحق بلیغ کر کے خمیر کریں اور ۴ گولیاں بنائیں اور ایک غلولہ کو سفال گرم پر رکھیں جب ذرا گرم ہو جائے تو آنکھ پر رکھیں اور دیگر غلولہ کو گرم کریں ۔ چند بار ایسا عمل کرنے سے درد رفع ہوگا ۔

شیاف برائے رمد بلغمی پانی میں پیس کر آنکھ میں لگائیں مجرب ہے :-

جست کشتہ نوشادر فلفل سیاہ سنبل الطیب۔ زدچوب کو شکر سرخ کی طرح بنا کر پانی سے
شیاف بنالیں۔

رمد عظیم مفرط جو اکثر بچوں کو لاحق ہوتا ہے آنکھیں سُرخ سوج جاتی ہیں اور بچہ آنکھ کو
نہیں کھول سکتا۔ آنکھوں میں خارش۔ مرہان شدید:۔

نشادر ۳ ماشہ۔ پانی نیم پاؤ۔ شب شگفتہ ۱۰ عدد۔ افیون۔ شب شگفتہ ہر ایک۔ ایک تولہ۔ افیون
ایک ماشہ پہلے دوا شب شگفتہ کرتے وقت اُس میں افیون ڈالیں پھر باریک کر کے باقی ادویہ ملا
کر رات کو بھگو کر صبح مل کر صاف کریں اُس میں پھٹکڑی کو حل کریں اور نرم آنچ پر
پکائیں جب غلیظ ہو جائے تو ظرف شیشی میں نگاہ رکھیں۔

پوٹلی برائے آشوب حار چشم بارہا بتجربہ رسیدہ و دریں ہیچ جا تخلف نکردہ:۔

کوکنار یک عدد۔ تربہ سفید ایک ماشہ۔ تخم خربوزہ ایک عدد۔ افیون ایک سُرخ۔
شب باقی شگفتہ ایک ماشہ تمام ادویہ کو کوٹ کر برگ تمر ہندی ملا کر پارچہ کہنہ میں پوٹلی
باندھیں اور پانی میں تر کر کے آنکھ پر رکھیں اور ایک دو قطرہ آنکھ میں ڈالیں۔ ان شاء
اللہ تعالیٰ تین دفعہ پوٹلی کرنے سے شفا کلی حاصل ہوگی۔

دوائی برائے رمد بلغمی و سُرخی و نفخ چشم مجرب:۔

جست کشتہ۔ نوشادر سنبل الطیب۔ فلفل سفید۔ عروق الصفرا بقدر مساوی وزن لیکر
باریک کریں اور پانی میں گوندھ کر شیاف تیار کریں اور وقت حاجت پانی میں گھس کر
سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

دوا برائے رمد ہر قسم مجرب:۔

شب شگفتہ نیم تولہ سیماب ایک ماشہ باہم صلایہ کریں کہ مثل خاک سیاہ ہو جائے اس
میں سے تھوڑا سا لیکر مسکہ گاؤ میں حل کر کے بالائے پلک طیں فی الفور درد و سُرخی
جاتی رہیگی۔

نفوقات و شمومات مجرب برائے نزلہ و زکام:۔

(۱) سعوط جو دماغ کو پاک کرتا ہے اور رطوبت بہت نکالتا ہے۔ مغز چنبیلی ۳ عدد روغن

میں مل کر ناک میں ٹپکائیں۔ (۲) تمباکو صورتی ایک دام۔ زعفران ماشہ۔ قرنفل ۷ عدد کوٹ چھان کر تھوڑا سا ناک میں ڈالیں۔ (۳) نوشادر و چونہ باہم ملا کر ملیں اور شونگھیں اور ہر گھنٹہ کے بعد اس عمل کو کریں فی الفور نزلہ کو دفع کرتا ہے۔

شربت برائے نزلہ سوداوی و غشی:۔

گاؤزبان ۳ تولہ۔ ابریشم خام ۱ تولہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ بادرنجبویہ ۱ تولہ۔ پرسیاوشاں ۱ تولہ۔ نبات سفید ایکپاؤ۔ مطابق دستور کے شربت تیار کریں اور عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ سے استعمال کرائیں مجرب ہے۔

دوا برائے نزلہ مستقرحہ و سرفہ و ضعف بصارت و درد چشم و صداع کہنہ و سوزش بدن مجرب:۔

سلیمانی ایکدرم جوذالقی میں ڈالکر اس کا منہ آرد ماش سے بند کر کے ایک سیر شیر گاؤ میں یہاں تک پکائیں کہ نصف باقی رہ جائے اسی طرح تین بار یہ عمل کریں پھر ایکدرم اطریفل کو ایک اثار پانی میں ڈالکر تین بار پکائیں پھر لاچی۔ قرنفل۔ کتھہ۔ قرنفل ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کر ملا کر رکھیں اور بقدر ایک سرخ کھوپرہ شیر سے کھلائیں اسی دوائی کو آشک میں دو سرخ کھلائیں اور سات روز تک نان بے نمک ہمراہ روغن کنجد کے دیں

کان۔ ناک اور منہ کی بیماریاں

وجع الاذن۔ برائے درد گوش صفراوی:۔

بوند تقطیر حنظل کو شیر عورت میں حل کر کے نیمگرم کان میں ٹپکائیں۔ ایسا ہی آب لیموں نیمگرم کان میں ٹپکانا مفید ہے۔

درد گوش۔ اینوہ کو روغن چنبیلی میں حل کر کے کان میں ڈالیں مجرب ہے۔ شیرہ ادرک روغن کنجد۔ عسل۔ نمک سنگ ہر ایک مساوی باہم ملا کر اور گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ دیگر۔ افیون۔ قرنفل۔ جوزبوا ہر ایک ایک ماشہ تین درم روغن گل میں جلا کر صاف کریں اور کان میں ٹپکائیں مجرب ہے۔

دوا برائے کرم گوش :-

سرکہ کپاسی میں حل کر کے نیم گرم کان میں اسقدر ڈالیں کہ کان بھر جائے۔ تھوڑے عرصہ کے بعد کان کو الٹ کر صاف کر دیں تاکہ مُردہ کیڑے گر پڑیں ۔

دوا برائے صمم مجرب :-

پیاز خوک کو محض میں ڈالکر آگ میں سرخ کریں پھر نکال کر نچوڑیں اور نیم گرم کان میں ڈالیں۔ دیگر: انجیر دلائتی ایک عدد۔ خردل ۲ ماشہ۔ روغن گل اسقدر کہ دونوں اشیاء مثل موم کے ہو جائیں۔ شیاف بنا کر کان میں رکھیں۔ مجرب ہے۔ دیگر: انگوزہ۔ کلک ۱ ہوری۔ اسگند چوب انار قسط ہر ایک ایک ماشہ۔ ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن کنجد ۱ تولہ میں جلائیں اور صاف کر کے عند الحاجت کام میں لیں۔ ایک قطرہ کان میں ٹپکانے سے درد کو دُور کرتا ہے ۔

نسخہ دافع رعاف معمول و مجرب :-

کافور۔ افیون و پشم شتر سوختہ پیلو سوختہ در آب افشردہ سرگین خرحل نمودہ در بینی چکانند حب فرزند پسند کہ بیطیر دیار ہا تجربہ رسیدہ ۔

بزر البیخ تخم کاہو تخم خشخاش۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ افیون مصری ہر ایک ۱ ماشہ۔ بیخ تفاح۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون و زعفران کو گلاب میں ۲ پہر تر رکھیں پھر ادویہ کو کوٹ چھان کر اس میں ملا دیں و بقدر ضرورت حبوب تیار کریں۔ خوراک ۲ گولی ۔

دوا معمول و مجرب برائے قلاع

کتھہ گلابی۔ طباشیر۔ دانہ انار خشک۔ ورد۔ گل سرخ۔ گل سیوتی۔ کباب چینی ہر ایک ۱ ماشہ۔ کافور۔ مغز اطفاس ہر ایک ۴ ماشہ ۔

حبوب مجرب برائے بخر الفم :-

گل سرخ۔ صندل سفید۔ سہ کوفی ہر ایک ۲ درم۔ بلیلہ۔ بلیلہ ہر ایک ۳ درم پوست انار مغل طباشیر نیم درم کوٹ چھان کر آب گلاب میں بنا کر منہ میں رکھیں ۔

نسوار دافع رطوبت خشک بد بینی :- اس مرض کے لئے بہت بہتر دوا ہے ۔

خاکستر ریشہ نارجیل ایکتولہ۔ کافور ۶ ماشہ۔ سکہ گاؤ جو ایکسو بار پانی میں دھویا ہو ملا کر بطور نسوار کے ناک میں لیں ۔

برائے بخر مجرب :-

خولنجان۔ زرنباد ہر ایک برابر وزن کوٹ چھان کر حبوب تیار کریں۔ منہ میں رکھا کریں ۔

دوائی جو درد و آماس بن دنداں دور کند و دنداں را محکم کند :-

زنجبیل۔ سون مکھی۔ بابرنگ۔ کسیس کہنہ ہر ایک ایک دام۔ نیلا تھوتھا بریاں ۵ ماشہ کوٹ چھان کر استعمال کریں ۔

دوا جہتہ وجع السنان از ہر قسم کہ باشد مجرب است :-

نیلا تھوتھا۔ کتھ سفید۔ کتھ سرخ ہر ایک ایک دام۔ نمک لاہوری۔ زیرہ سفید بریاں کشنیز بریاں ہر ایک ۲ درم۔ زنجبیل۔ مصطگی۔ ہیرا کسیس۔ کچور کچری۔ کباب چینی۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک نیم درم جدا جدا ادویہ پیس کر پھر ملا کر خوب صلایہ کریں اور دانتوں پر مل کر ایک گھنٹہ تک پانی سے پرہیز کریں ۔

دوا برائے وجع السنان مجرب :-

انبہ ہلدی ایک درم۔ نوشادر ۲ درم باریک کر کے دانتوں پر ملیں۔ خوب پانی بہیگا ۔

دوائی مفید برائے درد دندان جو سردی سے ہو :-

فلفل گرد۔ عقرقرحا۔ انگوزہ۔ کچور۔ نمک کوٹ چھان کر شہد میں گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور ایک گولی دانتوں تلے رکھیں ۔

برائے استحکام و وجع دندان :-

مازو۔ گلنار۔ تخم گلاب۔ پھٹکڑی مدبر۔ سرکہ۔ کزمازج ہر ایک ۲ ماشہ۔ مصطگی۔ فوفل۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ کندر۔ فلفل سیاہ۔ عقرقرحا ہر ایک ۱ ماشہ۔ نمک طعام سوختہ کوٹ چھان کر سنون تیار کریں اور دانتوں پر ملیں ۔

ایضاً جامع النفع۔ شب شگفتہ۔ سرکہ۔ گلنار۔ گل سرخ۔ زرورد۔ کشنیز۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مصطگی۔ صندل سفید۔ طباشیر ہر ایک ۲ ماشہ کہربا۔ بسد۔ مازو کوٹ چھان کر

سنون تیار کریں اور کام میں لائیں مجرب ہے ۔

دوائی جو دانتوں کو مستحکم کرتی اور دانتوں کی بدبو کو دور کرتی اور درد کو روکتی ہے

مصطگی کبیس بیخ پھل زنجبیل بریاں۔ سنگجراحت بریاں۔ سہاگہ بریاں۔ نمک سندھیا ہر ایک ایک دام فلفل کشنیز بریاں۔ کتھہ۔ زیرہ ہر ایک ۲ دام۔ ناگرموتھ ۴ دام کوٹ چھان کر مسواک سے دانتوں پر ملیں اور پانی سے غرغرہ کریں پھر پان کھائیں ۔

دوائی برائے کرم دندان مجرب راقم :-

عسل بلادر ایک ماشہ۔ توتیا سبز باریک کردہ ۲ سرخ خوب ملائیں اور پنبہ میں آلودہ کرکے دانت میں رکھیں اور تین روز تک پانی بذریعہ نے پلائیں ۔

برائے وجع السنان کہ از کرم افتد :-

نوشادر افیون باہم باریک کرکے سوراخ میں رکھ کر اوپر موم لگا دیں یا دار فلفل۔ فانلویہ۔ شنگرف۔ بیش ہر ایک ایک ماشہ۔ فلفل سیاہ تین ماشہ باریک کرکے بقدر ایک چاول کے دانتوں پر ملیں مجرب ہے ۔

دوا برائے تجلیہ دندان نظیر ندارد :-

مصطگی۔ دارچینی۔ قاقلہ۔ کپور کچری۔ کباب چینی۔ زنجبیل فلفل کتھہ۔ نیلا تھوتھہ بریاں کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ نمک سنگ ۲ تولہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں ۔

برائے لثہ دامیہ مجرب :-

سپاری۔ شاخ گوزن۔ کاغذ ہر ایک سوختہ۔ بیخ نے سوختہ۔ سماق۔ طباشیر۔ غنچہ گلسرخ ہر ایک ۲ ماشہ۔ شب شگفتہ۔ مائیں سوختہ۔ ہلیلہ کلاں۔ برگ مورد۔ دم الاخوین۔ کندر۔ آملہ۔ ورس ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں ۔

دوائی جو خون دندان کو بند کرکے محکم کرتی ہے :-

مائیں کلاں و خورد۔ شب شگفتہ کشنیز بریاں۔ کتھہ گلابی تمام کو باریک کرکے اس پر ملیں پھر پانی نہ پلائیں مجرب ہے۔ دیگر۔ بیخ بھنگ کو سرکہ انگوری میں پیس کر مضمضہ کریں اور نوشادر کو سرکہ میں حل کرکے مسوڑوں پر ملیں مجرب ہے ۔

برائے اکلہ لثہ جس سے بہتر دوا نہیں مل سکتی :-

برگ سداب ۲ درم - زنگار - آہک - زرد چوبہ ہر ایک دو ماشہ دوسرے ترکیب میں دو گنا تا زیادہ بہ کل حکمت گرفتہ دو آتش نہفتہ گل سرخ گرد بر آوردہ مقدار ایک دانگ برائے اکلہ انشاء اللہ دو سہ بار سے زیادہ استعمال کی ضرورت نہیں ہوتی ۔

امراض حلق و حنجرہ

دوائی غرغرہ برائے خناق :-

گلسرخ ایکتولہ کشنیز عنب الثعلب ہر ایک ۲ تولہ - عناب ۱۲ تولہ بقدر ایک پاؤ پانی میں کل کر ۱۲ تولہ مغز فلوس اس میں حل کر کے صاف کر کے غرغرہ کریں - بارہا بہ تجربہ رسیدہ ۔

دیگر - در ابتدا و قبل و بعد تنقیہ مسکن وجع :-

مغز فلوس خیار شنبر ۲ تولہ شیر گاؤ یا کشک آب میں حل کر کے غرغرہ کریں ورم و سوزش حلق میں مفید ہے ۔

ضماد خناق جو منضج بھی ہے و مفرح بھی اور مسکن وجع بھی :-

گل بنفشہ - بابونہ - تخم کنوچہ - اکلیل الملک - مویز منقی ہر ایک ایکتولہ - گل خیرو - عنب الثعلب ہر ایک ۲ تولہ - آرد جو نیم پاؤ - روغن گل ۶ تولہ - گل ارمنی ۶ ماشہ جملہ ادویہ کو کوٹ کر روغن گل سے چرب کریں اور آب گرم پختہ میں صبح و شام گلے پر ضماد کریں اور قرص آرد گندم کو ایک طرف سے پکا کر اور دوسری طرف سے خام رکھ کر روغن گرم کر کے گلے پر رکھیں فی الفور مسکن وجع اور تجربہ میں آچکا ہے ۔

برائے بحۃ الصوت :-

مغز بیلہ - فلفل دراز - نمک سنگ برابر وزن کوٹ کر شہد میں ملا کر ایک سے ۲ ہفتہ تک کھلائیں بستہ آواز کو کھول دیگا ۔ دیگر - انگوزہ دو ماشہ پانی میں حل کر کے دو تین دفعہ پلانا مفتح صوت بستہ ہے - سندھور خورد کو گل قنیل چراغ پان میں رکھ کر کھلانا مجرب ہے ۔

مطبوخ برائے بحۃ الصوت بارد :-

بیخ اذخر ۱ مثقال - انجیر ۳ دانہ - زوفا - اصل السوس ہر ایک ۱ درم - بذر کتان - بیخ خرفہ - بیخ بادیان ہر ایک ۲ درم - شہد مصفا ۷ درم ۔

معجون مفید :- تخم کتان ۱ درم - انجیر ۱۰ عدد - زعفران ۱ درم - شہد صاف ۲۰ درم معجون تیار کریں ۔ خوراک ۲ درم

امراض صدر و قلب

سفوف نفث الدم :-

انجبار - دم الاخوین - صمغ عربی - بسد - کہربا - اقاقیا - مروارید ناسفتہ - سرطان محرق - زہر مہرہ سائیدہ - تخم کاہو - نشاستہ ہر ایک ایک درم - خرفہ - تخم خشخاش - صندلین ہر ایک ۲ درم - کتیرا - رب السوس - گل ارمنی ہر ایک ایک مثقال - نیلوفر ۳ درم - کافور ایک ماشہ - تمام ادویات کو جدا جدا پیس کر ملالیں اور سفوف بنا کر رکھیں خوراک ۲ سے تین درم ہمراہ لعاب بہدانہ وغیرہ ۔

مفرح القلب بارد :-

کاہو - مغز تخم کدو - مغز تخم تربوز - مغز تخم خیار ہر ایک ۳ مثقال - مروارید - بسد محرق - کہربا - سرطان محرق - ابریشم - کافور - صندل سرخ ہر ایک ایک مثقال - صندل سفید - الائچی خورد - طباشیر ہر ایک ۲ مثقال - گل سرخ ۵ مثقال - عود - درونج - زرنباد - بہمن سفید ہر ایک ایک مثقال - زعفران نیم مثقال - گاؤزبان ½ ۱ مثقال - عنبر ایک ماشہ - مشک ایک ماشہ - رب سیب - رب انار - رب بہی تینوں کا مجموعی وزن سہ چند از ہمہ ادویہ حسب دستور مفرح تیار کرلیں اور خوراک اس کی ۲ درم ہے - تقویت قلب میں مفید و مجرب ہے ۔

اکسیر دافع اختلاج القلب :-

یشب سبز ایک تولہ آگ میں سرخ کرکے عرق گلاب میں سات بار بجھاویں پھر پوست بیرونی

ایکتولہ۔ نارجیل ایکتولہ۔ الائچی خورد ایکتولہ۔ دانہ الائچی کلاں تولہ۔ زہر مہرہ تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق طلا ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ لیں۔ پہلے مروارید اور زہر مہرہ کو عرق گلاب میں اچھی طرح کھرل کریں۔ زاں بعد ورق طلا و نقرہ ملا کر دوبارہ کھرل کریں زاں بعد باقی ادویہ ملا کر حبوب بقدر نخود بنائیں اور ایک گولی مفرح شربت کے ہمراہ کھائیں

اکسیر دق وسل :۔

ابتدا مرض میں جب پھیپھڑوں میں زخم و قرحہ ہو اور بلغم کے ساتھ خون آتا ہو تو یہ دوائی استعمال کرنی چاہئے :۔ خاکستر سرطان ۲ تولہ۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ طباشیر۔ دانہ ہیل۔ ست گلو۔ کہربا شمعی ہر ایک ۴ تولہ۔ شربت بنفشہ چہار گنا از ادویات ملا کر معجون تیار کریں۔ خوراک ۴ ماشہ اور جوشاندہ اڑوسہ و گلو ہمراہ شربت بنفشہ ملا کر دیں اور کھانسی کے لئے یہ گولیاں تیار کریں :۔

حبوب برائے کھانسی۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ رب السوس۔ گیرو۔ کشتہ سنگجراحت۔ ہر ایک ایکتولہ۔ رب خشخاش میں ملا کر حبوب بنالیں اور ۲ گولیاں لعاب بہدانہ ۳ ماشہ یا جوشاندہ ویل کے ہمراہ دیں :۔ عناب ۵ دانہ سپستان ۹ دانہ کو قدرے پانی میں خفیف سا جوش دیکر شربت بنفشہ ملالیں ۔

ایک وقت معجون دیں اور ایک وقت گولیاں کھلائیں۔ اگر بلغم کے ہمراہ پیپ بھی آتی ہو تو یہ دوا استعمال کرائیں :۔

کہربا شمعی۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ سریشم ماہی۔ زہر مہرہ خطائی۔ طباشیر ست گلو ہر ایک ۲ تولہ۔ کشتہ ہڑتال ورقی ۱ ماشہ تمام ادویہ کو باریک پیسکر رب خشخاش ۳۶ تولہ میں ملا کر رکھیں اور اس میں سے ۶ ماشہ مریض کو کھلایا کریں۔ سینہ پر مالش کے لئے روغن بادام ۲ تولہ روغن گل خیری ۲ تولہ ملا کر کام میں لائیں ۔

دوا دافع ضیق النفس و دمہ :۔

دیگ نیم۔ نمک سانبھر۔ بھنگ خشک۔ آرد نخود ہر ایک ۵ تولہ سب کو ظرف گلی میں ڈالکر برتن میں رس کو ارگندل اتنا بھر دیں کہ دوا کے اوپر دو انگل آجائے گل حکمت کرکے ۱ سیر

کی آگ میں خاکستر کرلیں۔ اس خاکستر میں ۵ تولہ کشتہ صدف بھنگ والا ملا کر آب ادرک سے کھرل کرکے حبوب بمقدار نخود تیار کریں ایک گولی صبح پانی سے دیں مفید ہے۔

دوسرے وقت یہ گولیاں کھلائیں:۔

درخت چرچٹا کے پانچوں انگ لیکر جلائیں اور آدھ سیر خاک حاصل کریں اسکو ۱۰ سیر پانی میں اس قدر جوش دیں کہ ایک سیر پانی باقی رہ جائے پھر فلفل دراز آدھ پاؤ باریک کرکے ملادیں اور اس قدر پکائیں کہ سخت ہوجائے اور شہد سے گولیاں نخودی تیار کرلیں ایک گولی عصر کے وقت پانی سے کھلایا کریں۔ اگر بیماری دیرینہ ہو تو کشتہ ہڑتال ۵ رتی بھی ۲ چاول مکھن یا بالائی میں رکھ کر دیا جاتا ہے جسکی ترکیب کشتہ جات میں درج ہوگی۔

شربت تفاح برائے تقویت اعضائے رئیسہ دافع خفقان۔ نیز دافع وسواس محافظ جنین بھی ہے۔ محرک قوت باہ ہے:۔

سیب شیریں کدوکش کرکے پانی نکالیں اور ایک رطل پانی میں دس رطل آب باراں ملا کر (اگر آب باراں نہ ملے تو مصفا پانی لے لیں) اس قدر جوش دیں کہ چہارم حصہ باقی رہ جائے۔ پھر اس دوا کا چھٹا حصہ لیکر آب لیموں اس میں داخل کریں پھر انیسون مصطگی رومی۔ الائچی خورد و کلاں۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ زعفران کشمیری۔ عنبر ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کر ایک کپڑا میں باندھ کر لٹکائیں اور خوب ملیں پھر پوٹلی علیحدہ کرکے سہ چند نبات کے ہمراہ قوام شربت کا تیار کرلیں۔ خوراک ۲ تولہ عرق گلاب کے ہمراہ پلائیں۔

ذات الجنب حقیقی یا غیر حقیقی:۔

پھٹکڑی بریاں شگفتہ ۲ حصہ۔ توتیا سبز بریاں ۱ حصہ دونوں کو ملائیں اور ایک رتی کسی شربت کے ہمراہ بتاشے یا بالائی میں رکھ کر کھلادیں۔ دو دو گھنٹہ بعد اسی مقدار میں دیں دو تین خوراک میں بغیر فصد یا مسہل یا کسی دوسری دوا کے فائدہ ہوجاتا ہے۔

کالی کھانسی کا مجرب نسخہ:۔

سہاگہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ جوکھار ۱ تولہ۔ نمک سونچر ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۳ تولہ۔ پھل کٹائی خورد پختہ ۱۲ تولہ سب کو ملا کر سحق کریں اور کسی کوزہ گلی میں بھر کر منہ بند کرکے ۵ سیر کی

آنچ دیں پھر نکال کر باریک پیس لیں۔ چار رتی تک شکر تری ۲ ماشہ میں ملا کر دن میں تین دفعہ دیں۔ مجرب ہے۔

کالی کھانسی کا دوسرا مجرب نسخہ۔

کالی کھانسی ایک نامراد مرض ہے اس کے حیلہ حوالہ تو بہت ہیں اور مندرجہ بالا نسخہ بھی اکثر فائدہ دیتا ہے لیکن بعض اوقات تو معالج اس مرض کے علاج سے تنگ آجاتا ہے میں نے کئی بار اسکو مجرب پایا۔ صرف کوکونٹ آئل یعنی روغن نارجیل ایک چمچہ چائے کا یا دو تین دفعہ حسب عمر یا طاقت صبح۔ دوپہر و رات کو دیا کرتا ہوں۔ ایک سے دو ہفتہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے۔ اسرار سے ہے۔

حبوب دافع کھانسی بلغمی:۔

شنگرف رومی۔ فلفل سیاہ۔ سہاگہ۔ مٹھا تیلیہ۔ بابڑنگ۔ گندھک مصفی۔ نمک سونچل۔ فلفل دراز ان سب کو خشک کھرل کرنے کے بعد عرق ادرک میں اچھی طرح کھرل کرو اور بقدر ایک رتی کے گولیاں بناؤ۔ خوراک ایک گولی ہمراہ عرق بادیاں وغیرہ۔

نسخہ مالش برائے دمہ

روغن کنجد ۵ تولہ۔ موم دیسی ۲ تولہ۔ افیون ماشہ۔ سورنجان تلخ تولہ۔ اول سورنجان کو اچھی طرح سے کوٹ چھان لیں پھر تیل کو پکاؤ اور اس میں افیون گھس کر ملا دو پھر موم دیسی پھر سورنجان ملاؤ پھر اتار لو اور رات کو سوتے وقت سینہ پر مالش کرو۔ چند روز میں فائدہ ہوگا۔

نمک دافع ضیق النفس:۔

برگ کیلا۔ برگ مولی۔ ٹانڈہ مکی۔ پٹھ کنڈہ۔ آک ہر ایک پاؤ بھر سب کو لیکر جلائیں اور آب شیریں میں بھگو کر زلال لیں۔ اس کو جلا کر نمک بنائیں۔ خوراک بقدر رتی مجرب ہے۔

نسخہ مجرب دافع دمہ:۔

برگ بانسہ۔ کشنیز۔ برادہ صندل سفید۔ کوکنار مسلم۔ ککڑ سنگی ہر ایک ۵ تولہ۔ طباشیر ۳ تولہ۔ الائچی کلاں و خورد ہر ایک ۲ تولہ۔ بہدانہ ۴ تولہ۔ فلفل دراز تولہ۔ ست گلو ۴ تولہ۔ آملہ

۲ تولہ مصری کوزہ دس تولہ ان کو کوٹ چھان کر خوراک تین سے ۶ ماشہ ایک ورق نقرہ ملا کر دیں اوپر سے عرق گاؤزبان پلائیں تین چار ہفتہ میں کہنہ دمہ بھی دور ہوگا ۔

معجون برائے ضیق مجرب

بذر کتان بریاں باریک کریں اور روغن بادام میں چرب کر کے شہد میں ملا کر اعوق تیار کریں۔ خوراک ایک تولہ ۔

دوا برائے سرفہ و ضیق النفس مجرب :-

ریوند خطائی صبر سقوطری۔ سہاگہ بریاں ہر ایک برابر ہمراہ شیرہ گوندی حبوب بقدر نخود۔ ایک گولی صبح و شام۔ غذا گوشت کبوتر ۔

دیگر صدف کو جلائیں اور شیرہ ادرک میں کھرل کریں اور حبوب بمقدار نخود تیار کریں۔ دیگر اسپغول ایک کف دست صبح و شام پانی سے پھانکنا بھی مجرب ہے ۔

دوا برائے نفث الدم مع السرفہ بتجربہ رسیدہ :-

عناب ۵ دانہ سپستان ۱۱ دانہ تخم خطمی تخم خبازی۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ۱ درم بہدانہ ۲ ماشہ۔ مویز منقی ۷ عدد آب خالص نیم پاؤ میں بھگو کر صبح مل چھان کر اور صاف کر کے پلائیں ۔

سفوف نفث الدم مجرب :-

انجبار۔ دم الاخوین۔ صمغ عربی۔ بسد۔ کہربا۔ اقاقیا۔ مروارید۔ سرطان محرق۔ زہر مہرہ سائیدہ۔ تخم کاہو۔ نشاستہ ہر ایک ۱ درم۔ خرفہ مقشر۔ تخم خشخاش و صندلین ہر ایک ۲ درم کتیرا۔ رب السوس۔ گل ارمنی ہر ایک ۱ مثقال۔ نیلوفر ۳ دام۔ کافور ایک ماشہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کر کے خوراک ۲ سے ۳ درم ہمراہ مبردات مناسب مجرب ۔

امراض معدہ و امعاء و جگر

اکسیر پیچش کہنہ :-

مصطگی رومی اصلی ۱ تولہ شنگرف ۱ تولہ جدوار خطائی اصلی تولہ۔ افیون خام ۱ تولہ۔

سہاگہ ۳ ماشہ ان کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے جوب بقدر اندازہ ماش بنا لیں۔ خوراک ایک گولی آب تازہ سے دیں۔ مناسب ہے کہ پہلے ایک بار ہلکا سا کیسٹر آئل (روغن بید انجیر) کا مسہل دے لیں اس کے بعد جوب کا استعمال پورا فائدہ دیتا ہے۔ مجرب ہے۔

اکسیر نمک سلیمانی :-

نمک ۱ ہوری ۵ تولہ۔ غلغل گرد ۲ تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ۔ چوکھارہ ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ ہر چیز صاف ۵ تولہ ان تمام کو ملا کر رکھیں تیار ہے خوراک ایک دو رتی سے ایک ماشہ تک دیں۔ پیٹ درد۔ متلی۔ کڑاکر۔ برہمی وغیرہ میں نافع ہے۔

جوب قبض کشا :-

کتیرا بسکومنیا۔ تربد سفید مقشر ہر ایک ۱ تولہ۔ سونٹھ۔ صمغ۔ دار شیشہ ہر ایک ۲ تولہ گھتند اس قدر ڈالیں کہ تمام ادویات کو کھرل کر کے گولیاں بنا سکیں۔ جوب بقدر دانہ خود بنا لیں۔ بچہ کو ایک جوان کو دو تین چار تک نیم گرم دودھ سے۔ دائمی قبض زناں وغیرہ میں اول روز چار دوسرے روز تین پھر دو پھر ایک گولی یومیہ ایک ہفتہ تک پھر ایک دن ناغہ کریں۔ اسی طرح سے کچھ عرصہ میں دائمی قبض دور ہو جاتی ہے۔

اکسیر بواسیر :-

مردار سنگ ۵ تولہ۔ زید البحر ۵ تولہ۔ فلفل دراز ۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ۔ کشتہ ۵ تولہ۔ طوطیائے ہندی ۵ تولہ سات روز عرق لیموں میں متواتر رگڑ کر بقدر نخود گولیاں بنائیں اور ۲ گولی صبح اور ۲ شام کو شربت انجبار ۳ تولہ کے ساتھ کھلائیں اور مرہم تیار کر کے مسوں پر لگائیں :-

مرہم بواسیر :-

چربی خالص از بجلی دنبہ کوہی۔ مسکا گاؤ۔ کافور۔ موم تازہ۔ مردار سنگ سب ہموزن لیکر اول چربی کو نرم پگھلائیں پھر اس میں موم ملائیں۔ جب خوب آمیز ہو جائے پھر مردار سنگ

بالیگہ کی دوا ان بالا سکہ ملائیں جب ایک جوش خوب آجائے اتار کر جگر میں کافور ملائیں اور خوب ملا کر رات کو سوتے وقت مسوں پر تھوڑا سا مرہم لیپ کر دیا کریں صبح کو جگر ہوا تازہ پانی سے دھو ڈالیں تین سے ۷ دن میں کلی صحت ہوگی اور سر خشک و پژمردہ ہو جائیگے ۔

اکسیر جگر۔ مجرب ہے :۔

پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ تخمیل۔ مرچ گلابی۔ تالمکھانہ۔ مجیٹھ۔ فلفل گول۔ فلفل دراز۔ تارامیرا ہر ایک ۵ تولہ کشتہ عبث الحدید ۲۰ تولہ مغوف تیار کر کے رکھیں خوراک ایک ماشہ ہمراہ میٹھا دہی پاؤ بھر کے ہر روز صبح کو کھلائیں ۔

اکسیر معدہ :۔

لوبان کوڑیہ ایک سیر۔ تزفل۔ جوزبوا۔ سونٹھ ہر ایک ۸ تولہ۔ سم الفار ۱ تولہ تمام کو ملا کر بطریق معروف جوہر اڑا لیں خوراک ۲ سے ۴ چاول منقی میں مغوف کر کے کھائیں اوپر سے ۵-۶ دانہ منقی کے اور بھی نوش کریں۔ معدہ کی اصلاح اور خرابیوں کے دور کرنے میں اکسیر صفت ہے ۔

ورم معدہ و جگر اور تیز احشاء۔ امعاء دنی اعضاء کے ورم وغیرہ کیواسطے ایک حلم اور خبیث

عصارہ برگ صنوبر ۲ تولہ۔ روغن بینی ۱ ماشہ۔ بسبل الطیب ۱ ماشہ۔ تخم کرفس ۱ ماشہ لک مغسول ۳ ماشہ شعرق بادیاں آدھ پاؤ میں جوش دیکر زعفران یا ریک ۳ شرخ۔ سکنجبین بزوری ۲ تولہ ملا کر ۲ حصہ کریں اور ایک خوراک یومیہ دیں چند روز میں شفا ہوگا

حب کبریت مشتی :۔

کبریت مدبر بشیر گاؤ بطریق معروف۔ فلفل دراز۔ پابونگ ہر ایک ۲ دام۔ اجمود۔ بھکاوہ ہر ایک ۲ دام۔ نمک سیاہ ۱ دانہ فلفل۔ کف دریا ہر ایک ایک دام۔ نمک سنبھر تین دام۔ پوست ہلیلہ ۴ دام۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر شیرہ اوک میں ایک پہر تک سحق کر کے رکھیں پھر شیرہ لیموں میں ۲ گھنٹہ برابر سحق کر کے حبوب بمقدار ۱ ماشہ خشک بنا لیں خوراک ایک ۲ گولی قبل یا بعد از طعام پانی سے کھلائیں چند دنوں میں معدہ کی

اصلاح ہو کر قوت ہاضمہ درست ہو جائیگی ۔

برائے صلابت طحال :-

انجیر ولایتی کے دو ٹکڑے لیکر رات بھر سرکہ میں تر رکھیں اور علی الصبح کھالیں اوپر سے بچا رہا ہوا وہ پی لیں ۔ اس ترکیب پر ۴۰ یوم عمل پیرا ہوں طحال کی سختی وغیرہ ہمیشہ کے لئے دُور ہو جائیگی ۔ تجربات سے ہے ۔

دافع اسہال خونی مجرب :-

انجبار ۔ برادہ صندل سفید ۔ حب الآس ہر ایک ۱ تولہ لیکر ۳ چھٹانک پانی میں سب بھگو رکھیں اور صبح ایک پاؤ مصری ملا کر بطریق معروف شربت تیار کریں اور ۲ تولہ شربت کو ۲ تولہ شیرہ خرفہ سے ملا کر دیں ۔ اشیاء حار و شراب سے پیدا شدہ اسہال بھی اس سے دُور ہو جاتے ہیں ۔

ترکیب برائے احتباس اسہال :-

آمد کو دو غذا میں پیسکر گرد ناف داغ کی صورت ضماد کریں اور درمیان میں آب انبہ ڈالیں اور کچھ دیر چت لیٹے رہیں ۔ مجرب ہے ۔

دوا دافع بواسیر مزمن :-

سرمہ مُرغ ادام ۔ ہلیلہ زنگی ۴ دام دونوں کو جدا جدا باریک کریں پھر ادام قشر سیاہ ملا کر حبوب بمقدار کنا صحرائی بنالیں ۔ اور ایک گولی صبح ایک شام کو روغن زرد ۲ تولہ نیمگرم کے ہمراہ کھلا دیں ۔ شدید مرض میں ۴۰ یوم تک دیں ۔ غذا گوشت و نان گندم ۔ تین یوم دوا کھانے کے بعد ایک گولی آب برگ تنبول میں حل کر کے پھٹا پرانا کپڑا پر لیپ کر کے بطور پھایا کے مسوں پر لگا لیں اور اس پر لنگوٹ باندھ لیں ۔ سات دن میں مسے خشک ہو جاتے ہیں ۔ ۲ ہفتہ تک ترش و بادی اشیاء سے پرہیز لازم ہے ۔ یہ نسخہ ایک قلمی بیاض کا ہے ایک دفعہ سرمہ مُرغ عمدہ دستیاب ہوا اور بنایا ایک مریض کو صحت ہوئی پھر دوا ضائع ہو گئی پھر سرمہ ویسا ابھی دستیاب نہیں ہوا ۔ گویا ایک بار کا مجرب ہے ۔

مسہل نفیس :-

پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ۔ عرق کاسنی نیم بوتل۔ شیرخشت خالص ۳ تولہ۔ ترنجبین اصل ۳ تولہ۔ شربت ورد مکرر ۳ تولہ۔ اول پوست ہلیلہ زرد کو عرق کاسنی میں بھگو دیں اور صبح نہایت نرم آنچ پر پکا لیں جب گاڑھا ہو جاوے تو مل کر چھان لیں اور اس میں شیرخشت خالص و ترنجبین اصلی ملا کر حل کریں اور دوبارہ چھان لیں۔ پھر شربت ورد مکرر ۳ تولہ اور قدرے پانی ملا کر پلائیں۔ اگر طبیعت میں حرارت زیادہ ہو تو انار کا پانی دو تین تولہ اضافہ کر سکتے ہیں۔ بغیر کسی درد، تکلیف، گھبراہٹ یا کمزوری کے پانچ سے دس تک اسہال ہونگے۔ یرقان میں یہ مسہل بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

نسخہ لطیف دافع پیچش :-

اسپغول ۶ ماشہ۔ بہدانہ ۶ ماشہ۔ کتیرا گوند ۱ تولہ۔ بیلگری ۲ تولہ۔ عرق بید مشک ۳۰ تولہ اسپغول کی پوٹلی باندھ کر اور باقی اشیا کو کھلا عرق بید مشک میں شب بھر بھگو دیں اور صبح کو چھان کر شربت انجبار ۱ تولہ ملا کر پی لیں اور پوٹلی پھینک دیں۔ ہر روز جدید دوا اور عرق ہونے چاہئیں۔ اگر قبل استعمال روغن بید انجیر ولایتی سے طبیعت صاف کر لیں تو زیادہ تر فائدہ کی امید ہو سکتی ہے۔ خیال رہے کہ ابتدائے مرض میں یہ نسخہ اکسیر سے کم نہیں ہے۔

مسہل مفید :-

مغز جمالگوٹہ مدبر آدھ پاؤ۔ نوشادر آدھ پاؤ۔ قلمی شورہ آدھ پاؤ۔ گیرو ۲ تولہ۔ اول مغز جمالگوٹہ کو کھرل کریں جب تیل چھوٹنا شروع ہو تو نوشادر اور قلمی شورہ بھی ڈال دیں۔ پھر تھوڑی دیر بعد گیرو بھی ملا دیں جب کھرل کرتے کرتے روغن نکلے ایک پیڑا بنا لو اور ضرورت پر ایک رتی سے ۲ رتی ہمراہ گرم دودھ کھلائیں۔

مرگی۔ جلودھر۔ زہر سانپ۔ بواسیر خونی و بادی۔ کرم امعا۔ ریح۔ طحال۔ باؤ گولہ۔ طاعون خرابی خون و آتشک وغیرہ امراض میں یہ مسہل اکسیر ہے۔

نسخہ دافع ضعف ہاضمہ و مصفی خون

ترپھلہ۔ ترکٹہ۔ ناگرموتھ۔ تردی۔ چترہ۔ کشتہ فولاد۔ بابڑنگ ہر ایک ایک تولہ۔ پارہ مصفی۔

گندھک مصفی ہر ایک ۶ ماشہ ہول پارہ و گندھک کی کجلی بنائیں۔ بعد ازاں باقی اجزا کوٹ چھان کر ملائیں اور عرق ادرک میں اچھی طرح کھرل کریں پھر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں ایک گولی مناسب بدرقہ سے دیں۔

حبوب دافع امراض معدہ و امعاء۔

فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ نمک سیاہ ہر ایک تین چھٹانک۔ مصبر باؤ بھر۔ نوشادر ۳ چھٹانک قلمی شورہ تین چھٹانک۔ جوکھار ۲ چھٹانک۔ مغز گھیکوار ایک سیر۔ اول خشک اشیاء کو کوٹ چھان لیں اور گھیکوار کا گودہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں بقدر دانہ نخود بنالیں۔ باؤ گولہ۔ قبض۔ بواسیر ہر دو قسم پیٹ درد وغیرہ میں مجرب ہے۔

چورن نہایت مفید۔ سنگرہنی و امراض شکم میں مجرب ہے۔

نمک سانبھر ۱۵ تولہ۔ نمک سیاہ پانچ تولہ۔ بابڑنگ ۴ تولہ۔ نمک لاہوری ۴ تولہ۔ فلفل دراز ۴ تولہ۔ پیپلا مول ۲ تولہ۔ تیج پات ۴ تولہ۔ زیرہ سیاہ۔ ناگ کیسر۔ چب۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ ہر ایک ۴ تولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ انار دانہ ۱۵ تولہ۔ تج ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ ان سب کو کوٹ کر چورن بنائیں اور بقدر ایک ماشہ گرم پانی سے کھلائیں۔

نسخہ برائے باؤ گولہ۔

اجوائن ہر چہار کل وزن نصف سیر۔ چاروں نمک کل وزن ایک سیر۔ ترپھلہ بیس تولہ برگ سنا۔ تروی ہر ایک ۱۰ تولہ۔ سہاگہ شگفتہ ۲۰ تولہ۔ قلمی شورہ ۲۰ تولہ۔ گلگل کا عرق ۵ سیر۔ ترکٹ ۳۰ تولہ۔ مصبر ۲۰ تولہ۔ لوٹا کھار آدھ سیر۔ اندرجو ۱۰ تولہ۔ جوکھار ۱۰ تولہ۔ زیرہ سفید ۱۰ تولہ تمام ادویہ کو جوکوب کر کے ایک بڑے مٹکے میں ڈال کر گائے کی ترش لسی میں انکو خوب تر کر کے ۴۰ دن گوبر کی روڑی میں دفن رکھیں اور ۴۰ دن کے بعد نکال کر کھرل کر کے چورن بنالیں۔ امراض شکم۔ معدہ اور باؤ گولہ میں مجرب ہے۔ خوراک ایک ماشہ سے چھ ماشہ تک۔ بدرقہ مناسب۔

دوا بھگندر یعنی نواسیر:۔

کنیر سفید و سرخ پھول کی جڑ آدھ سیر۔ شیر گاؤ ۱۰ سیر۔ دودھ کو جوش دیں اور بیچ کنیر کو جو کوب کر کے جوش دیں یعنی پکائیں جب دودھ پانچ سیر رہ جائے تو بچی کا ضماد دیکر کھس نکالیں اور جلا کر گھی بنائیں۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ پتاشہ وغیرہ کے دیں۔

نسخہ جو کمزوری جگر کو دور کرتا ہے:۔

کشتہ ابرک۔ پارہ صافی۔ گندھک مصفی۔ کشتہ فولاد یا خبث الحدید ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن زرد ۲۴ تولہ۔ شیر بز ۲۰ تولہ۔ بابرنگ ۴ تولہ۔ ترپھلہ ۱۲ تولہ۔ چترا چار تولہ۔ ترکٹ ۱۲ تولہ۔ اول کھلی کر کے پھر تمام ادویہ ملا کر روغن زرد میں پکائیں اس کے بعد شیر بز میں پکائیں آنچ بالکل ملکی ہو۔ اس کے بعد یہ سفوف بنا کر رکھیں اور اس میں سے ایک ماشہ سے تین ماشہ وزن بقدر مناسب دیں۔

دوا جو اشتہا لانے میں اکسیر کی صفت رکھتی ہے:۔

نمک سانبھر۔ نمک سیندھ۔ نمک سوانچر۔ نمک کھاری۔ نمک گجراتی۔ جوکھار جملہ برابر نوشادر برابر جملہ باریک کر کے پیالہ چینی میں ڈالیں اس پر آب لیموں اسقدر ڈالیں کہ دو انگشت اوپر رہے۔ اوپر کپڑا باندھ کر دھوپ میں رکھیں یہاں تک کہ خشک ہو جائے یہ عمل تین بار کریں۔ پھر ایک دیگ مٹی کی گل حکمت میں رکھیں اور اوپر ایک برتن ہونڈھا رکھیں دونوں کے کنارے ملے ہوئے ہوں اس کے نیچے دو پاس تک آگ خوب جلائیں اوپر کے برتن کی پشت پر کپڑا پانی میں تر کر کے رکھتے رہیں۔ بعد دو پاس آگ موقوف کر کے سرد کریں اور آہستہ سے جوہر اتار کر اس میں دار چینی و الائچی دو ماشہ ملا کر رکھیں۔ خوراک ایک سرخ جو ب المجرب۔

ترکیب مسافتق آب برائے تقویت معدہ عدیل ندارد:۔

عرق گلاب ڈیڑھ سیر۔ نقرہ خالص ۲ تولہ۔ طلا خالص ۱۰ تولہ۔ حدید خالص ۱۲ تولہ۔ اول نقرہ کو ۷ مرتبہ پھر طلا کو ۵ مرتبہ پھر لوہے کو ۹ مرتبہ بجھا کر اس پانی میں گلاب ملا کر پلائیں۔ مجرب ہے۔

دافع ہیضہ ملغمی:۔

بیخ آک و فلفل کوٹ چھان کر بقدر فلفل حب تیار کریں اور ایک گولی مریض کو دیں۔
ہیضہ کو روکتا ہے۔ اگرچہ حالت نزع قریب ہو۔

جہت دفع فواق از ہر قسم کہ باشد مجرب :-

کلونجی ۳ ماشہ لیکر مسکہ سے کھلائیں اور اس کے بعد کھانا کھلائیں۔ دم بند کرنے اور چھینک لانے سے بھی فواق بند ہو جاتی ہے۔

خمیرہ مروارید ی برائے حمی دق و اسہال و ضعف قلب و کبد بارہا بتجربہ رسیدہ۔
مربہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مربہ بہی ہر ایک ۶ تولہ۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ کشنیز مقشر۔ صندل سفید سائیدہ۔ زہر مہرہ سائیدہ ہر ایک ۱ تولہ۔ مروارید ناسفتہ باریک سائیدہ ۲ مثقال۔ رب السوس ۳ مثقال۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ شربت خشخاش ایک پاؤ علی الرسم۔ خمیرہ بنائیں۔ خوراک ۱ تولہ صبح ایک تولہ شام۔

دوا جہت عظم طحال مجرب راقم :-

صبر زرد۔ سہاگہ۔ کیلیا بریاں علی السویہ بہ آب کنوار صلایہ کر کے حبوب تیار کریں اور خوراک ایک سے ۲ گولی۔

دافع درد ناف :-

تخم ترب بریاں کوٹ کر نیم درم شہد میں ملا کر ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام کو کھلائیں۔

وجع الفواد یعنی کوڑی کا درد :-

دانہ نخود کے برابر ہینگ لیکر منقہ میں ملفوف کر کے گرم پانی سے نگلوا دیں۔ فی الفور آرام ہوگا۔ اگر مرض پرانا و ضدی ہو اور اکثر دورہ ہوا کرتا ہو تو نسخہ ذیل سے کام لیں :-
نمک ترب۔ نمک پودینہ۔ نمک سنگ ہر ایک ایک تولہ۔ جوہر لوبان ۳ ماشہ۔ مقاح اذخر تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ عرق نانخواہ ۱۲ تولہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں اس میں سے ایک ماشہ گرم پانی یا عرق بادیاں کے ہمراہ صبح و شام دیا کریں۔

خناق - ریٹھا کا سفوف پانی میں حل کر کے بقدر ایک ماشہ گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے دو تین بار پلائیں قے ہوگی اور مرض دور ہوگا مرتے مرتے مریض صحتیاب ہوئے ہیں۔

امراض مردانہ کا علاج کرنیکے لئے اکسیری نسخہ جات

جو مطابق حالات مریض کے استعمال کرائے جاتے ہیں :-

اکسیر شباب نمبر ۱ حبوب الاسرار عنبری :-

سم الفار سفید ۵ تولہ۔ کتھہ ۱۰ تولہ۔ آرد سنگھاڑا ۱۰ تولہ ۲ بوتل عرق لیموں میں کھرل کر کے حبوب بمقدار دانہ ماش بنالیں معمولی کمزوری جو بوجہ عمر کے زیادہ ہو جانے سے ہو جاتی ہے۔ خون کی خرابی۔ آتشک یا بادی بواسیر یا وجع المفاصل کی شکایت ساتھ ہو۔ بڑھاپا ستاتا ہو۔ بادی و بلغم کا زور ہو تو یہ گولیاں بعد میں یا ابتدا میں دی جاتی ہیں بہت مفید ہیں ۔

اکسیر شباب نمبر ۲ :-

سیماب مصفی ۵ تولہ۔ سم الفار ۵ تولہ۔ افیون مدبر ۵ تولہ۔ کتھہ ۱۰ تولہ۔ عرق لیموں ایک بوتل عرق پان ایک بوتل برابر کھرل کرا کر گولیاں دانہ ماش سے نصف بنالیں اور اس میں سے ایک گولی کھلائیں بعد غذا۔ دودھ و گھی بکثرت ہو۔ یہ گولیاں دافع سرعت انزال ہیں یہ ان لوگوں کو دی جاتی ہیں جن کا مزاج نمبر ۱ کے مطابق ہو۔ بوجہ بڑھاپا کے اسہال کمزوری سرعت اور اسی قسم کے دیگر امراض نے گھیر رکھا ہو۔ اس صورت میں مجرب ہے ۔

اکسیر شباب نمبر ۳ مقوی مبہی :-

بہمن سرخ ۲ تولہ۔ بہمن سفید ۲ تولہ۔ خولنجان ۱ تولہ۔ جفت بلوط ۱ تولہ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ حب الآس ۲ تولہ۔ کندر ۹ ماشہ۔ جوز بوا ۹ ماشہ۔ اقاقیا۔ خصیۃ الثعلب۔ خبث الحدید مدبر۔ تخم شبت سعد کوفی ہر ایک ۹ ماشہ۔ تخم ترب ۴ تولہ۔ شہد ۲۵ تولہ کھانڈ ۲۵ تولہ سب کی معجون تیار کریں اور جریان یا حس قضیب۔ شہوت کاذب کو دور کرنے کے بعد جب منی کی خرابیاں تھوڑی ہوں تو اس کو دیا جاتا ہے خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک مقوی و مبہی ادویات میں ایک مفید عام اور دل خوش کن نسخہ ہے ۔

اکسیر شباب نمبر ۴۔ لبوب کبیر

ثعلب مصری۔ تخم خشخاش سفید۔ کنجد سفید۔ مغز سر کنجشک نر۔ مغز حب الزلم۔ مغز خربزہ۔ مغز

پیلفوزہ۔ تخم انگلن۔ مغز اخروٹ۔ مغز جرا لخشو۔ مغز تاجیل۔ مغز جب محلل۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز بادام شیریں ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم کدو۔ تخم پیاز۔ تخم شبت۔ تخم خلفہ۔ تخم گندنا۔ بزر ریحان سیاہ۔ کدو۔ مکسہ۔ توری سفید۔ تخم بلیون۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۱ تولہ۔ خولنجان۔ زنجفل۔ شقاقل۔ خرفہ۔ کباب چینی ہر ایک ۱ تولہ۔ بید شتر اعرابی۔ قنقیب گاؤزبان برادہ کردہ۔ تار مشک۔ اشنہ۔ دار فلفل۔ مصطگی رومی۔ زنجبیل۔ زعفران۔ سنبل الطیب اندرجو۔ تار مشک۔ زرنیخ۔ ببباسہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ شہد دواؤں سے دوچند۔ عنبریات کو نیم کوفتہ کریں اور باقی تمام دواؤں کو کوٹ چھان لیں اور بطریق معجون بنائیں اور بعد تیاری ورق طلا ایک دفتری اضافہ کرلیں یا کشتہ نقرہ ایک تولہ کی طرح حالیں۔ خوراک ایک تولہ سے ۲ تولہ تک۔ حارا شیا سے پرہیز کریں۔ مقوی باہ مولد منی۔ مقوی اعضائے رئیسہ و اعصاب و قریب کنندہ بدن۔

اکسیر شباب نمبر ۵ دافع جریان حار:۔

کتیرا ۲ تولہ۔ کاہو مقشر ۲ تولہ۔ کشنیز ۲ تولہ۔ بجر البنج ۲ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۲ تولہ۔ مغز املی سفید ۲ تولہ۔ چھلکا اسپغول ۲ تولہ۔ شاہ دانہ ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ گندہ بروزہ خشک ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی پارہ شورہ والا ۱ تولہ۔ مصری ۳ تولہ۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۹ ماشہ۔ جن لوگوں کو جریان ہو۔ پیشاب میں جلن ہو یا سوزاک بھی ہمراہ ہو یا سوزاک کے بعد جریان ہوا ہو ان کو پندرہ دن تک کھلانا چاہئے۔ اگر خواہش بہت بڑھی ہوئی ہو۔ تو رات کو سوتے وقت اکسیر شباب نمبر ۱ کی ایک گولی دینی چاہئے جس کا نسخہ آگے آتا ہے کشتہ قلعی پارہ شورہ والا نسخہ اور دیگر کشتہ جات کی تراکیب جلد دوم میں دیکھئے۔

اکسیر شباب نمبر ۶ معجون اکسیر البدن

فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ دار چینی۔ جوزبوا۔ ببباسہ۔ مصطگی رومی۔ عود بلسان۔ زنجبیل۔ زنفل۔ عود ہندی۔ سعد کوفی۔ آملہ مقشر۔ سنبل الطیب۔ الائچی خورد۔ عقرقرحا۔ الائچی کلاں بادیان۔ انیسون۔ گاؤزبان۔ صندل سفید۔ بادرنجبویہ۔ خرفہ۔ زعفران۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تخم کرفس۔ کہربا سودہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ برادہ کچلہ مدبر ۱۲ تولہ۔ شہد خالص ایک سیر

مطابق قواعد کے معجون تیار کریں۔ خوراک ایک ماشہ ۔

اکسیر شباب نمبر ۷۔ کشتہ سم الفار۔ ایسا مفید سم الفار کا کشتہ کسی دوسری ترکیب سے تیار کردہ بہت کم تجربہ میں آیا ہے :۔

ایک بوٹی ہوتی ہے دھان کے کھیتوں میں سرخ رنگ کا پھول۔ کوئی کوئی پودہ اور وہ فاصلہ پر ایک کھیت میں دو چار پودے تلاش سے مل سکتے ہیں اس کا ایک پاؤ پانی جمع کریں اور سم الفار ۲ تولہ کو اس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں۔ کھرل پورے چار یوم ہونا لازمی ہے پھر ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کر لیں پھر ایک پاؤ تازہ بوٹی کے نگدہ میں رکھ کر صرف تین سیر اپلوں کی ہوا بچا کر آنچ دیں۔ کامل کشتہ ہو جائیگا۔ یہ ایک سنیاسی نے بڑی خاطر تواضع کے بعد بتلایا تھا اور بڑی مشکل سے دوبار کرنے کا اتفاق ہوا ۔

اکسیر شباب نمبر ۸۔ یہ قلعی سکہ جست کا کشتہ ہے :۔

قلعی مصفیٰ۔ سکہ مصفیٰ۔ جست مصفیٰ ہر ایک ۲ تولہ تینوں کو اکٹھا پگھلائیں پھر ان میں ۵ تولہ پارہ مصفیٰ ملائیں اور نیچے اتار کر کھرل کریں۔ پھر بڑ کی داڑھی کے پانی میں پوست آدھ سیر اور ہلدی پاؤ بھر بھنگ پاؤ بھر کی ٹکیہ بنا کر اوپر نیچے اس کے روٹی کے موافق دیکر ۱۵ سیر کی آنچ دیں ایک سے تین آنچ میں کشتہ ہوتا ہے۔ اس میں سے ایک سے ۴ رتی تک صبح کو مکھن میں دینا چاہئے۔ یہ نمبر ۵ کے ہمراہ دیا جاتا ہے جب منی و دھات و جریان کی خرابیاں بہت زیادہ ہوں کبھی اس کی خوراک میں اضافہ کر لیا جاتا ہے۔ عورتوں کے سیلان میں بھی مجرب ہے ۔

اکسیر شباب نمبر ۹ :۔

پٹاسیم برومائیڈ آٹھ اونس۔ ایکسٹریکٹ ہائیوساسی مس ۱ اونس۔ کافور مونو ۴ اونس کشتہ سہ دھاتہ دو اونس مندرجہ نمبر ۸ ملا کر گولیاں بنالیں۔ بمقدار دانہ نخود اس میں سے ایک گولی ہر روز رات کو ان مریضوں کو دینی چاہئے جن میں حس قضیب و خواہش کاذب کا غلبہ ہو چند روز کھلانا کافی ہے اس کے ساتھ مطابق حالت نمبر ۵ و نمبر ۸ ساتھ دیا جاتا ہے

اکسیر شباب نمبر ۱۰ :۔

کیکر کی پھلیوں کا رس نکالیں اور اس کا پانی خشک کر کے گاڑھی سی دوا بنالیں اس میں سے ۵ تولہ لیں اور بہو پھلی ۵ تولہ موصلی سفید ۵ تولہ تال مکھانا ۵ تولہ ستاور ۵ تولہ طباشیر ۵ تولہ دانہ الائچی خورد ۴ تولہ ست گلو ۴ تولہ کشتہ فولاد ۲ تولہ ان تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر ملائیں اور ۲-۲ رتی کی گولیاں بنالیں۔ اس میں سے ایک گولی سے ۴ گولی تک ہر روز کھانے کو دیں۔ یہ گولیاں جریان کے ایسے مریض کے لئے جس کا جریان قریباً دور ہو چکا ہو یعنی اس میں خواہش کاذب نہ ہو اور نمبر ۵ یا ۸ استعمال کر چکا ہو۔ اس کے لئے تقویت کی پہلی دوا یہ ہوگی اس سے جریان کا بھی دوبارہ اندیشہ نہ رہیگا اور مریض اس معمولی سے ٹانک (مقوی دوا) کو استعمال کریگا پھر اگر ضرورت ہو تو نمبر ۳ یا ۴ یا ۷ یا ۱۳ وغیرہ میں سے کوئی دیں۔ جریان کا اس سے بہتر علاج ممکن نہیں۔ ہر قسم کو مفید ہے ۔

اکسیر شباب نمبر ۱۱ - یاقوتی یوسفی :-

مغز چلغوزہ ۳ تولہ مغز اخروٹ ۳ تولہ مغز بادام ۶ تولہ بیخ زعفران ۱ تولہ گل بابونہ ۲ تولہ مویز منقی ۵ تولہ فلفل دراز ۱ تولہ زنجبیل ۱ تولہ ورق نقرہ ۶ ماشہ ورق طلا ۳ ماشہ کشتہ فولاد ۱ تولہ کشتہ مرجان ۱ تولہ کشتہ عقیق ۱ تولہ کشنیز ۱ تولہ کتیرا ۱ تولہ موصلی سفید ۲ تولہ ثعلب ۲ تولہ ایمن ۴ تولہ کچلہ مدبر ۲ تولہ تمام کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے اور شہد میں ملا کر معجون بنالیں جب دماغ کمزور ہو یا جن آدمیوں کا دماغ اور پٹھے کمزور ہوں۔ اعصابی خرابیاں ہوں کمی بھوک ہو۔ مادہ تولید کمزور و پتلا ہو۔ قلب کی کمزوری ہو۔ نسیان کا عارضہ ہو۔ ریزش و زکام ہمیشہ تنگ کرتے ہوں اُن کے لئے یہ نسخہ تیر بہدف و مجرب ہے خوراک ۶ ماشہ تک دودھ سے کھائیں اس کے اجزا پر غور کرنے سے اس کے عام فواید معلوم ہو سکتے ہیں۔ بوجہ ورق طلا تین ماشہ کے لاگت زیادہ ہے مگر فواید تو کمال تک ہیں ۔

اکسیر شباب نمبر ۱۲ معجون برائے تغلیظ منی

ثعلب۔ شقاقل ہر ایک ۵ تولہ مغز پنبہ دانہ ۱۰ تولہ مصطگی ۲ تولہ صمغ عربی ۳ تولہ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ موصلی سفید ۵ تولہ کوٹ چھان کر دو چند یا سہ چند شہد میں معجون بنالیں

اور اس میں سے ۱ تولہ سے ۲ تولہ تک ہر روز کھایا کریں۔ مادہ خواہ کم پیدا ہوتا ہو یا نہ پیدا ہوتا ہو یا پتلا پیدا ہوتا ہو یہ نسخہ اُن کو بالکل درست کر دیتا ہے۔ اشیاء اصلی ہونی لازمی ہیں۔ جریان کو دور کرنے کے بعد یہ استعمال کرایا کرتا ہوں۔

اکسیر شباب نمبر ۱۳ مفرح فیرورنوش ممسک جہانگیری :-

جن لوگوں کے اعضاے رئیسہ بہت کمزور ہوں اُن کو یہ کشتہ سم الفار مندرجہ ذیل مفرح کے ساتھ دیا کرتا ہوں کبھی حسب ضرورت فولاد مفرح اور کشتہ سم الفار دیا جایا کرتا ہے کوئی شخص ان تینوں کو ملا کر پانچ سات دن کھانے سے اور کبھی ایک خوراک کھانے سے ہی مریض بہت سا فرق محسوس کر لیتا ہے :-

زعفران۔ بہمن سفید۔ بسباسہ۔ درونج عقربی۔ ریوند خطائی ہر ایک ایک تولہ۔ شقاقل ۳ تولہ الائچی خورد ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ قرنفل ایک تولہ۔ لوبان کوڑیہ ۳ تولہ۔ اندرجو ۳ تولہ۔ جوز الطیب ۳ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱ تولہ۔ بہمن سرخ ایک تولہ۔ کبابہ ایک تولہ۔ ثعلب ۲ تولہ۔ گلسرخ ۲ تولہ۔ فرنجمشک ۲ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ۔ تخم بلیون ۳ تولہ۔ تودری سرخ ۲ تولہ۔ تودری سفید ۲ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ طباشیر ۳ تولہ۔ ابریشم مقرض خام ۲ تولہ۔ کستوری ۳ ماشہ۔ کہربا ایک تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ۶ ماشہ۔ کشتہ نقرہ ۱ تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ۔ افیون مدبر ۳ تولہ۔ یاقوت مدبر ایک تولہ۔ روغن قنب ۱۵ تولہ۔ روغن زرد پاؤ بھر۔ کشتہ حقیق ایک تولہ۔ عرق بید مشک ایک بوتل۔ عرق گلاب ایک بوتل۔ تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں۔ روغن زرد میں چرب کر لیں پھر ۳ پاؤ کھانڈ ۳ پاؤ شہد کو دونوں عرقوں میں ملا کر قوام معجون کا تیار کر لیں اور مفرح بنا لیں۔

خوراک اس مفرح کی ۶ رتی سے ایک ماشہ تک ہے بعض کو خوب گرمی خشکی کرتی ہے اور دو تین سیر دودھ اور ایک پاؤ گھی روزانہ ہضم ہو جاتا ہے جن کو شراب اور دیگر منشی اشیاء کی عادت ہو ان کو ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک دی جاتی ہے زیادہ ہرگز نہ دیں ورنہ خطرہ ہے۔ فوائد اس کے ظاہر ہیں اس میں ۲ چاول کشتہ فولاد ۱ چاول کشتہ سم الفار ملا کر دیا کرتا ہوں۔

اکسیر شباب نمبر ۱۴ - اکسیر شنگرف

شنگرف ایک قطعہ ۱ تولہ لیکر اس پر لہسن ایک پوتھیہ گھوٹ کر لیپ کر دیں اور ایک مچھلی رو

کلاں دنی ڈیڑھ ۲ سیر کا بیت خالی کر کے اس میں یہ گولا رکھ دیں جو جگہ خالی رہے اس میں بھی انہی ایک پوتھیا ہی بھر دیں اور لوب دھاگے سے پیٹ سی کر اوپر گوبر بھی لگا کر خشک کر لیں پھر ایک گڑھا زمین میں کر کے اسیر اپد صحرائی توڑ کر بچھائیں اس پر تین سیر دھان کی بھوسی بچھا کر اوپر گل حکمت شدہ پچھلی رکھ کر اوپر تین سیر بھوسی شالی کی ڈال کر اوپر اسیر اپد صحرائی توڑ کر بچھائیں اور اوپر سے ایک چھوٹا سوراخ رکھیں جس سے دھواں خارج ہوتا رہے۔ آگ مسلسل پہلے تین دن رات کے لئے بجھائیں تو مرنگا لیں انشاء اللہ شنگرف کی درجہ کا کشتہ ہوگا اگر خدانخواستہ تسمت یاوری نہ کرے تو مکرر کریں۔ یہ کشتہ بہت سے جریانات سے ہے ۔

اکسیر شباب نمبر ۱ یہ کشتہ فولاد ہے

فولاد عمدہ اصلی خریدیں اس کا برادہ کرالیں اور نمک کے پانی سے دھو کر صاف کر ڈالیں پھر وہ تولہ فولاد میں تولہ شنگرف ملا کر اس کو ارگنڈل سے کھرل کریں کھرل ایک روز متواتر ہو پھر ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور کوزہ میں بند کر کے خوب گل حکمت کریں خشک کر کے ۵ سیر اُپلے کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں اور پھر اس کو ارگنڈل میں جدید شنگرف ملا کر کھرل کریں اسی طرح سے پوری دس آنچ دیں سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ گیارھویں بار شنگرف کو نہ ملائیں اور آدھ سیر دہی ملا کر ۱۵ سیر کی آنچ دیں کشتہ تیار ہوگا اس میں سے ایک رتی خوراک دے سکتے ہیں گھی دودھ بکثرت کھلائیں۔ ہر قسم کی کمزوری کو رفع کرتا ہے ہر موسم میں اسی معجون میں ملا کر کھا سکتے ہیں۔ نمبر ۱ میں یہی کشتہ فولاد شامل کیا جاتا ہے ۔

اکسیر شباب نمبر ۱۶ ۔ امیروں کے لائق چیز ہے ضعف قلب و تقویت کیلئے مجرب ہے ۔

مروارید ناسفتہ ۱ تولہ ورق نقرہ ۱ تولہ ورق طلا ۳ ماشہ ان کو کھرل کریں پھر طباشیر ۱ تولہ اضافہ کریں اس میں سے ۴ رتی تک کھلا سکتے ہیں مکھن وغیرہ میں یا کسی معجون میں ۔

اکسیر شباب نمبر ۱۷

شنگرف ۵ تولہ شراب برانڈی نیم بوتل۔ افیون ۱ تولہ اجوائن خراسانی تولہ عقرقرحا تولہ جوزبوا

آدھ پاؤ۔ لونگ تولہ۔ دارچینی تولہ زعفران تولہ کستوری ۶ ماشہ روغن دھتورہ پانچ تولہ ۔

شنگرف مدبر کرنے کی ترکیب۔ مرغ جوان ذبح کر کے ہڈیاں و آنتیں دور کر کے قیمہ بنالیں اس کے سات حصہ کر کے شنگرف کی ڈلی رکھ کر اوپر آٹا گندم لگا کر گھی میں بریاں کریں اسی طرح سے سات مرغوں میں بریاں کریں ۔

روغن دھتورہ۔ دھتورہ جس کا پھل قریب بہ پختگی ہو لیکر ۱۰۰ عدد ۸ سیر دودھ میں جوش دیں پھر اس دودھ کو ضامن لگا کر جما دیں اس مکھن میں سے ۵ تولہ اس نسخہ میں شامل کریں پہلے تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر شراب برانڈی میں کھرل کریں اور آخر میں روغن ملا کر کھرل کریں پھر گولیاں بمقدار دانہ نخود بنا کر ورق طلا لگائیں۔ خوراک ایک سے ۲ گولی حسب قوت و برداشت ہے۔ جماع سے ۲ گھنٹہ قبل دیں دودھ پلائیں کھانا نہ کھائیں۔ سرعت کو دور کرتا ہے۔ ممسک و مقوی ہے ۔

دیگر حبوب امساک۔ کف ابابیل ۳ ماشہ ۱ جوائن خراسانی ۳ ماشہ۔ جلوتری ۳ ماشہ۔ افیون ۱ تولہ لونگ ۱ ماشہ۔ مال کنگنی ۳ ماشہ ان سب کو باریک پیس کر حفنہ مرغ کی سفیدی دور کریں اور زردی رہنے دیں سب دوائیں اس میں بھر دیں پھر آٹے میں بھر کر نرم آنچ پر اس مقدار کریں کہ دوا نہ جل جائے اگر جل گئی یا بہت سیاہ ہو گئی تو ضائع ہو گئی ورنہ کامل ہے اس کو ایک تولہ شہد میں ملا کر کھرل کریں کہ حبوب بن جائیں مقدار خوراک ایک نخود کے برابر ہے۔ جماع سے ایک گھنٹہ پیشتر ہمراہ دودھ ایک گولی کھائیں اور حسب منشا مراد کو پہنچیں۔ بغیر کف ابابیل کے بھی مقوی و ممسک کامل ہے ۔

دیگر حبوب امساک و باہ۔ سم الفار ۱ ماشہ۔ سٹرکنیا ۱ ماشہ کشتہ طلا ۲ ماشہ کشتہ الماس نصف رتی۔ کستوری عنبر جند بیدستر کوکین۔ مارفیا۔ مروارید ناسفتہ کشتہ فولاد برانڈی شراب والا ہر ایک ۳ ماشہ تمام کی صرف اڑھائی سو گولیاں بنالیں اور ایک گولی عصر کے وقت دودھ سے کھائیں اور ہر قسم کا مکمل فائدہ مشاہدہ کر لیں ۔

اکسیر شباب نمبر ۱۸ دافع احتلام۔ کیسا ہی کثرت احتلام کا مریض ہو اس کے استعمال سے بالکل بھلا چنگا ہو جاتا ہے :-

کھڑیے خشخاش ۱ تولہ بسد ۱ تولہ طباشیر ۱ تولہ کشنیز ۱ تولہ بیج بند ۱ تولہ برزالبیخ ۱ تولہ
صمغ عربی ۱۔ تولہ گل سپاری ۱۔ تولہ تخم خرفہ ۱۔ تولہ تخم کاہو ۱ تولہ گل بنفشہ ۱۔ تولہ گلنار
فارسی ۱۔ تولہ (۲) الائچین ایکتولہ گل ارمنی ایکتولہ کشتہ جست عمدہ جواہر کی ہر ایکتولہ بھری پیسہ
تولہ کل باختہ سے ایکتولہ تک ۴ بجے شام دودھ سے دیوے ۔

اکسیر شباب نمبر ۱۹ جوہر کستوری طلائی

دانہ الائچی خورد ۱ تولہ جائفل ۱ تولہ دارچینی ۱ تولہ سپاری گجراتی ۷ ماشہ گل سرخ ۷ ماشہ کستوری
۱ ماشہ صندل سفید ۸ ماشہ ورق طلا ۳ ماشہ ورق نقرہ ۱۰ عدد کشتہ فولاد ۳ ماشہ سلاجیت
عمدہ ایکتولہ سب کو کوٹ چھان کر جوہر بمقدار دو تولہ خود تیار کر لیں اور بعد فراغت ایک گولی
شہد و دودھ سے کھانا اس دن کی تمام پیدا شدہ کمزوری کو رفع کر دیتا ہے ۔

اکسیر شباب نمبر ۲۰ ہمارے ایک مہربان حیدرآبادی طبیب کا عطیہ ہے اور میرے

تجربات میں ایک بہت فوری اثر رکھنے والا نسخہ تھوڑا سا تغیر کیا گیا ۔

سم الفار صفید ۱ تولہ افیون خالص ۶ ماشہ زعفران درجہ اول ۴ ماشہ کستوری ۳ ماشہ عنبر ۳ ماشہ
ہر ایک کو جدا جدا پیس کر یکجان کر لیں اور شیر برگد تازہ ۷ تولہ میں خوب حل کر کے دو کچیہ بنائیں
اور ایک بڑا پیاز صفید لیکر درمیان سے کچھ حصہ خالی کریں اور ہر دو ٹکڑوں کے درمیان
اتنا اتنا ہی گودا نکالیں کہ چھوٹا سا گڑھا بن جاوے پھر اس میں ٹکیہ رکھیں ایک اس میں اور
ایک دوسرے میں پھر صفا کردہ پیاز کیل کر آمد گرد رکھ کر مضبوط کپڑا مٹ کریں بڑی ہشیاری
سے یہ کام ہو کل حکمت کریں پھر دھان کی بھوسی جس میں سے دھواں نکلنا موقوف ہو گیا ہو
اندر کل حکمت شدہ دو ٹکڑے کر آنچ دیں گویا پیاز جلے دوا کو ضعف نہ پہنچے پیاز بھی صرف
گلابی رنگ کا ہو جاوے ورنہ دوا اڑ جائیگی پھر نکالیں سم الفار تمام اندر میں مل کر موم سا
بن جائیگا اور رنگ کی طرح ستار نکلیگی تو ہم کو کوٹ کر سوائے پیاز کے نصف کے گولیاں بمقدار
دانہ مٹر بنا لیں اور ورق نقرہ لگا کر رکھیں ۔ مقوی جسم مسک مقوی اعضائے رئیسہ عرض
نجیب چیز ہے دو دو گولی صبح و شام کافی ہے نوجوان احتیاط سے کھائیں اور سرد
موسم میں استعمال نہ کریں میرے خیال میں یہ ایک نسخہ ہی ہزار روپیہ کو بھی ارزاں ہے ۔

تقویت باہ کے لئے چند دیگر مجربات

یہ وہ نسخہ جات ہیں جو بعض مریضوں کے لئے وقتاً فوقتاً تیار ہو کر تجربہ ہوئے اور مفید پائے گئے

معجون ہندی برائے ضعف باہ و کمزوری و ادویہ منی و سیلان منی دھاتی و قلت منی جو عارضوں کو بالخصوص نافع ہے اس لئے عارضوں کو اکسیر شباب تجربہ کے ساتھ یاد دہانی کرتا ہوں:۔

شیر و ماشہ۔ شیرہ مغز بادام ہر ایک ۵ تولہ شیرہ وزنہ خشک ۱ تولہ شیرہ تخم خربوزہ ۱ پاؤ تولہ شیرہ ابریشم ۲ تولہ ثعلب مصری ہر ایک ۴ تولہ صمغ عربی نشاستہ ہر ایک ۲ تولہ قند مکرر ۱ سیر گھی سرخ بھنگی ہر ایک ۲ مثقال قاقلہ صغار تولہ صندل سفید ۲ درم نبات سفید ۳ پاؤ شہد ۹ تولہ ورق نقرہ ۷ ماشہ شکر۔ نالص ۱ ماشہ مطابق دستور کے معجون بنالیں اور اس میں زیرہ سیاہ ۱۰ ماشہ وزن مثقال مقشر ۱ تولہ اضافہ کریں خوراک ۱ ماشہ تا ۲ تولہ تک۔

حب جواہر:۔

جدوار خطائی ۳ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۵ ماشہ زعفران ۱ ماشہ ہیل خورد دانہ ہیل کلاں ہر ایک ۲ ماشہ سفید ہر ایک ۵ ماشہ مشک ۳ ماشہ عنبر ۲ ماشہ ورق نقرہ ۲۴ ماشہ ورق طلا ۲ ماشہ۔ مروارید خورد ۲ ماشہ کشتہ جواہرات ۲ رتی دو بوتل عرق گلاب میں کھرل کر کے بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنا دیں اور ایک گولی روزانہ دیں برائے جمیع اوجاع کے اکسیری فوائد ظاہر ہوتے ہیں اور موسم زمستان باہ میں مینگلیوں بمراہ و صاحب استطاعت اصحاب کے لئے اکسیر اعظم سے کم نہیں۔

شنگرف رومی ایکتولہ ورق طلا ایکتولہ دونوں کو ایک دن آب پیاز میں ایک دن شیر برگ میں ایک دن شیر آک میں کھرل کر کے بکمیہ بنالیں ان ٹکیہ کو دو تین برگ مدار میں لپیٹ دیں اور پھر ایک ہانڈی میں ۳ سیر بالو ریت اور ڈال دیں اور منہ ہانڈی کا بند کر کے نیچے اوپر تک درمیانی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔

یکتولہ ایکتولہ مشک نیپالی ایکتولہ مروارید ۱ ماشہ تولہ زعفران ۱ تولہ مغز تخم تربوز ۱ تولہ

عنبر ۱ تولہ جند بیدستر ۱ تولہ مایہ شتر اعرابی ۱ تولہ بھیم سینی کافور تولہ مارفیا ۳ ماشہ دودھ برگد میں تمام کو کھرل کر کے ۴ رتی کی گولیاں بنائیں خوراک ۱ سے ۲ گولی حسب مزاج امساک کے لئے ۲ سے تین۔ بہت ہی مفید چیز ہے مقوی اعضائے رئیسہ تمام قوائے اور ارواح کو فائدہ پہنچانے میں اپنا نظیر نہیں رکھتی ۔

دافع احتلام:۔ جس شخص کا مزاج حار ہو اور اُس کو احتلام کی شکایت ہو۔ اس کو برگ بہو پھلی ایک تولہ بھگو کر صبح کو رگڑ کر چھان کر شیر میں ملا کر پلائیں تو ایک ہفتہ میں ہی مرض دُور ہو گا مگر احتیاطاً دو تین ہفتہ استعمال کرائیں ۔

مقوی باہ:۔

اسگند ناگوری ۲ تولہ مصری ۲ تولہ کا سفوف بنالیں اور ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں منی کو زیادہ کرتا ہے اور مقوی باہ ہے ۔

دیگر۔ ثمر درخت بڑ کا سفوف ۶ ماشہ شیر گاؤ سے دینا بھی مغلظ منی و مقوی باہ و ممسک ہے۔ غربا کے لئے یہ نسخہ نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں ۔

دیگر۔ کشتہ طلق ۱۔ آتشہ۔ عقرقرحا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ بسباسہ۔ خولنجان۔ جوز بوا۔ بیخ کونچ۔ تخم بیل۔ مصطگی۔ تباشیر ہر ایک مساوی الوزن کوٹ چھان کر اس میں کشتہ طلق ۲ تولہ شامل کریں اور تمام کے ہموزن مصری ملائیں۔ اس میں سے ایک کف دست صبح کو دودھ سے کھایا کریں ایک ۲ ہفتہ میں قابل محسوس قوت باہ پیدا ہوتی ہے بہت ہی مجرب و صحیح ہے ۔

معجون مقوی معدہ و اعضائے رئیسہ:۔

مربہ آملہ بنارسی۔ مربہ سیب۔ مربہ بہی۔ مربہ گاجر ہر ایک ایک پاؤ۔ گل سرخ۔ عود ہندی۔ مصطگی رومی۔ الائچی خورد۔ زہر مہرہ۔ گل سیوتی۔ پوست ترنج۔ سنبل الطیب۔ طباشیر۔ ابریشم مقرض خام۔ برادہ صندل سفید۔ زرشک ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ کشتہ نقرہ تولہ۔ مربوں کو گھوٹ لیں اور ادویات کو باریک کر کے اُن میں حل کر دیں اس میں سے ۱ تولہ روز ہمراہ بدرقہ مناسب دیں بخاروں کے بعد کی کمزوری میں اور لطیف مزاج عورتوں و مردوں کے لئے عام کمزوری کو دور کرنے میں بہت ہی مفید و مجرب ہے ۔

حب جدوار مقوی باہ نعوظ آور و ممسک ہیں :-

شقاقل ۷ ماشہ لونگ ۳۵ عدد لیکر دونوں کو اکٹھا کر کے کیکر کی ہری اور تازہ لکڑی میں سوراخ کر کے اُس میں داخل کریں اور دوسرا کنارہ لکڑی کا آگ میں رکھ دیں جب لکڑی جلتی ہوئی اس دوا سے چار انگل رہ جائے تو نکال کر سرد کر لیں اور دواؤں کو نکال لیں پھر اس میں جائفل جاوتری نرسی عقرقرحا ہر ایک ۷ ماشہ باریک پیس کر ایک دام کے قریب قند سیاہ ملا کر کوٹ کر چنے کی برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی ہمراہ شراب یا گائے کے دودھ سے رات کو کھائیں ۔

حب عنبر نعوظ آور :-

عنبر خالص ایک مثقال ثعلب مصری ایک مثقال خولنجان ایک مثقال مشک اعلیٰ قسم نیم مثقال مصطگی نصف مثقال لونگ نصف مثقال پنیر مایہ شتر اعرابی اصلی ۱ مثقال لیکر کوٹ چھان کر حبوب بمقدار کنار صحرائی کے بنائیں خوراک ایک سے ۵ گولی حسب برداشت شراب یا گائے کے دودھ سے دیں قوی انتشار پیدا کرتی ہیں احتیاط چاہئے ۔

نسخہ حیات بخش برائے دق و نامردی و امراض باردہ :-

سم الفار سفید ۲۰ تولہ آب زمین قند ۵ بوتل اول سم الفار کو زمین قند کے پانی میں اسقدر کھرل کریں کہ گولا بن سکے پھر شنگرف رومی بقدر ۲۰ تولہ اس سم الفار کے نگدہ میں رکھ دیں اور کپڑا لپیٹ کر سی دیں پھر ایک برتن جس میں دو سیر بوٹی سما سکے لیں اور اس میں دس سیر کسم دریائی کے بیج یعنی پھلیاں ڈال کر وسط میں سم الفار والا نگدہ جس میں شنگرف رومی ہے رکھیں باقی کسم دریائی بھی ڈال دو اور ڈھکنا دیکر اچھی طرح گل حکمت کرو پھر ایک چکی کا پاٹ اُس پر رکھو اور نیچے درخت لیموں کی لکڑی یا تلخ بیری کی لکڑی یا گلگل کی لکڑی ۱۵ سیر جلا دو جب آواز دے تو ڈرنا نہیں۔ لکڑی جل جانے کے تیسرے دن بعد گولا نکالیں اور سم الفار علیحدہ کر لیں پھر روہو مچھلی کا قیمہ بنا کر شنگرف کی ڈلی اس میں رکھیں اور کپڑے کی تہ دیکر گل حکمت کریں اور پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ جب مچھلی کے جلنے کی بو آئے تو نکال لیں اور مچھلی کو پھینک دیں اسی طرح سے ۱۰ بار آگ دیں پھر کھرل کریں خوراک

بقدر نصف چاول یا اس سے بھی کم ہمراہ مسکہ گاؤ بالائی خیر۔

۴ افطار کو نصف تولہ شراب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور دو پیالوں میں پیری کی لکڑی جلا کر جو ہر اُڑا لیں خوراک نصف چاول ہمراہ مسکہ یا بالائی شیر برائے تپ دق و ناسور دی مفید ہے۔

برائے تقویت اعضائے مردانہ

پارہ مصفی گندھک آنولہ سار مصفے گشتہ ابرک ہر ایک ایکتولہ شنگرف روی ۱ تولہ تخم خبث ۱ ماشہ گشتہ فولاد ۱ تولہ سب کو خشک کھرل کر کے ستاور کے رس میں سات بار کھرل کریں بقدر ۲ رتی لیکر فضل سیاہ اور مصری کے ہمراہ کھلائیں مجربات سے ہے اعضائے مردانہ کو قوت دینے کے علاوہ بہت سی مزمن امراض کو بھی دُور کرتا ہے۔

مقوی باہ و اعضائے رئیسہ

ورق طلا ۱ ماشہ پارہ مصفی ۲ تولہ گندھک آنولہ سار مصفے ۱ تولہ ان سب کو کپاس کے دل بچوں کے رس میں کھرل کریں پھر گھیکوار کے گودہ میں کھرل کریں تین دن تک۔ اس کے بعد شیشی گل حکمت شدہ میں بھر کر اس کا منہ بند کریں پھر بالوریت کے جنتر میں رکھ کر بہت سی آگ دیں تو دوا کی سُرخ رنگت کی خاک تیار ہوگی اس میں کافور یخیم مصفی ۱ ماشہ مرچ سیاہ جائفل ہر ایک ۲ تولہ کستوری ۱ ماشہ سب کو ملا لیں خوراک ۱ چاول برائے گزوری ہر ایک مرض میں مجرب ہے۔

ترکیب عجیب مقوی اعضائے رئیسہ

موتی۔ ابرک گشتہ اسنگ لیشب (مسحوق بعرق گلاب) فولاد گشتہ معتدل ۱ چاندی گشتہ ہر واحد ہموزن ملا کر رکھیں اور مناسب بمقدار سے ایک ماشہ ہر روز دیں۔ اول مطابق موسم کے مسہل لینا بہتر ہے۔

بہترین بمقدار یہ ہے۔ مربہ پیٹھہ مربہ گاجر مربہ آنولہ مربہ سیب مربہ آم مربہ بہی ہر ایک سنگترہ مربہ ۱ تولہ لیکر پانی سے دھو کر گھوٹ کر ان میں الائچی خورد ۶ ماشہ طباشیر ۱ تولہ مغز کنول ڈوڈہ ۱ تولہ ملا کر رکھیں اس میں سے ایک تولہ لیکر ۱ ماشہ گشتجات

کا مرکب ملا کر دیں اُوپر سے عرق گاؤزبان و بید مشک پلائیں ۔

ترکیب صدف عجیب و غریب

فلفل دراز پھٹکڑی شگفتہ مغز کنول ڈوڈہ ہر ایک ایک تولہ ایک مٹی کے کوزہ میں نیچے صدف رکھیں اُوپر یہ چیزیں رکھیں پھر صدف رکھ کر کوزہ کا منہ بند کر لیں اور ۷ سیر کی آگ دیں جب آگ سرد ہو جائے تو سب چیزوں کو پیس کر رکھ چھوڑیں خوراک بقدر ایک ماشہ شہد کے ہمراہ ورق چاندی سے لت کر کے کھلائیں اُوپر سے عرق گاؤزبان ۴ تولہ پلائیں ۔ مقوی دماغ دافع جریان و سیلان ہے ۔

عصائے پیری یا شباب آور

ہلیلہ ۱۰ ماشہ چترہ تین ماشہ فلفل سیاہ فلفل دراز سونٹھ ہر ایک ۱۰ ماشہ الائچی خورد طباشیر ہر ایک ۵ ماشہ کٹھ شیریں ۲ ماشہ پارہ مصفیٰ گندھک مصفیٰ شنگرف مصفیٰ مال کنگنی دارچینی مغز کنول گٹھ بھنگرہ ککڑ سنگی ہر ایک ۵ ماشہ قند سیاہ کہنہ ۲۰ تولہ اول پارہ و گندھک کی اچھی طرح کجلی بنائیں پھر شنگرف ملا کر خوب کھرل کریں پھر باقی ادویہ ملائیں اور خوب کھرل کریں پھر قند سیاہ ملائیں اور ۴ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ یا پانی سے کھلائیں ۔

جذام مرگی لقوہ رعشہ امراض بلغمی و ریحی سب اس سے دُور ہو جاتے ہیں ۔

نسخہ دیگر کایا پلٹ کے فواید رکھتا ہے :-

منور بھسم ایک سیر بھنگرہ ایک سیر تخم سنبھالو آدھ سیر تخم پٹھکنڈہ آدھ سیر ترپھلہ آدھ سیر گندھک آنولہ سار مصفیٰ پاؤ بھر روغن مال کنگنی پاؤ بھر شہد خالص آدھ سیر ان سب دواؤں کو علیحدہ علیحدہ کوٹیں پھر سب کو ایک جگہ کر کے روغن مال کنگنی ملائیں اور لسی والے برتن میں رکھ کر پانچ روز تک پڑا رہنے دیں اس کے بعد شہد ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی ہر روز کھائیں کل امراض رفع ہوں برص ابیض غیر طبعی پیری امراض وبائی و ضعف اعضائے رئیسہ کو دور کرتی ہیں ۔

نوٹ ۔ کشتہ جات و اکسیر الاجسام کے تمام نسخہ جات کی صحیح تراکیب طب مخفی جلد دوئم زیر طبع میں ملاحظہ فرمائیں ۔

کمزور و مجلوق کا بیرونی علاج

ٹکور استمنا بالید :-

اسگندناگوری مغز چرونجی تخم تیرہ تیزک ہر ایک ۲ دام۔ مال کنگنی ۵ دام۔ زرد چوب ۱ دام برادہ عاج ۵ دام شراب ۴ دام دواؤں کو کوٹ کر شراب ملا کر پوٹلیاں چھوٹی چھوٹی باندھ لیں جو کل ۱۲ ہوں اور دودھ بھیڑ کا کسی برتن میں آگ پر رکھیں ۲ پوٹلیاں برتن میں ڈال دیں جب دودھ گرم ہو جائے تو ایک پوٹلی نکال کر اس سے حانہ اور قضیب کے گرداگرد آہستہ آہستہ ٹکور کریں پوٹلی صرف اسقدر گرم ہو کہ برداشت ہو سکے زیادہ گرم نہ ہو جب وہ سرد ہو جائے تو اس کو گرم دودھ میں رکھ دیں اور دوسری گرم پوٹلی کو اٹھا لیں۔ اسی طرح ہوا سے بچا کر ایک گھنٹہ کامل روزانہ ٹکور کیا کریں رات کو دونوں پوٹلیوں کو لنگوٹ پر پھیلائیں اور باندھ کر سو رہیں اسی طرح سے برابر ہفتہ عشرہ عمل کریں پھر کسی طلا سے کام لیں جو ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ اگر شکایات معمولی ہوں تو ٹکور کی حاجت نہیں ہوتی ۔

طلائے بے نظیر نمبر ۱ :-

منسل آدھ پاؤ۔ سم الفار آدھ پاؤ۔ روغن چنبیلی پاؤ روغن ارنڈ پاؤ۔ پہلی دونوں دواؤں کو پیس کر روغنوں میں ملائیں اور ۲ دن برابر کھرل کریں اس میں سے مالش کیا کریں۔ بثور پیدا ہونے پر ترک کر دیں اور گھی جلا کر لگایا کریں اگر کچھ شکایت باقی رہے تو دوبارہ عمل کریں ۔

طلائے بے نظیر نمبر ۲ :-

پارہ ۵ تولہ گندھک ۵ تولہ سم الفار سفید سم الفار زرد ہڑتال طبقی ہر ایک ۵ تولہ بچھناک سیاہ ۲ تولہ پوست بیخ کنیر سفید ۱۰ تولہ مغز حبہ سفید ۱۰ تولہ مغز حب الملوک ۱۰ تولہ ہیرا ہینگ ۵ تولہ عقرقرحا ۱۰ تولہ قرنفل ۵ تولہ خراطین ۵ تولہ بیر بہوٹی ۱۰ تولہ روغن چنبیلی ۲ پاؤ زردی بیضہ مرغ ۵ عدد ہر ایک دوائی علیحدہ علیحدہ باریک کریں اور ملا کر تمام کو ایک ہفتہ کھرل کر کے گولیاں بنا کر خشک کریں اور پتال جنتوت روغن کشید کریں اس روغن میں برابر روغن چنبیلی ۔

ارنڈ ملا کر رکھیں اور چند قطرے روزانہ کام میں لائیں ۔

طلاے بے نظیر نمبر ۳ :-

بیر بہوٹی عقرقرحا بیخ کنیر سفید ہر ایک ایک تولہ رتک سفید ۴ تولہ شنگرف ۶ ماشہ۔ قرنفل۔ مٹھا تیلیا۔ جوز بوا ہر ایک ۶ ماشہ تمام کو باریک کر کے زہرہ ماہی روہو ۴ عدد سے ۲ دن برابر کھرل کرائیں جب خشک ہو جائے تو روغن کنجد ۴ دام اس میں ملا کر ایک دن کھرل کریں پھر شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں ضرورت کے وقت ۲ رتی کی مالش کریں۔ ایک سے ۲ ہفتہ تک کافی ہے ۔

طلاے بے نظیر نمبر ۴ - یہ آبلہ انگیز ہے :-

مغز جمالگوٹہ۔ تخم ارنڈ۔ برادہ کچلہ ہر ایک ایک تولہ تینوں کو نصف بوتل برانڈی میں کھرل کریں پھر اس میں سے ذرا سا لیکر حشفہ و سیون کو چھوڑ کر عضو تناسل پر مل کر اوپر برگ پان رکھ دیں جب آبلہ ہو کھول دیں اور آبلوں سے پانی بذریعہ سوئی نکال کر مکھن ملا کریں ۔

طلاے بے نظیر نمبر ۵

عرق بادیان تیز و تند ۲ سیر تخم خردل ۳ تولہ۔ شیر مدار ۳ تولہ بیش ۶ ماشہ افیون خام ۶ ماشہ قرنفل تولہ۔ جوز بوا تولہ۔ عقرقرحا تولہ۔ دارچینی تولہ زنجبیل تولہ۔ جاوتری تولہ مرچ سیاہ تولہ سب کو نیم کوفتہ کر کے کسی برتن مسی وغیرہ میں عرق کے ہمراہ برتن کا منہ آٹے سے بند کر کے آگ پر پکا دیں جب نصف رہ جائے تو دواؤں کو چھان لیں پھر اس عرق کو روغن بید انجیر ایک پاؤ میں یہاں تک پکائیں کہ صرف روغن رہ جائے پھر اس میں ست لوبان ۳ تولہ۔ بیر بہوٹی ۵ تولہ خراطین مغسولہ ۵ تولہ۔ زلو بریاں کردہ در روغن گاؤ ۵ عدد سب کو روغن میں ملا کر کھرل کریں متواتر دو دن تک پھر حفاظت سے رکھیں اس میں سے حسب ضرورت کام میں لائیں سیون و حشفہ کو ہر طلا کے استعمال کے دوران میں بچانا لازمی ہے ۔

طلاے بے نظیر نمبر ۶ :-

مسکہ مادہ گاؤ ۱ تولہ۔ تخم جمالگوٹہ ۷ دانہ لونگ ۱۵ دانہ دارچینی ۳ ماشہ تھوم یک پوتھیہ ۳ ماشہ روغن سانڈہ ۶ ماشہ تمام کو ملا کر اسقدر کھرل کریں کہ تیل ہو جائے پس کام میں لائیں اور فوائد دیکھیں

طلائے جدید :-

لونگ ۳ تولہ جاوتری تولہ۔ جائفل عقرقرحا۔ خراطین مصطگی۔ سم الفار۔ بیر بہوٹی۔ مال کنگنی ہر ایک تولہ لوبان ۳ تولہ سب کو کوٹ کر بھیڑ کے دودھ میں ۲ دن کھرل کریں پھر خشک کر کے ایک تام چینی کی کٹوری پر کپڑا باندھ دیں اور اس کٹورے کے کناروں پر گوندھے ہوئے آٹے سے دیوار بنائیں جو دو انگل اونچی ہو۔ کپڑے پر دوا کی گولیاں ڈال دیں اور ایک لوہے کے برتن یا آہنی توے پر دہکتے ہوئے کوئلے ڈال کر اس دیوار پر رکھیں اور پنکھا سے دہکاتے رہیں یہاں تک کہ تیل ٹپک کر کٹورے میں جمع ہو جائے ازاں بعد شیشی میں بھر رکھیں اور ضرورت پر استعمال کریں۔

لیپ سیاہ۔ یہ بھی ہمارے مطب میں تیار ہوتا ہے اور اکثر مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔ نعوظ لاتا ہے۔ لمبائی پیدا کرتا اور کجی کو دور کر کے عضو کو یکساں و ہموار بنا دیتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

دارچینی ۶ ماشہ عقرقرحا ۶ ماشہ خراطین خشک ۱ تولہ مویزج ۱ تولہ پھوکر مول ۱ تولہ روغن کنیر ۲ تولہ موم سفید ۲ تولہ۔ پیہ شیر گز ۳ تولہ۔ زفت رومی ۳ تولہ۔ اول روغن و موم و چربی کو کڑاہی میں ڈالیں اور گرم کریں پھر زفت رومی ڈالیں اور حل کریں پھر تمام ادویہ کو باریک کر کے ڈالیں اور دستہ آہنی سے چار گھنٹہ تک خوب کھرل کریں مثل مرہم کے ہوگا اول قضیب کو کپڑا سے سرخ کریں یعنی حرکت دیکر اور ایک گھڑی دودھ میں ملیں یا کم از کم ۱۰ منٹ پھر قدرے طلا کریں اس کو ایک چمچہ میں ڈال کر آگ کے قریب رکھنے سے تیل ہو جاتا ہے پس مالش کر کے برگ پان باندھیں اور ۳ یا ۴ گھنٹہ بعد کھول کر پھر وہی عمل کریں۔ ایک دن میں تین چار بار لگائیں اور شام کو قضیب کو گرم پانی سے دھو ڈالیں ایک ہفتہ کافی ہے میں اکثر ایک دن میں ۲ مرتبہ بھی لگوایا کرتا ہوں اور بندھواتا بھی نہیں پھر بھی پورا فائدہ ہوتا ہے اور بغیر دودھ میں ملنے کے بھی فائدہ ہوتا دیکھا ہے مگر دودھ میں ملتا اور بالخصوص بھیڑی کے دودھ میں بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے ادویات تازہ و اصلی ہوں بالخصوص روغن کنیر چربی شیر وغیرہ یہ نسخہ بھی اسرار سے ہے۔ اکسیر اعظم سے دیکھ کر تجربہ کیا گیا اور برابر مفید

پایا میں ایک وقت یہ لیپ اور دوسرے وقت کوئی طلا لگوایا کرتا ہوں بلکہ طلا میں اکثر شامل کر دیتا ہوں باقی بر راے طبیب ۔

روغن دافع امراض حلق :-

زنبق شنگرف ۔ زرنیخ ۔ کبریت ۔ سم الفار ۔ منسل ۔ چوک ہر ایک برابر وزن لیکر سواے پارہ کے تمام کو باریک کریں اور ایک کپڑا کو سات دفعہ شیر مدار میں تر و خشک کریں پھر اسکو نصف سرسامی روغن زرد سے تر کریں اور ادویات مسحوقہ ڈالیں پھر پارہ ڈالکر ملیں اُس کے بعد فتیلہ بنا کر جلائیں جو روغن ٹپکے اُس کو نگاہ رکھیں ۔ یہ روغن مالش کیلئے مجربات سے ہے ۔

روغن مقوی باہ :-

سم الفار سفید ۲ تولہ سیماب مصفی ۲ تولہ کیچوا خشک ۵ تولہ ۔ مال کنگنی ۵ تولہ بیر بہوٹی ۲ تولہ زردی بیضہ مرغ ۱۵ عدد میں کھرل کر کے گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے بذریعہ تپال بستر روغن کشید کریں ایک دو بوند مالش کرنے سے چند روز میں خوب قوت پیدا ہوتی ہے ۔

روغن مقوی باہ دافع کمزوری مجلوق :-

سم الفار سفید ۱ تولہ سیماب ۱ تولہ کیچوا خشک ۵ تولہ مال کنگنی ۵ تولہ ۔ کچلہ ۸ بر ۲ تولہ ۔ اول سم الفار و سیماب کو کھرل کریں پھر باقی ادویہ ملا کر کھرل کریں پھر دودھ بھیڑ ایک چھٹانک ہر روز ڈال کر سات یوم کھرل کریں اور بذریعہ آتشی شیشی تیل نکالیں مجلوق کو ۵ یا ۷ یوم متواتر مالش کرا کر اوپر برگ پان باندھیں ۔ کھال اتر جاتی ہے ۔ چند یوم کے بعد صحت ہو جاتی اور مجلوق کامل مرد بن جاتا ہے ۔

روغن ارزاں مقوی باہ :-

پست ایکپاؤ ۔ جمالگوٹہ ایکپاؤ ۔ سم الفار ۵ تولہ ۔ زردی بیضہ مرغ ۲ درجن ۔ سوڈا سجی پاؤ بھر روغن کنجد ۴ سیر پہلی تین اشیاء کو زردی بیضہ میں کھرل کریں پھر روغن کنجد میں تمام ادویہ کو ملا کر جلا لیں اور آہنی دستہ سے خوب کھرل کریں اور شیشی میں بھر کر رکھیں بہت مفید مجرب نسخہ ہے ۔ خصوصاً تجارتی اغراض کے لئے ایک قابل تعریف چیز ہے ۔

مُلَیِّن ذات

نوٹ۔ سوائے طبی ضرورت کے ہرگز استعمال نہ کرائیں۔

(۱) بیر بہوٹی تازہ کو دو تین دفعہ میں ہر بار کریں اور خانہ زنبور طلا کر کھرل کر کے رکھیں اس میں سے ۱ر کر کے مقاربت کریں چند بار کرنے سے عورت کا دل متعلق ہو جاتا ہے۔

(۲) قنسیب ریچھ سوہاگن کردہ ۳ ماشہ عطر مرتیا ۳ ماشہ عطر نعنا ۳ ماشہ عطر کیوڑہ ۳ ماشہ عطر گلاب ۳ ماشہ سہاگہ سوا ماشہ کافور سوا ماشہ دارچینی سوا ماشہ ستہ کرہ بالا مدفن ۱ ماشہ زعفران سوا ماشہ قرنفل سوا ماشہ کستوری ۱ رتی عنبر ۱ رتی خوب کھرل کر کے رکھیں۔ اس سے تھوڑا سا گوئیں مدت سے بیراب ہوں۔

(۳) زہر مہرہ سفید ۱ عدد مشک خالص ۱ رتی عنبر ۱ رتی عطر گلاب ۱ بوند شیشی میں حل کر کے بلاؤ پر مدہم کرتے وقت شیشی پکیں حل ہو جائے ضرورت پر چند قطرات لگائیں اور مقاربت کریں ..... باجماعین کو حاصل ہوگا۔

(۴) زرد زرگوش ۱ ماشہ خون گلہری ۱ ماشہ مغیلی پتیاں کبوتر صحرائی ۱ ماشہ عطر سوسنا ۱ ماشہ ہر دو جوب نارنج اور ضرورت پر لعاب دہن میں حل کر کے ۱ رتی سیدسانا ۱ ماشہ آگ پر پگھلائیں اور ایک تولہ پھٹکڑی کا سفوف ملا کر نیچے اندھیرے خشک ہونے پر ایک ڈبیہ میں نکال کر رکھیں اس میں سے ایک سے ۱ رتی نمک عورت کے کھانے کے بعد اور ۱ رتی اصیل مرغ کے انڈے کی زردی میں ملا کر کھلائیں اور فرائض زوجیت پورے کریں بس مراد کو پہنچیں۔

(۶) **مسک وطنزو:۔**

بیخ گیر سفید کا پوست ۱ تولہ عرق ہر ایک ۱۴ ماشہ دونوں کو سپرٹ آف وائن ۱ تولہ میں کھرل کر دیں کہ جب شراب جذب ہو جائے حبوب بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔ ضرورت پر ایک گولی پیس کر شراب تیز یا سپرٹ آف وائن میں حل کر کے آلہ تناسل کے اوپر اور ارد گرد لیپ کر کے اوپر برگ پان باندھیں بعد ایک گھنٹہ کے مالش شروع ہو گی پان کھلوں کر جماع میں مشغول ہوں لذت ۱ اسکا خوب ہوگا منی بھی

زیادہ ہوگی اور رات میں کئی بار (.....) قوت بھی ہوگی اگر کبھی زیادہ دوا لگ جانے سے سوزش زیادہ ہو تو روغن چنبیلی لگائیں اُس وقت خواہش کم ہوتی ہے دوا زیادہ نہ لگائیں کئی اصحاب نے اس نسخہ کی تعریف کی اور بعض نے اسکو غلط بتلایا اس لئے مکرر کئی بار تجربہ کیا اور درست ہی پایا ۔

(۷) عقرقرحا ایک ماشہ خالص مشک ایک ماشہ سعد کوفی ایک ماشہ کباب چینی ۱ ماشہ گوند سہاگہ ۱ ماشہ پرانی شراب یا آب ادرک میں تر کر رکھیں جب خشک ہو جائے تو عرق گلاب خالص داخل کر کے کھرل کریں جب گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے تو حبوب نخودی بنا کر رکھیں ضرورت پر ایک گولی آب دہن میں حل کر کے ضماد قضیب پر کریں اور خشک ہونے پر مقاربت کریں۔ ملذذ کی پوری تعریف استعمال پر مشاہدہ کر لیجئے۔ ہذا من الاسرار ۔

آتشک

حبوب جو مادہ آتشک کو اسہال کے ذریعے خارج کرنے میں مفید ہیں :۔

زنجبیل فلفل گرد مغز حب الملوک مدبر مغز تخم کرنجوہ برابر وزن کوٹ چھان کر حبوب بمقدار دانہ نخود تیار کر لیں اور خوراک ایک سے چار گولیوں تک آب تازہ سے ہر روز علی الصبح کھائیں

معجون مصفی خون :۔

پوست ہلیلہ زرد ۱۰ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۷ تولہ پوست بلیلہ ۵ تولہ آملہ مقشر ۵ تولہ سنا مکی ۲ تولہ گلسرخ ۱ تولہ شاہترہ ۱۲ تولہ شہد خالص تین پاؤ مصری تین پاؤ۔ ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر اور شہد و مصری کا قوام کر کے ادویات ملا کر معجون کے قوام میں لے آئیں جن لوگوں کا خون خراب ہو گیا ہو یا آتشکی مادہ جسم میں کسی حد تک موجود ہو بعد مسہل اس معجون کو استعمال کریں خوراک ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ عرق بادیان ۴ تولہ و عرق شاہترہ ۴ تولہ ہر روز کھائیں اور اشیاء حارہ سے پرہیز کریں ۔

ذرور دافع زخم آتشک :۔

رسکپور ۵ رتی سفیدہ کاشغری ۳ رتی مصطگی ۳ رتی کتھا تولہ ۱۰ ایڈوفارم ۳ رتی (یہ ایک انگریزی دوا ہے) دانہ الائچی خورد ۶ رتی پھٹکڑی بریاں ۶ رتی طباشیر ۶ رتی مازو ۶ رتی ان سب کو باریک پیس کر کپڑے میں سے چھان لیں اور زخموں کو نیم گرم پانی سے دھو کر ان پر چھڑکیں تین چار دن میں زخم خشک ہو جاتے ہیں دیگر قروح خبیثہ پر بھی کارآمد ہے۔

اکسیر دافع آتشک کہنہ :-

جمالگوٹہ ۲ تولہ۔ رسکپور تولہ۔ دارچکنہ ۶ ماشہ۔ کتھ سفید تولہ مردار سنگ تولہ صدف خورد سوختہ ۱۰ عدد ایک سو لیموں کاغذی کے رس میں کھرل کریں حتے کہ تمام پانی خشک ہو جائے ماش کے برابر حبوب بنالیں ایک حب سے شروع کر دیں اور تین حب تک لیجائیں ۲۱ روز تک کھلائیں مچھلی و بادنجان وغیرہ سے پرہیز۔ خوراک نان گوشت مرغن۔

اکسیر مدار۔ جو شخص بوجہ آتشک کے نہایت ضعیف ہو گیا ہو جوڑوں میں درد ہو اور آتشک کی وجہ سے گٹھیا ہو گیا ہو اعضاء بیکار ہوں وہ :-

آک کی جڑ کا چھلکا لیکر سفوف بنائیں اور ہموزن مصری ملا کر کھلائیں خوراک ۳ سے ۶ ماشہ تک دوسرے ماہ جوشاندہ بیخ مدار سے دیں۔ غذا مرغن چلنے پھرنے کی قوت پیدا ہو جاتی اور تمام زہر دفع ہو جاتا ہے۔

سوزاک

اندری جلاب۔ سوزاک کی ابتدائی حالت میں بلکہ ہمیشہ ابتدائے مرض میں دیتا ہوں اس سے زخم خوب دھل کر صاف ہو جاتا ہے :-

قلمی شورہ مدبر بہ گندھک (قلمی شورہ ایک پاؤ کو پگھلائیں اور گندھک آملہ سار باریک پسی ہوئی کی چٹکی دیتے جائیں جب گندھک بالکل جل جائے تو دوسری چٹکی دیں اس طرح سے ۲ تولہ گندھک صرف کر دیں) اس میں سے ایک ماشہ جوکھار ۴ رتی خار خسک کے خیساندہ و شربت بزوری کے ساتھ تین مرتبہ دن میں دیں اول تین سے ۵ روز تک اس پر عمل کرنا چاہئے۔

اکسیر سوزاک :-

روغن کنہ ۱ تولہ، روغن صندل ۱ تولہ، روغن بلسان ۱ تولہ، روغن کباب چینی ۱ تولہ، کافور ۱ ماشہ، تربد ۱ ماشہ، تخم خربزہ مغز ۱ ماشہ، شکر سفید ۱ تولہ، شکر سرخ ۱ تولہ، شکر سیاہ ۱ تول

۱ تولہ پکھان بید ۱ تولہ۔ کباب چینی ۱ تولہ۔ لوبان کوڑیہ ۱ تولہ۔ کھانڈ ۱ پاؤ سفوف تیار کرلیں اور اس میں سے ایک تولہ ہمراہ دودھ کھایا کریں۔

سوزاک کا ایک دن کا نسخہ:۔

لوبان کوڑیہ ایک تولہ اور روغن صندل ۶ ماشہ ملا کر رکھیں اور گوشت مرچ سرخ ڈالکر جس میں گھی بافراط ہو پکائیں اور دوا کھلا کر گوشت کھلائیں ایک سے تین یوم کافی ہے ہر قسم کی بدپرہیزی کرائیں مرض دور ہو جاتا ہے لیکن اگر مرض بگڑ جائے تو مصیبت بن جاتی ہے۔ یہ صرف اُن مریضوں کو دینا چاہئے جو کسی دوا و پرہیز کی پابندی کسی صورت میں بھی نہ کر سکتے ہوں۔ میرا یہ نسخہ آزمودہ ہے اور مفید ہے ایک دوسرے نسخہ کا بھی دو تین بار تجربہ کرنے کا موقع ملا ہے۔ وہ بھی مجربات سے ہے۔

سرخ عقیق ۳ ماشہ کو اصلی زعفران ۱ تولہ میں لپیٹ کر ۲ بڑے اُپلے جن کا وزن ۲ سیر ہو کا ڈک کر کے رکھ دیں اور سلگا کر کشتہ کرلیں عقیق سفید ہو جائیگا مگر سخت رہیگا کوٹ کر پیس لیں اور کھرل کر کے باریک کر کے اس میں سے ایک ماشہ کھلائیں اور اُوپر سے شراب پلائیں۔ جو شراب نوش نہ ہوں وہ سرکہ پی لیں اور جماع میں مشغول ہوں قرحہ و سوزاک بہ جائیگا دوسرے دن دہی وغیرہ خوب دیں۔ یہ پہلے سے بھی سخت ہے۔

سوزاک کا انتہائی نسخہ:۔

گندھک آملہ سار تولہ۔ شورہ قلمی ۵ تولہ۔ ہڑتال سرخ تولہ۔ چونہ قلعی ۸ تولہ۔ صدف اصلی ۸ تولہ۔ سم الفار سفید ۱ تولہ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ سب کو باریک پیس کر مثل غبار بنا کر دو پہر عرق گھیکوار میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کوزہ میں رکھیں اور خوب گل حکمت کر کے خشک کرلیں اور ۵ سیر جنگلی اُپلوں کی آنچ دیں خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک بالائی میں ملفوف کر کے سوتے وقت کھلا دیا کریں ایک سے ۲ ہفتہ کافی ہے۔ غذا مرغن ہونی چاہئے۔

امراض مثانہ و گردہ

اکسیر دافع سلسل بول: حار مزاج کو نہ دیں۔

کشتہ سکہ آک والا برنگ زرد ایک رتی ہر روز صبح کو منقہ میں رکھ کر کھانا از بس مفید ہے۔ یہ دافع سلسل بول بارد ہے۔

سفوف برائے ذیابیطس:-

گوڑ مار بوٹی ۳ تولہ۔ خولنجان ۳ تولہ۔ مغز تخم جامن ۳ تولہ۔ نبات سفید ۹ تولہ۔ خوراک ۱ تولہ ہر روز پانی سے دیں ہفتہ عشرہ میں صحت ہو جاتی ہے۔ غذا گوشت مرغن و نان گندم

دیگر اگر حالت زیادہ خراب ہو:-

تخم کنج بیخ یعنی مکو۔ خار خسک۔ پھول ببول خام۔ بیخ ببول۔ گل ببول۔ چھال ببول۔ صمغ عربی ہر ایک ایک تولہ۔ کاسنی ۴ تولہ۔ خرفہ ۶ دام۔ الائچی خورد۔ طباشیر۔ ست سلاجیت ست گلو۔ کافور۔ ٹکیہ کونین خالص ہر ایک ۲ ماشہ۔ خاکستر خار مغیلاں ۱ تولہ۔ مغز تخم جامن ۲ تولہ۔ تاج خروس ۴ عدد سوختہ ملا کر سفوف بنائیں۔ خوراک تین ماشہ بدرقہ مناسب سے ہر روز کھلائیں۔

اکسیر درد گردہ:-

کبوتر کی بیٹ کی سفیدی علیحدہ کر لیں۔ اگر فرصت نہ ملے تو تمام بیٹ کبوتر کو کوٹ چھان کر تیار کر کے رکھیں مریض کو پتہ نہ لگے اور ایک ماشہ نیم گرم پانی سے دیں خوراک بڑھا بھی سکتے ہیں چند بار کافی ہے۔ مجرب ہے۔

دیگر: گل داؤدی ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک پانی میں جوش دیکر پلانے سے فی الفور آرام ہوگا۔ مجرب ہے۔

درد گردہ کہنہ:-

بیخ چولائی خاردار۔ اسی کے برابر چھالیہ سڑی ہوئی جو بالکل بوسیدہ ہو اسکا سفوف بقدر طاقت مریض ۴ سے ۶ ماشہ دس بیس روز تک۔ حصاۃ گردہ کو بھی نکال دیتی ہے مجرب ہے

میری بیاض کے کشتہ جات:-

طب مخفی جلد دوئم صنعت اکبر میں درج ہونگے۔ بوجہ ضخیم ہو جانے کے یہاں گنجایش نہیں۔ زیر طبع ہے انتظار کریں۔

امراض النسا

سفوف برائے استقرار حمل

برادہ دندان فیل ۱ تولہ مصری ۲ تولہ۔ کائے پھل ۳ ماشہ۔ اسگند ناگوری ۳ ماشہ۔ ناگ کیسر ۱ ماشہ۔ ڈاڑھی پیل ۱ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں حیض سے فراغت پانے پر بوقت خواب ۱ ماشہ سفوف پانی سے کھالیا کریں اور شب سوم و چہارم عورت اپنے مرد کے تحریک جائے اور یہی عمل بتکرار دو تین مہینوں تک کریں لیکن اول دوائی حیض آور استعمال کرانی لازم ہے تاکہ حیض باقاعدہ اور بافراغت ہوجائے۔

حبوب حیض آور:۔

صبر زرد ۲ تولہ ہیرا کسیس سفیدی مائل تولہ۔ اصل زعفران ۱ ماشہ ان کو باریک کرکے حبوب بمقدار دانہ نخود تیار کرلیں اور ایک سے تین گولیوں تک یومیہ حیض شروع ہونے سے ایک روز قبل کھلائیں اور دوران حیض میں برابر جاری رکھیں ہمراہ شربت بزوری دیں۔

دوا دافع کثرت حیض واستحاضہ:۔

سنگجراحت۔ مازو۔ کتھ سفید۔ مائیں۔ گوند ڈھاک۔ لودھ پٹھانی۔ راں۔ گیرو ہر ایک ایکتولہ پیسکر رکھیں خوراک ۲ ماشہ دن میں ۲ مرتبہ ہمراہ شربت مختص دیں۔

اکسیر دافع سیلان الرحم

کشتہ سونا ۱ رتی ہر روز صبح کو اگر پارہ دھاتہ (قلمی سکر جست چاندی) ہو تو اور بہتر ہے عصر کے وقت یہ دوا دیا کریں:۔ کشتہ سنگجراحت ۲ تولہ ستاورہ ۲ تولہ دال ماش جسکو کیکر کی پھلیوں کے رس میں تین دفعہ تر و خشک کرکے پیس لیا ہو ایکپاؤ سفوف مازو آدھا پاؤ کشتہ صدف ۱ تولہ کشتہ مرجان ۲ تولہ کشتہ قلمی ۱ تولہ ملاکر رکھیں خوراک ۱ ماشہ پانی یا دودھ سے۔ سبوس اسپغول کی پوٹلی باندھکر ۲ دفعہ رحم میں رکھوایا کریں۔

مرہم دافع ورم رحم:۔

روغن گل بقدر ضرورت مغز ساق گاؤ ۲ تولہ۔ چربی گردہ بز ۱ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ العدد۔ زعفران

اصلی ۳ ماشہ یا بورہ ۳ ماشہ کندر ۳ ماشہ عنب الثعلب اتو ز مطابق قاعدہ کے مرہم تیار کریں اور تھوڑی سی روئی پر لگا کر اندر رکھیں۔ ورم رحم کو تحلیل کرنے میں تجربات سے ہے

اکسیر دافع اسقاط و مسان و موت الجنین و محافظ حمل ہے :-

زیر، سفید ۴ ماشہ کستوری ۱ ماشہ تبشیر ۳ ماشہ زعفران ۴ ماشہ زرد ۴ ماشہ برگ تمسی ۲ تولہ جوتری ۲ تولہ تخم خشخاش سب کو باریک پیس کر نخود کے برابر گولیاں بنائیں۔ بر مثل ۲ ماشے تولہ دن تک ہر روز تین گولیاں بیگ صبح ایک دوپہر ایک شروع ۱۰ روز تک۔ یک گول صبح ایک شام۔ اس کے بعد وضع حمل تک ہر بریک گولی بو میدہ دیں۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو بادام کے دانہ کے برابر بچہ کو روزانہ دودھ پلوانے تک دیں۔ پرہیز گوشت بے دوال ماش بیگن۔ دہی ترش اور تیل اور نیز جماع سے قطعی پرہیز لازم ہے۔

برائے پرمیوز نال :-

دودھی خورد جو سایہ میں خشک کی گئی ۳۰ زیر، سفید، نوشادر ہر سہ مساوی۔ شکر سرخ بمقدار ان ادویہ سفوف تیار کریں اور صبح و شام ایک دام دودھ سے کھلائیں تو قسم کا پرمیو دور ہو گا

قرص دافع احتباس طمث

نایل ۷ تولہ مغز بادام ۸ عدد دیوہ ۷ عدد کشنیز ۱ تولہ سب کو باریک پیس کر تین تین تولہ کے قرص تیار کریں اور ایک قرص ہر روز صبح کو ایام حیض آنے کھلائیں حیض کا درد سے آنا و کم آنا وغیرہ شکایات دور ہو جائینگی اور حیض بفضل خدا جاری ہو گا۔ دودھ نیم گرم پینا چاہئے۔

مرہم دافع ورم صلب۔ ایک نسخہ پہلے لکھا ہے۔ اگر حالت بہت بڑھی ہو۔ تو اس سے کام لیں یہ بہت قوی ہے :-

مغز ساق گاؤ ۲ تولہ چربی گردہ بز ۳ تولہ چربی ماکیاں ۱ تولہ کندر ۹ ماشہ۔ اشق ۹ ماشہ مصطگی ۹ ماشہ مرداسنگ ۹ ماشہ گوند بابونہ ۶ ماشہ موم نند ۱ تولہ گل روغن ۲ تولہ روغن بابونہ ۲ تولہ زعفران ۴ ماشہ مشک خالص ۳ ماشہ جند بیدستر ۳ ماشہ اول مغز و چربی و روغن و موم

کو گداختہ کریں پھر اس میں ادویات جو علیحدہ علیحدہ باریک کی گئی ہوں داخل کریں۔ مردار سنگ سب سے آخر میں ملائیں اور دستہ آہنی سے خوب سحق کریں ۶ ماشہ دوائی نصف وزن زردی بیضہ مرغ اور آب برگ مکو سبز داخل کرکے یک ذات کریں اور کپڑا میں آلودہ کرکے فرزجہ کریں دن میں تین دفعہ تبدیل کرنا چاہئے۔ ورم صلب کہنہ و نو ایک ہفتہ میں زائل ہو جائیگی۔ مجرب المجرب ہے۔

معجون برائے تقویت زناں:-

سپاری تیلہ ۳ چھٹانک کو کوٹ کر تین سیر دودھ گاؤ میں پکائیں آنچ نرم ہو جب دودھ خوب گاڑھا ہو جائے پھر بہمن سرخ بہمن سفید عقرقرحا ہر ایک ۴ تولہ مویز منقیٰ ۶ تولہ سب کو کوٹ کر کڑاہی میں ڈالیں اور اڑھائی چھٹانک روغن گاؤ اور نصف سیر مصری داخل کرکے معجون بنا کر اتار لیں پھر اس میں کشتہ قلعی تولہ ورق نقرہ ۵۰ عدد ورق طلا ۲۵ عدد مشک خالص ۳ ماشہ عنبر ۳ ماشہ ملا کر رکھیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک دافع کمزوری زناں ہے بعد وضع حمل کھلانا بہت نافع ہے مردوں میں شکایت سرعت اور جریان دور کرنے میں از بس مفید ہے۔

زینت النساء

سفوف حسن افزا:- کتیرا ایک پاؤ نشاستہ ایک پاؤ صابن و نولیہ ولایتی ۲ تولہ سوڈا بائیکارب ۲ تولہ زعفران ۳ ماشہ ہر ایک چیز کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان لیں صابن کو چاقو سے باریک چھیل کر خشک کرکے ملا لیں پھر تمام کو دودھ میں کھرل کرکے خشک کرکے پھر دوبارہ کھرل کرکے شیشی میں ڈال لیں اور تھوڑا سا کف دست پر ڈال کر چند بوند پانی ملا کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر مل کر چہرہ پر ملیں اور پانی سے دھو ڈالیں چہرہ کے رنگ و روغن کو نکھارتا ہے۔

رخ زیبا:- چہرہ کے کیل اور داغ دھبوں کی اکسیر دوا:-

اول سنا مکی کا سفوف پیس کر رکھیں اور تین ماشہ سفوف کو انڈا کی سفیدی میں حل کرکے رات کو چہرہ پر مل کر سو رہیں صبح نیم گرم پانی سے منہ دھو کر یہ دوا لگائیں۔ آئل یوکلپٹس ۱۵ بوند

سلی سلک ایسڈ ۱ گرین ڈراج رائی ایمونیا نصف ڈرام جوہر شفا آب حیات یا امرت دھارا ۵ بوند کاربالک ایسڈ ۲ بوند ویزالین سفید ۱ اونس تمام کو مطابق قاعدہ کے ملا کر مرہم سی تیار کریں جو مثل مکھن کے ہوگی اس میں سے ذرا سی انگلی سے کیلوں وغیرہ پر لگایا کریں۔ اگر ولایتی صابن سلفر (گندھک) سوپ سے منہ دھویا کریں تو اور بھی بہتر ہوگا۔

روغن برائے سختی و درشتگی پستان۔ چھلکا انار ۵ تولہ غنچہ انار ۵ تولہ برگ انار ۵ تولہ چھال انار ۵ تولہ ان کو ۲ سیر پانی میں اسقدر جوش دیں کہ صرف نصف سیر پانی باقی رہ جائے پھر اسکو نصف سیر روغن کنجد میں اس قدر پکائیں کہ صرف تیل باقی رہ جائے اس تیل کو پستانوں پر مالش کر کے محکم باندھا کریں۔

دیگر زرد چوب جہازی۔ پوست درخت کیلہ پوست درخت انجیر۔ پوست انار تازہ ہر ایک ۳ تولہ کو آدھ سیر پانی میں پکائیں کہ صرف ۵ تولہ رہ جائے اس پانی کو روغن گاؤ آدھ پاؤ میں پکا لیں جب صرف روغن رہ جائے تو اتار کر رکھ لیں اور پستانوں پر مالش کیا کریں۔

امراض النسا اور ہومیا پیتھی

نازک مزاج مستورات اکثر ادویہ کے استعمال میں پرہیز کرتی ہیں انکے لئے ہومیا پیتھی کی بعض ادویات بعض امراض میں مفید سمجھ کر داخل مطب کی گئی تھیں ہومیا پیتھی کے متعلق خاکسار کے تجربات بہت وسیع ہیں میں نے ایک کتاب بھی چار سو صفحات کے قریب مرتب کی تھی جو بعض ناقابل اظہار اسباب کی بنا پر شائع نہ ہو سکی۔ وہ کسی دوسرے ہومیا پیتھک ڈاکٹر کے سپرد کر دی گئی تھی جو اس کو مکمل کر کے شائع کرینگے۔

ورم رحم سیپیا تین ایکس ہر روز ایک خوراک ہر صبح کو دیا کریں اگر پیپ بھی آتی ہو تو ہیپر سلفر دو ایکس دن میں ۴ مرتبہ ۶ روز ہمراہ دیں۔

پرسوت کا بخار۔ جب عورت دیوانگی کی حالت تک جا پہنچے یا ابتدا میں اینستھیریم ایک خوراک دو تین دن تک جب تک کہ فائدہ نہ ہو جائے۔

چونکہ ہومیا پیتھی علامات پر دوا کا انتخاب موقوف ہے لہذا ان دو کے علاوہ اور کوئی دوا نہیں لکھنی چاہتا۔

متفرق امراض کے نسخہ جات

اکسیر دافع تپ ربع :-

ہر زمانی تپ کا ایک آب نادیہ :- توتیا کبھی سفید ہر ایک ۲ تولہ عرق گھیکوار میں دو تین پہر تک کر کے قرص بنا کر کوئلی میں بند کر کے دس سیر اپلہ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں اور اس میں ایک تولہ کشتہ ابرک اضافہ کریں تپ ربع میں ۱ ر اول ارتی روز دو دم ۲ ارتی روز سوم تین رتی کھلائیں۔ غذا شیر برنج بغیر شیرینی کھانے کو دیں اور سب اشیاء سے پرہیز ایک دو دفعہ کے عمل سے یہ پرانا تپ مزمن بخار دور ہو جاتا ہے ۔

حبوب دافع بوئے دہن :-

بدبوئے دہن کو دور کر کے خوشبو پیدا کرتی ہیں اور شراب کی بو کو بھی دور کرتی ہیں ۔ سنبل الطیب مجمع عربی ہر ایک ایک درم ۔ بورہ صندل سفید ۱۰ درم ۔ زرنباد پوست بیخ دودھ ہر ایک ۲ درم پانی سے گولیاں بنائیں اور منہ میں رکھ کر اس کا رس نگل لیں ۔

تریاق الاطفال :-

مروارید ۱ ماشہ ۴ رتی زہر مہرہ طلائی ۱ ماشہ کشتہ مجرا ۱ ماشہ ۶ ماشہ تا جل دریائی پوست بیخ زرد ۔ تخم خرفہ مغز کنول گٹہ ۱ ماشہ شیر بکری ۱۰ تولہ خورد ۔ زرد دو ہر ایک ۶ ماشہ عرق گلاب ۱۰ تولہ میں تمام ادویہ کو سحق کر کے حبوب بمقدار دو ماشہ گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک شام ماں کے دودھ میں حبس کر دیں دافع امراض معدہ و جگر و خفقان و اسہال و امراض دبائی و گرمی وغیرہ ہے ۔

اکسیر الاطفال :-

خاکشی ایک پاؤ کو صاف کر کے شیر بز ½ اسیر میں جوش دیکر سایہ میں خشک کریں یہ عمل تین بار کریں پھر اس میں سے ایک ماشہ بچہ کو شہد میں حبس کر دینا چاہئے اگر شیر مادر میسر نہ ہو سکے تو شیر گاؤ میں بھی دے سکتے ہیں یہ بخار کو دور کرتی اور بچہ کو فربہ بناتی ہے

تریاق افیون :-

بنولہ کی گری کوٹ کر نکالیں جسقدر افیون کھائی ہو تو اسی قدر یہ گری کھلا دیں زہر دور ہو جاتا ہے ۔

جوب وجع المفاصل :-

سم الفار ۳ ماشہ زعفران ۳ ماشہ کتھہ سفید ۶ ماشہ ان کو ۵۰ عدد بیسوں کے بیر میں کھرل کر کے وزن سونگ کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی بیسہ دیں جو وجع المفاصل خرابی خون یا زہر آتشک سے پیدا ہوا ہو تو اس کے لئے مجرب ہیں مقوی باہ بھی ہیں اور آتشک کو بھی دور کرنے میں بڑا تاثیر ہیں ۔

دیگر برگ سنا پوست بیدانہ تربد سفید شحم حنظل حب النیل ہر ایک سوا تولہ مغز حب الملوک ۵ ماشہ سیفوف کتیرا صمغ عربی مقل ازرق بجسغ ۔ نمک سیاہ ہر ایک ایکتولہ سنبل الطیب ۶ ماشہ ۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر ۲ تولہ شہد کی مدد سے گولیاں نخود کے برابر بنالیں خوراک ایک سے ۲ گولی سب برداشت ۔

اکسیر برائے خنازیر :-

بیخ آک بیخ سیاسی تخم نیل بیخ بادنجان دشتی بیخ جھڑبیری ہر ایک سوا تولہ خوب باریک پیس کر شکرف زدہ ۱۰ تولہ میں تین ماشہ خوب حل کر کے چوتی کے برابر گولیاں بنالیں لیکن یہ گولیہ موٹی روپیہ کے برابر ہو ۔ ان کو سایہ میں خشک کریں ۔ ایک گولیہ صبح ایک شام عقد میں رکھ کر بلائیں اور گلٹیوں پر خواہ زخم ہوں یا ہوں برگ برگد یا گرم پانی سے صبح و شام پٹہ برگد کا تبدیل کر دیا کریں ۔ ۴۰ یوم میں خراب سے خراب مرض دور ہو جائیگا اگر کسی مرض کو منہ آجائے تو چنبیلی و برگ مہندی وغیرہ کا مضمضہ کرانا چاہئے ۔ بعض مریضوں حالت بوجہ خنازیر کی گلٹیوں کے پھٹنے کے بہت خراب ہوتی ہے ان کے لئے اگر مرہم کی ضرورت ہو تو سب سے اچھی مرہم یہ ہے :-

مرہم برائے خنازیر :-

روغن کنجد ۱ تولہ گندہ بہروزہ صاف شدہ ۱ تولہ مردار سنگ موم سفید شنگرف شاخ گوند ہر

ہر یک ۴ تولہ زرد کوڑی سوختہ ۴ تولہ، سنبھالو ۸ تولہ، زنگار ۱۶ ماشہ نیلا تھوتھا ۱۶ ماشہ۔ اول روغن کنجد و موم کو پگھلا کر ان پھر گندہ ہوئی دوا داخل کریں اور نیچے اتار کر باقی ادویات جو خوب باریک شدہ ہوں ملا کر بھر بنائیں اور خارش پر لیپ کر کے برگ سوہنہ باندھیں۔

منجن شاہی :-

گل نیلکوہ سوختہ پوست بادام سوختہ نیلا یا مرچ سیاہ مصطگی کافور پوست بلیلہ۔ لونگ پھٹکڑی سوختہ ہر یک ایکتولہ۔ باریک پیس کر بطور منجن کے استعمال کیا کریں مفید ہے۔

دوا دافع درد گوش

خرمہ و زرد کا کشتہ یا سوختہ جو خوب باریک ہو لیکر اردی کان میں ڈاکر یموں کاغذی کے پر میں دو تین بوند کان میں ڈالدیں۔ دوا میں جوش پیدا ہوگا تو درد جاتا رہیگا۔

روغن دافع درد مفاصل :-

افیون ۱۰ دام کچلہ ۱۰ عدد روغن کنجد ایک سیر شیر مادہ گاؤ ایکپاؤ۔ اول افیون کو دودھ میں حل کریں پھر برادہ کچلہ و روغن ملا کر ظرف آہنی میں نرم آنچ پر پکائیں یہاں تک صرف روغن باقی رہ جائے۔ اتار کر شیشی میں ڈالیں اور ضرورت پر مقام درد پر مالش کر کے اوپر برگ پر گدا باندھ دیں۔ مجرب ہے۔

حب جہار برگ برائے درد یرقی ہر قسم :-

برگ تمباکو سبز کی نازک کونپل برگ بید انجیر سرخ برگ نازک دھتورہ برگ نازک مشتری ہر ایک ۴ تولہ باریک کوٹ پیس کر جوبوں تخودی تیار کریں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام عرق بادیاں و گلاب سے دیں۔ مجربات سے ہے۔

حب دافع سرفہ :-

افیون ۲ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ بیدمشک ۷ ماشہ کندر ۷ ماشہ رب السوس ۷ ماشہ پانی میں گھس کر جوبوں برابر دانہ باقلا کے بنائیں۔ اطفال کو ½ سے نصف گولی تک نوجوانوں کو ایک گولی گرم پانی سے دیں۔ شدید کھانسی و نزلہ بارد و حار میں مفید و مجرب ہے۔

برائے بھگندر :- رسکپور اتولیکر ایک کوزہ گلی میں رکھ کر آنچ پر رکھیں اور ۲ تولہ

شیر زقوم کا چوپا دیں۔ یہ عمل نہایت احتیاط سے کریں اور ایک ایک قطرہ ڈالتے جائیں
آنچ بالکل ہلکی ہو پھر ۷ تولہ قند ہاری تماکو کا ۷ تولہ حقہ کے سڑے ہوئے پانی سے نغدہ تیار
کریں پھر ڈلی رسکپور اس میں رکھ کر اور مضبوط کپڑ دلی و گل حکمت کر کے چار سیر خام اپلوں کی آنچ
دیں۔ دو تین آنچ میں شگفتہ ہو جائیگا اس سے ایک چاول مکھن میں کھلائیں چند روز میں
بھگندر دور ہوگا۔ مجرب ہے۔

گگڑ چھڈی محلل رسولی :-

گگر وندہ یعنی گگر چھڈی کے پتے روغن زرد یا روغن السی سے چپڑ کر قدرے گرم کر کے رسولی
پر باندھیں ۲ ہفتہ میں رسولی دور ہو جاتی ہے تین بار تجربہ ہوا۔

اقسام تپ میں مجرب :-

سورج مکھی اصلی کے پتے بیخ و شاخ وغیرہ لیکر سایہ میں خشک کر لیں خوراک ۶ ماشہ سے ۱
تولہ خواہ جوشاندہ بنا کر دیں خواہ سفوف۔ تپ لرزہ میں ایک خوراک صبح اور دوسری ایک
گھنٹہ قبل۔ کونین سے زیادہ موثر ہے۔ آزما کر فایدہ اٹھانا چاہئے۔ ہمارا مجرب ہے۔

براے اخراج ریگ و پتھری :-

خربوزہ کے قشر کا نمک ۳ ماشہ شربت زوفا ۲ تولہ کے ہمراہ چند دن پلائیں۔
دیگر۔ لونیہ بوٹی مع برگ و شاخ ۲ تولہ لیکر یا مرچ ۵ عدد پیس کر دن میں چند بار
پلائیں۔ سنگ گردہ و مثانہ خارج ہوگا۔

حبوب دافع بخار :-

برگ تلسی تازہ اور مرچ سیاہ ہموزن کھرل کر کے گولی بقدر ایک سرخ بنائی جائے بخار آنے
کے وقت ایک گھنٹہ پیشتر ایک گولی کھلائیں عمدہ ہے۔

دافع زہر سانپ :-

بیضہ طاؤس میں فلفل سفید بقدر ۱ ماشہ بھر کر معلق لٹکا کر خشک کریں۔ ازاں بعد پیس کر
بحفاظت تمام رکھیں اور زخم افعی پر لگائیں زہر خارج ہوگا۔

تریاق افعی :- بھلاوہ ایک عدد مرچ سرخ تولہ نوشادر تولہ مٹھا تیلیہ تولہ سم الفار سفید

تولہ نیلا تھوتھا تولہ شیر مدار بقدر ضرورت سب کو باریک پیس کر شیر مدار کے ہمراہ گولیاں بنائیں اور ضرورت پر ایک گولی پانی میں رگڑ کر ململ کے باریک چیتھڑے پر لیپ کر کے زخم کی جگہ پر پچھنے لگا کر بطور پھاہا کے لگائیں ۔

برائے خوشبو دہن :-

ہڑ نیتر بالا کوٹھ ہموزن لیکر آٹھ گنے گائے کے پیشاب میں پکائیں پھر جوشاندہ کو چھان کر سحق کریں۔ گاڑھا ہو جانے پر گولیاں بنائیں ایک گولی منہ میں رکھیں بدبوے دہن کو دفع کرتا ہے اور تمام امراض دہن میں نافع ہے ۔

دافع امراض معدہ و جگر

مصفے پارہ ایک تولہ گندھک مدبر ۲ تولہ ان کی کجلی کریں پھر سونٹھ فلفل سیاہ پیپل ہڑ بہیڑہ آملہ ہر ایک ایک تولہ بکری کے دودھ میں کھرل کریں اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں ایک گولی ادرک کے رس سے دیں بڈھوں کے لئے عصائے پیری ہے امراض بلغم و باد کو دور کرتی ہے تقویت جسم و باہ میں مجرب ہیں معدہ اور دیگر اعضا کی کمزوریوں کو دور کر کے قوت بڑھاتی ہیں ۔

نسوار سفید۔ دماغی رطوبت کو خارج کرتی ہے :-

نوشادر ۱ تولہ کافور ۱ ماشہ دونوں کو خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں تھوڑی سی دوا بطور ناس کے دونوں طرف زور سے چڑھائیں۔ درد سر درد دنداں ناک کے بند ہونے وغیرہ امراض میں زود اثر ہے ۔

حبوب محافظ طاعون :-

گل ارمنی ۶ ماشہ جدوار خطائی ۶ ماشہ کافور ۱ ماشہ تخم لیموں ۶ ماشہ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ تمام کو باریک کر کے عرق نیلوفر سے گولیاں بنائیں اور بطور حفظ ماتقدم ہر ایک آدمی ایک گولی یومیہ کھائے مرض طاعون کے حملہ سے محفوظ رہیگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ ۔

نسخہ جات جو میرے مکرم و محترم استاد حکیم نورالدین صاحب جلالپوری کے عطیہ ہیں :-

(۱) دافع عرق النسا، وجع المفاصل، وجع الورک وغیرہ۔ یہ نسخہ مدت سے

حکیم صاحب مرحوم کے خاندان میں رائج ہے اور میرا بھی مجرب ہے ۔

فلفل دراز ۲ درم زرنب جوت ۱۵ درم مالکنگنی ۵ درم پوست درخت تیزبل ۵ درم موصلی سیاہ ۸ درم جمالگوٹہ ۱۰ درم ان کی گولیاں بمقدار دانہ کنار صحرائی کے بنالیں اور ایک گولی مناسب مزاج کے دیں مادہ کو خارج کرتا ہے اور صحت بخشتا ہے نسخہ قابل قدر ہے ۔

برائے اولاد نرینہ ۔ جن کے ہاں صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں وہ اگر :۔

شونگی کے بیج ۱ تولہ سفید گل کنڈیاری کے بیج یا پودا ہی ایک تولہ قند سیاہ ۲ تولہ ملا کر موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں اور حمل کے بعد ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ گائے عورت کو سات ماہ تک کھلائیں تو لڑکا پیدا ہوگا لیکن بیج کنڈیاری ڈالنا زیادہ مجرب ہے ۔

دوا دافع ناسور :۔

سیندھور ایک تولہ آب برگ ارنڈ ۴ تولہ یہاں تک کھرل کریں کہ تمام پانی جذب ہو جائے ۔ اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنالیں ایک بتی ناسور میں رکھ کر اوپر سے باندھ دیں صبح کو بتی نکال دیا کریں ایک ہفتہ میں ناسور بھر جاتا ہے ۔

حبوب دافع درد مفاصل :۔

اذاراقی مدبر ۴ تولہ مرچ سیاہ ۴ تولہ دونوں کو آب جل نیم و آب ادرک ۲۰ تولہ میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک سے ۲ گولی تک عرق گلاب کے ہمراہ کھلائیں اس سے جوڑوں کا درد دور ہو جاتا ہے ابتدائے مرض میں تو یہ گولیاں جادو کا اثر دکھاتی ہیں ۔

حائضہ عورت سے جماع کرنے پر اگر مرد بیمار ہو جائے تو ان تمام حالتوں میں سوائے سوزاک کے یہ نسخہ مفید ہے :۔

یوند چینی کا سفوف ۶ ماشہ صبح کے وقت گائے کے دودھ کی لسی سے پانچ روز استعمال کرائیں مجرب ہے ۔

بال بڑھانے کی ترکیب :۔

گل کنجد و خار خسک دونوں کو حل کر کے بالوں پر ملیں اور دھوئیں چند روز یہ عمل کیا کریں دیگر روغن تر پھلا بالوں کو لگایا کریں بال مضبوط پائدار اور سیاہ رہیں گے نیز لمبے ہو جائیں گے ۔

بال چر کا علاج :-

روغن آملہ ۲ ماشہ بادام روغن ۴ ماشہ قلمی شورہ ۴ ماشہ سرخ چندن کا برادہ ۴ ماشہ ان سب کو باریک کر کے بھیڑ کے دودھ کے ہمراہ بالوں پر لگائیں انشاء اللہ ہفتہ عشرہ میں آرام ہو جائیگا

دوا برائے مار گزیدہ :-

ریٹھہ مع گٹھلی وغیرہ یعنی سالم ایک عدد نوشادر ۱ تولہ گھونگچی سرخ ۱ عدد۔ ریشمی کپڑا خالص پرانا ہو یا نیا لیکن خالص ہو سب چیزوں کو اس کپڑے میں پوٹلی باندھیں اور ایک انگیٹھی میں نیچے اوپر دہکتے ہوئے کوئلوں میں رکھ دیں دھوئیں سے آنکھوں کو بچائیں۔ جب دھواں بند ہو جائے تو سمجھ لیں کہ دوائی تیار ہے پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ضرورت کے وقت مار گزیدہ کو ۶ ماشہ دوائی گھی کے گھونٹ سے کھلائیں۔ اگر مریض بیہوش ہو تو منہ میں ڈال کر پھونک مار دیں مریض کو صحت ہوگی اگر کچھ کسر رہے تو ایک گھنٹہ کے بعد ۶ ماشہ اور دوائی پھر دیں۔ دوا کھلانے کے ایک گھنٹہ بعد تک پانی وغیرہ کچھ نہ پلایا جائے۔ دوا سے پہلے پلا سکتے ہیں۔ مجرب ہے۔

نسخہ برائے سل :-

سیماب مصفیٰ۔ فولاد کشتہ۔ ابرک کشتہ ہر ایک ۱ تولہ۔ کبریت مدبر ۲ تولہ اول سیماب و کبریت کی کجلی کریں پھر دوسری دوائیں ملائیں اور گھیکوار کے پانی میں تین دن کھرل کریں پھر انجیر کے شیرہ میں تین دن کھرل کریں۔ ضرورت پر ۲ رتی شہد میں ملا کر چٹایا کریں۔

ذیابیطس حار صمغ عربی گل ارمنی گل انار پوست سماق ستیا سپاری ہر ایک ۱۰ ماشہ نشاستہ کتیرا تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۲ ماشہ سفوف کر لیں خوراک ۶ ماشہ ہمراہ نقوع ذیل :- انار دانہ ترش۔ کچری لیموں۔ پوست سماق۔ زرشک۔ برادہ صندل سفید۔ کاسنی۔ کشنیز خشک جملہ برابر بقدر تین چار تولہ رات کو تر کریں۔ غذا عدس در سرکہ و نخود۔ دو کباب گوشت بز بریاں۔ قلیا خشک چاول۔

نوٹ۔ باقی مجربات جو اکسیر اجسام و کشتہ جات سے تعلق رکھتے ہیں حصہ دوئم میں ملاحظہ کریں۔

رسالہ حامی الصحت لاہور کے ایڈیٹوریل سٹاف کے مجربات

ڈاکٹر و حکیم مرزا امام الدین صاحب ایل ایم پی۔ ایل ایم ایس سابق میڈیکل آفیسر و معالج خاندان شاہی کابل و پروفیسر طبیہ کلاسنز (پنجاب یونیورسٹی) چیف ایڈیٹر حامی الصحت لاہور

شربت اعجاز معجز نما برائے دق و سل و سرفہ مجرب :-

گل بنفشہ نیلوفر تخم خطمی تخم خبازی گاؤزبان اصل السوس ہر ایک ۷ دام عناب ۲۰ عدد سپستان ۶۰ عدد بہدانہ ۵ درم برگ بانسہ ۲ درم قند سفید ۲ رطل شربت تیار کرلیں اور صمغ عربی ۱ ماشہ و کتیرا ۱ ماشہ شربت پر چھڑک کر پلائیں ۔

دوا برائے ادرار حیض دافع درد رحم و پشت جو حیض آنے سے قبل ظاہر ہوتی ہے۔ تخم کرفس ۱ مثقال بادیان انیسون تخم شبت اوناس ہر ایک ۲ مثقال تخم خیارین ۴ مثقال تخم حلبہ ۷ مثقال نبات سفید ۶۰ مثقال مصری کا قوام بنا کر ادویات ملا کر رکھیں اور سات دن کھلائیں ۔

دوا برائے آتشک مجرب۔ اس دوا کے استعمال سے منہ نہیں آتا اور نہ ہی اسہال آتے ہیں :-

سم الفار ۳ تولہ رسکپور ۱ تولہ نیلا تھوتھا ۴ تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ ۴ تولہ سحق کر کے حبوب بنا کر خشک کریں اور آتشی شیشی گل حکمت شدہ شیشی کے منہ میں روئی رکھیں اور آگ پر رکھیں جب روئی بخارات سے تر ہو جائے تو نکال کر تازہ روئی رکھیں جب روئی تر ہونی بند ہو جائے تو منہ شیشی کا بند کر کے آگ دیں سرد ہونے پر شیشی کے گلے میں جو جوہر لگے ہوں وہ شیشی توڑ کر نکالیں۔ خوراک ۱/۴ رتی بالائی یا مسکہ سے دیں اگر ان جوہروں میں سے ایک ماشہ باریک پیس کر طشت میں ڈالیں اور ہاتھوں کو شہد میں لت کر کے فلفل سیاہ لیکر طشت میں ان جوہروں

میں ملائیں کہ شہد کی تری جذب کرلے وہ جوہر اچھی طرح فلفل سیاہ ۶ ماشہ کے دانوں پر ملک جائیں تو ان کو سایہ میں خشک کرکے رکھیں ان میں سے ایک فلفل سیاہ ہر روز نگلنا نیش النفس کو دُور کرنے میں مجرب ہے ۔

معجون ماسک البول ۔ جس رات میں خواب میں کئی دفعہ پیشاب آتا ہو اس دوا کے استعمال سے بفضل ربی شکایت رفع ہوجاتی ہے :۔

فلفل ۲ درم ۔ زنجبیل ۲ درم ۔ کندر قسط شیریں سعد بلوط وا فلفل ہر ایک ۵ درم کوٹ چھان کر بقدر شہد میں ملا کر رکھیں ۔ خوراک ایک درم تک ۔

حبوب اکسیر ذیابیطس :۔

زنجبیل خشک سمہ الفار سفید زنجبیل فلفل دراز بیش مدبر ہر ایک ایکتولہ اُن کو خوب باریک علیحدہ علیحدہ پیس کر پھر تمام میں آب ادرک تازہ ایکبوتل سالم گھول کر خشک کریں اور خشک ہونے پر گولیاں بقدر مونگ بنا دیں ایک سے ۳ گولی تک صبح و شام زلال پوست درخت فانسیاد سے دیں ۔ بہت مفید ثابت ہے ۔

بعض اوقات یہ گولیاں بھی سالخوردی جاتی ہیں :۔ سوہاگہ بریاں ۱ تولہ تنگرف رُومی ۲ تولہ افیون خام ۱۷ تولہ سب کو کھرل کریں اول تو خود بخود گولی بندھ جائیگی ورنہ تھوڑا پانی ڈالکر حبوب بقدر مونگ بنا لیں خوراک ایک گولی صبح ایک شام زلال پوست درخت فانسیاد سے دیں ۔

دوا برائے دفع جذام نہایت مجرب :۔

رسکپور ۱ ماشہ ۔ سمہ ان ریفید ۔ سیماب ۔ آہن سار نوشادر ہر ایک ۶ ماشہ ہر ایک بول خرسنی علیحدہ علیحدہ پیس کر قرص بنا لیں پھر نیلا تھوتھا بقدر حاجت سائیدہ و خاکستر برگ چھچھرہ نیز بقدر حاجت لیکر رکھیں اور ایک برتن مٹی میں اول خاکستر برگ چھچھرہ بچھا دیں پھر نیلا تھوتھا نوش کریں پھر قرص مندرجہ بالا رکھیں اور پھر نیلا تھوتھا اُوپر بچھا دیں پھر خاکستر برگ چھچھرہ سے سب کو ڈھانپ کر اور برتن کا منہ سرپوش سے بند کریں اور اس کے نیچے چوب کنار سے آگ جلائیں کہ اوپر تنکا جل جائے ۔ اُس وقت آگ بند کر دیں اور سرد ہونے

پر نکالیں اور بعد تصفیہ خون کے اس دوا کو ایک چاول روزانہ مسکہ میں کھلائیں۔ مجرب ہے۔
خاک چھچھرہ ۲ سیر اور نیلا تھوتھا آدھ سیر کافی ہے۔ مجرب ہے۔

دوا برائے اخراج رمل حصاۃ و کلیہ مجرب:۔

کرفس ایک ماشہ منہ میں ڈالکر اوپر سے مطبوخ پر ساؤشاں و حب القرطم و تخم خربزہ و بادیان
ہر ایک ایک تولہ گلقند ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور سرد پانی سے پرہیز رکھیں

دوا برائے ضعف قلب و خفقان و غشی:۔

تین تولہ یشب کو ۱۵ تولہ آب کیلا میں کھرل کر کے خشک کریں اور ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی
میں رکھ کر آٹھ سیر اپلہ کی آگ میں پھونک لیں خوراک ۴ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ مجرب ہے۔

معجون لولوی:۔

مروارید۔ بسد ہر ایک ایک مثقال۔ بہمن سفید۔ انیسون ہر ایک ۳ دام۔ کاکنج۔ بیخ بلاب
ہر ایک درم مفتاح اذخر سعد کوفی سلیخہ دارچینی اسارون مصطگی ہر ایک نیم مثقال۔ کتیرا۔
صمغ عربی ہر ایک نیم درم شہد دو چند خوراک ایک مثقال۔ اس کا مرد و عورت استعمال
کریں تو اولاد نرینہ پیدا ہوتی ہے اور حمل جلدی قرار پاتا ہے۔ مجرب ہے۔

دوا جو خون حیض و نفاس کو بند کرتی ہے:۔

رسوت۔ موچرس۔ سپاری۔ ستیا سپاری۔ دم الاخوین۔ سنگجراحت۔ گوند ڈھاک ہر ایک
مساوی الوزن کوٹ چھانکر ایک درم آب برنج سے کھلائیں۔ مجرب ہے۔

دوا برائے حمی مرکبہ مزمنہ۔ اس سے بہتر دوا مشکل سے ملیگی:۔

ست گلو۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۶ ماشہ۔ نبات سفید ½ ۱ تولہ خوراک ۴ ماشہ
ہمراہ نقوع یا مطبوخ گلو ہمراہ قرص کافور یا قرص طباشیر سادہ کے دیں مجرب ہے۔

برائے ہچکی:۔

مور کے پر ریش پوست ناریل مساوی الوزن سوختہ شہد آمیختہ ۲ رتی چٹائیں۔

برائے شناخت حمل:۔

زراوند مدحرج ۳ ماشہ لیکر کوٹ چھانکر ایک پوٹلی بنا کر عرق گلاب سے تر کر کے فم رحم

ہیں رکھیں اور عورت سو جائے بیدار ہونے پر غور کرے اگر منہ کا ذائقہ شیریں ہو حمل ہے اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی، اگر کڑوا ہو تو لڑکی پیدا ہوگی، اگر ذائقہ میں کوئی تغیر نہ ہو تو حمل ہی نہیں۔ دوا کھانے کے بعد عورت کچھ کھاتے پیتے نہیں تاکہ منہ کے ذائقے کا یقینی طور پر پتہ چل سکے۔ واللہ علم بالصواب ۔

معجون دافع اُم الصبیان۔ جس عورت کے بچے ۲ سال کی عمر سے پیشتر مر جاتے ہوں اور مرض ام الصبیان ہو تو یہ نسخہ بہت ہی مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔ مردار یدا سفتہ۔ بسد محرق۔ صندلین۔ مازو۔ طباشیر۔ روغن۔ عود صلیب ہر ایک ۲۔ مثقال مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ مقشر ہر ایک ۵ مثقال ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک ۲ عدد۔ ابریشم مقرض۔ انجبار۔ گل ارمنی ہر ایک ۳ مثقال عنبر اشہب ۲ دانگ بشربت خوڑ ۵ ۷ مثقال نبات سفید ۵۔ ۱۰ مثقال شہد۔ ۵ مثقال بدستور معجون تیار کریں خوراک ایک مثقال جس وقت حمل ۶ ماہ کا ہو جائے تو اُس وقت سے ۴۰ یوم تک کھلائیں۔

نسخہ ماء اللحم عنبری انگوری وطبیوری سہ آتشہ۔ کشنیز خشک چوب چینی فلفل فلفلہ از زیرہ سیاہ کشمیری قاقلا کبار بادیان دار چینی خرما خشک ہر ایک ۱ تولہ انجبار لائچی موچرس مقشر کشنش تاجیل پیاز سبز ہر یک ۲ تولہ نخود کابلی اسپرگوشت مرغ ۲۰ عدد گوشت دراج ۵۰ عدد گوشت بره پندره سیر گوشت تیہو ۵ عدد روغن زرد ۲ سیر۔

گوشتوں کو روغن زرد میں بھون کر بعد ازاں پانی میں جوش دیکر رات بھر رہنے دیں صبح بالائی چکنائی بالکل علیحدہ کر کے باقی ادویہ کے ساتھ ملا کر حق الیقین کریں۔ قاقلہ صغار شاہ تل بہن مشرح بہمن سفید خرد شیطرج گلسرخ سنبل الطیب گل گاؤزبان ثعلب مصری بوب چینی ہر ایک ۵ تولہ ابریشم خام ۷ تولہ پوست پیروں پستہ کاہو گل بنفشہ ہر ایک ۵ تولہ عناب ۲۰ دانہ کولڈ ڈا ۲۰ تولہ موصلی سفید ۷ تولہ گاؤزبان شاہتراں کھانڈ مج اندرجو شیریں صندل سرخ وسفید ہر یک ۵ تولہ انگور ولائتی۔ انار سیب ولائتی۔ ۵ عدد ناک کشمیری۔ ۵ عدد برگ ریحان تازہ ۲۰ تولہ قشر ترنج تازہ ۵۰ تولہ مشک خالص ۱ تولہ عنبر اشہب ۶ ماشہ زعفران کشمیری ۲ تولہ آب بیدمشک ۲ سیر عرق گلاب ۵ بوتل عرق بہار ۵ بوتل عرق سیب ۲ بوتل

طبِّ مخفی حصّۂ دوئم

المسمی بہ

صنعتِ اکبر

طب مخفی کے حصہ اول کا نام صنعت اصغر تھا جو زیادہ تر مجرب نسخہ جات پر مشتمل ہے حصہ دوئم میں صرف کشتہ جات پر بحث کی گئی ہے اس لئے اس کا نام صنعت اکبر ہوگا اس میں ہر ایک دھات و اپدھات اور تمام قابلِ کشتہ جات اشیاء کے صرف وہ نسخہ جات لکھے گئے ہیں جو دار التجارب کی زیر نگرانی تیار ہو چکے ہیں اور اُن کے نمونہ جات دفتر میں موجود ہیں باہر سے صرف وہی نسخہ جات لئے جائینگے جن کے نسخہ کے ساتھ نمونہ دوا بھی دفتر میں پہنچ جائیگا اور دار التجارب میں نمونہ کا کیمیاوی امتحان کر کے آئے دن کی مصیبتوں اور تکلیفوں سے چھٹکارا مل جائیگا اور ہم ہر ایک نسخہ کو اپنے سامنے تیار کروا دینے کے ذمہ وار ہونگے۔ طب مخفی حصہ اول کے باب دوئم "میری بیاض" میں اسی لئے کشتہ جات کو درج نہیں کیا گیا ورنہ کتاب کا حجم بہت بڑھ جاتا اس لئے اس علم کے لئے ایک جداگانہ حصہ کی ضرورت محسوس کی گئی۔ الحمد للہ کہ یہ حصہ بھی مکمل ہو چکا ہے اور اس کی کتابت شروع ہے۔ حجم دو سو ۲۰۰ صفحات قیمت صرف دو روپیہ (عہ) علاوہ محصول ڈاک۔ پتہ ذیل پر نام درج رجسٹر کرا دیجئے :-

پتہ یہ ہے

مینجر یوسفیہ کتب خانہ بازار بارود خانہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

طبِ مخفی

باب سوئم

خلاصۃ المجربات

یونانی ویدک فارماکوپیا

کوئی اکسیر کا نسخہ بھی تو اکسیر نہیں
جس میں اصلاح عمل کی کوئی تدبیر نہیں

قدیم و جدید طبی کتب کے مطالعہ سے معلوم ہوا ہے کہ بیشتر نسخہ جات صحیح ہیں' حکمائے متقدمین نے نہایت محنت اور عرقریزی بلکہ اپنی قیمتی جانیں ضائع کر کے ہر قسم کی نباتات' جمادات اور لحومات کے فوائد و ضرر معلوم کئے۔ ادویہ و اغذیہ کی قوت' سریع الاثری' اور یبوست و رطوبت کو مدنظر رکھ کر ہر ایک مرض کے لیے نسخہ جات کو مختلف اوزان اور اجزا سے مرتب کیا۔ یہ نسخہ جات دو طرح کے ہیں ایک بالکیفیت اور ایک بالخاصہ اثر کرتے ہیں' ان میں سے اول الذکر اپنی زود اثری و سریع الشفائی کے لئے تیر بہدف سمجھے جاتے ہیں' جو نسخہ جات بالخاصہ اثر کرتے ہیں وہ طبیعت' مزاج' اعراض اور اخلاط و حالات مریض کے مطابق بدرجہ مناسب کی تابع ہیں' کبھی مضر اور کبھی مفید ثابت ہوا کرتے ہیں۔ متقدمین نے اسی لئے ہر مریض کے لئے کئی کئی جدا جدا نسخہ جات وضع کئے ہیں مثلاً بلغمی و حار و سوداوی و دموی مزاج کے لئے علیحدہ علیحدہ اجزا سے کام لیا ہے پھر عمر کے لحاظ سے اُن کے اوزان میں کمی و بیشی رکھی ہے' اس پر بھی اتفاق

ان نسخوں میں مناسب تغیر و تبدل سے کام لیتے رہتے ہیں کسی نسخہ کو بغیر کامل تشخیص مرض کے استعمال کرنا اس کے فوائد کو ظاہر نہیں ہونے دیتا اگر کسی نسخہ کو غلط طور پر انتخاب کر لیا جائے اور مزاج کے مخالف ہو تو بجائے فائدہ کے وہ نقصان بھی دے سکتا ہے۔ لہٰذا ہم اطبائے ہند کی خدمت میں بہ ادب التماس کرتے ہیں کہ وہ ان مجرب و صحیح نسخہ جات کو استعمال کراتے وقت مندرجہ ذیل امور کو ضرور مدنظر رکھا کریں :۔

(۱) موسم کی سردی و گرمی ۔ (۲) مریض کی عمر جوان ہے یا بوڑھا ۔ (۳) مریض کی عام حالت، اس کی کمزوری و قوت ۔ (۴) مریض کا مزاج خصوصی حار طبع ہے یا بلغمی ۔ (۵) مرض یابس ہے یا رطب ۔ (۶) مرض مزمن ہے یا جدید ۔ (۷) مریض عورت ہے یا مرد یا بچہ ۔ (۸) مریض جفاکش و محنتی ہے یا نازک مزاج یا آرام طلب ۔

بیمار کی طبیعت، موسم کی موافقت اور مرض کی حالت کو مدنظر رکھ کر کوئی حکیم ان تصدیق شدہ صحیح مجرب نسخہ جات میں سے کسی مریض کے لئے جو نسخہ بھی انتخاب کریگا وہ ضرور انشاء اللہ تیر بہدف ثابت ہوگا ۔

بر رسولاں بلاغ باشد و بس ۔

(مؤلف)

امراض سر

دردِ سر

اطریفل - درد سر و چشم و گوش جو بخار سے لاحق ہوں اس کے استعمال سے دور ہوتے ہیں۔ دماغ اور معدہ کو اس سے تقویت ملتی ہے۔ جیسے کہ بواسیر کی بیماری میں فائدہ بخش ہے :-

پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ آملہ مقشر کشنیز خشک ہر ایک برابر سب کو باریک کوٹ چھان کر روغن بادام یا روغن گاؤ سے چکنا لیں اور سہ چند شہد خالص کے ہمراہ اطریفل بنائیں خوراک ۲ مثقال سے ۶ مثقال تک ہے (قادری و شریفی)

سفوف جو صداع صفراوی اور خماری میں از بس مفید ہے :-

مغز تخم خیارین مغز تخم کدو شیریں تخم خرفہ مقشر تخم کشنیز سب ہموزن لیکر کوٹیں اور سب کے برابر مصری ملا کر سفوف بنائیں اور ہر روز ایک کف دست تا صحت کھائیں (ذکائی)

صداع عسر العلاج :-

اگر ایک دانہ مسور کے برابر افیون لیکر روغن گل میں حل کر کے پیشانی پر ضماد کریں تو ازالہ صداع عسر العلاج میں اکسیر ہے اسی وقت خواب لاتا ہے (اکسیر الامراض)

روغن دافع خشکی دماغ و نافع درد سر یبسی :-

مغز بادام تین تولہ خشخاش سفید ۲ تولہ مغز کدو سے شیریں و تخم کاہو ہر ایک ایک تولہ بطریق معروف سب کا روغن نکال کر چند قطرے ناک میں ڈالا کریں اور سر پر ملا کریں (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ اگر اس نسخہ کو نصف وزن میں لیکر اس کا شیرہ نکالیں اور مصری سے شیریں کر کے چند روز متواتر استعمال کریں تو متذکرہ تمام شکایتیں جاتی رہیں۔ (مولف)

کحل ہندی جہت ازالہ درد شقیقہ جس کا تجربہ بارہا ہو چکا ہے :-

فلفل گرد پس افگندہ مگس ہر ایک ۶ ماشہ دونوں عورت کے دودھ میں باریک پیس کر ایک مصفے سیپ میں بحفاظت رکھیں تاکہ گرد و غبار سے خراب نہ ہو جائے ضرورت پر قدرے پانی سے تر کر کے آنکھوں میں سلائی سے لگائیں اور قدرے ناک میں ٹپکائیں۔ (بقائی)

روغن خواب آور۔ جوز ماثل۔ خربق سیاہ ہر یک تولہ پوست خشخاش بزر البنج تخم کاہو ہر دو عدد تولہ لیکر جو کوب کریں اور آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب ۲ چھٹانک پانی رہ جائے روغن کو جہان بین اور شیشی میں نگاہ رکھیں ضرورت پر کاہ دیں و کف پا پر ملیں (منہاج الامراض)

حب شبیار۔ یہ گولیاں موسم سرما اور گرما میں برابر استعمال ہو سکتی ہیں درد سر اور کمزوری چشم دور کر کے قوت باصرہ بڑھاتی ہیں حتے کہ درد معدہ میں بھی (جس مفید ثابت ہو چکی ہیں) مصبوط فری سدوم گل بنفشہ پوست بیلہ زرد صعتری کدوی تربد سفید ہر یک یک درم سقمونیا مثلوک یک درم کچلہ نیم درم سبکو کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں خوراک اشقال سے ۲ مثقال تک ہے (اشفائی)

صداع دودی۔ پرانے جوتہ کا تلا لیکر اس کو صاف راکھ ہو جائیگا اس کی ناس لینی نسوار دینے سے کیڑے بھی خارج ہونگے۔ درد سر بھی جاتا رہیگا (تحفۃ الاطباء)

نوٹ۔ مرض ہیضہ اور دماغ کے کیڑوں آتشک کے داغی و ناک کے زخموں سے جراثیم کو ہلاک کرنے میں مجرب ہے اور میرا ذاتی مجرب بھی۔ میری بیاض میں اس کا ذکر موجود ہے (مولف)۔

درد سر شقیقہ:۔ اسطوخودوس ۶ ماشہ سیاہ مرچ ۶ عدد کشنیز خشک ۲ ماشہ ان کو پانی میں پیس چھان کر علی الصباح درد ہونے سے ایک گھنٹہ قبل بغیر مصری ملائے کے ایک ہفتہ تک پئیں لیکن اس کے پینے سے قبل تھوڑی سی مصری کھا لینی چاہئے پھر دوا پینی چاہئے یہ ہر قسم کے درد سر کو مفید ہے۔ (گنجینۂ طبیب)

نوٹ۔ یہ نسخہ کا بستہ تجربات میں بھی ہے اور اکثر کتب میں منقول ہے' مجرب ہے (مولف)

سر کہ سیاہ باریک شدہ تولہ مسکہ گاؤ تولہ چار مغز تربوز سب کو اچھی طرح پیس کر نیلے رنگ کے کپڑے پر لیپ کر کے رات کو بوقت نوم پر جا کر سو رہیں درد سر دور ہو جائیگا (قلمی بیاض)

سر سام۔ (۱) گندھک آملہ سار پارہ سیسہ پھٹکری ہر ایک ایک ماشہ زہرہ ماہی روغن زہرہ مار سیاہ زہرہ بز زہرہ طاؤس ہر ایک ایک سرد اول گندھک و پارہ کی کجلی کریں پھر سیسہ و پھٹکری ملا کر کھرل کریں پھر زہرہ جات ایک ایک کر کے شامل کریں اور برابر یوم تمام کھرل کر کے کسی چاندی کی ڈبیہ میں رکھیں خوراک نصف چاول جوان مریض کے

واسطے ہے ورنہ بقدر دانہ خشخاش ہمراہ شیر و مغز کدو دیں اور پیسانی پر لیپ لگا کر تھوڑی سی دوا مل دیں ۔

نوٹ ۔ یہ نسخہ حکیم نورالدین صاحب قادیانی کا مجرب ہے اور ہمارے اُستاد علامہ حکیم نورالدین صاحب جلالپوری کا بھی مجرب ہے ۔ اُن کے پاس ہر وقت مطب میں تیار رہتا تھا (مولف)

(۲) تانبہ محرقہ مصفےٰ ۱۴ دم گندھک مڑتال منسل ہر ایک ۸ دم بھلاوہ چار عدد لوہے کی پتیاں ۱۴ دم اول تانبہ سانبھر پانی کے ساتھ گھس کر تانبہ کے پتروں پر لیپ کریں اور آگ میں ۷ دفعہ سُرخ کریں بعد ازاں گندھک منسل اور ہڑتال تھوہر خاردار کے دُودھ میں حل کر کے اس تانبہ کی پتیوں پر لیپ کرے اور مٹی کے بڑے برتن میں ان پتیوں کو لوہے کی پتیوں کی ساتھ تہ بہ تہ رکھ کر اُوپر بھلاوے ڈال دیں اور اُوپر پیالہ اوندھا رکھ کر پھر ڈھکنا دیکر خوب گل حکمت کر دیں مثل جل سندہ کے اور ایک پہر تک دو کنڈیوں کی آگ جلاتے رہیں پھر ٹھنڈا ہونے پر ادویات نکال کر خوب باریک پیس کر بحفاظت رکھیں بقدر ایک رتی پان کے ساتھ نہار کھلانا سرسام و کھانسی و بخار کو مفید ہے ۔ (بحرالفواید)

نسیان ۔ (۱) بیج کاسنی تین ماشہ ہر روز شیر گاے تازہ کے ہمراہ ۲۱ دن تک کھلانا نسیان کو دُور کرتا اور حافظہ کو بڑھاتا ہے ۔ مجرب ہے ۔

(۲) کندر ۷ درم مصطگی رُومی دارچینی ہر ایک ۲ درم ۱۰ زعفل گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک ایک درم حب کا کچ ۱۱ عدد ان سب کو سفوف کر کے جو وزن مقدار مفید ۱۰ ماشہ ہے صبح آب تازہ سے کھایا کریں ۔ (صدری تجربات)

نوٹ ۔ اس نسخہ میں ۱۲ درم بیج بھی شامل کریں اور ہمراہ شیر گاؤ دوا کھلایا کریں (مولف)

برائے نسیان ۔ روغن بکائنی ایک دو قطرہ برگ پان پر ملیں اور ایک رتی سیماب برگ مذکور پر ڈال کر لپیٹ دیں تاکہ سیماب مضمحل ہو جائے پس برگ پان کو بطریق متعارف میڑا بنا کر چند دن تک کھائیں ۔ (قادری) نوٹ ۔ سیماب مصفےٰ مدبر ہو ۔ (مولف)

جہت تقویت حافظہ و اعضاے رئیسہ و باہ :-

مالکنگنی مقشر ۳ تولہ دار فلفل زنجبیل ہر واحد ۲ تولہ ۶ ماشہ خرفہ تولہ سب کو باریک کوٹ کر روغن گاؤ سے چرب کریں اور دو چند شہد میں اچھی طرح ملائیں خوراک ہر شب بوقت خواب سہ درم (زمرد)

معجون براے نسیان و تقویت دماغ و قلب

دارچینی بہمن سفید سنبل طیب حب بلسان عود صلیب مصطگی رومی زعفران کشمیری کندر بیخ سوسن درونج عقربی سعد کوفی بہمن سرخ وج اسطوخودوس کباب چینی اسارون ہر ایک ۲ ماشہ پوست ہلیلہ کابلی مغز نارجیل تازہ ہر ایک ۴ ماشہ ابریشم مقرض ایک تولہ ۸ ماشہ مویز منقی ۱۵ دانہ مغز فندق ۳ ماشہ دار فلفل زنجبیل فلفل سفید ماشہ ماشہ مصری ۴ دام عسل خالص نیم پاؤ سب کو باریک کوٹ چھان کر بطریق معروف معجون بنائیں خوراک بوقت خواب ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔ (شریفی)

خمیرہ گاؤزبان عنبری جہت تقویت دماغ و تفریح قلب بینظیر ہے

بارہا کا مجربہ اور ہزارہا کا تصدیق شدہ۔ گاؤزبان سہ دام گل گاؤزبان کشنیز خشک ابریشم مقرض بہمن سفید تخم بالنگو صندل سفید تخم فرنجمشک تولہ تولہ عنبر اشہب نیم درم سب کو سواے عنبر کے دو سیر پانی میں بھگو رکھیں اور صبح جوش دیں جب تیسرا حصہ پانی کا رہ جائے ملکر صاف کرلیں اور مصری ایک سیر عسل مصفے پاؤ سیر کا قوام بنائیں جب قوام تیار ہو جائے عنبر داخل کریں اور ورق طلاء نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ ملائیں اور اچھی طرح آمیز کریں جسقدر عنبر اور سونے چاندی کے ورق اچھی طرح آمیز کرینگے اسی قدر زیادہ فایدہ اٹھائینگے خوراک ایک درم سے تین درم تک ہے اور اگر اس میں مروارید یاقوت زہر مہرہ یشب ہر ایک ایک مثقال عرق گلاب میں حل کرکے ملائینگے تریاق سے مفید تر پائینگے۔ (از مجربات حکیم اکمل خاں صاحب)

امراضِ نزلہ زکام وحلق وغیرہ

حب روشن آواز۔ برہمی ۱؎ بنجان ۱ تولہ ۱۲ ماشہ ۱ تولہ دیسی۔ الائچی خورد ست مغزی پیپل ۱ تولہ ۱۲ ماشہ لیکر عرق پان یا ادرک میں کھرل کر کے چنگی بیر کے برابر گولیاں بناویں ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں آواز صاف ہو جاتی ہے (صدری مجربات)

نوٹ۔ ہر ایک چیز ایکتولہ ہو تو برہمی ۱۰ تولہ ملائیں بلغمی مزاج ادرک کے پانی میں اور دیگر مزاجوں والے عرق پان میں کھرل کریں اچھا نسخہ ہے (مؤلف)

تریاق النزلہ۔ سوداو نزلہ گرنے نہیں دیتا اور کھانسی کے لئے از بس مفید ہے۔ اسطوخودوس ۵ درم گل کاؤزبان تخم مورد کشنیز خشک ہر ایک ۵ درم تخم کاہو ۳۰ درم بزرالبنج کوکنار ہر ایک ۳۰ درم تخم خشخاش سفید ۴۰ درم سبکو رات بھر چار چند پانی میں بھگو رکھیں صبح جوش دیں اور مل چھان کر قند سفید تین سو درم ملا کر قوام تیار کریں اور گل سرخ کشنیز خشک رب السوس نشاستہ صمغ عربی کتیرا ہر مصفے ہر ایک ۵ درم کوٹ چھان کر ملائیں اور لعوق تیار کریں خوراک ایک مثقال معمول ہے اور اس سے زیادہ بلحاظ طاقت مریض بررائے طبیب۔ (حکیم مومن خاں)

حب شنگرف جہت نزلہ بارد:۔

زعفران عقرقرحا دارچینی قرنفل شنگرف رومی بزرالبنج جوزبوا ہر ایک ۲ ماشہ افیون ۱ تولہ ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر لعاب ٹھیکوار کی مدد سے بقدر سونگ گولیاں بنائیں اور ۲ گولیوں تک کھائیں۔ (مفتاح)

حب سیماب در نزلہ کہنہ بارد نفع بلیغ می بخشد حتے کہ استیصال آں می کند

سیماب مصفے کبریت مصفے ہر ایک ۲ درم دونوں کو ملا کر اچھی طرح کھرل کریں جب کجلی تیار ہو جائے قرنفل کلاہ دار ۴ درم تخم جوز ماثل ۱ درم نبات ۹ درم ملا کر دوبارہ ایک پہر کامل کھرل کریں اور بقدر مخروطی گولیاں بنائیں اور مریض کو ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھلائیں۔ (اقتباس العلاج)

طلا مانع نزلہ :- مرکی ایلوہ گوند ببول نشاستہ کتیرا سپاری چھالیہ ہر ایک ۳ ماشہ افیون بزر البنج ہر ایک ایک ونیم ماشہ کوٹ چھان کر کاغذ کے دو ٹکڑوں پر جن میں سوئی سے چھید کر لئے ہوں لیپ کر کے کنپٹی پر لگائیں۔ (علاج الغربا)

حریرہ دافع نزلہ۔ یہ حریرہ حلق کے بیٹھ جانے اور اس نزلہ میں مفید ہے جو حلق میں گرتا ہوا کثریہ شرکت دماغ سے ہوتا ہے :-

مغز بادام خشخاش چاول سفید ہر ایک ایکتولہ مغز کدو ۹ ماشہ رات کو الگ الگ بھگو کر رکھیں صبح تمام کو گھوٹ کر بادام روغن ایکتولہ کا داغ دیکر ۳ تولہ مصری میں قوام کریں اور اس وقت آرد نخود بریاں ۶ ماشہ نشاستہ ۴ ماشہ اضافہ کریں یہ ایک غوراک ہے چند ہی دن میں تقویت دماغ ہو کر حلق میں نزلہ گرنا بند ہو جاتا ہے۔

ورم خناق۔ محلل قوی ہے :- مینڈک کا شکم چاک کر کے ورم پر بیگرم باندھیں (تذکرۃ الاطباء)

نوٹ۔ مینڈک نہ ملنے کی صورت میں ٹیر و کبوتر سے بھی کام لیا جا سکتا ہے اگرچہ مینڈک قوی الاثر ہے۔ (مؤلف)

نزلہ مزمن جو ضعف دماغ سے ہو :-

جدوار ۶ ماشہ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ تخم دھتورہ ۶ ماشہ زعفران ۳ ماشہ عنبر ۱ ماشہ یا کم حسب استطاعت و ضرورت افیون ۱ ماشہ جوب بنالیں اور نصف سے ۱ رتی روزانہ دیا کریں (بیاض خاص)

دافع کھانسی و بلغم۔ یہ نسخہ کف کو خشک کرتا ہے :-

بیخ ستیاناسی جب پر ابھی پھول نہ آیا ہو سایہ میں خشک کر کے سفوف کر کے اس کے ہموزن فلفل دراز ملا کر کوٹ چھان کر برتی لسن میں ایک روز خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنا کر ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں اور ایک گولی گرم پانی سے نگلیں صبح و شام مجرب ہے۔ (گنجینہ طبیب)

گلے کے اندر گلٹیاں پھول جانا۔ گلے کے اندر گلٹیاں پھول گئی ہوں اور

غدودیں متورم ہو جائیں اُس صورت میں آواز خراب اور کھانے پینے میں دقت ہوتی اور اکثر کھانسی بھی ساتھ ہوتی ہے۔

ٹنکچر سٹیل میں رُوئی تر کر کے گلسرین میں دوبارہ تر کریں اور حلق کے اندر لگائیں صبح و شام لیکن رُوئی کو اوّل سلائی پر لگا کر پھر ادویات میں تر کیا کریں تاکہ لگانے میں آسانی ہو۔ مجرب ہے۔

حب سرفہ نزلی جو بلغمی کھانسی میں نہایت مفید ہیں:۔

رب السوس صمغ عربی کتیرا شکر تیغال مغز بادام تخم خشخاش سفید ہر ایک ۶ ماشہ افیون زعفران ہر ایک ۲ ماشہ سب کو پیس کر لعاب بہدانہ میں ملا کر مونگ کے برابر گولیاں بنائیں اور بوقت ضرورت ۲ گولی منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔ (مخزن حکمت)

امراضِ حلق۔ نزلہ کھانسی وغیرہ

دوا جو پُرانی کھانسی و کالی کھانسی میں مفید ہے:۔

مغز گھیکوار ایک سیر کو نچوڑ کر لعاب نکالیں اور کپڑے میں چھان کر قلعی دار دیگچہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب نصف رہ جائے تو نمک لاہوری ۳ تولہ داخل کر کے چمچہ وغیرہ سے ہلاتے رہیں جب تمام پانی خشک ہو کر مثل سفوف کے ہو جاوے تو شیشی میں بحفاظت رکھیں اور ۲ رتی سے ۴ رتی تک کھلائیں۔ (مخزن حکمت)

حب بان۔ آواز کھولتی اور صاف کرتی ہے کثرت جمائی کو روکتی ہے فرحت دیتی اور دہن کو معطر رکھتی نیز گندہ دہنی کو دُور کرتی ہے:۔

دارچینی خولنجان جوزبوا بسباسہ گل قرنفل ہر ایک تین ماشہ زعفران مشک ہر ایک ۱ ماشہ رب السوس ۷ ماشہ مغز چلغوزہ ۷ ماشہ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر عرق برگ پان ۱۵ تولہ کے ہمراہ کھرل کریں جب سب عرق جذب ہو جائے تو گولیاں کالی مرچ کے برابر بنائیں پان کے ساتھ یا بغیر پان دو تین گولیاں منہ میں ڈالیں اور آہستہ آہستہ لعاب حلق میں اُتاریں۔ (رموز الاطباء)

صرع یعنی مرگی

علاج صرع :- تخ شغال میں چند عدد فلفل سیاہ بھر کر باورچی خانے میں کسی ڈورے سے باندھ کر معلق لٹکائیں جب خشک ہو جائے فلفل سیاہ بحفاظت رکھیں ضرورت پر صاحب صرع کی ناک میں نوبت کے وقت دو تین فلفل سیاہ قدرے پانی میں حل کر کے ٹپکائیں انشاءاللہ دو تین بار دورہ کے وقت استعمال کرنے سے صحت کلی حاصل ہو جائیگی۔ (تکملہ ہندی)

نسخہ دافع صرع :- استخوان سر انسان سوختہ پیس کر دو ماہ سے تین ماہ تک مریض صرع کو کھلائیں اور قدرے بطور ناس استعمال کرائیں انشاءاللہ عمر بھر کے لئے اس موذی مرض سے نجات ہو جائیگی۔ (خلاصہ)

اکسیر صرع :- گدھے کا سُم لیکر اُس کے چند عدد چھلے یا انگوٹھیاں بنوا رکھیں اور ضرورت پر صاحب صرع کی انگلی میں پہنائیں جب تک انگوٹھی ہاتھ میں رہیگی صرع کا دورہ ہرگز نہ ہوگا۔ (رموز الاطبا)

صرع یعنی مرگی - جند بیدستر کنگھورا زرد رنگ سایہ میں خشک شدہ عقرب سیاہ سوختہ سب ہموزن کوٹ کر نسوار تیار کریں صرع کو دورہ کے وقت ایک دفعہ اسکی نسوار دیں اگر پھر دوبارہ نسوار دیں دوبارہ دورہ نہیں ہوگا۔ یہ معجون بھی بعد میں استعمال کرائیں :-

معجون دافع صرع - اسطوخودوس ۲۰ تولہ شہد خالص ایک سیر پختہ بطریق معروف معجون تیار کریں جوان آدمی کی خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام ہے بچوں کو کم مقدار میں دیں۔ (صدری تجربات)

نوٹ - یہ نسخہ ابتدائے مرض میں واقعی مفید ہے۔ (مؤلف)

اکسیر دافع صرع - استخوان سر انسان ۳ ماشہ طحلب درخت مدار ۳ ماشہ کرم مغز شتر ۳ عدد کیڑا گوش سنگ ۳ ماشہ سب کو خشک کر کے نسوار بنائیں اور نوبت کے وقت

بذریعہ نلکی ناک میں پھونکنے سے اُمید ہے کہ دوبارہ شکایت نہ ہوگی اگر دوبارہ نوبت ہو تو پھر یہی عمل کریں۔ (طریق الحکمت)

جوگراج گوگل جہت فالج و رعشہ و دیگر امراض باردہ وغیرہ :۔

سونٹھ پیپلا مول چتیہ چب سونپل ہینگ روغن گاؤ میں بریاں کردہ اجمود سرشف زرد زیرہ سیاہ زیرہ سفید لنڈر جوتخم بابرنگ سنگ پیپل کنگی پتیس ہر ایک سیاہ ہی الوزن تر پھلہ دو چند اور سب مجموعہ کے برابر گوگل بھینسا سب کو کوٹ چھان کر گوگل کے ہمراہ ملائیں اور اس قدر آہنی دستہ سے کوٹیں کہ سب چیزیں یکجان ہو جائیں خوراک نیم گرم پانی کے ہمراہ وقت خواب ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک بلحاظ طاقت و موسم کھائیں۔ (حکیم شریف خاں)

حب جہت فالج و لقوہ تخم دھتورہ سیاہ سیماب ہر ایک ایکتولہ دونوں کو ورق ادرک کے ہمراہ سحق بلیغ کر کے بمقدار دانہ ماش گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح و شام مناسب بدرقہ کے ہمراہ کھائیں۔ (حکیم شریف خاں)

حب بیش جہت فالج و لقوہ و جملہ امراض ریاحی را سود مند :۔

بیش یعنے بچھناگ مدبر ادرم فلفل سیاہ زنجبیل بسباسہ جوزبوا قاقلہ ہر واحد ادرم کوٹ چھان کر ہمراہ عرق لیموں اچھی طرح کھرل کریں اور بقدر فلفل سیاہ گولیاں بنائیں خوراک دو تین گولیوں تک مناسب بدرقہ کے ساتھ کھائیں اور ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ (ذکائی)

حب جہت فالج۔ سم الفار سفید طباشیر سفید ہر واحد ۲ ماشہ کتھ سفید ۴ ماشہ سبکو آب ادرک کے ہمراہ ہفتہ بھر کھرل کریں اور بقدر ایک رتی گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو ہفتہ بھر کھلائیں اور آٹھویں دن شربت قندی پلائیں۔ ان گولیوں کے استعمال سے قے اور اسہال بخوبی ہونگے گھبرائیں نہیں۔ غذا مرغن بے نمک۔ (علاج الامراض)

حب سیاہ جہت لقوہ فالج ہیضہ قولنج وجع در پہلو وغیرہ۔ امراض

باردہ میں اکسیر ثابت ہو چکی ہیں :-

چونصدف مروارید ی گندھک آنولہ سار مدبر شیر گاؤ نر کچور سہاگہ فلفل دراز۔ سیماب زنجبیل ہر واحد تولہ پہلے گندھک اور سیماب کو اچھی طرح کھرل کر کے کجلی بنائیں زاں بعد باقی ادویہ کوٹ چھان کر ملائیں اور عرق ادرک ۲ چھٹانک بلکہ ۳ چھٹانک کے ہمراہ کھرل کر کے بقدر فلفل سیاہ گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں۔ بچے کو ایک گولی اور جوان کو ۳ گولیوں تک ہمراہ برگ نازبو کھلائیں اگر کسی وقت نازبو کے پتے میسر نہ ہوں تو برگ پان کے ہمراہ بدوں مصالحہ کھلائیں (حکیم کلو صاحب)

روغن دھتورہ جہت فالج ولقوہ ورعشہ

سیماب دھتورہ سیاہ بچھناگ سیاہ ایک ایک درم روغن کنجد ۱۰ درم۔ اول کسی کڑاہی آہنی میں روغن کنجد کو جلائیں جب خوب سرخ ہو جائے تب کڑاہی کو نیچے اتار کر ادویہ کوفتہ مع سیماب ڈالیں اور دستہ آہنی سے اچھی طرح حل کرنے کے بعد بطور مالش استعمال کریں۔ (رموز اعظم)

روغن جہت فالج۔ زرنیخ زرد منچل ہر ایک ایک دام سم الفار سفید ایک دام کا چوتھا حصہ کبریت نیم دام مٹھا تیلیہ ۲ دام لیکر عرق برگ چنبیلی کے ہمراہ سحق بلیغ کر کے قرص بنائیں اور روغن کنجد پاؤ تار کے ہمراہ کسی کڑاہی آہنی میں جوش دیں آگ ہلکی ہو جب نصف روغن رہ جائے کڑاہی آگ سے اٹھالیں اور سرد ہونے پر روغن چھان کر شیشی میں نگاہ رکھیں اور استعمال کریں اور اگر سستی قضیب کے رفع کرنے کے لئے استعمال کریں تو بعد مالش کے برگ توز یعنی بھوج پتر باندھیں۔ یہ روغن کم خرچ اور بالانشین اپنے اوصاف میں بے نظیر ہے۔ اس کی خوبیاں بعد استعمال کے ظاہر ہو سکتی ہیں۔ (نکائی)

فالج ورعشہ :- سیماب مصفے گندھک آملہ سار ہر ایک ایک تولہ دونوں کی کجلی بنالیں ہڑتال طبقی جدوار خطائی ہر ایک ایک تولہ بیش سیاہ مدبر ۲ تولہ عرق بھنگرہ ۳

میں سب کو پیس کر بقدر دانہ مونگ گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک حب سے تین حب جوشاندہ زنجبیل ۴ ماشہ (۱۰ تولہ پانی میں) کے ہمراہ کھلائیں یہ دوا بعد تنقیہ بدن دینی چاہئے۔ (کنتوری)

نوٹ۔ لقوہ میں بھی مفید ہے یہ نسخہ قابل قدر ہے اگر زبان پر خدر و فالج ہو جائے تو ستیاناسی کلاں کا زرد پانی زبان پر مالش کریں مواد نکل کر صحت ہوتی ہے۔ (مؤلف)

روغن سپند۔ کھانے اور لگانے میں مفید چیز ہے:۔

ایک گھڑے میں سپند ڈالیں۔ نیچے سے سوراخ کر کے اس کے اندر بانس کی تیلیاں لگائیں اور اوپر سے نصف گھڑے کو آگ دیں۔ نیچے تیل آئیگا۔ گھڑے کے نیچے برتن ضرور رکھیں۔ (بیاض خاص)

نوٹ۔ گھڑے میں دو تین سیر اسپند ڈالیں اور نصف گھڑے تک پندرہ بیس سیر اپلے لگا دیں جب تیل شروع ہو جائے تو آگ کو دبا کر دھیما کر دیں۔ خوراک اس کی چار بوند سے ۵ بوند تک ہوگی اور مالش حسب ضرورت۔ (مؤلف)

روغن اکسیر دافع امراض فالج استرخا

آب برگ دھتورہ آب برگ مکوہ آب برگ آک آب برگ ہرنولی آب برگ سرس آب برگ کٹائی خورد شیر آک روغن ارنڈ ہر ایک ایک سیر روغن سرسوں ۱ سیر روغن کنجد ۱ سیر تمام کو ملا کر آگ پر پکائیں جب صرف تیل باقی رہ جائے تو قسط۔ جائفل کائپھل زنجبیل ہر ایک ۴ تولہ باریک غبار کی طرح سے کر کے ملا لیں اور اس تیل کی مالش عضو ماؤف پر کیا کریں۔ مجرب ہے (بیاض خاص)

شنگرف دافع فالج:۔

شنگرف رومی ایک تولہ لہسن نصف سیر اول لہسن کو ڈنڈے کونڈے میں گھوٹ کر گلا بنا کر اس کے درمیان شنگرف کی ڈلی رکھ کر کسی مٹی کے برتن یا تانبے کے برتن پر رکھیں اور نیچے دھیمی دھیمی آنچ کریں جب لہسن نیچے سے جل جائے اور صرف اوپر کا حصہ سبز

رہے تو نیچے اُتار کر سرد کر کے شنگرف کی ڈلی نکالیں وہ کشتہ ہو گی خوراک ایک خشخاش سرد مزاج کو بتاشہ میں گرم مزاج کو مکھن میں دافع فالج تشنج وجع المفاصل۔ سُن وغیرہ ہے۔ (گنجینہ طبیب)

اس طرح سے شنگرف کشتہ نہیں ہوتی البتہ مدبر ضرور ہوتی ہے۔ خوراک ایک خشخاش سے بڑھا کر ایک چاول تک دینی چاہیئے۔ (مولف)

حبوب رعشہ۔ اسطوخودوس قرنفل ہر ایک ۱۰ ماشہ دارچینی ہلیلہ کابلی پودینہ ہر ایک ۷ ماشہ تربد سفید غاریقون حلتیت جند بیدستر ہر ایک ۴ ماشہ عقرقرحا زعفران ہر ایک تین ماشہ سم الفار ۲ رتی سب ادویہ کو باریک پیس کر باہم خوب ملائیں اور قدرے شہد ملا کر فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں اور بوقت ضرورت ایک سے دو گولی صبح و شام بعد از غذا دیں۔ (مخزن حکمت)

نوٹ۔ اول سم الفار و زعفران کو تنہا ۱۰ عدد لیموں کاغذی کے پانی میں کھرل کر کے خشک کر لیں پھر باقی ادویات کوٹ چھان کر ملائیں اور شہد سے حبوب تیار کریں۔ اور سم الفار بجائے ۲ رتی کے ۲ ماشہ تمام نسخہ میں ہونا چاہیئے۔ (مؤلف)

مالیخولیا

شربت دافع مالیخولیا و خفقان و موافق مزاج مراقی۔ نیز مشتہی و مقوی ہے اور جملہ امراض حارہ کو مفید ہے:۔

گل گڑھل سرخ رنگ شگفتہ ۱۰۰ عدد آب بارانی ۲ سیر گلاب قسم اول پاؤ بھر عرق بید مشک نصف سیر عرق لیموں ڈیڑھ پاؤ گل سیوتی گل چکوترہ گل نارنگی ہر ایک ۵ تولہ اول سب پھولوں کو عرق لیموں میں دو تین گھنٹہ خوب ملیں پھر عرق گلاب و عرق بید مشک و آب باراں و مصری سوا سیر کا قوام بنا کر اول پھولوں کو کسی بڑے شیشے میں ڈال دیں اور بند کر دیں اور پانی میں رکھ دیں تیسرے چوتھے روز ادویات کو جوش آئیگا پھر اسکو چھان کر بوتلوں میں رکھ لیں خوراک ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام ہمراہ بدرقہ گاؤزبان ۱ تولہ (گنجینہ طبیب)

نوٹ۔ آب باراں نہ ملے تو آب دریا سے کام لیں بدرجہ مجبوری کنویں کا پانی استعمال کریں (مولف)

امراضِ چشم

ذرور چشخام یعنے چاکسو جہت جمیع اقسام رمد :-

چاکسو جس قدر چاہیں لیکر پارچہ ململ میں پوٹلی باندھیں اور ہمراہ گندم پختہ کرنے کے بعد مقشر کرلیں زاں بعد چاکسو موصوف ایک حصہ مصری کالپی انزروت مدبر بشیر خر ہر واحد برابر برابر وزن لیکر مثل غبار پیس لیں رمد چشم کے لئے بعد چند دن گزرنے کے استعمال کریں مجرب ہے۔ (عجالہ نافع)

شیاف حنا جہت رفع سُرخی چشم :-

آب حنا نیم پاء شب یمانی ۹ ماشہ افیون ۳ ماشہ تینوں کو ایک ساتھ کڑاہی آہنی مصفے میں آگ پر پکائیں اور درخت نیم کی لکڑی سے حل کرتے جائیں جب قوام غلیظ ہو جائے کڑاہی آگ سے نیچے اُتار کر شیاف بنائیں اور ضرورت پر قدرے پانی میں حل کرکے آنکھوں میں لگائیں۔ (قرابادین علوی خاں)

ضماد جہت سُرخی چشم و اشک رواں :-

ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد رسوت مصفے صمغ عربی ہر ایک ۳ ماشہ کوکنار افیون ہر ایک ۲ ماشہ سب کو معمولی پانی میں اچھی طرح حل کرکے بدستور معمول آنکھوں کے گرداگرد ضماد کریں۔ (حکیم شریف خاں)

آشوب چشم۔ رمد چشم

نزلہ بارد میں برگ چرچٹہ پیس کر قرص بنا کر شب کو دونوں آنکھوں پر باندھیں اگر نزلہ حار ہو تو اسپغول مسلّم کو بھگو کر اس کی قرص آنکھوں پر باندھیں۔

نوٹ۔ نزلہ حار میں علامات صفرا زردی چہرہ و سُرخی چشم میں شدت کی درد ہوتی ہے پیشاب کی رنگت زرد ہوتی ہے۔ بارد کی علامات ظاہر میں اس کے مخالف۔ دونوں نسخہ جات ہمارے مجرب ہیں برگ چرچٹہ نہ ملے تو ککروندہ ککڑ چھڈی اُس کا قائم مقام ہے (مولف)

(۲) رسوت ۷ ماشہ افیون ۳ ماشہ شب یمانی بریاں ۱۲ ماشہ زرد چوب ۳ ماشہ برگ

درخت نیم ۵ عدد سبکو کوٹ کر مغز گھیکوار ۱ تولہ کے ہمراہ آہنی کڑاہی میں آہنی دستے کے ساتھ عرق لیموں کاغذی ۱ عدد ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائیں تب حبوب نخودی بنائیں اور وقت پر گلاب میں ایک گولی حل کر کے آنکھوں پر طلا کریں اور قدرے سلائی سے آنکھ کے اندر بھی لگائیں۔ مجرب ہے (عملیات نظیر)

دافع امراض چشم، آشوب چشم و رطوبات زاید چشم کا حکمی علاج :-

(۱) جست ۲۰ ماشہ سرمہ سیاہ ۲۰ ماشہ زنگار ۳ ماشہ سفیدہ کاشغری ۴ ماشہ افیون ۳ ماشہ سمندر جھاگ ۴ ماشہ سب کو اچھی طرح سے کھرل کر کے سرمہ بنائیں۔

(۲) جست ۱۰ ماشہ سرمہ سیاہ ۱۰ ماشہ سفیدہ کاشغری ۲ ماشہ سمندر جھاگ ۲ ماشہ زنگار ½ ۱ ماشہ اچھی طرح سے کھرل کر کے سرمہ بنائیں۔ (بیاض خاص)

نوٹ۔ یہ دونوں نسخے حکیم نورالدین صاحب قادیانی کے ہیں آپ ان کو روزانہ طلب میں مریض کی آنکھوں میں لگاتے تھے نمبر ۱ تیز ہے اور نمبر ۲ اس سے ہلکا ہے جست کشتہ شدہ ڈالنا چاہئے سرس کے پانی میں کشتہ شدہ جست کو فضیلت ہے۔ ترکیب اسکی میری بیاض میں درج ہے۔ (مؤلف)

نسخہ دافع سرخی چشم جو دیگر امراض چشم میں بھی از بس مفید ہے :-

پھٹکڑی سفید تین ماشہ زیرہ سفید برگ حنا صاف خشک ہر ایک ۲ تولہ ان دونوں کو آدھ پاؤ پانی میں شب بھر تر رکھیں صبح ان کا آب زلال لیکر اس میں پھٹکڑی کو کھرل کریں یہاں تک کہ سب پانی جذب ہو جائے پھر سفوف بنا کر شیشی میں رکھ لیں اور سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ مجرب ہے۔ (گنجینۂ طبیب)

نوٹ۔ یہ نسخہ ہمارا معمول و مجرب ہے ہم ایک پاؤ پانی میں بھگوتے ہیں پھر چھان کر خوب کھرل کرتے ہیں۔ رنگ دوا کا خوشنما زرد ہوتا ہے۔ پرانی سرخی چشم کو حکمی دور کرتی ہے تاثیر سرد ہے اسی سلسلہ میں ایک اور نسخہ بھی مفید ہے :- جست عمدہ ۲ تولہ پارہ ایک تولہ جست کو پگھلا کر پارہ ملا لیں اور پھر دونوں کو برگ مہندی خشک کے نیم سادہ مصفیٰ

میں خوب کھرل کر کے چند روز میں تیار کریں یہ کھرل دس پندرہ روز ہو تو بہتر ہے۔ اس سرمہ سے بھی آشوب چشم و سرخی چشم دُور ہو جاتی ہے۔ (مؤلف)

آشوب چشم کے وہ انگریزی نسخہ جات جو اسپتالوں یا انگریزی دواخانوں میں مستعمل ہیں

یہ نسخہ جات بھی مفید ہیں اطباء کو تیار کر کے اپنے پاس رکھنے چاہئیں

زنک لوشن۔ برائے سرخی چشم جو آشوب چشم و درد چشم میں بھی بہت مفید ہے سوزاک اور رطوبات رحم میں اس کی پچکاری یا اس سے دھونے سے بھی فائدہ ہوتا ہے ابتدائے آشوب چشم میں مجرب ہے :۔

سلفیٹ آف زنک ۹۶ گرین پانی شیریں ایک بوتل دونوں کو خوب ملالیں کپڑے کی پوٹلی کو اس پانی میں تر کر کے اس سے آنکھوں کو چند بار دھوئیں۔ ڈراپر (اکہ تقطیر آب دچشم) کے ذریعہ سے چند بوندیں دن میں دو تین بار آنکھ میں ٹپکایا کریں۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ سلفیٹ آف زنک جست کے جوہر کو کہتے ہیں۔ (مولف)

ایلم لوشن۔ یہ پھٹکڑی کا عرق ہے پھٹکڑی ۲ گرین پانی ایک اونس بتدریج ملالیں یہ عرق آنکھ دھونے کے واسطے بہت مفید ہے اس سے رطوبت کا نکلنا کم ہو جاتا ہے۔ (اکسیر الامراض)

کاسٹک لوشن۔ یہ نائٹریٹ آف سلور سے بنایا جاتا ہے نائٹریٹ آف سلور ۲ گرین پانی مقطر ایک اونس میں ملالیں جب آشوب چشم بہت پرانی ہو جائیں اور اس کے ساتھ کچھ کلکوں کی بھی شکایت ہو تو اس وقت اس میں سے چند بوندیں آنکھ میں ٹپکایا کریں۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ نائٹریٹ آف سلور۔ چاندی کا عرقی محلول ہے۔ اس کی قلمیں بھی ہوتی ہیں

بورک لوشن۔ ایسڈ بورک ۱ گرین نصف اونس مقطر پانی ایک اونس۔ دونوں کو ملا کر

آشوب چشم میں مفید ہے یہ دوا لگتی نہیں اور ہر عمر کے آدمی کو مفید ہے (مخزن حکمت)

مرکری لوشن۔ ہائیڈرارجیرائی پرکلورائیڈ ۱/۱۰ گرین مصفا و مقطر پانی ایک اونس دونوں کو ملائیں اور چند قطرے صبح و شام آنکھ میں ٹپکائیں آنکھ کی زیادہ سرخی و زیادہ مواد آنے میں مفید پڑتی ہے۔ (مخزن حکمت)

سوزش چشم

پھٹکڑی ۱ ماشہ رسونت ۳ ماشہ ہلیلہ زرد ۳ ماشہ افیون ۱ ماشہ کافور ۶ ماشہ سب کو پانی میں حل کر کے درد والی جگہ اور سوزش چشم میں آنکھ کے باہر لگائیں تھوڑا سا آنکھ میں بھی ڈالیں مفید ہے۔ (گدڑی)

تشریحی نوٹ۔ رسونت کو علیحدہ پانی میں حل کریں ایسا ہی افیون کو بھی۔ پھٹکڑی ہلیلہ زرد کو بھی کوٹ چھان کر رسونت و افیون کے پانی میں ملا کر حل کریں آخر میں کافور دیسی کا اضافہ کریں دیسی نہ ہو تو ولایتی سے کام لیں اس کی ٹکیہ بنا کر رکھیں اور پانی میں حل کر کے آنکھ میں ڈالیں اور اوپر لیپ بھی کریں سوزش چشم درد شقیقہ اور صفراوی آنکھ دکھنے میں مفید ہے۔ (مولف)

بیاض پھلی جالہ وغیرہ

سرمہ جہت پھلی و جالہ و ناخنہ و دھند :-

مصری کالپی نیم دام مرچ سفید دانہ الائچی خورد سرمہ سنگ بصری مغز تخم سرس پھٹکڑی شیشہ حلبی ہر ایک ۱ دام خرمہرہ زرد آٹھ عدد سب کو نہایت باریک پیس کر سرمہ بنائیں اور سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ (بقائی)

سرمہ جہت گل چشم۔ کانچ چوڑی سبز ادرم سفیدی پنجال مرغ پوست بیضہ مرغ مروارید ناسفتہ مامیران چینی ہر ایک ۴ ماشہ ۴ رتی زرد چونہ ۲ ماشہ اول کانچ کو تین دن پانی کے ہمراہ کھرل کریں بعدہ مروارید ملا کر آب برگ سرس کے ہمراہ دو روز تک کھرل کریں بعد سب ادویہ ملا کر اچھی طرح خشک کھرل کریں اور نہایت باریک پیس کر صبح و شام بطور سرمہ کے آنکھوں میں لگائیں اور رات کو برگ سرس جوش دیکر

آنکھوں پر باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں جالہ و پھولہ کی شکایت دُور ہو جائیگی۔ (ذکائی)

نسخہ جہت گل چشم۔ زنجبیل بے ریشہ پھٹکری نمک سنگ برابر وزن لیکر نہایت باریک مثل غبار بنائیں اور ہر روز صبح و دوپہر اور رات کو بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں چند دن کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ ہوتا ہے۔ یہی دوا گل چشم اسپ و فیل و ثور میں بھی ازبس مفید ہے۔ (تحفہ)

بیاض چشم۔ نیلہ تھوتھہ سرمہ سفید سرمہ سیاہ مصری کانپی نوشادر سمندر جھگ۔ پھٹکری ہر ایک ایکتولہ پھٹکری شگفتہ کرلیں اور نیلہ تھوتھہ جلالیں پھر تمام اشیاء کو ملاکر ۱۴ روز تک گائے کے دُودھ میں کھرل کریں حسب ضرورت تھوڑے سے شہد میں ملاکر لگائیں۔ (گدڑی)

تشریحی نوٹ۔ ابتداے مرض میں واقعی مجرب ہے۔ (مولف)

گل چشم۔ پھولہ میں مفید ہے:۔ شورہ پھٹکری نمک شیشہ ہر ایک ایکتولہ پیس کر دو پیالوں کے ذریعہ سے جوہر اُڑالیں اول ۲ گھنٹہ تک دھیمی آگ دیں پھر تیز کردیں پیالہ کے اُوپر کپڑا تر کر کے رکھیں اور خشک نہ ہونے دیں ان جوہروں کو سلائی سے آنکھ میں لگائیں تیز ضرور ہیں مفید ازبس ہیں سفیدی پھول کر اُوپر آتی جاتی ہے چند روز کے بعد کلی صحت ہو جاتی ہے۔ (تحفہ)

ایک تولہ سیماب کو کڑچھی میں آگ پر رکھیں اور تیزاب گندھک کا چویہ دیں کشتہ ہو جائیگا امراض عین میں جالا پھولا و نزول میں ازبس نافع۔ (جامع)

نوٹ کسی مناسب سرمہ میں ملائیں مجربات سے ہے۔ (مولف)

اکسیر چشم۔ برادہ مس نیلہ تھوتھہ ہر ایک ۵ تولہ نیلہ تھوتھا کو نصف سیر پانی میں پیسکر ملائیں اور شب بھر رکھ کر صبح اُس کا زلال لیکر ایک کڑاہی چڑھا کر نہایت تیز آنچ کریں اور برادہ مس ڈال کر تھوڑا تھوڑا زلال ڈالتے جاویں اور نیم کے ڈنڈا سے خوب جلدی جلدی چلاتے جائیں حتے کہ زلال جذب ہو جائے پھر اُس کو چھانکر شیشی

میں رکھیں گلابی یا خاکستری رنگ کا ہوگا خاکستری رنگ درجہ اعلیٰ ہے جالا پھولا چشم غبار چشم کا حکمی علاج ہے کسی قدر سرمہ میں ملا کر استعمال کریں کہنہ سے کہنہ جالا کو بھی کاٹ کر دکھایا ہے۔ (صدری مجربات)

نوٹ ۔ دوا کو کھرل میں ڈال کر اچھی طرح سے کھرل کرنا ضروری ہے عمدہ نسخہ ہے۔ (مولف)

برائے دفعیہ جالا و پھولا ۔ پوست ریٹھہ ۴ تولہ عرق لیموں ایک سیر پختہ نیم کے ڈنڈے سے جس میں منصوری پیسہ لگا ہو کانسی کے کٹورہ میں سفوف بندق عرق لیموں ڈال کر کھرل کریں کہ کل عرق جذب ہو کر گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے۔ پھر گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور شیشی میں رکھ چھوڑیں مریض کی آنکھ میں صبح و شام لگایا کریں۔ مجرب ہے۔ (اسرار صدری)

پھلی و جالا میں ۔ کانچ سیاہ تین ٹانک چینی (کھانڈ) چار ٹانک دونوں کو پیس کر ۱۴ روز آنکھ میں لگائیں پھلی و جالا دور ہو جاتا ہے۔ غبار چشم کو بھی مفید ہے (اکسیر الامراض)

نسخہ پھولا چشم ۔ نہایت خورد کوڑیاں جن کا وزن شاید ایک رتی کے برابر ہوگا ایک تولہ لیکر اس پر عرق لیموں اس قدر ڈالیں جو تین انگشت اوپر تیرتا رہے جب پانی سایہ میں خشک ہو جائے اسی طرح سے تین بار لیموں کا پانی جذب کریں پھر ہموزن کشتہ پوست بیضہ مرغ ملا کر عرق لیموں مقطر شدہ سے ۷ روز آہستہ آہستہ سحق کریں پھر قدرے شہد ملا کر ۴ گھنٹہ تک سحق کریں اور شافہ بنا کر رکھیں بوقت ضرورت قدرے پانی میں گھس کر رات کو وقت خواب آنکھ میں لگایا کریں۔ انشاء اللہ سوائے چیچک کے ہر قسم کا پھولا دور ہوگا۔ دھند غبار وغیرہ کو بھی نافع ہے (اسرار حکمت)

دوا برائے قطع بیاض و سبل و تاریکی بصر و قرحہ چشم :-

شہد خالص کسی برتن مصفے میں نرم آنچ پر گداز کریں اور کف دور کر کے اسکے ہموزن آب پیاز مقطر شدہ ملا کر پکائیں جب پانی خشک ہو جائے دوبارہ اتنا ہی آب پیاز مقطر شدہ ڈالیں اور پکائیں علیٰ ہذا القیاس تیسری بار زاں بعد عرق ترب مقطر شدہ میں یکے بعد دیگر تین بار پکائیں اور پھر تین بار آب صعتر کے ہمراہ پکائیں پس دوا تیار ہے

کسی شیشہ کے برتن میں محفوظ اذگر دو غبار رکھیں گرم مزاجوں میں عرق گلاب یا شیر زباں میں قدرے حل کر کے اور سرد مزاجوں کو پانی میں حل کر کے چند قطرے آنکھوں میں ٹپکائیں۔ (خلاصہ)

قذی

آنکھ میں کوئی غیر جنس پڑ جانا:۔

(۱) اگر آنکھ میں چونہ پڑ جائے تو روغن بید انجیر ڈالیں اس کے بعد سرکہ و آب سے دھو ڈالیں۔

(۲) جالا یا تار پڑ جائے تب بھی روغن بید انجیر ڈالیں۔

(۳) اگر جلانے والی چیز پڑ جائے تو پانی و روغن کنجد ایک ایک تولہ ملا کر روئی یا کپڑا تر کر کے آنکھ پر رکھیں۔

(۴) اگر آنکھ میں تیزاب یا سرکہ پڑے تو سوڈا گرین پانی ایک اونس آنکھ میں ٹپکائیں اور بعد میں روغن کنجد کے دو قطرے ڈالیں۔

(۵) اگر شیشے کا ریزہ آنکھ میں پڑ جائے تو نکال کر سفیدی بیضہ مرغ آنکھ میں ٹپکائیں۔ (بیاض خاص)

روہے۔ کنکرے۔ لودہ پھٹکڑی مردار سنگ ہلدی زیرہ ہر ایک یک ماشہ افیون ۲ شرخ مرچ سفید ۴ عدد نیلا تھوتھا ۳ شرخ تمام دواؤں کو باریک پیس کر آب کوکنار میں حل کریں اور آنکھ میں ڈالیں۔ (عملیات نظیر)

طرفہ۔ کبوتر کا خون ۲ قطرہ گل ارمنی ذرا سی حل کر کے ہر روز آنکھ میں ٹپکائیں دور ہو جاتا ہے۔ (عملیات نظیر)

ظفرہ۔ تاختہ۔ نمک لاہوری کی سلائی آنکھ میں پھرائیں یا گل کنجد ۱۰۰ عدد غنچہ یاسمین ۱۰۰ عدد تخم کھرنی ۱۰۰ عدد مغز تخم سرس ۱۰۰ عدد کونپل بکائن ۱۰۰ عدد فلفل گرد ۱۰۰ عدد شورہ قلمی ۶ ماشہ سرمہ ایک تولہ فلفل دراز ۵ عدد سب کو کوٹ چھان کر لیموں کے پانی میں کھرل کریں پھر آب بھنگرہ اور بادام عرق گلاب خالص

میں کھرل کر کے شیاف بنائیں اور آنکھ میں لگائیں۔ (علمیات نظیر)

علاج ظفرہ - از نمک لاہوری و نوشادر بطریق معروف سلائی بنائیں اور ہمیشہ آنکھوں میں پھیرا کریں۔ (رموز اعظم)

ضربان العین - برگ ترنجبین آٹھ رتی لودھ افغانی ۲ ماشے پھٹکڑی سفید بریاں ۲ ماشے رسوت ۲ ماشے افیون ۲ ماشے قرنفل ۲ ماشے ان سب دواؤں کو باریک کر کے پوٹلی باندھیں اور پانی میں پوٹلی تر کر کے آنکھ پر ٹکور کریں۔ (غربا)

نوٹ۔ اول مسہل دینا اور کنپٹی پر جونک لگانا بھی بہتر عمل ہے۔ (مولف)

عشا۔ رتوندی۔ شبکوری - بکری کا کلیجہ لیکر اس میں نشاستہ دیں اس میں نمک تین عدد کوٹ کر کے پڑ کریں پھر اس کلیجہ کو دہکتے ہوئے کوئلوں پر رکھیں جب دوا رطوبت کلیجے کی جذب کرے تو علیحدہ کر کے پیس لیں اور بطور سرمہ کے چند روز تک آنکھ میں لگائیں۔ مجرب ہے (حاذق)

نزول الماء۔ تماکو کی تیز نسوار ایکتولہ کو روغن بید انجیر ۲ تولہ میں چار پہر تک کھرل کر کے چینی کے برتن میں بحفاظت تمام رکھیں اور روزانہ ایک مرتبہ سلائی سے لگایا کریں چند روز میں نزول الماء کو فائدہ ہو جاتا ہے۔ (تذکرۃ الاطباء)

حب نافع جہل و سلاق و نزول الماء:۔

مغز سنداپھل مغز تخم اریٹھہ مغز تخم کھرنی مغز تخم بلیلہ بلیلہ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ عرق لیموں کے ہمراہ حق بلیغ کر کے گولیاں بنائیں اور نگاہ رکھیں ضرورت پر قدرے پانی میں حل کر کے آنکھوں میں لگائیں۔ (علاج الغربا)

شیاف جو نزول الماء کو بڑھنے نہیں دیتا:۔

نیلا تھوتھ ۲ دام کتھ سفید پوست بلیلہ زرد ہر ایک ۳ نمک پھٹکڑی بریاں ۵ نمک سب کو نہایت باریک پیس کر پانی کے ہمراہ شیاف بنائیں اور سایہ میں خشک کر کے ہر روز آنکھوں میں لگایا کریں۔ (مفتاح)

سرمہ برائے دمعہ سرد کہ از تری باشد۔ پوست بلیلہ نمک لاہوری ایک ایک

وار فلفل ۲ درم کف دریا نیم درم سرمہ سہ چند سب کو نہایت باریک پیس کر بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔ (طب اکبر)

متفرق نسخہ جات امراض چشم

ضعف بصارت کے لئے نورٌ علیٰ نور ہے:۔

سرمہ سیاہ سرمہ سفید ایک ایک تولہ لیں اور گردہ کی چربی میں اس کا غلولہ سا باندھ کر ڈھاک کے کوئلوں میں رکھ کر جلائیں جب دھواں موقوف ہو جائے تو عرق گلاب آتشہ یا دو آتشہ میں سات مرتبہ بجھاؤ دیں اس کے بعد مامیران چینی زعفران ہر ایک ۲ ماشہ خشک ۲ رتی تمام دواؤں کو سبز سونف کے پانی میں تین روز کھرل کرتے رہیں خشک ہو جائے تو استعمال کریں عجیب الخواص ہے۔ (رموز الاطبا)

گولیاں جہت اکثر بیماری ہائے چشم و تقویت بصر و دافع بیاض:۔

زرد چوب زنجبیل بے ریشہ فلفل گرد پوست بلیلہ بابڑنگ سنگ بصری اصل السوس ہر ایک ۱ درم سب کو مثل سرمہ باریک پیس لیں زاں بعد شیرہ برگ نیم۔ شیر بز۔ شیرہ کھرتوہ یکے بعد دیگرے تر کریں اور شبانہ روز تر رکھا کریں زاں بعد بقدر دانہ نخود گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں جہت پڑوال آب کانجی۔ برائے بیاض کہنہ با شیرہ کھرتوہ اور پھولا کے لئے شیر عورت اور دیگر امراض چشم میں شیر بز اور دھند کی شکایت میں آب باراں (مینہ) کے ساتھ حل کر کے آنکھوں میں لگائیں۔ (حکیم شریف خاں)

شیاف جہت ظلمت چشم و دیگر امراض چشم:۔

نیلا تھوتھہ ۳ ماشہ کف دریا اصل السوس سرمہ سفید آملہ مقشر مغز بلیلہ فلفل سفید مامیران چینی توتیائے ہارونی پوست بلیلہ ہر ایک ۶ ماشہ چاکسو مدبر و مقشر ناف سنکھ سنگ بصری ہر ایک تولہ تولہ آب غورہ یا آب باراں کے ہمراہ اچھی طرح کھرل کر کے شیاف بنائیں اور ضرورت پر عرق بادیاں یا معمولی پانی میں حل کر کے استعمال کریں۔ (مجربات بھگوان لعل)

کحل چشم مقوی بصر و نافع امراض چشم :-

فلفل سیاہ ۱۶ عدد دار فلفل ۶ عدد بچھو یا سین ۵۰ عدد گل کنجد ۸۰ عدد سب کو باریک پیس کر بطور سرمہ ہر روز رات کو استعمال کریں۔ (مفتاح)

سرمہ اکسیر :- جسد قسم اول ۲ دام ساگ چولائی خاردار ۲ دام قرنفل ۲ دام فلفل گرد ۲ دام برگ نیم سبز یا ۵ سیر سنگ بصری ۲ دام برگ گھیکوار کلاں ۲ عدد مامیران چینی ۱۰ دام پہلے قرنفل اور فلفل گرد کو جدا جدا پانی میں پیس لیں اور پیالہ چینی میں جدا جدا رکھیں بعد ازاں جسد کو پیالہ آہنی مصفے میں رکھ کر آگ پر گداز کریں اور آب قرنفل میں سرد کریں اور اس عمل کی تکرار کریں ۷ مرتبہ۔ ازاں بعد بدستور اول فلفل گرد کے پانی میں سات بار سرد کریں ازاں بعد آب گھیکوار میں سات مرتبہ سرد کریں اور دستا آہنی کی مدد سے اسی پیالہ آہنی میں حل کریں حتے کہ جسد خاکستر ہو جائے ازاں بعد مامیران و سنگ بصری ملا کر دو بار کھرل کریں اور مثل سرمہ کے باریک پیس لیں اگر چاہیں کہ سرمہ کا رنگ سیاہ ہو جائے برگ نیم و ساگ چولائی جبکا ذکر ہو چکا ہے ۲ دام فلفل گرد کے ہمراہ مغز چہار دام جست کو گداز کرتے وقت ڈالیں اور اس خاکستر کو ۲ روز برابر کھرل کرتے رہیں اور پارچہ کتان سے چھان کر بطور سرمہ صبح و شام استعمال کریں۔ واضح ہو کہ موسم گرما میں سفید سرمہ اور موسم سرما میں سرمہ سیاہ استعمال کریں۔ (تجربات واسع خاں)

کحل جست ضعف بصر کہ از سوے مزاج بارد و رطب باشد :-

فلفل سفید یکدم دار چینی نصف دم زرد چوب ربع دم نانخواہ شش دم سب کو باریک پیس چھان کر سرمہ بنائیں اور صبح و شام آنکھوں میں لگائیں اور اگر چاہیں تو کل مجموعہ سے نصف سرمہ سیاہ معمولی ملا سکتے ہیں (حکیم ذکاء اللہ خاں)

کحل مقوی بصر :- سرمہ سفید سرمہ سیاہ تولہ تولہ لیکر چینی گردہ مرتبان میں رکھ کر غلولہ بنائیں اور غلولہ مذکور کو کوئلوں کی آگ میں جلائیں جب دھواں چرنی کا موقوف ہو جائے سرمہ کی دونوں ڈلیاں طرق گھاب میں سرد کریں ازاں بعد مامیران چینی

زعفران ہر واحد ۲ ماشہ مشک خالص ۲ سرخ سب کو عرق بادیان سبز کے ہمراہ نہایت باریک پیس کر سرمہ بنائیں اور استعمال کریں۔ (رموز اعظم)

کحل الجواہر۔ شہزادی زیب النساء بیگم کے لئے ہمیشہ تیار کرتے تھے کافور نیم دانگ مشک یک دانگ نمک ہندی قرنفل گلدار ہر ایک ایک درم نمک اندرانی ساذج سفید آب ارزیز فلفل سیاہ سنبل الطیب سرمہ اصفہانی سرمہ سرخ زعفران بسد احمر ہر ایک ۲ درم مس سوختہ مامیران چینی مرصاف نوشادر زرد چوب ہر ایک ۳ درم پوست ہلیلہ زرد مروارید ناسفتہ ہر ایک ۴ درم صبر سقوطری عصارہ یاقوت فیروزہ ہر ایک ۵ درم کف دریا اقلیمیا طلاء اقلیمیا نقرہ ہر ایک ۱۰ درم عرق گلاب ایک سیر سب کو سنگ سماق کے کھرل میں عرق گلاب کے ہمراہ سحق بلیغ کر کے سرمہ بنائیں اور استعمال کریں۔ (رموز اعظم)

امراض گوش (کان)

نسخہ درد گوش از ورم حار۔ لعاب حلبہ لعاب کتان لعاب تخم مرشیر دختر ملا کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں تاکہ پک کر ورم پھوٹ جائے زاں بعد اندمال زخم کے واسطے ذرور قرحہ گوش (جس کا ذکر اپنے مقام پر ہوگا) استعمال کریں۔ (رموز اعظم)

نسخہ درد گوش از ورم بارد۔ عنب الثعلب اکلیل الملک مغز فلوس بابونہ ہموزن بقدر ضرورت لیکر کشنیز سبز کے پانی کے ہمراہ پکا کر بھاپ لیں اور گرم روغن جو درد گوش بارد میں اپنے مقام پر درج ہونگے کان میں ٹپکائیں۔ (رموز اعظم)

نسخہ درد گوش از قرحہ گوش۔ اول پنبہ کہنہ سے بتی بنائیں اور شہد خالص میں آلودہ کر کے کان میں رکھیں تاکہ زخم غلاظت سے پاک ہو جائے زاں بعد دوسری بتی جو پنبہ کہنہ سے تیار کی گئی ہو شہد میں آلودہ کریں اور قدرے انزروت باریک پیس کر اس پر چھڑکیں اور کان میں رکھیں اور ضرورت ہو تو قدرے افیون و روغن گل میں حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔ (رموز اعظم)

نسخہ درد گوش جو کان میں کچھ پڑ جانے سے پیدا ہوا ہو:۔

چوب شبت یا بادیان یا اور کوئی شاخ مثل اس کی جس میں خلا ہو پانچ چھ گرہ لمبی لیں اور اس کی ایک طرف قدرے روئی لپیٹیں اور روغن کنجد یا روغن زرد سے تر کریں اور آگ لگائیں اور اس کا دوسرا سرا کان میں رکھ کر دھواں کان میں پہنچائیں۔ جب دھواں کان میں پہنچیگا پانی ایک دم خارج ہو جاویگا زاں بعد اگر درد کی شکایت ابھی باقی ہو تو پوست خشخاش اکلیل الملک بابونہ بنفشہ خطمی بزرکتان میں سے جو میسر آئے شیر عورت یا شیر گاؤ میں حل کر کے حوالی گوش ضماد کریں (رموز اعظم)

نسخہ جہت ریم گوش:۔ سہاگہ بریاں قدرے کان میں ڈالیں اور چند قطرات عرق لیموں کے ٹپکائیں۔ (مجربات قادری)

نسخہ جہت کرم گوش: حنظل یعنے تمہ تازہ آگ میں بھرتہ کریں زاں بعد نکال کر قدرے افشردہ کان میں ٹپکائیں اور اس کا مغز گرد اگرد کان کے ضماد کریں۔ (عجالہ نافع)

نسخہ جہت درد گوش ہر قسم:۔

آب سرگین خچر آب پیاز ہر دو مساوی زعفران ایک پانی کا چوتھا حصہ دونوں پانیوں کے ہمراہ زعفران کو کھرل کریں زاں بعد چھان کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں اور کچھ دیر صبر کریں زاں بعد روئی کی بتی سے کان کو صاف کر کے دوبارہ چند قطرے کان میں ٹپکائیں اور یہی عمل بتکرار چار پانچ بار کریں انشاء اللہ ایک ہی دن میں کلی صحت ہو جائیگی۔ (رموز اعظم)

نسخہ روغن ترب درد گوش بارد کو نفع دیتا ہے:۔

روغن کنجد ایک جزو آب ترب سہ جزو۔ دونوں کو ملا کر جوش دیں جب پانی خشک ہو کر صرف تیل رہ جائے چند قطرے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔ (حکیم شریف خاں)

روغن جہت طنین و ثقل سمع:۔ افسنتین بابونہ ہم وزن لیکر آٹھ گنا سرکہ میں جوش دیں جب سرکہ نصف رہ جائے اس کی بھاپ کان میں پہنچائیں زاں بعد آب زہرہ گاؤ ایک تولہ روغن گل روغن مغز شفتالو ہر ایک ۲ تولہ سے بدستور معروف

تیار کیا ہوا نیم گرم چند قطرے کان میں ٹپکائیں لیکن یاد رہے کہ تیار شدہ روغن میں قبل از استعمال نیم درم افیون خالص حل کر لیں۔ (حکیم واصل خاں)

روغن کہ جو آواز گوش و یم گوش کو دور کرتا ہے :۔

برگ سنبھالو برگ چنبیلی برگ مدار بھنگرہ لہسن بیج کیلا برگ تلسی برگ سہانجنہ۔ بھٹکٹائی ادرک برگ کریلہ ہر ایک سے شیرہ نکال کر برابر وزن لیں اور سب کے برابر روغن کنجد ملا کر ایک ہفتہ بھر رہنے دیں اور ہر روز کسی چیز سے ہلا دیا کریں زال بعد نرم آگ پر پکا لیں جس وقت شیرہ خشک ہو کر صرف تیل رہ جائے کسی شیشی میں سنبھال رکھیں اور صبح و شام چند قطرے کان میں ٹپکائیں (از مجربات اکبری)

درد کان۔ کف دریا باریک پیس کر سفوف کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں وقت ضرورت ایک یا دو رتی کان میں ڈال کر سرکہ تیز یا آب لیموں کے چار قطرے کان میں ٹپکائیں دوا پھولیگی اُس وقت آرام ہوگا اگر پھر ضرورت پیش آئے تو اسی طرح سے عمل کریں دوائی ڈالنے کے چند منٹ بعد تک مریض لیٹا رہے (صدری مجربات)

نوٹ۔ مجرب اور صحیح ہے۔ کف دریا سے جو کام لیا جاتا ہے یہی کام خشخاش خرمہرہ زدہ سے بھی لیا جاتا ہے اور دونوں میں یکساں فائدہ ہے ہمارا عمل کشتہ خرمہرہ زدہ پر ہے (مصنف)

کان سے ریم آنے کا نسخہ۔ کیکر کے پھولوں کو سرسوں کے تیل میں جلا کر تیل صاف کر کے رکھ لیں بوقت ضرورت دو چار قطرے نیم گرم قابل برداشت کان میں ڈالیں۔ (تذکرۃ الاطبا)

مشترک النفع برائے امراض گوش :۔

آک کے پتے کوٹ کر غلولہ سا بنا لیں اس غلولہ کے اندر گرد پان کے پتے لپیٹ کر گل حکمت کر کے بھوبھل میں رکھ دیں جب مٹی سُرخ ہو جائے نکال کر پتوں کو نچوڑ کر پانی نکال لیں اس میں سے دو تین قطرے کان میں ٹپکانے سے ہر قسم کا درد پیپ بوجھل پن آوازوں کا آنا اور کرم تک دُور ہو جاتے ہیں۔ (بحر الفوائد)

برائے ساعۃ دافع درد گوش۔ زرد پتہ مدار کا یا برگ سکھدرشن کان میں

بچوڑنے یا افیون پانی میں حل کر کے ٹپکانے یا رسوت شیر مزہ میں گھول کر ڈالنے سے بفضل الٰہی درد فی الفور دور ہوتا ہے۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ زرد پتدار ٹانی درد کان میں مفید ہوگا افیون اُس وقت مفید ہوتی ہے جب صفراوی درد گوش ہو ایسا ہی رسوت بھی صفراوی میں ہی نافع ہے طبیب مریض کا مزاج دیکھ کر دوا کا استعمال کرائے تو جلدی آرام ہوتا ہے۔ (مولف)

دافع ریم گوش۔ پھٹکڑی ماز و کو دونوں کو باریک کر کے شہد میں فتیلات کر کے اُس پر دوائی لگائیں اور کان میں رکھیں از حد مفید ہے۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ اول کان کو ہر روز روئی سے صاف کر لینا لازم ہے۔ (مؤلف)

امراض بینی

علاج رعاف یعنے نکسیر:۔ اگر سرگین خر سے پانی نچوڑ کر اس میں قدرے کافور حل کرنے کے بعد چند قطرے ناک میں ٹپکائیں نکسیر کا خون بند ہو جائیگا اگر اسی میں قدرے افیون بھی ملا لیں تو قوی تر ہو جائیگا۔

یا مسکہ بے نمک نیلر آب خرفہ سے مکرر دھوئیں اور اس میں آٹھواں حصہ کافور ملا کر بطور سعوط استعمال کریں اور برگ کنار برگ بید برگ لبلاب ان میں سے جو میسر آئے باریک پیس کر پیشانی پر ضماد کریں۔ (رموز اعظم)

تبرید برائے نکسیر۔ لعاب بہدانہ ۳ ماشہ شیرہ عناب ۵ دانہ شیرہ خرفہ شیرہ کاہو تخم کا ہو ہر ایک ۶ ماشہ شیرہ بنفشہ شیرہ کشنیز خشک ہر ایک ۴ ماشہ شیرہ مغز تخم تربوز شیرہ مغز تخم کدو شیریں ہر ایک ۶ ماشہ شربت نیلوفر یا شربت بنفشہ یا شربت صندل ۲ تولہ ملائیں اور اسپغول مسلم ۶ ماشہ چھڑک کر نوش کریں۔

(بیاض حکیم شریف خاں صاحب)

علاج رعاف بترکیب دیگر:۔ کشنیز آدھ تولہ نمک برابر وزن لیکر دونو کو باریک کوٹ لیں اور قدرے پانی ملا کر بطور حنا تارک و پیشانی پر ضماد کریں۔

اور گل ارمنی افیون زہر مہرہ کاغذ سوختہ برابر وزن لیکر باریک پیس لیں اور بطور ناس قدرے استعمال کریں۔ (ذکائی)

علاج خشم یعنے سونگھنے کی قوت کا ضائع ہو جانا :۔

روغن بادام تلخ روغن حرمل برابر وزن لیکر ان دونوں کا آٹھواں حصہ فلفل سفید پیس کر روغنوں میں ملائیں اور بعد تنقیہ دماغ ناک میں ٹپکائیں۔ (شریفی)

دوا دافع ناسور بینی - زنگار - نوشادر - لوٹ بھی برابر وزن لیکر باریک پیس لیں اور شہد میں آمیز کریں اور اس میں روئی کی بتی آلودہ کر کے ناک میں رکھیں۔ (رموز اعظم)

نفوخ نافع بواسیر الانف :۔

پوست انار ترش ۴ درم قلقدیس ۳ درم زرنیخ زرد خرنق سیاہ قلقطار ہر ایک ۲ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر استعمال کریں۔ (علاج الامراض)

حب ہندی دافع بدبوے بینی :۔

جوز بوا دار چینی بسباسہ قرنفل برابر وزن لیکر باریک۔ ٹوئیں اور دوچند شہد کے ہمراہ کھلائیں ضرورت پر بقدر ۲ درم صبح و شام کھائیں اور بول شتر ہر روز بطور سعوط استعمال کریں۔ (علاج الامراض)

علاج مانع چھینک :۔

روغن گل ورد روغن بید مشک وکافور میں ٹپکائیں اور سیب سونگھیں اور آب شیریں نیم گرم سر پر ڈالیں۔ (رموز اعظم)

علاج عطسہ متواتر جو اکثر بچوں کو ہوا کرتا ہے :۔

اگر بسبب سردی کے زیادہ چھینکیں آتی ہوں تو مناسب ہے کہ بادرنج کوٹ چھان کر بطور ناس استعمال کریں اور زعفران وقند سیاہ کوٹ کر اس کا دھواں دماغ میں پہنچائیں۔ (رموز اعظم)

پیئس۔ ۲ تولہ چاول لیکر ان کو آک کے دودھ میں تین دفعہ تر و خشک کریں

پھر باریک پیس کر بطور نسوار کے شیشی میں ڈال دیں ہر روز دوپہر کے وقت نسوار لیا کریں بعد میں کھن کی نسوار لیں چند دن میں مرض دُور ہو گا۔ (گدڑی)

تشریحی نوٹ۔ امراض بارد سر میں بھی یہ نسوار مجرب ہے ہر ایک مطب میں موجود ہونی لازمی ہے اگر زیادہ گرمی کرے تو تھوڑا سا کافور کھن میں حل کر کے نسوار لے لیا کریں۔ بدبو سے ناک دُور ہوتی ہے۔ (مولف)

دافع مرض پیلس تجربات سے ہے اوڈشل اکسیر کے مشہور ہے :۔

برگ کسوندی تازہ باریک پیس کر ایک تختہ کاغذ دبیز پر ضماد کر کے اور فتیلہ بنا کر خشک کریں اور ایک طرف سے جلا کر دوسری جانب سے مثل بتی کے اُس کا دھواں کھینچ کر ناک کے راستہ باہر نکالیں دو تین روز یہ عمل کریں تمام کیڑے گر کر مر جائینگے اور گل ملتانی کو پانی میں حل کر کے پیشانی پر لیپ کریں۔ (اکسیر الامراض) **نوٹ** اس عمل کے بعد مندرجہ بالا نسوار دینے سے اگر کوئی کیڑا وغیرہ رہ گیا ہو تو وہ بھی خارج ہو جاتا ہے اس لیے برگ کسوندی کے دھواں دینے کے بعد ایک بار نسوار دینا بہتر عمل ہے۔ (مولف)

امراض دہن و زبان

قلاع دموی۔ لعاب بہدانہ شیرہ عناب شیرہ مغز تربوز شربت نیلوفر کے ہمراہ بمقدار مناسب پلائیں اور برگ حنا پانی میں بھگونے کے بعد زلال لیکر قدرے کافور ملا کر غرغرہ کریں۔ (مجربات قادری)

قلاع طحلبی علامت رنگ سپید :۔ درد کم۔ لعاب کثیر اصل السوس مقشر۔ پرسیاوشاں گاؤزبان دانہ خیل مناسب مقدار میں لیکر عرق بادیاں میں جوش دینے کے بعد چھان لیں اور مصری بقدر ذائقہ ملا کر پی لیں اور عقر قرحا تخم ترب بیکھوفہ سرکہ میں جوش دیکر غرغرہ کریں اور گاؤزبان سوختہ الائچی خورد طب یمانی بریاں سیاہی تابہ آہنی برابر وزن لیکر باریک پیس لیں اور منہ میں چھڑکیں (اکمل)

حب جہت جوشش دہان :-

صندل سفید صندل سرخ گل نیلوفر گل سرخ گل سیوتی پوست ہلیلہ زرد اصل السوس الائچی خورد طباشیر گلنار کتھہ سفید ہر ایک تولہ لیکر باریک کوٹیں اور پانی کی مدد سے گولیاں بنائیں اور ایک گولی منہ میں کچھ دیر رکھ کر لعاب چوستے جائیں۔ (قرابادین کبیر)

علاج قلاع بہت گرم :-

گل سرخ سماق نشاستہ طباشیر عدس مقشر صندل سفید برگ حنا گلنار ہر ایک تولہ کافور ۳ ماشہ سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور منہ میں چھڑکیں اور تھوڑی دیر کے بعد گلاب و سرکہ ملا کر بذریعہ غرغرہ منہ کو صاف کریں (علاج الامراض)

علاج قلاع سوداوی :-

لودھ پٹھانی گل ارمنی فلفل سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ شب یمانی بریاں ۳ ماشہ توتیا سبز ۲ ماشہ باریک پیس چھان کر صبح و شام زبان پر ملیں اور سر جھکا کر بیٹھیں تاکہ رال بخوبی ٹپکے انشاء اللہ دو تین بار تکرار عمل سے کلی صحت ہو جائیگی۔ اگر کبھی دوران عمل میں گرمی محسوس ہو تو تخم کاسنی ۷ درم کا شیرہ نکال کر پی لیا کریں۔ (رموز اعظم)

ذرور دافع قلاع شدید جس میں زبان پر کانٹے پڑ جاتے ہیں :-

چاہئے کہ پہلے زبان کو برگ بید انجیر سے صاف کریں اور نیلوفر کتھہ سفید کباب چینی سنگجراحت الائچی کلاں شورہ قلمی برابر وزن لیکر باریک کوٹ چھان لیں اور زبان پر ملیں۔ (قرابادین بقائی)

ذرور جہت قلاع اسود اطفال :-

ہلیلہ زرد سوختہ خستہ تمر ہندی سوختہ کشنیز خشک سوختہ طباشیر گلنار برابر وزن لیکر باریک کوٹ چھان لیں اور زبان پر چھڑکیں۔ (قرابادین قادری)

عرق شیر برائے قلاع سوداوی

شیر بز ۵ سیر بسفائج ۱ تولہ ۶ ماشہ درونج ۱ تولہ ۶ ماشہ گلسرخ ۵ تولہ خبازی ۸ چھٹانک برگ گاؤزبان ابریشم خام ہر ایک ۷ تولہ تخم شاہترہ بادرنجبویہ ہر ایک ۹ تولہ کشنیز خشک

۲ سیر ۸ چھٹانک مصری ۸ چھٹانک آب کدو آب لیموں شیریں ایک ایک سیر گل نیلوفر ۸ چھٹانک آب خیار آب ترنج ہر ایک ۴ چھٹانک سب کو رات بھر بھگوئیں اور صبح جوشاندہ چار شیشہ عرق کشید کریں اور ہر روز آدھ پاؤ سے لیکر ایک پاؤ تک نوش کریں۔ پرہیز از گرم و تیز اشیاء لازمی ہے (اقتباس العلاج)

گولیاں جو بوے سیر و پیاز و شراب و مانند آں دور کرتی ہیں :-

مشک طباشیر ہر ایک نیم درم عنبر اشہب نیم مثقال پوست ترنج فرنجشک دانہ ہیل خورد زنجبیل کبابہ بسباسہ سعد کوفی ہر ایک نیم درم صندل سودہ بعرق گلاب۔ ادرم۔ صمغ بقدر دانگ سب کو باریک کوٹ چھان کر ملائیں اور گولیاں بنائیں ضرورت پر ایک گولی منہ میں رکھیں۔ (عجالہ نافع)

علاج بطلان ذوق :- فلفل دراز فلفل گرد زرد چوب ماشہ ماشہ نمک سنگ

۳ ماشہ سب کو مثقال گل پر بریاں کریں اور بعد ازاں باریک پیس کر صبح و شام زبان پر ملیں اور دال ٹپکائیں تین چار دن میں پورا فائدہ ہوگا اور کوئی شکایت نہ رہیگی۔ (رموز اعظم)

جوارش جہت استرخا و لکنت زبان :-

تیزہ سیاہ زیرہ کرمانی خرد خشک ہندی ہر ایک نیم مثقال دار فلفل صد عدد۔ فلفل سیاہ دو صد عدد شکر آٹھ استار سب کو کوٹ چھان کر بدستور معروف جوارش بنائیں اور بقدر احتمال ہر روز کھائیں۔ (خلاصہ و قانون)

قلاع دہن منہ آنا :-

ذرور جو قلاع جدید و مزمن دونوں میں مفید و مجرب ہے :-

شورہ قلمی کتھہ سفید لاجی خورد گلنار خ ہر ایک ۲ ماشہ کافور ایک ماشہ توتیائے سبز بریاں ۶ رتی سب کو باریک پیس کر قلاع (آبلہ ہائے دہن) پر لگائیں۔ اگر قبض ہو تو نظر دور رفع کریں۔ پینے کے لئے شربت عناب لعاب بہدانہ و شربت نیلوفر مہیا کر دیں۔ (مخزن حکمت)

امراض دندان

تریاق الاسنان جہت درد بارد:-

جندبیدستر حلتیت فلفل سیاہ زراوند مدحرج زنجبیل افیون بزرالبنج برابر وزن لیکر کوٹیں اور پانی کی مدد سے گولیاں بنائیں اور ساعت بساعت ایک گولی منہ میں رکھیں۔ (رموز اعظم)

سنون جہت درد دنداں:- سپاری چھالیہ سوختہ تخم خرفہ کتھ سفید ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور دانتوں پر ملیں۔ (بیاض شریف خاں)

دوائے کہ درد ریحی دندان را ساکن کند:-

افیون جندبیدستر برابر وزن لیکر روغن گل میں جلائیں اور ضرورت پر کان میں جس طرف کے دانت درد کرتے ہوں چند قطرے ٹپکائیں۔ (رموز اعظم)

سنون جہت درد دندان و محکم شدن گوشت بن دندان:-

عقرقرحا ۲ درم انجبار یک و نیم درم شب یمانی کزمازج گلنار طباشیر ہر ایک ۱ درم سب کو باریک پیس کر کپڑے میں سے چھان لیں اور جو دانت درد کرتا ہو یا ہلتا ہو اس کی جڑ میں ملیں۔ (قرابادین بقائی)

سنون دافع درد دندان جڑوں کو مضبوط و محکم کرتا ہے اور گوشت زاید کو دور کرتا ہے:-

نیلا تھوتھہ۔ کٹ ہر ایک ۱ درم نمک لاہوری ۲ درم کتھ سفید ۱ درم زیرہ سفید بریاں ۱ درم کشنیز بریاں ۲ درم زنجبیل نیم درم مرچ سیاہ نیم درم مصطگی کسیس کپور کچری کباب چینی بجر ونتی ہر ایک نیم درم سب کو جدا جدا باریک کوٹ چھان لیں اور نیلا تھوتھہ بریاں کریں زاں بعد سب کو ملائیں اور مثل مسی کے صبح و شام دانتوں کی جڑوں میں ملیں اور چار گھڑی تک پانی سے پرہیز کریں۔ (رموز اعظم)

سنون جہت درد دنداں بارد۔ عقرقرحا ۲ تولہ توتیا سبز ۶ ماشہ پھٹکڑی۔

مصطگی زنجبیل بے ریشہ ہر ایک تولہ تولہ چیتہ چرائتہ نمک لاہوری نمک سیاہ فلفل سیاہ پوست ہلیلہ پوست بلیلہ آملہ مقشر ہر ایک ۴ ماشہ تمباکو ۶ ماشہ سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور استعمال کریں۔ (بیاض علوی خاں)

سنون جہت استحکام درد دنداں :-

پوست بیخ مغیلاں ۳ تولہ سنگجراحت کتھہ پاپڑہ سپاری چھالیہ ہر ایک ایک تولہ فلفل سیاہ زنجبیل ہر ایک ماشہ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور صبح و شام جب چاہیں دانتوں کی جڑوں میں ملیں اور بعد استعمال چار پانچ گھڑی تک پانی سے پرہیز کریں۔ (بیاض حکیم علی اکبر خاں)

سنون بے نظیر جہت استحکام دنداں و تسکین درد وغیرہ نیز دانتوں کو خوش رنگ بناتا ہے :-

مازو سبز بے سوراخ ۵ دام پختہ توتیا سبز سوختہ ۱ دام پختہ سون مکھی ہیرا کسیس کتھہ سفید ہر ایک تولہ تولہ مائیں گجراتی مصطگی گلنار ہلیلہ زنگی ہر ایک ۹ ماشہ سنگجراحت برادہ فولاد ہر ایک ۱ درم پختہ سب کو نہایت باریک کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور دانتوں پر ملیں۔ (حکیم شریف خاں)

سنون برنگ سفید جہت استحکام دندان :- (قرابادین کبیر سے)

سنگجراحت صدف سوختہ شب بریاں نمک سوختہ فلفل سفید کف دریا ہر ایک ایک تولہ سب کو نہایت باریک کوٹ چھان کر سنون بنائیں اور صبح شام دانتوں پر ملیں

درد دانت :- افتادہ کیٹلی کے خشک پھل لیکر جلتے ہوئے انگارے پر رکھ کر نرکل کے ذریعہ دھواں پہنچائیں کیڑا فوراً باہر نکل آئیگا اور درد جاتا رہیگا (تحفہ)

نوٹ کیٹلی یعنے کینڈ باڑی۔ اکثر آدمی کاغذ کی نلی بنا کر اس کے سوراخ سے دھواں دیتے ہیں۔ (مولف)

(۲) خواہ مریض کیسا ہی بیتاب ہو فوراً آرام ہوتا ہے :-

نوشادر ۲ ماشہ آن بجھا چونہ تین ماشہ ہر دو اجزا کو باریک کر کے ہاتھ کی ہتھیلی پر

یکے بعد دیگرے ان کا فرش کر کے پانی کا چھینٹا دیں دُوسری کف دست سے مل کر مریض کی ناک میں لگائیں اور حکم دیں کہ سانس اُوپر کو کھینچے بس آرام ہے۔ (تحفہ)

نوٹ۔ ایک دُکاندار اس عمل کو کرتا تھا اور دُور دُور سے آدمی آتے تھے جب یہ نسخہ میں نے پڑھا تو بہت خوش ہوا اور تجربہ پر درست پایا۔ (مولف)

منجن مفید امراض بُن دنداں :-

پوست ببول ایکتولہ نوشادر فلفل سیاہ پھٹکڑی بریاں عقرقرحا گیرو ہر ایک ۳ ماشہ باریک کر کے کپڑے میں چھان لیں اور استعمال کریں ۔

منجن برائے دنداں جو دانتوں کو مستحکم کرتا ہے اور پیپ آنے کو روکتا ہے :-

سپاری مازوے سبز پھٹکڑی بریاں کتھ ناسپال دانہ الائچی کلاں سرد چینی عقرقرحا کافور مرچ سیاہ ہر ایک ایکتولہ سنگجراحت دو تولہ اول سیاہ مرچ کو پیس کر اُس کے ساتھ کافور ملا دیں پھر عقرقرحا الائچی سرد چینی پیس کر ملائیں پھر باقی ادویہ کوٹ چھان کر ملا دیں صبح و شام ملا کریں ۔

ٹوتھ پاؤڈر دافع درد دنداں و دافع بدبو و مجلی دنداں ہے :-

چاک یعنی کھڑیا مٹی ۲ ڈرام ایلم یعنی پھٹکڑی ۲ ڈرام کافور ایک ڈرام سب کو ملا کر خوب باریک پیس کر دانتوں پر ملا کریں۔ (اکسیر الامراض)

منجن دندان نہایت مفید :-

لکڑی کا کوئلہ کوٹا ہُوا ایک تولہ کھڑیا مٹی ۱ تولہ کاربالک ایسڈ ۳ قطرہ آئیل یوکلپٹس ۴ بوند مازو ۲ تولہ کتھا ایکتولہ الائچی نیم تولہ کافور نیم تولہ سب کو کوٹ کر منجن بنائیں صبح و شام ملا کریں دانتوں کو امراض سے محفوظ رکھتا اور صیقل دنداں بھی ہے۔ (طب حسینی)

نوٹ۔ اگر اس کو قبول صورت بنانا ہو تو بجائے کوئلہ کے سیپ سوختہ شامل کر دیں۔ (مولف)

دوا برائے ناصور و لثہ و تاکل آں یعنی گوشت خورہ :-

برگ سداب خشک

۲ تولہ سجی اتولہ چونہ اتولہ ہڑتال اتولہ سب کو پیس کر تیز سرکے میں ٹکیاں بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ میں رکھیں جب کوزہ سرخ ہو جائے اور دوائیں جل جائیں تب نکال لیں۔ دوا کا رنگ سیاہ ہو ورنہ اور آگ دیں باریک پیس کر انگلی سے مسوڑوں پر جما کر منہ ڈھیلا کر کے لعاب نکلنے دیں (سوزاک)

استرخاء اللّہات

نسخہ جہت استرخاء اللہات یعنی کوا کا سست ہونا اور گرنا۔ اکثر مادہ بلغمی سے ہوتا ہے:۔

فلس سفید یک مثقال مُرصاف مثقال شب یمانی ۲ مثقال مازو سبز ۲ مثقال سبکو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ضرورت پر قدرے حلق میں چھڑکیں اور قدرے انگشت ابہام پر رکھ کر اس کی مدد سے ملاذہ کو اٹھائیں۔ (قانون ابو علی سینا)

دوا جس سے ملاذہ مستر خیہ کو اٹھاتے ہیں:۔

مازو سبز و نوشادر ہموزن لیکر باریک سفوف بنائیں اور قدرے انگشت ابہام پر رکھ کر ملاذہ کو اٹھائیں۔ (علاج الامراض)

دوائے کہ ملاذہ مستر خیہ حار مزاج میں مفید ہے:۔

لعاب بہدانہ ۳ ماشہ ریشہ خطمی ۳ ماشہ گل نیلوفر ۶ ماشہ گل بنفشہ ۶ ماشہ اسپغول ایک تولہ یہ مقدار ایک وقت کے واسطے کافی ہے بہدانہ کا لعاب الگ حاصل کریں اور باقی ادویہ کے مجموعہ میں ملا کر مصری سے شیریں کریں زاں بعد اسپغول ایک تولہ پھانک کر زلال موصوف نوش کریں اور روغن گاؤ انگشت ابہام پر لگا کر ملاذہ کو اٹھائیں انشاء اللہ دو تین بار تکرار عمل سے کلی صحت ہو جائیگی۔ (زمرد اخضر)

امراض حلق و سینہ

تبرید جہت خناق دموی۔ لعاب بہدانہ شیرۂ عناب شیرہ مغز تخم تربوز اور شربت نیلوفر سے کریں ۔

ضماد جہت خناق دموی۔ جدوار خطائی آب کشنیز سبز یا آب عنب الثعلب میں پیس کر بطور ضماد لگائیں ۔

غرغرہ جہت خناق دموی۔ لعاب اسپغول آب کشنیز سبز مغز فلوس بقدر مناسب لیکر آب کشنیز سبز میں ملائیں اور ساعت غرغرہ کریں ۔

غرغرہ جہت خناق بلغمی۔ آب ترب سکنجبین عسلی سرکہ وغیرہ سے ساعت بساعت غرغرہ کریں ۔

ضماد جہت خناق بلغمی۔ گل بابونہ اکلیل جدوار برزرکتان حلبہ عنب الثعلب مغز خیارشنبر ہر ایک برابر وزن لیکر یا جوان میں سے میسر آئے گرد اگر حلق کے لیپ کریں اور تا کلی صحت یہی عمل بتکرار صبح و شام کرتے رہیں ۔

آنکہ باب نافع بخناق دموی و صفراوی جب سخت ہو:۔
برگ خبازی کشنیز سبز برگ بنفشہ سبز اکلیل الملک عنب الثعلب برابر وزن لیکر پانی میں جوش دیں زاں بعد نیم گرم بخار آہستہ آہستہ منہ کھول کر حلق میں پہنچائیں۔ (قرابادین نکائی)

حب سیماب برائے قرحہ حلق جو بوجہ آتشک کے ہو:۔
سیماب مصفےٰ سہ ماشہ قند سیاہ دو دام دونوں ملا کر اس قدر کسی سل پر کوٹیں کہ دونوں ایک ہو جائیں بعد ازاں چار پہر آب نانخواہ سبز کے ہمراہ کھرل کر کے چودہ گولیاں بنائیں اور ایک صبح ایک شام کو کھائیں غذا ان روغنی بے نمک۔ دوران استعمال میں جوش دہان پیدا ہو تو پوست درخت کچنال کے جوشاندہ سے غرغرہ کریں۔ (مفتاح اعظم)

دوا خناق حار۔ عناب آبجوش انار ہندی بقدر مناسب لیکر بھگو ئیں اور شیرخشت یا زنجبین کے ہمراہ پلائیں۔ (خلاصہ)

ضماد برائے خناق حار۔ برگ خطمی گل خطمی بقدر ضرورت لیکر پانی میں پکائیں جب برگ خطمی گداز ہو جائیں تب قدرے عرق گلاب ملا کر نیم گرم مضمد پر شبانہ روز میں چار مرتبہ لیپ کریں اور ہر بار جدید برگ خطمی وغیرہ سے ضماد تیار کریں۔ (تجربات حکیم بوعلی)

علاج بحۃ الصوت از گرمی حنجرہ :۔

شیرہ تخم خیارین شیرہ تخم خرفہ سیاہ شیرہ مغز تخم کدو لیکر شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر کے ہمراہ جائیں اور اگر مناسب سمجھیں تو لعاب بہدانہ و اسپغول شیرہ عناب وغیرہ کا اضافہ کریں۔ (رموز اعظم)

علاج بحۃ الصوت از سردی حنجرہ :۔

اصل السوس مقشر نیم کوفتہ گاؤزبان پرسیاوشان بقدر ضرورت لیکر جوشاندہ بنائیں اور مصری سے شیریں کر کے نوش کریں اور فلفل سیاہ صلیت خرد ان تینوں کو ہموزن لیکر باریک کوٹیں اور شہد میں ملا کر گولیاں بنائیں اور ساعت بساعت مریض کے منہ میں متواتر رکھیں۔ (رموز اعظم)

حب جو آواز کو صاف کرتی ہیں و سینہ و حلق کا تلیین کرتی ہیں نیز کھانسی کہنہ کو نفع دیتی ہیں :۔

مغز بادام شیریں مقشر تخم کتان بریاں مغز چلغوزہ ہر ایک ۲ درم کتیرا صمغ عربی ہر ایک ۱ درم اصل السوس مقشر بیخ السوس ہر ایک نصف درم شکر سفید ۴ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر عرق بادیاں اور قدرے شہد کی مدد سے گولیاں بنائیں اور ایک گولی منہ میں رکھیں۔ (علاج الامراض)

مجرب دافع سرفہ نمونیا و نزلہ و زکام مجرب :۔

گاؤزبان ۲ تولہ سنگدانہ بریاں ۱ تولہ اصل السوس مقشر ۱ تولہ فلفل دراز ۱ ماشہ بقدر روغن بادام ہر ایک

ایک تولہ مویز منقے ۲ چھٹانک اول مویز کے تخم دور کریں پھر مویز کو عرق گاؤزبان میں گھوٹ کر شیرہ نکال لیں اور اس شیرہ میں ادویہ مسحوقہ بالا کو ملا کر روغن بادام سے چرب کر کے گولیاں ایک ایک ماشہ کی تیار کریں اور سایہ میں خشک کر کے نگاہ رکھیں اس میں سے ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں (صدری مجربات)

نوٹ۔ عادی مریضان سرفہ و نزلہ زکام کے لئے واقعی نسخہ مفید ہوگا۔ نمونیا کے بعد جو کھانسی رہ جائے اس کو بھی فائدہ ہوگا۔ (مولف)

اکسیر کھانسی۔ ایک پاؤ پختہ نمک شیشہ لیکر اس کو کوٹ کر چھوٹی چھوٹی ڈلیاں بنالیں اور اس کو ایک مٹی کے کوزہ میں رکھ لیں پھر اس پر شیر مدار کا اس قدر چویا دیں کہ مدار کا دودھ نمک سے دو انگل اونچا ہو جائے پھر سایہ میں خشک کریں دوبارہ پھر دودھ مذکور کا چویہ دیں پھر اس کو دس سیر اپلوں کی آنچ دیں جب سرد ہو جائے تو باریک پیس کر شیشی میں رکھ لیں خوراک ۲ رتی ہمراہ شربت اعجاز۔ کوزہ کو خوب گل حکمت کر لینا چاہئے۔

نوٹ۔ بلغمی و پرانی کھانسی میں مفید ہے ہاضمہ کو بھی درست کرتا ہے۔ (مؤلف)

برائے انسداد بلغم سہاگہ سفید فلفل سیاہ ہموزن لیکر گھیکوار کے عرق میں کھرل کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور صبح و شام ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ (قلمی بیاض)

علاج ضیق النفس از مادہ بلغم:۔

ابریشم خام سبوس گندم گاؤزبان گل گاؤزبان زوفا، خشک اصل السوس مقشر نیم کوفتہ سب کو بقدر ضرورت اور طاقت مریض کے مطابق لیکر چار چند پانی میں جوش دیں اور مصری سے شیریں کر کے نوش کریں۔ (رموز اعظم)

علاج ضیق النفس از بخارات قلب:۔

بائیں ہاتھ کی فصد باسلیق کھولیں اور برائے تسکین حرارت قلب شیرہ تخم خرفہ ۹ ماشہ عرق کاسنی عرق گاؤزبان ہر واحد ۷ تولہ کے ہمراہ نکال کر شربت صندل

شربت نیلوفر ہر ایک ۶ ماشہ داخل کر کے پی لیں۔ (رموز اعظم)

حب ہندی دمہ و سرفہ بلغمی را سود دارد:۔

پودینہ صبر سقوطری سہاگہ ہموزن لیکر باریک کوٹیں اور شیرکسوندی کے ہمراہ اسکی بقدر نخود گولیاں بنائیں اور ہر روز ایک گولی صبح و شام کھائیں۔ غذا گوشت کبوتر اور مشہ۔ (تجربات اکبری)

حب تنباکو جہت ہیضہ و دمہ و سرفہ و درد اعضا و قولنج و شکم و جگر وغیرہ:۔

تنباکو صورتی ۲ چھٹانک رات بھر عرق گلاب میں بھگو رکھیں صبح اچھی طرح گھوٹیں بعد اسکے سیاہ دو دانہ پختہ ماشا الائچی خورد ۱ دام الائچی کلاں ۱ دام جوز بوا ۱ دام زعفران ۱ دام بسباسہ نصف دام مشک ۳ ماشہ عنبر اشہب ۲ ماشہ سب کو باریک کوٹ چھان کر تنباکو مذکور کے ہمراہ دوبارہ عرق گلاب میں اچھی کھرل کریں اور بقدر نخود گولیاں بنائیں اور ایک گولی بجائے تنباکو برگ پان میں رکھ کر صبح و شام کھائیں (بیاض حکیم شریف خان)

کشتہ شاخ گوزن جہت ضیق النفس بلغمی:۔

برادہ شاخ گوزن نیم پاؤ شیرۂ زمین قند نیم پاؤ میں شبانہ روز میں بھگو رکھیں ازاں بعد کسی کوزہ گلی مستعلہ میں رکھ کر کوزہ کو گل حکمت کریں خشک ہو جانے کے بعد زمین میں گڑھا کھود کر بیس سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں جب آگ بالکل سرد ہو جائے نکالیں کشتہ برنگ سفید ہوگا اگر کچھ کسر رہے دوبارہ شیرۂ زمین قند میں قدرے تر کر کے دس بارہ سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں اور بقدر ایک رتی مناسب بدرقہ کے ساتھ کھلائیں غذا قلیہ و نان گندم یا کھچڑی مونگ مرغن اور دال عدس ارہر فلفل سرخ اور ترشی نہ برتیں ہے۔ (مفتاح اعظم)

ماء اللحم نافع برائے ضیق النفس و ضعف قلب و خفقان:۔

گاؤ زبان با دو برگ بید و دو عدد الائچی خورد بادیاں جوز بوا اصل السوس ۱ ریسا تخم خرفہ قرنفل ۱ روغنے خشک بہمن سفید بہمن سرخ تخم سرخ خافث پر میا و مثاں سب کو

نیمکوفتہ کرکے عرق گلاب عرق بادرنجبویہ عرق گاؤزبان میں شبانہ روز تر کرکے گوشت مرغ و گوشت دراج و گوشت کبک چربی و استخوان سے پاک وصاف کرکے داخل کریں بطریق معروف عرق کشید کریں اور دہن نیچہ میں زعفران اور عنبر کی پوٹلی رکھیں مندرجہ بالا چیزوں کے اوزان اور مقدار بروائے طبیب۔
(علاج الامراض)

جوشاندہ برائے سرفہ بلغمی اطفال مع الحرارت اور ڈبہ میں بھی مفید ہے۔

بعدانہ اصل السوس مقشر عناب گل بنفشہ گل گاؤزبان بقدر سن وسال وطاقت طفل یکجا شب بھر مناسب پانی میں بھگوئیں اور جوش دیکر گلقند سے شیریں کرکے پلائیں جہاں کہیں قبض کی شکایت ہو وہاں شیر خشت و ترنجبین ملا لیا کریں (مفرح القلوب)

دوائے جہت اقسام سرفہ بلغمی جدید و کہنہ و ضیق النفس:۔

چرچرہ یعنے پٹھکنڈہ تمام وکمال مع شاخ و برگ و تخم یکجا جلائیں اور اس کی آدھ سیر خاکستر دو سیر پانی میں پکائیں زاں بعد آدھ سیر زلال لیکر آدھ سیر فلفل دراز کو اس کے ہمراہ کھرل کریں جب سب پانی ختم ہو جائے گولیاں بقدر کنار مشتی باندھیں اور ہر روز ایک گولی بوقت صبح کھائیں اور دہی۔ شیر گاؤ روغن کنجد وغیرہ سے پرہیز کریں۔ (عجالہ نافع)

لعوق سپستان جہت سرفہ و مواد سینہ:۔

گل بنفشہ گاؤزبان پرسیاوشان ہر ایک ۲ تولہ اصل السوس خطمی خبازی ہر ایک تولہ تولہ انجیر زرد ۱۵ دانہ عویز منقے ۳۰ دانہ سپستان ۱۰۰ دانہ ابریشم خام ۲ تولہ کوکنار ۲۵ عدد سب کو گرم پانی میں شب بھر بھگو رکھیں صبح جوش دیکر چھان لیں اور مصری ایک سیر ملا کر قوام تیار کریں جب قوام قریب پختگی کے پہنچے تب مغز بادام مقشر مغز تخم کدو ہر ایک ۹ ماشہ تخم خشخاش ۱ تولہ گل گاؤزبان دانہ ہیل خورد شکر تیغال ہر ایک ۴ ماشہ تخم خرفہ ۶ ماشہ پیس کوٹ کر ملائیں اور اچھی طرح ملا کر چٹنی تیار کریں اور یہی نسخہ جب کبھی موسم سرما میں تیار کیا جاہیں تو زعفران ۶

ماشہ باریک پیس کر ملا لیا کریں۔ (مطب علوی خاں)

لعوق صبیان جہت سرفہ و حرارت و خشونت و سینہ و گلو ی اطفال۔

صمغ عربی کتیرا ہر السوس نشاستہ ہر ایک ۴ درم مغز بہدانہ ۲ درم سب کو کوٹ کر شہد میں چٹنی میں ملا رکھیں اور ضرورت پر بچے کی عمر اور طاقت کے لحاظ سے اسکو شیر مادر میں حل کر کے پلائیں۔ (علاج الامراض)

جوشاندہ برائے نفث الدم کہ جو خالی حلق و دماغ سے آتا ہے:۔

عناب ۵ دانہ گل نیلوفر ۴ ماشہ نیلوفر ۳ ماشہ عرق شاہترہ دس تولہ میں جوش دیکر شربت کا ہو ۹ ماشہ شربت نیلوفر ۴ تولہ ملائیں اور نوش کریں اور دوسرے دن اسی مقدار میں جوشاندہ تیار کر کے استعمال کریں۔ (مطب علوی خاں)

حب نفث الدم۔ گل ارمنی ۴ درم کہربا سوختہ دو دانگ ۴ الائچی صغیر عدد اقاقیا ہر ایک ۳ درم طباشیر نشاستہ عصارۃ الیس ہر ایک ۲ مثقال۔ کتیرا۔ گلنار فارسی ہر ایک ۴ دانگ کوٹ چھان کر بار تنگ کے خیسانہ سے بقدر کفایت صحرائی گولیاں بنائیں اور استعمال کریں۔ (قرابادین ذکائی)

عرق کافور جہت نفث الدم:۔

گل نیلوفر گاؤزبان ہر ایک ۵ تولہ یا قلاے تازہ دو چھٹانک گل سرخ شاہترہ ہر ایک ۵ تولہ برگ کاہو ۲ پاؤ برگ سیب برگ بید برگ بہی ہر ایک نیم پاؤ برگ کاسنی ۲ سیر کشنیز خشک ۲ تولہ مغز تخم کدو شیریں ۲ تولہ برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ ہر ایک ۲ تولہ تخم کاسنی ۱ تولہ بادیاں ۳ تولہ تخم کاہو طباشیر ہر ایک ۲ تولہ اصل السوس متقشر تخم خطمی خبازی ہر ایک ۳ تولہ برگ بار تنگ نیم پاؤ بیخ انجبار ۲ تولہ کافور قیصوری ۳ تولہ سب کو ملا کر شبانہ روز کافی مقدار پانی میں بھگو کر بطریق معروف عرق کشید کریں اور ہر روز مناسب مقدار میں نوش کریں۔ (مطب علوی خاں)

دمہ ضیق النفس۔ زیرہ گل مذار ۲ تولہ فلفل دراز ۲ تولہ باریک کوٹ کر شہد کی مدد سے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں اور رات کو سوتے وقت ایک گولی کھلایا

کریں دس پندرہ دن میں فائدہ ہوگا غیر موافق اشیاء سے پرہیز۔ بلغمی دمہ کو بالخصوص نافع ہے۔ (گدڑی)

(۲) ایک سیر تماکو بسی تلخ پھٹکڑی ۔ اتوار تماکو کو چار سیر پانی میں شام کو بھگو دیں صبح ایک کڑاہی میں پھٹکڑی کو ڈال کر نیچے آگ جلائیں کہ پھٹکڑی شگفتہ ہو جائے آگ ایک چوتھی ہو پھر تماکو کے پانی کا زلال لیکر وہ شگفتہ پھٹکڑی پر ڈالتے جاویں جس وقت تمام پانی کا چوتھا حصہ ختم ہو جائے اتار کر ڈھانک دیں سرد ہونے پر پیس کر بوتل میں رکھیں خوراک ایک سے ۲ تک مکھن یا بالائی میں ۱۴ دن تک دیں غذا مرغن ہو ترشی تیل وغیرہ سے پرہیز پرانے وکہنہ دمہ کو دور کرتا ہے (گدڑی)

(۳) سم الفار سفید ۲ تولہ قلمی شورہ ۳ پاؤ تیل سرسوں ۲ پاؤ اول چھلا اس قسم کا تیار کریں جیسا حلوائی بناتے ہیں کہ آگ برتن تک نہ پہنچے ایک کڑاہی آہنی میں قلمی شورہ کے درمیان سم الفار رکھیں اوپر تیل سرسوں ڈال دیں کڑاہی کے نیچے آگ نرم نرم جلائیں جب تیل خشک ہونے پر آئے تو آگ فی الفور زیادہ کر دیں اور خود قریب پر کھڑے ہوں جب شورہ کو آگ لگی وہ اڑیگا اور صرف سم الفار رہ جائیگا وہ مانند تیل کے ہوگا پھر کڑاہی کو نیچے اتار لیں سرد ہونے پر پیس لیں شیشی میں رکھیں خوراک ۱ رتی ۲ رتی دمہ کے مریض کو خوراک ۴ رتی دیں مفید چیز ہے۔ (حرز جان)

نوٹ۔ جو سم الفار کڑاہی میں خشک رہے وہ بھی نکال کر علیحدہ شیشی میں رکھیں تیل ہو جائیگا اس میں جائفل تر کر کے خشک کر لیں اور پیس کر رکھیں خوراک ۲ رتی تا ۴ رتی لفظل سیاہ تک مطبوبی دمہ میں بہت ہی اچھا نہایت ہوگا۔ (مولف)

(۴) چرچٹہ کے سالم پودوں کو جلا لیں اس کی خاک نصف سیر ہونی چاہئے اس خاک کو دس سیر پانی میں جوش دیں جب ایک سیر پانی باقی رہ جائے تب اس کا زلال لیکر اس میں فلفل دراز آدھ پاؤ باریک پیس کر ملائیں اور بندیہ شہد جب بقدار دانہ خود بنا لیں ایک گولی صبح و ایک شام کھلائیں۔ (کشتوری)

نوٹ۔ اسقدر خشک کریں کہ گولیاں بندھ سکیں، دم سرد یعنی جو موسم سرما اور سرد اشیاء کے استعمال سے پیدا ہوتا ہو وہ اس سے دُور ہو جاتا ہے مجرب ہے ہمارے مطب میں مستعمل ہے۔ (مولف)

(۵) لوبان کوڑیہ کے جوہر خانہ ساز تیار کروالیں بازار میں ولایتی مستعمل ہے جوہر اُڑانے کی ترکیب آسان ہے خوراک نصف چاول کورے پان یا تلسی کے پتہ میں دو تین خوراک سے دورہ دب جاتا ہے ایک ماہ میں قطعی آرام آجاتا ہے۔

(۶) دافع ضیق النفس۔ تمباکو جنگلی تمباکو پوربی۔ آک پیشکاری اصل السوس تمام کو جلا کر بطریق معروف نمک بنالیں اور نصف رتی سکر میں ملا کر کھلائیں مجرب ہے۔ (جامع)

(۷) برائے ضیق النفس شیر گاؤ ۶ سیر سم الفار سیاہ دو تولہ۔ دودھ میں سم الفار کو ڈال دیجئے اور ایک انڈا تازہ لیکر اس میں چھوڑ دیجئے اور نرم آنچ پر پکائیے اور انڈے کو برابر حرکت دیتے رہیں جب دودھ مثل ربڑی کے ہو جائے اس وقت نکال کر چھکا اور سفیدی زمین میں دفن کر دیں اور زردی کو سایہ میں خشک کر کے رکھ لیجئے ایک چاول بھر پان میں رکھ کر صرف ۳ یوم کھلائیے۔ (صمدی مجربات)

نوٹ۔ انڈا کو ایک لکڑی میں باندھ کر اس لکڑی کو ہلاتے رہیں تو بہتر ہوگا دوران استعمال میں غذا مرغن کھلائیں۔ (مؤلف)

(۸) دوا دافع ضیق النفس سم الفار تولہ سیماب مصفے ایکتولہ ورق نقرہ ۴ ماشہ سب کو سفیدی بیضہ مرغ میں تین پہر کھرل کریں پھر کنار کشتی کے برابر گولیاں بنائیں اور ظرف گلی میں رکھ کر سات مرتبہ گل حکمت کریں اور چار سیر پاچکہ شتی کی آنچ دیں سفید رنگ سفوف برآمد ہوگا خوراک ایک برنج پان میں۔ غذا مرغن

نوٹ۔ متوری باہ بھی ہے لبوب کبیر میں ایک چاول کھلایا کریں۔ (مولف)

(۹) گلقند دافع ضیق النفس ہر قسم گل ۲ دستہ تازہ لیکر دو چند شہد گلقند مطابق قاعدہ کے بنالیں اور ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہر روز کھلائے تین چند روز میں مرض دُور ہو جائیگا۔

نوٹ۔ اڑوسہ کے پودوں کو پنجابی میں [illegible] تے ہیں اور اکثر حصوں میں تازہ ہی مل سکتے ہیں کھانسی دمہ کے لئے [illegible] مفید ہیں۔ (مؤلف)

(۱۰) ہڑتال درتی پیس کر ابرک کے ٹکڑے پر دھو ڑیں اس کے اوپر دوسرا ٹکڑا ابرک کا لگا کر کوئلوں پر رکھیں جب ایک طرف سے ہڑتال سرخ ہو جائے تو دوسری طرف الٹا دیں اُدھر سے بھی سرخ کریں خوراک ۲ رتی تک شہد یا پانی سے دیں دمہ نیت النفس قے اسہال لقوہ فالج صرع تشنج گزاز دمہ اور نزلہ میں معمول ہے۔ (بیاض خاص)

(۱۱) حب سم الفار دافع ضیق النفس سم الفار ایک گرین بلاڈونا ۴ گرین شیر مدار ۴ گرین افیون ۴ گرین سب کو ملا کر ۱۲ گولیاں بنا دیں اور ایک دن میں تین گولیاں کھلا دیں بعض آدمیوں کو قے بھی ہوتی ہے مگر اس سے خوف نہ کھائیں اور کتنا ہی دمہ کا دورہ ہو فی الفور آرام آجاتا ہے بعض آدمیوں کو ایک دن میں اور بعض کو چند دن میں قطعی آرام ہو جاتا ہے کبھی خطا نہیں ہوتا بعد صحت دو تین ماہ تک ہر مہینہ کا ڈیوڑھا تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں تاکہ تولید بلغم کی موقوف ہو۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ زہریلی ادویات ہیں۔ لائق طبیب استعمال کرا سکتا ہے نسخہ لاجواب ہے ایک دن میں تین گولیاں صبح دوپہر و شام کو دیں یا اول روز ایک پھر دوسرے روز تین گولیاں دیں۔ بدقت مناسب و غذا وغیرہ طبیب کی رائے پر موقوف ہے تاہم مرغن بہتر ہے۔ (مولف)

(۱۲) دوا دافع کھانسی و ضیق النفس وغیرہ:۔

برگ مدار چند عدد جزات آدھ سیر کپڑے میں باندھ کر پانی جزات کا نکال دیں۔ اور درخت کھیل خود مع بیخ و چوب و برگ و ثمر لیکر باریک ریزہ ریزہ کر کے جوائن دیسی و خراسانی نمک سانبھر نمک لاہوری نمک کھاری نمک سیاہ ہر ایک آدھ پاؤ سب کو باریک پیس کر رکھیں بعد ازاں ایک برگ مذکور پر دہی لگا کر اس پر

سفوف نمک وغیرہ ڈالیں اُس پر ریزہ ہائے کھپلی رکھ کر اُس پر دوسرا پتہ رکھیں۔ اور ایسے ہی تمام پر عمل کریں غرضکہ تہ بہ تہ پچاس پچاس پتوں کا جوڑا بنا کر سوت سے لپیٹ کر ایک ہانڈی گل بند لگا کر گل حکمت کر کے پاچک صحرائی میں جلا دیں اور خاک کریں سرد ہونے پر نکال کر پان میں تین ماشہ خوراک دیا کریں۔ بچہ کو ۲ سے ۳ رتی تک۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ آنچ سات سیر اُپلوں کی کافی ہے۔

(۱۳) دوا مقوی جو ضیق النفس و دمہ کو دُور کرتی ہے:۔

پٹھکنڈہ ایک پاؤ کھارانی ایک پاؤ تمباکو قندھاری ایک پاؤ ان ہر سہ ادویہ کو سبوچہ گلی میں ڈال کر اُس سبوچہ کو پیشاب شتر کے ساتھ بھر دیں اور سایہ میں رکھیں جب بتن کے باہر نمک اُن کا نکل آئے تو اس میں سے بقدر ۲ چاول پیالہ میں ڈال کر مریض کو دیویں اس سے قے ہوگی بعد قے کے گائے کا روغن زرد ایک چھٹانک اور اُس میں سیاہ مرچ ڈال کر مریض کو پلا دیں۔ انشاء اللہ بہت مفید ہوگا۔ (طب حسینی)

نوٹ۔ بعض بعضوں کو قے کرانے کی ضرورت ہوتی ہے اور اُن کا ضیق النفس اسی ترکیب سے دُور ہوا کرتا ہے اگر اس نسخہ کو کام میں لایئں تو دو اتنی فائدہ بھی ہو جاتا ہے۔ (مؤلف)

(۱۴) دوا فضیق النفس۔ صدف سالم دو پڑت دو عدد۔ ہڑتال سفید ۳ تولہ سجی خشک ۳ تولہ گودہ کیلہ کے درمیان دوائی نمبر ۲ و ۳ کو فرد کر کے نیچے اُوپر صدف رکھ کر پھر تمام کو گودہ کیلہ میں ملفوف کر کے گز پٹ کریں اور پانچ سیر اُپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں خوراک ۳ رتی صبح ۳ رتی شام کو پانی سے دیں۔ ترشی بادی سے پرہیز۔

نوٹ۔ گودہ کیلہ جو صدف پر لپٹا جائیگا ۵ تولہ ہونا چاہئے اور آگ تھوڑا سلگتا ہو۔

(۱۵) سفوف برگ آک جو ضیق النفس بلغمی میں نہایت مفید ہے۔ آک کے

زرد پتے جو درخت سے خود بخود گر پڑے ہوں اُس پر چونہ و نمک ہر ایک ۴½ تولہ پیس کر لگائیں بعدہٗ خشک کر کے ہانڈی میں رکھ کر گل حکمت کر کے ایک گھڑی تک اُپلوں کی آنچ دیں تاکہ جل جائے پھر پیس کر رکھیں اور دو رتی پان میں روزانہ کھلائیں۔ (مخزن حکمت)

ذات الجنب و ذات الریہ

ضماد دافع درد ذات الجنب مجرب۔ آب حیات کا حکم رکھتا ہے:۔ دُرد سرکہ نیشکر ۱ تولہ سنکھیا سفید ۴ رتی دونوں کو پیس کر مقام درد پر ضماد کر کے آتش پاچک سے خوب سینک کر برگ ارنڈ اُوپر رکھ کر پنبہ کہنہ اُوپر باندھیں ایک ہی ضماد میں درد رفع ہو جاتا ہے۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ دُرد سرکہ نیشکر نہ ملے تو ۲ تولہ سرکہ میں کھرل کر کے گاڑھا کر لیں۔ مطلب حاصل ہو سکتا ہے۔ (مؤلف)

دوا دافع ذات الریہ (نمونیا) مجرب۔ اگر ریہ سے خون بھی آتا ہو۔ تو نافع ہے:۔ سپستان ۷ دانہ تخم خیارین نیم کوب ۶ ماشہ اصل السوس مقشر ۴ ماشہ تخم خطمی ۴ ماشہ تخم خبازی ۴ ماشہ عنب الثعلب خشک ۴ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ گل بنفشہ ۶ ماشہ حسب ضرورت پانی میں بھگوئیں اور مل چھان کر شیرۂ مغز بادام اضافہ کر کے خمیرہ بنفشہ ملا کر پیویں۔ (رموز الاطبا)

نوٹ۔ کمی و بیشی اوزان و ادویہ مطابق حالات مریض کے تغیر و تبدل ہو سکتی ہے۔ (مؤلف)

قرص ذات الجنب:۔ بادیان تخم کتان تخم خبازی گل بنفشہ کتیرا نشاستہ گل خطمی مغز بہدانہ ترنجبین بقدر ضرورت اور مناسب وقت لیکر کوٹ چھان لیں عناب سپستان کو پانی میں بھگو کر زلال لیں اور فلوس خیار شنبر اس پانی میں تر کر کے بعد ملنے کے چھان لیں اور کوفتہ ادویہ ملا کر قرص تیار کریں اور مریض اور مرض کی طاقت کا اندازہ کر کے کھلائیں۔ (قرابادین ذکائی)

کماد ذات الجنب دموی کی درد میں بہت کارآمد ہے :-

آرد جو آرد باقلا سبوس گندم آرد گاورس سب کو کوٹ کر لعاب گل خطمی لعاب بذر قطونا لعاب بہدانہ شیر گاؤ روغن بنفشہ روغن گل مناسب مقدار کے ہمراہ خمیر کر کے دو انگل موٹی روٹی مقام درد کے برابر تیار کریں اور تابہ آہنی پر نیم پختہ کریں اور مقام درد پر بعد از تمریخ قیروطی جو ذیل میں درج ہے ٹکور کریں یعنے بقدر برداشت گرما گرم رکھیں :-

نسخہ قیروطی :- پیہ گردہ بز موم سفید روغن کدو روغن بنفشہ روغن گل مناسب وزن میں لیکر باہم ملائیں اور چھان لیں بعد ازاں گل بنفشہ گل خطمی تراشہ کدو عنب الثعلب اصل السوس مقشر نیم کوفتہ پرسیاؤشاں پانی میں جوش دیکر چھان لیں بعد ازاں آب اسفاناخ لعاب بہدانہ کا اضافہ کر کے چربی اور روغن وغیرہ کو آگ پر رکھیں اور آب مذکور قدرے قدرے ڈال کر پختہ یعنے تسقیہ دیں۔ جب تمام پانی ختم ہو جائے اور صرف روغن چربی وغیرہ رہ جائے پارچہ ململ پر لیپ کر کے مقام درد پر رکھیں۔ (مجربات حکیم محمد ہادی شیرازی)

لعوق کہ ذات الجنب و ذات الصدر و جمیع امراض صدر و حجاب و جنب و ضیق النفس حار مفید و مجرب :-

گل بنفشہ گل نیلوفر تخم خیار تخم خرفہ پرسیاؤشاں اصل السوس فراسیون زوفا خشک ہر ایک ۳ ماشہ خشخاش ۴ ماشہ مویز منقے ۱۰ دانہ جو مقشر ۳ ماشہ انجیر زرد ۵ دانہ سب کو چار چند پانی میں جوش دیکر چھان لیں اور مصری ۱۰ درم اور قدرے روغن بادام کے ہمراہ بطریق معروف چٹنی تیار کریں اور بقدر ۶ ماشہ چاٹ لیا کریں اور جہاں کہیں مادہ غلیظ سرفہ ہو وہاں سپستان انیسون خطمی بہدانہ کتیرا کا اضافہ کر لیا کریں اور برائے مادہ غلیظ سرفہ گل بنفشہ گل نیلوفر تخم خیار تخم خرفہ نہ ملائیں (مجربات فضل اللہ تبریزی)

نفث الدم پیپل کی ریش کے درمیان سکہ کی گولی رکھ کر ۲۵ سیر لکڑی کی آگ دیں اور نکال کر پیس لیں اس میں سے ایک چاول شیرہ بکن کے ساتھ کھائیں مجرب ہے

کے ساتھ کھائیں بہت مجرب ہے۔ (بیاض خاص)

نوٹ۔ آگ بدستور مطابق قواعد کے بعلم حکمت وغیرہ کے دیں اگر شیرہ بکمن نہ ملے تو مناسب بدرقہ سے کام لے سکتے ہیں ٭

فواق۔ اصل السوس عشرہ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور چھ ماشہ شہری سفید باریک پیس کر دونوں میں ملالیں پانچ پانچ ماشہ کی تین پڑیہ بنا کر صبح، دوپہر و شام کو سرد پانی سے استعمال کرائیں ٭

نوٹ۔ چند بار کا مجرب ہے سرکہ پلانے یا صاف گرم پانی پلانے سے بھی ہچکی رک جاتی ہے۔ (مؤلف)

(۲) مور کی دُم کا پر جلا کر شہد کے ساتھ چٹائیں مجرب ہے۔ (بحر الفواید)

(۳) دواء الفواق۔ یہ جوشاندہ اعجاز مسیحائی رکھتا ہے:۔

کپور کچری ۱۲ ماشہ الائچی ۱۱ دانہ مصطگی ۲ ماشہ دارچینی زیرہ کرمانی ہر ایک ۱ مثقال گلقند اتولہ سب ادویہ کو جوکوب کر کے ڈیڑھ پاؤ پانی میں ڈال کر پکائیں جب ایک پاؤ باقی رہ جائے تو چھان کر ان سے گھونٹ گھونٹ پلاتے رہیں (صفوۃ الطبا)

دوائے کہ فواق بلغمی را سود مند است:۔

سنا مکی اصل السوس بادیان مصطگی گلشرخ برابر وزن لیکر قدرے پانی میں جوش دیں اور گلقند آفتابی سے شیریں کر کے بطور قہوہ نوش کریں۔ (رموز اعظم)

دوائے جہت فواق صفراوی کہ تلخی دہن و قے صفراوی ؤ زنجاری باشد:۔ پہلے سکنجبین گلاب کے ہمراہ یا آب فاتر پی کر قے کریں اگر افاقہ نہ ہو بقاصلہ تین چار گھڑی مطبوخ ہلیلہ زرد یا مطبوخ فراکہ استعمال کریں اور شام کو پالک کا ساگ پکا کر چاولوں کے خشکہ کے ہمراہ کھلائیں اور صبح کو طباشیر اور سماق ہر واحد ماشہ باریک شدہ بشربت انار میں گوندھ کر شیرہ زرشک و خیارین و خرفہ ہر ایک ۹ ماشہ ہمراہ گلاب اور شربت آلو ہر واحد ۴ تولہ کے ساتھ دیں۔ (خلاصۃ التجارب)

دوائے کہ فواق ریحی را مفید است :-

پوست درخت سرس پوست درخت پیپل قرنفل ہر واحد برابر قدرے تمباکو نوشیدنی میں ملائیں اور بذریعہ حقہ کش لگائیں۔ (خلاصۃ التجارب)

قرص مخدر جو فواق شدید میں دی جاتی ہے :-

قسط زعفران گل سرخ مصطگی سنبل الطیب ہر ایک ۴ درم اسارون ۲ درم صبر افیون ہر واحد ۱ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر لعاب اسپغول سے قرص بنائیں اور بقدر نیم مثقال کھائیں۔ (قانون بوعلی سینا)

امراض القلب

دافع کمزوری و اختلاج قلب۔ نشاستہ خشخاش مغز بادام خرما ہر ایک ۱۴ ماشہ روغن گاؤ ۴۲ ماشہ مصری ۹۸ ماشہ سب کو شیر مادہ گاؤ ۲ سیر میں جوش دیں اور صندل ایک تولہ گھسا ہوا شامل کر کے یک ذات کر لیں خوراک ۷ ماشہ ہر صبح و شام شیر مادہ گاؤ سے دیں۔ (بحر الفواید)

نوٹ۔ جب دہنیت اور مائیت دودھ کی درست ہو تب آگ سے اتاریں۔

خفقان فعل قلب۔ مشک ۲ رتی جدوار ایک ماشہ پیس کر کھلائیں (بیاض خاص)

نوٹ۔ جب دل اپنی پوری حرکت نہ کرتا ہو تو یہ تدبیر فوراً فائدہ دیتی ہے دونوں اشیاء اصلی ہوں۔ (مؤلف)

دوائے خفقان حار جو بارہا کی مجرب ہے۔ لاجورد مغسول ۲ رتی ابریشم مقرض ۴ رتی مروارید باریک شدہ ایک رتی کہربا ۲ رتی سب کو ملا کر ایک عدد آملہ مربہ کے ہمراہ کھلائیں اور عرق بید مشک ۲ تولہ گلاب ۵ تولہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ شربت انار شیریں ۲ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ میں تخم فرنجمشک مناسب مقدار میں مخلوط کر کے اوپر سے پلائیں۔ (رموز الاطبا)

نوٹ۔ یہ ایک خوراک ہے تخم فرنجمشک ۲ ماشہ کافی ہیں۔ (مؤلف

برائے ضعف قلب سوداوی و تقویت معدہ۔ گل سرخ گاؤزبان ہر ایک ۴ ماشہ بادرنجبویہ ۱ ماشہ قرنفل ۱ عدد عود ۲ ماشہ قدرے پانی میں جوش دیکر چھان لیں اور مصری سے شیریں کر کے نوش کریں۔

جوارش برائے تقویت قلب و دفع خفقان و منع صعود ابخرہ از معدہ بہ دماغ۔ ہلیلہ مربہ ۵ عدد آملہ مربہ ۴ عدد دانہ ہیل ۳ ماشہ کشنیز خشک تولہ بید مشک بقدر حاجت نبات سفید دو چند ادویہ مربیات کو شبانہ روز پانی میں تر رکھیں بعد ازاں دھو کر خستہ دور کریں اور عرق بید مشک میں گھوٹ کر دانہ ہیل اور کشنیز کو علیحدہ کوٹ کر ملائیں اور مصری کا قوام تیار کر کے جوارش تیار کریں اگر طبیعت میں زیادہ گرمی محسوس نہ ہو تو مصطگی ۱ ماشہ بھی ملا لینی چاہئے خوراک بقدر برداشت۔ (بیاض اکمل خاں)

ترکیب ساختن کافور بھیم سینی برائے حرارت قلب۔ کافور چینی بہروزہ خشک ناگ کیسر برادہ صندل سفید ہر ایک ۲ تولہ لائچی خورد ۹ ماشہ قرنفل ماشہ تیجپات شورہ قلمی ناگرموتھہ جوتری ہر ایک ۴ ماشہ زعفران ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر آب بیخ کیلہ کے ہمراہ چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنائیں اور تابہ آہنی پر رکھ کر پیالہ چینی واژگوں سے ڈھانک دیں اور تابہ آہنی کے نیچے نرم آگ ایک پہر تک جلائیں اور پشت پیالہ پر کپڑا پانی میں تر کر کے رکھیں اور دمبدم کپڑا پانی سے تر کرتے رہیں بعد ایک پہر کامل کے پیالہ کو نہایت آہستگی سے اٹھائیں اور پیالہ سے جوہر کافور کو چھڑا لیں اور جمع کرنے کے بعد حقہ آہنی یا مسی بے قلعی میں بند کریں اور آب بیخ کیلہ یا چند دانہ گھونگچی کے بھی ڈالیں یہ جوہر ہمیشہ اصلی حالت میں رہینگے۔ (رموز اعظم)

معجون حافظ الروح مومیائی اصل ورق طلا محلول ورق نقرہ محلول ہر واحد مثقال روغن پستہ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۵ مثقال عنبر اشہب نیم مثقال جدوار خطائی مشک خالص ہر ایک ۱ دام ترنجبین خراسانی ۹ مثقال آب سیب شیریں

آب بہی شیریں آب انار شیریں گلاب عرق بہار عرق بید مشک ہر ایک ۱۰ مثقال۔
عسل سفید ۴۰ مثقال اول مومیائی اور عنبر کو روغن پستہ میں اچھی طرح آمیز کریں اور
ورق طلا و نقرہ کو ۱ تولہ شہد میں حل کریں اور باقی اجزا کو باریک کوٹیں اور باقیماندہ
شہد اور ترنجبین کا مذکورہ پانیوں کے ہمراہ قوام تیار کرنے کے بعد یکے بعد دیگرے
سب چیزیں ملائیں اور معجون تیار ہو جانے کے بعد کسی چینی کے برتن میں رکھیں
اور حسب برداشت ہر روز کھائیں۔ (مجربات حکیم صالح محمد خاں)

روغن زنگترہ مقوی قلب و مفرح مقوی بدن۔ آب زنگترہ آب زردک
آب نیشکر کشمش سبز ہر ایک ۱۰ سیر جوز بوا بسباسہ ہر ایک ۲ تولہ قرنفل دارچینی گل
گاؤزبان ہر ایک ۵ تولہ شکر سفید مصفیٰ ۵ سیر عود غرقی ۲ تولہ عنبر اشہب ۴ ماشہ
خشک ۳ ماشہ پوست کنار صحرائی ۲ سیر پہلے پوست کنار صحرائی آبہا زنگترہ وغیرہ۔
کشمش شکر چار چند پانی کے ہمراہ ایک بڑے خم میں ڈالیں اور سرگین اسپ میں
مدفون کریں جب خم میں جوش پیدا ہو تمام باقی ادویہ نیم کوفتہ ڈالیں اور خیال رکھیں
جب جوش بند ہو جائے عرق کشید کریں اور زعفران مشک عنبر کی پارچہ ململ میں پوٹلی
باندھیں اور دہن نیچہ میں رکھیں اور ہر روز بقدر برداشت نوش کریں اور اگر عرق
دو آتشہ کشید کریں تو فوائد میں اعلیٰ دیکھیں۔ (رموز اعظم)

عرق منشی مقوی دل و مشتہی۔ قند سیاہ ایک من پوست مغیلاں نیم کوفتہ ۱۰ سیر
چار چند پانی کے ہمراہ ایک بڑے خم مستعملہ میں ڈال کر سرگین اسپ میں مدفون کریں
جب خم میں جوش پیدا ہو کر دور ہو جائے بقدر امن عرق کشید کریں اور عرق مذکور میں قرنفل
تولہ عود غرقی ۲ تولہ برادہ صندل نیم پاؤ بیخ بنفشہ سعد کوفی پوست ترنج ہر ایک ۱ تولہ
بہمن سرخ بہمن سفید شقاقل ساذج دارچینی ہر ایک ۲ تولہ ثعلب مصری گل گاؤزبان
ہر ایک ۴ تولہ خس ہندی دانہ الائچی کلاں ہر واحد نیم سیر مصری ۱ سیر کشمش نیم سیر ورق گل
سرخ سبزی دور کردہ ۵ سیر جوز بویہ بسباسہ ہر ایک ۲ درم زعفران ۶ ماشہ عنبر ۲ ماشہ
کوفتنی ادویہ نیم کوفتہ کر کے تین چار شبانہ روز تر رکھ کر بارہ تیرہ سیر عرق دو آتشہ کشید

کریں اور زعفران و عنبر کی پارچہ ململ میں پوٹلی باندھ کر دہن نیچے رکھیں اور ہر روز بقدر برداشت طبیعت نوش کریں اور اگر اس کو بطور مالیخولیا بنانا چاہیں تو گوشت مرغ دراج بٹیر حلوان وغیرہ جو پسند کریں مناسب مقدار میں لیکر چربی اور استخوان سے پاک و صاف کریں اور دفن زمین میں بریاں کرنے کے بعد کافی پانی ڈال کر پکائیں جب گوشت اچھی طرح گداز ہو جائے کسی کھلے برتن میں بھر کر شب بھر پڑا رہنے دیں صبح جس قدر دُہنیت یعنے چکنائی اُوپر جمی ہوئی ملے اُس کو علیحدہ کریں اور یخنی کو تھوڑے روغن بادام میں قدرے زنجبل اور دارچینی ڈال کر چھادیں اور ایک آتشہ عرق میں ملا کر دو آتشہ عرق کشید کریں۔ (مفتاح)

عرق حذر فشی تفریح و نشاط آور و مقوی باہ است :۔

گذر یعنے گاجر بیخہ لیکر پوست اور استخوان سے صاف کریں اور ہمن تبریزی لیکر چار چند پانی میں پکائیں جب اچھی طرح پختہ ہو جائیں اچھی طرح ہاتھوں سے ملیں اور قند سیاہ ہمن تبریزی پوست مغیلان ہمن تبریزی پوست بلیلہ کابلی ایکسو مثقال کے ہمراہ ایک بڑے خم میں بسرگین اسپ دفن کریں جب بعد چند روز کے خم میں جوش پیدا ہو جائے صندل سفید خیجہ گل سرخ دارچینی گل گاؤزبان پوست ترنج ہر ایک ۲۵ مثقال ڈال کر بطریق معروف عرق کشید کریں اور عرق مکرر میں صد گونی سافرج ہندی چوب چینی ہر ایک ۳۵ مثقال زنجبیل کندہ ہر ایک ۱۹ مثقال نیم کوفتہ کر کے تین چار شبانہ روز تر رکھ کر عرق دو آتشہ کشید کریں اور اس مرتبہ مشک۔ زعفران ہر ایک مثقال عنبر اشہب ۲ مثقال کی پارچہ ململ میں پوٹلی باندھ کر دہن نیچے میں رکھیں اور جب طبیعت چاہے یا ہر روز بقدر برداشت طبیعت نوش کریں۔ (قرابادین شریفی۔ ذکائی)

معجون طلا تقویت قلب و تفریح میں بے عدیل ہے :۔

نبات سفید نیم سیر عسل مصفے ۷ دام آب سیب ۲ دام دوشاب ادام عنبر اشہب ۲ سرخ کے ہمراہ صلایہ کردہ اکیتولہ مشک خالص نیم تولہ ورق طلا یکصد عدد گلاب بقدر

مابت چھاتہ کہ آب سیب و مسل ودو شاب کا ہمراہ گلاب قوام تیار کریں اور عبیر
اشہب اس میں طاہیں بعد ازاں ورق طلا ایک ایک کر کے ڈالیں اور ملاتے
جائیں پھر کستوری باریک کی ہوئی شامل کر کے سب کو آپس میں اتنی دیر تک
آمیز کریں کہ سب چیزیں یک جان ہو جائیں اور چینی یا کانچ کے برتن میں بحفاظت
تمام رکھیں خوراک دو تین ماشہ تک کافی ہے۔ (مخترع حکیم مسیح الزمان)

امراض مری و معدہ

حب مسہل جہت دفع تشنج و قولنج و اسہال :-

بیخ بنفشہ زرد پوست بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ سنا مکی ہر ایک ۳ تولہ صبر سقوطری اول
زنجبیل بادیان ہر ایک ۲ تولہ حب السلاطین نیم پاؤ شورہ قلمی ۳ تولہ شیر گاؤ ۳ سیر
اول حب السلاطین مقشر کر کے پارچہ ململ میں پوٹلی باندھیں اور شیر گاؤ میں ڈالکر
جوش دیں اور حین جوش میں شورہ قلمی کوٹ کر ڈالیں جب گھویا بن جائے تو
حب السلاطین کی پوٹلی نکالیں اور پانی سے دھو کر اندرونی پردہ حب السلاطین
کا دور کریں اور باقی تمام ادویہ باریک کی ہوئی کے ہمراہ اچھی طرح ملا کر بقدر نخود
گولیاں بنائیں اور وقت حاجت چار گولیوں سے آٹھ گولیوں تک گرم پانی یا ادویہ
مناسب کے ہمراہ کھائیں اور دودھ کو زمین میں دفن کر دیں (بیاض حکیم محمود خاں)

جوارش مقوی معدہ و مشہی و مانع اسہال و موافق محرور مزاج

آملہ منقی ۵ تولہ خشک بھگو کر نیم سیر عرق بید مشک نیم سیر میں بھگو کر صبح جوش دیں
بعد ازاں ہاتھوں سے اچھی طرح مل کر کپڑے میں سے چھان لیں اور مصری
سفید نیم سیر عسل مصفے ۵ تولہ ملا کر قوام تیار کریں اور مروارید ناسفتہ ۲ تولہ
سفید ابریشم مقراض غنچہ گل سرخ گل گاؤزبان دانہ ہیل خورد پوست بیر ول پوست
مصطگی دار چینی ہر ایک ۱ تولہ عنبر اشہب ورق طلا ہر ایک ۳ ماشہ ورق نقرہ
۹ ماشہ کو فتنی ادویہ باریک کوٹ کر اور مروارید عنبر گلاب میں کھرل کر کے مثل

غبار بنائیں اور قوام میں ملائیں بعد ورق طلا اور ورق نقرہ ایک ایک کر کے ملاتے جائیں اور کسی چمچہ یا کفچہ کی مدد سے اچھی طرح آمیز کریں وقت ضرورت بقدر ۹ ماشہ یا ایک تولہ کھائیں۔ (علاج الامراض)

جوارش برائے سردی معدہ و رطوبت معدہ و پتہائے بلغمی و سوداوی و سردی انثیین نفخ معدہ شہوت کلبی قولنج ریحی و استسقاء طبلی وغیرہ:۔

زیرہ کرمانی مدبر بریاں نیم سیر فلفل سیاہ ایک اوقیہ و نیم زنجبیل دو اوقیہ برگ سداب خشک سلیخہ سیاہ دارچینی قرفہ الطیب حب بلسان مصطگی رومی سنبل الطیب ہر ایک ۲ درم بورہ ارمنی ۵ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر سہ چند شہد مصفے کے قوام میں ملا کر جوارش بنائیں خوراک ایک مثقال تک ہر روز کھائیں:۔

(مطب علوی خاں)

جوارش مصطگی مرکب جہت سردی معدہ و ضعف آں و قلب بارد اسہال بلغمی و برائے ضعف جگر و سیلان آب دہن و خفقان بارد۔

مصطگی رومی فلفل سیاہ نانخواہ کباب چینی زیرہ کرمانی مدبر زیرہ سفید ورق گلسرخ پوست اترج تخم کاسنی رازیانہ کندر کشنیز خشک بادرنجبویہ گل گاؤزبان زرنباد سنبل الطیب زعفران ہر ایک ۵ مثقال دارچینی زنجبیل قاقلہ صغار ہر ایک دس مثقال قند سفید عسل مصفے مساوی سہ چند از ادویہ قند اور شہد کا قوام تیار کریں اور کل ادویہ باریک کوٹ چھان کر ملائیں وقت ضرورت بقدر برداشت ہر روز کھائیں۔ (رموز اعظم)

جوارش جو تمام اعضاء کو قوت دیتی ہے دافع درد معدہ نیز ہاضم طعام ہے نیز نافع جنون و صداع و سرفہ بلغمی و ریاح بواسیری و بسیاری بول بوجہ سردی و حصات کلیہ و مثانہ وغیرہ:۔

سنبل الطیب قرنفل قاقلہ سلیخہ دارچینی خولنجان سعد کوفی زنجبیل فلفل سیاہ۔

دار فلفل قسط بحری عود بلسان اسارون تخم مورد قضب الزیرہ زعفران ہر ایک ۲ درم مصطگی ۵ درم قند سفید برابر مجموعہ وزن ادویہ شہد دو چند از کل ادویہ کل چیزوں کو باریک کوٹ چھان کر شہد اور قند کے قوام میں ملا کر جوارش تیار کریں خوراک ۱ مثقال۔ (مجربات جالینوس)

جوارش برائے ضعف معدہ و حرارت مزاج :۔

خبث الحدید مدبر پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ منقی گل سرخ۔ گلنار فارسی اذخر مکی برابر وزن لیکر شراب ریحانی میں جوش دیں جب سب چیزیں مہرا ہو کر قوام غلیظ ہو جائے کسی چینی کے طشت یا پیالہ میں نگاہ رکھیں اور ہر روز بقدر ۳ اوقیہ تناول کریں۔ (عجالہ نافع)

حب برائے ہضم طعام و تحلیل ریاح و نفخ معدہ و قولنج و قبض طبعی و مرطوب مزاجوں کو موافق ہے :۔

زنجبیل پوست ہلیلہ زرد تربد سفید مقشر آملہ منقی فلفل سیاہ نمک سنگ ہر ایک تولہ تولہ باریک کوٹ چھان کر تمر ہندی کے پانی سے خمیر کریں اور بقدر ۲ ماشہ گولیاں بنائیں ضرورت پر چار ماشہ سے لیکر نو ماشہ تک ہمراہ گلاب یا آب نیم گرم کھائیں۔ (علاج الامراض)

سفوف نعناع لولوی مستعمل در ضعف معدہ و خفقان بارد رطب

نعناع خشک کہربائے بریاں بسد محرق شب یمانی سوختہ سعد کوفی ہر ایک ۳ درم زراوند مدحرج درونج ہر ایک نیم درم مشک ترکی ادانگ سنبل الطیب مروارید ناسفتہ ہر ایک ۱ درم شکر سفید ۲۰ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور بقدر ۳ درم شربت افسنتین ۲۰ درم کے ہمراہ ہر روز کھائیں۔ (مجمع الجوامع)

سہاگ سونٹھ ہاضم و مشتہی و دافع ہر قسم باد و مبہی و مقوی دل و پرسوت زناں میں بھی نفع دیتی ہے :۔ موتھہ زیرہ سیاہ زیرہ سفید

کشنیز خشک بادیان تخم سونیہ نیتر بالا لونگ جاوتری صندل سفید لودہ گجراتی۔
ہر ہیر اگر تیلیہ ہر ایک نیم دام ترکش ۱۰ دام روغن مادہ گاؤ زنجبیل ہر ایک ۶ دام
شکر تری ۴ سیر اول زنجبیل کو کوٹ چھان کر سیر پانی میں جوش دیں تا غلیظ ہو
جائے زاں بعد روغن زرد ملا کر بریاں کریں اور شکر تری میں قدرے پانی ملا کر صاف
کرنے کے بعد ملا دیں اور کفچہ سے ایک جان کریں جب مثل حلوا کے تیار ہو جائے اور
پانی خشک ہو کر قوام پختہ بنے تمام ادویہ باریک کوٹی ہوئی آمیز کریں اور ہر روز بقدر
ایک دام یا قدرے اس سے کم کھائیں۔ (علاج الامراض)

معجون دماغ و معدہ کو قوت دیتی ہے دانتوں کو مضبوط کرتی اور
منہ کو خوشبودار بناتی ہے منہ سے پانی بہنے کو روکتی کرم شکم کو دفع
کرتی گردہ و مثانہ و باہ کو قوت دیتی ہے:۔

تخم کرفس نانخواہ تخم شبت تخم گندنا ہر ایک ۱۰ دام علک رومی قرنفل قرفہ
عنبر قرحا اسامون بسباسہ ہر ایک ۱ دام عود نیم وزن مشک نیم دانگ زعفران نیم
مثقال سب کو باریک کوٹ چھان کر علیحدہ رکھیں اور ایک سو دام مویز شکری
ایک سو دام شکر کے ہمراہ دیگ سنگین میں پانی ڈال کر جوش دیں جب قوام تیار
ہو جائے ادویہ کوفتہ ملا کر معجون تیار کریں اور ہر روز صبح و شام ایک مثقال
کھائیں۔ (مجربات محمد زکریا)

دوائے کہ ضعف جاذبہ معدہ را نافع است یعنے اشتہاء کاذب

پوست بلیلہ زرد ۶ دام فلفل دراز ۴ دام چرک ۳ دام نمک سنگ ۲ دام سب کو
باریک کوٹ چھان کر آب ترنج سے خمیر کریں اور بقدر کفایت گولیاں بنا کر
سایہ میں خشک کریں اور ہر روز نہار دو تین دام تک کھائیں (عجالہ نافع)

دوا جو بھوک پیدا کرنے میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے:۔

نمک سانبھر نمک سینڈھ نمک سونچر نمک پانکا کھان نمک کھاری نمک گجراتی جو کھا
نمک کو کلی ہر ایک برابر وزن نوشادر سب کے برابر سب کو باریک کوٹ چھان کر

پیالہ چینی میں ڈالیں اور اس پر عرق لیموں کاغذی اس قدر ڈالیں کہ دو انگشت بالا آجائے تب پیالہ کو پارچہ سفید سے ڈھانپ کر دھوپ میں رکھیں جب عرق لیموں خشک ہو جائے دوبارہ عرق لیموں اسی مقدار میں ڈال کر بطریق اول خشک کریں اور اسی طرح تیسری بار بھی عرق لیموں ڈال کر بطریق اول خشک کریں بعد ازاں خشک ہونے پر سب کو ایک پیالہ گلی گل حکمت شدہ میں رکھ کر دوسرا پیالہ گلی اس پر واژگوں رکھیں اور دونوں پیالوں کے لب گل حکمت سے اچھی طرح بند کر دیں اور چولھے پر رکھ کر نیچے بہت تیز آگ دوپہر تک جلائیں اور پارچہ بافتہ کئی ایک تہ لیکر اوپر کے پیالہ پر رکھیں اور لمحہ بہ لمحہ پانی سے تر کرتے رہیں اور خشک نہ ہونے دیں برابر دوپہر آگ دینے کے بعد پیالوں کو سرد ہونے دیں اور اوپر کے پیالہ کو نہایت آہستگی سے جدا کریں اور جو ہر جو چسپاں ہو گئے ہوں ان کو علیحدہ کریں ان میں قدرے دارچینی جوز بوا اور مثل ان کی دیگر ادویہ مناسب مقدار میں ملا کر قلیل مقدار میں کھائیں۔ یہ دوا دو چار ہی دن میں اپنا پورا پورا اثر دکھاتی ہے۔ (مجربات اکبری)

عرق مقوی معدہ و ملین طبع - قند سیاہ دس سیر پوست ہلیلہ زرد نیم کوفتہ برادہ آہن مصفیٰ ہر ایک ۲ سیر اجوائن نیم سیر و نیم پاؤ برگ تنبول ۵ صد عدد شیر مادہ گاؤ جغرات ہر ایک ۱۰ سیر اول پوست ہلیلہ زرد کو ۱۰ سیر پانی میں جوش دیں جب چوتھا حصہ پانی جل جائے آگ سے نیچے اتاریں اور قند سیاہ دو نیم سیر اور اجوائن نیم سیر و نیم پاؤ ملا کر دیگر تین دن تک پڑا رہنے دیں بعد چھ دن کے قند سیاہ دو نیم سیر اور ۵ صد برگ تنبول ٹکڑے ٹکڑے کر کے ملائیں اور پھر تین دن تک رکھا رہنے دیں اور بعد ۹ دن کے جغرات شیر مادہ گاؤ قند سیاہ دو نیم سیر ملا کر بدستور اول تین دن تک اور پڑا رہنے دیں بعد بارہ دن کے بطریق معروف عرق کشید کریں اور شیشوں میں بھر رکھیں اور ضرورت پر بوقت شام بقدر ۶ تولہ نوش کریں اور دو تین گھڑی کے بعد خوراک لطیف مرغن کھائیں (مجربات اہل ہند)

قرص برائے عطش جو حرارت معدہ سے ہو مغز تخم کدو مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ تخم خرفہ ہر ایک ۴ درم صمغ عربی نشاستہ کتیرا صندل سفید طباشیر ہر ایک ۴ درم کافور ۱/۴ درم یا نصف درم باندازہ حرارت سب کو کوٹ کر لعاب اسپغول کی مدد سے قرص بنائیں اور وقت دوپہر حسب ضرورت اسپغول کے لعاب کے ساتھ کھائیں۔ (خلاصۃ التجارب)

ضماد جہت ورم گرم معدہ۔ کاسنی نیلوفر مکو ملٹھی بقدر ضرورت لیکر مناسب مقدار پانی میں جوش دیں اور گلقند سے شیریں کر کے کھلائیں اور صندل سفید آب کشنیز تر آرد جو خطمی حلبہ بزرکتان سنبل الطیب قصب الذریرہ بابونہ مناسب مقدار میں لیکر مقام ورم پر لیپ کریں۔ (رموز اعظم)

دوائے ورم سوداوی معدہ صلابت معدہ و افکار فاسدہ و خشکی در چشم:۔ ماء الاصول ۱۰ تولہ بادیان تخم کرفس افتیمون ہر ایک ۴ ماشہ مناسب مقدار پانی میں جوش دیں اور مصری ۲ تولہ سے شیریں کر کے چند روز پلائیں اور دفع قبض کے واسطے فلوس خیار شنبر ۴ تولہ روغن بادام ۴ ماشہ کا اضافہ کریں۔ (رموز اعظم)

ضماد جہت ورم سوداوی بنفشہ گل سرخ سنبل سعد کوفی مصطگی تخم حلبہ ہر ایک برابر حسب ضرورت لیکر باریک کوٹیں اور لعاب بزرکتان میں خمیر کر کے معدہ پر لیپ کریں اور جہاں کہیں مناسب سمجھیں ادویہ محلل اور ملین مثل چربی مرغ اور مغز قلم گاؤ وغیرہ شامل کر لیا کریں۔ (مطب علوی خاں)

شربت کہ در ورم معدہ بجہت نفخ و انفجار استعمال کردہ میشود:۔ زعفران صبر ہر ایک ۲ دانگ و نیم دونوں کو لعاب تخم کتان و لعاب حلبہ ہر ایک ۱۰ درم مطبوخ انجیر ۲ اوقیہ حل کر کے نیم گرم پلائیں۔ (خلاصۃ التجارب)

ضماد کہ در انتہاء ورم حار مستعمل می شود۔ زعفران نیم اوقیہ بیخ خطمی اکلیل الملک ہر ایک اوقیہ بیخ مہک بابونہ گل بنفشہ ہر ایک ایک اوقیہ و نیم آرد جو برگ خطمی ہر ایک ۲ اوقیہ موم روغن بنفشہ روغن گل ہر ایک پنج استار علی الرسم ضماد تیار کر کے ٹکڑا کتان

سطبر پر لیپ کر کے معدہ پر رکھیں۔ (رموز اعظم)

ضماد منضج ورم معدہ۔ حلبہ تخم مرو ہر ایک ۳ ماشہ خوبادام تلخ ۳۰ عدد یا ایک کوٹ کر روغن بید ملا کر ضماد تیار کریں اور معدہ پر لیپ کریں اور اگر مناسب سمجھیں تو اکلیل الملک یا بونہ حب الغاط فستقین ہر ایک ۵ ماشہ انجیر زرد ایک عدد مویز منقی ۳ تولہ کا اضافہ کر کے بجائے روغن بید انجیر شراب قندی میں پختہ کر کے کھوئیں اور معدہ پر لیپ کریں اور چاہئے کہ مقام ورم پر پہلے روغن گل کی مالش کر لیا کریں۔ (طب اکبر)

ضماد کہ جہت ورم صلب معدہ بغایت سودمند است: سعد اذخر قصب الزریرہ ہر ایک ۲ درم سنبل الطیب ۲ درم گاؤزبان ۵ درم یا بونہ خطمی آرد جو ہر ایک ۷ درم بنفشہ آرد حلبہ ہر ایک ۱۰ درم سب کو کوٹ چھان کر لعاب بزرقطونا کے ہمراہ ضماد بنائیں اور علی الصباح یا جس وقت خلو معدہ از طعام ہو معدہ پر لیپ کریں۔ (قرابادین ذکائی)

تسخ ماء الاصول جہت علاج ورم معدہ بس مستعمل و مفید ہے:۔

پوست بیخ کرفس پوست بیخ بادیاں ہر ایک ۱۰ درم انیسون تخم کرفس بادیان ہر ایک ۳ درم اصل السوس ۱۰ عشر یا بونہ اکلیل الملک ہر ایک ۷ درم حلبہ ۱۴ درم انجیر سفید ۱۰ عدد مویز منقی ۱۵ عدد سب کو ملا کر ۲ سیر پانی میں جوش دیں جب ایک سیر پانی رہ جائے صاف کر کے بوتلوں میں بھر رکھیں اور ہر روز بوقت صبح عرق مذکور چار اوقیہ۔ فلوس خیار شنبر ۳ مثقال ملکر روغن بید انجیر ایک درم ملائیں اور نوش کریں +

سفوف برای نفخ معدہ و کبد و طحال و قراقر و درد معدہ و جگر اسپرزہ و امعا کہ بوجہ ریح کے ہو نیز مقوی معدہ و دافع فساد ہضم و درد گردہ و قولنج ریحی و ریح بلغمی و غیرہ:۔ زیرہ سیاہ زیرہ سفید ہر دو مدبر بسرکہ ہر ایک ۵ درم نانخواہ۔ زنجبیل ہر ایک ۶ درم آملہ ۱۰ عشر بلیلہ سیاہ سعد کوفی قرنفل دانہ ہیل کمندر پوست بلیلہ ہر ایک ۲ درم مصطگی بریاں اجمود دار فلفل تخم گندنا ہر ایک ۳ درم پودینہ ۴ درم

کپور کچری ۵ درم سنبل الطیب ۱ درم نوشادر مصعد ۳ تولہ تربد سفید ۴ تولہ زنجبیل
بے ریشہ انار دانہ ترش ہر ایک ۹ درم سب کو باریک کوٹ چھان لیں اور مقل ازرق
حلتیت ہر ایک ۳ درم آب گندنا میں حل کر کے ملائیں اور پوست درخت مدار
اور موصلی سہانجنہ ہر ایک ۷ تولہ باریک کوٹ کر نمک طعام نمک لاہوری ہر ایک
۵ درم گندنا سبز ۹ تولہ سب کو باہم ملائیں اور ہاتھ سے ملیں اور دھوپ میں رکھ کر
خشک کریں بعد ازاں دوبارہ کوٹ کر سفوف بنائیں خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ
تک۔ (اقتباس العلاج)

حابس اسہال افیونی۔ افیونیوں کو جب اسہال شروع ہوں تو بند نہیں
ہوتے یہ نسخہ مجرب ہے:۔ برگ لاجونتی سبز ۶ ماشہ ایک چھٹانک دہی کے رس
میں پیس کر پلا دیں چند مرتبہ میں اسہال بند ہو جائیں گے۔ (اسرار حکمت)

جوارش ہاضم مقوی جگر و رافع قبض و دیگر امراض معدہ: پوست ہلیلہ زرد
پوست بلیلہ آملہ مقشر برگ سنا مکی ہر ایک ۲ تولہ سب دواؤں کو آدھ سیر پانی
میں جوش دیں یہاں تک کہ نصف رہ جائے تو صاف کر کے شکر تری سفید دو چند عسل
خالص یک چند میں ڈال کر قوام بنا لیں اگر مریض کا مزاج بلغمی ہو تو آب ادرک بھی
تھوڑا سا بڑھا لیں کھانے کے بعد ۱ ماشہ کھایا کریں۔ (رموز الاطباء)

نسخہ دافع ضعف معدہ بسیار مفید است:۔ دانہ الائچی کلاں سماق بلا تخم
بادیان زیرہ سفید ہینگ دانہ ماکیاں پودینہ خشک بادیان خطائی ہر ایک ۲ تولہ
مصطگی رومی ۳ ماشہ سب کو سفوف کر کے شہد میں ملا کر ایک ایک ماشہ کے برابر
گولیاں بنا لیں اور ایک گولی صبح و ایک شام کھائیں ثقیل اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

درد معدہ جو درد معدہ دورہ سے شدید علامات پیدا کرتا ہے اور کبھی لازمی
دورہ ہو جاتا ہے۔ بھنگرہ سفید ۵ تولہ گل پلاس ایک تولہ گل مدار ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد
ایک تولہ پوست بلیلہ ایک تولہ پوست آملہ ایک تولہ زرد چوب ایک تولہ ریوند چینی ایک تولہ زنجبیل
ایک تولہ تربد سفید ایک تولہ سنا مکی ۲ تولہ بابلنگ ایک تولہ کوٹ چھان کر قند سیاہ دو چند

کے ہمراہ معجون بناویں ایک تولہ صبح ہر روز کھلائیں اکسیر البدن ہے کئی ماہ کھلانا چاہئے ۔

نوٹ نسخہ مفید ہے اگر عمدہ غذا کے ساتھ اس نسخہ کو ایک سال دیا جائے تو تمام جسمانی عوارض رفع ہوں خصوصاً مرطوب مزاج آدمی کے لئے زیادہ نافع ہے ۔

حبوب دافع درد شکم و اسہال و تکلیف ناف وغیرہ گل آک تازہ دس تولہ ۔ بیخ آک تازہ نمک سیاہ ہر ایک ۵ تولہ زنجبیل لونگ ہر ایک ایک تولہ فلفل سیاہ ۳ تولہ گل آک و بیخ آک کو خوب کوٹ کر باریک کریں پھر دیگر اشیا کو ہاون دستہ میں باریک کر کے چھان کر گل و بیخ میں ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ حبوب بن سکیں پھر چنے کے برابر گولیاں بنالیں مقدار خوراک ایک سے ۲ گولی ہمراہ آب ۔ (صدری مجربات)

دوا مقوی معدہ مشتہی دافع طحال و درد شکم و ضعف ہاضمہ و باؤ گولا وغیرہ مجرب ہے ۔ کنور گندل کا رس ۲ سیر شیر مادہ گاؤ ۲ سیر ہر دو کو کڑاہی میں جوش دیں جب قوام ہو جائے تو کشتہ فولاد ۴ تولہ ڈال کر اچھی طرح سے ملا دیں پھر دارچینی فلفل دراز ہر ایک ۴ تولہ روغن گاؤ دس بہلولی شکر تری ۱۵ بہلولی شامل کر کے حلوا بنالیں اس کی ٹکیہ یا حلوا وغیرہ کسی صورت میں بنالیں خوراک ۱۰ تولہ صبح و شام (بحر الفوائد)

حبوب مشتہی ۔ گندھک آملہ سار مغسول ایک تولہ مرچ سیاہ ۴ تولہ دونوں کو کوٹ پیس کر عرق لیموں کے ذریعہ سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر استعمال کریں (اکسیر امراض)

حبوب دافع وجع المعدہ پیٹ درد وغیرہ ۔ گل مدار تازہ ۴ تولہ قرنفل نمک سیاہ نمک طعام ہر ایک ۶ تولہ نوشادر فلفل سیاہ فلفل دراز زنجبیل ہر ایک ۵ تولہ بلیلہ سیاہ ۔ بزر البنج نانخواہ الائچی کلاں پودینہ خشک پوست بلیلہ ہر ایک ۲ تولہ کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ۱ گولی ۔ (مخزن حکمت)

نسخہ دافع ضعف ہضم دمہ و طحال :- نمک ہر سہ قسم ایک ایک تولہ سہاگہ ۱ تولہ برادہ آہن ۱ تولہ قلمی شورہ ۱ تولہ جوکھار ۱ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ ہڑتال ۵ ماشہ سم الفار ۶ ماشہ کوٹ کر اور سب کو آک کے دودھ میں دوپہر کھرل کریں اور پیالی خورد میں ڈال کر منہ بند کر کے ۲ سیر اپلوں کی آنچ دیں پھر نکال کر رکھیں خوراک ۲ رتی طحال

کے واسطے عرق سونف یا دہی کے توڑ کے ساتھ۔ دمہ کے واسطے کھانڈ میں ملا کر
رات کو کھانے کے بعد ہاضمہ کے واسطے آب گرم سے تپ بلغمی کے واسطے مصری
کے شربت سے تپ صفراوی کے واسطے کاسنی کے ساتھ۔ (گنج مجربات)

دافع باد گولہ۔ زیرہ گل مدار تولہ حلتیت فلفل سیاہ زنجبیل پودینہ خشک ہر ایک ۶
ماشہ نمک سیاہ تین ماشہ باریک پیس کر عرق بادیاں عرق پودینہ ہر ایک ۱ تولہ میں سحق کر کے
حبوب نخودی بنالیں صبح دوپہر اور شام کو ایک ایک گولی عرق بادیاں سے دیں۔

جوہر مصعد دافع ضعف معدہ جگر و خرابی آلات ہضم کے لئے اکسیر ہے بھوک
بیحد بڑھاتا اور خون صالح پیدا کرتا ہے:۔ نمک سانبھر نمک سیندھیا نمک
سونچر نمک پانگا کچلون نمک شور نمک گجراتی نمک سیاہ جوکھار سب دوا ہموزن
نوشادر عمدہ برابر جملہ ادویہ سب کو باریک پیس کر چینی کے پیالہ میں رکھیں اور آب
لیموں کاغذی اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے پس باریک کپڑا باندھ کر
دھوپ میں رکھ دیں کہ خشک ہو جائے اسی طرح تین بار عرق لیموں کاغذی میں تر
اور خشک کر کے مٹی کے مضبوط پیالہ میں رکھیں اور دوسرا پیالہ اوپر سے الٹا دیکر
آرد ماش سے منہ بند کر دیں اور چولھے پر رکھ کر نر انگشت کے برابر روئی کی بتی
بنا کر ایک پاؤ روغن تلخ ڈالکر روشن کر دیں کہ چراغ کی لو ٹھیک نیچے والے پیالے
کے بیچ میں رہے اوپر والے پیالے پر دو چار تہ کپڑا پانی سے بھگو کر رکھیں اور
جب خشک ہو تر کر دیا کریں تین گھنٹہ کے بعد آہستہ آہستہ اتار کر اوپر والے
پیالہ سے لگا ہوا جوہر احتیاط سے اتار لیں خوراک ۱ رتی سے ۴ رتی تک (رموز الاطبا)

حب الملوک۔ مدبر ایک تولہ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ ۴ گھنٹہ تک لوہے کے ہاون دستہ
میں خوب کوٹیں حتے کہ سیاہ رنگ کی معجون سی بن جائے حبوب بمقدار نخود نہایت
آسان نسخہ ہے ۲ سے ۴ گولی خوراک ہے دس بارہ دست آجاتے ہیں۔ (صدری)

نوٹ۔ گولیاں گرم پانی سے دیں۔ اس سے بھی سخت مسہل یہ ہے کہ جمالگوٹہ مدبر ۴ تولہ
کو ۲ تولہ دال نخود و بریاں سے گھوٹ کر رکھیں خوراک ۱ سے ۳ ماشہ تک شیر گرم یا آب گرم

سے دس بارہ یا زیادہ اسہال آجاتے ہیں اور سخت سے سخت مزاج بھی فائدہ اٹھا لیتا ہے

نسخہ برائے ملین مصطگی رومی اصلی ۴ ماشہ شکر سفید ۶ ماشہ ٹھنڈے پانی سے رات کو کھلائیں صبح اجابت بافراغت آتی ہے ۔

نوٹ ۔ اسی طرح کہربا اصلی بھی مفید ثابت ہوئی ہے ۔ (مولف)

مسہل سرسہ اخلاط ۔ حب السلاطین مدبر ۳ تولہ گل سرخ ۱ تولہ کتیرا ۱ تولہ اصل السوس مقشر ۱ ماشہ کوٹ کر حبوب بنائیں خوراک ایک دانہ نخود سے ۳ دانہ نخود حسب برداشت و مزاج بلغم کا اخراج منظور ہو تو شربت مصری سے دیں اگر صفرا کا مطلوب ہو آب تمر ہندی سے سودا کے لئے آش جو سے دیں ۔ (صدری مجربات)

مسہل ۔ کافور ایک تولہ زعفران ایک تولہ فلفل سیاہ دو تولہ مغز جمالگوٹہ مدبر ۲ تولہ سب کو ایک پہر عرق لیموں میں کھرل کرے اور سب کی ایک سو دس گولیاں بنائیں ہر گولی کا وزن ۵ رتی ہو پانی تازہ سے ایک گولی کھلائیں ایک گولی سے ۵ دست آجاتے ہیں ۔ (گنج مجربات)

مسہل جو کوتہ دمی و نزول نیز کھانسی کو مفید ہے :۔ سنا پوست ہلیلہ زرد ترید سفید مغز بادام ہر ایک ایک تولہ الائچی خورد فلفل دراز مصری ہر ایک ۲ ماشہ کوٹ پیس کر شہد سے تمام کی تین گولیاں بنالیں یا چٹنی سی بنالیں اور تین حصہ کر کے ایک حصہ صبح ایک حصہ شام کو چاٹ لیں اگر اسہال زیادہ آئیں تو صرف ایک خوراک دیں چند یوم میں پورا فائدہ ہوگا ۔

مسہل جو صفراوی امراض و تپوں میں مفید ہے ۔ سنا مکی ۴ تولہ بنفشہ ۱۱ ماشہ نیلوفر ۱۰ ماشہ عناب ۲ عدد آلو بخارا ۳ عدد سب کو آدھ سیر پانی میں پکا دیں جب ایک تہائی رہ جائے تو اتار کر مل چھان لیں اور اس میں ترنجبین ۵ تولہ شیرخشت ۳ تولہ املی ۳ تولہ ملا کر حل کریں پھر چھان کر کھانڈ چھٹانک بھر ملا کر نیم گرم پلائیں ۔

مسہل مجرب ۔ پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ مقشر بادیاں بنفشہ تخم خطمی سنا ہر ایک ۳ ماشہ مغز جمالگوٹہ مدبر ۳ دانہ تمام ادویہ کوٹ پیس کر روغن گاؤ سے چرب

کر کے شہد کے ہمراہ سنگی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں خوراک ایک گولی ہمراہ آب گرم موسم سرما میں اور آب سرد سے موسم گرما میں دیں ۔

مسہل بے ضرر۔ شکر سفید ایکتولہ کو تازہ آب زقوم تہ دھارا پانچ تولہ میں تمام دن کھرل کرو دوسرے دن تازہ آب زقوم تہ دھارا میں تیسرے دن بھی اس طرح سے چوتھے دن جس قدر تمہارا تھوہر کا دودھ مل سکے (ایک تولہ ضرور ہو) اس میں یہ وقفہ برابر کھرل کرو یہاں تک کہ خشک ہو جائے پھر نرم آنچ پر بطریق معروف دو پیالوں میں جوہر اڑا لیں اس جوہر کا تین چار دن روغن حب الملوک میں خوب کھرل کر دو پھر خشک ہونے پر کسی شیشی میں محفوظ رکھو خوراک ایک خردل۔ مکھن یا بالائی میں تین سے آٹھ تک اسہال ہونگے۔ (رموز الاطباء)

نوٹ: شکر سفید سے مراد سنکھیا سفید ہے یہ مسہل تیز ہے کم مقدار میں دیں آتشک کے زہر کو بھی دور کرتا ہے۔ (مولف)

روغن جمالگوٹہ مرکب دافع قے تبخ۔ مغز بادام مغز پستہ تا جیل تخم کدو تخم تربوز تخم خیارین تخم کاہو چلغوزہ جمالگوٹہ مساوی ملا کر روغن نکالیں خوراک دس قطرے دو قے تبخ کو فی الفور دور کرتا ہے اور یاخانہ برابر لاتا ہے ۔

برائے ورم جگر و اسہال جگر و جگری بخار۔ افسنتین ۷ ماشہ نوشادر ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک پیس کر پانی سے دیں ایک ہی خوراک سے فائدہ ظاہر ہوتا ہے چند دن استعمال کرائیں۔ (رپورٹ)

قے بدہضمی۔ ہیضہ

عرق ہیضہ۔ زنشک اپاء کافور ۴ تولہ برادہ صندل سفید اپاء آب نیم سیر پودینہ سیر بادیان نیم سیر الائچی سفید نیم پاء انار دانہ ترش اپاء دار چینی نیم پاء سب کو رات بھر ۱۰ سیر پانی میں بھگو رکھیں اور کافور پارچہ ململ میں باندھ کر دہن نیچہ میں رکھیں اور بطریق معروف چار سیر عرق کشید کریں خیال رہے کہ جہاں حرارت کی شدت ہو

وہاں شربت لیموں وغیرہ مبردات کے بغیر استعمال نہ کریں۔ (مجربات حکیم اصغر حسین)

قرص کہ ہیضہ بلغمی میں مفید ہیں۔ قرنفل ۱۰ درم قرفہ ۲ درم راسن ۱ درم و نیم مصطگی افیون بیروج ہر ایک نیم درم سب کو باریک کوٹ چھان کر دس قرص بنائیں خوراک ایک قرص۔ (طب اکبر)

جوشاندہ برائے ہیضہ محتبس۔ سنا مکی ۹ ماشہ گل سرخ بادیان گل بنفشہ۔ شاہترہ ہر ایک ۶ ماشہ سب کو پانی میں جوش دیکر گلقند آفتابی ۳ تولہ سے شیریں کر کے پلائیں۔ (رموز اعظم)

حب نارجیل جہت رفع ہیضہ و قے و غشیان ضعف و نقاہت کو دور کر کے بدن کو تقویت دیتی ہے:۔ نارجیل بحری تازہ ایک درم زمرد اصلی کہربای اصلی مرجان عقیق یمنی لعل بدخشی یاقوت رمانی یاقوت زرد عود ہندی عود صلیب ایرسا مصطگی قرنفل دارچینی قاقلہ صغار ورق طلا محلول جدوار خطائی زعفران ہر ایک نیم درم صندل سفید صندل سرخ طباشیر سفید تخم اترج تخم خرفہ مقشر ورق نقرہ محلول ہر ایک نیم مثقال مروارید ناسفتہ ۱ مثقال لیکر کوفتنی ادویہ باریک کوٹ چھان لیں اور جواہرات کو عرق بیدمشک کے ہمراہ دوبارہ کھرل کریں اور بقدر نخود گولیاں بنائیں وقت ضرورت تین چار گولیاں گلاب اور بیدمشک کے ہمراہ کھائیں (مجمع الجوامع)

سفوف جو قے صفراوی کو روکتا ہے:۔ کافور نیم دانگ طباشیر ۲ درم۔ گل نیشاپوری ۱ درم گلسرخ سماق ہر ایک ۵ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر بقدر ایک دو درم آب انار ترش یا آب سیب کے ہمراہ کھلائیں۔ (مجالہ نافع)

سفوف جو قے بلغمی کو قطع کرتا ہے:۔ کندر مصطگی ہر ایک ۵ درم عود خام ۷ درم انار دانہ ۱۵ درم قرنفل کبابہ قاقلہ جوز بوا بسباسہ سعد کوفی نعناع ہر ایک ۴ درم پوست ترنج فرنجمشک ہر ایک ۱۰ درم گلسرخ ۶ درم سنبل الطیب آملہ ہر ایک ۵ درم سب کو کوٹ چھان کر مناسب بدرقہ کے ہمراہ بقدر ۳ درم کے کھائیں۔ (علاج الامراض)

ہیضہ

پوست بیخ مدار تولہ۔ فلفل سیاہ تولہ۔ پپیتہ تین ماشہ۔ نربسی ۶ ماشہ۔ ان تمام کو علیحدہ علیحدہ باریک پیسکر آب ادرک و عرق کیوڑہ میں گھسکر اسکی گولیاں فلفل سیاہ کے برابر بنوالیں اور شربت انار و عرق گلاب سے دو دو گھنٹہ بعد ایک گولی دیں ہیضہ میں یہ نسخہ مفید ہے۔ (حرز جان)

فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ سونٹھ۔ کشتہ تانبہ۔ تمام ہم وزن شہد سے گولی مقدار نخود کے تیار کریں۔ ایک گولی ہمراہ عرق سونف دیں۔

نوٹ:۔ کشتہ تانبا وہ ہو جو زنگار نہ دے۔ خواہ کسی ترکیب سے تیار کیا ہو یہ نسخہ مجرب کامل ہے۔

ایک تولہ کافور ست اجوائن ۶ ماشہ ایک شیشی میں کاک کی ڈاٹ لگاکر آدھ گھنٹہ دھوپ میں رکھدیں تیل ہو جائیگا۔ خوراک ۲ سے ۵ بوند تک حسب عمر و طاقت مریض دیں جسم میں گرم آجائیگی اور پیٹ درد و قے و اسہال بھی بند ہو جائینگے۔

حفظ ماتقدم ہیضہ۔ شربت قند سفید۔ شیرہ لیموں کاغذی ملاکر پلانا۔ پانچ اقسام کے ہیضہ کا غلبہ نہیں ہونے دیتا۔ (بحر الفواید)

نوٹ۔ یہ نسخہ مجرب ہے ہیضہ کے ایام میں مختلف اقسام کی چیزیں کھانا اور گولیاں کھلانے سے وہ نفع حاصل نہیں ہو سکتا جو مصفے پانی کے دو گلاس میں دو لیموں کاغذی کا رس و مصری ملاکر پینے سے حاصل ہوتا ہے۔ (مولف)

پپیتہ کا ہاتھ کی کلائی پر باندھنا اور جسم سے مسکن کرنا محافظ ہیضہ ہے اور ایک رتی پانی میں گھسکر پلانا۔ ہر دو تین گھنٹہ بعد مجربات سے ہے (طریق الحکمت)

نسخہ دافع ہیضہ مجرب۔ زہر مہرہ اصلی۔ نارجیل دریائی۔ پپیتہ۔ فلفل گرد سفید۔ بحیقہ۔ صندل سفید۔ پوست بیخ۔ مدار ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ چھانکر تین چار روز عرق کیوڑہ۔ بید مشک گلاب میں کھرل کرکے رتی رتی کی گولیاں بنالیں

مریض کو ایک گولی گلاب سے گھنٹہ گھنٹہ بعد دیں انشاءاللہ شفا ہوگی۔ (اسرار حکمت)

زعفران۔ دارچینی۔ لونگ۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ ہمن سرخ۔ ہمن سفید۔ جائفل۔ جلوتری ہر ایک تین ماشہ۔ مرچ سفید ۲ ماشہ۔ بستاور ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ اور شہد صاف ۱ تولہ۔ ترکیب: جملہ اشیاء کو باریک کپڑ چھان کر کے ملا فیون کو پانی میں جوش دیکر مقطر کر لیں اور شہد میں ملا کر قوام کر کے ملا دیں بطور معجون ٹال یا کانچ کی شیشی میں بھر رکھیں۔ قدر خوراک دست بند کے بعد ایک ماشہ پانی دو گھونٹ کے ساتھ دیویں۔ بچہ کے اسہال کے بعد بھی ہیضہ میں ایک سے پانچ تولہ پانی میں جوش دیکر دو تین بار کپڑے میں چھان کر ایک سے دو تولہ فی بار بحکم خدا عمر چند قطرے طبیب اپنی عقل سے دے سکتا ہے اسمیں حکم خدا سے آدمی کا حکم نہیں پھولتا ہے قدرے گرانی ہو تو عرق پودینہ وغیرہ سے اُڑ جائیگی درمیان ہیضہ پیاس شدت کی لگتی ہے۔ اسمیں سونف ۲ تولہ۔ پودینہ خشک ۲ تولہ۔ پیل خورد ۱۰ عدد۔ لونگ ۱۵ عدد۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ الائچی خورد ۱۰ عدد۔ کبابچینی خورد ۱۰ یا کلاں ۵ عدد۔ چھوہارا ۲ عدد۔ پانی پانچ سیر سب کو جوکوب کر کے چار کے موافق تین چار بال دیکر کپڑے میں چھان کر ٹھنڈا کر کے پلائینگے تو پیاس بھی بجھ جائیگی اور (الٹی دست) بھی بحکم خدا بند ہو جائینگی۔ اور روغن بنفشہ کی مالش ہاتھ اور پیٹوں کے تلوے اور دماغ پر کریں۔ یہ روغن مریض ہیضہ کو بہت قوت دیتا ہے۔ مناسب سمجھیں جہانتک خوراک بند رکھیں اور چاول جسکو مُرمُرا کہتے ہیں کانجی بنا کر دیویں۔ بحکم خدا بے خطا اور مجرب نسخہ ہے۔ (حکیم احمد علی شاہ دھوراجی)

وجع الفواد

کوڑی کا درد۔ ہیرا ہینگ ایک رتی سرکہ میں رگڑ کر مالش مجرب ہے۔ (کمشنری انی سٹ)۔ ہمارا دوست آدمیوں پر مجرب ہے۔ میں گرم پانی سے دیا کرتا ہوں۔ (مولف)

امراض جگر

شربت جہت ضعف جگر و معدہ کہ با یبوست طبع و حرارت مزاج باشد بغایت نافع

افسنتین ۲ مثقال گلسرخ ۴ مثقال تمر ہندی ۱۰ مثقال ترنجبین ۳۰ مثقال ادویہ کو شبانہ روز مناسب مقدار پانی میں تر رکھکر جوش دیں اور ترنجبین ملاکر چھان لیں اور قدرے جوش دیکر نوش کریں مذکورہ بالا مقدار ایک وقت کے لئے کافی ہے دوسرے وقت پر دوبارہ اسی مقدار میں ادویہ لیکر جوشاندہ بنائیں اور پی لیں

(قرابادین وکائی۔ تحفۃ المومنین)

حب غاریقون۔

سقمونیا پروردہ ۱ درم انزروت انیسون تخم حنظل ہر ایک ۲ درم فراسیون۔ ایرسا ہر ایک ۳ درم ایارج فیقرا غاریقون۔ تربد موصوف ہر ایک ۵ درم کوٹ چھان پانی کے ہمراہ گولیاں بنائیں اور ضرورت پر دو تین درم تک کھائیں (ذخیرہ)

سفوف دافع درد جگر۔ گلسرخ ۸ درم زرشک ۵ درم سنبل الطیب مصطگی عصارۂ غافث۔ افسنتین ریوند چینی ہر ایک ۲ درم فقاح اذخر اسارون رب السوس ہر ایک دو نیم درم زعفران ۱ درم سب کو باریک کوٹ چھانکر سفوف بنائیں اور وقت ضرورت بقدر ۲ درم سکنجبین کے ہمراہ کھائیں (قرابادین قادری)

ضماد برائے درد جگر حار۔ کافور مصطگی ساذج ہندی ہر ایک ۱ درم۔ فوفل گل ارمنی ہر ایک ۲ درم نیلوفر بنفشہ ہر ایک ۳ درم صندل سفید گلسرخ ہر ایک ۵ درم صندل سرخ ۲ درم سب کو باریک کوٹ چھانکر ہمراہ موم و روغن گل یا روغن مورد یا روغن بید انجیر بقدر حاجت لیپ کریں (کامل الصناعہ)

جوشاندہ برائے ورم جگر حار۔ تخم کاسنی تخم خیار ہر ایک ۶ ماشہ عنب الثعلب پرسیاوشان اصل السوس ہر ایک ۴ ماشہ لیکر مناسب مقدار پانی میں جوش دیں اور

صاف کرنے کے بعد سکنجبین ۲ تولہ کے ہمراہ پلائیں۔ (مجربات اعظم خان)

دواء المسک کبیر۔ جہت صلابت جگر و سپرز و معدہ و استسقاء و ضعف جگر برودت معدہ و سدہ جگر کو کھولتی سنگ گردہ و مثانہ کو نکالتی ہے۔

لک مغسول۔ دوقو۔ تخم کرفس۔ زیرہ کرمانی۔ زنجبیل ہر ایک ۸ درم کمافیطوس۔ زوفا خشک ہر ایک ۴ درم اور ۴ دانگ خبطیانہ۔ زراوند ہر ایک ۱ درم صبر سقوطری سنبل الطیب ہر ایک ۱۲ درم فوہ ۱۵ درم حب بلسان سلیخہ مصطگی مقل ازرق قصب الذریرہ اسارون ہر ایک ۶ درم کندر ۴ درم دار فلفل زراوند طویل ہر ایک ۳ درم و نیم ریوند چینی۔ افرخر ہر ایک ۲ درم فلفل سیاہ قسط ہر ایک ۱۰ درم رب السوس ۲۸ درم سیسالیوس ۳ درم سب کو باریک کوٹ چھانکر سہ چند شہد مصفیٰ کف گرفتہ کے ہمراہ معجون بنائیں خوراک ایک دو مثقال (قرابادین اعظم خان)

دواء الملکم جہت قروح جوف و انفجار اورام کبد لیکن تنقیہ کے بعد استعمال کریں مصطگی۔ تخم کاسنی۔ تخم کرفس۔ گل مختوم ہر ایک ۱ مثقال کندر دم الاخوین۔ گلسرخ طباشیر ہر ایک ۲ مثقال سب کو باریک کوٹ چھانکر بقدر ۳ درم سکنجبین یا ماء العسل کے ہمراہ کھلائیں اور سلک و رامک و سعد کندر سنبل الطیب مصطگی قصب الذریرہ مناسب وزن میں لیکر آب سیب آب سفرجل میں ملاکر مقام ورم پر لیپ کریں۔

ضماد کہ برائے اورام جگر بارد۔ میعہ ۱ درم صبر زرد۔ زوفا ہر ایک ۳ درم مصطگی زعفران بابونہ اکلیل الملک ہر ایک ۴ درم افرخر حب بلسان ہر ایک ۶ درم اشق ۷ درم موم سفید ۱ درم سب کو باریک کوٹ چھانکر ہمراہ روغن سوسن۔ شراب و سرکہ کہنہ مقام ورم پر لیپ کریں۔ (مجربات قابوس)

قرص زرشک کبیر۔ ورم معدہ و جگر و پتہائے بلغمی و استسقاء را نافع بود۔

عصارہ زرشک۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۳ درم گلسرخ ترنجبین ہر ایک ۶ درم تخم کشوث۔ رب السوس طباشیر نیم درم سب کو باریک کوٹ چھانکر خیساندہ ترنجبین کے ہمراہ قرص بنائیں اور حسب ضرورت مناسب مقدار میں کھلائیں۔

(بیاض حکیم علی صاحب)

قرص کہ در ورم حار مقعر جگر استعمال مے نمایند۔

گلسرخ ترنجبین ہر ایک ۶ درم زرشک لک مغسول ہر ایک ۴ درم ریوند چینی صندل سفید تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک ایک درم ۲ درم زعفران ۱ درم سب کو باریک کوٹ چھانکر آب ترنجبین کی مدد سے ایک مثقال وزنی قرص بنائیں اور جہاں کہیں حرارت کا غلبہ دیکھیں تھوڑا کافور ملائیں ضرورت پر ایک قرص ہمراہ شیرہ تخم خرفہ و فلوس خیار شنبر استعمال کرائیں (خلاصۃ التجارب)

قرص کہ انفجار ورم جگر کے بعد استعمال کرائی جاتی ہے۔

گلسرخ مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۴ درم نشاستہ۔ کتیرا صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک ۲ درم بادیان تخم کرفس حب السوس تخم کاسنی۔ تخم کشوث ہر ایک ۱ درم سنبل الطیب مصطگی ہر کدام نیم درم سب کو باریک کوٹ چھانکر پانی کے ہمراہ قرص بنائیں اور بقدر ۲ درم ہمراہ سکنجبین وغیرہ کھلائیں۔

سفوف مفتت۔ جو جگر کی پتھری اور سنگریزوں کو نکالتا ہے۔

پرسیاؤشان خار خسک ہر ایک ۷ ماشہ حب القلت ریوند ہر ایک ۳ ماشہ حجر الیہود ۷ ماشہ خاکستر عقرب ۳ ماشہ مغز تخم بادرنگ مغز تخم خیار مغز تخم خربزہ ہر ایک ۳ ماشہ سفوف بناکر تولہ بھر ہمراہ شربت انجیر ۲ تولے کے چند روز کھلائیں۔

آب گاجر برائے قوت و گرمی جگر۔

گاجر ۵ سیر کو کدوکش کیا جائے اور ۵ سیر دودھ میں کہو وہ کر دیا جائے پھر میوہ سبز نصف سیر الائچی دانہ نصف پاؤ کالی مرچ نصف پاؤ کیسر ۶ ماشہ پیسکر ملا دو اور ½ سیر پختہ روغن زرد میں بھونکر شکر تری دو سیر پختہ ڈالکر رب بناکر نصف پاؤ صبح و نصف پاؤ شام اور رات کو دودھ پئیں۔ خوب قوت ہوگی اور گرمی جگر کو فائدہ ہوگا۔ (رموز الاطبا)

نوٹ۔ ایک شخص کا جگر کمزور تھا وہ موسم میں صرف گاجریں چھیلکر خشک کر لیتا اور تمام سال رات کو ۲ تولہ بھگو کر صبح زلال میں مصری ڈالکر پی لیتا تھا۔

(رموز اعظم)

(مخزن حکمت)

اس طریقت ہی اُسکے امراض جگر دور ہو گئے تھے مندرجہ بالا ترکیب بھی اچھی اور مقوی ہے

علاج استسقا

آسو جہت استسقا بسیار نافع۔

مغز گیکوار ۴ سیر ادرک ۲ سیر پوست ہلیلہ زرد زنجبیل فلفل گرد۔ برادہ آہن دار فلفل ہر ایک نیم پاؤ۔ قند سیاہ کہنہ ۴ سیر ادویات کوفتنی نیمکوفتہ کریں اور قند سیاہ کہنہ کا بیس سیر پانی میں شربت بنائیں اور ایک مٹکا گلی مستعمل میں سب چیزیں بھر کر سرگین اسپ میں دفن کریں ہفتہ عشرہ کے بعد جب جوش آکر سب چیزیں تہ نشین ہو جائیں پارچہ بافتہ کے ذریعہ چھان لیں اور بقدر ایک پیالہ قہوہ خوری نوش کریں۔ اور ساتھ ہی دو دام دال موٹھ پانی میں پکی ہوئی کھائیں اور اشتہا کے مطابق غذا دال موٹھ دو تین ماشہ تک بڑھائیں اگر تشنگی غلبہ کرے عرق بادیان ایک پیالہ قہوہ خوری میں چھوڑا سرکہ انگوری ملا کر پی لیں (قرابادین ذکائی)

حب برائے استسقا لحمی۔ صبر سقوطری ۱۲ درم افتیمون ۶ درم سقمونیا ۴ درم سنبل الطیب سلیخہ تربد سفید مصطگی ہر واحد ۲ درم زعفران یک و نیم درم غاریقون ۳ درم حماما ۱ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بنائیں اور ہر روز بقدر دو نیم درم کھائیں۔ (قرابادین شریفی۔ قرابادین قادری)

حب ماذریون برائے استسقا زقے۔

ریوند چینی۔ عصارۂ غافث تخم کرفس ہر ایک ۳ درم غاریقون ۵ درم ماذریون مدبر ۲ درم باریک کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں اور بقدر ۲ درم ہر روز کھائیں۔ (علاج الامراض)

حب مسہل برائے اخراج مائیت در استسقائے زقے بعد استحکام۔ مرض تربد سفید ۵ درم ایارج فیقرا۔ سکبینج ہر ایک ۴ درم غاریقون ایرسا ہر کدام ۳ درم نمک سیاہ ۲ درم نمک مغسول۔ ریوند چینی بیخ اذخر فقاح اذخر سلیخہ ہر کدام نیم درم فرفیون ۱ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر عرق بادیان کے ہمراہ گولیاں بنائیں۔ اور

ضرورت پر بقدر دو درم ہمراہ شربت شکر نیم گرم کہلائیں اگر ہمراہ شیر خشت کہلائیں زیادہ فائدہ۔ (خلاصۃ التجارب)

دوائے جہت استسقا

تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی بادیان۔ پوست بیخ بادیان۔ انجبود پوست بیخ انجبود مناسب مقدار پانی میں جوش دیکر چھان لیں اور گلقند آفتابی سے شیرین کرکے پلائیں اور غذا آب تخود پختنی گوشت کبوتر اور چوزہ مرغ دیں اور گوشت بز نالہ دنبہ خود پختہ کھلائیں اور بجائے پانی کے عرق بادیان عرق کاسنی عرق الشعلب استعمال کریں۔ (تکملہ ہندی)۔

شربت برائے امراض جہ اطفال خصوصاً حمیات میں اور ضعف جگر میں نافع ہے۔ اسارون۔ رازیانہ۔ انیسون۔ بسفایج۔ تخم کشوث۔ گلسرخ ہر ایک ۱ مثقال ریوند چینی۔ بک مغسول۔ عود قماری۔ قرفۃ الطیب۔ زعفران مصنل سفید ہر کدام ۱ مثقال دارچینی۔ دانہ ہیل خورد مصطگی ہر واحد ۱ مثقال سنبل الطیب یک نیم مثقال تخم خرفہ مقشر ۳ مثقال آب زرشک منقی ایک من تبریزی قند سفید ایک حد حاجت بسکر نیمکوفتہ کرکے شبانہ روز مناسب مقدار پانی میں تر رکھیں بعد ازاں جوش دیکر چھان لیں اور آب زرشک اور قند سفید ملا کر قوام شربت کا تیار کریں اور جب قوام تیار ہو جائے مصطگی مذکورہ ۲ مثقال باریک پیس کر ملائیں خوراک ایک اوقیہ طبی۔ عرق کہیگواد برائے استسقا کبھی و صلابت سپرز و جگر و معدہ نافع ہے۔

مغز کہیگواد چہار و نیم سیر زنجبیل درلطل لطیف کردہ تیج تبرح قاقلہ صفار جوزبوا سعد مرمکی بوئی نمک سنگ ہر یک ۲ درم قند سیاہ ۱ سیر طبی پانی ۳ من شاہجہانی۔ ادویہ کو فقنی نیم کوفتہ کرکے سب کو شبانہ روز تر رکھیں بعد ازاں بطریق معروف عرق کشید کریں اور حسب برداشت ہر روز نوش کریں۔ (قرابادین ذکائی)

معجون جو قولنج کو دور کرتی و استسقائے طبلی و جمیع امراض بلغمی جس میں عرارت غریزی ہو دور کرتی ہے۔ سداب خشک ۵ درم نانخواہ زیرہ کرمانی۔ کاشم شونیز۔ سعتر

کردیا فطراسالیون مغز بادام تخم مغز جانغوزہ۔ فلفل سیاہ۔ پودینہ خشک۔ مار فلفل وچ چندفاتب الظفر جند بیدمشک ہر ایک ۲ درم چاشیر ۲ درم سیکنجبین ۲ درم۔ پہلے گوند میں شربت قندی میں حل کریں اور تمام ادویہ باریک کوٹ چھان کر ملائیں اور جو چند حسل کہ گرفتہ کے ہمراہ معجون تیار کریں۔ خوراک ۲ مثقال تک (مجربات رازی) نسخہ مجرب برائے استسقا۔

گندبک آملہ سار مغسول تین ماشہ پارہ مصفے ۱ بیڑا۔ آملہ۔ بلیلہ کلاں بہی ہر۔ جوانخار۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر سونٹھ مرچ سیاہ۔ سہاگہ بریان ہر ایک تین ماشہ مغز ہمہ گوٹ کر برسات سے چھ آور۔

جملہ ادویہ کوٹ چھان کر اکیس پتہ ق لیموں کی دیں بعد ہر دفعہ ایک انگل عرق دوا سے ہو رہے ہوا سکو بند دیگ کھرل کے خشک کریں اسی طرح سے اکیس بار عمل کریں۔ پھر گولیاں برابر مرچ سیاہ کے تیار کریں اور اونٹنی کے دودھ کے ساتھ ایک گولی صبح کو دیں۔ اگر دودھ اونٹنی نہ مل سکے تو بکری یا گائے کے دودھ سے دیں۔ غذا دودھ دنبہ ایک سیر دودھ میں آدھ پاؤ مشہد ملا سکتے ہیں پانی کی قطعاً ممانعت ہے عرق کو یا عرق سونف دیں۔ جو سا آشامہ ہوں۔ برابر ۱۰ روز تک یہ دوا کھلائیں۔ مریض کو صحت کلی ہوگی ان تدابیر پر عمل لازمی ہے۔ (تذکرۃ الاطبا)

نسخہ عجیب۔ آملہ سار مصفے ۱ بارہ مصفے۔ کیلہ آدھ تربد آدھ تخم خطمی۔ پوست بلیلہ دو۔ نمک قلمی ہر ایک ایک ماشہ جال گوٹہ مدبر ۴ ماشہ شیر گرم میں گولیاں بنائیں خوراک ایک سے ۲ ماشہ شیر شتر اور غذا سوائے شیر شتر کے اور نہ دیں گھی نرق دونوں قسم میں بہت مفید ہے۔ (مباحث خاص)

ترکیب ہڑتال مرقی برائے استسقا۔ ہڑتال مرقی لوزہ۔ نمک اشنان ۲ لوزہ میں رکھکر نرم آگ دیں تاکہ دھواں موقوف ہو جائے۔ خوراک ۲ رتی استسقا کی وقطع السیول میں بہت مفید ہے۔

ترکیب نمک بخارہ کہار کو پانی میں بھگو کر پانی چھان لیں اور آگ پر رکھکر خشک کریں

نمک برآمد ہوگا۔

نوٹ:۔ آگ تو آلائی پر دینی چاہیئے۔ کوئلوں کی آنچ کافی ہوگی۔ (مؤلف)

عرق آسو جو مزمن استسقا کے لئے مجرب ہے۔

پوست بلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ خشک پیلو مغسل کوٹ خشک۔ بادیان تخم کاسنی ہر ایک پاؤ سیر کشنیز سفید ناخواہ۔ زرد چوب۔ تخم ترنج۔ تخم خربزہ خبث الحدید ہر ایک آدھ پاؤ برگ آک دس عدد مال کنگنی سداگ۔ بیونڈ پیتی۔ تلفل سیاہ۔ بچی۔ مرچیا کند۔ سنبل الطیب۔ لاکھ مغسول ہر ایک تین تولہ زنجبیل تخم کرفس بیخ کرفس انیسون عاقرقرحا ہر ایک ۴ تولہ آب گلرو ندہ سبز عرق۔ آب کدو سبز عرق آب کاسنی سبز عرق آب تربہ سبز عرق آب کسوندی سبز عرق عرق پکنال عرق سرس۔ عرق مکو۔ گلاب ہر ایک ایک سیر مغز گیہکوار ۲ سیر آب اندک سیر ایک سیر قند سیاہ ایک سیر بہ ستور پرانے شکر میں ڈال کر سات روز زمین میں دفن کریں بعد ہ نکال کر چھان لیں اور شیشیوں میں بھر رکھیں اور ۲ سے ۵ تولہ تک استعمال کریں۔ (مخزن حکمت)

علاج یرقان

دوائے برائے یرقان کہ ایک روز میں فائدہ ہوتا ہے۔

تخم تو۔ ی تلخ مقشر اور ہمراہ بندال قند پانی ملا کر کسی سل وغیرہ پر پیس لیں اور دو تین قطرات ناک میں ٹپکائیں دو تین گھڑی عرصہ کے بعد ناک اور منہ سے کثرت سے پانی خارج ہونا شروع ہوگا۔ اور سخت دردِ سر اور دردِ شقیقہ کی شکایت پیدا ہو جائیگی اور آخر دو تپ محرقہ بھی ہو جائیگی کسی قسم کا اندیشہ نہ کریں یعنی گھبرائیں نہیں۔ انشاء اللہ آخر شب تک تمام فضلات دور ہو کر صحت کلی ہو جائیگی (بیان حکیم اعظم خانصاحب)

دوائے جہت یرقان۔ کدو تلخ تازہ لیکر اسکو سر کی طرف سے تھوڑا کاٹ دیں اور اسمیں پانی بھر کر دن بھر دھوپ میں اور تمام رات نعیم میں رکھیں اور علی الصباح ایک دو قطرات آنکھ میں ڈالیں اور دو گھڑی کے بعد پوست بلیلہ زرد اور مصری

ہموزن کیٹ چھالکر بقدر کف دست کھائیں اور اسکے بعد فوراً حقنہ کریں
دوائیکہ برقان اسود کے لئے سودمند ہے۔

مویز منقی ۱۰ درم گل سرخ ۵ درم کباب ۳ درم سب کو شبانہ روز گرم پانی میں تر رکھکر
علی الصباح بقدر ایک پاؤ ڈال مذکور پانچ سات روز تک پلائیں (خلاصۃ التجارب)

دوائے کہ در برقان زرد و سیاہ مرکب کرسب اسکا عمال و کبدونوں ہوں
مجرب ہے۔ آب عنب الثعلب ۱۰ درق آب کاسنی ۲ اوقیہ آب برگ ترب
آب برگ بھاو ہر ایک اوقیہ وخیم آب برگ کبر ۱ اوقیہ لیکر جوش دیں اور چھان لینے کے
بعد فلوس خیارشنبر ۱ درم حل کرکے پلائیں۔ اور جہاں کہیں مناسب سمجھیں زیادہ فائدہ
مدنظر رکھکر ایارج فیقرا ۱ درم دانگ مقمونیا سفر جل میں مشوی ۱ قیراط ازلال مذکور چھڑک
کر پلائیں اور دو روز کے بعد ماء الجبن بقدر مناسب سکنجبین خیموں کے ہمراہ
استعمال کریں۔ (علاج الامراض)

ضماد مقوی عمال برائے برقان سیاہ جو ضعف عمال سے ہونا فرض ہے۔

مقل ازرق یک وخیم ورم ماشق ۱ درم فتاح اوزن حاشا۔ افسنتین قردمانا قصلوان
دقیق یبح کبر ہر کوام ۱ درم گل سرخ ۲ درم پہلے مقل و ماشق کو سرکہ میں حل کریں اور
باقی دوا یہ باریک سفوف ملا کر ضماد تیار کریں اور مقام عمال پر ضماد کریں اور جب ۲۴ بارہ
لیپ کرنا چاہیں۔ تو پہلے مقام ضماد کردہ کو سرکہ کے ہمراہ جسمیں قدرے شبت آور
سداب اور پودینہ پکایا گیا ہو دھو ڈالیں اور پھر از سر نو لیپ کریں۔ اور جہاں کہیں
تپ اور مزاج میں گرمی دیکھیں کو شربت سرو آب عنب الثعلب۔ آب کاسنی
اور سکنجبین کے ہمراہ پلائیں اور اجزائے حارہ کی بجائے اجزائے بارد کا ضماد
میں اضافہ کریں۔ (قانون بوعلی سینا)۔

مسہل نافع برقان صفراوی۔ آلو بخارا، دانہ تمر ہندی ۱۰ درم تخم خیار تخم
بادرنگ زرشک ہر ایک ۲ درم خارخون ۱ درم سب کو ایک سو ترددم شاہترہ
کے پانی باعرق شاہترہ خانہ ساز میں بھائیں جب پانی نصف رہ جائے صفر فلوس

۱۵ درم ملا کر چھان لیں اور روغن بادام ۱ درم اور ریوند چینی باریک کوٹی ہوئی نیم درم شامل کر کے پلائیں (موجز)

معسوق جو یرقان سدی کو ایک دن میں زائل کرتا ہے۔

پرسیاوشان۔ پاپڑ سنہری۔ عروۃ الصباغین ہر دو ۱ حد بقدر مناسب لیکر تین پاؤ پانی خمیر میں جوش دیں جب پانی ڈیڑھ پاؤ رہ جائے چھان لیں اور شراب یہ کہنہ حسب موقع پلائیں۔ اور صاحب یرقان کو دھوپ میں بیٹھائیں تاکہ حرارت اور پیاس کا غلبہ ہو تب جوشاندہ ملکورہ پلائیں پسینہ خارج ہو کر انشاء اللہ اسی دن مریض کی آنکھوں اور بدن کا رنگ تبدیل ہو جائیگا۔ اور دوران استعمال میں گوشت بکری کی یخنی اور مچھلی کا شوربا چائیں۔ (خلاصۃ التجارب)

سوہن مکھی۔ سلاجیت کشتہ نقرہ کشتہ منور ہر ایک ۱ درم ترپھلا۔ سونٹھ۔ فلفل دراز۔ بازرنگ ہر ایک بارہ درم سب کو کوٹ کر شکر اور فصد بارہ بارہ درم ملا کر ایک ایک درم کی گولی بنائیں اور حسب قوت مریض ایک گولی ہر روز کھلائیں۔ جب دوا ہضم ہو جائے بیمار کے حسب پسند غذا کھانے کو دیں۔ (گنجینۃ الفوائد)

نوٹ۔ میدہ۔ گندم۔ پانڈو روگ۔ یرقان۔ بے ہنمی۔ کمی اشتہا میں یرقان کے لئے مفید ہے۔ لیکن سوہن مکھی کو ۱ یوم تک ترپھلا کے رس میں کھرل کرنا چاہیے اور کشتہ منور سے مراد کشتہ خبث الحدید ہے۔

دوا دافع یرقان۔ برادہ آہن ایک تولہ ہلیلہ کابلی ۵ تولہ ہلیلہ کو باریک پیس کر تہ بہ تہ برادہ کے ظروف گلی میں رکھکر اوپر اسقدر پانی ڈالیں کہ ۵ روز میں سب پانی خشک ہو جائے۔ پھر سایہ میں خشک کر کے کپڑے میں چھان لیں۔ ترکیب استعمال یہ ہے کہ بچہ کا آستانہ سیاہ۔ روغن خدو ہر ایک آدھ پاؤ لیکر حلوا بنا کر دو سفوف ۱ ماشہ ملا کر کھایا کریں بارہا تجربہ میں آیا مفید ہے۔ (اکسیر الامراض)

حب برائے صلابت طحال۔ ایلوا۔ سنگ یرقان فلفل سیاہ۔ جلنیت ہر دو ۱ برابر لیکر کوٹیں اور گھیکوار کے گودہ میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں اور خوراک

پر بقدر ایک درم ہر روز کچھ عرصہ تک کہائیں اور اگر ہر روز نہ کہا سکیں کیونکہ اسکے استعمال سے اسہال ہوتے ہیں ایک دن کا وقفہ دیکر کہائیں اور رات کو غذا کہانے کے بعد ایک گھنٹہ کامل بقدر مناسب گولیاں استعمال کریں اور بعد ازاں کوئی چیز نہ کہائیں اور دوران علاج میں ترش اور نفخ والی اشیاء سے قطعی پرہیز رکھیں (رموز اعظم)

حب صبر مجرب النفع برائے ازالہ صلابت طحال

صبر سقوطری زاج سفید قند سیاہ کہنہ مرجان محرق شیطرج ہندی پوست بیخ کبر اشق ہر ایک برابر وزن سب کو باریک کوٹ چھان کر بھنگرہ سیاہ کے پانی یا سرکہ انگوری کہنہ کے ہمراہ کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بنائیں ضرورت پر بچوں کو بلحاظ سن و سال ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کہلائیں اور جوان کو دو گولیاں دونوں وقت صبح اور شام استعمال کرائیں۔ (مجمع الجوامع)

دوائے برائے طحال در دو سہ روز صحت کلی میشود۔

سیر یعنی لہسن کوٹ کر چار درم پانی حاصل کریں بعد ازاں روغن زرد ۴ درم قند سیاہ ۳ درم آرد گندم قدرے لیکر بطریق معروف حریرہ بنائیں ضرورت پر مریض کو پہلے لہسن کا پانی پلائیں اور بعد ازاں حریر کہلائیں انشاء اللہ دو تین دن میں کلی صحت ہو جائیگی اور خیال ہے کہ لہسن کے پانی کی مقدار بلحاظ وقت اور مریض کی طاقت کے مطابق کم پلا سکتے ہیں لیکن گرم مزاج اور نازک طبع مریض پر اسکا استعمال نکریں (مجربات اعظم خاں)

سفوف نافع برائے امراض طحال و کبد۔ تخم خیار زہ تخم خیار گل سرخ ہر ایک ۵ درم ہلیلہ زرد ۳ درم کشنیز خشک در سرکہ پروردہ ثمر طرفا تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک ۲ درم زرشک ۶ درم رب السوس مثقال ریوند چینی مثقال سب باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ضرورت پر ہمراہ جوشاندہ برگ طرفا جسمیں قدرے سکنجبین ملائی ہو ہر روز کہائیں۔ (بیاض اجمل خانصاحب)

ضماد برائے طحال کہ سہل و مجرب است۔ کاغذ کا پرزہ بقدر درم طحال لیکر اسپر قدرے شہد لگائیں اور اسپر خردل باریک پیسی ہوئی قدرے چھڑک کر مقام

تی پر چسپاں کریں اور دو شبانہ روز کے بعد جوشاندہ بابونہ کے ہمراہ دھو ڈالیں اور کپڑے سے خشک کرنے کے بعد دوبارہ لیپ کریں۔ (خلاصۃ التجارب)

قرص کہ دوم حار طحال ۔ کہ باتپ باشد زائل سازد۔

کلس خ ۳ دوم طباشیر مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ تخم بزرقطونا پدینی ہر کدام ۲ دوم زعفران بن ۱ دوم کافور ۱ دانگ سب کو باریک کوٹ کر پانی کی مدد سے قرص بنائیں مقدار پر ہر ہفتہ ایک دوم سے لیکر اشتعال تک ہمراہ بگلجبین کے کھلائیں۔ (خلاصۃ التجارب)

گلیشادس کولہ ٹار ٹریٹ آف آپیژنز اینڈ کولین ۔ باشہ دونوں کو ملا کر کل میں خمیرآک تیار کریں اور ہر روز شام کو ایک خمیرآک پی لیا کریں۔ ایک ماہ میں تلی حکمی طور پر دور ہوگی۔

نوٹ۔ دونوں انگریزی ادویات میں سے اول دوسری دوا کو باریک پیس کر چھان لیں اور خوب مل کر کے پڑیا بنالیں اسکو ۱۰ تولہ حل کر کے پلانا ہمستاد گاہ بعد میں بتا تاثیر دیکھیں

اکسیر طحال ۔ انگریزی شراب رم وائن ایک تولہ مصبر یعنی اجواہ تولہ لیمن جیلا ہوا ۲ تولہ کالی زیری ۱ تولہ ۔ سرکہ جامن کہنہ ۲ تولہ یہ سب چیزیں ایک بوتل میں رکھیں پھر چھان لیں ضرورت پر مریض کو تھوڑا سا پتاشہ یا مصری کھلا کر (آدھ گھنٹہ کے بعد) ۵ سے دو بوند حسب کھانسی تھوڑے سے پانی میں ملا کر پلائیں۔ دو پہر و شام کو ہی ایک ایک خمیرآک دیا کریں۔ ایک یا دو ہفتہ میں تمام ہوگا۔ (اسعدی مجربات)

امراض امعاء و مقعد

حب کہ اسہال کہنہ و مزمنی را در یک ہفتہ شفا بخشد

جوز بوا ۱ ب باسگل ۱ دانگ ۔ سانبھ ہندی ۱ ماشہ ۔ گھی سوچر ۱ ماشہ ۔ زنجبیل فلفل ۔ دارفلفل کشنیز خشک ۔ افیون ہر ایک برابر وزن ایک ایک باریک کوٹ چھان لیں اور پانی کی مدد سے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں مقدار ۲ تا ۴ ماشہ تک کھائیں

حب صندل کبیر مقوی معدہ و کبد و قلب و دماغ حابس اسہال۔

صندل سفید صندل سرخ طباشیر آملہ منقی جہلاس لقاقیا ہر ایک ۳ دوم ۔ کہربا

کتیرا۔ صمغ عربی۔ گل مختوم ہر ایک ۱ درم۔ تخم خبیل۔ زیرہ سفید۔ دیرہ سیاہ۔ خرفہ گل سرخ۔ ز ہر ۱ درم
مصطگی ہر ایک ۲ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر خیسانیدہ بازنگ کے ہمراہ بقدر دانہ
نخود گولیاں بنائیں اور ضرورت پر ایک گولی سے لیکر سات گولیوں تک تنہا یا کسی
مناسب عرق کے ہمراہ کھائیں (مستفاد از بیاض حکیم میر محمد حسین خان)

حب کہ جہت اسہال کبدی و غیر کبدی و دافع زہیر صادق۔

مازو۔ کزاتن۔ ہر ایک ۲ مثقال افیون ۱ مثقال صمغ عربی نیم مثقال سب کو کوٹ چھانکر
فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں اور ضرورت پر بچے کو ایک گولی اور جوان کو تین چار
گولیاں کھلائیں اور اگر دافع افیونی ہو تو گولیاں زیادہ مقدار تک کھلائیں (مجربات بطنی)

حب کہ مقوی و ساعت بہ بندد۔

افیون ۱ درم آویشیا ۲ درم گل گز سماق جب الاس ہر ایک ۴ درم باریک کوٹ چھانکر
کتیرا گوند کے فلفل کے ہمراہ گولیاں بنائیں اور ضرورت پر نیم مثقال تک کھائیں۔

حب ہندی کہ در حبس اسہال قوی مجرب است۔

سماگہ بریان اقوزہ شنگرف ماقوزہ افیون ۲ تولہ سب کو نہایت باریک اور بھی طرح
کھرل کر کے دو حصہ کریں ایک حصہ لیکر شہد کے ہمراہ فلفل سیاہ کے برابر گولیاں
بنائیں اور ایک حصہ عرق لیموں میں خمیر کر کے گولیاں بقدر فلفل سیاہ کے بنائیں اگر
اسہال رات کو زیادہ ہوتے ہوں تو حبوب مسلی کھلائیں اور اگر دن کو اسہال زیادہ ہوتے
ہوں تو حبوب لیموں استعمال کریں۔ (قرابادین شریفی)

حب قابض نافع اسہال اطفال خواہ سوداوی صفراوی ہو۔

کتھہ مصفے گلنار ہر ایک ۱ ماشہ زہر مہرہ سایدہ ۲ ماشہ صمغ عربی سیکڑی ہر دو ۱ ماشہ
افیون ۱ ماشہ مازو۔ بابیان۔ زیرہ سفید بریان ہر ایک ۱ ماشہ ۱ ماشہ کا تورا سب کو باریک
کوٹ کر پانی کی مدد سے فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں اور مناسب مقدار تک کھائیں
اور اگر چاہیں تو ہر مہرہ کی بجائے طباشیر ۱ ماشہ لے سکتے ہیں اور جہاں کہیں اسہال تھمی ہوں
تو افیون ترک کر دیں۔ (علاج الغربا)

دوائے نافع اسہال کبدی و معدی جو حرارت سے ہو

(بلدداند۔ اورم صندل سفید زرد و ند شکر جب الاس ہر ایک ۴ درم ان سب کو کلاب یا آب کاسنی یا آب بارتنگ میں سب بگو کر چبا لیں اور شیرہ خرفہ دلال مکوہ میں تیار کر کے شربت سیب یا شربت جب الاس سے شیریں کر کے پلائیں۔ اور جہاں کہیں حرارت کا غلبہ ہو وہاں قدسے طباشیر کا اضافہ کریں۔ اور کبھی قدسے کا نور بھی ملا لیا کریں اور جب حرارت اعتدال پر پہنچے یا کم ہو جائے تب مناسب غذا اور دوا استعمال کریں۔ (مجربات قرشی)۔

مائی لیسنٹ یا دوا الثعلب مجرب النفع برائے قرب و اسہال معدی بے تقصیر سنگ بصری صدقی ۲ تولہ صدق طلاء توتیا شنگرف ۲ تولہ فلفل گرد ۱ درم افیون ۱ رتی ہر ایک چار تولہ سکہ گاؤ یک درم نیم دام۔ اول سنگ بصری کو کوئلوں کی آگ پر خوب گرم کر کے بچھا لے پیشاب میں ایک سو بار سرد کریں۔ بعدہٗ فلفل سیاہ کو شب بھر پانی میں تر رکھ کر صبح باریک کر پاس، میں پیس کر ملائیں تا اسکا سیاہ چھلکا دور ہو جائے۔ بعد ازاں سب ادویہ باریک کوٹ کر کے ہمراہ سکہ گاؤ ملائیں۔ بعد ازاں عرق لیموں کاغذی میں جو ایک سوا ایک ہوں اتنے دنوں تک کھرل کریں کہ تمام عرق خشک ہو جب قرص بنائیں یا سفوف ہی بنے دیں۔ خوراک بچوں کو ایک ماشہ تک اور بچوں کو لیکن عمر کے مطابق صدقی سے چار رتی تک کھلائیں۔ (مجربات اعظم خان)

دوائے برائے اسہال و پیچش۔

بادیان۔ ایرہ سفید مغز بیل مروڑ پھلی گل سپاری ہر ایک ۱ ماشہ پودینہ۔ زنجبیل بلیلہ۔ سیاہ بہران ہر ایک ۲ ماشہ کشنیز خشک بریان ہذا الاچی پوست خشخاش بریان ہر ایک ۴ ماشہ بیغول ۴ تولہ شکر سفید ۵ تولہ اسبغول کے سوائے سب کو کوٹ چھان کر باہم ملائیں اور مناسب وقت مقدار میں کھائیں۔ (بیاض محمود خان)

مسرح قابض جو تقویت معدہ و دل کرتی اور طبع کے مطابق قبض کشائی بھی کرتی ہے کزبرہ نیم ماشہ صدق طلاء گلنار تخم مورد ماشہ ماشہ کافور یک رتی نیم ماشہ بسد انمول نیم درم موضع

مشک ۱ ماشہ گل بادنی ہر دو ۱ ماشہ بادیان تخم خیارین ہر ایک ۲ ماشہ بہ ریزی۔
یاقوت رمانی اصل بدخشانی مسک نقرہ ۱ ورق ابریشم متوسط ۱ مثقال کشنیز تخم کا ہو متقشر تخم خبث تخم
کشنیز متقشر ہر ایک ۲ ماشہ مروارید ناسفتہ کبریا ۱ شب بنفشہ تخم سرخ تخم سفید ہر ایک
۱ درم زعفران گل گاؤزبان آب خشخاش بہ باسفیدہ متقشر ہر ایک ۲ ماشہ صندل
سرخ طباشیر ہر ایک ۱ ماشہ سائی۔ مشک مشق ۱ ماشہ شربت انار شربت سیب شربت
بہی ہر ایک ۲ درم عسل سفید ۲ درم صبری ۱ درم عرق بید مشک عرق گاؤزبان۔
گلاب کاسنی ہر ایک یک شیشہ جواہرات کو علیحدہ محلول کریں ورق طلا۔ ورق نقرہ
مشک عنبر وغیرہ گلاب میں اچھی طرح کھرل کریں اور مصری شہد کا عرقیات کے ہمراہ
قوام بنائیں پھر سب ادویہ باریک کوٹ چھان کر بطریق معروف معجون بنائیں اور وقت
ضرورت مزاج اور موسم کے لحاظ سے مناسب مقدار میں کھلائیں (قرابادین ڈھاکہ)۔

دوائے برائے اسہال خونی۔

گلو۔ طباشیر پوست انار ہر ایک بھون لیکر باریک کوٹ لیں اور ضرورت پر بقدر ۲ ماشہ
سرد پانی کے ہمراہ چند روز صبح و شام کھائیں (مکتوبات علوی خان)

دوائے بہر اسہال کبدی دموی وغیر دموی و اسہال صفروی دموی۔

مصطگی بوی ۱ ماشہ ہیرہ خورد گل ارمنی گل مختوم مناسب مقدار میں لیکر باریک کوٹ لیں
اور مناسب مقدار میں شہد و برنج کے ہمراہ کھلائیں اور ساتھ ہی خبیرہ مشک بادیان
ایرسون الائچی اصلی ریشہ مظلی بھیدانہ بیخ انجبار اور بارتنگ مناسب وزن میں ملا کر
نوش کریں۔ (رحمانی)

دوائے مجرب اسہال خونی مجرب۔

مغز خستہ ابنہ مغز خستہ بادام مغز تخم کدو تخم خربوزہ باریک کوٹ کر سفوف بنائیں اور
بقدر ۱ تولہ مریض ساتھی کے پانی کے دھون کے ہمراہ کھلائیں۔ (مجالہ نافع)

سفوف کبیر حابس اسہال دموی وغیر دموی مجرب۔

بارتنگ بریاں ۱ سبغول بریاں تخم بہ کھلی بریاں مشک بریان حب الرشاد بریان۔

تخم خماض بریان سب کو صرف بریان کریں لیکن کونپل نہیں۔ صمغ عربی بریان طباشیر
گل ارمنی گل سربی گل مختوم بل فیروزہ سب الاس پوست بیرون پستہ خستہ عزا
سوختہ دانہ سرو زدانہ ابریشم پوست حنظل پوست انار بین شجت بلوط شاہ بلوط۔
غراب شامی خروب بہلی شلغ گاؤ گوہی سوختہ کہربا سودہ۔ مروارید ناسفتہ سودہ۔
مریان سوختہ۔ دوم روختہ جوزالسرو سوختہ پوست گردگان سوختہ نشاستہ
بریان پوست مرخت کنار۔ آرد نخود۔ کوبرج خستہ کرکنار سوختہ۔ گلنار۔ تخم خیارین
تخم خطمی نرم بریان۔ الفا پاسک۔ مالک مثل سفید سائیدہ و خشک کردہ پوست
نشاستہ ذیرہ کرمانی ایک شبانہ روز سرکہ میں تر کرکے بریان کیا ہوا۔ دم الاخوین۔
بیخ بنفشہ ہر ایک تولہ خستہ جامن سوختہ خستہ انبہ سوختہ ہر ایک ۲ تولہ کالی
مرچ سب کو باریک کوٹ چھان تخم بریان ثابت کے ہمراہ مسحوق بنائیں۔ اور
وقت ضرورت ہر روز دو درم سے دو مثقال سودہ پانی کے ہمراہ کھائیں (بیاض جلالی)
قرص بہت سہال خون و دم الدم جمیع اعضا بحرب۔
زعفران مصطگی نشاستہ طباشیر ہر ایک مثقال۔ جزالمنج ہر ایک ۱ درم گلنار ۲ سک۔
دوم محرک ہر ایک ۳ درم چلغوزہ کشنیز بریان صمغ عربی بریان گل ارمنی۔ پوست
بیضہ مرغ سوختہ شلغ گاؤ گوہی سوختہ تخم خماض بسد تخم خرفہ۔ کہربا۔ ہر وا حد ۵ درم
سب کو کوٹ چھان بادام کی مدت قرص بنائیں اور ضرورت ہر ایک مثقال آب بہی
کے ہمراہ نفث الدم میں اور قروح امعا میں بحرمت خشخاش کے ہمراہ کھلائیں۔ .....
حب دافع سمج وزحیر صادق۔ مازو تدبیہ ہر واحد ۲ درم صمغ عربی ۱ درم افیون
نصف درم سب کو باریک کوٹ کر بقدر فلفل سیاہ گولیاں بنائیں ضرورت پر حرمت خشخاش
جوان کو دو گولیاں بعد بچے کو ایک گولی کھلائیں۔ (دموز اعظم)
حقنہ دافع خروج مدہ از امعا۔
بیخ خطمی اصفر شب یمانی عفص سماق محرق نورہ آب نارہ۔ ہر کدام ۶ درم
خبز محرق دم الاخوین ہر کدام ۳ درم افیون صمغ عربی سفیدہ ج ہر ایک ۱ درم سب کو

بلیک کوٹ چھان کر خمیرہ مورد کے ہمراہ قرص بنا کر خشک کر لیں مقدار
پانی جو اصل ٹیڑھ سیر ہوا اسی چاول ۲ سیر جو ہر ایک ۵ درم جب الاس
پوست نارنج ہر ایک ۱ درم ملا کر جوش دیں۔ اور جب پانی آدھ سیر رہ جائے چھان
کر اسی سے بقدر چاول قیر لیں اور بقدر ۲ درم قرص مذکور حل کر کے تقسیم کریں۔۔۔
بنادق نافع زحیر و اسہال۔
مردار سنگ ڈیڑھ ماشہ کافور ایک ماشہ لیکر بقدر زنبق کے ہمراہ گولی بنائیں اور
جوان مریض کو ایک ہی وقت دیں اور بچے کو اسی عمر کے لحاظ سے کم مقدار میں استعمال
کرائیں اور خیال رہے کہ مرتومہ اوزان سے زیادہ نہ دیں۔ ورنہ سخت قبض ہو کر
قولنج کی شکایت پیدا ہو جائیگی۔ (زخیرہ اعظم)
چوشاندہ مورد زحیر کا ذب بکار آید و مفتح سدہ و حق است۔
ریشہ خطمی مخم مورد گل بنفشہ بیخ کاسنی بادیان پرسیاوشان مویز منقی۔ مجموع حاصل السوی
مناسب وقت مقدار میں لیکر چھ گنا پانی میں پکائیں جب چوتھا حصہ پانی رہ جائے
مل چھان کر قلقند بقدر ضرورت سے شیریں کر کے پلائیں (بیاض اعظم خان)
حب جہت زحیر صادق۔ مائیں۔ کتھ افیون ہموزن لیکر بقدر للفل سیاہ
گولیاں بنائیں اور مناسب وقت تعداد میں ساتھی کے چاولوں کے دھوون کے
ہمراہ کھلائیں۔ (علاج الغربا)
سفوف برائے پیچش و سنگرہنی مزمن مجرب۔
انبہ جوں تلخ۔ مورچرس مل دیا دی۔ سونٹھ ہر ایک ۱ ماشہ برگ قنب بریان ۱ ماشہ سب کو
باریک کوٹ کر ضرورت پر بقدر دو تین ماشہ پانی کے ہمراہ ہر صبح کو کھلائیں ہفتہ عشرہ
جوارش قولنج و عسر بول را بکشاید۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ بورہ ارمنی۔ قطر اسالیوں زنجبیل
للفل سفید ہر ایک ۳ درم سکمونیا مشوی ۵ درم خرما دانہ بیرون کردہ مغز بادام مقشر بیان
ہر ایک اشقال دق سداب۔ ادرم۔ خرما کو سرکہ میں شبانہ روز تر رکھکر گھوٹیں۔ اور
چھلی میں سے چھان کر شہد مصفے سہ چند ملا کر جوش دیں جب قوام تیار ہو جائے باقی

ہر دو پر باریک کوٹ چھان کر رکھیں خوراک ۵ مثقال سے ۱۰ مثقال تک (رموز اعظم)

معجون قوی لبخ ریحی۔ برگ سداب۔ پودینہ خشک۔ فلفل سیاہ۔ تا نخواہ۔ کردیا کا قلم بنجبیل۔ دارچینی ہر دار فلفل ہر ایک برابر وزن لیکر باریک کوٹ چھان لیں اور سہ چند شہد کے ہمراہ معجون بنائیں ہر صبح بر واشت طبع کھائیں۔ (قرابادین ذکائی)

معجون راحت قوی لبخ راور ساعت بکشاید و بسرعت اسہال آرد۔

فلفل۔ دار فلفل۔ زنجبیل زرد۔ کرمانی۔ سداب۔ قرفہ خولنجان ہر ایک ۱ درم سعتر نیا ۱ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر سہ چند شہد مصفے کے ہمراہ معجون بنائیں اور ضرورت پر ایک مثقال کھائیں۔ (قرابادین ذکائی)

مطبوخ مسہل جوقوی لبخ ریحی میں برائے تنقیہ مفید ہے۔

فطوبیون۔ اسفناج بزر۔ بوست بیخ بادیان۔ بیخ کاسنی ہر ایک ۱ ماشہ تخم کرفس ۱ دو نیخ ہر ایک ۱ ماشہ انجیر زرد ۱ عدد مویز منقی ۳ تولہ قرطم ایک تولہ اور ۱ ماشہ سعتر۔ ایسون ہر ایک ۱ ماشہ زیرہ ۱ ماشہ زنجبیل ۱ ماشہ سنا ۳ تولہ سب کو کافی مقدار پانی میں اچھی طرح جوش دیکر گلقند ۴ تولہ خیارشنبر ۲ تولہ ملائیں اور صاف کرکے شربت دینار ۴ تولہ روغن بادام ۱ ماشہ ملا کر پائیں (اقتباس العلاج)

شربت جو قبض دور کرتا اور صفرا کو تسکین دیتا ہے۔

گل گاؤزبان گل بنفشہ نشاستہ ہر ایک ۱ مثقال تخم ہندی ۴ مثقال زرشک بے دانہ ۴ مثقال آلو بخارا ۱۰ آلو سیاہ ہر ایک ایک سو عدد سب کو ایک سیر پانی میں خوش دیں جب پانی نصف رہ جائے فیرفشت ایک سو مثقال تخم بہی ایک سو پچاس مثقال ملا کر قوام شربت کا تیار کریں اور اسکے دس حصہ کریں۔ پھر ایک حصہ ہفتہ بھر میں ایک بار استعمال کریں۔ (طب اکبر)

ہ پنجس سنگر آہنی۔ پارہ ۱ مثقال گندھک آملہ سار ۱ مثقال ۱ اندہ جوشیر میں نگر موتھا۔ گل دھاوا ۱ مرچیں۔ ایسون ہر ایک ایک تولہ گندھک و پارہ کو کھرل کرکے کجلی بنالیں پھر باقی ادویات جو علیحدہ علیحدہ باریک کرلی ہوں ملا کر کھرل کریں۔ ایسون کو علیحدہ پیسکر

مجموعہ میں ملائیں اور صاف شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تین ماشہ دوا انار دانہ کے پانی کے ہمراہ صبح و شام دیں۔ تین سے سات دن میں مرض دور ہوگا۔ (گنڈی)

نوٹ:۔ بچوں کو نصف رتی سے ایک رتی تک دین مچھس کے علاوہ اسہال پیچش میں بھی مفید ہے۔ جس میں اول مسہل دوا دینا بہتر ہے اسکے بعد دوا استعمال کرنا چاہئے۔ مرتب۔

حب زنجبیل:۔ زنجبیل ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، دارچینی ایک تولہ سب کو سفوف کرکے تلباتا ہنی پر ملکر سبون لیں۔ ہر زبون ۲ ماشہ خام کر کے پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور ۲ گولیاں کھلائیں اگر خون بھی ہمراہ آتا ہو تو خشخاش بریان ۲ ماشہ شیر کے ساتھ دیں۔ یہ گولیاں زحیر کی مچھس میں بھی مفید ہیں۔ (مخزن حکمت)

دیدان شکم

حب دیدان برائے کرم صغار کہ در مقعد اطفال بود مفید است۔

رسوت، پاکسو مقشر حلتیت ہر ایک ۲ ماشہ مبر مقوطری ۱ ماشہ فلفل گرم نیم ماشہ برگ نیم ۱ درم سب کو گرد دندہ کے عرق میں گھوٹ کر اندازہ دانہ نخود گولیاں اور اس سے تھوڑی چھوٹی بنائیں اور ہر روز ایک گولی کھائیں۔ (منقول از ریاض اعظم خان)

دوائے برائے دیدان طویل مجرب است۔ برگ کابلی مقشر ۱ پاؤ ست بلیلہ زرد آملہ منقی ہر ایک ۵ مثقال تربد مقشر ۱۲ مثقال خانیا۔ کل ادویہ کے مجموعہ کے برابر خورد ۶ ماشہ ہمراہ ہمگوم پانی کے رات کو سوتے وقت کھائیں۔ (قرابادین قادری)

دوائے ہندی کہ کرم شکم را برآرد

زیرہ کرمانی مغز کرنجوہ بادام پاڑو۔ کمیلہ۔ باڑنگ ہر ایک برابر کوٹ کر قند سیاہ ہموزن میں ملائیں اگر مریض جوان اور کثرت کرم ہو تو بقدر ۲ درم کھائیں اور بچے کو اسکے سن و سال کے مطابق بعد از طعام رات کو سوتے وقت عصیری کے شربت کے ہمراہ کھلائیں۔

بواسیر

معجون جہت قطع خون بواسیر مجرب است۔

پوست بلیلہ کابلی، پوست ہلیلہ، آملہ متقشر ہر ایک۔ اشقال، کہربا۔ بسد صدف سوختہ شرخ کاؤ کوہی سوختہ ہر ایک ۵ مثقال تراج سفید نامخواہ ہر ایک ۲ مثقال مقل ازرق ۱۰ مثقال گوگل کو گند ناسپر کے پانی سے مصفے کریں اور اگر گند ناسپر کا پانی نہ مل سکے تو گوگل بذریعہ روغن گاؤ صاف کرلیں۔ اور سب ادویہ کو باریک کوٹ کر شہد خالص ۵ مثقال کے ہمراہ معجون بنائیں اور ضرورت پر ۱ مثقال تک کھائیں (قرابادین ہکائی)

قرص تجویز جہت بواسیر سترہائے بواسیر خشک کند۔

ریوند قرص ۱ تخم کسنیز چوب خرزہرہ چوبک چنار خار ترنجبین ۱ تخم انجدان ۱ تخم سوسن۔ برابر وزن لیکر کوٹ لیں اور عسل ملا کر قدرے طلا کر قرص بنائیں اور ضرورت پر قدر ۱ مثقال لیکر اونٹ کے لید کی آگ پر رکھکر دھوئیں بواسیر کے مسوں پر پہنچائیں۔ اور یہ عمل رات کو قبل از خواب دو تین رات متواتر کریں۔ (علاج الامراض)۔

روغن جہت ساقط کردن دانہ ہائے بواسیر مجرب و بے خاشاک است۔

گوگرد آملہ سایہ زیرہ سفید ہر سہ ۱ تخم کسنیز ہر دو ۱ چوب مغز ہر دو ۱ چوبک چنار خار ترنجبین ۱ تخم انجدان ۱ تخم سوسن۔ برابر وزن لیکر خوب باریک پیس لیں اور نہایت نرم آبخ پان میں روغن کنجد آمیزائیں جتنا جذب ہوسکے بعد ازاں بذریعہ قرع انبیق تقطیر کریں ادویہ ہائے بواسیر پر قدرے لگائیں۔ (اعجاز نافع)

روغن کہ مستقط بواسیر بیدرنگ است۔

چند عدد کثردم سیاہ زندہ لیکر ایک ٹھیکری میں چند روغن کنجد کے ہمراہ چالیس دن تک دھوپ میں رکھیں جب کچھ مضمحل ہوجائیں اور انکا اثر تیل میں آجائے۔ بقدر ضرورت روغن مذکور دانہ بواسیر پر ملیں۔ (تکملہ ہندی)

طلاکہ بواسیر کو تباہ کرکے بیڑ سے اکھاڑ ڈالتا ہے۔

بورہ بوزہ ۳ درم زرنیخ ۳ درم سہاگہ ۳ درم افیون ۱ درم سب کو نہایت باریک

پیس لیں اور چربی مرغ سے لیکر آگ پر نرم کریں اور صفوف مذکور بہت تھوڑا ملا کر لیپ کریں صبح و شام اگر شکایت کم و بیش ہو تو برابر تین تک استعمال کریں اگر مسامے بواسیر بڑے اور دیرینہ ہوں تو پانچ دن تک لیپ کریں یا جب تک شکایت باقی ہو بعد ازاں پیاز سرخ روغن گاؤ میں نیم بریان کر کے بطور مرہم کے لگائیں۔ جب مسہ گر جائیں۔ ازروئے۔ دم الاخوین سفیدہ مبیضہ مرغ سے مرہم تیار کریں اور لگائیں تازہ ہو جائیں اور دوران استعمال میں پانی سے پرہیز کریں (قرابادین قریشی)۔

مرہم سفید کہ رفع درد و سوزش مقعد بواسیر مفید ہے۔

موم سفید مثقال کو روغن گل ۵ مثقال میں آگ پر ملائیں اور مروارید سنگ مثقال شکایت باریک پیس کر ملائیں۔ اور آگ سے اتارتے کے وقت سفیدہ تخم مرغ ۱ عدد اور کافور ۲ ماشہ اچھی طرح ملا کر مرہم تیار کریں اور صبح و شام استعمال کریں۔ (زاد غریب)

بواسیر خونی و بادی۔ مہندی کی جڑ ۲ تولہ لیکر پانی میں پیس کر ٹکی بنا کر مقعد پر اس طرح سے باندھیں کہ پوری ٹکیہ آجائے اسکو مضبوط باندھ دیں۔ صرف دو گھنٹہ کافی ہے سوجن ہو جاتے ہیں دوا لگتی بہت ہے۔ مگر فائدہ کثیر کے خاطر میں تکلیف کی بات نہیں۔ (صدیقی)

نوٹ: دو یا تین صبح شام بھی ہو سکتی ہیں۔ سکا روز مرہ پر تجربہ ہوا ہے۔

خون بواسیر بند کرنے کی دوا۔ کہربا مصری فلسطین ہر ایک ایک تولہ لاجی خورد ۲ ماشہ تخم انجبار۔ گیرو ہر ایک ۲ ماشہ ثبت الحمید تیار ۲ تولہ ان سب کو پیس کر ۲ ماشہ یا ۳ ماشہ انجبار یا شربت انجبار یا ایک تولہ گلقند کے ہمراہ بقدر مناسب ایک ہفتہ تک کھائیں مجرب ہے۔

نوٹ۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر شربت میں پانی ملا کر اس سے چاٹ لیا کریں فسیر ہے بواسیر خونی کا علاج۔ برگ گاؤ چھٹی ایک تولہ فلفل گرد ۱ عدد دونوں کو ملا کر گھوٹ چھان کر پانی ملا کر پی لیں اور مقعد پر ٹکیہ برگ نیم چوروغن مذکور میں بھیگی ہوئی باندھیں۔ لذا۔ نان نخود روغن بے نمک۔

نوٹ۔ گگڑ چھڈی کو گگروند کہتے ہیں۔ یہ سنیاسیوں کی دوا ہے اور اکثر فائدہ کرتی ہے بعض اسکو بواسیری بوٹی بھی کہتے ہیں۔

بواسیر خونی کا مجرب علاج۔ سرمہ اصفہانی ایک دام خبث الحدید تین دام ہلیلہ سیاہ تین دام قند سیاہ کہنہ دو چند کوٹ کر حبوب بقدر کنار صحرائی باندھ لیں صبح ایک گولی روغن زرد ۳ تولہ نیم گرم سے دیں اور ایک گولی شام کو آب چاہ سے دیں اور اگر قبض ہو تو شام کو عرق گلاب نیم پاؤ سے دیا کریں۔ چند روز ہی میں مرض دور ہو جاتا ہے۔

نوٹ۔ صرف سرمہ سرخ یعنی سرمہ اصفہانی اصلی سے ہمارا بھی ایک بار کا تجربہ ہے ہلیلہ سیاہ قبض کو دور کرنے کی غرض سے ملایا گیا ہے۔ یہ نسخہ کی اصلاح ہے۔ عمدہ نسخہ ہے (مولف)

بواسیر خونی۔ پوست ریٹھا پیسکر پانی سے گھونگچی کے برابر حبوب بنائیں خونی بواسیر میں تین دن تک ایک گولی یومیہ پانی سے دیں۔ خون بواسیر کا بند ہو جاتا ہے۔

نوٹ:۔ غذا مرغن رہے۔

نسخہ دافع مسہ ہائے بواسیر۔ ہڑتال ورقی ایک تولہ کچلہ ایک تولہ افیون ۲ تولہ سب چیزیں پیسکر ایک سیر پانی میں گھولکر جوش دیں کہ ڈیڑھ چھٹانک پانی رہ جائے تو اتار کر رکھیں۔ اسکا زلال ۳ تولہ تک لے لیا جائے پہلے دن مریض کو جلاب دیا جائے پھر مسوں کو گھوڑے کے بال سے باندھ دیں جہاں مسہ باندھا جائے اس سے ذرا اوپر دوا کا پھایہ لگائیں اور تین دن کے بعد لوہے کے اوزار سے دیکھیں کہ مردہ ہو گئے ہیں یا نہیں اگر مردہ نہ ہوئے ہوں تو پھر ایک بار دوا لگائیں ورنہ چمٹی سے پکڑ کر کھینچ لیں بعد ازاں سیسہ کو مسکہ میں پیسکر لگائیں تاکہ زخم مندمل ہو جائیں دوا لگتی نہیں ہے۔

نوٹ۔ دوران استعمال میں مریض کو ہلکے مشروبات آش جو اور دودھ وغیرہ کے سوا کوئی غذا نہ دیں اور اسکو چلنے پھرنے کی ممانعت کر دیں۔

نسخہ دافع بواسیر۔ کافور۔ ثمر نیم ہر دو ہموزن لیکر کھرل کریں اور گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر کے روغن نکالیں۔ اس روغن میں سے ایک بوند علے الصبح پتاشہ میں

(دیس نویکارک)

(صدری مجربات)

ابال کر کھایا کریں۔ دو ہفتہ میں بواسیر ہر قسم کی دور ہو جاتی ہے مجرب ہے (اسرار صدی)

کشتہ نقرہ دافع بواسیر۔ ساشہ نقرہ کا باریک پترہ بنا کر ایک تولہ اس کو ہو تولہ آب تمبو میں گھول کر کے پترہ کے دونوں طرف لیپ کر کے دو صد پاپک وزنی ایک سیر میں کوال کر کے رکھیں۔ اور دو بڑے پیالوں میں جو وزن میں ہر ایک ڈیڑھ سیر ہو آگ دیں جب سرخ ہو تو نکالیں پترہ نقرہ پر سک ہو گا میں کر محفوظ رکھیں۔ اور بقدر ایک ماشہ مکھن میں کھلایا کریں بواسیر اس سے جاتی رہیگی۔

نوٹ۔ بواسیر خونی و بواسیر بادی میں زیادہ مفید ثابت ہوگا۔ (موسف)

حب بواسیر۔ تن آدھ سیر صاف لیکر ڈیڑھ سیر پانی میں پکائیں جب پاؤ سیر پانی رہ جائے تو چھان لیں۔ اس میں نظی چوبہ سنگ ایک چھٹانک خوب باریک پیسکر اس پانی میں ملا کر پیالہ گل میں لکڑی سے حل کر کے بقدر بیر بہوٹی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر کے ایک گولی ایک چھٹانک دہی میں رکھکر کھلوائیں کہ دانت کو نہ لگے اور گیہوں کی روٹی اور مونگ کی دال پرہیز دو روز کھلائیں (اکسیر الامراض)

نسخہ دیگ بر دیگ۔ جو ہر مقام کے مسوں کو ساقط کرتا ہے۔

سیماب۔ نوشادر بھی ہر ایک پاؤ سیر نوشادر۔ چونہ بے بجھا ہر ایک آدھ پاؤ کندر ہر ایک نصف ایک ڈیڑھ پاؤ سب دواؤں کو سکھا کر اس قدر پیسیں کہ سیماب ناپید ہو جائے پھر خشک کر کے کرر میں پانی میں بیسیں اور دو انگلیاں نیچے اوپر رکھکر اس میں حب دستمد پھر اڑائیں۔ اور وقت ضرورت یہ جوہر مسوں پر لگائیں۔ (مخزن حکمت)

قاطع مسہ بواسیر۔ مردار سنگ ۳ تولہ نیلہ تھوتھا ایک تولہ مغزی تخم نکالکر مسقد ڈالیں کہ تمام ہو یہ حل ہو کر کیسہ کی صورت ہو جائیں۔ بس ایک کیسہ تمام مسوں پر رکھکر لنگوٹ کس کر باندھیں اور صبح حقہ کے پانی سے دھو ڈالیں بسلسلہ سات یوم میں صحت ہو گی

ناسور مقعد

برگ گیندہ تمباکو ۲ تولہ مرچ سیاہ ۲ رتی۔ سرد ائی کی طرح گھوٹ کر لگا دیں یہ دوا ۱۰ یوم تک لگا دی رکھیں ترشی و ٹھاس و نمک سے پرہیز غذا خشک چلوا دیں گیہوں

کوپل درخت کیکر اتوار پیشکڑی ۱۲ رتی مرچ سیاہ ۱۲ رتی گھوٹ کر روزانہ علی الصبح کھایا
کریں چند ہفتہ ہی ناسور درست ہو جاتا ہے۔ نذیر حسن (سیالکوٹ)

امراض گردہ و مثانہ و ذیابیطس

سفوف برائے تقویت گردہ و مثانہ۔

گوند کتیرا طباشیر گل ارمنی گل تبریزی گل مختوم صندل سفید گلنار افیون بسم ماجیدہ
ہر اسوس گکس دشاخ مدر مغسل عزقہ عشر غار خشک ست گوست سلاجیت
کشتہ طلی کشتہ صدف اصل ہر ایک ۱ ماشہ تخم خشخاش مغز تخم خیارین ہر ایک ۱ ماشہ
ریشہ مغز تخم کدو مغز بادام مغز فندق مغز چلغوزہ۔ سوچرس ہر ایک ۱ ماشہ سب کو
باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ہر روز حسب برداشت شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

(منقول از مکتوبات علوی خان)

نسخہ جہت درد گردہ ریگی را مجرب است۔

زردی چینہ من کسی مسی برتن میں داخل کر کے نرم آگ پر رکھیں اور قدرے زرد جب
پاپڑ پپسی ہوئی ہو جائیں اور تھوڑا پانی ملا کر کسی چوبی دستہ کی مدد سے بطور مرہم کے بنائیں
اور تمام درد پر لیپ کرنے کے بعد برگ بان یا کسی مضبوط کپڑے سے باندھیں زائد غیر
ماء الاصول کہ درد گردہ و مثانہ و بیخ راز ائل سازد۔

تخم کرفس بادیان ۱ میسہ بیخ کرفس بیخ بادیان ۱ تولہ ہر ایک مٹھی بھر سنبل الطیب
گلسرخ۔ تولہ ریوند چینی ہر ایک ۳ درم مویز منقی ۱۰ درم اصل السوس ۳ درم انجیر دلائتی ۱۰ عدد
سب کو ۳ سیر عدد پانی میں پکائیں جب پانی نصف رہ جائے چھان کر بوتلوں میں
بھر رکھیں اور ہر روز بقدر چالیس درم قند سفید یا شہد ملا کر پلائیں (خلاصۃ التجارب)

دوائے کہ درد جار گردہ کو نافع ہے

عناب ۱۰ دانہ عجب الثعلب ۵ درم تخم کاسنی ۳ درم جملہ را نرم پانی میں جوش دیکر
سرد کریں اور چھان کر شربت بنفشہ یا شربت خشخاش کے ہمراہ پلائیں۔ (عجالا نافع)

ضماد کہ ورم گردہ و مثانہ میں مفید ہے

بابونہ کتان نخالہ بقدر ضرورت لین اور روغن کنجد قدرے ملا کر پانی میں پکائیں اور مقام قطن اور حانہ نیم گرم لیپ کریں (قرابادین ذکائی)

خمیرہ مروارید مقوی دماغ و قلب و رافع خفقان و برائے قروح کلیہ و مثانہ و اخراج سنگ گردہ و مثانہ میں مجربات سے ہے۔

مروارید ناسفتہ طباشیر سفید ہر ایک ۲ تولہ حجر الیہود سنگ سرماہی ہر ایک ۶ ماشہ۔ عنبر اشہب تولہ صمغ عربی ۳ ماشہ گلاب دہید مشک ہر ایک سیر بھر قند سفید نیم سیر عسل مصفے نیم سیر بطریق معروف خمیرہ بنائیں اور حسب موقع ہر روز کھائیں (مجربات شریف خان)

دوائے جہت سنگ گردہ و مثانہ مجرب۔

کشتہ حجر الیہود۔ سنگ سرماہی تخم ترب۔ حب القلت ہر ایک ۲ ماشہ سب کو باریک کوٹ کر شربت کشوث ۲ تولہ میں ملا کر کھالیں اور بعد ازاں شیرہ تخم خربوزہ ایک تولہ شیرہ تخم خیارین ۲ تولہ شیرہ بادیان شیرہ خار خسک شیرہ تخم کرفس ہر ایک ۴ ماشہ عرق بادیان ۲ چھٹانک کے ہمراہ پی لیں۔ (قرابادین اعظم و اکمل)

دوا جو حبس بول کی حالت میں مجرب ہے۔ کشتہ حجر الیہود۔ خاکستر عقرب کشتہ آبگینہ۔ مناسب وزن لیکر شربت کشوث میں ملا کر کھائیں۔

دافع درد گردہ و ضعف گردہ۔ نیز سنگ گردہ و مثانہ میں بھی مفید ہے۔

حجر الیہود ۵ تولہ۔ سنگ سرماہی ۳ تولہ۔ سنگ لاجورد ۲ تولہ۔ سنگ مقناطیس ۵ تولہ سنگ راسخ تین تولہ سب کو کوٹ پیسکر شیرہ گھیکوار میں کھرل کرکے دس بار آگ دیں خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک (رموز الاطباء)

نوٹ۔ شیرہ گھیکوار ہم وزن ادویات ہو اور آنچ ۵ سات سیر کی ہر بار کافی ہے (مؤلف)

سفید بوتل کا کانچ لیکر باریک کوٹیں اور مغز گھیکوار میں چار پہر کھرل کریں۔ اور پانچ چھ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور بدستور اول مغز گھیکوار میں کھرل کرکے ایک سو ایک بار آنچ دیں۔ خوراک ایک چاول درد گردہ کیلئے بہت مفید ہے (قلمی بیاض)

نوٹ۔ اگر ایک آنچ عرق مہلی میں کھرل کرکے اور دے لیں تو زیادہ قوی اثر ہو جائیگا۔
درد گردہ میں مفید و مجرب نسخہ پتھر چٹہ ۳ ماشہ تخم خطمی سیاہ ۱۰ عدد تخمی شدہ
سینے املشہ ملا کر پلائیں۔ اول تو ایک ہی دن میں اور نہ دو تین دن میں پورا آرام آتا ہے
پتھری وغیرہ کو نکالتی ہے۔ یہی دردِ مثانہ و ضربی درد کو بھی نافع ہے۔

قرص جہت جراحے کہ زدائد شتن سنگ بمثانہ

انقیا منسول ۱۰ درم گل ارمنی کتیرا ۱۰ درم الاخرین ہر دو عدد ۱۰ درم مغز مخلم طرپوز ۲۰ درم۔
سب کو کوٹ کر باتر تلک کے پانی کی مدد سے قرص بنائیں اور ہر روز بقدر ضرورت اور
بلا تنگ کے خاندان سے کھلائیں۔ اور دو گھنٹہ کے بعد غذا کھائیں (رموز اعظم)

مرگوش کو ذبح کریں اور اسکا پیٹ چاک کرکے اسکے پیٹ میں شودہ تخمی ایک پاؤ
ریوند خطائی ایک تولہ داخل کرکے پیٹ کو محکم سی دیں۔ اور ایک برتن کی میں ڈالکر اسکو
گل تخمت کریں پھر ایک من اوپلوں کی آگ میں کشتہ کریں سیاہ نمک کی نمک میٹھی
کوٹ چھانکر رکھیں تین ماشہ کھانے کے دو دھ یا دہی کی لسی سے دیں سنگ گرد۔

دختانہ میں مفید ہے۔ (طب حسینی)

ہر ایک کو تخمی شودہ میں آگ دیں پھر ہر ایک سنگ یہود مغرب نمکوں کو ملا کر کھرل کریں اور
آگ دیں۔ خوراک ۲ رتی۔ (ریاض خاص)

سینہ ہاتمک ۳ ماشہ گھنٹی والو کا جوشاندہ پلائیں پتھری بہکر آجائیگی چند ایک بار
کافی ہے۔ (ادویش و پچکارک)

نوٹ۔ اس میں سرپوکہ تین ماشہ بھی شامل کریں تو بہتر ہے۔ میں اسمیں نمک نہیں ۲ رتی
کشتہ مجرد لیہود جو مولی کے پتوں و کیلا میں کیا جاتا ہے ۲ رتی اور نمک قشر خربوزہ ۲ رتی ملا کر
پلاکرتا ہوں۔ اور میٹھا ڈالنے کے لئے شربت بنفشہ ۱۰ تولہ کا اضافہ بھی کرتا ہوں۔ (راقم)

پچکاری بجہت قروح مثانہ و مجاری بول

انیسون۔ تخم خبث سماق ہر دو عدد ۱۰ رتی حنفس کی کند ہر ایک ۲ رتی گل ارمنی۔
گل مختوم گل تیمولیا شاخ گوزن سوختہ ہر ایک ۱ ماشہ ماضہ ۱۰ رتی

مغز تخم کل ۱۰ تولہ سب کو باریک کوٹ چھان کر گوند کے دودھ میں حل کر کے صبح دوپہر اور شام کھلائی کریں۔ (قرابادین اعظم و اکمل)

• سفوف جہت قرحہ مثانہ۔ ریوند چینی ۱۰ درم صمغ عربی گلنار افیون۔ کتیرا۔ ہر ایک ۱۰ درم تخم خرفہ ۳۰ درم مغز بادام بے دانہ ۱۰ درم کبریت مصفے طباشیر تخم خیارین۔ ہر ایک ۱۰ درم کنجد سفید ۱۰ درم شکر سفید ۳۰ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور بقدر تین چار درم شربت بنفشہ کے ہمراہ کھائیں (قرابادین شریفی)

دوائے کہ خون منجمد از مثانہ خارج کند

پوست بیخ کنیر سب بلسان۔ قرہ ماشہ ۱۰ ماشہ مر مرچ۔ ابہل۔ خولنجان کرفس ۱۰ ماشہ (ہر ایک) لیکر ضرورت ہر ایک مثقال سے لیکر ۱۰ درم تک مناسب بقدر قوت کے ہمراہ استعمال کریں سفوف جوذیابیطس میں نافع ہے۔ صندل سفید ۱۰ درم نشاستہ کتیرا تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک ۳۰ درم صمغ عربی گل ارمنی گلنار۔ ساق مغثی گلسرخ ہر ایک پانچ درم سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں اور ضرورت پر بقدر تین درم شربت صندل وغیرہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ (علاج الامراض)۔

ذیابیطس کے لئے مفید ثابت ہوا ہے۔ طباشیر سب السوس ہر ایک دس دس درم تخم کاہو بیس درم تخم خرفہ ۱۵ درم گل ارمنی گل سرخ کشنیز خشک ہر ایک ۵ درم الائچی خورد ۱۰ درم صمغ عربی برادہ صندل سرخ برادہ صندل سفید گل انار ہر ایک دو درم کافور نیم درم گلاب میں گھوٹ کر تین تین ماشہ کی قرص بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک قرص تازہ پانی سے دیں مفید ہے۔ (مجربات مسعودی)

خستہ جامن۔ افیون۔ دونوں برابر وزن لیکر کوٹ چھان کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں اور ایک گولی سرد پانی سے دیں۔ ابتدائے مرض میں مجرب ہے۔

نالیس بیتر۔ ناگر موتھا۔ دارچینی مرچ سیاہ۔ سونٹھ دار فلفل۔ الائچی خورد ہر ایک ۱ تولہ طباشیر خالص برنگ آسمانی ۱ تولہ سب ادویہ کو جداگانہ علیحدہ کوٹ لیا جائے اور انکو ۲۰ تولہ خالص شہد میں حل کر کے معجون بنالیں۔ خوراک ایک تولہ روزانہ مجرب ہے (انسیاسی)

خرفہ کا تازہ پودا معہ بیخ و برگ و شاخ لیکر سایہ میں خشک کرلیں پھر گلنار۔ کوکنار
سریالہ سحیقہ خشت چاہ کہنہ۔ لدر چوب۔ سنگھاڑہ خشک۔ پوست آملہ گلو مساوی
الوزن لیکر کوٹ چھانکر تمام ادویہ کے برابر شکر ملاکر سفوف بنائیں خوراک ۷ سے ۹ ماشہ
روزانہ ہمراہ آب تازہ دیں (مجربات)

نوٹ۔ خرفہ کے خشک پودہ کا وزن بھی برابر دوسری ادویہ کے ہی ہو۔ (مؤلف)

کشتہ زمرد ۴ چاول کشتہ فولاد ۲ چاول کسی معجون سے دیں۔ (رپورٹ)

نوٹ۔ کشتہ زمرد تولہ زمرد کو اول دس تولہ سرکہ میں پکائیں پھر گلاب کے پتوں میں رکھکر
۵ سیر کی آنچ دیں۔ نکالکر گلاب میں اسقدر سحق کریں کہ مثل غبار کے ہو جائے۔

کشتہ فولاد عرق جامن یا تربوز والا ہو ترکیب دونوں کی مشہور ہیں۔

گڑمار بوٹی کے پانچوں اجزا کا سفوف تین ماشہ سفوف سونٹھ ۱ ماشہ سفوف گٹھلی جامن
۱ ماشہ ان سب کو یکجا کرکے دو پڑیاں بنائیں ایک صبح ایک شام پانی یا دودھ جس میں
میٹھا نہ ملایا گیا کھلائیں۔ (صدری مجربات)

نوٹ۔ ایسی دو خوراک روزانہ ۱۵ بیس دن تک کھلانی لازمی ہیں

دافع ذیابیطس گڑمار بوٹی ۳ ماشہ گلو ۲ ماشہ سونٹھ ۴ رتی سلاجیت عمدہ ۲ رتی کشتہ
فولاد ایک رتی گٹھلی جامن ۲ ماشہ پیسکر ہمراہ دودھ بغیر میٹھا ملائے دیا کریں۔ یہ ایک
ایک خوراک ہے۔ (دیش اوپکارک)

دافع ذیابیطس حار۔ کشتہ فولاد تولہ سم الفار تولہ آب گروندہ میں کھرل کرکے
قرص بنائیں اور دو سیر پاچک دستی کی آگ دیں پھر نکال لیں جس قدر سم الفار کم ہو جائے
اسی قدر سم الفار زیادہ کرکے پھر دو سیر کی آگ دیں پانچ یا آٹھ مرتبہ کے بعد سم الفار کا وزن
تقریباً برابر ہو جائیگا اور زیادہ سے زیادہ ایک دو ماشہ کی کمی ہوگی پھر اس دوا کا $\frac{1}{32}$
حصہ سم الفار زیادہ کرکے زمین میں دفن کریں اور ۴ ماہ بعد نکالیں۔ خوراک ایک سے
۴ چاول پرہیز ترشی دال اور شیرینی سے۔ (بیاض خاص)

سفوف گیاہ شانہ۔ دافع ذیابیطس شکری مفید و مجرب۔ گیاہ شانہ (کنگھی گھاس)

ایک تولہ ست گلو کشتہ قلعی کشتہ مرجان۔ صدف سوختہ تخم سرخالی موصلی سفید مغز چلغوزہ۔ برگ جامن۔ گل ارمنی صندل سفید۔ اصل السوس مقشر گلنار۔ گل سرخ کشنیز خشک مقشر تخم خرفہ تخم خشخاش۔ طباشیر جفت بلوط صمغ عربی زعفران۔ ہر ایک تین ماشہ کافور ایک ماشہ کوٹ چھانکر سفوف بنائیں اور ۵-۵ ماشہ صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسب کھلائیں۔ (مخزن حکمت)

کشتہ زمرد۔ دافع ذیابیطس۔ کثرت بول۔ ضعف قلب و گردہ۔

زمرد گلاب میں کھرل کرکے خوب باریک کرلیں اور گھیکوار کی نگدی کے ہمراہ سکورہ گل کے اندر رکھکر دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ آگ سرد ہونے پر کشتہ تیار برآمد ہوگا۔ خوراک ۲ چاول۔ (بیاض مسیحا)

دوا ذیابیطس کے لئے تیر بہدف پنبہ دانہ ۳ تولہ سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو صاف کرکے ۲ تولہ مصری ملاکر پی لیں۔ (رموز الاطبا)

امراض مجاری بول

دوائے برائے احتباس بول۔

شورہ قلمی۔ جواکھار۔ ریوند چینی۔ بادیان برابر وزن مصری کل مجموعہ کے برابر سب کو کوٹ کر سفوف بنائیں اور بقدر ۲ تولہ شربت بزوری بارد کے ہمراہ کھائیں اور ضعیف و کم عمر کو اس سے کم مقدار میں کھلائیں (تکملہ ہندی)

پچکاری جلیل القدر جہت حبس بول حصاتی کہ بسبب مزاحمت حصاۃ بہم رسد سیماب بقدر ۲ ماشہ یا ایک ماشہ لیکر پچکاری کی مدد سے نانیزہ میں پہنچائیں سنگریزہ جو مانع پیشاب ہے یکسو ہوکر پیشاب جاری ہوجائیگا (مفتاح اعظم۔ قرابادین ذکائی)

سفوف جہت حبس بول۔ شورہ قلمی۔ نمک ترب۔ جواکھار ہر ایک ۶ ماشہ باریک کوٹ کر دودھ کی لسی کے ہمراہ کھلائیں (زاد غریب)

سفوف برائے تقطیر البول کہ از حدت بول باشد سودمند است۔

تخم خربوزہ۔ تخم خیار۔ تخم بادرنگ۔ تخم کدو۔ مغز بادام مقشر کتیرا۔ رب السوس نشاستہ گل ارمنی خشخاش سفید تخم خرفہ سب کو کوٹ چھانکر سفوف بنائیں اور ضرورت پر دو تین درم شربت بنفشہ کے ہمراہ کہلائیں (خلاصۃ التجارب)

سفوف کہ چکیدن بول بے مراد و سیلان منی بے ارادہ باز دارد و اصلاح حال مثانہ آن نماید گلسرخ گلنار ہر ایک ۵ درم سک تخم کرفس تخم کوک۔ سداب ہر ایک ۳ درم انیسون۔ بزرالبنج ہر ایک ۲ درم بلوط کندر ہر ایک ۳ درم کسیلا ۲ درم سعد ۳ درم زیرہ ۲ درم تخم خرفہ ۲ درم کوٹ چھانکر مجموعہ کے برابر نمائیں ملائیں اور ہر روز سات درم تک مناسب بدرقہ کے ہمراہ کہلائیں۔

حبوب دافع تقطیر البول جو بسبب ضعف گردہ و مثانہ ہو۔

عقرقرحا۔ لوبان کوڑیا ہر ایک ایک تولہ افیون قرنفل ہر ایک تین ماشہ ماشہ باریک کرکے عرق بادیان کے ذریعہ سے حبوب باجرہ کے برابر بنائیں۔ اور ایک گولی دودھ کے ہمراہ کھلایا کریں۔ (مصدری مجربات)

دوا دافع حبس البول۔ بھینس کے کان کی میل مریض کی ناف پر ملنے سے پیشاب آجاتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ دافع تقطیر البول۔ طباشیر۔ ریوند خطائی ہر ایک ۲ تولہ الائچی خورد ۶ ماشہ بیروزہ ایک پاؤ۔ بیروزہ کو پگھلا کر کچی دہی میں چند مرتبہ ڈالیں تاکہ بیروزہ خالص ہو جائے پھر دوسری دواؤں کو باریک کرکے ملائیں۔ اور مصری تمام دواؤں کے برابر ڈالیں۔ خوراک تین ماشہ صبح کھلائیں۔

نسخہ تقطیر البول۔ جوہر لوبان۔ پوست درخت گولر تین ماشہ مصری ۳ ماشہ سب کو باریک پیسکر ہمراہ دودھ یا تازہ پانی کے استعمال کرائیں ۵ سے ۱۰ یوم تک کافی ہے۔ (اسرار حکمت)

قرص ماسک البول طباشیر کشنیز تخم جامن گل ارمنی صندل گلنار صمغ عربی ہموزن نیکر خیسانده کاہو کے ہمراہ قرص بنائیں اور ضرورت پر مناسب مقدار میں کہلائیں

معجون ماسک البول حمار

بلوط کندہ ہر ایک ۲ درم سعد قرفہ خولنجان دارسن ہر ایک کہربا ہر ایک ۱ مثقال بلیلہ کوٹ چھان کردہ تین درم تک پانی کے ہمراہ ہر روز کھائیں۔ (طب اکبر)

جوارش۔ کثرت بول راکہ از سردی بود باز دارد۔

دارچینی ۱ درم کندہ خولنجان ہر ایک ۳ درم قرفہ۔ قاقلہ ہر ایک ۴ درم قرنفل۔ جوز بویہ بسباسہ خیرباد مشبل الطیب ہر ایک ۵ درم مصطگی ایک استار۔ سب کو کوٹ چھان کردہ چند شہد مصفا کے ہمراہ جوارش بنائیں۔ خوراک ۳ درم تک

ماسک البول۔ کہ سلس البول و بول در فراش و سیلان منی و دودی در طوبت فرج زائل شفاست بجد یکہ گر پاس از علاج آنہا باشد مفید است۔

کہربائے شمعی ایک مثقال اقاقیا ۴ دانگ۔ پوست بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ دونوں روغن گاؤ میں بریان کردہ سفید ہر ایک ۲ مثقال جفت بلوط قشر کندہ ہر ایک ایک مثقال عدد نصف خبہدان سیخ جب الاس ہر ایک ۴ مثقال خصیۃ الثعلب ۱ مثقال سب کو کوٹ چھان لیں اور موبز سرخ ۱۰ مثقال کو نیم گلاب میں بگھائیں جب مہرا ہو جائیں اور یہ کوئی ہوئی ملائیں۔ اور دو تین درم تک ہر روز کھائیں۔ اور بعد ازاں خمیرہ مصفل ۲ درم گلاب ۱ درم تخم خربزہ مشک تخم بالنگو ہر ایک ۲ درم ملا کر نوش کنند (مجربات یوسفان)

نسخہ دافع سلسل البول خراش البول و کثرت بول خصوصاً وہ پیشاب جسکے ساتھ ایک اوہ سفید شیشو کے بقلت و کثرت جاری ہوتا ہے اور مریض اس سے نہایت ناتواں و کمزور ہو جاتا ہے یہ دوا اسکو بند کرنے میں اکسیر ہے۔

بہموس اسپغول ۳ ماشہ کہربا کندہ کشتہ کیا ہوا تین رتی کشتہ زرنیخ ایک رتی۔ مصری ۴ رتی ہمراہ شیر تازہ ایک پاؤ کے دیں یہ ایک خوراک ہے۔ چار پانچ دن کھلانا کافی ہے (اسرار حکمت)

دوائے دافع بول الدم عسل ازنی ۱ درم الاخوین سنگجراحت کشتہ اصمغ عربی اثمد سبز سنگل ہر ایک ۱ ماشہ ۱ ماشہ کوٹ چھان کر کھائیں اور شیرہ خشخاش ۱ ماشہ شیر بکا کنج

سوزاک و قرحہ

(دوائے کہ در ازالہ قرحہ سوزاک کہنہ مجرب و آزمودہ است)

نذد چوب آلو مقشر ہموزن لیکر باریک کوٹ لیں اور شکر تری ہموزن ملا کر ہر روز ۶ ماشہ لیکر ایک تولہ تک پانی کے ہمراہ کھائیں۔ سالہا سال کا سوزاک کہنہ تین پانچ ہفتوں میں دور ہو جائیگا (زاد غریب)

دوائے برائے بند کردن چرک و دفع سوزاک نظیر ندارد

کندہ۔ سنگھراہت مثال بصری ہر دانہ ۲ تولہ کوٹ چھان کر چودہ حصہ کریں اور ایک حصہ دودھ کی لسی کے ہمراہ صبح۔ دوپہر اور شام کو کھائیں (رموز اعظم)

سفوف قلعی برائے قرحہ سوزاک مجرب است۔ کشتہ قلعی۔ دانہ ہائے نمود طباشیر کباب چینی ہر ایک ۲ ماشہ مصطگی ۱ ماشہ ثعلب مصری تولہ سبکو ملا کر سفوف بنائیں پہلے دن ۲ ماشہ دوسرے دن ۴ ماشہ تیسرے دن ۵ ماشہ علے ہذا القیاس ہر روز ایک ماشہ بڑھاتے ہوئے ۱۰ ماشہ تک دودھ کی لسی کے ہمراہ کھائیں (زاد غریب)

تدبیر شورہ (۱) ایک پاؤ تلی شورہ لیکر ایک مٹی کی ہنڈیا میں رکھکر چار سیر عرق کیلہ ڈالکر پکائیں خشک ہونے پر اتار لیں۔ خوراک ایک ماشہ۔ خون و پیپ کو دور کرتا ہے ایک ہفتہ کافی ہے۔ (مخزن بہار)

نوٹ۔ کیلہ کے درخت کو کاٹ کر پانی نکالیں۔ ابتدائے سوزاک میں مجرب ہے۔ مدر بول ہے اور دافع سوزاک تو دھونے اور مواد خارج کرنے کے لئے بھی عام نسخہ جات سوزاک کے استعمال سے قبل اسکو دینا چاہیئے۔ مجرب ہے۔ نوٹ۔

تدبیر سم الفار (۲) سم الفار سفید ایک تولہ سالم ڈلی ایک نوگ گی میں سیر بھر دال کے درمیان رکھکر منہ بند کر کے ۴ سیر نرم نرم آنچ پر پکائیں بعد ازاں سرد کر کے سم الفار کو نکال لیں کسی قدر وزن کم ہو گا باقی میں سے ایک چاول لیکر

پھٹکڑی شگفتہ ایک ماشہ۔ ست بہروزہ ایک ماشہ ہر سہ کو ملا کر صبح پانی سے نگل لیں۔ اسی مقدار میں ایک ہفتہ کی خوراک سے سوزاک و قرحہ دور ہوگا (حرز جان)

نوٹ۔ دیگ گلی اور ہانڈی گلی ہو منہ گل حکمت کریں اور سوزاک کے آخری درجہ میں مفید ہے۔ بجائے پانی کے شربت بزوری سے دیں۔ قرحہ میں نافع ہے۔

کشتہ سرمہ سفید۔ سرمہ سفید دو تین تولہ کی ڈلی لیکر دودھی خورد پاؤ بھر میں رکھکر ۴ سیر اوپلہ کی آنچ میں کشتہ کر لیا۔ اسکو باریک پیسکر رکھ لیں کشتہ مذکور ۴ رتی ست بہروزہ ایک ماشہ کے حساب سے دن میں دو بار دودھ کی لسی سے نگل لیا کریں۔ ایک ہفتہ میں سوزاک دور ہوگا (حرز جان)

نوٹ۔ نسخہ نمبر اول کے بعد یا اسمیں ملا کر اس نسخہ نمبر تین کو دینا زود اثر ہوگا۔ یہ نسخہ بھی ابتداے سوزاک میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (مولف)

اکسیر سوزاک۔ روغن بہروزہ۔ روغن صندل۔ روغن بلسان۔ روغن کباب چینی ہر ایک ایک تولہ۔ ان کو ملا کر علیحدہ رکھیں۔ جوکھار۔ کٹھ سرخ۔ مغز کشنیز۔ مغز حنا طباشیر۔ توتیا بریان۔ پھٹکڑی بریان ہر ایک ایک تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ شکر سرخ ۵ تولہ۔ سب کا سفوف بنا کر اس میں سے ایک تولہ خوراک کھائیں اور ہر خوراک پر دس سے ۱۸ قطرہ روغن مندرجہ بالا کے ڈال لیا کریں۔ دوا شیر بکری ایک پاؤ جس میں بکثرت پانی ملایا ہو مجرب ہے۔ (تحفہ)

نوٹ۔ روغنوں کو علیحدہ ملائیں روغن بلسان انگریزی دوا فروشوں سے ملیگا۔ ورنہ صرف تین روغن ہی کام دینگے۔ توتیا کا کشتہ جو زنگار نہ دے۔ وہ اس میں بجائے ایک تولہ کے دو ماشہ ملائیں ورنہ توتیا سوختہ ایسا ہو جو زنگار نہ دے۔ اگر شورہ قلمی نسخہ نمبر ۱ والا ہو تو بہتر ہے۔ عام سوزاک میں اس سے بہتر نسخہ میرے تجربہ میں نہیں آیا (مولف)

کشتہ مرکب۔ سرب۔ قلعی۔ جست۔ پارہ ایک ایک تولہ۔ اول جست کو پگھلائیں پھر سکہ کو ملائیں جب دونوں پانی ہو جائیں تو قلعی کا اضافہ کریں آخر میں پارہ ڈال دیں اور آدھ پاؤ دودھ پوست پیسکر اسکی چٹکیاں دیتے جائیں

اور تیز آنچ سے جلاتے رہیں کشتہ ہو جائیگا۔ چکملت ہوا دینے پر خاکستر پرت کی جدا ہو گی اکٹھا کر کے سرد سفید ملا کر عرق گلیکوار سے مکرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے پانچ سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح سے تین آنچ دیں۔ خوراک ۲ رتی۔ سات خوراک میں سوزاک کو دور کر دیتا ہے۔ غذا پرہیز تخم دھنیا وغیرہ (طبیع)

نوٹ:۔ اس دوا سے ایک مریض کہنہ سوزاک کا اچھا ہوا۔ جو کسی دوا سے اچھا نہ ہوتا تھا اور حالت ذرد کی بھی رہتی تھی۔ ہمیشہ سوزاک تازہ کی حالت رہتی تھی۔ چنانچہ ۲۰ دن دوا دی تھی اب صحت کامل ہوئی، دوبارہ عارضہ کا موقعہ نہیں ملا۔ (مولف)

برائے سوزاک ہر قسم۔ برگ ببول۔ گوند ببول۔ پوست ببول۔ تخم ببول۔ پھل ببول ہر ایک ایک تولہ۔ ہر ایک سایہ میں خشک کیا ہوا پورہ کشتہ تلسی ۲ ماشہ سب کو پیس کر آخر میں کشتہ ہائے خواک ۲ سے ۴ ماشہ۔ شیر بز یا شیر گاؤ سے ۳ روز تک کھلائیں شفا ہو گی۔ (ریاض)

اکسیر دافع سوزاک۔ سیم خاص۔ تلسی جست۔ سنکھ ہر ایک مساوی الوزن آگ پر پگھلائیں کہ پانی کیطرح ہو جائیں پھر آک سادہ یک شدہ کی پتی چنگل ڈالکر چوب نیم تازہ سے ملاتے رہیں کہ یہانتک کہ تمام ادویات مثل خاک ہو جائیں۔ پھر اتار کر شیشی میں صاف کریں۔ کہ قرص بندھ سکے۔ پھر اس قرص کو کوزہ گلی میں رکھ کر اوپر صحرائی کی آگ دیں۔ پھر نکالکر شیشی میں محفوظ کر کے اس طرح سے آنچ دیں۔ کل سات آنچ میں کامل کشتہ ہو گا۔ خوراک ایک سے ۲ رتی تک مسکہ میں دیں۔ (ریاض)

نوٹ:۔ یہ نسخہ بھی بگڑے ہوئے سوزاک میں دینا مفید ہے۔ (مولف)

پچکاری دافع سوزاک:۔ کات سفید تین ماشہ۔ توتیائے ہندی تمام ایک ماشہ دونوں کو مثل سرمہ باریک کریں اور برگ حنا کے پانی میں حل کریں۔ اس میں لعاب اسبغول بھی ایک تولہ شامل کریں اور ایک بوتل میں ملا کر خوب ہلاتے رہیں۔ اسمیں سے تین بار روزانہ پچکاری کریں تین چار دن میں صحت ہو گی۔

نسخہ سوزاک ۔ قرحہ سوزاک کی دونوں حالتوں میں مفید ہے۔
چوب چینی ۵ تولہ کشتہ ابرک سفید ۳ ماشہ طباشیر آسمانی ۱ تولہ حانہ ۱۱ مچھلی سرد چینی ایک ایک تولہ بہروزہ پختہ ۵ تولہ سب کی میں کردہ من صندل میں چرب کیا جائے اور بکری کے دودھ کیساتھ ۱۰ دنوں پیویں۔ (صمدی مجربات)
پچکاری دافع سوزاک ۔ ایک گز کا تر پھلا لیکر سب کو کوٹ کوٹ کر دو سیر پانی میں بھگو دو پھر پکاؤ جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو سیلہ رنگ کی دوا میں ڈال کر نصف بتی عمدہ کاشک کی ڈالکر خوب ہلاؤ کہ حل ہو جائے اس میں سے دن میں دو تین دفعہ پچکاری کرنا۔ تین دن کے اندر اندر سوزاک کو دور کرتا ہے پرانا سوزاک میں ایک سیا ڈیڑھ ہفتہ تک یہ عمل کرنا چاہئے (صمدی مجربات)
بوٹی برائے سوزاک ۔ زخم حیات ۱ تولہ کالی مرچ ۳ عدد ایک پاؤ پانی میں گھوٹ کر قبیرہ بنا کر کھائیں۔ ۱۰ دن میں مرض دور ہوگا۔ قرحہ تک اس سے جاتا رہتا ہے (رپورٹ)
اکسیر دافع سوزاک کہنہ ۔ مینڈک زرد چھپکلی ہر دو ہموزن لوبان کوڑیہ ان کا چوتھائی حصہ سب کو ایک کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے ایک من پختہ کی آگ دیں۔ اور جو سفید رسی راکھ حاصل ہو اُسے سنبھال کر رکھیں۔ ایک ماشہ دودھ مکھن یا گھی سے دیں سوزاک و قرحہ کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔ (اسرار صمدی)
ادویات پچکاری مفید سوزاک ۔ الف) ارسوت کات سفید ہر ایک ایک تولہ افیون ایک ماشہ ان کو ۲ سیر پانی میں شبانہ روز بھگو رکھیں پھر پانی نتھار کر ان میں کافور ایک ماشہ پھٹکڑی بریان ایک ماشہ نیلا تھوتھا بریان ۶ رتی۔ رسکپور ایک رتی ملا کر رکھ چھوڑیں وقت ضرورت آب زلال لیکر قدرے گرم کر کے حسب ہدایت مذکورہ پچکاری کریں قرحہ اور سوزاک کہنہ میں مفید ہے۔
(ب) پچکاری جو قرحہ سوزاک کو مندمل کرتی اور پرانے سوزاک میں مفید و مجرب ہے۔ سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ چوبہ پرانہ سوختہ ۶ ماشہ مصطگی رومی ۲ ماشہ طباشیر بریان

ایک مدتی دعوت ہاضمہ سب کو کوٹ چھان کر سانی میں حل کر کے پچھاری کریں۔

(مخزن حکمت)

آتشک

(۱) سم الفار سفید ایک تولہ کو برسانی میں ڈک زرد رنگ کے پیٹ میں یکجا گل حکمت کر کے ۱۵ سیر کی آنچ دیں سم الفار کشتہ ہو گا۔ خوراک ایک چاول سکتے آتشک ہو جائے

نوٹ:۔ اوّل مسہل بہتر ہے۔ خوراک ایک چاول سے ۳ چاول تک بڑے بچوں کے کشتہ کا امتحان کر لیں اگر دھواں دیتا ہو تو دوسرے میتھک کے پیٹ میں یکجا (۱ سے ۱۵ دن استعمال کنا چاہئے) مولف،

(۲) رسکپور۔ وار چکنا ہشتگرف۔ سم الفار ہر ایک ایک تولہ آدھ سیر گھنٹہ اور ک کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ہر ایک ٹکیہ میں محفوظ رکھیں۔ خوراک صرف ایک چاول حلوے میں لپیٹ کر دوائی دانتوں کو نہ لگے۔ ایک ہفتہ میں آتشک دور ہوتا ہے

نوٹ:۔ اور ک کا پانی چھان لینا چاہئے، اگر دوائی کیپ شول میں دوا ڈال کر کھل لیں تو دانتوں کو لگنے کا خطرہ نہیں رہتا۔ خالی کیپ شول ہر ایک انگریزی دوا فروش سے معمولی قیمت پر مل سکتے ہیں

(۳) برائے بدھ آتشک۔ کبوتر کی بیٹ ایک چھٹانک بھر لیکر بذریعہ پانی انگلی لمبی سی بنا کر آگ پر رکھیں جب پانی خشک ہونے پر آئے تو روغن زرد ۱ تولہ ڈال کر حل حلوہ یا پلٹس کے بنا لیں اور بدھ کی جگہ پر باندھیں، دن میں دو تین بار گرم کر کے باندھنی چاہئے تین چار دن میں بدھ تحلیل ہو جاتی ہے یا پھوٹ جاتی ہے مفید ہے (تحفہ)

نوٹ:۔ اگر بدھ پھوٹ جائے تو اُس پر مرہم مندمل زخم لگانا بہتر ہوتا ہے یہ خال کبوتر صحرائی زود اثر و قوی ہوتی ہے۔

(۴) کشتہ نیلا تھوتھا۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ نشاستی پیسکر چار تولہ ایک کوزہ میں نیچے اوپر دیگر گل حکمت کر کے پانچ سیر کی آنچ دیں کشتہ سرخ ہو گا۔ مجرب ہے آتشک والے کو بہ ترکیب مذکورہ کھلائیں۔ سات روز میں آرام ہو گا (جامع)

نوٹ:۔ چار تولہ دہی میں رکھکر کھلائیں۔ سات روز تک غذا گھی روٹی کشتہ زنجار نہ دیتا ہو

مجربات کاملہ سے ہے۔

(۵) اکسیر آتشک و سوراخ تالو وغیرہ۔ رسکپور ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ۱۰ عدد قرنفل کلاہ دار ۷ عدد باریک کرکے شیر میش میں کھرل کریں یہانتک کہ سب شیر جذب ہو جائے تو ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ ایک صبح ایک شام بالائی شیر گاؤ میں لپیٹ کر نگل جائیں۔ خوراک کا گوسفند بے نمک و نان گندم کے اور چیز نہ کھائیں اور زخموں پر روغن سرسوں آدھ پاؤ جس میں تین تولہ برگ کنیر خشک جلائے ہوں وہ لگایا کریں (جامع) نوٹ:۔ مجرب ہے۔

(۶) مرہم عجیب۔ استخوان سر انسان نیم سوختہ، طوطیا، شنگرف، دم الاخوین۔ مصطگی۔ رال، ہیرا کسیس، پارہ، زہر مہرہ، سپاری چکنی، کات سفید، مردہ سنگ کمیلا، سندھور، مازو۔ ہر ایک ایک جزو، سنکھیا سفید دو دھیا دو جزو، گندھک آملہ سار ۵ جزو، موم دس جزو، روغن کنجد ۴۰ جزو، ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے نگاہ رکھیں۔ پھر تیل جلائیں اور اسمیں موم ملائیں پھر نیچے اتار کر ادویہ کوختہ بیختہ اضافہ کرکے خوب یکذات کرلیں۔ پٹی آلودہ کرکے لگائیں۔ آتشک میں مجرب ہے نیز بھگندر، ناسور، سرطان وغیرہ میں کارآمد ہے۔

(۷) سم الفار۔ دارچکنہ۔ رسکپور۔ ہڑتال ورقی، شنگرف ہر ایک ایک تولہ نصف بوتل برانڈی شراب میں اچھی طرح کھرل کریں جب تمام شراب بذریعہ کھرل جذب ہو جائے تو دوا کو دو پیالوں میں رکھکر جوہر اڑائیں۔ ان جوہروں کو حفاظت سے رکھیں خوراک ایک چاول مکھن کے ساتھ غذا بیسنی روٹی روغن زرد کے ہمراہ تمام دیگر اشیاء سے پرہیز ایک ہفتہ میں فائدہ ہو جاتا ہے (صدری مجربات)

(۸) برائے آتشک مجرب۔ نارجیل کہنہ ۲ تولہ، سیماب مصفیٰ ۶ ماشہ، بزرالبنج، جمود، بھلاوہ ہر ایک ایک تولہ، چوہارا ۲ عدد، قند سیاہ دس تولہ سب اشیا کو ملا کر لوہے کے کھرل میں لوہے کے باون سے خوب گھوٹیں اسقدر کھرل کریں کہ سیاہ ہو جائے۔ کم از کم دو دن کامل کھرل کریں پھر بقدر کنار صحرائی گولیاں باندھیں۔ خوراک ۲ گولی

تک آم کے اچار میں لپیٹ کر دیں مونگ کی دال و سرکہ سے پرہیز۔ ۷ دن میں بیس تیس سال آتشک بھی دور ہو جاتا ہے (دیش اوپکارک)

نوٹ:۔ یہ نسخہ اسلئے درج کیا ہے کہ آم کے اچار میں کھلانے والی دوا مشہور ہے۔ اور اکثر آدمیوں نے اسکا فائدہ مشاہدہ کیا ہوا ہے آم کا اچار وہ ہو جو سرسوں کے تیل میں ڈالا گیا ہو سرکہ وغیرہ اس میں نہ ہو دیگر سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز نہیں سوائے دال مونگ و سرکہ کے بلکہ اکثر کا خیال ہے۔ کہ دال مونگ مدت العمر نہ کھائیں۔ (مولف)

(۹) نسخہ دافع آتشک جو صرف تین یوم میں آتشک کو دور کرتا ہے۔

سنکھیا سیاہ اصلی۔ سیماب مصفے ہر ایک ایک تولہ۔ اول سم الفار کو چالیس روز تک بیضہ مرغ میں (جسمیں سفیدی و زردی موجود ہو) ڈالکر سایہ میں رکھیں چالیس روز کے بعد نکالکر جمعہ سیماب کے کھرل میں ڈالکر دو سیر شیر مدار میں کھرل کرائیں۔ جب دودھ کھرل ہو جائے۔ تو دو پیالوں میں سم الفار وغیرہ کی ٹکیہ بنا کر رکھیں اور گل حکمت کر کے چار سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اگر خام ہے تو پھر آدھ سیر شیر مدار میں دوبارہ کھرل کر کے آگ دیں کشتہ ہوگا۔ علامت کشتہ کی یہ ہے کہ آگ پر رکھنے سے دھواں نہ دیگا خوراک ایک چاول مکھن میں صبح کے وقت دیں تین خوراک میں زخم خشک ہو کر آرام ہو جاتا ہے۔ غذا نان گندم و روغن بہ افراط۔

(۱۰) حب مسہل آتشک۔ کہ از فقیرے بخاندان ما رسیدہ بود و بارہا بہ تجربہ آمدہ مرچ سیاہ ۶ دانہ۔ اجواین دیسی ۶ ماشہ۔ مرداسنگ ۶ ماشہ مغز تخم کرنجوہ ۶ ماشہ۔ مغز حب السلاطین۔ غیر مدبر ۶ دانہ۔ ان تمام ادویات کو عرق لیموں کاغذی میں خوب باریک پیس لیں اور سات گولی تیار کریں ایک گولی مریض کے سر کا تصدق اتاریں اور چھ گولیاں محفوظ رکھیں انمیں سے ۲ گولیاں صبح کو آب گرم سے کھلائیں۔ خوب مسہل ہونگے اکثر ایک ہی دن آرام ہو جاتا ہے۔ ورنہ دوسری بار بھی دیں۔ غذا خشکہ چاول ہمراہ نان بے نمک کھلائیں اور رات کو کچھ نہ کھلائیں۔ اگر کھانا ہی ہو سوائے ترکاری کے جو مرضی ہو کھائیں دوسرا مسہل بارہ روز بعد دینا چاہئے۔ ترشی و بادی و اشیائے سرد سے

پرہیز رکھیں (تذکرۃ الاطبا)

(۱۱) میٹھا سنکھیا۔ سم الفار سفید بلوری ۲ تولہ۔ لال مرچ تازہ کا رس ایک پاؤ اس رس میں سم الفار کو خوب کھرل کر کے خشک کر کے چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور برگ ارنڈ میں لپیٹ کر پانچ اوپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ خوراک نیم چاول۔ تپ کہنہ میں الائچی خورد بتاشیر سے۔ ہمراہ شیر گاؤ۔ نزلہ والے کو دودھ خام سے۔ آتشک و سوزاک میں یہ برگ بیری یا تلسی کے ہمراہ آدھ سیر دودھ۔ برائے آتشک کہنہ آم کے اچار میں کھلا کر اوپر سے ایک آم چوس لیویں اس سے اسہال ہونگے۔ اگر گرمی معلوم ہو تو پانی میں بیٹھیں۔ اور ضیق النفس میں مادہ براہ اسہال خارج ہوگا (باقیات)

نوٹ:۔ اس قسم کا کشتہ تیار ہو جانے پر طبیب ضرور فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ لیکن مجھے اس سے اتفاق نہیں کہ میٹھا سنکھیا ہے اور حرارت اسکی کم ہے۔ بلکہ اس کی حرارت اور زیادہ ہے اگرچہ مانع زہر بھی ہے۔ (مولف)

(۱۲) نسخہ آتشک۔ سنکھیا سفید، سیاہ، زرد و لال اور چاروں نمک ہموزن لیکر ملا لو ایک مینڈک جس کا رنگ زرد ہو۔ اسکے پیٹ کو چاک کر کے آلائش نکالدیں اور سنکھیا و نمک کا سفوف اس میں بھر کر اسکے پیٹ کو سی دیں پھر ایک کوزہ میں بند کر کے گل حکمت کر کے کسی گندی بدرو کے نیچے دبا دیں جہاں سے پانی گذرتا رہتا ہو ۴۰ یوم کے بعد بدرو سے نکال کر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سیاہ رنگ کی خاک برآمد ہوگی اسکو شیشی میں ڈال لیں اور آتشک کے مریض کو بعد مسہل ایک چاول حلوے میں کھلائیں ایک ہفتہ میں قطعی آرام ہوگا۔ تیل و کھٹائی سے پرہیز۔ خوراک گھی دودھ و روٹی چنے کی ہو

نوٹ:۔ مینڈک میں آتشک کے نسخہ جات اکثر بنائے جاتے ہیں لیکن یہ تدبیر بہتر ہے۔ بدرو اگر پختہ ہو تو کچی زمین جس پر سے گندا پانی بہتا ہو وہاں دفن کر دیں اور پھر نکال کر منہ نہ کھولیں۔ چاروں نمک یہ ہیں۔ نمک طعام، نمک سنگ، نمک سونچل، نمک سانبھر۔ مسہل آتشک کے کئی نسخہ جات اسی کتاب میں ہیں دیکھو میری بیاض میں علاج آتشک۔ (مولف)

(۱۳) مرہم محافظ آتشک۔ جراحوں۔ نرسوں اور ڈاکٹروں و حکیموں کو یہ مرہم ہمیشہ

(صدری مجربات)

پاس رکھنی لازمی ہے۔ تاکہ ایسے مریض کو چھونے یا مرہم پٹی کرنے کے بعد اس مرہم
ہاتھوں پر مل کر دھو ڈالا کریں اور حملہ مرض سے محفوظ رہیں

پائیڈر ابرائی امیونی ایٹی گرین ۲۵۔ پائیڈر اجرائی سب کلورائیڈ گرین ۲۵۔
پائیڈر اجرائی سیلی سیل آرسی نیٹس گرین ۲۵۔ لینولین گرین ۱۰۰

نوٹ:۔ مجامعت کے بعد اس میں سے بیس تیس گرین عضو تناسل پر ملکر ایک گھنٹہ بعد
گرم پانی و صابن سے دھو ڈالیں تو حملہ مرض سے محفوظ رہتے ہیں (مخزن حکمت)

(۱۴) اکسیر آتشک۔ سم الفار زرد ۱۴ ماشہ لیکر آٹھ گنا عرق لیموں کاغذی ۵ اور
آٹھ گنا عرق کٹائی خورد میں کھرل کریں جب سخت ہو جائے تو آرد گندم ہموزن کے ہمراہ
ایک رتی کے برابر گولیاں بنائیں آتشک جو کسی دوا سے اچھا نہ ہو۔ اس سے بالکل تندرست
ہو جاتا ہے۔ غذا مرغن (بحر الفواید)

نوٹ:۔ لیموں میں کھرل شدہ سم الفار سفید آتشک کو دور کر دیتا ہے۔ زرد کا بھی ایسا ہی فعل
ہے ایک نسخہ اکسیری ایک طبیب کے پاس تھا جس میں صرف سم الفار زرد کو عرق کٹائی خورد
میں کھرل کیا گیا تھا اور اسکا فعل جذام کو دور کرنا تھا۔ میرے مشاہدہ میں اس سے مریض اچھے
ہوئے تھے۔ اس صورت میں یہ نسخہ آتشک کے لئے تو حکمی طور پر فائدہ دیگا۔ (مولف)

(۱۵) نسخہ آتشک۔ جس سے منہ آتا ہے۔ بعض اوقات اس قسم کا سخت آتشک
ہوتا ہے کہ تمام جسم گل جاتا ہے یا کم از کم کوئی دوا اپنا اثر نہیں دکھلاتی۔ اس وقت
مجبوراً یہ نسخہ دیا جاتا ہے۔ رسکپور گیارہ ماشہ لونگ دس عدد مرچ سیاہ ۱۰ عدد شیر میش
چار تولہ سب دوا کو ڈیڑھ روز پیسکر چودہ گولیاں بنائیں روز ایک گولی صبح ایک شام
کو بالائی شیر میں لپیٹ کر کھاویں۔ مگر دانت کو نہ لگے۔ سات روز کھائیں۔ غذا کلہ بز
یا کڑھی مجرب ہے۔ ناک و حلق کے سوراخ بھی اس سے اچھے ہو جاتے ہیں۔ اس میں
منہ آنا اور رطوبت خارج ہوتی ہے (اکسیر الامراض)

(۱۶) جوہر آتشک۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ سم الفار سفید۔ سم الفار سرخ۔
ہڑتال طبقی زرد شنگرف رومی۔ پارہ۔ مردہ سنگ۔ رسکپور۔ نیلا تھوتھا۔ ہر ایک تولہ

سب کو کھرل میں باریک پیسکر ایک سیر عرق لیموں میں کھرل کرکے خشک کریں۔
پھر دوائے مذکور کو ایک پیالہ گلی میں ڈال کر دوسرے پیالہ کو اسپر ڈھانک کر کپروٹی
و گل حکمت مضبوط کریں۔ تاکہ دھواں نہ نکلے۔ پھر آگ پر رکھکر مطابق دستور جوہر اڑائیں
دوپہر کی ہلکی آنچ میں جوہر نکل آیا کرتے ہیں۔ ان جوہروں میں سے ۲ چاول منقے کے دانے
یا حلوہ میں رکھکر کھلائیں کہ دوا منہ کو نہ لگے۔ اس دوا کو احتیاط سے استعمال کریں۔

(مخزن حکمت)

(۱۷) کشتہ سیماب و سم الفار برائے آتشک۔ قوت باہ و دمہ میں بھی فائدہ دیتا ہے
سیماب مصفیٰ ۱ تولہ۔ سم الفار سفید ۱ تولہ دونوں کو کھرل میں لکر دندہ کے پانی سے کھرل کرتے
رہیں ۸ روز تک کھرل کرنے کے بعد ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ اور مغز جمالگوٹہ ۳ تولہ
پیسکر قرص کے زیر و بالا دیکر خلولہ بنالیں۔ پھر بیخ کنوچہ بقدر دس تولہ لیکر کوٹ کر
ہمراہ شیر مدار نقدہ بنا کر وہ خلولہ اسمیں رکھکر تین مرتبہ گل حکمت کرکے خشک کریں۔
اور تین سیر پاچک کی آگ میں رکھدیں سرد ہونے پر نکال کر حفاظت سے رکھیں
بوقت ضرورت دانہ قروں کے برابر منقیٰ میں لپیٹ کر مکھن کے ہمراہ کھائیں ترشی
تیل مچھلی۔ سرخ مرچ و جماع سے پرہیز ہے (اسرار حکمت)

نوٹ:۔ اگر بیخ کنوچہ نہ ملے تو مغز کنوچہ سے کام لیں۔ (مولف)

مرہم آتشک

سیماب ۱ تولہ۔ رسکپور ۹ ماشہ۔ کچلہ ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۷ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ
حنا سبز خشک سائیدہ ۲ تولہ سب کو سرمہ کرکے اس سے تولہ روغن گاؤ میں جو ایک
سو ایک دفعہ کا شستہ ہو ملا کر چار گھڑی کھرل کرکے کافور ۶ ماشہ داخل کرنے کے
بعد اٹھا رکھیں اور ضرورت کے وقت استعمال میں لائیں۔ (رموز الاطبا)

امراض مخصوصہ مردمان

نسخہ جات مصلح منی

(۱) گوند ڈھاک، گوند کیکر، پھلی کیکر، چھال کیکر، موصلی سفید، موصلی سیاہ، سنبل کی جڑ، تال مکھانہ، اندر جو شیریں، بہمن سرخ ہر ایک دو تولہ، سب ادویات کو کوٹ چھانکر سفوف مذکور کے ہموزن مصری ملا کر رکھیں اور ایک تولہ ہر روز بوقت صبح ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم کھائیں۔ مولد منی، مغلظ منی، دافع سرعت و مقوی باہ ہے۔ (گدڑی)

(۲) بہروزہ خشک مدبر ۲ تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ صمغ عربی ایک تولہ۔ مصری دو چند ادویہ کے حسب دستور قوام کر کے معجون بنالیں۔ خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام مغلظ منی ہے (تحفہ)

نوٹ:۔ ہر ایک چیز علیحدہ علیحدہ کوٹ چھانکر ملائیں۔ اس نسخہ میں موصلی سیاہ ۴ تولہ اضافہ کر لیں تو معین عمل ہے۔ مرد و عورت دونوں چند روز کھائیں مصلح منی و تولید مادہ میں بہتر ہے۔ (مولف)

(۳) سفوف مغلظ منی۔ تج۔ ستاور۔ گوکھرو۔ بیج بند۔ تال مکھانہ۔ موچرس۔ تخم انجرہ صمغ عربی ہر ایک ۹ ماشہ۔ سنگھاڑا خشک۔ اسگند۔ چنیہ گوند۔ شقاقل ہر ایک ۶ ماشہ موصلی سفید ۱ تولہ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ شکر نیم پاؤ۔ کوٹ چھانکر سفوف تیار کر کے رکھیں ایک تولہ ہر صبح شیر گاؤ سے کھایا کریں۔ مولد و مغلظ منی ہے (تذکرۃ الاطبا)

(۴) سفوف مغلظ منی مجلوق۔ ثعلب۔ مصطگی۔ نشاستہ۔ بوہ پھلی۔ تال مکھانہ شاخ کنول دانہ شاخ نیلوفر۔ دانہ الائچی کلاں۔ کشتہ قلعی جو بھنگ یا ثمر برگد میں کیا گیا ہو ہر ایک ایک تولہ تمام ادویات کے ہم وزن نبات سفید ملا کر سفوف بنائیں اور ایک تولہ شیر گاؤ سے صبح و شام استعمال کریں۔ غذا زود ہضم دودھ و گھی زیادہ مفید ہے۔

(۱) پھوپھلی بوٹی ایک تولہ لیکر کوزہ گلی میں ایک پاؤ پانی میں بھگو کر صبح گھوٹ کر چھان لیں اور مصری اسمیں داخل کر کے نوش کریں مجرب ہے۔

نوٹ:۔ دو ہفتہ میں فائدہ ہوتا ہے۔ (مولف)

(۲) کشتہ ابرک۔ آملہ سبز ایک سیر لیکر کوٹ کر عرق نکالیں اور پانچ تولہ ابرک سفید کے ٹکڑوں کو آگ میں تپا تپا کر عرق میں بجھاؤ دیں۔ اکیس بار یہ عمل کریں۔ پھر ایک برتن میں ڈالکر آملوں کا فضلہ اور باقی بچا ہوا پانی ڈالکر برتن کا منہ بند کر کے بارہ سیر کی آگ گڑھے میں دیں اور سرد ہونے پر بدستور اول آنچ دیں۔ بادامی رنگ کا کشتہ ہوگا۔ بخاروں و سوزاک و جریان میں نافع ہے۔

نوٹ:۔ جریان حار میں اکسیر سے کم نہیں کسی مناسب نسخہ میں ملا کر دینا بہتر ہوگا۔ یا تین ماشہ کشتہ لبوب بارد کے ہمراہ کھلائیں۔

(۳) کشتہ قلعی۔ قلعی ۵ تولہ لیکر مقراض سے باریک ٹکڑے ناخنوں کے برابر کاٹ کر برگ نیم میں تہ بتہ دیکر ایک ٹاٹ میں لپیٹ کر دس سیر کی آنچ دیں۔ اور پھر بہ احتیاط ٹکڑے قلعی کشتہ شدہ کے جمع کر لیں۔ خوراک نصف رتی سے ایک رتی جریان اور سرعت کو دور کرتی ہے نیز مصفی خون بھی ہے۔ (جامع)

نوٹ:۔ برگ بھنگ میں بھی کشتہ اسی ترکیب سے ہو جاتا ہے لیکن میں ایک ماشہ خوراک دیا کرتا ہوں۔ (مولف)

(۴) کشتہ قلعی۔ قلعی مصفا ۶ ماشہ پارہ مصفے ۶ ماشہ قلعی کو پگھلائیں اور پارہ مصفے میں ملا کر ٹکیہ بنالیں پھر آدھ سیر نخود کابلی کا آٹا بنا کر گوندھ کر درمیان میں یہ ڈلی رکھکر تین سیر جنگلی اوپلہ کی آنچ دیں کشتہ ہوگا۔ مقوی دل و اعضائے رئیسہ۔ دافع جریان اور مسہی بھی ہے خوراک ایک رتی پان میں دیں۔ (جامع)

(۵) تخم اوٹنگن۔ گوکھرو۔ تخم کونچ۔ تخم پلاس۔ گوند پلاس ہموزن گولی شہد میں ایک ایک ماشہ کی بنالو جریان۔ احتلام۔ سوزاک اور نامردی میں مفید ہے چالیس یوم کھانے سے اولاد پیدا ہوتی ہے۔ نوٹ یہ دوا اس نامردی کو دور کر سکتی ہے۔ جو بوجہ جریان کے پیدا ہو گیا ہو (مولف)

(۶) دواء الترنجبین۔ یہ معجون دافع کثرت جریان۔ رقت۔ سرعت انزال ہے۔ مغز تمر ہندی کلاں بریاں۔ تخم اوٹنگن۔ تخم سریالہ۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری ہر ایک تین تولہ کوٹ چھانکر حفاظت سے رکھیں۔ ترنجبین مصفےٰ ۳۰ تولہ کو ۳۰ تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ عرق بید مشک دس تولہ عرق کیوڑا میں جوش دیں پھر مصری تین پاؤ ملا کر قوام بنائیں اور بطریق موصوف کوٹ چھان کر ملائیں خوراک ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح و شام دیں۔

نوٹ:۔ جن لوگوں کو گرم دوا سے نقصان پہنچتا ہو یا جس کو بڑی بڑی مقویات سے بھی اثر نہ ہوتا ہو اُن کا مزاج عموماً صفراوی ہوتا ہے پس یہ ترنجبین کی معجون کھانے سے انکو اسقدر قوت پیدا ہوتی کہ ناقابل برداشت تھی۔ لیکن طبیب ہی مزاج کو بہترین طریقہ پر سمجھ سکتے ہیں۔ (مولف)

(۷) سیماب ۶ ماشہ قلعی تولہ۔ مٹھا تیلیہ مدبر ۳ ماشہ۔ مرچ سفید تولہ قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ملائیں اور کھرل کریں پھر مٹھا تیلہ ملا کر کھرل کریں پھر مرچ سفید ایک ایک دانہ کرکے ڈالیں اور خوب کھرل کریں۔ خوراک تین سے ۴ چاول بالائی یا مکھن سے جریان کی خاص دوا ہے۔ (اسرار صدری)

نوٹ:۔ پارہ و قلعی علیحدہ علیحدہ مصفےٰ ہوں۔ اور جس قدر زیادہ کھرل ہوگا دوا بہتر ہوگی مٹھا تیلیہ بھی مدبر داخل کریں۔ انکے مصفےٰ کرنے و مدبر کرنے کی ترکیب کتاب کے آخر میں درج ہیں

(۸) سنگھاڑہ خشک کو شیر بڑھ میں تر کرکے خشک کریں۔ اور نخود کے برابر چوب بنا کر ایک گولی صبح و ایک شام کو دودھ کے ہمراہ دیا کریں۔ دافع جریان و مقوی باہ ہے۔

نوٹ:۔ شیر برگد دافع جریان ہے۔ اُسکے کھانے کی یہ ترکیب بہترین ہے۔ (مولف)

فرفیون جند بیدستر لکنگنی ہر ایک ۵ ماشہ سب کو باریک کوٹ لیں اور پیاز نرگس کو ریزہ ریزہ کر کے شیر گاؤ آدھ سیر میں ایک پہر کامل تر رکھیں بعد ازاں سب کو ملا کر کھرل کریں جب تک کہ دودھ خشک ہو۔ بعد ازاں ۵ عدد پیاز سفید کا عرق ملا کر کھرل کریں پھر زہرہ گاؤ نر جوان ایک عدد داخل کر کے کھرل کریں جب عمل ختم ہو جائے چینی کی پیالی میں بحفاظت رکھیں ضرورت پر قدرے عضو خاص پر مالش کریں۔ اور پان کا پتہ باندھیں۔ اور یہ عمل دو وقت صبح و شام کریں (رموز اعظم)

مقویاتِ اعضائے رئیسہ

کشتہ چاندی (۱) برادہ قمر ایک تولہ سیماب ایک تولہ ہمراہ عرق ترشک ایک پاؤ سحق کر کے گولی بنالیں اور گل حکمت کر کے ۵ سیر کی آنچ دیں۔ پھر ایک تولہ سیماب ملا کر ایک پاؤ عرق مذکورہ میں کھرل کریں اور گولی بنا کر بدستور آگ دیں۔ اس طرح سے سات بار آگ دیں۔ مولد منی۔ مقوی باہ و اعضائے رئیسہ ہاضم طعام دافع ضعف بصارت۔ مولد خون۔ ممسک۔ الغرض جملہ فوائد اس میں ہیں۔ (جامع)

نوٹ:۔ یہ نسخہ بھی ہمارے مطب کا مایہ ناز ہے۔ جو صاحب بنائیں گے ضرور تعریف کریں گے ترشک سے مراد کٹھی بوٹی ہے یا نین پتی جو باغوں میں بکثرت ملتی ہے۔ سیماب مصفیٰ لینا چاہئے۔ خوراک ایک چاول سے چار چاول ۔ (مولف)

کشتہ نقرہ (۲) ایک تولہ پترہ نقرہ پر ۲ تولہ مغز حب الملوک پیس کر لیپ کریں اور آدھ سیر ڈیلہ کریل (ثمر کریر) کا گندہ بنا کر درمیان میں دیکر گل حکمت کر کے ۲۵ سیر کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔ مقوی اعضائے رئیسہ ہے خوراک ایک سے ۴ چاول ۔

کشتہ سیم (۳) ایک تولہ پترہ نقرہ یا روپیہ لیکر ۲ تولہ بہو بھلی خشک پسی ہوئی کے درمیان رکھ کر دو بڑے اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح ۱۱ سے ۱۸ تک آنچ دیں یہاں تک کہ روپیہ یا پترہ شگفتہ ہو جائے یہ اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہے۔ خوراک ایک سے ۴ چاول (جرب)

نوٹ:۔ یہ کشتہ چاندی اسراری ہے اور پچاس روپیہ تولہ کو بھی ارزاں ہے جرمان۔ (سیلان)

ضعف کمزوری وغیرہ کو حکماً دور کرتا ہے۔

(۴) کشتہ فولاد۔ برادہ فولاد ایک تولہ لیکر چینی کے پیالہ میں شیر مدار میں تر رکھیں جب دودھ خشک ہو جائے تو برادہ پیسکر پھر تر کر رکھیں یہ عمل تین بار کریں۔ پھر دس بارہ برگ مدار میں لپیٹ کر چار سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ برنگ سرخ ہوگا۔ یہ آزمودہ ہے۔ مولد خون صالح و مقوی اعضائے رئیسہ۔

(۵) سفوف سرخ۔ پیپلا مول ۱ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ ماشہ۔ دارچینی ۱ ماشہ۔ عقرقرحا پیپل مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ لونگ ہر ایک ایک ماشہ۔ صندل سرخ ۲ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ ہر ایک دوا کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے اسقدر کھرل کریں کہ مثل غبار کے ہو۔ شکر تری شہد نبات یا منقہ سے دیں تقویت دل میں بالخصوص اچھا ہے۔ نیز مقوی اعضائے رئیسہ پرسوت وغیرہ میں بھی نافع ہے۔ (باقیات)

(۶) کشتہ نقرہ۔ برادہ نقرہ ۱ تولہ کو آب ڈنڈہ تھوہر جو تھوہر کے ڈنڈا کو گھوٹ کر نکالا گیا ہو اس سے اسقدر کھرل کریں کہ چمک چاندی کی نہ رہے اکثر عمل دو دن میں پورا ہو جاتا ہے۔ اب ایک کوزہ گلی میں قرص بنا کر رکھیں اور منہ بند کرکے ۵ سیر اوپلہ کی ہوا سے بچا کر آنچ دیں۔ بے چمک و ملائم کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ایک رتی مکھن یا بالائی میں۔ دافع جریان سرعت۔ رقت کمزوری باہ اعضائے رئیسہ و دماغ وغیرہ ہے نوٹ۔ یہ کشتہ ہو جاتا ہے۔ بعض آدمی ورق نقرہ کا کشتہ بھی اسی ترکیب سے کرتے ہیں یہ کشتہ مفید ثابت ہوا ہے۔ (مؤلف)

(۷) فلک سیر۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ یاقوت ۲ ماشہ۔ ورق طلا ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱ ماشہ۔ زہر مہرہ۔ زمرد سبز ہر ایک ۲ ماشہ۔ مشک عنبر ہر ایک اڑھائی ماشہ۔ مغز پستہ مغز فندق مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم کاہو مقشر۔ مغز تخم کدو شیریں قضیب گاؤ سوہان کردہ ہر ایک ایک تولہ۔ ورق انجیل ۳ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ شقاقل مصری و بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران اصلی ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ اندرجو۔ بزر البنج ہر ایک ۶ ماشہ۔ موچرس تین ماشہ۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ سنبل الطیب۔

قرنفل، زنجبیل، دارچینی، سعد کوفی ہر ایک ۶ ماشہ، گل گاؤزبان ۱ تولہ، ابریشم مقرض ۶ ماشہ، آب سیب دس تولہ، آب انار شیریں، گلاب، عرق کیوڑہ، عرق بید مشک ہر ایک دس تولہ، شہد دو چند ہموزن ادویہ، قند سفید سہ چند ادویہ حسب معمول معجون بنائیں خوراک ایک رتی سے ۴ رتی تک ہے (تذکرۃ الاطبا)

نوٹ: مفردات کو علیحدہ باریک کریں مجربات میں سے یاقوت و زمرد و مروارید کا نہایت باریک صلایہ ہو۔ ورق الخیال بھنگ کو کہتے ہیں۔ معجون کا قوام سخت رکھیں۔ مفید و مجرب نسخہ ہے۔ ممسک بھی ہے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیکر باہ کی تقویت بھی پیدا کرتا ہے۔ مؤلف

(۸) سفوف دل و دماغ و اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے۔ بدن کو موٹا کرتا ہے۔ باہ و امساک کے لئے نافع ہے۔ شقاقل ۴ تولہ، ثعلب ۱ تولہ، تخم الائچی سفید ۱ ماشہ، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ، دارچینی ۲ تولہ، گوکھرو خورد ۱۰ ماشہ، گاؤزبان ۶ ماشہ، مصری تمام ادویہ کے برابر خوراک ۹ ماشہ علی الصبح شیر گاؤ کے ہمراہ چند روز استعمال کریں۔ بادی کھٹائی دلال مرچ سے پرہیز ہے۔ (گنج مجربات)

(۹) نسخہ مقوی اعضائے رئیسہ و باہ و دافع جریان ان مریضوں کیلئے جو حار مزاج ہوں گل سرخ، صندل سفید، کشنیز خشک، طباشیر، بہمن سفید، گاؤزبان، ابریشم مقرض ہر ایک ۳ ماشہ، خرفہ کے بیج ۴ تولہ، گاجر ۲ تولہ، بھیدانہ ۲ تولہ، مغز تخم کدو شیریں ۱۴ ماشہ، مغز تخم خیارین ۲ تولہ ۴ ماشہ، موتی ناسفتہ ۱۰ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، شربت انار شیریں ۱/۲ پاؤ، شکر سفید آدھ پاؤ، گلاب پاؤ تمام دواؤں کو سفوف کریں اور گلاب اور شربت ملا کر قوام کرکے دواؤں کو ملا کر معجون تیار کریں۔ خوراک ۳ ماشہ صبح کے وقت (گنج مجربات)

(۱۰) کشتہ مرجان جواہر والا۔ دافع جریان ضعف دماغ، نسیان و درد سر۔ مرجان ۱ تولہ، یاقوت تین ماشہ، عنبر ایک ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ، ورق طلا ایک ماشہ، زمرد ۵ ماشہ، عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کرکے دس سیر کی آنچ دیں۔ خوراک ۱ چاول ہمراہ خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ دیں۔ (بیاض مسیحا)

(۱۱) کشتہ مروارید مقوی اعضاء و دماغ، قلب و معدہ و جگر نیز دافع خفقان و وحشت

مروارید ناسفتہ تولہ بھر لیکر گائے کے دودھ میں بارہ گھنٹے خوب کھرل کرکے قرص بنائیں بعد ازاں گاؤزبان کے پھول دس تولہ لیکر اسکا نقدہ بنائیں یہ قرص اسمیں رکھکر اچھی طرح گل حکمت کرکے سات سیر جنگلی اوپلوں کی آگ میں پھونک دیں تین مرتبہ اسی طرح کریں تیار ہے خوراک ایک رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ (بیاض مسیحا)

(۱۲) مالتی بسنت۔ دافع ضعف معدہ و اعضاء رئیسہ دافع اسہال و سنگ دہنی ورق طلاء ایک ماشہ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ شنگرف تین ماشہ مرچ سیاہ ۴ ماشہ سنگ بصری کھپریا ۸ ماشہ سب کو باریک کرکے گائے کے مکھن میں چرب کریں اور کچھ دیر گلاب اور عرق کیوڑہ میں پیسیں پھر آب لیموں کاغذی میں کئی روز کھرل کریں جبتک چکنائی ناپدید ہو قرص بنالیں خوراک نصف سے ایک سرخ اسہال سنگرہنی و ضعف معدہ میں ہمراہ معجون سنگدانہ مرغ ۳ ماشہ تپ مزمن و دق میں سفوف گلو سے دیں۔

(۱۳) حبوب برہمی مقوی دماغ دافع نزلہ مبہی و ممسک ہیں۔

برہمی خشک کردہ مصابہ ۱۳ تولہ اصل السوس مقشر ۳ تولہ دانہ الائچی کلاں تولہ۔ دانہ الائچی خورد تولہ ورق نقرہ ۱۲ عدد ورق طلاء ۶ عدد۔ زعفران ۹ ماشہ مشک خالص ۱ ماشہ سب کو باریک کرکے شہد خالص سے گوندھکر نخود کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک گولی صبح و ایک شام دودھ کے ہمراہ (رموز الاطباء)

نوٹ:۔ ورق نقرہ پوری ایک دفتری اور ورق طلا نصف دفتری ہو تو زیادہ مفید ہوا کرتا ہے

مقویات باہ

(۱) کچلہ بھٹی میں نرم آنچ پر بھنالیں ریت پھینک دیں زہریلی ہوجاتی ہے یہ کچلہ مدبر ہے۔ اسمیں سے ایک تولہ کربلا خام جس میں بیج نہ پڑا ہو۔ آدھ سیر دونوں کو باریک کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں ایک گولی ہمراہ دودھ تازہ دیں۔ (حرز جان)

نوٹ:۔ نہار نہ دیں دودھ و گھی بکثرت کھائیں کیمیائے عشرت کا فائدہ دیگا یعنی خواہش بکثرت اور دودھ ہضم ۔ (مولف)

(۲) شیر قاضی دستار میں پتر و چاندی باریک کرکے گیارہ بار بھاوڈیں پھر اسی بوٹی کے نقدہ میں گرپٹ کی آگ دیں۔ خوراک نصف رتی (مرزجان)

نوٹ۔ قاضی دستار کا دورہ آسانی سے ماہ مارچ کے ماہ میں مل جاتا ہے واقعی مفید نسخہ ہے (مولف)

(۳) مدفن بیضہ مرغ میں ایک کپڑا لگا کر ایک بالشت مربع تر کرکے اور کمد سادہ تولہ باریک پیسکر اوپر چھڑک دیں اور لپیٹ کر ہنڈیا میں اور ایک طرف زبور آہنی سے پکڑ کر دوسرے سرے کو آگ لگائیں اور سیماب مصفے کو ایک برتن میں رکھیں اور جونہی تیل بتی کو آگ لگنے سے چھٹے وہ اس سیماب پر گرنا چاہئے پھر اس سیماب و تیل کو آپس میں رگڑیں سیماب اس تیل کے ساتھ مل جائیگا پھر نوشادر شیر برگد میں ہر دو اجزا کو ندھکر گولیاں بقدر نخود بنائیں اور دودھ کے ساتھ صبح و شام کھلائیں۔ مقوی باہ ہے (مرزجان)

نوٹ۔ اگر مدفن بیضہ کی ترکیب نہ کر سکیں تو مدفن گاؤ سے کام لیں۔ مدفن بیضہ نکالنا بہتر ہے دیکھو فرہنگ طبی۔ (مولف)

(۴) ابرک سفید خواہ سیاہ محلول ایک تولہ سنکھیا سفید ایک تولہ دونوں کو ملا کر ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ اور ایک کوزہ خوردگی میں رکھکر اوپر سرپوش رکھ دیں اور سیر اوپلہ کی آنچ دیں پھر نکال کر دوبارہ ایک تولہ سنکھیا ملا کر کھرل کریں اور حسب دستور آنچ دیں اسی طرح سات آنچ دیں اور ہر دفعہ سنکھیا شامل کریں۔ ابرک کا وزن ملانے سے ۲ تولہ ہو جاتا ہے کیمیائے عشرت کے فوائد حاصل ہونگے۔ خوراک ۱/۴ سے ایک رتی (مرزجان)

نوٹ۔ ۵ سیر دودھ بالائی ہضم ہوتی ہے اور رات کو کھانا نہ کھائیں صبح کے وقت دوا کھلائیں طاقتور آدمی ۱۲ رتی تک کھا سکتا ہے یہ نسخہ کیمیائے عشرت کے نسخہ سے زیادہ مفید اور طاقت ور ہے۔ اور مجرب ہے (مولف)

(۵) سم الفار سفید ایک تولہ صاف فلزہ ایک تولہ نکو اکیس مدفن بیٹری کے دودھ میں کھرل کرکے ایک مٹی کی کلیا میں بند کر دیں اور اس کے منہ سے ایک شکاجہ کر

اس کلیسا میں رکھکر منہ اچھی طرح سے بند کریں۔ نیچے بیری کی لکڑی کی آگ دیں اور آٹھ پہر تک جلاتے رہیں جب سب پتے جل جاویں۔ تو کلیسا نکال لیں اور دوا کے ہموزن طباشیر سفید ملا کر رتی رتی کی پڑیہ بناویں اور کھانے کے درمیان ایک پڑیہ پانی سے کھالیں۔ ۷ سالہ بڈھا بھی محسوس کرتا ہے۔ (تحفہ)

نوٹ:۔ جس کلیسا کوزہ گلی میں سم الفار اور ورق نقرہ ڈالیں وہ زیادہ سرخ نہ ہو یعنی آگ میں پکانے پر اسکی رنگت پوری سرخ نہ ہوئی ہو البتہ بڑا برتن جس میں مدار کے پتے ڈالیں وہ خوب پختہ ہو وہ طعام کھانے کے بعد کھانا چاہئے۔ نسخہ واقعی اچھا ہے۔ (مولف)

(۶) کشتہ طلا۔ برادہ طلا ایک تولہ سیماب ۱ تولہ ایک پاؤ عرق چولائی خاردار سے چار پہر تک عمدہ نہ گھسنے والے کھرل میں سحق کریں کہ تمام عرق جذب ہو جائے پھر برادہ کی گولی بنا کر دو کوٹھالیوں میں بند کر کے آدھ پاؤ اوپلہ توڑ کر آنچ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکالکر وزن کریں جس قدر وزن کم ہو گیا ہو اسی قدر پارہ جدید ملا کر چار پہر ہمراہ عرق مذکور سحق کریں اور گولی بنا کر پہلے کی طرح آنچ دیں۔ اسی طرح سے عمل کرتے رہیں یہانتک کہ وزن کم ہونا بند ہو جائے۔ پھر ایک پاؤ کی آنچ دیتے رہیں اور کمی اضافہ کرتے رہیں یہانتک کہ ۹ آنچ پوری ہوں اور پارہ ہموزن زر کے کشتہ ہو جائے۔ خوراک نصف چاول مکھن میں نامرد و کمزور کو دیں۔ سل کو دور کرتا ہے (جامع)

نوٹ:۔ پانی بوٹی کا مقطر کر لیا کریں کشتہ بہت ہی مفید ہے۔ پارہ بھی مصفے شامل کیا کریں میں نے ایک خود تیار کیا تھا اور بہت فائدہ اٹھایا اب دوبارہ زیر تیاری ہے کشتہ جات میں سے سم الفار سے بھی زیادہ مقوی ہے۔ اور پارہ کے آکسیری کشتہ کا مقابلہ کرتا ہے مولف

(۷) کشتہ فولاد۔ برادہ فولاد فی تولہ ایک رتی سم الفار ملا کر ایک پاؤ عرق گھیکوار میں سحق کر کے کوزہ میں بند کر کے آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں اور اسی طرح سے ہر آنچ میں ایک رتی وزن سم الفار کا اضافہ کرتے جائیں یہانتک کہ ۸ آنچ میں ایک ماشہ سم الفار فی تولہ کے حساب سے دیا جائے پھر اسی طرح سے شنگرف شروع کریں اور وہ بھی ماشہ

تک مرتبہ میں پچاسویں کل ۱۰ آنچ میں کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک نصف رتی تک مقوی و محرک باہ ہے۔

نوٹ:۔ ستر حصوں آنچ بغیر کسی چیز کی ملاوٹ کے دینی بہتر ہوگی۔ (مولف)

(۸) کشتہ شنگرف۔ چھال درخت پیپل کی کوٹ کر چار تولہ سفوف بنائیں۔ اور درمیان ایک تولہ شنگرف دیکر دو اپلوں میں رکھکر دو گرد چار سیر کی آگ دیں کشتہ سیاہ ہوگا خوراک اعلےٰ قسم سے ۲ رتی (جامع)

نوٹ:۔ کبھی درست ہوتا ہے کبھی غلط لیکن محنت طلب نہیں اسلئے دو چار بار کے تجربہ میں ہی اگر یکساں بار بن جائے تو کوئی نقصان نہیں۔ (مولف)

(۹) سم الفار سفید ایک تولہ نگدہ برگ لاجونتی میں دیکر کل حکمت کرکے خفیف سی آگ میں سات دفعہ جدید نگدوں میں پکالیں پھر پیس کر نگاہ رکھیں عجیب الفعل ہے ایک چاول پیمانہ میں دیں اور گھی پلائیں اور جمال عمت روکیں (جامع)

نوٹ:۔ لاجونتی یا شرسیل یا جھوٹی موتی کا نگدہ کم از کم آدھ پاؤ ہو اور آنچ جسمیں شعلہ نہ ہو فن اسکا ایک سیرت کم ہو سنیاسی اعمال سے ہے۔ (مولف)

(۱۰) روغن کچلہ۔ کچلہ کو شیرہ برگ دستورہ میں تین دن رات بھگو رکھیں پھر ایک روز سایہ میں خشک کرکے جوکوب کریں اور پتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں۔ خوراک نصف قطرہ آدھ پاؤ بالائی میں ملا کر دیں مشتہی ہاضم دافع سرعت و جریان مقوی باہ ہے (جامع)

نوٹ:۔ جریان کے مریض کو اقل نسخہ جات جریان مفرحہ استعمال کرائیں۔ اسکا استعمال موسم سرما میں بہتر ہوگا۔ زیادہ گرمی میں کھانا مضر ہے۔ نسخہ عمدہ ہے۔ (مولف)

(۱۱) مسی۔ ریگ ماہی زرسم الفار سفید، طباشیر ان قسم اعلےٰ ہر ایک ایک تولہ سیر دو سیر میں جوش دیں اور پھر جما کر اسکا گھی تیار کریں حسب دستور۔ دو قطرے دودھ میں ملا کر روزانہ دیں اور لطف اٹھائیں (تجربات حکیم فتح دین بھیروی سے ہے)

(۱۲) جیوتی دافع کمزوری۔ سونٹھ الائچی خورد اقرنفل اقرحا۔ دار چینی ایک تولہ

سپاری ۸ ماشہ گل سُرخ ۸ ماشہ صندل سفید ۸ ماشہ کستوری ۱ ماشہ۔ ورق طلاء ۸ عدد۔ ورق نقرہ ۱ عدد تمام کو باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے ذرا سا گوند ملا کر بقدر مغز بادام گولیاں بنا کر رکھیں جماع سے قبل کھانا تفریح پیدا کرتا ہے۔ بعد جماع شیر و شکر کے ہمراہ ایک سے دو گولی کھانا دافع کمزوری جماع ہے منہ میں رکھنا خوشبو و قوت پیدا کرتا ہے۔ (باقیات)

(۱۳) معجون مقوی باہ و مفرح صندل سفید ۵ تولہ کی بلا امداد کاروا آہنی کے کاٹ کر سایہ میں خشک کریں پھر اسکا سفوف بنا کر دو چند شہد کف گرفتہ میں ملا کر معجون تیار کریں اس میں سے ایک تولہ صبح یک تولہ شام دودھ سے ۱۵ یا ۲۰ یوم دیں۔ جماع و ترشی و ثقیل سے پرہیز۔ مقویات باہ میں بڑے بڑے قیمتی نسخوں کا مقابلہ کریگی (اصلاح بالمفردات)

(۱۴) محرک و مقوی باہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ سم الفار ایک ماشہ کتھ ۱۰ ماشہ روح کبوتر حسب ضرورت سے خوب کھرل کریں پھر اسکی ۱۵ گولیاں بنا دیں اور ورق چاندی لگائیں خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ رات کو سوتے وقت دیں اچھا اثر دیکھتے ہیں۔ دیگر۔ سم الفار ایک تولہ آب زبرہ نہنگ ۱ ایک عدد میں اس قدر سحق کریں کہ خشک ہو جائے پھر تنکہ بھر مالائی میں دیں مشکل سے برداشت ہو سکیگی عدد بہ کا محرک و مقوی ہے۔ اسرار خفیہ ہے۔ (صمدی مجربات)

(۱۵) مقوی باہ۔ خراطین برگ مصفا خشک ۵ تولہ دو المطرین تولہ۔ بیگ ساہی آمل ۲ تولہ ثعلب مصری ایک تولہ۔ بزالقطن۔ قرنفل۔ جاوتری۔ عاقرقرحا ہر ایک ۲ ماشہ سب کا سفوف بنا کر رکھیں خوراک نصف ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک بالائی یا مکھن میں دیں۔ ممسک۔ مقوی و لعوظ آور ہے۔ (مجربات)

نوٹ۔ دو المطر شیر برگد سے مراد ہے۔ خراطین کی اندرونی مٹی صاف کی ہوئی ہو۔ یہ دوا تمام آدمیوں کے لئے ہر قسم کی تقویت دیتی ہے مجرب ہے۔ (مولف)

(۱۶) السخ دافع ضعف باہ۔ سیماب مصفا ۲ تولہ میں ورق طلا ۳ تولہ تھوڑے تھوڑے ملا کر کھرل کرتے رہیں جس وقت تمام ورق بخوبی حل ہو جائیں پھر رواں دیں

ناسفتہ ۱ تولہ شنگرف ۱ ماشہ کو ورق لیموں سے آٹھ روز تک کھرل کریں اور چھوٹی چھوٹی قرص بنا کر خشک کریں اور ایک کوزہ گل میں رکھکر منہ بند کر کے خوب گل حکمت کریں اور ایک گز مربع گڑھے میں دو من پاخکہ شتی کی آگ دیں اور سرد ہونے کے بعد نکالکر ایک مثقال کے بعد ۲ چاول ہمراہ شہد یا مکھن دیا کریں۔ غذا عمدہ ہے۔ (صمدی مجربات)

نوٹ:۔ اس نسخہ میں اگر گندھک ۲ تولہ شامل رہے تو بہتر ہوگا۔ (مولف)

(۱۷) جوہر سیمن۔ دافع کمزوری و نامردی۔

سم الفار ۱ تولہ لیکر سیمن تولہ شراب برانڈی میں خوب کھرل کر کے خشک کریں۔ اور دو پیالوں میں بند کر کے بدستور جوہر اڑائیں خشک۔ ۲ چاول۔ نامردی و ضعف باہ میں بیوب کبیر سے دیں عام قوت کے لئے مجون جالینوس تمام ہندوستانی (یونانی) دواخانوں میں تیار فروخت ہوتی ہیں اور اسکے نسخہ جات قرابا دینوں میں موجود ہیں۔

(۱۸) سم الفار سفید، ہڑتال شنگرف ہر ایک ایک تولہ اسکو دیکسو لیموں کاغذی کے پانی میں کھرل کریں اور مونگ کے برابر گولیاں بنالیں خشک نصف سے ایک گولی بعد غذا دیں۔ دودھ اور گھی کا استعمال زیادہ رکھیں بہت ہی مقوی باہ ہے۔

(۱۹) دوا دافع کمی نعوظ۔ مقدار ۲ تولہ۔ مایہ شتر اعرابی ۱ ماشہ۔ بیمن سفید ۱ ماشہ۔ اقل مایہ شتر اعرابی کو گلاب میں حل کریں پھر باقی ادویات کوٹ چھان کر ایک تولہ شہد کے اضافہ سے ملا کر ۲ قرص تیار کریں اور سایہ میں خشک کر کے بحفاظت تمام رکھیں۔ اس میں سے ایک قرص روزانہ دودھ سے کھلایا کریں۔ ترشی اور جماع سے پرہیز۔ اگر ادویات اصلی ہوں تو ۱۰ یوم کے بعد سختی و نعوظ میں پورا کمال مشاہدہ میں آسکتا ہے

(۲۰) مقوی باہ۔ اسرار ہے۔ کبوتر نر مادہ ذبح کر کے پر و بال و آلائش شکم پاک کر دیں پھر آہنی سیخ پر لٹکا کر خاکہ زنبور کے نزدیک رکھیں تاکہ زنبور اسکو کاٹتے رہیں۔ جب ۱۵ بیس منٹ یا آدھ گھنٹہ گذر جائے تو روغن زرد میں بریان کر کے ۴ حصہ کر کے رکھیں اول روز ایک حصہ اور روز دوم دو حصہ کھائیں اس طرح سے سات آٹھ یوم میں ختم کر دیں۔ مجرب ہے۔ (اسرار صمدی)

(۱۵) شربت مقوی باہ و مشتہی۔ دارچینی عمدہ ۲ ماشہ ستاور ۵ تولہ۔ بید مشک ۲ ماشہ میں تر کریں۔ صبح جوش دیکر صاف کرکے شہد ۱ مار ملاکر قوام تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ چاٹ لیا کریں۔ (تذکرۃ الاطباء)

نوٹ:۔ یہ نسخہ بلذذ بھی ثابت ہوگا۔ یعنی اسکے کھانے ہی سے بلذذ اثر بھی ہوتا ہے۔ مولف

(۱۶) مقوی باہ۔ پٹھہ کنڈے کو جلائیں اور اسکی راکھ بطور قاعدہ کے ٹپکائیں۔ اب وہ ٹپکا ہوا پانی آگ پر رکھیں یہانتک کہ جل جائے اور نمک اسکا باقی رہے۔ اس نمک کو سنکھیا ایک تولہ اور وہ راکھ نیچے اوپر ڈالکر چھوٹی کٹھالی میں ڈالکر دو سیر اوپلوں کی آگ دیں سنکھیا کشتہ ہوگا۔ اس میں سے ۴ رتی اور مرچ سیاہ ۴ رتی کھرل کریں۔ اور گولی بطور مسور کے باندھیں۔ مستسقی کو ایک گولی ہمراہ روغن زرد کے دیں۔ اور باہ کی کمزوری کے لئے ایک گولی سات دن تک آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھلاتے رہیں۔ (تذکرۃ الاطباء)

نوٹ:۔ نمک و سم الفار کو باہم کھرل کریں۔ کٹھالی اتنی بڑی ہو جس میں آدھ پاؤ خاک آجائے اس میں دونوں ٹکیہ رکھکر آنچ دیں۔ خوراک تھوڑی مقدار سے شروع کرائیں ۴ رتی خوراک زیادہ معلوم ہوتی ہے۔ اگرچہ مستسقی کو ہوشیار طبیب دے سکتا ہے۔ (مولف)

(۱۷) مقوی باہ۔ تال مکھانہ خشخاش سفید ہر ایک ۸ تولہ کوٹ کر ۹ ماشہ روزانہ گائے کے گرم دودھ سے کھلانا۔ مقوی باہ دافع سرعت۔ مجربات سے ہے (بحر الفواید)

(۱۸) حبوب مقوی باہ۔ دارچینی۔ جائفل۔ افیون۔ کستوری خالص۔ عاقرقرحا۔ شنگرف۔ قرنفل ہر ایک ایک ماشہ۔ مروارید ۲ ماشہ۔ روغن سم الفار ۲ ماشہ شہد خالص مصفے کی مدد سے گولیاں بنائیں۔ ترکیب روغن سم الفار۔ شیر گاؤ ایک سیر۔ زعفران خالص ۱ تولہ سم الفار سفید ۱ تولہ۔ دونوں کو الگ الگ کھرل میں باریک کرکے شیر مذکور میں ملاکر جوش دیں اور ضامن لگاکر جما دیں۔ مکھن نکالیں اسکو گرم کرکے چھان لیں روغن سم الفار یہی ہے۔ (بیاض خاص)

نوٹ:۔ میں نے خود یہ گولیاں کئی بار تیار کی ہیں۔ جو لوگ وقت پر کسی دوا کا اثر دیکھنا چاہتے ہوں وہ اسکے کھانے کے بعد اثر کو تسلیم کر لیتے ہیں۔ مقوی باہ و مبہی و ممسک ہیں۔ مقویات باہ میں

یہ بھی ایک مجرب نسخہ ہے۔ میں اسکی گولیاں بنا کر استعمال کراتا ہوں۔ اور حبوب مرغ نام رکھا ہوا ہے

(۱۹) واجی کرن۔ دواری کند، پیپل، شالی چاول، چرونجی، تالمکھانہ، جڑ کونچ ہر ایک ایک کڑو، شہد کڑو۔ کھانڈ نصف تولہ۔ تازہ گھی نصف پرستھ۔ ان سب کو ملا کر اس میں سے ہر روز ۲ تولہ بھر کھانے سے کئی عورتوں سے شادی کر لینے کی قوت پیدا ہوتی ہے (واگ بھٹ)

نوٹ:۔ مبالغہ ہے۔ لیکن مفید ضرور ہے۔ اوزان کی تشریح ضمیمہ میں دیکھ لیں۔ دواری کند سے مراد بداری کند ہے۔

(۲۰) واجی کرن (۲) گیہوں اور کونچ کے بیج دودھ میں پکا کر اسمیں گھی و شہد ملا کر کھائیں ایسا شخص کبھی نہیں تھکتا۔ (واگ بھٹ)

نوٹ:۔ کونچ سے مراد کونچ ہے۔ یہ نسخہ بھی صحیح ہے۔

(۲۱) واجی کرن (۳) بکرے کے خصیے دودھ کے ساتھ پکا کر اس دودھ سے کالے تلوں کو بار بار بھاونا دیں۔ ان تلوں کو جو شخص کھانڈ ملا کر کھاتا ہے۔ اسمیں ..... عورتوں سے قوت جماعی پیدا ہو جاتی ہے اور ہر مرتبہ جدید جماع کا تلذذ حاصل ہوتا ہے (واگ بھٹ)

نوٹ:۔ تقویت باہ میں تین چیزیں ہمیشہ نوٹ رکھیں۔ فولاد، سم الفار، اور بکرے کے خصیے جدید تحقیقات کی رو سے ثابت ہو چکا ہے۔ (مؤلف)

(۲۲) واجی کرن (۴) پیپل اور آملوں کا چورن بنا کے اسے آملوں کے رس کی بھاونا دیں پھر اس میں شہد کھانڈ اور گھی ملا کر چاٹیں۔ بعد ازاں دودھ کا انوپان کریں تو اسی برس کے بڑھاپے میں بھی جوانی کی سی طاقت جماع پیدا ہوتی ہے (واگ بھٹ)

نوٹ:۔ پیپل ۲ تولہ۔ آملہ کا سفوف ۵ تولہ دونوں کو باریک کر کے آملہ سبز کا رس نکال کر اسمیں تر کریں پھر خشک کریں۔ اگر دوبارہ ایسا کر لیں تو بہتر ہے پھر اسمیں ۵ تولہ شہد، ۷ تولہ کھانڈ و گھی ۱۰ تولہ ملا کر رکھیں۔ یا لڈو وغیرہ بنا لیں اور ۲ تولہ کا لڈو دودھ سے کھایا کریں یہ مفید و مجرب ہے۔ مگر اس میں بھی مبالغہ بہت ہے۔ (مؤلف)

(۲۳) واجی کرن (۵) گوکھرو، تال مکھانہ، اُرد، کونچ کے بیج، ستاور کے چورن کو دودھ کے ساتھ نوش کرنے والے بوڑھے بھی سو ..... سے قوت جماعی حاصل

کر لیتے ہیں۔ (واگ بھاٹ)

نوٹ:۔ ہر ایک دوا ہموزن ہونی چاہئے۔ خوراک ایک تولہ صبح ایک تولہ شام مفید ضرور ہے۔ مغلظ مقوی دہبی ہے۔ لیکن مبالغہ حد سے زیادہ ۔ (مولف)

(۲۴) نسخہ جو قوت کو واپس لاتا ہے۔ ورق نقرہ تین ماشہ ورق طلا ایک ماشہ۔ مشک اصلی ۲ ماشہ زعفران اصلی ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ ماشہ جائفل ۶ ماشہ طباشیر ۷ ماشہ جاوتری ۸ ماشہ۔ ان سب کو تین دن تک بکری کے دودھ میں کھرل کریں۔ پھر تین دن پان کے رس میں کھرل کر کے گولیاں ایک ایک رتی کی بنا دیں پھر ایک سے تین گولی۔ بالائی یا مکھن سے کھائیں۔ (گنجینہ طبیب)

نوٹ:۔ جماع ایک سے تین گولی دودھ سے کھانا کمزوری نہیں ہونے دیتا اور طاقت واپس لاتا ہے۔ موسم سرما میں ایک گولی روزانہ کھانا بہت ہی تقویت رکھتا ہے۔

(۲۵) معجون محرک باہ۔ جو شدت سے انتشار پیدا کرتی ہے۔

عاقرقرحا۔ تخم پیاز۔ ہر ایک ۴ تولہ۔ تخم شلغم ۶ تولہ۔ پیپل۔ سیاہ مرچ۔ زنجبیل ہر ایک ۲ تولہ تودریں دس ماشہ۔ خردل ۲ تولہ۔ تخم گزر ۴ تولہ۔ سیاہ دانہ ۱۴ ماشہ۔ پستہ ۱۴ ماشہ پیس کر سہ چند شہد مصفی ملا کر معجون بنا کر رکھیں۔ خوراک ایک تولہ صبح و ایک تولہ شام۔

نوٹ:۔ یہ معجون عورت کو نہ کھلائیں ورنہ شدت سے خواہش پیدا ہوتی ہے ۔ (مولف)

(۲۶) روغن سم الفار عجیب الاثر۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ زردی بیضہ مرغ چالیس عدد ہر روز ایک عدد زردی لیکر سنکھیا میں ڈالکر یعنی اول روز ایک زردی میں کھرل کریں۔ دوسرے میں اسی طرح کل چالیس روز میں چالیس انڈوں کی زردی میں کھرل کریں پھر بذریعہ پتال جنتر کے روغن کشید کریں۔ اور اس میں سے ۲ قطرہ تک پان میں رکھکر کھلائیں اور عضو مخصوص پر مالش کریں۔ ایک دو ہفتہ میں خوب اثر معلوم ہوگا۔ اکسیر اعظم ہے۔ غذا مرغن رہے اور جماع سے پرہیز رکھیں۔ (اکسیر الامراض)

(۲۷) ترکیب عجیب برائے تقویت باہ۔ مایوس العلاج و عنین و مجلوق کو بھی فائدہ دیتا ہے۔ ثعلب عمدہ۔ چھالیہ سرخ ہر ایک ایک تولہ مصری ۴ تولہ کوٹ پیس کر چوبیس حصہ کریں

(اکسیر الامراض)

صبح کو دودھ سے ایک حصہ کھا لیا کریں۔ اس دودھ میں ایک ماہ تک مرغ کا شوربہ ملا لیا جائے۔ اگر اس میں ۲ تولہ مکھن بھی ڈالیں تو اور بہت بہتر ہے۔ دودھ کھانے میں نمک زیادہ کھائیں ترشی و بادی اشیاء سے پرہیز۔ جماع سے تو بہ رکھیں۔ (اکسیر الامراض)

(۲۸) دوا مقوی باہ جبکہ دماغ۔ جگر۔ معدہ و گردہ ضعیف ہوں۔ ترنجبین خراسانی نبات سفید ہر ایک نو تولہ۔ شہد خالص ۱۰ تولہ۔ شیر گاؤ دو سیر میں پکا دیں۔ جب مثل لعوبہ کے ہو تو اتار کر۔ مغز تخم کدو رخ ایک ایک تولہ۔ شقاقل بستاوہ۔ مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ۔ مغز فستق تین تین تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ کا سفوف ملا کر بقدر مناسب کھائیں۔ بہت فائدہ مند ہے۔ مقوی باہ۔ گردہ و مثانہ مقوی دافع سرعت ہے۔ (اکسیر الامراض)

نوٹ۔ قلت منی تحت اشتہا نسبت بالضم بصد کردہی دماغ و گردہ میں پیدا ہوتی ہے۔

(۲۹) اکسیر جدوار۔ جو مسک و مقوی باہ و قوی الاثر ہیں

جدوار خطائی۔ مایہ شتر اعرابی۔ مصطگی رومی۔ بہمن سفید۔ طباشیر سفید۔ بسباسہ۔ بزر الیخ سفید۔ تخم تفاح ہر ایک ۹ ماشہ۔ شقاقل مصری ۳ ماشہ۔ زعفران صمغ عربی ہر ایک ایک مثقال افیون۔ نبات سفید ہر ایک ایک تولہ۔ ورق طلا ۱۵ عدد ورق نقرہ ۵۰ عدد سب کو باریک پیس کر اور شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی۔ (مخزن حکمت)

(۳۰) سم الفار سفید ۱ ماشہ ہڑتال ۹ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۹ ماشہ برادہ چاندی ۳ ماشہ۔ برادہ فولاد ۱۰ ماشہ پارہ۔ گندھک ہر ایک ۳ ماشہ۔ اول پارہ گندھک کی کجلی بنائیں پھر تمام دواؤں کو ملا کر اندرائن کے عرق میں دو پہر کھرل کریں۔ پھر ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور ایک آبخورہ میں رکھ کر گل حکمت کر دیں اور تین سیر اوپلوں میں پھونکیں جب سرد ہو جائے تو پھر اندرائن کے عرق میں کھرل کر کے حسب دستور آنچ دیں۔ قوت باہ میں مفید ہے۔ خوراک ایک جو یا ایک چاول۔

نوٹ۔ دوا کو مکھن یا بالائی میں کھلائیں۔ یہ دوا آتشک کی وجہ سے کردی ہلد کو دور

کرتی ہے یا جب دونوں علامات ہوں تب اسکا کھلانا مفید ہے ۔

(۳۱) کشتہ پیسہ مقوی باہ ۔ بڑا پیسہ ہڑتال زرد سم الفار سفید ۔ پارہ ۔ جمالگوٹہ ہر ایک ۴ ماشہ دواؤں کو پیسکر پیسہ پر لیپ کریں پھر سجی سیاہ ۔ اور نمک لاہوری ہر ایک ۱۷ ماشہ لیکر علیحدہ علیحدہ پیسیں ایک گل حکمت شدہ (تخورہ میں پہلے تو آدھی سجی بجھا دیں پھر نصف نمک لاہوری کو اسکے اوپر پیسہ رکھیں ۔ باقی نصف نمک لاہوری اور نصف باقی سجی کو ڈال دیں اسکا منہ بند کر دیں ۔ آدھا آدھ سیر کے دو اپلوں میں بند کرکے آنچ دیں ۔ کشتہ ہوگا ۔ قوت باہ آتشک اور سرد بیماریوں میں مفید ہے ۔ خوراک ایک خس (گنج مجربات)

(۳۲) کشتہ چاندی مقوی ۔ چاندی تین ماشہ ۔ پارہ تین ماشہ گندھک ۳ ماشہ سم الفار سفید تین ماشہ تینوں آخری دواؤں کو مدار کے دودھ میں دن بھر کھرل کریں اور چاندی کے پترہ کے چاروں طرف ضماد کریں اس کے اوپر سفید کپڑا چار تہ لپیٹ دیں پھر کوزہ گلی میں رکھکر گل حکمت کرکے تین سیر اپلوں کی آنچ دیں ۔ خوراک ایک رتی مکھن میں مقوی باہ و ممسک ہے ۔ (گنج مجربات) ۔

(۳۳) ترکیب عجیب مقوی باہ ۔ ہڑتال سم الفار گندھک پارہ سنگرف تمام ادویہ کو عرق لیموں میں کھرل کریں پھر گولیاں بنا کر ایک تنگ شیشی میں ڈالیں اور چونہ سیپ و قند کوٹ کر ملا کر لیپ لگا کر خشک کریں اور پانچ سیر اپلوں کی آنچ میں جلائیں فنون اکسیریہ سے ہے مقدار خوراک ایک خس ۔ (گنج مجربات)

(۳۴) ترکیب شنگرف ۔ سنگرف اتولہ کو چنے کے برابر یا اس سے کسی قدر کم و بیش ٹکڑے ٹکڑے کریں اور تانبے کے پیالہ میں رکھکر بڑھ کا دودھ اتنا ڈالیں کہ شنگرف کے اوپر تک آجائے اور سایہ میں خشک کریں اس طرح سے تین مرتبہ تر و خشک کرکے چوتھی مرتبہ دوسرا پیالہ اس کے اوپر رکھکر کپروٹی کرکے گل حکمت کریں پھر ۹ سیر اپلوں کی آنچ دیں ۔ اسرار السیاحین سے ہے ۔ (گنج مجربات)

نوٹ :۔ خوراک ایک خس سے ایک چاول تک حسب برداشت مکھن میں دیں (جولف)

(۳۵) حب نشاط۔ دافع ضعف باہ و جریان نیز سرعت انزال
کشتہ نقرہ ۴ ماشہ جوتری زعفران ریگ ماہی ہر ایک ۱ تولہ۔ جوز بوا۔ سمندر سوکھ
ہر ایک ۹ ماشہ زہر مہرہ ۱ ماشہ مشک ۱ ماشہ۔ اول مشک زعفران و کشتہ نقرہ کو
گلاب میں حل کریں پھر بقیہ دوائی کوٹ چھان کر ملائیں اور عرق پان میں گولیاں بنائیں
خوراک ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔ (بیاض مسیحا)

(۳۷) فلک سیر۔ مقوی باہ۔ ملذذ۔ ممسک۔
مغز بادام شیریں۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز گردگاں۔ افیون۔ بھنگ۔ مغز تخم کدو
مغز کاہو ہر ایک ۶ ماشہ۔ جوز بوا۔ بسباسہ ہر ایک ۴ تولہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۶ رتی۔
شہد ۳ تولہ حسب معمول معجون بنائیں۔ خوراک ایک ماشہ بوقت صبح و شام ہمراہ شیر
(بیاض مسیحا)

(۳۸) نسخہ مقوی عجیب و غریب۔ مسکہ گاؤ سیاہ رنگ روغن مالکنگنی شہد
خالص تینوں ہموزن چار پہر کھرل کریں پھر مرتبان چینی میں بھر کر مرتبان کا منہ خام
کریں اور غلہ شالی میں چھ ماہ تک دفن رکھیں پھر نکالیں خوراک ۲ رتی ہمراہ برگ
پان تین ماہ میں ہر قسم کی قوت و طاقت باہ بہت پیدا ہوتی ہے۔ (قلمی بیاض)

(۳۹) منعش حرارت غریزی۔ مقوی باہ۔ ممسک کشتہ تانبہ کے خواص رکھتا ہے
سیماب ۲ تولہ جسکو ۴۱ بار کپڑا سنگین میں چھان لیا ہو مرد ناسفتہ ایک تولہ شنگرف
۶ ماشہ لیموں کے عرق میں آٹھ روز تک کھرل کر کے چند قرص بنا کر ایک لٹی کے سکورے
میں رکھکر دوسرے پیالے سے بند کر کے کپڑے اور آٹے سے گل حکمت کر کے ایک گز
مربع گڑھے میں دو من پاچکدستی کی آگ دیں۔ ایک سال کے بعد استعمال کریں خوراک
۲ چاول ہمراہ شہد یا ادرک کے رس سے (اسرار حکمت)

(۴۰) حب بے نظیر۔ دافع سرعت۔ رقت۔ جریان اور کمزوری باہ ہیں۔
شنگرف ایک تولہ ریگ ماہی نر ڈیڑھ تولہ بسباسہ ۵ ماشہ افیون ۵ ماشہ تخم اوٹنگن
ایک تولہ مغز بادام شیریں ۲ تولہ مغز پستہ مغز اخروٹ چرونجی منقہ ہر ایک ۲ تولہ
تخم گزر ۶ ماشہ تخم پیاز ۶ ماشہ زعفران ۴ ماشہ پیسکر زردی بیضہ مرغ میں ملا کر بیضہ مرغ

ادویہ مذکورہ کے مثل اسی شیشہ پوست سے بند کرکے گل حکمت کرکے گرم خاکستر یا پاپک میں دفن کریں جب پختہ ہو جائے تو نکال کر باریک پیسکر کشتہ قلمی اضافہ کرکے گولیاں مثل بیر کے برابر بنائیں ایک گولی دودھ کے ہمراہ کھایا کریں (مسلم الحکمت)

نوٹ:۔ اتنی دوائیں ایک بیشہ مرغ میں نہیں آسکتیں چند بیشہ مرغ کی نسبت میں ہونگیں اور پھر ان میں بھر لینی چاہیں۔ اور آخر الذکر میں سے گل حکمت کے گولا بنائیں جب آٹا سرخ ہو جائے تو اتار کر باریک پیس لیں تمام نسخہ میں کشتہ قلمی موسم سرما میں ایک تولہ۔ اور موسم گرما میں ۲ تولہ ملانا چاہیئے۔

(۳۶) معجون تال مکھانہ:۔ تالمکھانہ ۲ تولہ بڑھ کے دودھ میں بھگوئیں جب خشک ہو جائے پھر اچھی طرح سے تر کریں اسی طرح سے تین بار تر خشک کریں پھر تالمکھانہ کو نادیل میں سوراخ کرکے بھریں اور نادیل کا منکوڑا سوراخ پر رکھکر گیہوں کا آٹا اس کے اوپر لیپ کرکے نرم آگ میں رکھیں جب آٹا سرخ ہو جائے پھر اسکو نکال کر آٹے کو دور کرکے تال مکھانہ نکالیں اور باریک پیسیں۔ اور نادیل کا مغز علیحدہ پیسکر ملائیں پھر تو دی سرخ۔ گوکھرو خورد۔ گوکھرو کلاں۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ۔ ثعلب مصری۔ تخم خربوزہ۔ تخم سوکھ اندرجو۔ مورچرس۔ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ دارچینی۔ کباب چینی۔ سورنجان۔ شقاقل۔ جنسلوچن ہر ایک ۱ ماشہ۔ چوب چینی آدھ پاؤ۔ بہمن سرخ و سفید ہر ایک ۱ ماشہ۔ بزیدان ۲ ماشہ۔ مغز پستہ و چلغوزہ ہر ایک ایک چھٹانک مغز بادام آدھ پاؤ کوٹ چھان کر ملائیں پھر سہ گنا مصری کے قوام میں سب ادویہ کو ملا کر معجون بنائیں خوراک ایک تولہ۔ مقوی مجبی۔ مسک ۱ ماشہ ملا لیں۔

(۳۷) کشتہ تانبہ:۔ ایک خالص تانبہ کا پترا موٹا پیسہ لیکر اس کا پترہ بنا کر خوب صاف کرکے ۲ تولہ سرکہ خالص کیساتھ ہانڈی چینی میں تر کریں اور ہر چوتھے روز ۲ ماشہ گندھک کا سفوف پیسکر ڈالدیں اور ملا دیا کریں۔ ۱۲ دفعہ تک یہ عمل کریں پھر سکورہ گل میں رکھکر اور کپڑ مٹی کرکے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔ محفوظ الہوا مکان میں رکھیں اکسیر الاجسام ہے۔ بادام سے بڑھ جاتا ہے۔ (مصنف الطب)

معجون عطر نہایت مبہی و منشط و ممسک ہے۔

عطر کشمیری (چرس) زعفران ہر ایک ۱ درم دارچینی ثعلب مصری قاقلہ صغار۔ مغز بادام مغز نارجیل مغز پنبہ دانہ بہمن سفید ہر ایک ۴ درم جوز بوا صندل سفید تودریین ہر ایک ۲ درم مشک نیم درم قند سفید ۱ رطل شہد نصف رطل گلاب بقدر حاجت حسب دستور معجون بنالیں قدر شربت حسب حال (رموز الاطبا)

معجون مقوی و ممسک و مکیف مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی مرجان کہربائے شمعی زمرد سبز عقیق زرد لعل بدخشانی یشب سبز لاجورد مغسول ہر ایک ۲ مثقال گاؤزبان گیلانی گل گاؤزبان ابریشم مقرض بہمنین تودریین شقاقل مصری خصیۃ الثعلب مصطگی قرنفل دارچینی صرف زعفران مشک عنبر اشہب ہر ایک ۱ مثقال ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک ۲ درم چوب چینی قسم اول ۲۵ مثقال صندلین خار خسک پروردہ تخم خشخاش تخم بلیون مغز پستہ ہر ایک ۲ مثقال شہد مصفیٰ ترنجبین خراسانی قند سفید سہ و نیم وزن ادویہ روغن چرس در یک آثار ہشت تولہ حسب دستور معجون بنالیں۔

نوٹ:۔ روغن چرس چرس کو ۲۰ گنے دودھ میں حل کرکے یک شبانہ روز رکھ کر دہی جمائیں اور حسب دستور مکھن نکال لیں۔ بدبو کھونے کے واسطے مکھن میں اظفار الطیب برگ تنبول قرنفل جوز الطیب ڈالکر مکرر جوش دیں۔

حب ریگ ماہی جہت تقویت باہ و امساک۔

ریگ ماہی شنگرف قرنفل ہر ایک ۴ ماشہ زعفران کستوری افیون ہر ایک ماشہ ماشہ نکچھکنی ورق طلا ہر ایک ۳ ماشہ دار شیشعان دارچینی ورق نقرہ ہر ایک ۱ ماشہ سب کو باریک کوٹ کر اچھی طرح ملائیں اور بقدر نخود گولیاں بنائیں اور دو گولیاں تک کھاکر ایک پیالہ دودھ کا نوش کریں اور بعد از دو ساعت ۔۔۔ کریں۔

حلوائے ثعلب کہ در تقویت باہ نظیر ندارد

آرد نخود ۳۰ مثقال آرد میدہ گندم آرد باقلا ہر ایک ۲ مثقال دیگر روغن گاؤ میں

بریان کریں عسل سفید ۳ مثقال اور نبات سفید بقدر ضرورت لیکر عرق بید مشک کے ہمراہ آرد نخود وغیرہ میں ملا کر پکائیں جب حلوا کی صورت تیار ہو جائے مغز فندق مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز نارجیل مغز انجلک مغز حب السمنہ مغز حبۃ الخضرا مغز بادام شیریں مغز حب الزلم مغز تخم خربوزہ مغز حب الفلفل ہر ایک ۲ مثقال شعاب مصری ۲ مثقال دارچینی مصطگی خولنجان شقاقل۔ ہمنین دانہ ہر ایک ۱ مثقال جوزبوا بسباسہ زنجبیل زعفران مشک خالص۔ عنبر ہر ایک نیم مثقال کوٹ چھان کر قوام میں داخل کریں اور تھوڑی دیر اور پختہ کریں پھر ایک بڑے طشت میں پھیلا کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے چھری سے کاٹ لیں اور ہر روز صبح کو چار مثقال کھائیں اور اسی مقدار میں یا قدرے زیادہ رات کو سوتے وقت تناول کریں (مجربات علوی خاں)

دوائے برائے تقویت باہ و انجماد منی۔ جوزبوا ایک عدد موصلی سیاہ۔ موصلی سفید موصلی نبصل کونپل درخت بڑ۔ پوست درخت فالسہ کسیری رانبہ لسوڑہ۔ پوست گولر ہر ایک ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر روغن زرد ۵ دام میں ملائیں اور ۱۵ عدد چھوہارا اور سات عدد پان کے پتے داخل کریں اور ایک ہفتہ غلہ گندم میں دفن رکھ کر سب کو شیر گاؤ میں جوش دیں جب کھیر کی صورت بن جائے چاروں مغز ہر ایک ۲ دام مویز ۱ دام چرونجی ۱ دام شامل کریں اور اسکے پندرہ حصہ کریں اور ہر روز ایک حصہ کھائیں۔ (علاج الامراض)

لبوب بارد بجہت نقصان باہ وقتیکہ سبب آن حرارت باشد مفید است مغز بادام شیریں مغز تخم خشخاش سفید ہر ایک ۶ درم مغز تخم کدو ۵ درم مغز تخم خربوزہ مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۳ دام کتیرا ۲ دام تودری زرد تودری سرخ تخم گندنا تخم ہلیون مغز چلغوزہ ہر ایک ۱ درم زنجبیل خولنجان شقاقل ہر ایک ۵ درم سب کو باریک کوٹ کر سہ چند ترنجبین کا قوام بنا کر اسمیں ملائیں خوراک ۳ درم (ذخیرہ)۔

معجون مشط در تقویت دل و دماغ و قوت باہ بینظیر است۔

مروارید ناسفتہ مرجان یشب سبز کہربا ہر ایک ۲ تولہ کھلب مصری تولہ شقاقل ۲ تولہ
دارچینی ۲ تولہ فلفل سیمن سرخ سیمن سفید ہر ایک ۲ تولہ مغز بادام مغز چلغوزہ ہر ایک ۵ تولہ
ابریشم مقباشیو مصطگی الائچی خورد سکر سفتی تخم کشنیز درونج عنبر ہر ایک ۲ تولہ
گل گاؤزبان خشک بریان زراوند مدحرج ۲ بابونہ کستوری ہر ایک ۲ تولہ روغن
بھنگ تکسر تخ ہر ایک ۲ تولہ ورق طلا ورق نقرہ زعفران ہر ایک تولہ تولہ برادہ
صندل سفید ۲ تولہ عنبر ۲ ماشہ قحزاعوانی ۱۱ تولہ عرق بید مشک بقدر حاجت نبات
سفید سہ چند بطریق معروف معجون بنائیں خوراک ۲ تولہ تک (زمرد الخضر)

مفرح کہ قوت باہ زیادہ کند و لغوظ آرد و منی بیفزاید و گردہ و مثانہ را پاک کند و
دل و جگر را قوت دہد و دافع ضرر جماع و کدورت حواس است ۔

شقاقل مصری بنفشہ نجان خصیۃ الثعلب تخم سیمن سرخ تخم سیمن سفید تخم ترنج تخم خربزہ
تخم خیارین تخم کدو تخم خربوزہ تخم کاہو تخم چچیرہ تخم شلغم
تخم پست خشخاش سفید خشکدانہ تخم تربوز تیرک دارچینی ہر ایک ۲ تولہ فلفل سنبل الطیب
کبابہ چینی اسارون بسباسہ سعد کوفی دار فلفل نخود بوا نارمشک عود قلم عنبر الطیب
زعفران مشک خالص ند بجلیل بوزیدان قسط شیریں مغز جوز الزقم ہر ایک ۱ درم
سرہ سقمونیا ۲ درم مغز بادام تلخ مغز بادام شیریں مغز پست مغز چلغوزہ مغز جوز القطن
کنجد مقشر ہر ایک ۵ درم عسل مصفے سہ چند بدستور مقررہ مفرح بنائیں ۱۱ ہر روز
موافق مزاج مقدار میں کھائیں۔ (زمرد اعظم)

ماء اللحم مختصر مقوی باہ

مرغ جوان ۵ عدد۔ اردک ۵ سیر گوشت زنانگی ایک من بختاشقاقل مصری ایک پاؤ
سیب سمرقندی ۵ عدد دارچینی ایک سیر طبی بطریق مخلوط عرق کشید کریں۔ اور
چند روز بلحاظ قوت و موسم نوش کریں (منقول از بیاض حکیم نشاط خاں)

باد ملحم مقوی اعضائے ریئسہ و مفید برائے نقصان و تشنگی سبب آنست ضعف بدن و کمی غذا و آن یا سبب آن از قبیل آتشک بود۔

چوب چینی ۱ مثقال، ۱ مثقال گل گاؤزبان بادرنجبویہ سنبل طیب ہر ایک ۵ مثقال تخم خربزہ کباب چوب بابونہ بسباسہ بادیان فارسی بادیان خطائی تخم سرخ تخم سفید عشبہ مغربی صندل سرخ صندل سفید مصطگی زعفران کباب چینی۔ اسٹ گلسرخ فرزنباد سلیخہ ۱ مثقال، فرنجمشک تخم بالنگو عود ہندی ہر ایک دس مثقال بلوریدان عنبر السبب ہر ایک ۵ مثقال مشک خالص ۲ مثقال۔ گوشت گوسفند، گوشت مرغ، گوشت کبوتر ہر ۳ استخوان پاک کردہ ہر ایک ۱ من تبریزی کنجشک ۵۰ عدد سب کو عرق بادرنجبویہ عرق بید مشک۔ گلاب۔ عرق گاؤزبان عرق بہار۔ ناسخ اور بقدر ضرورت پانی میں شبانہ روز تر کر کے گوشت کی یخنی علیحدہ تیار کریں اور عنبر و مشک مصطگی زعفران کی پارچہ ململ میں باندھیں اور بعد تیار معروف عرق کشید کریں اور ہر روز بقدر برداشت نوش کریں (علاج الامراض)

عوارضات عضو مخصوص کا علاج

طلاکہ برائے تقویت باہ نظیر ندارد

آب پیاز، عصل، آب پیاز نرگس، آب پیاز سفید، آب سیر ہر ایک ۳ ماشہ روغن جمالگوٹہ ایک تولہ زہر مہرہ سیاہ ایک عدد زہر مہرہ کنجشک ۱۰ عدد مورچہ سرخ ۲۰ عدد زنبور ۵ عدد مویز ج عاقرقرحا دار چینی، دار فلفل پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک ۴ ماشہ سب کو شراب دو آتشہ دس تولے کے ہمراہ کھرل کریں اور گولیاں بنائیں اور ضرورت پر روغن گاؤ کے ہمراہ حل کر کے خشخشہ چھوڑ کر مالش کریں۔ سوزش پیدا ہوگی پرواہ نہ کریں اور برابر ہفتہ عشرہ تک استعمال کریں (رموز اعظم)

ضماد کہ مقوی باہ است۔ بیر بہوٹی سہاگہ تیلیہ مغز کھوپرا مچھی سفید شہد ہر ایک ۶ درم روغن کنجد ۲ چھٹانک سب کو کھرل کر کے ضماد تیار کریں و در ضرورت استعمال کریں

کماد (مصلی رطوبات)۔ انب۔ بلدی۔ بالون۔ خراطین خشک۔ بیر بہوٹی۔ مالکنگنی قسط تلخ۔ سورنجان تلخ۔ کاکڑاسینگی۔ جوزبوا۔ لب باسہ۔ قرنفل۔ عاقرقرحا۔ ابہل کچلہ برادہ دیدان فیل ہر واحد ۱ ماشہ۔ بعوز بجیل۔ مغز بیدانجیر ہر واحد ۲ تولہ بایک پیسکر باریک کپڑے میں چھان لیں اور شیر خشت بیگرم میں گرم کرکے گرد بن دان وخصیہ وقضیب وحوالی آن سات روز تک تکمید کریں بعدہ گوشت گوسفند نرجوان قیمہ کرکے ہڑتال طبقی۔ سم الفار بیلگون۔ فرفیون ملاکر کباب تیار کریں۔ بعد خشک بچاکر رکھ دیں پھر وہ طلاء ہر ہیں۔

طلاء۔ قضیب خرس سوہان کردہ ۱ عدد قضیب گیدڑ ۱ عدد۔ بیر بہوٹی ۱ تولہ قرنفل ۲ تولہ۔ عاقرقرحا ۲ تولہ۔ کرم آب روان ۲ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ خراطین خشک خراطین خشک کردہ ۲ تولہ کچلہ کے پھل کا گودا ۲ تولہ شراب ۱۲ آتشہ میں دس روز تک کھرل کریں بعد ہر روز نندی بیضہ مرغ ۱ عدد پیہ خرس۔ پیہ شیر ہر واحد ۲ ماشہ داخل کرتے رہیں بعد ۱۰ دن کے گولیاں بناکر بطریق پنال جنتر روغن کشید کرلیں اور ایک ہفتہ اس کا طلا کرکے بہوج پیتر بیگرم۔ اذن لیا کریں بحضور آب سرد سے بچائیں تخلیط بدن وضعف اعضائے رئیسہ کا نمارک حلوائے زرد کی وحلوائے بیضہ مرغ ولبوب کبیرہ وجوارش زرعونی وغیرہ سے کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ شفا کلی حاصل ہوگی۔ اگر آبلہ اٹھ آئے تو پانی نکالنے کے بعد معمولی تدبیر آبلہ کی کریں بیشتر اس طریقہ سے اکثر علاج مرضی میں کامیابی حاصل کی ہے۔

ضعف باہ کا باعث اگر کثرت مجامعت یا ترک مجامعت ہو تو اجزائے مقویہ کے استعمال کے ساتھ ذیل کا طلا بہت ہی کافی ہوتا ہے۔

طلاء برائے تقویت باہ۔ وسملری ودرازی ساہی۔ دہو کا حکم ضماد کرکے ہڑتال طبقی قسط تلخ۔ بیر بہوٹی ہر واحد ۲ تولہ سفیدی ہر ہمال کبوتر صحرائی۔ کبوتچی سرخ وسفید بچہ ناگ ہر واحد ۱ تولہ صحرائی تلسی کے عرق میں کھرل کرکے قیمہ خراطین میں ملاکر بھر دیں اور مچھلی کو جائے گرم میں رکھ دیں کہ اس کو گرم پہنچے

ہو جائیں کرم کو ایک شیشی میں بھر کر منہ بند کر دیں۔ اور گرم پانی میں ڈال دیں تھوڑی دیر میں کپڑوں کا تیل ہو جائیگا۔ آرد عدس ۴ تولہ شیر مدار میں خمیر کر کے شکم ماہی میں بھری جانے والی دواؤں میں اضافہ کریں۔

طلائے برائے تقویت باہ و کجی مجلوق کے واسطے نہایت نافع و مجرب ہے مار سیاہ زندہ ۱ عدد۔ سانڈہ ۲ عدد۔ ریگ ماہی ۲ عدد۔ خراطین سرخ تازہ ۱۰ تولہ جونک یعنی حلق ۱۵ عدد۔ خوک بڑی ۲ عدد۔ بیر بہوٹی ۳ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ کنجشک نر خانگی ۳ عدد۔ پوست و شکم صاف کر کے ہڑتال طبقی ۶ ماشہ۔ سم الفار نیلگون ۳ ماشہ۔ اسٹرکنیا یعنی چوہر کچلہ ۱ ماشہ۔ شنجرف ۲ ماشہ۔ سیماب ۱ تولہ باریک پیس کر شکم کنجشک میں بھر دیں اور شگاف کو سی دیں پھر تمام اجزا کو ایک مٹی کی ہانڈی میں جسکے نیچے باریک پانچ چار سوراخ کر دیئے ہوں رکھکر دوسری ہانڈی اوپر دیکر تار سے مضبوط باندھکر منہ بند کر دیں اور ہانڈی کو ایک پیالہ چینی پر چاہ حل میں رکھکر سرگین اسپ بھر دیں اور حسب دستور چاہ مذکور کے منہ پر ٹب اوندھا کے آب بارش وغیرہ سے کافی حفاظت کر دیں چالیس روز کے بعد پیالے میں سے تیل اٹھا رکھیں بقدر ۴ سرخ طلا کر کے بنگلہ پان نیم گرم باندھیں تین روز میں قوت اصلی عود کر آئیگی۔

قیروطی برائے مجلوق روغن مار مذکور ۳ تولہ۔ پیہ خرس۔ پیہ گھڑیال ہر ایک ۳ ماشہ۔ فرفیون ۲ ماشہ۔ روغن ناردین ۱ تولہ۔ موم سفید ۶ ماشہ۔ قیروطی بنالیں پہلے تین روز ادویہ مناسبہ کی پوٹلیوں سے تکمید کریں پھر قیروطی مذکور بقدر ۶ سرخ حشفہ و سیون اچھا کر ملیں اور بھوج پتر نیم گرم باندھیں مگر انثیین و حوالی روغن گل وغیرہ سے چرب کر دیں۔ ایک ہفتہ یہ عمل کریں اگر بثور پیدا ہو جائیں۔ تو روغن گاؤ میں بیر بہوٹی جلا کر قدرے سنگجراحت و سفیدہ کاشغری ملائیں اور بطور مرہم لگائیں۔ عصبی یا عروقی خرابی کے علاوہ اگر اعضائے رئیسہ ضعیف ہو گئے ہوں تو معاجین مناسبہ کا استعمال کریں۔

طلا دارچینی مشک والا دافع ضعف باہ شنگرف ہڑتال طبقی پارہ کمیلہ عاقرقرحا پیاز نرگس دارچینی ہموزن لیکر کوٹ چھان لیں اور تھوڑے مشک کے ساتھ زہرہ گاؤ میں کھرل کر کے رکھیں اور برچھی

ہلتال ۱۰ ق ۱ تولہ مخم خبیث کلونجی ۱ تولہ دونوں کو خوب باریک پیس کر چھوٹی چھوٹی ٹولیاں بنائیں اور قدرے خشک سایہ میں کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ پان یا حلوا میں ایک سے دو قطرہ لگائیں۔ لذا جنسی روئی مرطن۔ (تحفہ)

نوٹ۔ یہ خوراک ہے۔ تیز گرمی میں ملکہ مالش کرنا بھی مفید ہے۔ سات سے ۱۴ روز تک جماع سے پرہیز لازمی ہے۔ تسخہ واقعی اچھا ہے پتال جنتر کی ترکیب نہ دیکھے سفید دریائی شیر آگ ۱ تولہ۔ پچھناگ ۱ تولہ عنبر قرحا ۱ تولہ روغن گاؤ ۱ تولہ اور یہ کو باریک کر کے کڑاہی آہنی میں ڈالکر شیر حشرہ روغن اونٹ گاؤ داخل کر کے دو ہفت نیم کی لکڑی کے سونٹے سے کہ جسکے سرے پر طوس لگایا گیا ہو اسقدر سحق کریں کہ سرمہ کی طرح ہو جائے۔ اول قضیب کو شیر بھیڑ میں اسقدر ملیں کہ سرخ ہو جائے۔ یا ایسے ہی کپڑے سے بھی مل کر یہ صورت پیدا کر سکتے ہیں پھر ایک بالشت کو قضیب پر ملا کر کے اوپر برگ پان باندھیں ایک دو ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔ اگر شور پیدا ہوں تو روغن زرد ملا کر لگائیں مفید نسخہ ہے۔ (اکسیر اعظم)

انگریزی طلا۔ ٹنکچر کنتھیرائڈس نصف ڈرام۔ یا کلپٹس آئیل ہمن ڈرام۔ کاڈلیور آئیل ولایتی ۱۲ اونس۔ سے من آئیل ایک ڈرام کروٹن آئیل ۱۵ بوند خوب ملا کر رکھیں اعضاء میں سے تھوڑا سا روز مالش کر دیا کریں چند روز ہی میں فایدہ ہوگا۔

طلا۔ شیر گی چربی ایک تولہ۔ روغن کنجد ایک چھٹانک دونوں کو گلا کر اور مشک ۱ ماشہ شامل کر کے خوب مالش کریں حشفہ ذکر و انثیین پر مالش کریں۔

نوٹ۔ اگر شیر گی چربی خالص ہو تو ضرور مفید ہوتا ہے۔ کستوری ضرور ملائی جائے

بجی دولا غوری رالیسار مفید۔ سم الفار ۱ تولہ۔ بھیر بوٹی ۱ تولہ خراطین مصفے ۱۲ تولہ۔ نشادر مبیضہ ۱۲ تولہ۔ ۳ حصہ میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور بذریعہ آتشی شیشی یا پتال جنتر کے روغن کشید کریں اور استعمال میں لائیں۔ (تذکرۃ الاطباء)

نوٹ۔ یہ نسخہ ہم نے خود مل ہوئے اخبارات میں شائع کیا تھا۔ اب اکثر اطباء نے اسکو داخل مطب کر لیا ہوا ہے۔ (مؤلف)

ضماد برائے مجلوق و استرخاء آلت از ہر قسم کہ باشد بسیار مفید و بے نظیر۔ ۲
بچھناک سیاہ ۴ درم شیر مدار ۵ درم یہانتک کھرل کریں کہ ایک ذات ہو جائیں پھر
روغن کنجد ۲۰ درم ملا کر حل کریں پھر مویز منقی ۴ تولہ ڈالکر کھرل کریں پھر موم سفید ۸ درم
ملا کر سحق کریں پھر پشت و پہلوئے آلت پر ضماد کریں۔ سات دن تک اگر بیقرار
ہو تو پٹی دور کر کے جماع کریں۔ (تذکرۃ الاطبا)

نوٹ۔ مویز منقی سے تخم نکال کر ملائیں اور سات دن میں اگر خواہش کثیر ہو تو جماع نہ کریں
بعد سات روز کے بھی چند دن صبر کر کے زیادہ مفید ہوا کرتا ہے۔

طلا مفید جو قوت رجولیت پیدا کرتا ہے۔

پوست بیخ کٹائی خورد۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ عقرقرحا ہموزن لیکر جوان آدمی کے
پیشاب میں کھرل کر کے لیپ کریں۔ متواتر صبح و شام کئی دنوں تک قوت رجولیت
از سر نو پیدا ہو جائیگی۔ (قلمی بیاض)

طلا مقوی باہ بغیر سوزش۔ سفیدی پیخال کبوتر صحرائی تولہ چربی خوک تولہ چربی شیر تولہ
چربی بام ماہی تولہ چربی سانڈہ تولہ مغز سر گنجشک نر تولہ مغز تخم ترب تولہ دواؤں کو
کوٹ لیں اور باقی اجزا کو ایک پاؤ روغن کنجد میں پگھلا کر دوائیں ساتھ ملائیں اور خوب
رگڑیں حسب ضرورت مالش کر کے اوپر برگ پان باندھیں۔ (رموز الاطبا)

نوٹ۔ جب مریضوں کو بوجہ یبوست کے حار و خشک طلا ناموافق ہوں وہ اس سے
فائدہ اٹھا سکتے ہیں بشرطیکہ اجزا اصلی میسر آسکیں۔

طلا مقوی باہ۔ چربی شیر چربی سوسمار چربی خوک صحرائی چربی شتر چربی مینڈک
ہر ایک ایک تولہ مغز و چربی سانڈہ ۲ عدد چرک گوش فیل ۶ ماشہ چرک گوش مرد جوان
مجرد ۶ ماشہ۔ پیہ نہنگ تولہ۔ پیہ خرس سیاہ تولہ۔ زلو ۶ عدد جو خصیہ خر سیاہ پرچہ پاندہ
ہوں۔ خراطین خشک مصفے ۱ تولہ۔ بہیر بوٹی ۶ ماشہ۔ عط ناگیسر ۶ ماشہ۔ چودہ اگر ۶ ماشہ
تخم بادنجان ملان ۶ ماشہ۔ مغز سر گنجشک نر ۶ عدد۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ لوبان کوڑیہ ۶ ماشہ
برادہ سم اسپ مشکین ۶ ماشہ۔ زہرہ مرغ سیاہ ۳ عدد۔ قرنفل کلابدار ۶ ماشہ۔ مالکنگنی ۶ ماشہ

کنجد سیاہ ۶ ماشہ زہر بچھناک ۹ ماشہ مغز نارجیل کہنہ ۶ ماشہ مغز پنبہ دانہ ۶ ماشہ
موم زرد ۶ ماشہ ہیرا ہینگ ۶ ماشہ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ چھانکر مغزیات و
چربیاں ملاکر ایک ٹکیہ بناکر ایک مچھلی رو ہو تازہ جو دو سیر سے کم نہ ہو لیکر پیٹ چاک
کرکے سب آلائش نکالکر ٹکیہ مذکور رکھکر مچھلی کا پیٹ ریشم سے مضبوط سی دیں۔
اور ایک ظرف میں بقدر سر مچھلی سوراخ کرکے الٹی مچھلی اسمیں اس طرح رکھیں کہ
تھوڑا اسکا حصہ باہر رہے اسکے نیچے ایک گڑھا کھود کر چینی کا پیالہ مچھلی کے سر کے
مقابل رکھکر ۱۵ سیر پاچک صحرائی چاروں طرف اس ظرف گلی کے چنکر آنچ دیں
تاکہ جملہ روغن مچھلی کے منہ سے اس پیالہ میں ٹپکے اسکو احتیاط سے شیشی میں رکھیں
اور ایک رتی بنگلہ پان پر ملکر حشفہ اور سیون بچاکر کچے دھاگہ سے باندھیں دو ہفتہ
کے استعمال سے رگیں اور پٹھے قوی اور سخت ہو جائینگے جماع و سواری وغیرہ و آب
سرد سے پرہیز (رموز الاطبا)

نوٹ۔ دو تین چیزیں اگر کسی صورت میسر نہ بھی ہوں تب بھی یہ طلا بہت فائدہ دیگا

دوائے کہ برائے سطبری قضیب مجرب است

سرشف سفید قسط تلخ اسگند ناگوری ہر ایک تولہ تولہ نہایت باریک پیس کر
شہد کے ہمراہ صبح و شام طلا کریں اور گرم پانی سے دہوئیں (رموز اعظم)

روغن گنج کرن برائے عنی و مجلوق و درازی و سطبری قضیب

بیخ سوسن۔ کلنجن۔ مالکنگنی۔ میٹھہ تیلیہ۔ دارچینی۔ قرنفل۔ بھلانوہ۔ تخم کٹائی۔ تخم تھوہرہ
تخم ترب۔ تخم گزر ہر ایک ۱ درم۔ سم اسپ۔ پتال مہرہ ہر ایک ۶ عدد۔ سانڈہ۔ غوک
ہر ایک ۲ عدد۔ گھونگچی۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ تخم کبوتر۔ گج پیپل۔ بیر بہوٹی پیہ شتر
ہر ایک ۲ درم۔ زہرہ ماہی رو ہو۔ زہرہ نرکاو ہر ایک ۳ عدد۔ خراطین ۳ درم۔ مغز کونچہ
جوز بوا۔ کچلہ سفیدی۔ پیخال کبوتر صحرائی۔ کنجد سیاہ۔ کلونجی۔ عاقرقرحا ہر ایک ۱ درم
دلوچہ ۵ عدد۔ قضیب اسپ قیمہ کردہ۔ قضیب آہو قیمہ کردہ۔ قضیب گاؤ جوان قیمہ کردہ
ہر ایک ۱ عدد۔ سب ادویہ کوفتی کوٹ تین شبانہ روز شراب آتشہ میں تر رکھیں۔ بعدہ

شیر بز میں کھرل کریں اور بعد ازاں سب کو ملا کر روغن کنجد بقدر ضرورت کا اضافہ کر کے بذریعہ آتشی شیشی روغن کشید کریں اور ضرورت پر حشفہ چھوڑ کر قدرے مالش کریں اور برگ توز باندھیں۔ (مجربات علوی خان)

روغن برائے درازی قضیب مجرب۔ زعفران۔ قرنفل۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ شنگرف۔ بیر بہوٹی۔ خراطین مغسولہ۔ جائفل۔ جوتری۔ مصطگی رومی سب ہموزن لیکر باریک پیس لیں اور روغن بیضہ کے ہمراہ کھرل کر کے قدرے شہد ملائیں اور ضرورت پر حشفہ چھوڑ کر قضیب اور اسکے گرداگرد لیپ کریں اور پان کا پتا باندھیں اگر چھوٹے چھوٹے دانہ پیدا ہوں تو دو تین دن کے وقفہ پر دوبارہ لیپ کریں۔ اور اگر پھنسیاں جو نکلی ہیں ان پر روغن زرد لگائیں تو جلدی صحت ہو۔ (قرابادین شریفی)

طلا برائے تعظم ذکر۔ چند عدد صمغ عربی کلاں لیکر بمقدار ایک پاؤ گدھے کے مغز ایک پاؤ میں ملائیں اور خراطین مغسولہ ایک پاؤ اور جونکیں ایک پاؤ اسمیں شامل کریں اور اچھی طرح ملائیں اور بذریعہ آتشی شیشی روغن کشید کریں اور بحفاظت شیشی میں رکھیں اور ہر روز صبح و شام قدرے مالش کریں اور پان کا پتا باندھیں

دافع سرعت انزال و ممسک نسخہ جات

جوارش ممسک دافع سرعت انزال

پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ شیطرج۔ تخم کرفس ہر ایک ۶ درم پوست بلیلہ آملہ منقی۔ نانخواہ۔ تودری سرخ تودری زرد۔ دار فلفل کنجد مقشر ہر ایک ۴ درم قرفہ سنبل الطیب جوز بوا زنجبیل فلفلمویہ ہر ایک ۲ درم ہیل خورد۔ قسط۔ سلیخہ۔ قرنفل بسباسہ خولنجان خارخسک ہر ایک ۶ درم سعد کوفی ۴ درم مشک تبتی ۲ مثقال عنبر اشہب ۱ مثقال خبث الحدید مدبر کل مجموعہ کے برابر روغن گاؤ ۱۰ استار سبکو کوٹ کر روغن گاؤ سے چکنا لیں اور دو چند شہد کے ہمراہ جوارش بنائیں اور بقدر

۲ درم ہر روز شیر گاؤ کے ہمراہ یا دہی کی لسی کے ہمراہ جس میں سے مسکہ نکال لیا گیا ہو چند روز کہائیں۔ (عجالہ نافع)

حب ممسک۔ جوز بویہ۔ بسباسہ۔ افیون۔ مازو۔ اسپند۔ مصطگی۔ زعفران۔ ناگ کیسر۔ موچرس۔ تج۔ گوگل۔ سیپاری چھالیہ۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۳ ماشہ سب کو باریک کوٹ کر لعاب اسپغول یا بہیدانہ کے ہمراہ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ضرورت پر ایک گولی پانی کے ہمراہ کہائیں اور چار گھڑی کے بعد شیر گاؤ مصری سے شیرین کر کے نوش کریں۔

(مجربات اعظم خان)

حب ممسک۔

افیون۔ کافور۔ شنگرف۔ عاقرقرحا۔ جوز بوا۔ مصری ہر ایک تولہ تولہ زعفران۔ جند بیدستر ہر ایک ۶ ماشہ بیر بہوٹی ۱ عدد سب کو باریک کوٹ کر کنار دشتی کے برابر گولیاں بنائیں اور خالی معدہ میں ایک گولی کہائیں۔ (مجربات علوی خان)

حب عجیب۔ قوت باہ زیادہ کند و در امساک بیعدیل است۔ کیف خوب دارد و اشتہائے طعام آرد۔

جند بیدستر۔ کافور ہر ایک نیم مثقال پوست ترنج۔ فرنجمشک۔ سنبل الطیب۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ سعد۔ زرنباد۔ جوز ماثل۔ بزرالبنج۔ سک۔ کشنیز۔ عنبر ہر ایک ۱ مثقال مصطگی۔ گل سرخ۔ صندل۔ عود الفرح ہر ایک ۲ مثقال۔ جوز بوا۔ بیخ تفاح۔ جدوار۔ زعفران ہر ایک ۳ مثقال ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک ۲۵ عدد سب کو باریک کوٹ کر بطریق معمول کنار دشتی کے برابر گولیاں بنائیں اور ضرورت پر ایک گولی کہائیں اور اگر یہ گولیاں چند روز تک متواتر ایک گولی ہر روز کہائیں مذکورہ بالا فائدہ ہوں۔ (قرابادین شریفی)۔

حب جہت امساک نظیر ندارد۔ جوز بوا۔ شنگرف رومی۔ عاقرقرحا۔ افیون ہر ایک ۱ درم سب کو باریک کوٹ کر شہد کی مدد سے بیس گولیاں بنائیں اور وقت عشا ایک گولی کہائیں اور ساتھ ہی ایک بیڑا پان کا کہائیں۔ بیحد امساک ہوگا۔

(بیاض علوی خان)

معجون برائے سرعت انزال و ضعف باہ کہ سبب آن رطوبت باشد

آملہ منقی سنگھاڑہ خشک۔ صمغ بابل کتیرا کشنیز ہائیں گھرائی۔ مازو نشاستہ۔ پستان۔ گلنار تخم بہول۔ آرد نخود بریان۔ تج۔ خارخسک۔ پھٹکنی۔ جوزبوا۔ جوتری۔ جوتری۔ موچرس۔ قاقلیں۔ کیرو سب ہموزن لیکر باریک کوٹیں اور سہ چند عسل کے ہمراہ معجون بنائیں۔ اور حسب ضرورت اور مزاج کہائیں (علاج الامراض)

کستوری خالص ۱ ورق عنبر۔ یک ماشی ہر ایک ۱ رتی۔ افیون ۱ رتی زعفران شنگرف ۱ رتی ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک ۱ رتی۔ کندش بیخ خل ہر ایک تین رتی۔ لونگ ۱ رتی کوٹ چھانکر حبوب بقدر نخود بنالیں ایک گولی ہمراہ شیر تازہ دو ساعت قبل کہائیں

نوٹ۔ یہ گولیاں مقوی باہ بھی ہیں اور اگر گرمی یا سوزش معلوم ہو تو دودھ پینا چاہیے امساک کی ادویات استعمال کرتے وقت ہمیشہ یہ اصول مدنظر رکھیں کہ دوپہر کے کھانے پر جب گھنٹے گذر چکے ہوں دو تین دانہ کھانے کے بعد کوئی فلاد کھائی جائے۔ البتہ بعد حرکت جماعی کے کھا سکتے ہیں۔ کھانا کھانے کے بعد امساک کی دوا کھانے سے پورا فائدہ نہیں ہوا کرتا بلکہ بعض طباع میں اشاشہ ہوتا ہے یا کھانا بخوبی ہضم نہیں ہو سکتا۔ (مولف)

تخم ہونٹ کنارہ کا بدیہ پتال جنتر ہر ۱ تولہ کالیں۔ ان میں سے ایک رتی پان پر لگا کر کھانے سے امساک ہوتا ہے۔ اور تقوی باہ بھی ہے۔ (بحر الفواید)

زیرہ ۱ تولہ۔ مصطگی۔ مغز اطین۔ کٹائی ہر ۱ تولہ کا زیرہ۔ کاغذی بیم سینی۔ مشک ہر ایک ایک ماشہ سب کو شیرہ کٹائی میں سخت کر کے برابر زیرہ بنالیں۔ اور حفاظت سے رکھیں قضیب کے سوراخ میں بوقت ضرورت رکھکر جماع کریں۔ سختی۔ فربہی و درازی محسوس ہوتی ہے سستی دور ہوتی اور قوت محسوس ہوتی ہے نیز مصطگی بھی ہے

نوٹ۔ کٹائی ہذا سے مراد کٹائی گل ہے اسی لئے اسی کے فیرشت سخت ہو جاتا ہے پندرہ منٹ قبل سوراخ اطیل میں یکمین جو شہت آگے نہ جائے۔ بعد فراغت اگر کسی قسم کی خراش یا طین محسوس ہو تو روغن صندل ایک بوند اطیل میں ٹپکائیں کافی ہے (مولف)

امساک بے حد میل۔ جینہ سرخ ۱ تولہ سوراخ کر کے سفیدی نکال دیں۔ اور نرم سوسی

رہنے دیں اسمیں ۹ ماشہ افیون داخل کر کے سوراخ پر ٹکڑا پوست بیضہ مرغ دیکر اور آرد ماش کے اندر لپیٹ کر ڈیڑھ سیر اوپلوں کی آنچ میں رکھے سرد ہونے پر نکالکر اور توڑ کر پوست میں سے نکالے۔ زردی کے برابر وزن عقرقرحا۔ اسپند مصطگی۔ کرفس و شہد داخل کریں حتے کہ ایک جان ہو جائے تین ماشہ کھلا کر اوپر سے دودھ پیویں

کشتہ چاندی دافع ضعف باہ سرعت۔

سنکھیا سفید ۳ ماشہ ہڑتال ورقی ۴ ماشہ طوطیا ۶ ماشہ باریک کر کے ایک کوزہ گلی میں نصف نیچے بچھاویں اور ایک تولہ چاندی کا پترا رکھ کر باقی نصف سفوف رکھیں اور کوزہ کا منہ خام کر کے ۸ سیر اوپلوں کی آنچ دیں بعد ایک گھنٹہ کے باہر نکال کر پیسکر ڈبل کپڑے میں باندھکر غلہ گندم کے ڈھیر میں دفن کر دیں اور چار دن کے بعد نکالیں خوراک برائے آتشک ایک خس۔ سات دن ترشی و بادی سے پرہیز برائے قوت باہ ۲ رتی مکھن میں لیکن طبع کا خیال رکھیں۔ برائے امساک ایک پتاسہ بڑھ کے دودھ میں تر کریں اور ایک چاول برابر دوا اسمیں داخل کر کے کھاویں بعد میں دو پتاسہ خالی اور کھالیں۔ چوں انزال خواہد نمک سنگ در دہن بدارد۔

طلائے عروسک۔ گھونگچی سرخ ۱ تولہ۔ بیخ آک تولہ سہاگہ ۲ تولہ۔ قرنفل ۶ ماشہ۔ عاقرقرحا ۶ ماشہ دارچینی ۶ ماشہ۔ کبابہ ۶ ماشہ سندروس ۲ تولہ۔ کوفتنی کو کوٹ کر شیرہ پوست بیخ کنیر سفید و شیرہ پوست بیخ کٹائی خورد ۲ تولہ نیز پوست کٹائی بزرگ ۳ تولہ میں سحق بلیغ کریں اور قرص بنا کر محفوظ رکھیں۔ وقت ضرورت پانی و شہد سے حل کر کے ضماد کریں۔ (رموز الاطبا)

نوٹ:۔ جب سوزش پیدا ہو تو مشغول ہوں مقوی باہ و ممسک ہے۔ اگر بثور پیدا ہو جائیں تو صبح روغن چنبیلی لگائیں۔ (مولف)

زیرہ ممسک خراطین دہنی دس رتی کستوری خالص ۲ رتی زہرہ ماہی روہو ۳ رتی زردی گل کٹائی ۳ رتی۔ پوست بیخ کٹائی ۳ رتی کافور ۱/۲ رتی سب کو علیحدہ علیحدہ کھرل کر کے پھر وزن درست کر کے کھرل میں ملا کر قدرے شراب برانڈی ڈالکر کھرل کر کے حل

دانہ زیرہ کشمیری کے تیار کئے جاویں اور سایہ میں خشک کر کے رکھیں حسب ضرورت مجامعت سے ایک دو گھنٹہ قبل سوراخ احلیل میں ایک دو دانہ اندر کر کے میل سے ذرا نیچے کر دیں۔ دغدغہ ہونے پر قربت کریں۔ (رموز الاطبا)

نوٹ۔ امساک کی ادویات بغیر طبی ضرورت کے استعمال نہ کیا کریں۔ (مولف)

ملذذات

نوٹ۔ بغیر طبی ضرورت کے ملذذات کا استعمال ممنوع ہے۔ (مولف)

کبابہ۔ دارچینی۔ عاقرقرحا۔ مویز سرخ۔ باریک پیسکر شہد میں ملا کر جماع سے ایک گھنٹہ پیشتر عضو مخصوص پر ملیں اور پھر کپڑا سے صاف کر کے مشغول ہوں۔ لذت آئیگی۔

نوٹ۔ ہر ایک دوا بہت باریک ہو۔ دونوں کو لذت معلوم ہوگی ادویات پرانی نہ ہوں

حب ملذذ۔ خون خرگوش ۶ ماشہ۔ خون گلہری ۱ ماشہ۔ پنجال کبوتر صحرائی ایک ماشہ عطر موتیا ایک ماشہ کسی قدر شہد کے ساتھ بمقدار نخود گولیاں بنائیں اور عند الضرورت لعاب دہن میں گھسکر طلا کریں اور خشک ہونے پر ..... (بیاض مسیحا)

طلائے ملذذ۔ غبار کردہ پوست جامن ایک ماشہ غنچہ انار مسحوق ایک ماشہ۔ خاکستر موئے سرے زن مخصوصہ ایک ماشہ شہد میں ملائیں اور طلا کریں۔ اور خشک ہونے پر ..... مجرب ہے۔ (قلمی بیاض)

دیگر۔ بیر بہوٹی کیچوے ہر ایک تین ماشہ خاکستر موئے سر عورت ماشہ گلاب میں باریک پیسکر اور عطر موتیا ۲ رتی ملا کر رکھیں۔ اور وقت ضرورت طلا کریں۔ (قلمی بیاض)

دیگر۔ تلوں کا تیل ایک پاؤ۔ مشک خالص ایک ماشہ زعفران کشمیری اصلی ۶ ماشہ بیخ کنیر سفید کا چھلکا ایک تولہ خراطین مصفے ۶ ماشہ۔ بیر بہوٹی ۶ ماشہ۔ عاقرقرحا ۶ ماشہ جند بیدستر ۶ ماشہ ان سب کو باریک مثل غبار کے پیسکر تلوں کے تیل میں ملا کر پندرہ روز دھوپ میں رکھیں۔ پھر جاذب کے ذریعہ سے ٹپکا لیں اور اس میں چودہ ماشہ شراب برانڈی تولہ شامل کریں پھر عضو پر حشفہ و سیون کو چھوڑ کر ۲ رتی تک ملیں اور ایک گھنٹہ بعد قربت کریں۔ ملذذ ہے۔ (قلمی بیاض)

نسخہ عجیب الخواص۔ سوہان قضیب ریچھ ۶ ماشہ عورت مخصوص کے سر کے

(مولف) (گدڑی)

بال مقرض ۶ ماشہ سفیدی پشک کبوتر۔ زہرہ ماہی روہو۔ شب یمانی۔ کچور۔ دارچینی نوشادر پختہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ کافور۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ایک ماشہ۔ مصری بخانہ زنبور ۶ ماشہ۔ خون خرگوش صحرائی تولہ۔ عطر حنا۔ عطر گلاب ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت ملا کر باریک کر کے چھانکر گولیاں بنائیں اور بوقت ضرورت ایک گولی لعاب دہن میں گھسکر استعمال کریں۔ (اسرار حکمت)

طلا ملذذ۔ نمک سنگ ۳ ماشہ۔ عطر گلاب ۵ قطرہ۔ مشک خالص ۲ چاول باریک کر کے ملا کر سوراخ احلیل پر طلا کریں۔ اور مشغول ہوں۔ (رموز الاطبا)

روغن ملذذ بسیار عجیب و غریب

نائزہ خرس ۱۰ ماشہ۔ گھونگچی سفید ۶ ماشہ۔ بیر بہوٹی ۶ ماشہ۔ عطر گلاب ۶ ماشہ۔ کافور ۴ ماشہ۔ دارچینی ۴ ماشہ۔ سم الفار ۴ ماشہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ۔ خراطین مصفے تین ماشہ قرنفل ایک ماشہ مشک ایک ماشہ ان سب دواؤں کو باریک کر کے بھیڑی کے دودھ میں حل کر کے روغن بدستور معروف کشید کریں اور بوقت حاجت ایک دو قطرہ حشفہ پر ملکر جماع کریں۔ (رموز الاطبا)

بسیار ملذذ مجرب۔ سہاگہ۔ پھٹکری۔ لونگ۔ شہد خالص ہموزن لیکر باریک پیس لیں اور زہرہ مرغ کے ہمراہ طلا تیار کریں۔ ضرورت پر قدرے قضیب پر ضماد کریں اور بعد خشک ہونے کے صحبت کریں (زاد غریب)

طلا ملذذ۔ چہار فائدہ دارد۔ اول بالیدگی قضیب۔ دوم لذت از حد زیادہ۔ سوم انزال عورت چہارم جذب رطوبت زن۔

زہرہ ماکیاں سیاہ لیکر اسمیں چھوٹا سا سوراخ کریں اور اسمیں قرنفل ۵ عدد اور فلفل سیاہ ۷ عدد باریک پیس کر بھریں اور پتہ کا منہ دھاگہ سے پابند کر لینے سے بند کر کے سایہ میں خشک ہونے دیں جب اچھی طرح خشک ہو جائے بحفاظت تمام رکھیں بعضے ادویات مسحوقہ قدرے لعاب دہن یا شہد میں حل کر کے قبل از جماع قضیب پر طلا کریں اور خشک ہو جانے پر صحبت کریں۔ (رموز اعظم)

طلا منزل مجرب۔ دانہ الائچی خورد۔ سہاگہ۔ قرنفل۔ عاقرقرحا۔ کافور۔ چنیا ہر ایک ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے جنگلی بیر بلکہ اس سے بھی چھوٹی گولیاں بنائیں اور ضرورت پر ایک گولی شہد میں گھسکر حشفہ چھوڑ کر لیپ کریں۔ اور خشک ہونے پر صحبت کریں۔ (قرابادین ذکائی)

طلا۔ چون زن در فرج کردہ بمرد رغبت نماید مرد فریفتہ آن زن شود تلخہ ماہی رو ہو۔ دار فلفل لیکر کھرل کریں اور قدرے روغن زرد کے ہمراہ قبل از صحبت استعمال کریں۔ (قرابادین شریفی)

اورام انثیین

دوائے برائے ورم بارد خصیہ۔ گیرو۔ سونٹھ۔ مغز بنولہ۔ کنجد سیاہ۔ انبہ ہلدی برابر وزن لیکر بول مادہ گاؤ میں پکائیں اور پیسکر نیمگرم لیپ کریں اور ہر روز تازہ لیپ تیار کرکے ضماد کریں انشاء اللہ تعالےٰ چار پانچ دن میں۔ صلابت بالکل جاتی رہیگی۔ (زاد غریب)

دوائے برائے ورم و کلانی خصیہ۔ اول مازو سبز ایک عدد پانی میں پیسکر لیپ کریں جب خشک ہو جائے پکھان بید۔ ریوند چینی۔ گوگل بھینسیا ہر ایک ۶ ماشہ پیسکر تھوڑے پانی میں ملائیں اور نیمگرم ضماد کریں اور برگ پان وغیرہ باندھیں اور یہ عمل ہر روز بتکرار کئی ایک دن تک کریں۔ (رموز اعظم)

ضماد جہت ورم حار خصیہ۔ گل خبازی۔ گل خطمی۔ اکلیل۔ بابونہ ہر ایک ۴ ماشہ آرد باقلا تولہ تخم کشف ۶ ماشہ روغن گل روغن بابونہ ہر ایک ۳ ماشہ کشنیز سبز کا پانی یا خیساندہ کشنیز ۲ تولہ گلاب ۲ تولہ میں خمیر کرکے نیمگرم لیپ کریں (مفتاح اعظم)

ضماد جہت ورم بارد خصیہ مجرب۔ گل خطمی۔ بیخ خطمی۔ کنجد سیاہ۔ تخم کتان حلبہ۔ اکلیل الملک۔ آرد باقلا ہر ایک ۴ ماشہ مرکی۔ گل بابونہ۔ زیرہ سیاہ۔ مقل ازرق اشق۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۳ ماشہ موم و چربی گردہ بز ہر ایک ۲ تولہ روغن گل ۴ تولہ۔

سنبل الطیب ۲ ماشہ کوفتنی ادویہ کوٹیں اور روغن کنجد میں چربی اور موم ملائیں بعد ازاں سب کو ملا کر بقدر ضرورت لیکر نیم گرم برگ توریا برگ ارنڈ پر پھیلا کر لنگوٹ کی مدد سے خصیوں پر باندھیں اور آٹھ پہر کے بعد دوبارہ نیا لیپ تیار کر کے استعمال کریں۔ (قرابادین شریفی)

فتق

جوارش برائے برودت انثیین و فتق و قیلتہ و برودت معدہ و فواق حادث از کثرت بلغم بسیار مفید است۔ زیرہ کرمانی سرکہ میں شبانہ روز تر اور خشک کیا ہوا۔ برگ سداب خشک۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل ہر ایک ۳۵ درم بورہ ارمنی ۲ درم سب کو باریک کوٹ چھانکر سہ چند شہد مصفےٰ کے ہمراہ جوارش بنائیں اور ہر روز ایک مثقال کہائیں۔ (علاج الامراض)

حب کہ فتق ریحی را بسیار سود مند بود۔ موذنج۔ فطراسالیون۔ فقاح اذخر قسط۔ زرنباد۔ درونج۔ اسارون ہر ایک نیم درم تخم کرفس انیسون۔ مصطگی۔ زعفران ہر ایک ۱ درم۔ سکبینج مقل ہر ایک ۱ درم۔ ہلیلہ کابلی آملہ منقی ہر ایک ۲ درم اول سکبینج اور مقل کو عرق بادیان وغیرہ میں حل کر صاف کریں اور باقی ادویہ باریک کوٹ چھانکر ملائیں اور ہر روز بقدر ایک مثقال کھائیں۔ (عجالہ نافع)

روغن برائے فتق نافع است۔ حنظل کلاں ۲ عدد۔ روغن کنجد پاؤ سیر پانی میں بھر رکھیں اور دن بھر میں چار پانچ مرتبہ مالش کریں (قرابادین شریفی)

ضماد کہ قیلتہ الماء را مفید است۔ سرگین گاؤ۔ سرگین کبوتر۔ سرگین گوسفند فلفل سیاہ۔ زیرہ سیاہ بورہ ارمنی۔ بقدر ضرورت لیکر قدرے روغن زیت ملائیں اور استعمال کریں۔ (عجالہ نافع)

امراض النسا

امراض رحم

حمول جہت صلابت رحم۔ تخم خشخاش۔ کنجد معشر ہر ایک ۱ ماشہ لیکر شیر گاؤ میں پکائیں اور کسی سل یا پتھر پر پیس کر زعفران کثیرا ہر ایک ۱ ماشہ صمغ عربی۔ گل خطمی ہر ایک ۲ ماشہ کوٹ چھان کر ملائیں اور زردی بیضہ مرغ ۲ عدد کا اضافہ کریں اور قدرے روغن حنا یا روغن گل ملا کر یا رچہ کتان اسمیں آلودہ کر کے حمول کریں (مطب علوی خان)

حمول جہت ورم رحم باحرارت مزاج واندمال قرحہ و برائے جلائے مجرک و صلابت ورم۔ آرد جو۔ گل خطمی۔ آرد باقلا۔ تخم کتان۔ اکلیل الملک۔ خبازی۔ ملبہ۔ گل بنفشہ مروارید سنگ ہر ایک ۴ ماشہ کافور ۱ ماشہ دم الاخوین سفیدہ کاشغری ہر ایک ۴ ماشہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد روغن گل ۲ تولہ بطریق معروف معجون تیار کریں اور استعمال کریں (مطب علوی خان)

جہت ورم بارد و قرحہ و صلابت رحم۔ گل خطمی۔ مرزنجوش۔ تخم کتان۔ عنب الثعلب۔ تخم مرو۔ اسپغول۔ اکلیل الملک۔ بابونہ کلسخ مرداسنگ سفیدہ کاشغری ہر ایک ۴ ماشہ زعفران۔ جند بیدستر ہر ایک ۱ ماشہ گل روغن ۲ تولہ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد بطریق معروف حمول تیار کریں اور استعمال کریں (مطب علوی خان)

دوائے برائے ورم رحم و صلابت آن۔ روغن گل روغن بنفشہ۔ پیہ بط۔ مغز ساق گاؤ۔ پیہ گردہ بز۔ موم سفید ہر ایک ایک تولہ زردی بیضہ مرغ ۱ عدد مصطگی ۳ ماشہ زعفران ۱ ماشہ سب بطور مرہم آسمیں ملائیں اور استعمال کریں۔

جہت ورم رحم حار مجرب است۔ اسپغول۔ تخم کتان دونوں کو پیس کر قدرے شہد ملا کر حمول کریں (قرابادین قادری)

فرزجہ کہ ورم بنشانہ۔ پیہ بط روغن کنجد میں گرم کر کے ملائیں اور قدرے رب السوس باریک کر کے ملانے کے بعد بطور فرزجہ استعمال کریں (دکانی)

فرزجہ کہ انضاج ورم حار رحم نماید۔ بزر کتان۔ نشاستہ ہر ایک ۱ درم زعفران ۲ درم گلسرخ ۴ درم کوٹ چھانکر روغن گل قدرے ملائیں اور اچھی طرح ایک جان کر کے اسمیں پارہ پشم آلودہ کریں اور بطور فرزجہ استعمال کریں (ذخیرہ)

فرزجہ کہ سرطان رحم و قروح آنرا نفع دہد۔ و نزف الدم را قطع کند۔

ایک ٹکڑا سیسہ یعنے سکہ کا لیکر سیسہ پر روغن گل کے ہمراہ رگڑیں جب روغن گل گاڑھا ہو جائے بطور فرزجہ استعمال کریں۔ (رموز اعظم)

مطبوخ سنا کہ در عمل مذکورہ بالا بہر امداد بکار آید۔ سنا مکی ۷ درم پرسیاوشان ۵ درم تخم خطمی۔ تخم کاسنی ہر ایک ۳ درم بنفشہ نیلوفر گل سرخ ہر ایک ۴ درم۔ عناب سپستان انجیر سفید ہر ایک ۲۰ عدد سب کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب پانی آدہ سیر رہ جائے مل چھانکر فلوس خیار شنبر ۱۰ درم ترنجبین ۱۵ درم ملاکر پلائیں (خلاصۃ التجارب)

دوائے کہ قروح رحم از چرک پاک کند۔ شہد خالص۔ شیر گاؤ۔ آب برگ نیب برابر لیکر کسی مصفے برتن میں پکائیں جب پانی اور دودھ جلکر صرف شہد رہ جائے نگاہ رکھیں اور اسمیں روئی تر کر کے بطور فرزجہ استعمال کریں (رموز اعظم)۔

فرزجہ قابض کہ منع کند خون و ریم و صدید را کہ از جراحت و قرحہ رحم آید۔ کندر۔ انزروت۔ دم الاخوین گلسرخ شب یمانی پوست انار جوز السرو برابر مقدار میں حسب ضرورت لیکر خیساندہ لسان الحمل میں گوندھ کر فرزجہ استعمال کریں

فرزجہ جہت قطع خون و ازالہ قروح و عفونت رطوبت سائلہ رحم

شب یمانی۔ گلنار۔ سرمہ۔ کاغذ سوختہ۔ زیرہ کرمانی مدبر برابر وزن لیکر آب برگ تمر آب خرفہ آب کشنیز سبز یا آب مازو میں پکاکر بطور فرزجہ استعمال کریں (قرابادین ذکی)

اختناق الرحم

مطبوخ مفید اختناق الرحم کہ بسبب احتباس طمث بود۔ پرسیاوشان [illegible]

بادیان۔ سداب ہر ایک ۳ درم مناسب پانی میں جوش دیں اور سرد ہونے پر شکر سے شیریں کر کے پلائیں (خلاصۃ التجارب)

تریاق اختناق۔ جست و قلعی ہموزن ایک رطل لیکر ان کو مٹی کے برتن میں تیز آگ پر خاک کریں پھر اس خاک کو چینی کے برتن میں ڈالکر سرکہ انگوری میں جو چار انگل خاک مذکور سے اوپر رہے تر کر کے چولہے پر رکھکر نیچے چراغ جلائیں اور ہر لحظہ لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ آٹھ پہر کے بعد نیچے اتار کر سرکہ کو مقطر کر لیں اور دو تین بار تجدید سرکہ کر کے چراغ کی آگ بدستور دیویں پھر ہر دفعہ کے کل مجموعہ مقطر کو آہنی کڑاہی میں نرم آگ پر منعقد کریں۔ پھر بیس تولہ شراب سہ آتشہ میں چار دن تک بھگو چھوڑیں اسکے بعد کپڑے سے چھان کر نرم آگ پر خشک کر کے شیشی میں ڈال رکھیں۔ خوراک نصف سے ۲ رتی تک مطبوخ بادرنجویہ یا شیر گاؤ کے ہمراہ دیں۔ تشنج دیوانگی۔ نفخ شکم اور عوارضات و بخارات رحم کو دور کرتا ہے

تریاق حش یعنی کڑنگ۔ قلعی و سکہ نصف نصف وزن لیکر ایک حصہ کو برتن گلی میں خاک کریں اور سحقہ قرنفل پانچ حصہ کا ذرور کرتے رہیں اور نیم کے تازہ ڈنڈہ سے چلاتے رہیں آگ بیری کی لکڑی کی جلا دیں۔ پھر اتار کر شیشی میں ڈالکر نمناک جگہ دفن کریں۔ اور چند روز کے بعد نکال کر ایک رتی برگ پان سے دیں۔ مقوی باہ۔ امساک منشو و نما جنین کرتا اور کڑنگ کو دور کرتا ہے۔ مجفف رطوبات ہے۔ مجرب ہے۔ (صدری مجربات)

نوٹ۔ قلعی ۵ تولہ سکہ ۵ تولہ ہو تو قرنفل کا سفوف ۵ تولہ ہونا چاہئے۔ جو دونوں کو پگھلانے پر چٹکی چٹکی ڈالتے رہیں نمناک جگہ میں کم از کم ۱۱ دن اور زیادہ سے زیادہ ایک ماہ دفن کرنا چاہئے۔

معجون دافع اختناق الرحم۔ بارہا کی مجرب ہے نیز مرگی کو بھی دور کرتی ہے مروارید ناسفتہ مرجان۔ کہربا۔ درونج ابریشم مقرض۔ زرکچور بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک سات ماشہ لونگ ۳ ماشہ۔ چھلیرا سنبل الطیب دانہ الائچی خورد

دسمال پتر۔ دارچینی۔ جند بیدستر ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران کشمیری مصطگی رومی صندل سفید صندل سرخ طباشیر کشنیز خشک ہر ایک ۷ ماشہ عنبر اشہب ۲ ماشہ کستوری ۲ ماشہ مصری دیسی ۱۶ تولہ شہد خالص ۱۷ تولہ بدستور معجون تیار کریں خوراک ۲ سے ۴ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان و گلاب کم از کم ۲ ماہ استعمال کریں (رموز الاطبا)

امراض حیض و نفاس

بخوریکہ ادرار حیض کند۔ جاوشیر۔ کندش۔ اظفر۔ طیب عود ہندی لیکر بتکرار دھونی رحم میں نرکل کے ذریعہ پہنچائیں اور گرداگرد کمر کے کپڑا لپیٹیں (قرابادین قادری)

جوشاندہ کہ مدد حیض و مسقط جنین است۔ پوست فلوس خیار شنبر ۲ تولہ زیرہ کرمانی ۳ ماشہ تخم خربوزہ ۶ ماشہ افسنتین ۴ ماشہ شاہترہ ۶ ماشہ گلقند ۳ تولہ مناسب مقدار پانی میں جوش دیں اور پلائیں۔ اور جہاں کہیں سمجھیں اوزان میں کمی بیشی کریں

جوشاندہ مدد قوی و مسقط جنین۔

بادیان ۲ تولہ زنجبیل تخم زردک ہر ایک ۴ تولہ تخم بادنجان اجوائن ہر ایک ۲ تولہ قند سیاہ کہنہ ۴ دام سبکو حسب ضرورت پانی میں جوش دیں اور مل چھان کر روغن زرد ۲ تولہ ملائیں اور نیم گرم پلائیں (رموز اعظم)

جوشاندہ کہ در ہند برائے احتباس طمث مروج است۔

بادیان۔ تخم شبت۔ تخم ترب۔ تخم زردک تخم حلبہ تخم تراتیزک سیاہ دانہ باوبڑنگ سب ہموزن مناسب مقدار میں پانی میں جوش دیں اور مل چھان کر ایام حیض میں متواتر تین دن تک پلائیں۔ (تکملہ ہندی)

شربت کہ ادرار حیض کند و درد رحم و پشت را کہ پیش از حیض پدید آید دفع کند تخم کرفس ۱ مثقال بادیان نیمکوفتہ انیسون تخم شبت روناس ہر ایک ۲ مثقال تخم خیارین نیمکوفتہ ۴ مثقال حلبہ ۷ مثقال سب کو شبانہ روز پانی میں رکھکر جوش دیں اور مل چھان کر ساٹھ مثقال مصری سے قوام شربت تیار کریں اور سات حصہ کریں۔ اور

ہر روز ایک حصہ قدرے پانی ملا کر نوش کریں۔ (قرابادین قادری)

کثرت طمث۔ گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ سنگ جراحت۔ گیرو۔ کہربا شمعی۔ شاخ گوزن سوختہ۔ بسد سوختہ۔ خرمہرہ سوختہ۔ بھوج پتر سوختہ۔ طباشیر نشاستہ۔ مساوی الوزن کھرل کر کے شیشی میں بھر رکھیں وقت ضرورت تین ماشہ سے ایک تولہ تک شربت کوکنار ۲ تولہ میں ملا کر دن میں دو مرتبہ دینا چاہئے۔

نوٹ۔ نسخہ مجرب ہے۔ خون بواسیر و خونی قے کو بھی روکتا ہے۔ اور کثرت طمث میں بھی اچھا نسخہ ہے۔ (مولف)۔

دافع کثرت حیض یعنی پرور۔ لاکھ پاپڑی۔ کمرکس ہر ایک ایک تولہ۔ الائچی سفید گیرو ہر ایک ۶ ماشہ۔ اول کمرکس کو تھوڑے پانی میں بھگو کر نرم کر لیں پھر ململ کے کپڑے میں پوٹلی بنا دیں اور اسکو خوب اچھی طرح سے ہاتھوں سے ملیں حتیٰ کہ بالکل صاف ہو جائے مٹی و لکڑی وغیرہ نہ رہے پھر باقی ادویات اچھی طرح پیس کر شامل کر لیویں۔ خوراک تین ماشہ تین دفعہ دن میں آدھ پاؤ ساٹھی چاول کے دھوون کے ساتھ دیں خوراک دہی چاول۔ اور شام کو مونگ کے آٹے کا حلوا تیار کریں۔ مجرب ہے۔

نوٹ۔ کمرکس صاف شدہ کو سایہ میں خشک کر کے پھر ادویات میں ملانا چاہئے اگر ساٹھی چاول کی دھوون جلدی میں تیار نہ ہو سکے تو جوشاندہ انجبار سے بھی دے سکتے ہیں

برائے درد رحم و درد پشت جو قبل حیض کے پیدا ہوتا ہے۔ تخم کرفس ایک درم ملٹھی ۲ تولہ۔ تخم خیارین نیم کوفتہ ۱۲ ماشہ۔ بادیان نیم کوفتہ انیسون۔ تخم شبت۔ مجیٹھ ہر ایک ۷ ماشہ لیکر سب کو جوش دیکر ۱۸ تولہ قند سیاہ میں قوام کریں برابر سات حصہ کر کے سات روز کھاویں۔ مجرب ہے۔ (صدری مجربات)

نوٹ۔ ایام حیض سے تین یا دو روز پہلے یہ نسخہ پلانے سے حیض بافراغت آئیگا اور درد وغیرہ کو بھی افاقہ رہیگا پہتر ہو کہ ہر روز ایک حصہ جوش دیکر پلایا کریں۔ (مولف)

دوا دافع طمث۔ تین یوم میں مرض کو دور کر دیتی ہے۔ سپاری۔ مازو۔ گلنار۔ اقاقیا۔ لک مغسول ہر ایک ایک تولہ لیکر سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ

علے الصبح شربت انجبار سے دیں۔ مجرب ہے۔

برائے استحاضہ۔ سنگ جراحت ایک تولہ لیکر خوب باریک کریں پھر ایک تولہ مصری ملائیں یہ سفوف تین ماشہ منہ میں ڈالکر اوپر سے گلاب عمدہ سکنجبین سرکہ عرق بادیان ہر ایک ۴ تولہ پاؤ بھر پانی ملاکر پی جائیں۔ خون فوراً بند ہو جائیگا۔ مجرب ہے۔ (صدری)

برائے اخراج جنین مردہ۔ ۲ رتی بیر بہوٹی ایک دو بار گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں

شافہ برائے کشادن حیض۔ مگھہ پیپل۔ قند سیاہ میں پھل۔ جوکھار۔ تخم اندرائن۔ بیخ قسط شیریں سب کو خوب باریک کرکے شیر گاؤ کے ساتھ بتیاں بنائیں۔ اور ایک بتی صبح و شام رحم میں رکھیں چھ روز کے بعد برسوں کا حیض کھل جاتا ہے (بحر الفواید)

نوٹ۔ اگر حیض تین دن آتا ہو تو یہ بتیاں تین یوم قبل سے شروع کرادیں اگر پانچ دن آتا ہو تو ۲ یوم قبل۔ (مؤلف)

دوا دافع استحاضہ۔ گوکھرو۔ موچرس۔ لودھ۔ صمغ پلاس۔ میداسک۔ خوب باریک کرکے ہر صبح ایک کف دست چاولوں کی دھون کے ساتھ پھانکنا استحاضہ سیلان رطوبت فرج کی تری کے لئے اکسیر ہے۔ (بحر الفواید)

نسخہ دافع درد رحم۔ بابڑنگ مقشر۔ سمندر جھگ ہر ایک تولہ۔ بہروزہ خشک نمک لاہوری ہر ایک دو تولہ۔ ان کو جدا جدا پیسکر پھر ملاکر بیر کے برابر کپڑے میں پوٹلیاں بناکر ہر روز رات کو اندام نہانی میں رکھیں اس سے اخراج رطوبت بکثرت ہو کر درد جاتا رہیگا۔ مجرب ہے (گنجینہ طبیب)

دوا دافع حیض در ایام حمل۔ اگر حمل کے ایام میں کبھی حیض جاری ہو تو یہ دوا اسکو روک کر حمل کے قائم رکھنے میں مجربات سے ہے۔ برگ ببول ایک تولہ لیکر آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو کپڑے میں چھانکر ۲ تولہ مصری ملاکر پلادیں۔ دو تین دن اس نسخہ کو استعمال کرائیں۔ غذا نان گندم وغیرہ حرکت قوی سے حاملہ کو باز رکھیں۔ (اکسیر الامراض)

دوا انگریزی حیض آور۔ پرمنگنیٹ آف پوٹاس کی تیار شدہ حبوب انگریزی دوا فروشوں کے پاس فروخت ہوتی ہیں۔ دو گرین کی گولی لیکر دن میں دو تین مرتبہ حیض سے دو تین یوم پیشتر سے شروع کرا دیں۔ بند شدہ حیض جاری ہو جاتا ہے۔

(اکسیر الامراض)

پچکاری جو رحم کو اپنی جگہ پر قائم کرتی اور پیشاب لاتی ہے۔ رحم ٹل جانے کی صورت میں استعمال کرائی جاتی ہے۔ مغز تخم قرطم تخم خربزہ۔ شورہ قلمی مشک طرامشیع ہر ایک ۵ ماشہ۔ لعاب بزر کتان۔ لعاب حلبہ ہر ایک تین ماشہ لعابات کو عرق جواسہ و عرق گوکھرو میں نکال کر اور پھر مذکورہ دواؤں کو اسی میں پیس کر چھان لیں پھر صبر۔ مرمکی ہر ایک ایک ماشہ۔ ریوند خطائی ۳ ماشہ زنگار ایک رتی بکری کے ایک پتہ کے پانی میں اور ۷ تولہ شیر بز میں حل کر کے اور سب کو باہم ملا کر دن میں ۴ مرتبہ رحم میں پچکاری کریں۔ اور داخلی طور پر عرق جوانسہ و عرق گوکھرو ہر ایک ۵ تولہ میں شربت بزوری ۴ تولہ حل کر کے پلائیں۔ (مخزن حکمت)

دوائی حیض آور۔ پرانے گڑ کو کسی برتن میں آگ پر چڑھا کر اسقدر پکائیں۔ کہ سخت بتی سی بن جائے اسمیں تھوڑا سا بروزہ خشک باریک پیسکر بتیاں بنا لیں اور رحم کے منہ میں رکھیں حیض لاتی ہے۔

نوٹ۔ بتی ایک انچ لمبی اور گٹھلی بیر کے برابر موٹی ہونی چاہئے۔ (مولف)

پوٹلی دافع درد رحم۔ جن عورتوں کو گندہ پانی خارج ہوتا ہو اور اس وجہ سے درد رحم ہو اُن کے لئے یہ نسخہ مفید ہے۔ بائے بڑنگ کف دریا۔ بروزہ خشک نمک لاہوری ہر ایک دو ماشہ کوٹ پیسکر تین پوٹلیاں بقدر جنگلی بیر کے باندھیں اور ہر روز ایک پوٹلی رحم کے نیچے رکھیں۔ سب گندہ پانی دور ہو جائیگا۔ اور تین دن میں فائدہ ہوگا

(مجربات)

فرزجہ کہ جہت کشودن حیض ہفت سالہ بیعدیل است۔

مرصاف۔ پودینہ۔ مویز منقی۔ سداب خشک ہر ایک ۲ درم ابہل ۸ درم باریک کوٹکر زہرہ گاؤ میں گوندھ کر بطور فرزجہ استعمال کریں۔ (مجربات اکبری)

ماء اللحم برائے ضعف قلب و جہت ورم رحم و ادرار طمث و درد رحم۔۔۔

گوشت بزغالہ امن مرغ جوان فربہ۔ دراج۔ لوہ ہر ایک ۵ قطعہ سب کو چربی اور استخوان سے پاک صاف کریں اور کسی قلعی دار پاتیلہ میں بریاں کریں بعد ازاں طباشیر سفید کشنیز مقشر خار خسک ہر ایک دو نیم مثقال غنچہ گل سرخ گل گاؤزبان۔ ہر ایک ۱ مثقال دارچینی مولتہ ہیل ہر ایک ۱ مثقال اور ۲ دانگ۔ نیم کوفتہ داخل کریں اور عرق بید مشک عرق گاؤزبان عرق عنب الثعلب عرق نیلوفر عرق خارشتر آب انگور ہر ایک ایک سیر آب خالص بقدر ضرورت ملا کر بطریق معروف عرق کشید کریں اور عرق مذکور میں عنب الثعلب۔ گل بنفشہ ہر ایک ۲۵ مثقال صندل سفید ۱ مثقال و نیم گل گاؤزبان ۵ مثقال گل سرخ تازہ ایک سیر گل سیوتی آدہ سیر شبانہ روز تر رکھکر عرق دو آتشہ کشید کریں اور ہنگام کشید دہن پنجہ میں عنبر اشہب مشک خالص زعفران ایک مثقال پارچہ کتان میں باندھ کر بھبکہ میں جسمیں عرق ٹپکتا ہے رکھیں (از بیاض قلمی کہنہ)

دوائے حبس نمودن طمث کہ با حرارت باشد

قرص کہربا مناسب مقدار میں لیکر پیس لیں اور شربت انجبار ادام میں ملا کر کھلائیں اور ساتھ ہی شیرہ خرفہ نوش کریں اور زیر ناف۔ پوست انار۔ گلنار سماق جفت بلوط زاج سفید کندر زیرہ سفید حب الآس ہموزن حسب پسند مقدار میں لیکر بارتنگ کے پانی میں پکا کر لیپ کریں۔ (زاد غریب)

دوائے کہ استحاضہ را مجرب و آزمودہ است۔

خرما۔ سوت۔ تال مکھانہ۔ لودہ پٹھانی۔ برابر وزن لیکر سفوف بنائیں اور ہر روز صبح و شام بقدر ۹ ماشہ میں چار ماشہ شکر ملا کر پانی سے کھائیں (مجربات اعظم خان)

سفوف برائے حاملہ کہ خون حیض در حالت حمل آید۔

نیلوفر۔ اصل السوس۔ لودہ پٹھانی۔ آملہ منقی۔ صندل لودہ۔ کتھہ سفید تالمکھانہ بریان ہر ایک تولہ طباشیر ۶ ماشہ سب کو باریک کوٹ چھانکر سفوف بنائیں اور اوساٹھی کے چاولوں کے دہوں سے ایک تولہ صبح اور شام کو کھلائیں (رموز اعظم)

سفوف کہ خون آمدن باز کم و مقعد باز دارد۔

کشنیز خشک بریان، سماق، بوطہ بریان، تر نفل، گلنار ہر یک ۲ ماشہ سب کو باریک کوٹ کر سفوف بنائیں اور ہر روز بقدر ۲ تین درم ٹھنڈے پانی کے ہمراہ کھائیں۔ (ذخیرہ)

سفوف ہندی کہ خون چشیں و شکم و بواسیر باز دارد و تری در قوت آب انزرج لفح کند مغز خستہ بادام، مغز خستہ انبہ، اناجوڑی، بدستور مویز بیدستان بھیگہ انیس، موتھ مغز جبل لودہ، پٹھانی، لیرو، کاہ مچس، تلفل گرد، صندل سرخ ہاوہ کرنا نرخ گل بنفشہ، سب ہموزن اور شکر تری گل ہموزن کے برابر سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ہر روز بقدر ۲ تین درم ساتھی کے چاولوں کے دھون کے ہمراہ صبح و شام کھائیں (نکملہ ہندی)

نسخہ جات مضیق و دافع سیلان الرحم

دوائے برائے خشکی فرج مجرب، لبیار مضیق و معطر است۔

ماندوم ماشہ، عود سفید ۲ ماشہ، حب الاس ۲ ماشہ، کستوری ۱ چاول، تفل ۲ ناخن ۲ ماشہ، زعفران ایک رتی، تر نفل ۲ عدد، مسک ۲ ماشہ سب کو نہایت باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں ضرورت پر قدرے پارچہ بافتہ میں پوٹلی باندھ کر ایک ساعت قبل از جماع اندام نہانی میں رکھیں اور اگر اسکو چند روز صبح اور شام بطریق مذکورہ استعمال کریں تو بیحد فائدہ ہو۔ (زاد غریب)

دوائے مجہت سیلان رطوبت کہ در وقت جماع یا در اوقات دیگر بیدآید بر طرف کند۔ سنگ راسخ مولسری، بلیلہ سیاہ، کسیس گل پستہ دار چینی۔ زبدالبحر ہر ایک ایک تولہ نہایت باریک پیس کر بحفاظت رکھیں اور قبل از صحبت بقدر ۲ ماشہ اندام نہانی میں رکھیں (مطب علوی خان)

سفوف برائے منع سیلان رطوبت رحم بدیں ندارد و منی زنان را کہ روان باشد

بند نماید۔ خستہ تمر ہندی جسقدر چائیں لیکر شبانہ روز پانی میں تر رکھیں بعد ازاں چھلکا دور کریں اور آب موصوف میں مغز تخم خستہ تمر ہندی دوبارہ تر کریں تا تمام پانی جذب ہو جائے بعد خشک ہونے کے باریک پیس لیں اور اسکا چوتھا حصہ مغز تخم بکائین اور دسواں حصہ برادہ صندل سفید اور سب مجموعہ کے برابر مصری ملائیں اور بقدر ایک تولہ ہر روز پانی کے ہمراہ کہائیں۔ (قرابادین ذکائی)

دافع سیلان الرحم۔ مازو سبز ۶ ماشہ موچرس۔ اقاقیا اصلی۔ مائین خورد۔ گل دھاوا۔ پھٹکڑی گل انار خام جفت بلوط خستہ جامن۔ زرنباد۔ گوند ڈھاک ہر ایک تین ماشہ غبار کی مانند پیسکر اندام نہانی میں بقدر چار رتی رکھنا چاہئے یا ایک ماشہ تک کپڑا میں لپیٹ کر رکھائیں دو چار دن ہی میں مرض دور ہوگا۔ جماع سے ۵ منٹ پیشتر چار رتی رکھنا بکارت پیدا کر دیتا ہے۔ (صدری مجربات)

برائے تقویت زنان۔ انار خام ۶۰ تولہ۔ پھلی ببول خورد جسمیں تخم نہ پڑے ہوں ۶۰ تولہ پھل خام بڑ یعنی برگد ۶۰ تولہ۔ آب خام جسکو انبی کہتے ہیں ابتدائے حالت میں کہ اسمیں ترشی نہیں ہوتی سب کو خشک کرکے باریک پیسکر ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک باسی پانی سے ۴۰ روز تک کھلائیں۔ غذا نان گندم مرغن تین ماہ تک ترشی و بادی سے پرہیز۔ عورت از سر نو جوان ہو جاتی ہے (باقیات)

نوٹ۔ یہ نسخہ ایک سنیاسی نے بھی بتایا تھا۔ عمدہ نسخہ ہے۔ جماع سے بھی پرہیز رکھنا چاہئے۔

دافع سیلان الرحم۔ صمغ عربی دس تولہ کو روغن زرد میں بریان کر مثل پتاسہ کے پھول جائے نکالکر باریک پیس لیں اور دس تولہ قند سفید ملا کر رکھیں اس میں سے ۲ تولہ ہمراہ شیر بکری صبح کو دیا کریں ایک دو ہفتہ میں کہنہ سیلان رحم بھی جاتا رہتا ہے

نوٹ۔ نسخہ مفید و صحیح ہے۔ شیر گاؤ سے بھی دے سکتے ہیں اور پرہیز جماع سے لازمی ہے

دافع سیلان رحم گل دھاوہ۔ موچرس ہر ایک تین ماشہ موصلی سفید موصلی سیاہ پھلی ببول ہر ایک تین ماشہ سپاری چکنی ۲ تولہ مائین خورد و کلاں ہر ایک ۶ ماشہ ستاور

(صدری مجربات)

۵ ماشہ خار خسک خورد ۷ ماشہ چوب سپیدہ ۳ ماشہ خرفہ ۳ ماشہ لسوڑہ خورد ۹ دام
مغز تخم خربوزہ ۷ ماشہ صمغ پلاس ۹ ماشہ صمغ عربی ۲ ماشہ بہو پھلی ۳ ماشہ چرونجی ۷ دام
کنجد سفید ۱۳ ماشہ خشخاش سفید ۱۳ ماشہ۔ کوٹ چھانکر سفوف بنالیں اور ۶ ماشہ
ہر روز کھلائیں ہمراہ شیر گاؤ غذا میں گھی کا زیادہ استعمال رکھیں جریان سیلان
و کمزوری زنان میں مجرب ہے۔ (جامع)

متعلقہ حمل وغیرہ

دوائے جہت عسر ولادت عدیل ندارد و ہیچ دوا برابر ایں نیست۔
مر۔ جند بیدستر۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۱ مثقال۔ ابہل۔ حلتیت ہر ایک نیم مثقال سبکو
باریک کوٹکر ہمچند شہد میں ملائیں اور ضرورت پر بقدر دو تین مثقال ماء العسل
کے ہمراہ کھلائیں۔ (قرابادین قادری)

ضماد کہ در دشواری زادن بکار آید۔ شحم حنظل برگ سداب قسط ہر ایک ہموزن
باریک کوٹکر زہرہ گاؤ میں لیپ تیار کریں اور وقت ضرورت ناف اور زہار پر طلا کریں
بخور کہ مشیمہ و بچہ مردہ بیرون آرد و بجہت اختناق رحم و عسر ولادت بسیار نافع بود
مر۔ جاوشیر۔ گوگرد۔ سداب۔ تخم گزر۔ حلتیت۔ شحم حنظل ہموزن۔ مناسب مقدار میں
لیکر دہوان پہنچائیں (قرابادین قادری۔ شریفی)

جوشاندہ مدر نفاس کہ در ایام ولادت نفاس بند شود رحمی و سوزش دست و
پا در ورم اطراف ظاہر میشود۔ تخم خطمی۔ بادیان۔ عنب الثعلب۔ اصل السوس
تخم خربوزہ ہر ایک ۶ ماشہ مناسب مقدار پانی میں جوش دیکر چھان لیں اور خمیرہ
بنفشہ ۲ تولہ ملاکر نوش کریں (مجربات اعظم خان)

بخور کہ در اسقاط حمل و تسہیل ولادت عجیب است۔
شعر انسان۔ مر۔ جاوشیر۔ سرگین کبوتر۔ سلخ الحیۃ ضرورت پر ان میں سے جو اوہ
جسقدر ہاتھ آئیں مفرداً مرکباً دہواں اندام نہانی میں پہنچائیں (رموز اعظم)

(مجاز نافع)

جہت اسقاط حمل۔ بیخ کنڈی سبز ٹمر کٹائی۔ بیخ بسکھپرا۔ شاخ نرم اور برگ بیدانجیر۔ ایلوہ ہر ایک تولہ تولہ نمک سنگ ۱ ماشہ سب کو اچھی طرح کوٹ پانی کی مدد سے شافہ بنائیں اور ہر روز ایک شافہ اندام نہانی میں رکھیں صبح و شام انشاء اللہ دو دن میں ہی اسقاط حمل اور بچہ مردہ خارج ہو جائیگا (زبانی دایہ سلطان محل)

تدبیر اسقاط حمل مختصر و مجرب۔ شورہ قلمی بقدر نیم درم علی الصباح پانی کے ہمراہ نہار کھائیں اور شاخ نرم بیدانجیر سرخ روغن بیدانجیر میں تر کر کے رحم میں رکھیں۔ (رموز اعظم)

دوائے کہ اسقاط حمل کند و بعد ازان آبستن نشود

خچر کے سم جلا کر خاکستر بنائیں اور بقدر ایک ماشہ تین دن تک نہار پانی کے ہمراہ کھائیں (منقول از بیاض علوی خان)

حب کہ عورت را عقیمہ گرداند۔ کالی زیری تخم بلیلہ کابلی۔ ناگیسر۔ نرکچور۔ سیاہ دانہ کانپھل ہر ایک ۵ درم باریک کوٹ چھان کر سات گولیاں بنائیں اور ایام حیض میں ایک گولی پانی کے ہمراہ کھلائیں (علاج الغربا)

مانع حمل بالکل بے تصدیع۔ کونپل کریل۔ اسپند سوختنی ہموزن باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ہر روز بقدر ۹ ماشہ آب شبینہ کے ہمراہ بعد حیض ایک ہفتہ تک کھائیں۔ (بیاض علوی خان)

دوا معین حمل۔ ریش پیپل بیس تولہ باریک پیس کر ہموزن شکر خام ملا کر شروع حیض سے تولہ روز کے حساب سے عورت کو اور تولہ روز کے حساب سے مرد کو دس یوم تک کھلائیں ہمراہ شیر گاؤ گیارہویں روز قربت کریں۔ حمل ہو جائیگا (جامع)

نوٹ۔ میں نے ایک دفعہ تین عورتوں کو یہ دوا دی تھی لیکن اول انکو حیض آور دوا دی تھی تاکہ حیض بافراغت ہو جائے اُسکے بعد دوا شروع کرا دی جسکے دوران میں جماع کی ممانعت تھی اُن میں سے دو عورتیں حاملہ ہو گئیں۔ تیسری عورت کے جسمانی نقائص زیادہ تھے اول الذکر دو عورتیں ناقص تصور ہو چکی تھیں بعد میں بھی تجربات

ہوئے۔ اور مفید ثابت ہوا بہتر ہو کہ حکیم دوا خود تیار کر کے دے۔

دوا دافع بانجھ پن۔ پرانے بڑھ کے درخت کی ڈاڑھی تر و تازہ باریک کر کے قند سیاہ میں گولیاں بنائیں اور ایک ہفتہ کھانے کے بعد قربت کریں۔ عورت مرد دونوں بھی کھا سکتے ہیں ورنہ عورت کو ضرور کھلائیں۔ (بحر الفواید)

برائے وضع حمل۔ چرچٹا کی جڑ پانی سے رگڑ کر ناف پر ضماد کرنا اور تھوڑی سی پلانا وضع حمل میں آسانی پیدا کرتا ہے۔ اور مردہ بچہ کو بھی نکال دیتا ہے (بحر الفواید)

برائے تنگی و خشکی عضو مخصوص زنان۔ چھوٹی سیپی ایک ماشہ باریک کر کے اندام نہانی میں ملنے سے باکرہ ہو جاتی ہے۔ اور دافع بدبو بھی ہے (بحر الفواید)

نوٹ۔ چھوٹی چھوٹی پوٹلیاں بنا کر دن میں تین چار بار رکھیں تو بہتر ہوگا (مولف)

دافع اسقاط بارہا مجربہ۔ بعض عورتوں کو نویں مہینہ کے شروع اور آٹھویں کے آخیر میں حمل ساقط ہوتا ہے۔ انکو چوتھے یا پانچویں مہینہ سے سکنجبین سادہ جو سرکہ انگوری سے بنائی ہو پلایا کریں۔ تا وضع حمل ہاتھ پاؤں کا جلنا اور بخار حاملہ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ اور بچہ مدت مہینہ پر پیدا ہوتا ہے۔ (اسرار حکمت)

دافع اسقاط و موت الجنین

مشک ۱ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ زیرہ گلاب ۴ ماشہ۔ زیرہ سفید ۴ ماشہ برگ تلسی ۲ تولہ۔ بسباسہ ۲ تولہ۔ تخم دھنتر ۱۱ عدد۔ برگ شہد یوی ۴ تولہ۔ سب ادویہ کو باریک مثل سرمہ کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں اور ابتدائے حمل سے ایک ہفتہ تک صبح ایک۔ شام ایک۔ دوپہر ایک پھر چالیس یوم تک کھلائیں۔ . . .

نوٹ۔ ہر ایک روز ایک گولی تا وضع حمل کھلانا زیادہ بہتر طریق ہے نسخہ مجرب ہے۔

نسخہ اسقاط۔ کسی قدر نمک لاہوری سرکہ میں ڈالکر گرم کر کے پلائیں۔ حمل گر جائیگا

نسخہ اسقاط۔ بیخ چرچڑہ کو عورت کی کمر میں باندھیں اور کسی قدر گھسکر پیٹ پر لیپ کریں۔ مجرب ہے۔

اخراج جنین مردہ۔ بیخ چرچٹہ ۵ دام گھس کر صبح کے وقت استعمال کریں۔

(رموز الاطباء)

ایک گھنٹہ کے اندر اندر بچہ باہر نکل آئیگا۔

صحت کو حسب ضرورت باقی رکھنا۔ برگ بید لیکر ایک پتہ کھلائیں تو ایک سال کا لڑکا پیدا ہوگا۔ اگر دو کھلائیں تو دو سال تک اگر تین کھلائیں تو تین سال کے لئے بالقیاس جتنے سبز پتے کھلائیں اتنے سال حمل (از مفرح یاقوتی و گنج جواہر)

معجون برائے کثرت استقاط کہ از ریح بود

اندرنباد۔ دمدن بیخ حلیت جند بیدستر باذ و طباشیر ہر ایک درم زنجبیل ۲ درم مشک ۱ دانگ سب کو باریک کوٹکر چھان کر بہ چند شہد کے ہمراہ معجون بنائیں اور ہر روز مثقال کھائیں۔ (طب اکبر)

معجون بجہت زنان حاملہ کہ عادت باستقاط داشتہ باشند مفید است

نشاستہ حاج۔ فوفل۔ شاخ گوزن سوختہ گلنار۔ ابریشم مقرض ہر ایک مثقال۔ مروارید۔ مرجان بسد یشب۔ گلسرخ۔ گل ارمنی کشنیز خشک۔ عود ہندی۔ مصطگی زعفران کباب چینی ہر ایک دو مثقال سب کو کوٹ چھان کر بقدر خالص اور شیرہ آملہ ربی ہر ایک ۲ مثقال کے ہمراہ معجون بنائیں اور نگاہ رکھیں اور ایام حمل کے دوسرے مہینہ کے شروع سے تا یوم وضع حمل ہر روز ایک مثقال کھائیں۔ (قرابادین شریفی۔ ذکائی)

سہاگہ سونٹھ برائے قوت کمر زنان

زنجبیل نیم پاؤ باریک کوٹکر نیم پاؤ روغن زرد اور ۳ پاؤ شکر گلاب میں جوش دیں جب قوام غلیظ ہو جائے تب مغز تخم خربوزہ۔ حب السمن۔ نشاستہ ہر ایک ۲ تولہ سکنجبین موصلی سفید۔ مویز۔ گوند کتیرا بستا در ہر ایک تولہ نبات ہندی صندل سفید سودہ۔ سلیخہ۔ گل دیاوہ ہر ایک ۴ ماشہ خار خسک۔ وارفلفل سفل الطیب سعد کوفی۔ سونٹھ تخم کوہ گوند ہنیا ہر ایک ۴ ماشہ شکر سفید سہ چند سب کو کوٹ چھان کر شکر کے قوام کے ہمراہ لیاق معروف معجون بنائیں اور بلحاظ وقت اور مزاج مناسب مقدار میں کھائیں (در موجاظم)

حب حمل۔ مرکی۔ نوشادر ہموزن لیکر باریک پیس لیں اور پانی کی مدد سے بقدر ۴ چال گولیاں بنالیں اور ایام حیض میں ہر روز ایک گولی کھائیں بعد پاک ہونے کے اپنے خاوند کے نزدیک جائیں (علاج الغربا)

حب کہ در دفع عقم عقیمہ فوائد عظیم دارد۔

کستوری ۲ رتی افیون جوز بویہ زعفران ہر ایک ۱ ماشہ جبر و اعظم کہ بھنگ سے مراد ہے ۲ ماشہ قند سیاہ کہنہ ۲ درم فوفل گجراتی ۳ عدد قرنفل کلاہ دار ۴ عدد۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر قند سیاہ کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور حیض سے فارغ ہونے کے بعد ایک گولی ہر روز کھائیں اور تین دن کے بعد اپنے خاوند سے ہم بستر ہوں (رموز اعظم)

فرزجہ مجرب معین حمل۔ جند بیدستر ۱ مثقال شب یمانی زعفران۔ لسان العصافیر۔ ہر ایک ۱ درم عود نیم درم مشک ربع درم سب کو کوٹ چھانکر شہد کے ہمراہ ایام حیض میں بطور فرزجہ تین رات استعمال کریں اور چوتھی رات کو اپنے خاوند کے نزدیک جائیں (رموز اعظم)

سفوف برائے کثرت اسقاط کہ از رطوبت باشد۔

جند بیدستر نیم درم تخم کرفس بادیان انیسون نانخواہ صعتر انجدان خولنجان۔ ہر ایک ۳ درم سب کو باریک کوٹ چھانکر بقدر مناسب بطور سفوف پانی کے ہمراہ استعمال کریں (طب اکبر)

حکۃ الرحم

برائے خارش و سوزش فرج و حرقت بول کہ در ایام حمل نیز استعمال توان کرد کافور گلاب میں گھسکر فرج میں ملیں۔ (منقول از مفتاح)

طلا کہ خارش فرج را سود دارد۔ سرب یعنے سکہ کو سل پر آب کاسنی کے ہمراہ گھسکر نیلوفر تخم کاہو ہمراہ گلاب میں ملائیں اور فرج میں لیپ کریں۔

دافع ثبور رحم۔ سوزش رحم میں مجیب الاثر نسخہ ہے

گل سرخ۔ طین ارمنی ہر دو سنگ۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ایک تولہ آملیہ ۲ ماشہ۔ اول روغن گل دس تولہ سوم سفیدہ ۲ ماشہ لیکر دونوں کو پھر دوسری اور دیر باریک کر کے لائیں اور خوب حل کریں اور رحم کے اندر لگائیں۔ انشاءاللہ ایک دن میں قائمہ ہو گا (رموز الاطبا)

نوٹ۔ دوائیں حل کرتے وقت پہلے اتار لیں اور لتا کو ہیں تر کر کے رحم میں رکھیں

دوا مجرب برائے عرقیت بول زنان۔ سنگجراحت ۱۴ ماشہ گل اختی ۲ ماشہ کوٹ چھان کر ۲ ماشہ ہمراہ آب برنج ساٹھی ۳ ماشہ (جنگورات بھر پانی میں تر رکھیں اور صبح پانی نتھار کر اس سے دوا کھائیں اور قبل آخاب نوش کریں۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو آب کیلا پلا سکتے ہیں۔ نیز پکلدی نجبر بزیا شیر خرما شیاف ابیض یا کافور بھی کر سکتے ہیں۔ (رموز الاطبا)

قرزجہ دافع وجع رحم کہ از آب گندہ بود۔ یا برنگ کف دریا ہر ایک اتولہ بھروزہ خشک نمک لاہوری ہر ایک ۲ تولہ سب کو کوٹ چھان کر پارچہ ململ میں بقدر احتیاج تین پوٹلی باندھیں اور ایک رحم کے نیچے اور دو دوائیں بائیں رکھیں اور یہ عمل بتکرار تین چار دن تک کریں۔ اسکے استعمال سے تنقیہ رحم ہو جاتا ہے اور درد کی شکایت دور ہو جاتی ہے (قرابادین خریفی)

نفخہ رحم

حمول کہ باد رحم دور کند۔ بادیان۔ انیسوں۔ تخم کرفس۔ برگ سداب ستر ہر ایک اوزن شہد خالص ۴ دام سب کو باریک کوٹ چھان کر شہد کی مدت خستہ خربق کے برابر شافہ بنائیں اور استعمال کریں۔ (خلاصۃ التجارب)

متفرق امراض نسوان

ضماد کہ شیر خلیظ کی اصلاح کرتا ہے۔ بنفشہ خطمی۔ جو مقشر مناسب مقدار میں لیکر ہمراہ پانی کے پکائیں اور سینہ و پستان پر لیپ کریں (عجالہ نافع)

ضماد محلل برائے ورم پستان انتہائی درجہ میں مفید ہے۔

بابونہ ۱ ماشہ اکلیل الملک ۱ ماشہ برگ درخت تمر ہندی مرزنجوش۔ آرد جو ہر ایک ۱ ماشہ آرد باقلا ۱ ماشہ حلبہ۔ گل خطمی تخم مرد ہر دا حد ۱ ماشہ لیکر چار تولہ خیر گاؤ میں پختہ کریں اور قدرے روغن گل ملا کر پستانوں پر لیپ کریں (دموز اعظم)

سختی پستان۔ زیرہ سیاہ کو سرکہ مقطر میں باریک کھرل کریں اور سبز کپڑے پر طلا کریں اور اس کپڑے کو اوپر سفید باریک کپڑا لگا کر سینہ بند بنا کر پہنائیں دیگر پوست انار شیریں کو مسکہ گاؤ میں جوش دیکر چند روز متواتر مالش کرنے سے پستان صحت ہو جائینگے۔ (تحفہ)

نوٹ۔ پوست انار کو پانی میں جوش دیکر اُنکو مسکہ گاؤ یا گھی میں جلالیں جب پانی خشک ہو جائے تو روغن سے مالش کا کام لیا جائے۔ دونوں نسخہ جات اچھے ہیں

نسخہ برائے افزائش شیر زنان بسیار مفید و مجرب۔

نشاستہ ۲ تولہ شیر گاؤ تازہ نیم سیر میں حل کریں اور شیرہ برنج مغز بادام مقشر مغز پستہ مغز خشکدانہ۔ مغز چلغوزہ ہر ایک تولہ تولہ اور شیرہ بادیان دانہ ہیل ہر ایک ۱ ماشہ شیرہ تخم شبت ۱ ماشہ شیرہ تودری گلگون ایک تولہ ترنجبین یا مصری بقدر ضرورت شیرہ مغز تخم خربوزہ مغز خیارین ہر ایک ۲ تولہ گلاب ۲ تولہ سب کو ملا کر نرم آگ پر پکائیں اور سرد ہونے کے بعد ایک وقت بجائے غذا اسی حریرہ پر کفائت کریں (ریاض حکیم تقرب خان)

سفوف کہ حبس شیر میں مجرب ہے۔ انجبل۔ سداب خشک ہر ایک ۵ درم تخم بادرنج۔ جائفل ہر ایک ۲ درم سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف

بنائیں اور ضرورت پر بقدر ۳ درم ہر روز کھائیں۔ (قرابادین ذکائی)

طلا جو قطع شیر میں مجرب ہے۔ مردار سنگ زیرہ سیاہ حلبہ۔ برابر وزن لیکر شراب کی تہ نشین درد کے ہمراہ کہرل کرکے ضماد بنائیں اور پستان سے اچھی طرح دودھ خارج کرکے پستانوں پر لیپ کریں۔ (خلاصہ)

حب برائے سیت و پرسوت در سہ روز دفع کند۔ نہایت مختصر۔

زہر بچھناگ ایک درم نیمکوفتہ کرکے روغن زرد ۸ درم میں جلائیں اور ایک قرنفل کلاہ دار اور چار عدد فلفل سیاہ بھی اسی روغن میں جلائیں۔ اور بقدر دانہ موٹھ گولیاں بنائیں اور ہر روز ایک گولی کھائیں۔ اور روغن برائے قوت باہ اور وجع مفاصل استعمال کریں۔ (رموز اعظم)

حب برائے پرسوت زود اثر مقوی باہ

ہڑتال ۵ رتیہ۔ شنگرف مدبر بچھناگ مدبر بشیرہ گاؤ سم الفار ہر ایک تولہ تولہ پہلے ایک دن خشک کہرل کریں اور بعد ۱ تا آن آب ادرک مقطر شدہ کے ہمراہ ہفتہ بھر کہرل کریں اور بقدر دانہ باجرہ گولیاں بنائیں غذا مرغن۔ ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ (مجربات ہندی)

امراض الاطفال

جنم گھٹی کہ طفل را بعد ولادت میدہند۔

برگ نیب ہائے بڑنگ۔ باؤ کھنبہ۔ نرکچور۔ ہلیلہ کلان۔ ہلیلہ خورد دندن دانہ چکا دانہ گلسرخ مویز منقی بادیان۔ شاہترہ۔ مغز فلوس۔ بادام۔ بتاسہ۔ سب برابر وزن لیکر کوٹیں اور پانی میں جوش دیکر چھان لیں۔ اور پکاکر بطور گھٹی استعمال کریں۔ سوکھا یا مسان۔ روغن گل ۲ تولہ سفیدی بیضہ مرغ تازہ ایک عدد۔ دونوں کو اچھی طرح سے مخلوط کرکے دہنی ہوئی روئی پھاہا روپیہ سے کسی قدر بڑا بناکر روغن تیار شدہ میں بھگو کر تالو پر جہاں گڑھا ہوتا ہے (یافوخ) رکھیں جب خشک

ہو جائے تو دوسرا رکھیں جب تک صحت نہ ہو تکرار عمل کرتے رہیں۔ (تحفہ)

نوٹ۔ چند روز میں فائدہ ہوگا بذریعہ تالو دوا دماغ میں جذب ہو کر فائدہ کریگی ہمارا مجرب ہے ایک طبیب اسکی بہت ہی تعریف کرتا تھا۔

دق الاطفال۔ بیخ بسکھپرہ لیکر اسکو تھوڑا سا گھسکر ایک سیاہ مرچ اسمیں پیسکر بچہ کو چٹا دیجئے چار پانچ یوم اسکو پلاویں صحت یاب ہوگا (صدری مجربات)

نوٹ۔ بیخ کو پانی میں گھسنا چاہئے اور گاڑھا لعاب اسقدر حاصل کریں جو چائے کا چھوٹا چمچہ نصف کے قریب ہو ایک سال کے بچہ کو پورا چائے کا چمچہ دیں۔ نسخہ اچھا ہے لیکن ماں یا بازار کا دودھ جو بھی بچہ کی خوراک ہو اس کی ضروری اصلاح بھی کرتے رہیں۔

سفوف ملین اطفال دافع قبض شکم و ریاح و برودت معدہ۔ شیر خوار اطفال کے لئے نافع ہے۔ ہلیلہ سیاہ چار ماشہ کچور بادیاں مقشر کوفتہ شکار بریاں ہر ایک ۱ ماشہ ملا کر رکھیں اور ۴ رتی شیر مادر یا پانی میں گھول کر پلائیں اجابت بافراغت ہوگی۔

ڈبہ اطفال۔ درد پسلی و حجاب میں سوزش و امراض صدر اطفال میں مجرب ہے ریوند عصارہ ۴ گرین کیلومل چار گرین اپیکاک کوانا چار گرین کاربونیٹ سوڈیم ۱۲ گرین ان کو خوب ملا کر ۱۲ عدد پڑیہ بنائیں ایک ایک پڑیہ دو دو یا تین تین گھنٹہ بعد دیں قے و دست ہو کر فائدہ ہو جاتا ہے۔ (صدری مجربات)

نوٹ۔ ڈبہ اطفال کے لئے یہ نسخہ حب الملوک و نیلہ تھوتھہ وغیرہ کی آمیزش والے نسخہ جات سے بے ضرر ہے اس لئے بہتر ہے۔

حب جہتہ ڈبہ اطفال بلیغ النفع۔ نیلہ تھوتھہ ۱ ماشہ مغز ریٹھہ ۳ ماشہ مغز جمالگوٹہ مدبر ایک عدد سب کو شیرہ ادرک میں کھرل کر کے بقدر ماش گولیاں بنائیں اور ایک گولی شیر مادر میں حل کر کے ایک دن کے وقفہ پر کھلائیں بذریعہ قے و اسہال مادہ مرض خارج ہو کر صحت ہو جائیگی۔ (تکملہ ہندی)

حب جہتہ ڈبہ اطفال۔ مرچ سیاہ ۱۱ عدد مغز جمالگوٹہ مدبر ۳ دانہ نیل بڑی ماشہ کھوپرہ ۲ ماشہ سب کو اچھی طرح کوٹ کر لعاب بہدانہ کی مدد سے بقدر دانہ

موٹی گولیاں بنائیں دو سال کے بچے کو ۲ گولیاں ایک سال کی عمر کو ایک گولی اور جس کی عمر چھ ماہ کی ہو اُس کو نصف گولی ماں کے دُودھ میں حل کر کے پلائیں (بیاض بخشی صاحب)

سفوف جہت ڈبہ اطفال۔ ریاح و نفخ شکم و قبض و اکثر امراض صبیان را دُور کنند۔ سونف ۱۲ ماشہ پودینہ خشک بیخ خراسانی ہر ایک ۴ ماشہ سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور ضرورت پر بچے کی عمر اور طاقت کے مطابق دیں۔ (رموز اعظم)

قاتل دیدان و مخرج دیدان۔ کمیلہ برگ آڑو بوٹی ہزار دانی ہر ایک ۱ تولہ قند سیاہ کہنہ بقدر ضرورت حب بمقدار نخود بنا کر ۲ سے ۳ گولیاں صبح شام آب برگ آڑو سبز سے استعمال کریں چند بار کے استعمال سے وہ اثر دکھاتا ہے جو دائرہ اظہار سے باہر ہے۔ (تذکرۃ الاطبا)

اُم الصبیان۔ سیہہ جانور جس کے لمبے کانٹے ہوتے ہیں ان کانٹوں کو کوزہ گلی میں بند کر کے آگ دیں اس کی خاکستر کی نسوار لیں مرگی میں بھی مفید ہے (بیاض خاص)

نوٹ۔ ایک پاؤ کانٹے کو خاکستر کرنے کے لئے تین چار سیر اُپلوں کی آگ کافی ہے۔ (مؤلف)

صرع اطفال۔ برومائیڈ آف پوٹاسیم ۲ گرین کھلائیں عجیب چیز ہے (بیاض خاص)

عطاش۔ اول شیر خشت ۴ تولہ آٹھ تولہ مکو کے عرق میں حل کر کے مطابق عمر بچہ کے دیں پھر پوست کدو خرفہ آب کشنیز سبز زردی بیضہ آب گلو سبز کا سر پر ضماد کریں اس کے بعد اگر اسہال باقی ہوں تو طباشیر ماشہ کہربا ماشہ زمرد ۲ چاول۔ مروارید ۲ چاول زرورد ۴ رتی جو کے ستو ۲ ماشہ کھلائیں اور ہاتھ پاؤں پر مہندی لگائیں۔ (بیاض خاص)

ورم دماغ و عطاش۔ کثرت تشنگی و بے چینی کثرت اسہال چندیا میں گڑھا کبھی بچہ سر بھی مارتا ہے سخت بے چینی اور جان پر بن جاتی ہے:۔ اول

کیسٹر آئیل ارنڈی کے تیل کا جلاب دینا لازمی ہے خواہ کسقدر زیادہ اسہال آتے ہوں میں نے پچاس ساٹھ اسہال روزانہ آنے والوں بچوں کو بھی اوّل مسہل دیا ہے مسہل سے قبل زرد یا سبز نہایت پتلے اسہال آتے ہیں لیکن مسہل کے بعد ایک دو اسہال گاڑھے آکر طبیعت درست ہو جاتی ہے پھر یہ نسخہ استعمال کرائیں دو تین دن میں بچہ بالکل اچھا ہو جاتا ہے:- گل انار کو آب مکو سبز میں پیس کر روغن گل میں ملا کر سر پر لگائیں اور لعاب بہدانہ ۶ ماشہ گل نیلوفر تخم خرفہ ہر ایک تین تین ماشہ پانی میں پیسکر شیرہ نکالیں اور لعاب بہدانہ کا علیحدہ نکالا ہوا شیرہ ملالیں اس میں تھوڑا شربت صندل اور کچھ پانی ملا کر رکھیں اور پیاس پر بچے کو پلاتے رہیں ۔

آتشک اطفال۔ کیلومل ایک گرین لکرس پوڈر ۲ گرین ان کو ملا کر چار پڑیہ بنائیں ایک پڑیہ صبح ایک شام شیر مادر میں گھول کر پلائیں۔ مفید و مجرب ہے۔ (اکسیر الامراض)

روغن سرخ بادہ۔ سرخ بادہ اطفال و جوانوں میں معمول و مجرب ہے۔ چاکسو صندل سرخ کمیلہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ فوفل سنگ جراحت کتھہ سفید لوہ چون برگ حنا پھٹکڑی ہلیلہ سیاہ۔ وج خراسانی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ برگ نیم۔ دہمایہ ہر ایک ۱۴ ماشہ برگ بکائن ۲۸ ماشہ فلفل سیاہ سات ماشہ نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ روغن سرسوں سوا پاؤ۔ اول پتوں کو باریک پیس اور نصف لوہ چون پتوں کے ہمراہ پیس کر دو قرص ٹکیاں بنائیں بعدہ تیل آگ پر رکھیں اور اس میں ٹکیاں جلائیں بعد باقی ادویہ کوٹ چھان کر روغن مذکور میں ملا کر لوہے کی کڑاہی میں نیم کے دستے سے ایک گھنٹہ خوب حل کر کے محفوظ رکھیں اور وقت ضرورت تھوڑا سا سرخ بادہ پر لگائیں۔ (مخزن حکمت)

حب سج اطفال۔ گلسرخ نشاستہ گلنار ہر ایک واحد ۴ ماشہ صمغ عربی زیرہ سیاہ دونوں قدرے بریاں گل ارمنی ہر ایک ۳ ماشہ زرورد ۶ ماشہ باریک

کوشکر بقدر تخود گولیاں بنائیں اور لعاب بہدانہ اور ریشہ خطمی کے ہمراہ ایک گولی دیں۔ (علاج الامراض)

امراض مفاصل و اعصاب و امراض بارہ و عسیر العلاج

وجع المفاصل وجع الورک وجع الرکبہ عرق النساء و نقرس وغیرہ

حب سورنجان کہ مسہل محلط است از مفاصل۔ سورنجان انیسون پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی بوزیدان ہر ایک ۴ مثقال صبر سقوطری تربد سفید مقشر ہر ایک ۶ مثقال سقمونیا مشوی مثل ارزق ہر ایک ۲ مثقال بقل ارزق کو آب گندنا میں حل کر کے صاف کریں اور باقی ادویہ باریک کوٹ کر ملائیں اور گولیاں تیار کریں ضرورت پر ایک درم یا قدرے زیادہ کھائیں۔ (منقول از مباحث صالح محمد خاں)

حب وجع مفاصل را کہ از خلط غلیظ سودا وی باشد سود دارد۔ ایارج فیقرا نیم درم غاریقون بسفائج ہر ایک نیم مثقال تربد موصوف ثلث مثقال سورنجان بوزیدان نمک ہندی سکبینج ہر ایک ربع درم سب کو باریک کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں اور مناسب مقدار میں ہر روز کھائیں (قرابادین ذکائی)

سفوف چوب چینی جہت مفاصل و نقرس و آتشک و دیگر امراض سودا وی برادہ چوب چینی اصیل ۴ درم عشبہ مغربی ۲ درم سورنجان انیسون ہر ایک ایک درم بسفائج ۶ ماشہ سنا مکی ۳ درم گلسرخ صندل سفید ہر ایک ایک درم سب کو باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور بقدر ۶ ماشہ پانی کے ہمراہ ہر روز کھائیں۔

سفوف جہت مفاصل حار۔ مغز تخم خیارین مغز تخم خربوزہ مغز تخم ہندیانہ تخم خشخاش تخم کاسنی تخم خرفہ ہر ایک ۲ تولہ سورنجان بوزیدان ہر ایک ۱ تولہ۔ پہلے سفوف سورنجان اور بوزیدان کھائیں اور ساتھ ہی شیرۂ مغزیات نوش

کریں۔ (رموز اعظم)

مطبوخ برائے اوجاع مفاصل و نقرس سوداوی و بلغمی سودمند است

پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۵ درم مویز منقی ۱۰ درم۔ شاہترہ سات درم بعفائج غاریقون آملہ مقشر پوست بلیلہ اسطوخودوس ہر ایک ۲ درم بیخ کبر برگ حنا ہر ایک ایک درم قنطوریون ۳ درم سب کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب پانی آدھ سیر رہ جائے ۳ درم افتیمون ملائیں اور قدرے توقف کریں بعد ازاں چھان کر تربد سفید ۱ مثقال ایارج فیقرا ۱ درم نمک سیاہ نیم درم کا اضافہ کر کے پلائیں (خلاصۃ التجارب)

معجون اوجاع مفاصل و نقرس و عرق النساء بلغمی و صفراوی را نافع است

سورنجان سفید ۶ درم بوزیدان ماہیزہرج بیخ کبر زیرہ سفید شیطرج ہر ایک ۲ درم پوست ہلیلہ زرد ۷ درم تخم کرفس بادیان فلفل سفید صعتر نمک ہندی برگ حنا زبد البحر ہر ایک نیم درم گلسرخ کنجد زنجبیل سقمونیا ہر ایک ۳ درم تربد سفید ۱۵ درم عسل ۱۵۰ درم روغن بادام دو استار سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کوٹ لیں اور سفوف ہلیلہ جات کو روغن بادام سے چرب کریں اور شہد کے ہمراہ بطریق معروف معجون بنائیں اور ضرورت تنقیہ پر بقدر ایک استار نیم گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ (تحفہ کامل)

دافع امراض باردہ

(۱) سم الفار سفید ہڑتال ورقی شنگرف مٹھا تیلیہ ہر ایک تولہ سونف ۱½ پاؤ فلفل دراز آدھ پاؤ فلفل سیاہ ایک پاؤ تینوں موخر کوٹ کر ڈیڑھ دو سیر پانی میں بھگوئیں تین روز کے بعد مل کر کپڑے میں سے چھان لیں سمیات کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں پھر تمام ادویہ ملا کر کھرل کریں پھر پانی مذکور میں کھرل کریں یہاں تک کہ خشک ہو جائے اس کو سفوف کی شکل میں رکھیں خواہ حبوب بقدر فلفل سیاہ بنالیں خوراک دو سے تین گولی۔ تمام امراض باردہ میں مفید ہے (حرز جان)

نوٹ۔ امراض باردہ مثل کھانسی بلغمی اور بلغمی جسمانی کمزوری اور عام زیادتی بادو بلغم میں مفید ہے۔ (مولف)

(۲) دو تولہ ہڑتال ورقی پیس کر گھیکوار کے پتہ میں نیچے اوپر ڈبل پیسہ کے بیچ دوسرا پتہ اوپر دیکر گل حکمت کر کے چھ سیر اُپلہ کی آنچ دیں آسانی سے کشتہ ہوگا برائے خوراک عجیب الاثر ہے۔ (جامع)

نوٹ۔ اس کشتہ کو گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں اور بھوبل کی آنچ دیں تھوڑی مدت سے شرخ رنگ کا کشتہ ہوگا اور دہی پر ڈالنے سے زنگار دیگا امراض باردہ کے رفع کرنے میں تجربات سے ہے خوراک ۱ چاول (مولف)

(۳) ایک ڈبل پیسہ لیکر ایک ماشہ بینگن میں دیکر گل حکمت کر کے دس سیر اُپلہ کی آنچ دیں بعد سرد ہونے کے نکال کر بیخ سبزہ دار میں اسی قدر آنچ دیں پھر شیر مدار میں حق کر کے قرص بنا کر ایک کوزہ گلی میں بند کر کے دو سیر جنگلی اُپلہ کی آنچ دیں اسی طرح شیر مدار میں حق کر کے تین آنچ دیں نہایت عمدہ سفید کشتہ ہوگا خوراک ایک چاول مکھن یا بالائی میں گٹھیا والے کو ایک چاول پان میں اور گھی روٹی دیں جوڑوں پر روغن بیضہ کی مالش کریں اوپر برگ انڈ باندھنا چاہئے دو تین ہفتہ میں آرام ہوتا ہے (جامع)

نوٹ۔ نسخہ ہمارا بھی مجرب ہے۔ (مولف)

(۴) کشتہ ہڑتال طبقی۔ ہڑتال طبقی ایکتولہ پاؤ بھر عرق گھیکوار میں حق کر کے قرص بنا کر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں کشتہ ہوگی۔ مریض گٹھیا کو ایک رتی پان میں کھلا کر گرم جگہ بٹھائیں۔ غذا بھی گرم ہو تین چار روز میں فائدہ ہوگا۔ قپ دق میں اکیس یوم۔

(۵) کشتہ الماس۔ الماس ماشہ کے ریزوں کو ۱۰۱ بار پان کی جڑ کے پانی میں بجھاؤ دیں پھر کوٹ کر عمدہ کھرل میں اُس کے پانی سے کھرل کریں اور پان کی جڑ کے نقدہ میں رکھ کر ایک سکورہ میں بحفاظت بند کر کے گوپٹ کی آنچ دیویں

اس طرح سے تین صبا نخ آگ میں کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی۔ ہر ایک قسم کی امراض میں مناسب پان کے ہمراہ دینے سے فایدہ ہوتا ہے۔ امراض یابوسہ زمنی میں بھی بجوات سے ہے۔

نوٹ۔ کشتہ الماس اس ترکیب سے بھی چلتا ہے۔ گوفٹ سے مراد ایک گوبھی اور ایک لٹھ چوڑا گرھا ہے آنچ جنگلی اپلوں کی ہو تھوہر کے ڈنڈوں میں بھی اس ترکیب سے کشتہ کر سکتے ہیں آک کے دودھ میں بھی اسی طرح سے عمل کریں نمک الاکر دونوں ترکیبوں میں دس گیارہ آنچ تک بھی نوبت پہنچتی ہے۔ اگر گدھے کی ناڑھ میں سوراخ کر کے آخری آنچ اس میں رکھ کر دیں تو عمدہ شنگرف ہو جاتا ہے۔

(۶) اعدن منجھری گولیاں۔ پارہ مصفے ۱ تولہ گندھک تولہ کشتہ تلخی تولہ تج ۲ تولہ بنگ کیسر ۲ تولہ جائفل ۲ تولہ لونگ ۲ تولہ جاوتری ۲ تولہ پتھج ۲ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ سونٹھ ۲ تولہ اول پارہ و گندھک کی کجلی کریں پھر دیگر ادویہ ملا کر کھرل کریں اور شہد میں جوب بقدر تخم تیار کریں شیر گاؤ مصری اور گھی کے ہمراہ ایک گولی روزانہ کھائیں دافع امراض باردہ میں مفید ہیں جوانی و شباب کو قائم رکھتی ہے۔ (باقیات)

(۷) کچلہ ۸ بر ایکتولہ پوست ہلیلہ کابلی نشاستہ گندم ہر ایک ۹ ماشہ زنجبیل ۶ ماشہ صمغ عربی ۲ ماشہ کوٹ چھان کر پانی سے گوندھ کر دانہ ماش کے برابر گولیاں بنائیں۔ خوراک ایک گولی امراض بلغمی و سوداوی میں مجرب ہے۔ قاطع نزلہ درد مفاصل ضیق النفس وغیرہ۔

(۸) پارہ مصفے ایک تولہ گندھک مصفے ایک تولہ دونوں کی کجلی کریں پھر منکھیا ایک تولہ ہڑتال ورقی ایک تولہ ملا کر آتشی شیشی میں ڈال کر بالوجنتر کی چار پہر آنچ دیں سیاہ رنگ کی دوا ہوگی تو اس کو پیس کر رکھ لیں ۲ چاول سے ایک رتی تک خوراک ہے مشقی مکھن یا بالائی میں دیں امراض بلغمی و باری کو دور کرتی ہے۔ (دیش اپکارک)

دوا دافع تمدد۔ کزاز و دیگر امراض بلغمیہ۔ سم الفار سفید حب ضرورت

شیر زقوم میں تین مرتبہ تر و خشک کریں بعدہٗ جوہر اُڑا لیں خوراک نصف چاول ہمراہ روغن گاؤ پونے دو تولہ۔ (صدری مجربات)

جوہر اُڑانے کی ترکیب۔ سم الفار کو ایک پیالہ میں موٹے موٹے ریزے کر کے ڈالیں اُوپر دوسرا پیالہ اُلٹا رکھ کر دونوں کے لب ملا کر مضبوط کپروٹی و گل حکمت کریں کہ بھاپ نہ نکلنے پائے نیچے دھیمی دھیمی آنچ جلائیں جوہر اُوپر کے پیالہ میں لگینگے اُوپر کپڑا پانی میں بھگو کر رکھتے ہیں۔

روغن دافع وجع المفاصل۔ روغن کنجد ایک سیر۔ روغن ارنڈی (کیسٹرائیل) نصف سیر دونوں کو ملا کر کڑاہی آہنی میں گرم کریں جب اچھی طرح گرم ہو جائے تو پاؤ بھر بھلاوہ کچل کر ڈالدیں اور بھاپ و دھویں سے بچیں جب بھلانوے جل جائیں تو جنگلی کبوتر کی بیٹ کچلا ہر ایک ۵ تولہ دونوں ڈالکر جلاویں جلنے کے بعد اُتار لیں اور سرد ہونے پر چھان لیں اس میں ایک پاؤ مٹی کا تیل ملا کر بوتل میں بند کر دیں ضرورت پر تھوڑا سا تیل نیم گرم ملیں (صدری مجربات)

نوٹ۔ یہ نسخہ گنٹھیا میں بھی مفید ہے۔ اگر اُوپر برگ برگد بندھوا دیا کریں تو بہتر ہوگا۔ (مولف)

نسخہ خوردنی برائے وجع المفاصل یہ نسخہ امراض باردہ و نقرس میں بھی مفید ہے نیز قبض کشا بھی ہے۔ مصبر ۱ تولہ سورنجان شیریں سنا مکی انگوزہ بادیان انیسون اجواین دیسی ہر ایک ۱۶ ماشہ سبکو کوٹ چھانکر لعاب گھیکوار میں حب بقدر نخود تیار کر کے ۲ گولیاں علی الصبح اور ۲ گولیاں سوتے وقت ہمراہ جوشاندہ مندرجہ ذیل استعمال کریں ۲ گولیاں دوپہر و ۲ سہ پہر کو ہمراہ عرق بادیاں ۵ تولہ و عرق گلاب ۵ تولہ شربت دینار ۳ تولہ دیا کریں۔

نسخہ جوشاندہ۔ چوب چینی ریوند چینی سورنجان شیریں گل بنفشہ گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ مویز منقی۔ اعدد بادیان کاکنج اصل السوس بیخ کبر ہر ایک ۲ ماشہ مصری ۲ تولہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر شہد یا مصری ملا کر حبوب مذکورہ

بالا کھا کر نوش کریں ۔

نوٹ۔ یہ نسخہ نقرس و مفاصل کے دردوں میں بھی مفید ہے۔ (مولف)

(۱۲) کشتہ تانبہ۔ دافع وجع المفاصل فالج لقوہ ضیق النفس کہنہ سلسل البول، ذیابیطس بلغمی وغیرہ میں مفید ہے مقوی باہ شباب آور ہے خوراک ۲ چاول مسکہ میں ترشی بادی و جماع سے پرہیز۔ پیسہ ڈبل لیکر اس کو ۲۵ بجھاؤ دیں شیر ڈنڈا تھوہر میں پھر برگ تلسی کے نگدہ ۵ تولہ میں ملفوف کر کے ایک بالشت ڈنڈا تھوہر سبز میں رکھ کر گل حکمت کریں اور ایک من پختہ اپلوں کی آنچ دیں کشتہ ہوگا ۔

نوٹ۔ اگر ایک آنچ میں کسر رہے تو پھر دوبارہ اسی طریق سے آنچ دیں دوبارہ بجھاؤ نہیں دئے جاتے دوسری بار آنچ ۲۰ سیر کی کافی ہوگی گل حکمت خوب ہونا چاہئے۔ اگر دہی میں زنگار نہ دے تب کھلائیں اور غذا میں گھی دودھ زیادہ ہو ۔

(۱۳) حب سنکھیا دافع وجع المفاصل رعشہ فالج ولقوہ وغیرہ۔ سنکھیا سفید ایک تولہ سفوف زنجبیل ڈیڑھ تولہ ایلوہ ۲ تولہ اول ایلوہ کو آدھ سیر پانی میں تر کریں اور آب زلال لیکر ہر دو اجزاے بالا کو اس میں کھرل کر کے خشک کریں پھر گولیاں بمقدار دانہ ماش و مونگ بنالیں اور چار روز متواتر صبح و شام ایک ایک گولی آب گرم کے ہمراہ کھاویں اور ان ایام میں غذا روٹی یا چاول ہمراہ شیر گاؤ اور بجاے آب دودھ ہی پیئیں اور نمک و پانی کو ترک کر دیں پانچویں روز گرم پانی سے نہاویں اور چاول کا خشکہ پکا کر شوربہ گوشت کبوتر سے کھاویں اور پرہیز ترک کر دیں۔ عجیب الاثر دوا ہے۔ (اکسیر الامراض)

(۱۴) روغن چوب چینی مرکب دافع وجع المفاصل ہر قسم۔ چوب چینی ۲۰ تولہ سورنجان تلخ سداب پانچ پانچ تولہ چرائتہ چھڑیلہ جٹا مانسی تیج پات زراوند طویل عقرقرحا ہر ایک تین تولہ کوٹ تلخ دس تولہ سب کو جوکوب کر کے دو شبانہ روز پانچ سیر دریا کے پانی میں تر رکھیں پھر روغن سرسوں روغن گل روغن بابونہ چالیس چالیس تولہ روغن بیلا روغن چنبیلی روغن شبت تیس تیس تولہ ملا کر پکاویں جب پانی جل

جائے تو روغن صاف کرلیں اس روغن کا کھلانا اور مالش کرنا مفید ہے (طب جدید)
نوٹ۔ وجع المفاصل آنکھ کی دسوزاکی میں بھی نافع ہے۔ خوراک ایک ماشہ ہونی چاہیئے۔ (مولف)

(۱۵) حب اذاراقی دافع گٹھیا و جوڑوں کا تھرانا۔ ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ زرد آملہ خشک ہر ایک ۳ تولہ کشنیز خشک ایکتولہ برگ سرپھوکہ ۱۔ تولہ افتیمون فلاتی ۶ تولہ برگ شاہترہ چھ تولہ کچلہ مدبر ۱۔ تولہ سب کو کوٹ چھان کر اس پانی میں جس میں ۲ تولہ گوند کیا گیا ہو ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی سے شروع کر کے بتدریج ایک ماشہ تک پہنچائیں اور بطور غذا چنے کی روٹی کھلائیں (مخزن حکمت)

نقرس کہنہ کا مجرب علاج۔ سورنجان شیریں ۲ تولہ گل سرخ سناء مکی ہر ایک ۱۔ تولہ پوست ہلیلہ زرد تر بد موصوف مغز بادام شیریں ہر ایک ایک تولہ مصطگی رب السوس ہر ایک ۷ ماشہ زعفران پانچ رتی قند سفید تین تولہ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ پانی کے دیں اور اس روغن کی مالش کریں:۔ روغن افیون۔ افیون ۱۲ تولہ کچلہ ۱۰ عدد روغن کنجد پاؤ سیر شیر گاؤ پاؤ سیر اول افیون کو دودھ میں حل کریں پھر اس میں روغن کنجد داخل کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب دودھ جل جائے اور تیل باقی رہے تو صاف کر کے استعمال کریں۔ (مخزن حکمت)

اکسیر امراض باردہ دافع وجع المفاصل و منفوی باہ۔ جست قسم اعلےٰ ۱ تولہ کو موٹے توے پر رکھ کر اوپر دوسری ہانڈی اوندھا رکھیں اور نیچے توے کے آگ جلائیں جب ایک پہر یعنی چوتھائی دن گزر چکے تو ۶ ماشہ شنگرف ڈال دیں اور آگ روشن رکھیں جب پہر دن اور ہو چکے ہڑتال زرد ورقیہ ۶ ماشہ ڈال دیں اور آگ روشن رکھیں جب چوتھائی دن اور گزر چکے تو سم الفار سفید بقدر ۱۔ ماشہ ڈالیں اور ایک پہر آگ روشن رکھیں چوتھے پہر گندھک کو باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا کر کے اس پر چھڑکیں یہاں تک کہ ۲ تولہ گندھک مصرف ہو جائے تو

لوہے کی سلاخ سے حرکت دیتے رہیں پھر اتار کر سرد کر لیں خوراک ۱ رتی مکھن میں ۔

نسخہ برائے فالج مقوی و وجع المفاصل۔ عقرقرحا ۱ تولہ مال کنگنی ۲ تولہ پیپلا مول
دھوان لونگ جائفل سونٹھ گوگل اسگندھ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ مغز بید انجیر
۲ تولہ کچلہ مدبر ۲ تولہ شنگرف مصفی ۲ تولہ مٹھا تیلیہ ۹ ماشہ سنکھیا ۶ ماشہ دھتورہ سیاہ ۶
ماشہ افیون ایک تولہ بیر بہوٹی ۱ تولہ گھونگچی ۱ تولہ ہڑتال ۱ تولہ گندھک کلے سار مصفی ۱ تولہ
تمام ادویہ کو باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ ۹ عدد (جو نہ پسند کریں عرق تنبول میں
کھرل کریں اور موافق جنگلی بیر کے گولیاں بنائیں اور دھوپ میں خشک کر کے اور
آتشی شیشی میں ڈال کر روغن کشید کریں اس تیل کی مالش کریں اور ایک رتی سونف
یا اجوائن میں ڈال کر گرم پانی سے کھا لیا کریں مجربات سے ہے۔ (گنج مجربات)

برائے دفعیہ سردی لقوہ فالج عرق النسا و جمیع امراض باردہ۔ پارہ ایک تولہ
سم الفار ۱ تولہ دونوں کو عرق لیموں میں کھرل کریں جب یکجان ہو جائیں تو ایک
پیسہ کے اوپر لیپ کر کے کپڑا سفید اس قدر لپیٹیں کہ مانند نارنگی کے ہو جاوے
پھر اس پر اپلوں کی آگ دیں تانبہ کشتہ ہو جاوے خوراک ایک سرخ مکھن
میں مجربات سے ہے ۔

روغن موم ہر قسم کے درد کے لئے مفید ہے۔ موم خالص آدھ سیر نمک سانبھر
۱ سیر کوڑیہ لوبان آدھ پاؤ نوشادر ۴ تولہ شورہ قلمی ۶ ماشہ شنگرف ایک تولہ قرنفل
تین ماشہ جوز بوا دارچینی افیون خالص سنکھیا سفید ۹-۹ ماشہ سوائے موم و نمک
سب دواؤں کو باریک پیس کر موم و نمک کے ساتھ مخلوط کریں اور ایک روغن دار
ظرف گلی میں جیسے چینی کے روغن دار برتن ہوتے ہیں رکھ کر اور اس کا منہ بند
کر کے اس میں ایک نیچہ وصل کر کے گلاب کی طرح عرق کھینچیں اور جہاں
درد ہو مل کر ارنڈ کا پتہ نیم گرم باندھیں۔ (رموز الاطبا)

نوٹ۔ وجع المفاصل۔ ادھرنگ فالج سن بھری وغیرہ میں مفید ہے (مولف)

حب عنبر برائے مرگی سکتہ فالج لقوہ اختناق رحم تشنج ہے مفید اور مجرب

ہے جدبیدستر ۲ درم مشک اماشہ عنبر اشہب ۲ رتی جدوا خطائی ۲ دانگ زعفران ۲ ماشہ شہد خالص بقدر ضرورت دواؤں کو باریک کرکے شہد خالص میں ملا گولیاں ۵۰ عدد بنالیں اور بوقت ضرورت صبح وشام دو گولیاں استعمال کریں ترشی باقی سے پرہیز رکھیں۔ (رموز الاطبا)

امراض جلد و خرابی خون

(۱) کہر دا یعنی وہ مرض جو کہ موسم برسات میں پاؤں کی انگلیوں کی گھائی کے درمیان سفید سفید ہو کر پک جاتی ہیں اور سخت تکلیف دیتے ہیں۔ ہلدی کی گانٹھ کو خوب باریک پتھر پر رگڑ کر نیم گرم کرکے ان مقاموں پر لیپ کردیں دو تین یوم میں شفا ہوگی۔ (صدری تجربات)

(۲) دوا دافع ناسور سم الفار سفید چوک چوب چینی کچلہ مرچ سیاہ پیپل برابر وزن ان سب کو ادرک کے رس میں کھرل کریں کھرل ۴۰ یوم ہونا چاہئے کم از کم گیارہ روز کھرل کرایا جائے۔ گولیاں دانہ موٹھ کے برابر بنائیں اور غذا کے بعد ایک گولی پانی سے کھلائی جائے مجرب ہے (دہلی آپکار ک)

(۳) بارہ ۱۲ تولہ تلی کا تیل ۵ تولہ دونوں کو خوب حل کریں اور دوا بذریعہ بتی یا پچکاری ناسور میں پہنچائیں چند یوم میں آرام ہو جاتا ہے۔ (رپورٹ)

(۴) **ورم غدود و سرطان** کو تحلیل کرنے کے لئے۔ جدوار بیخ سوسن آسمانی گل بابونہ تینوں کو آب کاسنی میں حل کرکے لیپ کریں تین چار دن میں ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔ (رپورٹ)

(۵) مرہم داد۔ گندھک آملہ سار پارہ ہر ایک ایک تولہ سہاگہ بریاں کیلہ مردار سنگ کافور ہر ایک ۱۰ ماشہ توتیا بریاں ایک ماشہ روغن زرد گاؤ ۲ تولہ پہلے پارہ و گندھک کو حل کریں بعد اس کے مردار سنگ و کیلہ و توتیا بریاں و سہاگہ بریاں کو ملا کر حل کریں بعد اس کے روغن زرد ملا کر حل کریں جب مثل مرہم کے ہو جائے تو کافور

مرہم پر لگایا کریں۔ (صدری مجربات)

(۱) چھپاکی بھنی ہوئی۔ پودینہ ۶ ماشہ شکر سفید ایکتولہ پودینہ کو پانی میں گھوٹ کر شکر سفید ملا کر پلائیں فوراً آرام ہوتا ہے۔

(۲) ہاتھ پاؤں کی جلن۔ شنجرف برادہ فولاد طباشیر سپکپور مروارید سنگ ذرھک ملٹی ہر ایک ایکتولہ لیکر پوٹلی باندھ کر نیم کے پتوں کا رس پاؤ سیر ڈال کر رس جذب ہونے تک رکھ چھوڑیں پھر ایک بار عورت کے دودھ میں تر و خشک کریں پھر ادویات کو ہاون میں ڈال کر خوب کوٹیں اور شہد ملا کر حل کریں یہ دوا آب تیار ہے۔ امراض زہگی جلن دست وبا وغیرہ میں مجرب و آزمودہ ہے خوراک برابر فوج صبح و شام دیں۔ غذا میں مکھی وغیرہ کافی ہو۔ (اسرار صدری)

نوٹ۔ صرف تازہ پھول نیم کو ایکتولہ روزانہ بھگو کر صبح زلال لیکر پینا بھی ہاتھ پاؤں کی جلن کو دور کر دیتا ہے۔ یہ نسخہ بھی مفید ہے۔ (مولف)

(۳) مرہم سیاہ مطب کا چلتا ہوا نسخہ جو ہر قسم کے زخم پھوڑے پھنسی کے لئے مجرب ہے بہت جلد انگور بھر لاتا ہے اور اس کی پٹی کے اندر پانی نہیں گھستا:۔ سیندور ۵ تولہ روغن کنجد ۔ مار۔ اول روغن کو کڑاہی میں گرم کریں جب جوش آجائے تو سیندور ڈال کر جلدی جلدی دیر تک ہلائیں رنگت سیاہ ہوتے ہی جلدی سے نیچے اتار کر کڑاہی کو سرد پانی میں رکھ دیں جب سرد ہو جائے تو پاچہ پر مرہم لگا کر زخم پر جمادیں۔ مجرب ہے۔ (تذکرۃ الاطبا)

نوٹ۔ یہ نسخہ ہم نے ایک بنیا سے لیا تھا جس سے یہ مرہم لینے درجنوں آدمی روزانہ آتے تھے یہ مرہم ۹۰ فیصدی اقسام ورم و دبیلہ پر حاوی ہے واقعی اس کی پٹی لگا کر بے دھڑک غسل بھی کر سکتے ہیں اکثر ایک پٹی اس وقت اترتی ہے جب پھوڑا بہت سا فائدہ ہو گیا ہو ہم نے اس کو چند سال ہوئے اخبارات میں شائع کرایا تھا۔ لیکن بناتے وقت یہ احتیاط رکھیں کہ جب سیندور ڈالا جائے تو لوہے کی کھرپی سے جلدی جلدی حرکت دیتے رہیں جب جوش آئے تو نیچے اتار لیں جب

خدا نرم پڑ جائے تو پھر کوئلوں پر رکھ دیں اس طرح سے یہ عمل بار بار کریں اکثر گھنٹہ آدھ گھنٹہ صرف ہو جاتا ہے پھر دوا کا رنگ کامل سیاہ ہوتا ہے۔

نسخہ دافع چنبل نہایت مجرب۔ ایک سیاہ سانپ مار کر اس کے منہ میں چھ ماشہ سم الفار کسی اوزار سے رکھ کر کسی دھاگہ سے منہ کو خوب مضبوطی سے باندھ کر ایک مٹی کی ہنڈیا میں بند کر کے بیس سیر اپلوں کی آگ دیں تمام راکھ ہو جائیگی اس راکھ میں سے قدرے سرسوں کے تیل میں ملا کر کسی لکڑی سے چنبل پر لگایا کریں چند روز میں آرام ہوگا خواہ چنبل پندرہ بیس سال کا کیوں نہ ہو (گنجینہ طبیب)

نسخہ دافع داغ سیاہ کسیس بینسل نیلا تھوتھا مجیٹھ ہلدی مساوی الوزن عرق لیموں کاغذی میں کھرل کر کے گولیاں بنا دیں خشک کریں اور بوقت ضرورت عرق اندرائن میں پیس کر طلا کریں چھائیں اور داغ سیاہ ہر قسم کے دفع ہوتے ہیں۔

دافع چھیپ جس کو بزف کہتے ہیں ٹنکچر آئیوڈین ٹنکچر کنتھرائیڈیز ایک ایک ڈرام ٹرپن آئل نصف ڈرام ریڈ اکسائیڈ آف مرکیوری بارہ گرین روغن کنجد ایک اونس لائم واٹر چھ اونس سب کو ملا کر لگا دیں اول جلد کو صابن سے صاف کر لیا کریں۔

حب کرامات جو ہر قسم کے بثورات جو کسی عضو یا تمام بدن پر ہوں اور آبلہ اور زخم آتشک کے دفع کرنے میں بمنزلہ اکسیر کے ہے۔ کیلہ چونہ نیلا تھوتھا ہلیلہ زرد کتھ سب مساوی پیس کر گولیاں بنا رکھیں وقت ضرورت روغن گاؤ میں گھس کر لگا دیں۔ (اکسیر الامراض)

مرہم سفیدہ جو جمرہ یعنی چھاجن وغیرہ میں مفید سفیدہ کاشغری مردا سنگ ہر ایک ڈیڑھ تولہ کتیرا ۳ ماشہ افیون ۱ ماشہ کافور ۲ ماشہ رسوت ۳ ماشہ موم سفید ۱ تولہ روغن گل ۶ تولہ اول موم کو روغن گل میں پگھلائیں پھر دوائیں کوٹ چھان کر ملائیں اور اخیر میں لعاب بہدانہ ۲ ماشہ انڈے کی سفیدی ایک عدد ملا کر پھنسیوں پر لگائیں۔ (مخزن حکمت)

دوا جو مسوں کو کاٹتی ہے سٹرانگ ایسٹک ایسڈ اور ٹنکچر سٹیل ہموزن ملا کر لگائیں

عواد چھنے ہی سے ہوں اس دوا سے بالکل درست ہو جاتے ہیں مجرب ہے۔ (حکیم محمد حسن)

سم الفار دافع چیچک، چیچل وغیرہ میں خون کا نظام بگڑ جاتا ہے اس لئے
اندرونی طور پر یہ دوا مفید ہے۔ سم الفار سیماب ہر ایک تین ماشہ کندر ۱۔ تولہ۔
ریوند چینی ۹ ماشہ صمغ عربی ۹ ماشہ سیماب کو آب لیموں میں کھرل کر کے اور باقی
سب ادویہ کو کوٹ چھان کر اس میں ڈاکر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں خشک
ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق شاہترہ اور مقامی طور پر ہم سفیدہ لگائیں۔
بالچھڑ ایکتولہ ناگر موتھا ۶ ماشہ ریوند خطائی ۶ ماشہ مغز طوس ۲ تولہ زرشک ۲ تولہ
۶ ماشہ سب کو باریک کر کے عرق مکو سبز داخل کر کے نیم گرم کا ضماد کریں امراض جلد
میں مفید ہے۔

جذام و برص

(۱) ستیاناسی کی جڑ مٹی سے صاف و پاک کر کے روغن گاؤ میں بریاں کریں ایک گرہ کی مقدار روزانہ نہار کھا کر اوپر سے آب نخود دیا میں قدرے مکھن نوش کریں پرانے سے پرانا جذام دور ہوگا۔

نوٹ۔ ستیاناسی ایک کنڈیاری کٹیلی کلاں زرد گل ایستادہ بوٹی ہے ماہ مارچ میں بکثرت ہوتی ہے اس کی جڑ زمین کے نیچے سے نکال کر پانی میں دھو کر تیار کریں۔ نسخہ عمدہ ہے۔ (مولف)

(۲) اکسیر برص۔ بابچی آذر سا تخم جنتر ایک ایک ماشہ ان ہر سہ ادویات کو رات بھر پانی میں بھگو رکھیں صبح اٹھ کر پانی نتار لیں اور تہ نشین علیحدہ کر دیں نتارا ہوا پانی مریض کو پلائیں اور تہ نشین داغوں پر لگائیں مجرب ہے۔ (جامع)

نوٹ۔ تخم جنتر اصلی ہوں۔

(۳) نیلا تھوتھ سم الفار سفید سوہاگہ زرنیخ ہر ایک ۶ ماشہ تخم خولی ایکتولہ بابچی ایکتولہ کاغذی لیموں کے عرق میں دو دن تک کھرل کریں اور گولیاں بنا کر ہر روز کئی دفعہ لیموں کے رس یا تیز سرکہ میں گھس کر سفید داغوں پر لگائیں بہت جلد صحت

ہوگی۔ (صدری مجربات)

(۱۴) اکسیر جذام۔ سم الفار صفید ۲ تولہ سیندھور آٹھ تولہ ایک کوا ہی میں نیچے اوپر سیندھور اور درمیان میں سم الفار رکھ کر کوئلوں کی آنچ پر رکھ دیں اور خیال رکھیں اگر کہیں سے دھواں نکلنے لگے فوراً سیندور سے بند کریں دوپہر یعنی آٹھ گھنٹہ میں سم الفار پگھل جائیگا پھر سرد کر کے نکال کر دودھ تھوہر میں کھرل کر کے قرص بنا کر دو پیالوں میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر پنچہ جنگلی اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں خوراک ایک چاول دودھ کے ساتھ کھلائیں دست آئینگے اور زخم کوڑھ و آتشک کے دور ہونگے۔ (مجید طبیب)

نوٹ۔ اس نسخہ کا ایک حصہ جو گشتہ سم الفار سیندھور والا ہے ہمارا مجرب ہے سم الفار بجائے ۲ تولہ کے ۱ تولہ ہونا چاہیے صرف اس گشتہ ہی سے ایک شخص کا جذام دور ہو گیا تھا اگر اس کو تھوہر کے دودھ میں کھرل کر کے آگ دیجئے تو ضرور اور زیادہ قوی و تیز ہو کر مسہل کا اثر بھی دکھلائیگا۔ دودھ نہ ملے تو تھوہر کا لیں (مولف)

(۱۵) دافع جذام۔ خشخاش دار چکنہ سنکھیا سفید برادہ مس ہر ایک ایک تولہ شراب برانڈی ڈیڑھ بوتل کے ہمراہ سب کو کھرل میں پیسکر پھر ایک کپڑا گزی کا لیکر دو تین بار شیرہ میں تر و خشک کریں اور دوا کو ایک نسدف میں بھر کر اوپر سے وہ کپڑا مذکور لپیٹ کر گل حکمت کر کے اپلوں میں جلا دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور بمقدار چاول ہر روز چالیس یوم تک کھلائیں۔ غذا میں روٹی اور سب کچھ ترک مگر ہر تیسرے روز مسہل ضرور دیدیا کریں ورنہ خطرہ ہے (اکسیر الامراض)

خنازیر

(۱) اکسیر دافع خنازیر۔ ایک عدد خارپشت لیکر اس کے شکم کی آلائش صاف کر کے اس میں ۲ تولہ سم الفار رکھ کر اس کے پیٹ کو مضبوط سی کر کے گوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں جب بخوبی خشک ہو جائے تو چار سیر پنچہ اپلوں کی آگ دیویں سرد ہونے پر نکالیں بقدر ۲ رتی مکھن میں دیں اوپر سے آدھ سیر دودھ بھری ملا کر دیں اور اوام پرہیز کرا

کھرل میں گھس کر طور مرہم کے لگائیں اور بجائے آب عرق گلابی پلائیں۔ غذا شوربا
پراٹھا نان ہر دو وقت (صدری مجربات)

نوٹ۔ نسخہ صحیح و مجرب ہے لیکن اس صورت میں بخار سیر اپٹسی آنچ کم ہوگی کیونکہ
خارپشت کا جل کر خاکستر ہونا لازمی ہے اور اس خاکستر دم الفار وغیرہ کو پیس کر اس کی
خوراک لازمی ہے اگر آنچ ۵ یا ۶ سیر کی دیں تو بہتر ہوگا ہم دوسری تدبیر سے جانتے
ہیں۔ لیکن نسخہ مجرب ہے۔

(۲) پہنے والی خفتان زیر۔ اعلےٰ درجہ کا کپڑا دانگا کو پارچہ بیزرک کے شراب دیکی میں کھرل
کر بذریعہ چپال جنتر اس کا روغن نکالے اور اسے ہر صبح زخموں پر لگایا کریں مجربات
سے ہے۔ (بیاض خاص)

(۳) گندھک آملہ سار مصفےٰ بچھناک مدبر جاگوٹہ مدبر پارہ مصفےٰ ہڑتال دستی کٹھ
کلکی سونٹھ مرچ سیاہ سہاگہ سفید پوست ہلیلہ پوست بلیلہ پوست آملہ قرنفل ہم الف
سفید جائفل یہ جملہ اشیا برابر وزن لیکر کوفتہ بیختہ کر کے آب بھنگرہ سے آٹھ پہر کھرل
کریں اور دو دو رتی کی گولیاں بنا دیں اور بوقت ضرورت ایک گولی بی کی بڑی کے
ساتھ پتھر پر گھس کر گلیٹوں پر لگا دیں اور ترشی و بادی اشیاء سے پرہیز ادویات
کو لوہے کے برتنوں میں رگڑنا چاہیئے۔ (طریق الحکمت)

(۴) اطریفل غدی جو کنٹھ مالا میں معمول اور مفید ہے۔ ہلیلہ سیاہ ۴۔ تولہ۔
انیسون ۳ تولہ ہلیلہ آملہ تربد سفید ہر ایک ۲ تولہ بسفائج اسطوخودوس بھیڑ کی گردن
کے غدود ہر ایک ۱ تولہ سناء مکی ۱۴ ماشہ خارقیون زرنباد شیطرج نوشادر ہر ایک
۱۰ ماشہ انیسون قرفہ سنبل الطیب قرنفل جوزبوا مصطگی رومی ہر ایک ۷ ماشہ سب کو
کوٹ چھان کر سہ چند شہد خالص میں ملا کر بدستور اطریفل طیار کریں اور ایک تولہ
روزانہ سوتے وقت کھلائیں۔ (مخزن حکمت)

(۵) مرہم خفتان زیر جو خفتان زیر متذکرہ کے لئے مفید ہے۔ مرگٹ ۲ عدد کو پاؤ سیر
روغن کتان میں جلا کر استخوان کیچوہ سوختہ ۲ تولہ استخوان سر آدمی سوختہ ۲ تولہ

سنگجراحت ۴ ماشہ مردار سنگ توتیا شنجرف ہر ایک ۳ ماشہ پیس کر مخلوط کریں اور مرہم کے طریقہ سے استعمال کریں۔ (مخزن حکمت)

(۶) سُرخ رنگ کی پھٹکڑی کو پتھر پر پانی سے گھس کر خنازیر پر ہر روز لیپ کرنا نافع ہے۔ (مخزن حکمت)

نوٹ۔ ابتدائے مرض خصوصاً امراض اطفال میں ہمارا معمول و مجرب ہے لیکن میں پھٹکڑی کو ایوڈین میں گھس کر لیپ کر دیا کرتا ہوں۔ (مولف)

طاعون

(۱) برگ مدار سبز کھلاتے رہیں جب کڑوے معلوم ہوں تو چھوڑ دیں۔ بس کافی ہے۔ (اسرار صدری)

(۲) **اکسیر دافع طاعون** سم الفار سفید نرسی بچھناک مصفے آملہ سار مصفے۔ حب الملوک مدبر پوست ہلیلہ پوست بلیلہ پوست آملہ زنجبیل پارہ مصفی کٹھ کلکی ہڑتال ورقی فلفل دراز مرچ سیاہ سوہاگہ سفید قرنفل جائفل ہلیلہ سیاہ جملہ اشیا برابر وزن لیکر کوٹ چھان کر علیحدہ علیحدہ رکھیں پھر آنولہ سار و سیماب و سوہاگہ ملا کر پیس لیں جب پارہ کی رائی ہو جائے یعنی کجلی بن جائے تو باقی اشیاء ملا کر آب بھنگرہ ڈال کر اچھی طرح کھرل کریں اور بمقدار دانہ نخود گولیاں بنا لیں ادویہ لوہے کے ہاون دستہ میں کوٹی جائینگی اور گولیاں بنا کر لوہے کے برتن میں رکھ کر خشک کریں اور لوہے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں ہر روز ایک سے دو گولی دودھ گرم مصری ملا کر دیں۔ (طریق الحکمت)

(۳) **حب حافظ طاعون**۔ جدوار زرنباد زرد چوبہ صندلین گل مختوم کافور زہر مہرہ سب مساوی الوزن کافور اور زہر مہرہ کو قدرے گلاب میں گھس کر اور باقی ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر لعاب اسپغول سے گولیاں بنائیں خوراک ۱۰ ماشہ صبح و ۱۰ ماشہ شام موسم سرما میں پانی کے ہمراہ اور گرمیوں میں گلاب کے ہمراہ۔ (مخزن حکمت)

چیچک

نسخہ مفید۔ چیچک کے دانوں کو نکال کر اور کبھی جوش خون کو کم کر کے بغیر دانے نکالے چیچک کے شدائد سے محفوظ رکھتا ہے:۔ عناب ۴ عدد عدس سلم تولہ اصل السوس مقشر ۲ ماشہ گل ثقایق (لالہ) ایک ماشہ ان کو ۱۔ پاؤ عرق شاہترہ میں جوش دیں جب سوائم حصہ باقی رہے شربت نیلوفر یکتولہ خاکشی ۲ ماشہ اضافہ کر کے پلائیں دوا کے اوزان میں حسب عمر کمی کر سکتے ہیں رفع قبض کے لئے شیر خشت یا ترنجبین ۲ سے ۴ تولہ تک عرق شاہترہ میں حل کر کے پلائیں۔ (مخزن حکمت)

حفظ ماتقدم۔ موسم چیچک میں تین دن استعمال کریں۔ نسوت۔ ریوند چینی۔ گل سرخ ہر ایک تین ماشہ تک سیاہ ۹ ماشہ باریک کر کے موافق سن طفل کے کھلائیں خوراک تین سے ۶ ماشہ تک کافی ہے۔

بگڑی ہوئی چیچک کی اصلاح۔ خوب کلاں کو پانی میں پکا کر صاف کر لیا اور ایک کپڑا اس میں رنگ کر چیچک کے مریض کو پہنائیں بحکم خدا چیچک کے دانہ جو مل کر پھر بدن میں سما جاتے ہیں باہر نکل کر بدستور ڈھل جائینگے اور اس حالت میں گدھے کی لید بطلا کر پانی میں بجھا کر وہ پانی پلانا بگڑی ہوئی چیچک کی اصلاح کرتا ہے اور دانے پھر ابھر آتے ہیں۔ (قلمی بیاض)

پیچیک۔ عروسک الارض چند عدد تازہ لیکر شیشی میں ڈالدیں اور دو گنا دن چاول داخل کر کے شیشی کو مضبوط کاگ لگا دیں اس کو اس وقت تک رکھ چھوڑیں کہ رنگت گہری سرخ ہو جائے پھر عروسک کو نکال کر چاول محفوظ رکھیں دو تین دانے پیس کر ایک عدد مویز منقی میں شامل کریں تھوڑا زعفران بھی ملانا نافع ہے چیچک میں نفع کامل دیتی ہے اور اگر جدری اندر چلی گئی ہو تو نمودار ہو جاتی ہے۔

نوٹ۔ عروسک الارض بیر بہوٹی کو کہتے ہیں زعفران نصف ماشہ ملانا کافی ہے۔

اگر چیچک پورے طور پر نہ نکلے تو حالت خطرناک ہوتی ہے اس وقت اس کا استعمال اچھا ہے بعض آدمی عروسک کو قند سیاہ میں لپیٹ کر دیتے ہیں۔ مفید ہے۔

حیات

(۱) کشتہ ابرک سیاہ۔ ابرک سیاہ بقدر ضرورت لیکر اس کو آگ میں خوب سرخ کرکے ٹھیرگاؤ میں سات بجھاؤ ابرک خود بخود باریک ہوتا جائیگا پس گائے کے دودھ میں اچھی طرح کھرل کرکے خشک کریں اور ایک گوزہ گلی میں گل حکمت کرکے گج پٹ کی آنچ دیں پھر چراتہ میں اسی طرح سے سات بار آنچ دیں عمدہ کشتہ ہوگا تپ میں مفید ہے۔ (نتھ)

نوٹ۔ ابرک سیاہ دس تولہ لینا بہتر ہوگا سات آنچ میں اس طرح سے کریں دودھ میں دو آنچ گلوں میں دو آنچ چراتہ میں ایک آنچ سورج مکھی کے جوشاندہ میں دو آنچ۔ خوراک ایک سے ۴ رتی مناسب عرق و شربت سے دیں۔

کشتہ ہڑتال۔ تخم دھتورہ افستین ہر ایک ایک چھٹانک کوٹ کر ایک سیر پانی میں ترکر کے رکھیں پھر مل چھان کر اس پانی میں ایک چھٹانک ہڑتال سفید پیسکر ڈالدیں جب پانی خشک ہوجائے تب ہڑتال پیسکر نگاہ رکھیں خوراک ۱ رتی ہمراہ عرق گاؤزبان تپ بلغمی میں اکسیر ہے خواہ دس سالہ پرانا ہو ایک ہفتہ کے اندر اندر صحت کامل ہوجاتی ہے۔ (جامع)

نوٹ۔ اس ہڑتال کو گلوکے پتہ میں ٹکیہ بنا کر بھوبل کی آنچ میں تشویہ دے لیں آنچ تیز نہ ہو۔ کامل ہوجاتی ہے۔ (مؤلف)

کشتہ ہڑتال گاؤدنتی۔ ہڑتال گاؤدنتی ۱ تولہ لیں اور ۹ عدد مین پھل پانی میں پیسکر ہڑتال پر لیپ کریں اور ایک اپلہ ایک سیر وزنی لیکر اس میں کاوک کریں اور ایک تولہ مین پھل کا سفوف بچھا کر اوپر ہڑتال گاؤدنتی لیپ شدہ رکھیں اور ایکتولہ سفوف اوپر ڈال کر دوسرے اپلہ سے ڈھانک دیں اور اردگرد ایک سیر چھوٹے اپلہ لگا کر آنچ دیں شگفتہ ہوتی ہے خوراک ایک سے ۲ رتی مناسب انوپان سے ہر مرض میں مفید ہے۔ (باقیات)

نوٹ۔ امراض بلغمی ریحی دردوم گلو اور بخاروں میں دی جاتی ہے۔ ہمراہ

عرق بادیاں دینا بہتر ہے ۔

(۴) مغز کرنجوہ ایک تولہ فلفل دراز ایک عدد ببول کی پتی ۶ ماشہ عسلی کی پتی چھ ماشہ ان سب اشیاء کو کوٹ چھان کر تازہ پانی کے ہمراہ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں مریض کو ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی سے دیں ہر قسم کے ملیریا بخار کو دور کرتی ہیں ۔

(۵) تیجا کا بخار ۔ جوز ماثل یعنی دھتورا کا ایک سالم اور ایک نصف کونپل کا پتہ قند سیاہ میں لپیٹ کر گولی بنائیں بخار سے ڈھائی گھنٹہ قبل کھلائیں بخار نہ ہوگا ۔ (اسرار صدری)

نوٹ ۔ اس نسخہ کی تصدیق طبی اخبارات میں ہو چکی ہے ۔ پتہ چھوٹا بڑا مطابق عمر و قوت مریض کے لینا چاہئے ۔ (مولف)

(۶) سیماب مصفےٰ سم الفار ہر ایک ۳ ماشہ شنگرف رومی مصفےٰ سہاگہ بریاں ۔ جاوتری ہر ایک ساڑھے سات ماشہ فلفل دراز ۱۰ ماشہ قرنفل ۱۷ ماشہ سونٹھ ۔ زیرہ سیاہ و سفید ہر ایک ۲۱ ماشہ اول سیماب و سہاگہ کو تھوڑی سی گندھک سے ملا کر خوب کجلی کریں پھر تمام ادویہ کو ملا کر خوب باریک پیسیں اور نہایت احتیاط سے کسی شیشی میں رکھیں اس میں سے ایک رتی شیرہ لیموں یا املی کے خیساندہ سے کھلائیں تپ کو فوراً رفع کرتا ہے ۔ غذا دہی چاول گرم بخاروں میں مصری کے ساتھ دیں خلط ردی میں شیر مادہ گاؤ سے (بحر الفواید)

نوٹ ۔ اگر ادویہ کو شیرۂ لیموں میں تر و خشک کریں تو بہتر ہوگا گندھک مدبر برائے کجلی ۴ ماشہ ملا لینا کافی ہے ۔

(۷) صفراوی بخار، قے، صفرائے سوختہ، سودا، ہر قسم کی جلن، چھاتی کی جلن اور دھڑکن کے لئے مفید ہے :۔ ڈیڑھ پاؤ پختہ آملے لیکر دوسرے آملوں کے اتنے رس میں بھگو دے جس میں وہ ڈوب جائیں چند مرتبہ اسی طرح سے پٹ دے بعد ازاں ست گلو، دانہ الائچی خورد کباب چینی نقرہ ہر ایک ۴ جزو اور قرنفل ۱

فلفل گرد ایک جزو سب کا میدہ بنا کر دو چند نبات سفید کے ساتھ معجون بنائیں اور صبح و شام چھ ماشہ بیمار کو کھلائیں مندرجہ بالا فوائد رکھتا ہے۔ (بحر الفوائد)

نوٹ۔ آملوں کو تین یا پانچ بار تر و خشک کر لینا چاہئے، یہ دوا بعد مسہل صفرا حکمی طور پر صفراوی بخار کو دور کرتی ہے اور صرف بخاروں کی گرمی و ہاتھ پاؤں و دیگر اعضاء کی جلن کو بھی دُور کرتی ہے مجرب ہے۔ (مولف)

(۸) دافع خفقان و حرارت و پیاس بخار۔ آملہ کو آب بیخ کیلا میں تر کر کے شبنم میں رکھ دیں صبح کو خوب باریک کر کے بیمار کی چھاتی اور پیشانی پر ضماد کریں اُسی وقت حرارت و خفقان و پیاس دُور ہو جاتی ہے تین روز ایسا متواتر کریں۔ گلو کا شیرہ مصری ملا کر پلانا بھی نافع ہے۔ (بحر الفوائد)

(۹) حبوب مجرب دافع تپ لرزہ و تپ و چوتھیہ۔ سم الفار سفید ۲ ماشہ نقرہ عمدہ تین تولہ لعاب بہدانہ سے گولیاں بقدر ماش کے ۲۶۰ بنا رکھیں بخار آنے سے ۲ گھنٹہ پہلے قدرے حلوا یا جلیبی یا ناشتہ کسی قسم کا کھلا کر ایک گولی کھلائیں بخار نہ ہوگا اگر خدانخواستہ ہو جائے تو دوسرے روز نہ ہوگا مجرب ہے غذا میں گھی زیادہ ہو تمام دوا سے ۲۶۰ گولیاں تیار ہو سکتی ہیں۔ (گنجینہ مجربات)

نوٹ۔ لعاب بہدانہ ایک پاؤ ضرور ہو یعنی ۵ تولہ بہدانہ کو ایک پاؤ پانی میں بھگو کر اُس سے لعاب حاصل کریں اور اس میں برابر کھرل کر کے گولیاں بنائیں یہ گولیاں مقوی باہ و مصفی خون بھی ہیں۔ (مؤلف)

(۱۰) نسخہ جات دافع کمزوری و نقاہت بعد از حمیات

(الف) مربہ آملہ ایک عدد ورق نقرہ ایک عدد میں لپیٹ کر عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ عرق بید مشک ۳ تولہ شربت سیب یا انار ۲ تولہ کے ساتھ دیں۔

(ب) خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ ورق نقرہ ایک عدد عرق گاؤزبان کے ساتھ کھلائیں۔

(ج) دواء المسک جواہر والی ہمراہ عرق گاؤزبان کے دیں۔ (مخزن حکمت)

نوٹ۔ الف عام حالتوں میں (ب) دماغ و قلب کی کمزوری میں اور (ج) بلغمی بخاروں کے بعد یا بلغمی مزاج والوں کو دیں۔ ملیریائی بخاروں کے بعد کونین و فولاد بھی دینا مفید ہوتا ہے۔ (مولف)

(۱۱) دوائی برائے تپ تمیع اقسام۔ ہڑتال ورقی ۸ ماشہ سنکھیا سفید ۸ ماشہ آرد صندل ۸ ماشہ نیلا تھوتھا ۸ ماشہ ۱۶ پہر تک گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے ایک کوڑھ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے ۱۲ پہر اپلوں کی آنچ دیویں اپلی اپلوں کے درمیان رکھ کر آنچ لگاویں اوپر اور اپلے لگاتا رہے یہاں تک کہ ۱۲ پہر آگ رہے سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھے خوراک ۲ چاول تماشہ یا شیر گاؤ یا شیر بز سے ایک سے تین روز میں بخار دور ہو جاتا ہے۔ (گنج مجربات)

(۱۲) شربت دافع حمیات مرکبہ۔ بالخصوص حمی نوبہ تپ عفونیہ وغیرہ میں مقدار مناسب کا خیال رکھیں ہر ایک مطب میں موجود رکھنے والی چیز ہے:۔ گل بنفشہ ۴ ماشہ گاؤزبان نیلوفر تخم کاسنی ہر ایک ۶ ماشہ شاہترہ ۱۰ تولہ چراغتہ ۱۰ تولہ گل سرخ ۷ ماشہ عناب ولائتی ۹ دانہ آلو بخارا سات دانہ املی ۲ تولہ بادیان ۱۰ تولہ مویز منقی ۱۵ دانہ انجیر زرد ۴ دانہ کمو ۶ ماشہ جھاؤ ۶ ماشہ ایک سیر قند سفید مطابق دستور شربت تیار کریں یہ مجرب ہے۔ (اسرار حکمت)

حمی دق وسل

(۱) ابرک ایک تولہ کو مصفا و باریک کر لیں اور نصف سیر گدھی کے دودھ میں کھرل کریں جب دودھ بالکل خشک ہو جائے تو ابرک کشتہ ہو گا اس میں سے تین رتی ہمراہ بالائی یا مکھن استعمال کریں ہر قسم کی کمزوری اور ضعف میں بھی نافع ہے۔ (گدڑی)

نوٹ۔ بخار کہنہ و دق میں نافع ہے۔ دق کی کمزوری کو رفع کرنے والی ادویات میں اس کی آمیزش مفید اثر دکھائیگی۔

(۲) قرص سرطان کافوری جو مرض سل میں نہایت ہی مفید ہیں۔ سرطان سوختہ

ایک تولہ کافور قیصوری ایک ماشہ صندل سرخ و سفید ہر ایک ۲ ماشہ تخم کاہو بیخ ماشہ صمغ عربی طباشیر گل سرخ مصری کتیرا ہر ایک ۴ ماشہ اصل السوس رب السوس ہر ایک ۵ ماشہ نشاستہ تخم خربزہ ہر ایک ۷ ماشہ تخم خشخاش مغز تخم کدو تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک ۹ ماشہ سب ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر لعاب اسپغول سے قرص بنا دیں اور بمقدار ایک مثقال صبح و شام ہمراہ عرق شیر یا عرق کافور یا شیر بز یا شیر خر دیں۔ (مخزن حکمت)

(۳) دوا جو سل کی کھانسی میں بہت مفید ہے۔ سرطان نہری ۵ عدد پوست خشخاش ایک تولہ برگ اڑوسہ سبز ۶ تولہ سب کو مٹی کے آبخورہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے اُپلوں کی آنچ دیں بعدہٗ نکال کر ایک چکنی کھلائیں۔ (مخزن حکمت)

نوٹ۔ آنچ ۵ سے ۱۰ سیر کی کافی ہوگی اور یہ سرطان نہری کے وزن پر موقوف ہے۔ (مولف)

حب برائے سل جو شدت حرارت و نفث الدم کے ہمراہ ہو۔

کافور قیصوری نیم دانگ طباشیر سفید پنج انجبار دم الاخوین کہربا مروارید ناسفتہ شاہ بیخ عدسی مفسول صمغ عربی کتیرا رب السوس سرطان محرق گل ارمنی ہر ایک ۱ دانگ مغز تخم کدو مغز تخم خیارین ہر ایک ۲ دانگ سب کو کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ کی مدد سے بقدر کنار صحرائی گولیاں بنائیں اور وقت حاجت تھوڑے وقفہ پر ساعت بساعت ایک گولی منہ میں رکھیں۔ (مطب علوی خاں)

حب سل مجرب۔ سنگ جراحت ایکتولہ شیرہ جو مقشر ۶ ماشہ رب السوس افیون خالص مغز بادام مقشر ہر ایک ۴ ماشہ صمغ عربی کتیرا مغز تخم کدو شیریں خرفہ مقشر خشخاش سفید گل بنفشہ بسد سودہ ہر واحد ۳ ماشہ مغز بہدانہ مغز تخم خربزہ دم الاخوین گل ارمنی ہر واحد ۲ ماشہ مغز تخم خیارین ۱ تولہ سب کو علیحدہ علیحدہ باریک کوٹ چھان رکھیں بعد ازاں گل بنفشہ ۴ ماشہ گل نیلوفر تخم خطمی خبازی ہر واحد ۶ ماشہ۔ سپستان ۱۰ عدد کو کنار ۳ عدد اسپغول ۲ ماشہ پرسیاوشاں ۳ ماشہ زوفائے خشک

۳ ماشہ سب کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب آدھا پانی رہ جائے تو آدھ پاؤ زلال حاصل ہو سکے مل کر صاف کریں اور شیرہ بجوشندہ نباتات سفید ہر ایک ۳ ماشہ ملا کر جوش دیں جب قوام غلیظ ہو جائے اس وقت مذکورہ بالا کوٹی ہوئی ادویہ ملا کر بقدر رنجود گولیاں بنائیں اور وقت حاجت ساعت بساعت شبانہ روز میں ایک درجن تک گولیاں منہ میں رکھیں۔ (منقول از مفتاح)

عرق شیر جہت مسلول و مدقوق

شیر بز ۱ سیر آب پیٹھہ ۲ سیر آب خیار ۲ سیر آب قراع ۲ سیر شاہترہ نیم پاؤ سر پھوکہ گاؤزبان برادہ شیشم گل سرخ ہر ایک ۱ چھٹانک شاخ درخت کیوڑہ پانچ تولہ کشنیز خشک گلو تخم کاسنی کاہو ہر ایک ۴ تولہ برادہ آبنوس گل گاؤزبان برادہ صندل سفید برادہ صندل سرخ ہر ایک ۳ تولہ ابریشم مفرض برگ خاگل نیلوفر برگ بید سادہ ہر ایک ۲ تولہ تخم فرنجشک بہمن سرخ پوست بلیلہ پوست بیروں پستہ پوست بلیلہ زرد خس تازہ ہر ایک تولہ تولہ گل بیوتی ۵۰ تولہ گل گرد حل ۵۰ عدد کوفتی ادویہ کوٹ کر سب کے ہمراہ کپڑے میں باندھ کر شب بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح بطریق معروف عرق کشید کریں اور مناسب مقدار میں نوش کریں (مطب یونانی)

دافع سمیات

(۱) ۵ تولہ سنکھیا کو پیس کر باریک سفوف کریں اور اس سفوف کو ہاتھ کے پانی میں پیس کر ایک ٹکیہ بنالیں اور ۲ سیر باتھو ایک مٹی کی ہانڈی میں ایک سیر باتھو نیچے اور ایک سیر اوپر رکھ کر درمیان میں سنکھیا کی ٹکیہ رکھیں پھر تین پاؤ سرکہ خاص ہانڈی کے اندر ڈال کر گل حکمت کر کے ۱۶ سیر ایلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا خوراک ایک رتی دن میں چند بار۔ (حرز جان)

نوٹ۔ سمیات کے بخاروں میں بھی اس کا استعمال نافع ہے سانپ کے ہر گنے کے زہر اور زہریلے بخاروں میں مفید ہے جن لوگوں کو سانپ یا شتاہی سانپ کاٹ جاتا ہو اُن کو بھی دیں یا جو امراض سانپ کے زہر اُتر جانے کے

بعد جسم میں پیدا ہوں اُن کو دُور کرتا ہے۔

(۲) سگ گزیدہ۔ لگڑ بگڑ یا چرخ کا شکار کریں اس کی کچلی دانت، داڑھ وغیرہ پانی میں گھس کر تین تین چار چار ماشہ کر کے دن میں کئی بار پلائیں اول ہی مرتبہ میں آرام ہوگا مگر چند روز پلانا بہتر ہوگا۔ (تحفہ)

نوٹ۔ میرا مجرب نہیں لیکن سید احمد مولف فرہنگ آصفیہ کا مجرب ہے اور حال ہی میں ایک صاحب نے تجربہ کر کے اس کی تصدیق کی ہے۔ (مولف)

(۳) دافع زہر سانپ۔ تماکو خوردنی یا دوسرا پینے والا میں سے تھوڑا سا لیکر ایک گلاس پانی میں خوب ملیں کہ پانی کا رنگ سُرخ ہو جائے پھر اُسے چھان کر مارگزیدہ کو پلائیں تھوڑی دیر میں قے ہونی شروع ہو جاتی ہے تین دن کے اندر بالکل آرام ہو جاتا ہے اس اثنا میں مریض کو کسی قسم کی غذا نہ دیں تین دن کے بعد سوڈا بائیکارب تین ماشہ منہ میں ڈال کر دودھ نیم گرم بغیر بالائی کے دیں۔ (صدری مجربات)

نوٹ۔ ایک تولہ تماکو ایک گلاس پانی میں کافی ہوتا ہے دن میں دو چار بار پلانا چاہئے جب زہر کم ہو جائے تو دن میں ایک دو بار کافی ہے مگر دوا تین دن تک دیں تماکو قاتل زہر سانپ تسلیم کیا جا چکا ہے مقام زخم پر بھی تماکو کی ٹکیہ بنا کر باندھنا اچھا ہے۔ (مولف)

(۴) مارگزیدہ کا مجرب علاج۔ لہسن یک پوتھیا ورنہ عام لہسن آدھ پاؤ لیکر پاؤ بھر پانی میں شیرہ نکال لیں اور پاؤ بھر دودھ ملا کر ایک دفعہ پلاویں یہ ایک خوراک ہے اگر ضرورت ہو تو ایک دو بار پھر بھی پلا سکتے ہیں اور زخم پر گھونگچی سُرخ نوشادر حقہ کی میل ہر ایک ۶ ماشہ کوٹ کر قرص بنا دیں اور زخم کو تازہ کر کے باندھیں۔ مجربات سے ہے۔ (صدری مجربات)

نوٹ۔ اجلاس کانفرنس میں اس نسخہ کی کئی اطباء نے تصدیق کی تھی لہسن بھی مارگزیدہ کا نہایت عمدہ علاج ہے زخم کو تازہ کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ نشتر سے

اُس پر چھوٹے چھوٹے شگاف دیں تاکہ زخم ظاہر ہو جائے۔ (مولف)

جانوروں کے زہر کا علاج

لذع عقرب۔ چرچٹہ کی جڑ کو ہاتھ میں لیکر اگر بچھو کو پکڑ لیں تو نہ کاٹیگا اور بچھو کے کاٹے ہوئے مقام پر گھس کر لگا دیں تو درد وغیرہ فی الفور دُور ہو جاتی ہے۔

نوٹ۔ نسخہ صحیح ہے ایک عرس کے میلہ میں ہزاروں آدمیوں کے سامنے ایک شخص ایک جڑی ہاتھ میں لئے بچھوؤں کو جسم پر چلا رہا تھا اور اس جڑی کو ایک ایک آنہ میں فروخت کرتا تھا۔ اُس نے اس جڑی پر روغن لگایا ہوا تھا تاکہ شناخت نہ ہو سکے وہ یہی چرچٹہ تھا۔ (مولف)

(۲) املی کا بیج اس قدر رگڑیں کہ اندر کی سفیدی ظاہر ہو اس جگہ کو ڈنک بچھو کی جگہ رکھدیں یہ ساتھ چمٹ جائیگا اور اُس وقت تک جُدا نہ ہوگا جب تک زہر نہ چوس لے اس کے بعد خود بخود گر جائیگا آزمودہ ہے۔ (بیاض)

برائے گزیدن مار و سگ جس کسی کو سانپ نے کاٹا ہو اگر وہ مرد ہے تو مرد کا اگر عورت ہے تو عورت کا تازہ پیشاب بے خبری میں پلائیں دُوسرے عورت یا مرد کا ہو فوراً زہر اُتر جائیگا بارہا کا مجرب ہے۔ (صدری مجربات)

نوٹ۔ ایک شخص لدھیانہ میں اس کا عامل ہے لیکن وہ صرف سگ گزیدہ کو پیشاب پلاتا ہے جو کبھی بھی خطا نہیں گیا۔ فیروزپور سے میرے ایک دوست نے یہ نسخہ بڑی محنت سے حاصل کیا اور مجھے بتلانے لاہور آیا تھا۔ (مؤلف)

(۴) اکسیر مار گزیدہ۔ عصارہ ریوند پوست ریٹھہ ایک ایک تولہ دونوں کو مثل سرمہ کے پیس لیں خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک روغن زرد کے ساتھ دیں ایک دن میں تین خوراک دینے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ (صدری مجربات)

(۵) کھٹی بوٹی پیس کر مقام عقرب گزیدہ پر لگانا فوراً آرام بخشتا ہے۔

(۶) دوا ذباب الکلب۔ (الف) لگڑ بگڑ یا چرخ کے کلے کی ہڈی یا اس کے دانت کو گھس کر پلانا بالخاصیت مفید مانا جاتا ہے۔

کتے کی مکھی پکڑ کر اس کے پر و بال اکھاڑ کر اور کوٹ کر ہموزن قند سیاہ میں ملا کر گولی بنا دیں وقت ضرورت پہلے خوب مرغن کھچڑی کھلا کر اوپر سے ایک یا ۲ گولیاں کھلا دیں جس سے خوب کھل کر قے آتی اور مرض دور ہو جاتا ہے (مخزن حکمت)

نوٹ۔ گڑ بگڑ کے کلے سے تیار شدہ دوا کی حال ہی میں تصدیق ہو چکی ہے (مولف)

(۷) دافع زہر سانپ۔ بیضہ طاؤس لیکر اس میں ایک سوراخ کیا جائے اور اس میں ایک تولہ مرچ سیاہ عمدہ ڈال کر اس کا مقطوعہ حصہ چسپاں کر کے موم لگایا جائے بعد ایک سال کے بیضہ مذکور معہ اندرونی اجزا کے مثل سرمہ کے سحق کریں بوقت ضرورت مار گزیدہ کو بذریعہ باریک نلکی ایک رتی بطور ہلاس دیں تمام زہر خارج ہو جائیگا۔ مجرب ہے (رموز الاطبا)

زہر معدنیات وغیرہ

(۱) دافع زہر سنکھیا۔ گڑ مار بوٹی ایک تولہ مرچ سیاہ تین عدد ملا کر پلا دیں مسموم بیدار ہوگا اور سنکھیا کو مٹی کر دیگی۔ اگر ضرورت ہو تو ایک دو بار پھر بھی دے سکتے ہیں رم افیون کا بھی یہی تریاق ہے۔ (صدری مجربات)

کثیر الفواید یا مشترک النفع

(۱) ہلیلہ بلیلہ آملہ ہر ایک ۱۸ درم گلو تخم پنواڑ بھنگرہ ہر ایک ۲۲ درم سنبھالو ۶ درم دارچینی ۴ درم سب ادویہ کو کوٹ چھان کر قند سیاہ کہنہ ½ سیر لیکر اسکو عرق گلاب میں حل کریں اور ادویہ کو باریک کوٹ چھان کر ملا کر ۳۰۰ گولیاں بنا لیں اور ہر روز ایک گولی کھائیں ماہ اول میں امراض شکم دور ہونگے دوسرے میں خشکی تیسرے میں قوت آئیگی چوتھے میں بلغم دفع ہوگی پانچویں میں سفید بال سیاہ ہونگے چھٹے میں بصارت بڑھیگی وغیرہ وغیرہ۔ (تحفہ)

نوٹ۔ نسخہ اچھا ہے بوڑھوں کے بہت سے امراض دور کر سکتا ہے (مولف)

(۲) کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ کافور تولہ ست جوائن ۶ ماشہ ست پودینہ ۶ ماشہ ست الائچی ۶ ماشہ ان سب کو ایک شیشی میں بند کر کے مضبوط کاگ لگائیں

اور دھوپ میں رکھیں تھوڑی دیر میں تیل ہو جائیگا پس تیار ہے یہ دوا اکسیر اور ہزاروں ناموں سے ہندوستان میں فروخت ہو رہی ہے

نوٹ۔ کاربالک ایسڈ بجائے ۳ ماشہ کے ۱ ماشہ ہو تو بہتر ہے۔ (مولف)

(۳) پارہ مصفیٰ ۱ تولہ ہڑتال ۱ تولہ سنکھیا سیاہ یا سرخ ۱ تولہ شنگرف ۱ تولہ آملہ سار ایک تولہ اول پارہ و آملہ سار کی کجلی کریں اور ہر ایک دوا کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر پھر کجلی میں سب کو ملا کر ایک دن خشک کھرل کریں پھر شیر مدار شیر زقوم شیر انجیر شیر برگد ہر ایک میں ایک ایک روز متواتر بلا تامل زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں پھر کچلہ ایک سیر تخم کسنبہ ایک سیر دھتورہ ایک سیر ان کا تیل بذریعہ پتال جنتر کے کشید کریں جس قدر روغن نکلے اس میں ایک تولہ افیون حل کریں پھر اس تمام مجموعہ روغن میں تمام دوا کو کھرل کریں حتے کہ تمام روغن جذب ہو جائے پھر روغن بیضہ مرغ ۵ تولہ بھی بذریعہ کھرل جذب کرا دیں پھر سب دوا کی ٹکیہ بنا کر رتک سفید بچھناک سفید مٹھا تیلیہ تخم کرنجوہ حرمل ہر ایک ۵ تولہ لیکر تمام کو شراب برانڈی یا شیرہ گھیکوار میں کھرل کر کے مثل بالائی کے بنائیں اور اس کا نگدہ بنا کر پہلی ادویہ کی ٹکیہ اس میں رکھیں اور مضبوط گل حکمت کر کے ۹ سیر جنگلی اپلوں کی آگ ہوا بچا کر دیں سرد ہونے پر نکالیں خوراک نصف چاول سے ایک چاول۔ آتشک جذام بھس بواسیر بادی بیضہ قرحہ جریان کمزوری بدن سرعت نامردی کثرت بول ہزال البدن اسہال الدم وغیرہ امراض میں مجرب ہے (جامع)

نوٹ۔ بدرقہ بر رائے طبیب ہے جس دوا میں اس کی خوراک شامل کر دینگے وہ دوا اپنی مرض کو دور کرنے میں اکسیر ہو جائیگی۔ بالخصوص جب مندرجہ بالا امراض میں دوا دی جاتی ہو۔ (مولف)

(۴) پوست ہلیلہ کلاں ۹ تولہ پوست بیخ چیتہ تج دانہ الائچی پترج۔ لوتھ تخم سنبھالو ہر ایک ۱۰ تولہ ناگ کیسر ۹ ماشہ سونٹھ پیپل مرچ سیاہ پیپلا مول بچھناگ کشتہ فولاد بنس لوچن پارہ صاف شدہ گندھک آملہ سار

ہر ایک ایک تولہ قند سیاہ کہنہ ڈیڑھ تولہ سیماب وگندھک کی کجلی کریں اور دیگر ادویات باریک شدہ کو الگ الگ وزن کرکے اور قند سیاہ کو گھی میں گھلا کے بخوبی مخلوط کریں ایک ذات ہو جائیں پھر خشخاش کے برابر حبوب بنائیں اور ایک گولی روز پانی سے کھائیں کایا کلپ کرتا ہے (باقیات)

نوٹ۔ اکسیر البدن جو ودک نسخہ ہے اس کو بچے گنگ کھتے ہیں کم از کم تین ماہ اور زیادہ سے زیادہ دو سال کھانا چاہئے معمولی پرہیز رکھنے سے انسان از سر نو جوان ہو سکتا ہے۔ (مؤلف)

(۵) اگندھک آملہ سار شنگرف رُوی ہڑتال ورقی ہر ایک ۲ تولہ بورہ دندان فیل لوبان کوڑیہ سم الفار سفید عدد سم الفار سرخ گوگل بھینسہ ہر ایک ایک تولہ زعفران سلاجیت ہر ایک ۶ ماشہ چند بیدستر ۱۲ ماشہ مغز تخم پستہ ۱ تولہ مغز تخم نیم ۲ تولہ بورہ بارہ سنگا شب یمانی کافور ہر ایک ایک تولہ سب اجزا مذکورہ بالا کو باریک کرکے شیر مدار پاؤ بھر میں کھرل کرکے خشک کر لیویں پھر ایک پاؤ آب سوہانجنا میں کھرل کریں پھر آب ہرن کھری پاؤ بھر میں کھرل کریں پھر آب کنیر سفید گل پاؤ بھر میں کھرل کریں جب خشک ہو جائے تب گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں ڈال کر بند دیوے چال جنتر روغن کشید کریں بے شمار فوائد ہیں۔ (صدری مجربات)

ترکیب استعمال برائے تقویت باہ ایک بوند بالائی یا مکھن میں ہر تیسرے دن ایک خوراک دیا کریں کل سات خوراک دیں یا ایک خط یعنی لگیر روز کھینچ کر دیں غذا روغن دودھ گھی بکثرت ہو ۲۱ روز جماع سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

بواسیر خونی یا بادی میں ایک یا نصف بوند مسکہ میں بلغمی بخار میں ایک بوند تنباکو مجلوق کو سات روز مالش کرائیں مریضان لقوہ فالج ادھرنگ کو از ایک بوند ہمراہ شکر تری کے دیں جریان و احتلام و سرعت انزال کے مریض کو ایک یا نصف بوند اسپغول کی کھیر سے دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طب مخفی

باب چہارم

رموز الکیمیا

بنام خداے جہان آفریں
ایں سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خداے بخشندہ

الکیمیا اس کو انگریزی میں کیمسٹری اور الکیمی بھی کہتے ہیں۔ ان دونوں کا مطلب جُدا جُدا ہے کیمسٹری سے مراد محض وہ علم ہے جس کے ذریعے سے کل اشیاء کی اصلی ماہیت، بناوٹ، ماخذ اور اُن کے تمام مدارج معلوم ہوں، الکیمی کیمیا سے ہے، اس سے مُراد اُس علم سے ہے جس کے ذریعے سے ادنےٰ دھاتوں یا کمتر اشیاء کو اعلےٰ و قیمتی اشیاء کی صورت میں تبدیل کر دیا جائے اس کو علم صنعت بھی کہتے ہیں اور علماے کیمیا کی زبان میں اس کو صنعت الہیہ کہا گیا ہے، ویدک کتب میں اسکو رسایَن بتلایا ہے۔

اہل مغرب نے اس علم کو سائنس و آلات جدیدہ، بجلی، اور دیگر ترقی یافتہ تدابیر کی مدد سے اس کے اصلی مفہوم میں پورے طور پر حاصل کر لیا ہُوا ہے، اُن کے تمام کام کی بنیاد تیزاب، عروق حیوانات، معدنیات کی تسخیر، اور دھاتوں کے صحیح علم المیزان کا جاننا ہے برخلاف اس کے مشرق میں اس کی بنیاد محض نباتات پر ہے اور علماے مشرق کے اس نظریہ کی تصدیق بھی کہ نباتات میں دھاتوں کا وجود پایا جاتا ہے جو قدرت کے مشّاق ہاتھ کی کاریگری سے بوٹیوں کے پتّوں، ٹہنیوں، پھلوں،

پھولوں اور جڑوں میں حلول ہو کر مثل خون کے اُس کے رگ و ریشہ میں دوڑتا پایا جاتا ہے، دھاتوں کا یہ حلول عرق بوٹیاں اپنی تاثیر و قوت سے زمین سے کھینچنے والی ہیں، اور جب ان بوٹیوں کو کسی دھات چرخ خوردہ پر طرح کیا جائے تو وہ دوسری دھات کے مل جانے سے تبدیل ہیئت اور کایا کلپ پر مجبور ہو جاتی ہیں بہرحال یہ بحث طویل ہے اور میرا فرض اس مختصر باب میں کامل اختصار سے کام لینا ہے اس فن پر بہت سی کتب تصنیف ہو چکی ہیں ان میں سے کاشف الرموز کیمیا ہے آسان اور عام فہم زبان میں لکھی گئی ہے یہ کتاب حکیم محمد عبدالعزیز صاحب کامل ڈیٹر رسالہ حکمت مرحوم کی تالیف ہے ہر مبتدی اور شائق اُن کا فرض اولین ہے کہ وہ اس کتاب کو جو چار سو صفحات پر ختم ہوتی ہے بغور مطالعہ کرے اس کتاب میں تمام بنیادی اور اصولی باتیں بتلائی گئی ہیں جن کے علم کے بغیر اس کام کو شروع کرنا ہی حماقت و جہل ہے اس کے بعد زیادہ پُر مغز دقیق اور نکات کیمیا کو ظاہر کرنے والی ہیں مخزن الکیمیا کے چار حصوں موسوم بہ نبات رُوحی حصہ اوّل حصہ دوئم حصہ سوئم و حصہ چہارم موسوم بہ اسرار الحیوان مصنفہ حضرت مولانا مولوی محمد ابراہیم علی خاں رُوحی کی ہیں یہ چاروں حصے قریباً گیارہ سو صفحات پر مشتمل ہیں ان کو سمجھنے اور اس کی تحریر کے مطالب سے مفید مطلب نتائج اخذ کرنے کے لئے اس علم کی واقفیت کی ضرورت ہے بہرحال اس فن میں خاکسار ان کتابوں کو بہترین و افضل سمجھتا ہے جس شخص نے کاشف الرموز کیمیا کو سمجھا اور پڑھا نہ ہو وہ مخزن الکیمیا کے چاروں حصوں کے سمجھنے کی قابلیت پیدا نہیں کر سکتا ہے

ان قیمتی و پُر معلومات رسائل و کتب کی موجودگی میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ مجھے اس باب کے لکھنے کی ضرورت کیوں پیدا ہوئی اس کا جواب یہ ہے کہ اس باب میں بندہ نے شائقین فن کی خدمت میں چند ایسے امور کا جداگانہ عرض کرنا ضروری سمجھا ہے جن سے واقفیت اُن کو صراط مستقیم دکھلانے میں ممد و معاون ثابت ہوگی، اور اس کے بعد اگر وہ اس فن کو سیکھنا چاہینگے تو ایک اصول و ضابطہ کے ماتحت اُس کو

عمل پیرا ہونگے، اور پہلے کی طرح سے اندھا دھند اپنا وقت عزیز اور اپنی محنت و مشقت کی کمائی فضول ضائع کر کے اپنی بربادی یا روانیار کی انگشت نمائی کا باعث نہ بنینگے اور نہ ہی وہ اس فن کے عاملین کو برا بھلا کہینگے۔

اس فن پر جس قدر کتب میری نظر سے گزری ہیں اُن میں ہر جگہ اسرار و اخفائے کام لیا گیا ہے اور اُن کے مصنفین و مولفین و مترجمین نے بارہا اس امر کا اقرار کیا ہے کہ وہ ریمہ و دانستہ اسرار الٰہی کا انکشاف خلاف مصلحت سمجھتے ہیں اور اکثر اعمال کو ادھورا چھوڑ دیا ہے میں نے اُن کی تحریروں پر غور کیا ہے اور ان کا بیشتر حصہ محض خود ساختہ باتیں ہیں جس قدر حکایات یا اعمال لکھے ہیں وہ اُن کے خود وضع کردہ ہیں ہو سکتا ہے کہ چند باتیں اُن کو براہ راست بھی پہنچی ہوں لیکن اکثر اعمال کی ترکیب انھوں نے اپنے علم و اجتہاد سے وضع کر لی ہیں ایک کتاب میں پوری پچاس ترکیبیں احجار کو مکلس یعنی پتھروں (ہیرا زمرد نیلم وغیرہ) کو شگفت کرنے کی میری نظر سے گزریں اور ہر ایک ترکیب کے ساتھ کسی نامعلوم شخص کا نام یا کسی واقعہ کو درج کر دیا گیا تھا حالانکہ ایک نسخہ بھی مصنف کا آزمودہ نہ تھا اور اس قسم کی ترکیبیں بہ حیثیت علم کے بالکل صحیح ہیں لیکن مصنفین ان کو اپنی وضع کردہ یا غیر مجرب لکھنے کی جرات نہ تھی ورنہ کتاب ایک خود ساختہ فرضی قصہ سے زیادہ قدر و قیمت نہ رکھتی۔

اس فن کے متعلق چند باتیں لکھنا اپنا فرض سمجھتا ہوں اور وہ یہ ہیں:—

(الف) اس میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں یہ علم ایک علم الٰہی ہے اور کونسا علم علم الٰہی نہیں فرق صرف اس قدر ہے کہ یہ علم چونکہ مشکل و محنت طلب زیادہ ہے اور اس میں تعلیلیوں کا گمان بیشتر ہوتا ہے جلب منفعت و حصول زر کے نتائج ہیں، اسلئے حکما و علمائے فن نے اس کو علم الٰہی قرار دے دیا۔ اس سے کمتر درجہ پر طب ہے لیکن اس میں بھی اہل دنا اہل اور امساک و بخل کی شرمناک لعنتیں اور اخفا و پردہ داری کے لئے ہزار قسم کے حیلے بہانے

تراشے گئے ہیں، اور لطف یہ ہے کہ جہاں کہیں نسخہ اچھا لکھا وہاں ساتھ ہی لکھ دیا کہ خدا مواخذہ نہ کرے خواہ وہ نسخہ غلط یا خود ساختہ یا غیر محسوس ہی اس قدر پیچیدہ ہو کہ خاک فائدہ اس سے نہ اٹھایا جا سکے لہٰذا مطلب یہ ہے کہ میں ان باتوں کے یکسر خلاف ہوں میں کیمیا کو ایک علم صنعت سے زیادہ نہیں سمجھتا اور جس نے بھی اس کو علم صنعت سمجھا وہ ضرور کامیاب ہوگا حکمائے مغرب نے ابتدا میں ہماری قدیم عربی کتب سے استفادہ حاصل کر کے اسکے عملی تجارب شروع کئے اگرچہ مشرق میں زیادہ تر نباتات ہی پر علم کیمیا کی بنیاد رکھی گئی تھی لیکن حکمائے عرب اور مسلم محققین فن نے تیزابوں اور دیگر ادویہ سے بھی کافی کام لیا ہے اور علمائے مغرب کی تمام کتابیں انہی کے مجموعہ ہائے اوراق پر مبنی ہیں حکمائے یورپ نے کیمیا کے اصل مفہوم کو چند سالوں کی محاصل تگ و دو کے بعد سمجھ لیا اور انہوں نے اس کو محض ایک علم صنعت قرار دیکر بڑے بڑے دواخانے، کارخانے، انجمنیں، دار التجارب، انسٹی ٹیوشن وغیرہ قائم کر دیں جن کے ہزاروں ممبر اور کروڑوں روپے اخراجات کے لئے صاحب استطاعت ہر سال چندہ دیتے ہیں ان انجمنوں نے اس علم صنعت کے ذریعہ سے کیمیکل گولڈ و سلور تیار کیا ہے اور اسی قسم کی تمام مصنوعی چیزیں انہی کی محنت و تجسس کا نتیجہ ہیں اور ہندوستان اور دیگر ممالک میں یہ مصنوعی سونا چاندی وغیرہ کروڑوں پونڈ کا بے دریغ فروخت ہو رہا ہے اس کے علاوہ حیرت انگیز صنعتی ایجادیں کر کے مثلاً رنگ بنانا جس کی تجارت پر جرمنی جیسی باجبروت و وسیع سلطنت کی نصف آمدنی کا انحصار ہے یورپین حکومتوں نے مال و زر کو اپنا غلام بے دام بنا لیا ہوا ہے لیکن بدقسمتی سے ہم نے محض اصل سونا چاندی بنانے پر ہی اپنی تمام عمریں صرف کر دیں اور صنعتی کاموں میں دلچسپی نہ لی یورپ سے مصنوعی موتی اور انگشتریوں کے نگینے اس کثرت سے آتے ہیں کہ حیرت ہوتی ہے اور یہ بھی ایک مشرقی ایجاد تھی جو مطابق اصل کے بنا

کیا کرتے تھے لیکن یہاں تو علوم محض کتابوں میں ہیں اور اس قسم کے کاموں کو ہم محض ایک فضول سر دردی سمجھے ہوئے ہیں ۔

کیا ہم نقلی سونا چاندی بنا کر یورپ کی طرح سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے جس میں کسی قسم کا خدشہ نہیں اور تکلیف و محنت بھی کم ہوتی ہے نیز کامیابی بھی زیادہ ممکن ہے ماحصل اس تحریر کا یہ ہے کہ ہندوستان کے شائقین و کیمیاگروں کا فرض اولین یہ ہے کہ آیندہ سے اس کو ایک "مہوسی" کا آلہ نہ بنائیں بلکہ ایک علم صنعت تصور کریں ۔

(ب) جب ہم نے تسلیم کر لیا کہ یہ علم ایک علم صنعت ہے تو ضروری ہوا کہ صنعت کے لئے باقاعدہ تعلیم، اُستاد اور آلات موجود ہوں ۔

تعلیم کے لئے کتب سے استفادہ حاصل کرو بغیر علم کے انسان معمولی نوشت و خواند اور گلستاں بوستاں کو بھی سمجھ نہیں سکتا تو اس قدر دقیق و مشکل مسائل کو کس طرح سے سمجھ سکیگا مجھے معلوم ہے کہ اکثر شائقین کے پاس اس علم کی ابتدائی کتب بھی موجود نہیں وہ محض سینہ بسینہ باتوں ہی کو تجربہ کرتے یا ادھر اُدھر سے سُنی سنائی باتوں کو اپنا دستور العمل بنائے ہوئے ہیں ۔

دوئم اُستاد کی ضرورت ہے کم از کم ایسا اُستاد یا مشیر کار ضرور ہو جو اسکی اصطلاحات کی تشریح صحیح کر سکتا ہو جو ضروری نکات کو ذہن نشین کرنے کی قابلیت رکھتا ہو اس قسم کا آدمی مقامی جگہ میں تلاش کرو ورنہ باہر سے اپنے قرب و جوار میں معلوم کر کے اس سے استفادہ کرو ہم گھروں میں کھانا پکتا روز دیکھتے ہیں اور پھر بھی اگر ضرورت پڑے تو بغیر رہنمائی کے کامیاب نہیں ہوتے تو اس قدر مشکل کام کے لئے بھی رہنمائی کی ضرورت ہے ۔

سوئم آلات کا ہونا لازمی امر ہے میرا دعویٰ ہے کہ ۹۹ فی صدی شائقین کے پاس آلات موجود نہیں ہیں دھونکنی کٹھالیاں قرعہ انبق شیشے کے برتن ہر قسم کی آتشی شیشیاں مقطر کرنے کے آلات آلہ تصعید قرع معکوس نمک بنانے و جوہر

اُڑانے کے آلات، آتش آبی کے آلات، تیزاب ہر قسم دھاتیں ناپنے اور تولنے کے آلات، دبا کر روغن نکالنے کے آلات، بالو جنتر کے آلات، حرارت معلوم کرنے کے آلات، الغرض اسی قسم کے بہت سے سامان ہیں جن کے بغیر قدم قدم پر غلطی کھانے اور ٹھوکر لگنے کا اندیشہ ہے۔ معمولی معجون یا عرق بنانے کے لئے آپ کو ہاون دستہ، چھلنی، دیگچی، کفگیر، دسپنہ، آہنی کڑچھی، عرق نکالنے کا آلہ وغیرہ کئی اشیاء کی ضرورت ہے اور کوئی عطار یا دوا ساز اس کے بغیر کام ہی شروع نہیں کرتا لیکن ایک کیمیاگر ہیں جو بغیر اسباب ظاہری کے دوڑے پھرتے ہیں اور دعویٰ رکھتے ہیں کہ سونا چاندی بنا لینگے، کٹھالی موجود نہیں، دھات کو چرخ دلانے کے لئے سنار کے پاس دوڑے جاتے ہیں، خراب گھسنے والے کھرلوں میں دوائیں گھوٹ رہے ہیں، بوٹیوں کو مقطر کرنے کے آلات موجود نہیں، ثقل سمیت عمل ہو رہا ہے، نمک بنانا نہیں آتا، آلۂ تقطیر موجود نہیں، الغرض کہاں تک لکھا جائے اپنی حالت پر افسوس آتا ہے کوئی انسان بغیر آلات کے کسی صنعت کو حاصل نہیں کر سکتا، کیا لوہار و بڑھئی بغیر اپنے آلات کے کام کرتے ہیں؟ کیا زرگر بغیر اپنے سامان کے دکان پر کام کرتا ہے؟ پھر کیا وجہ ہے کہ کیمیاگر بغیر آلات کے کام کرتے نظر آئیں مجھے اُمید ہے کہ جن اصحاب کو اس کا شوق صحیح ہے اور اُنہوں نے اس کو ایک صنعت یقین کر لیا ہے وہ سب سے پہلا کام آلات کو جمع کرنے کا کرینگے کیونکہ بغیر آلات کے کوئی کام ہونا مشکل امر ہے۔

(ج) جب ہم نے اس کو ایک علم صنعت یقین کر لیا اس علم کی کتب کو اپنے پاس موجود رکھ کر اُن کو بغور مطالعہ کیا، کسی نہ کسی اُستاد یا ماہر فن سے امداد بھی لی، آلات کیمیاوی کو جمع کر لیا تو اُس کے بعد یہ ایک اور ضروری اصول ہے جو طریق کار سے قبل ہمیشہ مدنظر رکھنا پڑیگا اور وہ یہ ہے کہ اس علم کو ابتدا میں ہم حصول زر و طریق معاش کا ذریعہ نہیں بنا سکتے گویا ہم نے اس علم کے تجارب کو ایک علمی کورس سمجھنا ہے اور اپنے آپ کو بہ حیثیت ایک طالب علم کے جاننا ہے، پھر لابد علم کو

اپنے مساق حاصل کرنے کے زمانہ میں تو کسی قسم کی دقت نہیں ہوا کرتی اور اپنے آپ کو دشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا ایک تو اپنی ضروریات زندگی کے لئے کسی دوسرے ذریعہ سے فکر معاش کرنا ہوگا اور پھر اس میں سے کچھ بچا کر اس کام کے علم حاصل کرنے میں بھی خرچ کرنا ہوگا آپ کا وقت تقسیم ہو جائیگا جس کا بیشتر حصہ تو اپنے دوسرے کاروبار میں صرف کریگے اور کچھ وقت اس علم کی تحصیل پر لگائیگے ۔

جو لوگ اپنے کاروبار کو ترک کر کے اس کے شوق میں اپنا اندوختہ بھی پھونک ڈالتے ہیں وہ بہت بڑا گناہ کرتے ہیں کیونکہ آئین اخلاق و مذہب کی رو سے پرورش عیال و اطفال فرض اولین ہے ۔ بغیر قوانین فطرت کی پابندی کے کوئی انسان دنیا میں دائمی آرام حاصل نہیں کر سکتا ۔ ؎

دہر میں عیش دوام آئین کی پابندی سے ہے
موج کو آزادیاں سامان شیون ہو گئیں (اقبال)

ماحصل اس تحریر کا محض یہ ہے کہ جتنی چادر ہو اتنے پاؤں پھیلاؤ جس قدر خاطر وقت اور قلیل رقم اس پر خرچ کر سکو اس سے زیادہ نہ کرو کیونکہ آپ نے تو محض علم حاصل کرنا ہے علم کی جستجو و شوق ہے اسکے حصول میں اگر کامیابی ہو گئی تو پھر آپ اپنے دستور العمل میں مناسب تغیرات کر سکتے ہیں ایک عالم کیمیا نے کیا خوب لکھا ہے کہ "کیمیا حاصل کرنے کے واسطے علم و عقل و دستکاری اور پرہیزگاری چاہئے" ۔

(د) ۔ اس کے بعد اس علم کو بطور علم کے پڑھو اور ساتھ ساتھ تجارب کرتے جاؤ اس علم کی بنیاد تین چیزوں کے ملانے میں ہے اور وہ جسم نفس اور روح ہیں ان کی تشریح آگے آئیگی ان کو ملانے سے قبل تین باتوں کا ہونا ضروری ہے اول دھاتوں کا صاف کرنا دوم ان کو صحیح اوزان سے ملانا اور سوم آگ کا صحیح اندازہ ۔ یہ تین بنیادی اصول ہیں جو کیمیا کی جان ہیں اور اس

کتاب میں ان کے متعلق ضروری معلومات اختصار سے پیش کر دونگا۔

اس باب میں بندہ ان باتوں کو تفصیل سے لکھنا نہیں چاہتا جو اس علم کی کتابوں میں درج ہیں مثلاً جوہر اُڑانے کی ترکیب یا اصطلاحات وغیرہ کی تشریح کیونکہ وہ تمام کتب میں موجود ہیں اُن باتوں کو یہاں دُہرانا کتاب کے اوراق کو بڑھانا اور آپ کا فضول وقت ضائع کرنا ہے میں تو رازوں کے چہرے سے پردہ اُٹھانے اور اس علم کو نہایت سہل آسان عام فہم الفاظ میں لکھنے کی کوشش کرونگا اور راستہ کو ایسا صاف و ہموار بنا دونگا جس کے بعد ایک قابل آدمی محنت و مشقت سے اس علم صنعت کی منزلیں طے کرتا چلا جائے اور اگر فضل ایزدی شامل حال ہو تو منزل مقصود تک جا پہنچے اور اس کام میں اُس کے لئے پہلے کی نسبت غلطیوں کا کم گمان اور اخراجات و اوقات کا کم خرچ بھی ایک خصوصیت ہوگی اور پھر اس کے بعد بھی میرا دعویٰ ہے کہ اللہ پاک مجھ سے کسی قسم کا مواخذہ نہیں کریگا بلکہ وہ خوش ہوگا کہ میں نے غلطیوں اور فاش غلطیوں میں مبتلا گمراہوں کو راہ راست پر لانے اور اُن کے عمل کرنے کے لئے ایک بہترین پروگرام مجوز کر دیا ہے اور اس جدید روش کے اظہار کے بعد اگر مجھے فرصت ملی اور حالات نے اجازت دی تو کبھی زیادہ تفصیل سے بھی اظہار خیالات کرونگا ورنہ کوئی بندہ خدا اس جانب توجہ کر کے اس کو زیادہ مکمل بھی بنا دیگا۔

شاید میرے اس اصول و اظہار خیال سے اُس جماعت کو ایک صدمہ عظیم پہنچیگا جو کتم راز اہل و نااہل علم الٰہی امساک و بخل اور اسی قسم کے سینکڑوں پُر پیچ طلسموں میں اسیر ہیں کیونکہ میرے خیالات و اصول اُن سے قطعاً مختلف تھے میں تو صرف یہ جانتا ہوں کہ اللہ پاک نے دُنیا کو پیدا کیا اور انسان کو بنایا جو اُس کا نائب و خلیفہ ہے اور اس کے سپرد اس عالم کو مکمل کرنے کا کام سپرد کر دیا اور انسان اس عالم کو مکمل کرنے میں مصروف ہے پھر جو لوگ اس علم کو مٹانے اور سینکڑوں

چھپانے کا فرض انجام دے رہے ہیں وہ منشائے الٰہی کے خلاف عمل کر رہے ہیں اور ایک بڑے گناہ کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ ماحصل اس تحریر کا یہ ہے کہ اللہ پاک نے جس قدر معلومات مجھ کو دی ہیں اُن کو آپ کے سامنے صرف اس نیت سے رکھ رہا ہوں کہ آپ کو فیض پہنچے اور لوگ راستی کی طرف متوجہ ہوں اور اللہ پاک ہی مجھے اس کوشش میں کامیاب بنا سکتا ہے۔

مندرجہ بالا اصولوں کے انکشاف کے بعد اب عملی میدان کی طرف توجہ کی جاتی ہے

اکسیر کے لئے تین چیزیں

رُوح۔ جسد۔ نفس

رُوح چار ہیں۔ جست۔ پارہ۔ نوشادر۔ سم الفار

لیکن افلاطون نے اس میں تین کا اضافہ کر دیا ہے یعنی کافور، کبریت، زرنیخ اور قول افلاطون صحیح ہے پس جست، پارہ، نوشادر، سم الفار، کافور، کبریت اور زرنیخ کو ہمیشہ ارواح تصور کرو۔

اجساد بھی سات ہیں اور وہ یہ ہیں سونا، چاندی، لوہا، تانبا، سکہ، قلعی، جست۔

نفس سات ہیں۔ پھٹکڑی، زاک زرد، زاک سرخ، منسل، لاجورد، شنگرف، سونا مکھی۔

ان تینوں کا اصولی کام۔ جسد مثل جسم کے ہے جو ایک چیز مادی ہے بے جان اور اس پر بنیاد ہے۔ اس میں رُوح داخل ہو کر اُس کو حرکت دیتی اور اُس میں زندگی پیدا کرتی اور وزن کو درست کرتی ہے۔ اس کے بعد نفس ہے جو دونوں کی ملاوٹ کی تکمیل کر کے اُس کے رنگ و وزن کو پختہ کر کے خود علیحدہ ہو جاتا ہے

ان تینوں کی ملاوٹ میں اور بھی کئی چیزیں بطور امداد کے شامل ہیں کئی اقسام کے بورق، نمک اور مجربات وغیرہ جن کا علیحدہ علیحدہ بیان دیکھو کاشف الرموز و مخزن الکیمیا میں۔ یہاں سوائے خاص امور کے ان باتوں کا تفصیل سے ذکر ہونا محال ہے۔

اجساد، انفاس اور ارواح کا مصفّا کرنا

نصف صنعت یا کیمیا گری دھاتوں، ارواح و انفاس کا مصفا کرنا ہے۔ بالخصوص

دھاتوں کا۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ رنگریز کسی ایسے کپڑے پر رنگ نہیں کر سکتا جو اُجلا نہ ہو۔ میلے کچیلے کپڑے پر اول تو رنگ نہیں آئیگا اگر رنگ آیا بھی تو وہ خراب و ناقص ہوگا پس اس اصول کو یاد رکھو کہ اول ہر دھات نفس و رُوح کو مصفا و مجلا کر لو اور جو عیوب اُس میں موجود ہوں اُن کو دُور کر دو۔ آپ کا پہلا سبق میدانِ عمل میں ان اشیاء کا صاف کرنا ہے، ہر ایک شوقین صنعت کا فرض اوّلین یہی ہے کہ اُس کی الماری میں مصفا پارہ، مصفا جست و تانبہ، سکہ قلعی لوہا کبریت زرنیخ وغیرہ وغیرہ موجود ہوں تاکہ ضرورت پر اُسے ہر چیز کے لئے جداگانہ عمل کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے بلکہ بطور مشق اور نصف کام سیکھنے کے وہ ہر ایک چیز کو مطابق اصولوں کے صاف کر کے تیار و مہیا رکھے۔ ذیل میں چند آسان صحیح اور بہترین تراکیب ہر ایک چیز کو مصفا کرنے کی درج کرتا ہوں۔

پارہ۔ پارہ کو چالیس بار موٹے کپڑے میں سے نکالو پھر اس کو ایک یوم شکر میں کھرل کر کے دھو ڈالو اور شکر کو خارج کر دو پھر ایک دن زرد چوب سے ایک دن رائی سے اور آخر میں دو دن خشت کہنہ سے کھرل کر کے دھو ڈالیں نہایت مصفے اور عمدہ ہو جائیگا آخر میں پھر چند بار کپڑے میں نچوڑ کر شیشی میں ڈالکر محفوظ رکھیں۔

سم الفار کا صاف کرنا۔ سم الفار زرد یا سفید کو لیکر اس قدر سحق کرو کہ وہ مثل غبار کے ہو جائے پھر سم الفار زرد کے ہمراہ ہموزن کا ہی زرد اور سم الفار سفید کے ہموزن نمک طعام ملا کر کھرل ایک گھنٹہ تک کر کے آتشی شیشی میں ڈالکر ایک دن نرم آنچ دیں ہر دو کو جدا جدا شیشی میں ڈالنا چاہئے آگ سرد ہونے پر آتشی شیشی کے گلے میں جو ہر لگے ہونگے اُتار کر محفوظ رکھیں یہ جوہر سم الفار مصفا ہے۔

گندھک صاف کرنا۔ گندھک اور اس کا ہموزن نمک سنگ لیکر دونوں کو ۱۶ گھنٹہ تک سرکہ میں کھرل کریں اور رات کو پانی میں تر کر کے رکھیں، صبح اُوپر سے پانی نتھار دیں جو گندھک تہ نشین ہوگی اُس کو خشک کریں اور پھر جدید نمک سنگ کے ساتھ یہی عمل کریں یہ عمل سات بار کریں گندھک مصفا

ہوگی اس کا رنگ مائل بسفیدی ہوگا محفوظ رکھیں ۔

فولاد کا صاف کرنا۔ فولاد حدہ کے پتوں کے پتے تیار کریں پھر ان پتوں پر ترپھل کو سرکہ میں تر کر کے لیپ کر کے آگ میں جلا جلا کر اچھی طرح سے گرم ہو جائے تو ترپھل کے پانی میں بجھا دیں یہ عمل ۱۲ سے ۱۴ بار کرنا کافی ہے اب یہ فولاد ست ہے ۔ محفوظ رکھیں ۔

جست قائم النار ہو تو تانبہ کو طلا کر سکتا ہے اور پارہ کو نشست دیتا ہے ۔

تخلیہ جست۔ ایک پاؤ جست کو پگھلا کر اس پر تولہ سہاگہ اور تولہ نوشادر پکی پکی کر کے ڈالیں اور گھیکوار کی شاخ سے ہلاتے رہیں یہاں تک کہ آدھ سیر گھیکوار بکھر ف ہو جائے پھر اس کو ۵ سیر پانی میں آنچ دیں اور نکال کر چھان دیں اسوقت روغن کنجد قطرہ قطرہ اس پر ڈالتے رہیں یہاں تک کہ ایک چھٹانک روغن خشک ہو جائے پس اتار کر رکھیں ۔ یہ جست مصفا ہے ۔ اس کو محفوظ رکھیں ۔

نوشادر صاف کرنا۔ نوشادر ایک تولہ کی ڈلی کو ایک پاؤ سرکہ کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے ہسیر کی آنچ دیں مصفا اور قائم ہوگا ۔

نوشادر مصعد۔ نوشادر کے ہموزن کاہی نرمہ لیکر دونوں کو اچھی طرح سے کھرل کر کے شیشی میں ڈال کر ۲ گھنٹہ نرم آگ دیں دونوں کے جوہر سرخ و سفید علیحدہ علیحدہ حاصل ہونگے پھر جدید کاہی نرمہ ہموزن جوہر کے ملا کر سحق کر کے پھر جوہر اڈائیں اب کی دفعہ بہت ہی سرخ ہونگے یہ جوہر چاندی کو زرد رنگتے ہیں تانبہ کو نرم اور قلعی کو سخت کرتے ہیں اور بٹر تال دگنہ تک کو حل کرتے ہیں نیز پارہ کو گرہ دھد کرنے میں امداد دیتے ہیں ۔

تانبہ کا سفید کشتہ لعابدار شیرہ، دودھ اور تیل کو پھاڑ کر ریق کر دیتا ہے ۔

تانبہ کا صاف کرنا۔ تانبہ کو لیکر آگ میں خوب گرم کریں پھر پان جو صاف دار ہو اس کے پانی میں (پچاس یا سو مصالحہ دار پان تیار کرو اگر ان کو گھوٹ کر پانی نکالیں) ۱۴ بار بجھا دیں پھر دو تولہ میں پر ۱۶ تولہ لاکھ لودہ کی ایک ایک سٹر کے

حساب سے چٹکیاں دیتے جائیں یعنی اس کو آگ پر سرخ کریں اور نیچے کوئلوں کا ڈھیر
تیز رکھیں اس پر باریک شدہ لاکھ لودہ کی چٹکی ڈالیں جب ایک چٹکی جل جائے
تو دوسری چٹکی دیں اسی طرح سے تمام دوا کو ختم کر دیں پھر تانبہ کو نکال کر صاف و جلا
ہوگا۔ محفوظ رکھیں ۔

(۲) نوشادر ۵ تولہ پھٹکڑی سفید ۵ تولہ نمک سبجی ۳ تولہ سب کو صاف پانی میں حل
کر کے اس کے پانی میں تانبہ کے ٹکڑوں کو دھونا اور کھرل کرنا تانبہ کی سیاہی کو
دور کر کے اس کو صاف بنا دیتا ہے ۔

(۳) ایک تولہ چورہ تانبہ ایک تولہ گندھک آدھ سیر کے نیچے اوپر رکھ کر خوب گرمی دیکر
کر کے پانچ سیر کی آنچ دیں گشتہ ہوگا اس گشتہ تانبہ کو ماء الجبوۃ دیکر چرخ دو ایں
ایک ماشہ کی ٹکیہ برآمد ہوگی اس کو نمک دیکر دھو ڈالیں یہ صاف و لاجواب ہے ۔

قلعی کو صاف کرنا قلعی کو پگھلائیں اور اس پر نوشادر کی چٹکی دیں،
جب نوشادر جل جائے تو روغن سرشف (مرسوں) میں قلعی کو بجھا دیں جس برتن
میں تیل ہو وہ گہرا ہو اور اوپر مٹی کا سرپوش ہو جس میں سوراخ ہو اس سوراخ کے
ذریعہ سے قلعی کو تیل میں گرائیں ورنہ قلعی اچھل کر باہر گر پڑتی ہے یہ عمل ۴ بار
کریں قلعی صاف ہو جائیگی۔ محفوظ رکھیں ۔

سکھ صاف کرنا سرب کو گلا کر اس پر سہاگہ کی گولیاں طرح کریں یہ
گولیاں سفیدی بیضہ مرغ میں تین روز کھرل کر کے خشک کی جاتی ہیں۔ یہ سرب
سفید ہو جاتا ہے۔ محفوظ رکھیں ۔

قیام انفاس و ارواح سیماب چھ ۔ ایک بیضہ مرغ لیکر اسکو خالی
کریں اور اس میں ۲ تولہ عرق تلسی ڈال کر ایک تولہ سیماب ڈال دیں اور بند کر کے
انڈے کے چھلکا سے دہن کو خوب مضبوطی سے بند کر کے گل حکمت کریں اور
نہایت عمدہ مسالہ سے بیضہ کو مضبوط بنائیں مثل روئی، سفیدی بیضہ، چونہ
ملتانی مٹی، دیسی مٹی وغیرہ کوٹ کر مسالہ تیار کر کے اس کا اس پر لیپ کر کے سایہ میں

تک کریں پھر آدھ سیر اُپلے صحرائی کی محفوظ الہوا آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں اگر
برآمد ہوگا ورنہ مکرر عمل کریں۔ آگ اور گل حکمت پر سارا عمل موقوف ہے اگر اول
بار کامیابی ہو تو پھر کریں کیونکہ آخر ہو جائیگا اسی سیماب کو لیکر چار تولہ ریٹھا یعنی
جدی ہندی کا سفوف کر کے نیچے اُوپر مضبوط گل حکمت کر کے دو سیر صحرائی اُپلوں
کی محفوظ الہوا آنچ دیں اس کی ایک سخت قائم النار گرد تیار ہوگی ۔
سم النار قابل طرح ہو تو بس دقلی پر طرح کرنا چاہیے۔

قیام سم النار۔ سم النار قائم کرنے کے لئے شورہ قائم ایک عمدہ چیز
ہے اور وہ شورہ بہتر ہوتا ہے جو ہڈی کے ذریعہ سے قائم کیا گیا ہو یا نمک کے
ذریعہ سے۔ اس قسم کا شورہ لیکر سم النار قائم کر سکتے ہیں۔ چنانچہ
ہڈی سے قائم شدہ شورہ بالخصوص ہاتھی دانت کا جو ایک ہڈی ہے اور تمام
ہڈیوں میں بہترین و افضل ہے بہت اچھا ہوتا ہے ہاتھی دانت سے قائم کردہ شورہ ایک
پاؤ لیکر اُس میں ایک چھٹانک سم النار ملکھ کر کوزہ میں بند کریں اور آدھ سیر سرخ
کوئلوں میں رکھیں سم النار سرخ کھا کر قائم ہوگا یا ایک تولہ سم النار کو دو تولہ شورہ قائم
بذریعہ نمک میں دیکر کوزہ کو خوب حکمت کر کے ایک سیر اُپلے کی آنچ دیں ابھی آنچ سرد
ہونے لگے تو ایک سیر اُپلے اور توڑ کر لگا دیں اس طرح سے ۱۲ گھنٹہ آنچ دیتے
رہیں اور کسی وقت بھی آنچ ایک سیر سے زاید نہ ہو سرخ خمدہ قائم سبز رنگ سبز نکلتا
ہے شورہ قائم بذریعہ مسفوف پوست ریٹھہ یعنی ایک پاؤ قلمی شورہ کو کوٹ چھان کر
پھلائیں اور اُس پر ۲ تولہ پوست ریٹھہ کی چٹکیاں دیتے جائیں پوست ریٹھہ حل
جانے کے بعد شورہ قائم النار ہوگا) ایک پاؤ لیکر اس میں ۴ تولہ سم النار بند کر کے
کوزہ کو بخوبی گل حکمت کر کے ایک سیر اُپلوں کی آنچ دیں سم النار سرخ خمدہ نکلیگا
جو چینی کی پیالی میں رکھنے سے مکھن کی طرح محلول ہو جائیگا۔ یہ کام کی چیز ہے۔

گندھک کو قائم و سفید کرنا۔ ۴ تولہ گندھک کو مصفا برتن میں کیلا
کے ۱ سیر مصفا و مقطر پانی میں ملائیں تو گندھک قائم ہو جاتی ہے اور اُسکا شعلہ بند

ہو جاتا ہے ۔ (۲) نوشادر قائم النار کی امداد سے بھی گندھک قائم و سفید ہو جاتی ہے ترکیب اس کی یہ ہے کہ لوہے کے مصفا برتن میں گندھک کو آنچ پر رکھیں اور گندھک کے ہموزن نوشادر قائم النار جس کو عرق لیموں میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کر لیا ہو کی چٹکیاں دیتے جائیں جب ایک چٹکی کا نوشادر قائم جل جائے تو دوسری چٹکی ڈالا کریں دھواں اس گندھک کا دور ہو جاتا ہے اگر یہ عمل درست ہو گیا تو پارہ پر دو چار چٹکی طرح کرنے سے وہ تہ نشین ہو جایا کرتا ہے ۔

ہڑتال اگر سرخ یا قائم ہو جائے تو جست و پارہ کے عقد کو قائم کر سکتی اور طرح کے قابل بنا دیتی ہے ۔

اگر اس کا سفید باوزن کشتہ ہو جائے تو پارہ کی گولی یعنی عقد کو بٹھاتی ہے یعنی چرخ کھا کر اس کی چاندی بن جاتی ہے ۔

اگر اسکے جوہر تہ نشین ہو جائیں یعنی قائم ہو جائیں اور اڑنے بند ہوں تو تانبہ مصفا پر طرح کرنے سے اس کو سفید کر دیتے ہیں ۔

اس کا سیاہ رنگ کا کشتہ اگر قائم النار باوزن ہو تو قلعی پر طرح کر کے دیکھیں تو اس کو چاندی کے رتبہ تک پہنچاتا ہے ۔

قیام ہڑتال طبقی سم الفار محلول جو بذریعہ شورہ قائم پوست ریٹھہ والا جس کا ذکر قیام سم الفار میں کر چکا ہوں اس روغن محلول میں سے چند قطرے ایک تولہ ہڑتال پر لگا کر نرم آنچ پر تطویہ کریں یہ عمل تین بار سے ۵ بار کرنے سے ہڑتال غواص قائم بشکل موم تیار ہو جاتی ہے ۔

رسکپور کے جوہر اگر قائم النار ہوں تو تانبہ پر طرح کرنے سے اس کی چاندی بناتے ہیں اور قلعی کو قمر (چاندی) کر دیتے ہیں ۔

قیام رسکپور ۔ رسکپور ایک تولہ کو تھوہر کے دودھ میں ۱۴ گھنٹہ تک متواتر کھرل کر کے ایک ٹکیہ بنا کر ایک ابرک کے ٹکڑے پر رکھ کر دھیمی آنچ کو بیلوں پر رکھیں کہ رطوبت اس ٹکیہ کی دور ہو جائے یہ عمل تین بار کریں، پھر چار گھنٹہ

تیزاب خام دو قسم کھرل کر کے چینی کی پیالی میں رکھیں اور نرم آنچ یا گرم ہوا میں تشویہ دیں کہ خشک ہو جائے ۔

ریکپورا دو۔ بالخصوص مندرجہ بالا اعضاء کے دائع اور بختی کو دور کرنے میں مفید ہے

شنگرف اگر قائم و موميا ہو جائے تو چاندی کو سنہری رنگ دیتا ہے۔ لہذا جب اس قسم کا شنگرف تیار ہو جائے تو اسکو چاندی کو چھونے دیکر طرح کرنا چاہئے ۔

قیام شنگرف۔ ایک تولہ شنگرف کو ۲ تولہ ناریل کے گودہ کے لعاب میں پیٹ کر ایسے کوزہ گل حکمت شدہ میں رکھیں جس میں آدھ پاؤ دانہ حنظل نیم کوفتہ فرش کئے ہوں اس پر اور آدھ پاؤ دانہ حنظل ڈال کر کوزہ کا منہ بند کر کے گل حکمت کر کے آٹھ سیر اپلوں کی آگ اس طرح سے دیں کہ کوزہ کے اردگرد اور نیچے آنچ رہے اور حلق کوزہ کا باہر رہے سرد ہونے پر نکالیں انشاء اللہ شنگرف قائم ہو جائیگا ۔

(۲) شنگرف ۲ تولہ لیں اور ایک کوزہ میں آدھ سیر چونہ آب نادیدہ فرش کر کے اس پر کنوار گندل کا ایک گولا بچھا کر اس کے درمیان یہ شنگرف رکھیں اور اوپر پھر آدھ سیر چونہ ڈال دیں اس برتن کے نیچے ۸ سیر بیری کی لکڑی آنچ دیں سرد ہونے پر نکالیں شنگرف قائم ہو جائیگا ۔

(۳) ایکتولہ شنگرف کو آدھ پاؤ برانڈی شراب میں یہاں تک کھرل کریں کہ تمام شراب کھرل میں خشک ہو جائے پھر ایکتولہ سفیدی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور ایک مٹی کے کوزہ میں رکھ کر دیسوں کاغذی کا سفوفی ڈالیں دو سے ایک جھاگ اٹھیگی اسکو بند کر کے ۴ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ ہر عمل کے لائق نکلیگا ۔

قیام جست۔ پانچ تولہ برادہ جست کو ۲۰ تولہ روغن کنجد کے ساتھ ایک کڑاہی آہنی میں آگ پر رکھیں روغن جل جائیگا اور جست کا کشتہ ہوگا پھر اس کشتہ کے برابر نمکلا ہوری ملا کر کھرل کریں اور صرف ۲ سیر اپلہ صحرائی کی کوزہ میں بند گل حکمت

کر کے آگ میں یہ عمل سات بار کرنا چاہیئے پھر اس میں تھوڑا تھوڑا سیماب ملا کر کھرل کرتے جائیں اس قدر سیماب کھرل کریں کہ جذب ہوتا جائے پھر آگ پر چڑھا دیں سیماب اُڑ جائیگا اور جست قائم باقی رہ جائیگا ۔

ایک اور ترکیب بھی ہے جو اگرچہ محنت طلب ہے لیکن فوائد میں بے مثل ہے وہ یہ ہے کہ جست شیر میں ۸ تولہ میں سیماب مصفےٰ جس کا ذکر اول ہو چکا ہے ملا کر کڑاہی میں رکھیں نیچے آگ جلائیں اور ایک پاؤ انبہ ہلدی پیس کر تھوڑی تھوڑی پچکیاں ڈالتے جائیں پھر دو پہر عرق لیموں میں کھرل کرتے رہیں اسکے بعد خشک کر کے دو پیالوں میں ابرک کے ٹکڑے اس دوا کی ٹکیہ کے نیچے اُوپر رکھ کر بند کر کے خوب گل حکمت کریں اور ۲ سیر کی آنچ دیں اس طرح سے ایک سو آنچ دیں ایک دن میں تین آنچیں تک دی جا سکتی ہیں جست قائم النار بھی ہوگا اور غواص بھی ۔ ایک رتی ایک تولہ مصفا جس کا ذکر پیشتر ہو چکا ہے میں ملکر ۲ سیر کی آنچ دیں رنگ ہو جائیگا جو کبھی نہیں اُڑتا ۔

نوشادر کا آتشی تیل شنگرف قائم کو غواص بنا دیتا ہے جس کو چاندی پر طرح کرنے سے زر بنتا ہے ۔

نوشادر قائم کرنا ۔ انڈے کے چھلکے کی سفید راکھ آدھ پاؤ نوشادر آدھ پاؤ کے نیچے اُوپر دیکر کوزہ گلی میں بند کر کے ۴ گھنٹہ نرم آنچ نیچے جلائیں نوشادر قائم النار ہوگا ۔

(۲) شورہ قائم بذریعہ آب بھی (دیکھو ترکیب قیام قلمی شورہ) ایسکرا اس میں نوشادر کی ڈلی خوب محفوظ کر کے ۱۶ گھنٹہ آنچ دینے سے نوشادر قائم سنڈھ ہو جاتا ہے ۔

قیام قلمی شورہ ۔ آک کے پتے بیری کے پتے شیشم کے پتے اور ہینگ کے پتے ہر ایک ایک چھٹانک کوٹ کر گندہ بنا کر تولہ شورہ قلمی درمیان دیکر کوزہ میں بند کر کے ۶ سیر اُپلے کی آنچ دیں شورہ قائم النار ہوگا ۔

(۲) سجی سفید ایک پاؤ لیکر ایک سیر پانی میں پیس کر دو دن تک بھگو رکھیں پھر اس کا مقطر حاصل کریں جس قدر مقطر حاصل ہو اسی قدر پانی ملا کر اس میں شورہ ملا کر پکائیں قائم النار ہوگا۔

(۳) بذریعہ ریٹھہ شورہ قائم کرلیں جس کا ذکر دوسری جگہ درج ہے۔

(۴) مدار کے پتوں کا عرق دھتورہ کے پتوں کا عرق بھنگ سبز کا عرق پیاز کا عرق ہر ایک مصفا و مقطر ہو ایک ایک سیر لیکر اس میں سے تھوڑے سے عرق میں آدھ پاؤ دیسی اجوائن کو بھگو دیں اس کو خوب پیس کر کپڑے میں سے چھان لیں اور اس چھانے ہوئے پانی کو مندرجہ بالا عرقوں کے مجموعہ میں ملا دیں یہ تمام مجموعہ عرق محفوظ پڑا رہے پھر اس کا مقطر لیکر اس میں ایک سیر شورہ کو پکا لیں یہ قائم النار ہو جائیگا اور اس قدر قوی ہوگا کہ اس میں تمام اڑنے والی چیزیں مثل سم الفار، دال چکنہ، رسکپور، ہڑتال وغیرہ قائم بھی اور مومیا بھی ہوتے ہیں ترکیب عام ہے جیسی سم الفار وغیرہ کی درج ہے۔

قیام نمک۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ کف دریا ایک تولہ نمک لاہوری ۲ تولہ تینوں کو زردی بیضہ مرغ ۲ عدد میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کریں پھر ان بجھا چونہ ایک پیالہ میں بچھا کر اس کے درمیان یہ ٹکیہ رکھ کر اور دوسرے پیالہ سے منہ بند کر کے گل حکمت کریں اور ایک سیر اپلوں میں آنچ دیں اس طرح سے چند بار ۲ عدد زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے جدید ان بجھا چونہ میں رکھ کر گیارہ آنچ دیں۔ قائم ہوگا۔

تشمیع ادویات

جب آپکو کیمیاوی ادویات کا صاف کرنا اور اسکے بعد ان کا قائم کرنا آجائے اور آپ ان دو کاموں میں مہارت پیدا کرلیں تو اس کے بعد عمل اکسیر کے تیسرے فن تشمیع کی طرف قدم اٹھانا چاہئے ادویات کو صاف کر لینے سے ان کے نقائص دور ہو جاتے ہیں اور وہ قائم کرنے کے قابل ہو جاتی ہیں اور جب وہ قائم ہو جائیں اور ان کا شعلہ بند ہو جائے انکی

رُوح اُن کے جسم میں قرار پکڑے اور وہ مُستعد ہو قائم ہو چکی ہوں تو اُس وقت تک وہ طرح کے کام میں نہیں آسکتیں تاوقتیکہ کہ وہ آگ پر ڈالنے اور اجساد پر طرح کرنے سے اُن میں نفوذ نہ کر جائیں اور کوئی سنڈھ یا قائم دوا اُس وقت تک نفوذ نہیں کر سکتی جب تک کہ وہ مشبع نہ ہو جائے اس کشادگی کے بغیر چارہ نہیں

ضروری نوٹ جس قدر اجساد (دھاتیں) احجار (پتھر) ہیں اُن میں سے کسی کو مشبع نہیں کر سکتے تاوقتیکہ وہ مکلس (کشتہ پیک) نہ ہو جائے جس قدر قیمتی یا معمولی پتھر مثل ہیرا یاقوت لعل زمرد وغیرہ ہیں اُن کو اکسیر میں لانے سے قبل اُن کو کشتہ کر لینا چاہئے جس سے وہ پیسا جا سکے اور ایسا ہی دھاتوں کو اول کشتہ کر لینا چاہئے اور یہ کشتہ اس قسم کا ہوتا ہے کہ دھات اپنے حجم میں بڑھتی نہیں ہے صرف پیسنے کے قابل ہو جاتی ہے اس کام میں تانبہ و چاندی کی تکلیس زیادہ استعمال میں آتی ہے ۔

احجار و اجساد مکلس کو مشبع کرنے کا قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ اُنکو نوشادر کی امداد سے مشبع کیا جائے اور ترکیب آسان اس کی یہ ہے کہ دوا کے برابر نوشادر مصعد ملا کر ایک آتشی شیشی میں ڈالکر بالوچتر کریں جب دوا اس قابل ہو جائے کہ جلدی پگھل جایا کرے تو حل و عقد کر لیں پھر اس کو کام میں لا سکتے ہیں ۔

رُوحی ادویات مثل سم الفار شنگرف ہڑتال پارہ وغیرہ جب قائم و سنگ مل جائیں تو اُن کو مشبع کرنے کے چند قواعد ہیں :-

اول طریقہ یہ ہے کہ بورہ (سہاگہ وغیرہ) جو اس مقصد کے لئے تیار کئے گئے ہوں اُن کے ذریعہ سے رُوحی ادویات کو قائم کیا جاتا ہے لیکن زیادہ مستند اور قابل عمل طریقہ یہ ہے کہ ان کو روغنیات کے ذریعہ سے قائم کیا جائے اور اس مقصد کے لئے چار روغن بہتر ہیں۔ روغن زیت روغن بید انجیر روغن بیضا اور روغن موئے سر انسان۔ ان روغنوں میں سے کسی روغن میں روحی اشیاء کو پکانے سے مشبع ہو جاتی ہیں اور پھر طرح کے کام میں لانے سے کام دیتی ہیں۔ پارہ میں

یہ خصوصیت ہے کہ وہ سونا چاندی وغیرہ کو مشمع کرنے میں امداد دیتا ہے لیکن میں اس کو زیادہ مفید واسطہ تصور نہیں کرتا اسلئے نظر انداز کرتا ہوں۔

اجارہ اجساد کو مشمع کرنے کے لئے نوشادر مصعد کا رہے جس کا ذکر ہم نے نوشادر کے بیان میں کر دیا ہے اُس کو تیار کر لیں اور پھر اجارہ اجساد کو مشمع کرنے میں آپ کو کسی قسم کی بھی تکلیف نہ ہوگی۔

نوعی ادویات کے لئے چند نسخوں کی ترکیبیں درج کی جاتی ہیں تاکہ آپ ان کے ذریعہ سے ارواح کو مشمع کر سکیں :-

یہ امر زیادہ تر ایک قسم کے تیزاب ہوتے ہیں ہم کو ان سے کام لینے کا اکثر اتفاق پڑتا ہے۔ انگریزی ادویات میں دو جنوں تیزاب مستعمل ہیں ہمارا فرض ہے کہ ہم ان سے بھی کام لینے کی کوشش کریں اگر کسی ایک تیزاب سے بھی مطلب حاصل ہو گیا تو ہم کو خود تیزاب نکالنے کی تکلیف سے نجات مل جائیگی انگریزی تیزابوں میں کاربالک ایسڈ سٹرک ایسڈ (لیموں کا ست) ٹارٹارک ایسڈ (املی کا ست) ہائیڈروکلورک ایسڈ (تیزاب نمک) میوٹک ایسڈ (جوہر نمک) نائٹرک ایسڈ (شورہ کا تیزاب) اوکسلک ایسڈ (جوہر ترش) سلیورک ایسڈ (تیزاب گندھک) ایسٹک ایسڈ (غلیظ تیزاب سرکہ) بورک ایسڈ (تیزاب ٹنکار) وغیرہ وغیرہ انگریزی دوا فروشوں سے مل سکتے ہیں ان میں قائم شدہ ادویات کو حل و عقد کرنے کی کوشش کرنی چاہئے ہم خود بھی اس پر عمل کرنے والے ہیں اور نتیجہ سے آئندہ کتب میں انشاء اللہ مطلع کرینگے بطور مثال یہاں لکھتے ہیں کہ سکہ کو انگریزی تیزاب شورہ لیکر اُس میں نصف حصہ پانی ملا کر اس میں سکہ کو محلول کرے اور نرم آنچ پر رکھے کہ رطوبت تیزاب کی خشک ہو جائے پھر نمک لاہوری نمک سانبھر اسفندان ملا کر اس قدر کھرل کرے کہ دوا مثل سرمہ کے ہو جائے پھر گرم پانی اُس میں ملا دے سیسہ کے ذرات مکلس شدہ تہ نشین ہو جائینگے پانی نتھار کر نکال دے پھر سادہ پانی سے دھو ڈالے کہ تیزاب کی شوریت نکل جائے اسی طرح سے اور

بھی استعمال ہیں ۔

تیزاب و روغن برائے حل و عقد

تیزاب نوشادر۔ ایک پاؤ نوشادر لیکر بھنگ کے پانچوں رنگ کوٹ کر اُس کے نیچے اُوپر دیکر (نخدہ آدھ سیر ہو) بذریعہ چتال جنتر روغن نکالیں۔ یہ بھی عمدہ تیزاب ہے۔ ثابت کنندہ روح و نفس ہے ۔

(۲) جوان آدمی کے سر کے بال صفی و منقرض آدھ پاؤ لیکر اُس میں صابون دیسی آدھ پاؤ روغن دیسی آدھ پاؤ ان تینوں کو کھرل میں خوب گھوٹیں کہ بالکل لیٹی سی ہو جائے پھر ایک پاؤ نوشادر پر اُس کو لیپ کریں پھر ایک برتن میں ۲½ سیر نمک لاہوری باریک پیس کر فرش کریں اور اس پر یہ نوشادر لیپ شدہ کی ڈلی رکھ کر اُس پر اور ۲½ سیر نمک بچھا کر ۱۶ گھنٹہ آگ پر پکائیں پھر سرد ہونے پر نوشادر نکال کر بذریعہ چتال جنتر اس نوشادر کا روغن کشید کریں ۔

(۳) ایک عام و مفید ترکیب یہ ہے کہ ایک پاؤ نوشادر کی ڈلی کو دو سیر چونہ صدف میں رکھ کر ایک کوزہ کلاں میں بند کر کے ۱۶ گھنٹے ہلکی دہکتی آگ دیں دوسرے دن پھر اسی طرح سے ۱۶ گھنٹے آگ دیں تیسرے دن نوشادر کو نکال کر چینی کے پیالہ میں اور اس میں جست ۲ تولہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈال دیں پانی کا رنگ سرخ ہو جائیگا اس کا عرق بذریعہ قرع زنبیق نکالیں یہ بھی ایک مفید و کارآمد چیز ہے ۔

(۴) جوان آدمی کے بال لیکر دھو کر کترلیں پھر نمک بھی چونہ آن بجھا ہوا ملا کر چار گنا پانی میں ڈالکر رکھ دیں اور ۳۲ گھنٹے کے بعد اس کا مقطر حاصل کریں پھر اسی قدر آور نمک بھی و چونہ ملا کر رکھیں اور ۳۲ گھنٹے کے بعد دوبارہ مقطر میں یہ عمل سات بار کریں ساتویں بار جو مقطر حاصل ہو اُس میں نوشادر دگنہ دھک چوتھائی وزن پانی ملا کر حل کریں پھر اس میں ایک طلائی کو ڈالا

ملا کر رکھیں کہ وہ حل ہو جائیں اس عام مرکب کا بذریعہ قرع انبیق تیز آگ پر عرق کشید کریں جب سرخ پانی ٹپکے اس کو جدا کر لیں۔

(۵) نوشادر دس تولہ چونہ آن بجھا دس تولہ دونوں کو اسقدر کھرل کریں کہ مثل لیٹی کے ہو جائے پھر قرع انبیق عرق کشید کریں پھر اس عرق میں نوشادر و چونہ اسی وزن میں ملا کر حل کر کے تقطیر کریں یہ عمل سات بار کریں آٹھویں دفعہ بغیر ادویہ ملائے کے تقطیر کریں یہ نہایت تیز پانی یا تیزاب ہوتا ہے اس میں اجساد کا حل ہو جاتا ہے ارواح کو قائم و منعقد کر دیتا ہے انفاس کو حل کرتا ہے۔

(۶) روغن زردی بیضہ مرغ۔ زردی بیضہ مرغ خام کو لیکر خوب پھینٹ دیں چمچہ سے حل کریں پھر ایک چینی کے طشت میں لیپ کر کے تیز دھوپ میں اس ترکیب سے رکھیں کہ ایک حصہ طشت کا ذرا اونچا رہے تیل ٹپک آئیگا۔

علم المیزان

کیمیا کے لئے چوتھا رکن علم المیزان ہے بغیر اوزان کی درستگی کے کوئی چیز صحیح صورت اختیار نہیں کر سکتی دانشمندان یورپ نے صرف اوزان کی امداد ہی سے جرمن سلور (جرمنی کی تیار شدہ نقلی چاندی) جرمن گولڈ (سونا) اور دوسری دھاتیں ہندوستان میں بھیج کر کروڑوں اور اربوں روپے کما لئے ہیں ہماری قدیم عربی کتب میں اس علم پر بڑی شرح و بسط سے بحث کی گئی ہے۔ ۱۹۲۲ء کی طبیہ نمایش بمقام دہلی میں ہم نے تین قلمی نادر روزگار کتابیں رکھی تھیں جن میں سے ۲ کتابیں عربی زبان میں علم المیزان پر تھیں آج ہمارے ملک میں علم کی سرپرستی کرنے والے موجود نہیں ورنہ اس کا ترجمہ و حل ایک بہت بڑی علمی خدمت اور حیرت انگیز کارنامہ ہوتا بہرحال اس جگہ چند باتیں اوزان کے متعلق لکھتا ہوں کیونکہ میں اختصار کی حدود سے باہر نہیں نکل سکتا۔

ہر نسخہ کی تکمیل کے لئے روح نفس جسد اور رطوبت کا صحیح تناسب باہم

ملانا لازمی ہے روح سے مراد عام طور پر پارہ نفس سے گندھک جسد سے دھاتیں اور رطوبت سے آب نوشادر یا سجی یا خون تیزہ وغیرہ ہے۔ اسی کو ہم پانی بھی کہتے ہیں ؛

ان کو حکما نے مندرجہ ذیل تدابیر سے باہم پیوست کیا ہے :-

(۱) روح۔ نفس پانی ہر ایک برابر

(۲) روح ایک حصہ نفس ۲ حصہ۔ پانی حسب ضرورت۔

(۳) روح تین حصہ۔ نفس ۶ حصہ۔ جسد آٹھ حصہ ؛

(۴) روح ایک حصہ نفس ۳ حصہ۔ جسد ۵ حصہ ؛

(۵) روح تین حصہ نفس ۶ حصہ جسد ۸ حصہ ؛

جب ادویات کو ملانا ہو تو ان اوزان کی بنیاد پر کوشش کرنی چاہئے اسکے علاوہ دھاتوں کی قوت اکسیری کا معلوم ہونا لازمی امر ہے اگر اُن کی قوت ایک سو فرض کریں تو

طلا	نقرہ	تانبہ	قلعی	سیسہ	لوہا	المونیم
۲۰	۱۰	۷	۵	۴	۲	۱

وزن ہے ذیل میں ہم بطور مثال کے ایک نسخہ قمر کا لکھتے ہیں اس قسم کے دجنوں نسخے مخزن الکیمیا میں دئے گئے ہیں۔

اسرب مطہر ایک حصہ قلعی مطہر ایک حصہ ملا کر جو ہر حدید سے قائم النار کے مسدس العشر حصہ قمر مدبر کا بطور تخم دیکر چکر دیں (چرخ دیں) تو سولو د قمری حادث ہوگا (یعنی چاندی بن جائیگی) جو بعد میں حملان قمر کے قمر معدنی سے بہتر ہوگا۔ مطہر سے مراد مصفا ہے ؛

جرمن سلور کا نسخہ۔ نکل (ایک دھات ہے) ایک چھٹانک تانبہ مصفا جست مصفی ۲ چھٹانک اول تانبہ گلائیں پھر اس میں نکل ملائیں جب دونوں ایک ذات ہو جائیں تو جست ملا کر سرد کریں اس کا رنگ سفید و چمکدار ہوگا

اور ہمیشہ سفید رہیگا ۔

پانچواں رکن کیمیا کا جڑی بوٹیوں سے کام لینا ہے اسکے متعلق کاشف الرموز کیمیا میں بھی ذکر ہے اور مخزن اکسیر میں تین صفحے تو کامل اسی فن پر لکھے گئے ہیں اور وہ اس قدر طویل و مشرح ہیں کہ اُن کا خلاصہ کرنے کو بھی یکسو صفحات کی کتاب کی ضرورت ہے لیکن یہاں میں صرف اس قدر آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی بوٹی پوری طرح سے عمل نہیں کر سکتی تا وقتیکہ اُس سے مندرجہ ذیل جدید طریقہ سے کام نہ لیا جائے اگر کسی عمل کے دوران میں جو آپ اس کتب کے مطالعہ سے پیشتر کرنے کے عادی ہوں کسی دھات پر بوٹی کے عمل سے رنگ تو آتا ہو مگر رنگ کم ہو یا بعد میں اُڑ جاتا ہو تو اس سے ثابت ہوا کہ بوٹی رنگ تو کرتی ہے لیکن اس سے صحیح طور پر کام نہیں لیا گیا اگر کوئی روحی چیز قائم ہو جاتی ہو مگر کچھ کسر بھی رہتی ہو تو بوٹی کی صداقت و اثر میں کلام نہیں صرف اُس بوٹی سے صحیح طور سے کام نہیں لے سکے ۔ بوٹی میں جو چیز عمل کرتی ہے وہ اس کا نمک ہے اور اس نمک کا صحیح طریق پر حاصل کر کے اگر اس سے کام لیا جائیگا تو بہت ہی زیادہ اثر اُس بوٹی کا ظاہر ہوگا کسی بوٹی میں آگ دینے یا کسی بوٹی کے پانی کا چوبیہ دینے یا کسی بوٹی کو پانی میں دوا کو پکانے سے وہ فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا جو اس ترکیب سے حاصل ہو سکتا ہے ۔

بوٹی کا یہ اثر حاصل کرنے کے لئے ضرورت ہے کہ شراب مطلق سے امداد لی جائے مغربی دواؤں کا بیشتر حصہ اسی شراب کی امداد سے تیار ہوتا ہے جو دوا کے جوہر و اثر کو چھوڑ کر خود اُڑ جاتی ۔ دوا کو محفوظ بنا دیتی اور اُس کے اثرات کو تیز کر دیتی ہے ۔

شراب کی اقسام ۔ الکحل یعنی شراب مطلق اس میں کے ایک ہزار حصہ میں ۲۲۱ حصہ پانی ہوتا ہے ۔

(۲) رکٹی فائیڈ سپرٹ۔ شراب مقطر۔ اس کے ایک سو حصہ میں ۶ حصہ پانی ہوتا ہے۔

(۳) پروف سپرٹ۔ اس کے ایک سو حصہ میں ۴۹ حصہ الکحال ہوتی ہے۔

(۴) وائن۔ اس میں ۷ حصہ الکحال ہوتی ہے۔

پہلی دو اقسام ہی ٹنکچر وغیرہ بنانے کے کام آتی ہیں۔ ذیل میں ایک ترکیب کسی بوٹی سے صحیح طور پر کام لینے والی بطور مثال کے درج کی جاتی ہے۔

(۱) دخل یعنی کیسر کے تمام اجزا سبز لکوٹ کر قرع انبیق (بھاجی) میں تقطیر کرے جس قدر فضل جمع ہوں اُن تمام کو خشک کر کے جلا ڈالے اور اس کی خاکستر سے بطریق معروف نمک حاصل کرے پھر اس کے نمک کو اس کے پانی تقطیر شدہ سے مشبع کرے۔ اب اس کے ۲ جزو تیار ہو گئے ایک نمک اور ایک پانی اسی کے نمک کو اس کے پانی میں حل کر کے اُس میں کسی چیز مثل فولاد کو بجھاؤ دیں تو وہ اس قدر مصفا ہو جائیگا کہ چاندی سے ملمع ہو سکے۔ اسی طرح سے ادویاتی اشیا کو اس کے نمک میں پکا کر قائم و مشبع و خواص بنا سکتے ہیں۔

ترکیب تقطیر کی یہ ہے کہ ایک حصہ اجزائے دوا میں ۲ حصہ رکٹی فائیڈ سپرٹ یا پروف سپرٹ کے ملا کر ۷ دن تک ایک برتن میں بھگو رکھیں اور منہ برتن کا بند رکھیں پھر اس کو فلٹر (چھان لیں) کریں پھر جو چیز حاصل ہو اس میں جدید دوا ملا کر اور حسب ضرورت شراب اضافہ کر کے بھگو دیں اور پھر ۷ دن کے بعد چھان لیں یہ عمل سات بار کریں پھر اس کو قرع انبیق میں ڈال کر چوتھائی حصہ اُس کا ڑب یعنی خلاصہ (ایکسٹریکٹ) جو اصل دوا سے بن سکتا ہے اضافہ کر کے سات بار عرق کشید کریں پھر مفت آتشی عرق کو قرع انبیق میں ڈال کر آنچ تیز پر رکھیں کہ سرخ رنگ کا پانی نکلے اور دوسرے رنگوں مثل سفید یا سفید کو جدا جدا رکھے پھر جدید اجزائے دوا لیکر اُن کو جلا کر بطریق مسروف

اس کا نمک حاصل کرے اور اس نمکدار حاصل شدہ پانیوں میں اسکو ضبط کرے
اب اس نمک کو محفوظ رکھے۔ اس میں ادویات کو پکانا یا ان پانیوں میں
تر تشویہ دینا یا اُن کا چورہ دینا اُن تدابیر سے جن پر آپ عام طور سے عمل کرتے
ہیں ہزار درجہ زیادہ موثر ہے۔ پس آپ آئندہ جس بوٹی کے نمک یا عرق سے
کام لینا ہو اول اس کو اس تدبیر سے تیار کر لیا کریں تاکہ اس کے پورے نتائج
حاصل ہو جائیں اور عمل ہمیشہ صحیح اترے۔ باقی بوٹیوں کے افعال و اثرات
کے لیے کیمیاوی کتب کا مطالعہ کریں یا ہماری کتاب "ہندوستان کی جڑی بوٹیاں"
کا مطالعہ کریں جو زیر طباعت ہے۔

ٹنکچر بنانا۔ اس ضمن میں اس جگہ ٹنکچر بنانے کی ترکیب بھی درج کر دینی چاہیے
اگر بیس اونس شراب میں الحائی اونس دوائی کا نہایت باریک سفوف ملا کر سات
دن تک ایک بند برتن میں بھگو رکھیں اور اس کو کبھی کبھی ہلا دیا کریں پھر چھان لیں اور
خشک کریں جس قدر شراب کم ہو گئی ہو اور ملا لیں۔ یہ ٹنکچر ہے۔

نسخے

گل حکمت کے اجزا۔ برادہ آہن ماش کا آٹا قند سیاہ ملتانی مٹی روغن
بکری کی تلی ہر ایک ایک تولہ لیکر خوب کوٹیں اس دوا سے انڈا یا کسی کوزہ کر
گل حکمت کرنے سے وہ مضبوط رہتا ہے۔ کوزہ کو گل حکمت کرنا ہو تو روغن ۴ تولہ کو
عام مٹی ۲ تولہ اضافہ کرنی چاہیے۔

جل مندورہ کے اجزا۔ تلفی۔ سندھور۔ کاشغری سفیدہ ہر دار سنگ
ہر ایک ۵ تولہ بڑھ کے دودھ کے ہمراہ لوہے کے ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں
کہ سخت موم کی طرح ہو جائے۔ بطور جل مندورہ کے کام لیں۔

دیگر۔ لوہے چون پرانی اینٹ کا برادہ ریگ دریا ہر ایک آدھ سیر روغن تلی
یکسیر سن بیدہ یک پاؤ تخم کتان آدھ پاؤ کاغذ آدھ پاؤ (سیاکوٹی ہو تو بہتر ہے)

مغز ساق گاؤ یا حیوان دیگر ملا کر اس قدر کوٹیں کہ باریک مثل موم کے ہو جائے اس سے کام لیں ۔

دیگر آرد گندم ایک تولہ گوند کیکر ایک تولہ قند سیاہ ایک تولہ ان سب کو سفیدی بیضہ میں ملا کر گرداگرد کٹورہ کے لیپ کر کے خشک کر لیں جب خشک ہو جائے تو پانی ڈال کر آگ جلائیں ۔

پھٹکڑی۔ تانبہ کی سیاہی کو دور کرتی اور چاندی کی میل کو نکالتی ہے پھٹکڑی کا تیل بلور کو چرخ دیتا ہے اور اجساد کو حل کر دیتا ہے ۔

سجی چاندی کو صاف کر سکتی ہے اور تانبہ کو گہرا رنگ دیتی ہے۔ روحی اشیا مثل گندھک و ہڑتال کو قائم کرتی ہے اور اگر گندھک و سم الفار کا تیل نکالنا ہو تو نمک سجی ملانے سے بآسانی نکلتا ہے ۔

نمک سجی کی ترکیب۔ سجی کوفتہ لیکر چہار چند پانی میں حل کر کے پکا لیں جب پانی نصف رہ جائے تو زلال لیں اور پھر اس زلال کو پکائیں جب یہ بھی نصف رہ جائے تو مٹی کے پیالوں میں بھر کر گرم جگہ رکھیں نمک جم جائیگا ۔

کافور قائم ہونے پر پارہ کو قائم کرتا اور گندھک کا تیل کرتا ہے ۔

شورہ۔ اجساد کو حل و فنا کرتا ہے سونے کو اجلا کرتا ہے۔ قائم النار شورہ کل پاکھروں کو ثابت کر سکتا ہے۔ شورہ کا تیزاب دھات کے کچے رنگ کو دور کرتا ہے

نوشادر۔ اس کو قائم و غواص کر لیا جائے تو کچے رنگ کو پختہ کرتا ہے اور ہر ایک سنڈھ چیز کو غواص بنا دیتا ہے ۔

دار چکنا۔ پھوٹک دھات کو نرم کر دیتا ہے۔ مدبر گندھک و ہڑتال کا تیل نکالنے میں چھوڑ (گربھسم) کا کام دیتا ہے ۔

نیلا تھوتھا۔ کم رنگ سونے کو شوخ رنگ کرتا ہے۔ لعابدار اشیاء کو پھاڑ کر رقیق کر دیتا ہے ۔

نمک۔ سونے و چاندی کا رنگ بڑھاتا ہے۔ پارہ و گندھک دونوں کو قائم

سکتا ہے۔ دھات کی ملاوٹ و میل کو نکالتا ہے۔

کلس بیضہ۔ رُوحی اشیاء کو قائم کر سکتا ہے۔

جوکھار۔ اس کو بورہ کیمیاوی اور نطرون بھی کہتے ہیں۔ رُوحی اشیاء کے جوہروں کو کسی برتن میں ڈال کر آنچ پر رکھیں اور جوکھار کی چٹکی دیں تو وہ مشمع ہو جاتے ہیں۔

سہاگہ۔ دھاتوں کو گلاتا ہے چاندی سونا کی میل کو دُور کرتا ہے۔ سہاگہ کا تیل نوشادر کو خواص و قائم کر سکتا ہے۔

سونا۔ شنگرف کو قائم کرتا ہے۔ ایسا ہی چاندی اور تانبے کو بھی۔

کم رنگ کو شوخ رنگ کرنا۔ زنگار کو سرکہ میں ملا کر سونا کو اس میں لپیٹ کر چرخ دیں۔ اگر سختی ہو تو مصطگی و سہاگہ ہموزن ملا کر سونا کو چرخ دیکر تھوڑا تھوڑا بطور چٹکی کے ڈالیں۔

سیسہ۔ اس کے دابو میں پارہ اُڑ نہیں سکتا۔

چند عُمدہ نسخہ جات براے عمل

(۱) سیماب ایکتولہ گندھک آملہ سار ایکتولہ منسل تولہ شنگرف تولہ طوطیا ۱½ ماشہ ان تمام ادویہ کو عرق زقوم بے خار میں دوپہر کھرل کر کے جست شیریں ۵ تولہ کے سنپٹ میں بند کر کے یکے بعد دیگرے گیارہ کپڑمٹ کریں جب خشک ہو جائے تو پاچک صحرائی ایک من گڑھا کھود کر آنچ دیں سرد ہونے پر نکال لیں یکذات ہو کر کشتہ کی صورت پر نکلیگا۔ اس نسخہ میں سیماب مصفےٰ ہو شنگرف رُومی ہو طوطیا سبز انگریزی ہو جست شیریں تھوہر بے خار سے مُراد تھوہر پھلی ہے۔ اس دوا کو تانبہ مصفی پر طرح کریں۔

کشتہ نقرہ۔ نقرہ ایکتولہ کا پترہ بنا کر گرم کر کے انار دانہ ترش کے پانی میں ۴۰ مرتبہ غوطہ دیں پھر زقوم خار دار بقدر ۲۰ تولہ کا نگدہ بنا کر اس میں پترا مذکور رکھ کر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ۵ سیر کی آنچ دیں ایک یا دو آنچ میں کشتہ ہوگا۔ اگر کشتہ اور مصفی

پارہ کو ہرن کھری کے پانی سے کھرل کریں تو ۲ تولہ تک پارہ جذب ہو سکتا ہے عرق لیموں میں کھرل کرنے سے ۵ سے ۱۰ تولہ تک ۔

نسخہ نشست جست آدھ سیر لیکر کڑاہی آہنی میں گلاویں درمیان اُسکے سہاگہ کی ٹکڑی پھیرتے جائیں تمام جست کشتہ ہوگا۔ یہ کشتہ آدھ سیر سم الفار آدھ سیر تمام کشتہ میں سم الفار ۲ تولہ خشک کھرل کرکے کسی کوزہ میں بند کریں اور ۲ سیر اُپلہ کی آگ دیں اسی طرح ہر دفعہ ۲ تولہ سم الفار شامل کرکے بیس آنچ دیں نشست تیار ہو جائیگی مقدر سہاگہ کو اس نشست میں دیکر آگ دیں۔ سیماب نشست کھا جائیگا ۔

نسخہ حمّان۔ نیلا تھوتھا۔ ۱ تولہ باریک پیس کر ایک کپڑا پوٹلی میں باندھ لیں پھر اس پوٹلی کو تیل سرشف میں بھگو دیں اور لوہے کے برتن میں آٹھ روز تک رکھیں آٹھ دن کے بعد آگ لگائیں جب جل کر راکھ ہو جائے تو شہد سہاگہ گھی ہر سہ اجزا ہموزن دیکر گلائیں اور مثل تیاریوں کے صاف کرکے تانبہ نکال لیں۔ اس تانبہ کے ہموزن چاندی خالص گلائیں اور اس تانبہ کی چکی دیتے جائیں جب تمام ختم ہو جائے تو چاندی کی رنگت مثل تانبہ کے ہوگی۔ برابر وزن زر حمان کرکے زیور بنا سکتے ہیں ۔

روح۔ ہڑتال ورقی ایکتولہ کی سالم ڈال پیکر ہر گیہم کے پانی ۲ تولہ میں کسی مٹی کے برتن میں بھگو دیں اور دھوپ میں رکھ دیں جب تمام پانی خشک ہو جائے ہڑتال کو علیحدہ کرکے دو کپڑ مٹ کریں جب کپڑ مٹ خشک ہو جائے بھوسی چاول ۲ تولہ کی آنچ دیں گرم ہوا سے بچا کر جب سرد ہو جائے نکال لیں۔ ہڑتال چرخ کھا کر برنگ شنگرف کسی قدر سیاہی مائل برآمد ہوگی (ایک چاول روزانہ مریض جریان کو کھلانا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ پرانے بخار کھانسی کو تین خوراک میں قلع قمع کر دیتا ہے گشتہ صدف و ایلوا ملا کر بواسیر والے کو دیں تو تمام عمر بواسیر نہیں ہوتی) ۔

نفس۔ نوشادر ۴ تولہ لیکر آدھ سیر پختہ ۔ ۲ تولہ سفیدہ کاشغری کے درمیان دیکر ایک تابہ آہنی پر رکھ کر چولھے پر رکھ دیں نیچے نرم نرم آنچ روشن کریں جب کہیں سے سفیدہ شگاف دے فوراً اور سفیدہ اُس شگاف شدہ جگہ پر ڈال دینا چاہئے۔

جب تمام سفیدہ شرخ ہو جائے آنچ بند کر دیں اور درمیان سے نوشادر نکال لیں یہ نوشادر شرخ شہاب کی مانند قائم الشکل ہو کر نکلیگا۔ اگر ایک رتی سے ۴ رتی تک مریض طحال کو ہر روز کھلایا جائے تو مرض طحال بالخاصیت دفع ہو جاتی ہے۔

نوشادر کا تیل۔ ایک اور ترکیب۔ نوشادر کا تیل نکالنے کی ترکیب یہ ہے۔ نوشادر۔ اتولہ کو چودہ آب نارسیدہ پانچ سیر میں دیکر ایک مٹی کے برتن میں بند کر کے ۱۵ سیر کی آنچ دیں جب سرد ہو جائے نکال لیں۔ پھر اُسے ایک کھلے برتن میں داخل کر کے چار چند پانی میں داخل کر دیں۔ چوتھے روز عنصر لیکر پکا دیں جب تمام پانی جل جائیگا تو نوشادر تیل ہو جائیگا۔

ترکیب و تحلیل۔ کشتہ سیماب ایک تولہ ہڑتال چرخ خوردہ ایک تولہ نوشادر شرخ قائم شدہ ایک تولہ ہر سہ کو روغن بیضہ یا الیٹ کے تیل میں دن میں تسفیہ اور رات کو نرم تشویہ دیں اور تشویہ کا سات دفعہ عمل سے اکسیر تیار ہو جائیگی۔

نسخہ اکسیر الاجساد۔ یہ ہے جس کی نسبت شیخ مفید جو مکہ معظمہ کے رہنے والے تھے اور اللہ تعالےٰ کے خطہ امن میں ہیں اُنہوں نے فرمایا کہ اللہ کی لعنت ہو اُس شخص پر جو نااہل اور غیر مستحقوں کو اس سے فائدہ پہنچاوے۔ جاننا چاہئے کہ اس کا حاصل کرنا اور چار عنصروں کا بہم پہنچانا اور اُن کو آپس میں تعلق دینا بڑی بھاری تعمیت اور بڑی تدبیر کا کام ہے۔ ان چاروں میں سے

(الف) **پہلا عمل نوشادر کا قائم کرنا ہے۔** اس کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ چونہ بے بجھا اور نوشادر ہموزن یعنے ۲-۲ اوقیہ اچھی طرح کھرل کیا جاوے کہ مثل پیٹی کی نرم اور آب غلیظ کی طرح سے ہو جائے اس کھرل شدہ پیٹی کو ایک قرع میں ڈال کر انبیق لگا دیں اور اس کے نیچے نرم آنچ دیویں یہاں تک کہ اُس کا عرق نکل آوے اور قطرہ ٹپکنا بند ہو جاوے پھر چھوڑ دیں تاکہ سرد ہو جائے اور ثفل کو پھینک دیویں اور قرع کو صاف کریں پھر دوسری مرتبہ ان دونوں کو ۲-۲ اوقیہ

لیکر پہلی طرح سے کھرل کرکے اور قرع میں مثل اول ڈالیں اور عرق اول کشید کیا ہوا ان دونوں پر ڈال کر پہلی طرح سے مقطر کریں اور اسی طرح ۷ دفعہ یہ عمل کریں مقطر شدہ عرق ۱۶۰ درم کے قریب ہوگا یہ ایک تیل بن جائیگا جو قائم ہے اور ہر ایک منجمد کو گلانے والا اور ہر ایک اُڑنے والے کو قائم النار کرنے والا اور گرہ کرنے والا ہر ایک مائع یعنے پتلی چیز کا ہے اور اس سے بہت قسم کے مقصد حاصل ہونگے ۔

(ب) **عمل دوئم سنگ پارہ** - کاہی سبز اور نمک طعام ہموزن دونوں کو نہایت باریک پیس کر ان میں دونوں کے مساوی پارہ ملا کر اس مجموعہ کو خوب کھرل کریں اور اُن کو ایک گل حکمت شدہ برتن میں ڈالدیں اور پھر ایک اور برتن اُسکے اُوپر رکھیں ۔ اُس وقت پہلے برتن کو آگ پر رکھنے سے قبل اُوپر والے برتن کے درمیان ایک سوراخ کردیں اسواسطے کہ اُس سوراخ میں سے رطوبت بشکل بخار خارج ہوتی رہے اُس پر لوہے کی چھری کا سرا رکھ کر دیکھے کہ سفید جوہر اس کے ساتھ لگیگا جب سے یہ صورت ہو تو روئی سے بند کردیں اور یہ جاننا چاہئے کہ ہر ایک اوقیہ کے لئے ایک گھنٹہ کا عمل کفایت کرتا ہے اور رطل کے واسطے تمام دن اور رطل ۲۸ تولکا ہے اور ہر ایک رطل کی مقدار ۱۲ اوقیہ ہے اور اوقیہ ۴۰ درم کا ہوتا ہے اور درم ۲۵ رتی کا پھر اس عمل کو بند کردیویں یہاں تک کہ سرد ہو جاوے جو پارہ کہ اُس میں ہوگا وہ اُوپر والے برتن کے اندر کی طرف اُڑ کر جم جائیگا پھر اس تصعید شدہ پارہ کو جدید کاہی زرد اور نمک طعام کے ساتھ ملا کر ایک دن پورا کھرل کریں پھر اسی طرح تصعید کرتا رہے جیسا کہ پہلے کیا گیا ہے اور اسی طرح تصعید شدہ پارہ کو جدید ادویات ملا کر تکرار عمل کرتا رہے یہاں تک کہ مثل سنگ مرمر کے سخت ہو جاوے اور ہتھوڑے کے ساتھ ٹوٹے جب اس مرتبہ کو پہنچ جاوے تو مقصود کے حاصل کرنے کے واسطے محفوظ رکھے ۔

(ج) **عمل سوئم ہڑتال ابیض** - اسکی تدبیر یہ ہے کہ یعنے ہڑتال ورقیہ کو کوٹ لے پھر اُس کو نمک طعام نمک لوٹا سجی اور ابرق محلوب (ترکیب ابرق محلوب کی یہ ہے کہ گف لٹھے کی ایک تھیلی بنا کر اُس میں ابرک کوٹا ہوا اور صاف پتھر کی کنکریاں ڈالکر ایک

طباق میں گرم پانی ڈالکر خوب ملے تو اس میں سے [illegible] کی طرح پانی نکلیگا اسکو نتارے
جگادہوگا اُس کو خشک کرے وہ ابرق مطلوب ہوگا۔ اور برادہ مس اور میل لوہے کا یعنی منور اور
اخروٹ کی گری اور مغز بادام مقشران تمام کا مجموعہ ۱۰ درم کی مقدار ہونا چاہئے اسکے ساتھ ۱۰ درم شہد
ملاکر بتیاں بنالیوے پھر ان بتیوں کو ایک گل حکمت شدہ شیشے کے برتن میں ڈالے اور وہ شیشہ اُس
برتن کو دوسرے برتن میں اس کی جو ریت بھرا ہوا ہو اس کو اچھی طرح سے دبادیں اور اسکے نیچے نرم
آگ جلادیں یہاں تک کہ رطوبت جاتی رہے پھر اس کا منہ بند کردیوے پھر آگ تھوڑی تیز کر
دیوے یہاں تک کہ اُڑا ہوا جوہر سفید شیشہ کی گردن میں چمٹ جائیگا پھر ان جوہروں کو جدید
ادویہ کے ساتھ جو اوپر لکھی گئی ہیں ملاکر مکرر تصعید کرے اسی طرح ۷ مرتبہ تک ان میں سے جو کچھ حاصل
ہوگا وہ سفید رنگ کا شفاف شیشہ کی طرح اور بجلی کی طرح چمکدار ہوگا اور مانند شیشہ کے وار پار
دکھائی دیگا پھر اُس کو اپنے مطلب کے حصول کے لئے محفوظ رکھے ۔

(د) **عمل چہارم گندھک سفید**۔ تدبیر اس کی یہ ہے کہ نطرون[1] یعنی بورہ سرخ دو رطل
اس کو نہایت باریک پیسے اور بیضہ کے چھلکے ایک رطل لیکر نصف نطرون کے ساتھ کھرل
کرے اور اس کو ایک ہنڈیا گل حکمت شدہ میں ڈالکر اُس کا منہ بند کردیں اور ایک رات پوری
سخت آگ میں رکھے پھر نکالکر ٹھنڈا کرے اُس میں سے چونہ نکالکر نہایت باریک کرکے وزن
کرے اور جو بورہ سرخ باقی رہ گیا ہے اُس کے ساتھ اُسکو ملادے اور ہنڈیا میں رکھکر اسیطرح
کرے یہاں تک کہ آگ میں رکھنے سے کم نہ ہووے اور اس کا نام ہے کلس ثابت پھر لیموں
کا رس صاف کرکے اُس کو ایک بڑے برتن میں ڈالیں اور اس چونہ کو اس میں ڈالدے یہ دونوں
جوش کھائینگے اس کے بعد اُس برتن کو ڈھانپ دے یہاں تک کہ سرد ہوجاوے پھر اُسکو بطریق
جر حلقہ کے مقطر کرے اس میں سے بقدر ایک اوقیہ کے لیکر پیالی میں ڈالے پھر گندھک کو تھوڑا سا
روغن کنجد کے ساتھ بقدر ایک درم گلاوے اور اُس پیالی والے پانی میں غوطہ دیوے جس وقت غوطہ دیا
جائیگا اُس وقت اُسکے منہ پر سیاہی آجاویگی اُس سیاہی کو کنویں کے گرم پانی کے ساتھ دھو ڈالے پھر
گندھک کو گلاوے پھر اُسی طرح اور غوطہ دیوے جیسا کہ اوپر لکھا گیا ہے ۷ مرتبہ تک بلکہ یہاں تک کہ اُس کی

[1] پرانی اینٹ کے شور کا نمک جو پرانے مکانوں کی دیوار سے گرتا ہے مقطر کرکے اسکا نمک نکالے وہ نطرون ہے ۔

ایک ٹکیہ سفید قائم النار مثل دودھ کے بن جاوے پس اُسکو اُٹھا لو کہ وقت پر کام آوے
اللہ جل جلالہ کی مدد سے اس چوتھے میں سے ایک اوقیہ لیکر خوب باریک کھرل کرے اور
اس میں ثابت اول یعنے نوشادر بمقدار اس کے اُس میں ڈالے پھر کسی شیشہ میں رکھکر گھوڑے
کی لید میں دفن کرے یہاں تک کہ وہاں مثل روغن زرد کے حل ہو جاوے اس کو روغن گندھک
سفید کہتے ہیں اس کو حاجت کے لئے محفوظ رکھے پھر دوسری ثابت یعنی جوہر پارہ کو ثابت
اول یعنے نوشادر کے ساتھ تشمیع کرے یہاں تک کہ مثل تیل کے جاری ہو جاوے اس کو پارہ
کا تیل کہتے ہیں پھر ہڑتال سفید کو لیکر اُس کو باریک کھرل کرے اور اُس میں ثابت اول یعنی
نوشادر ڈال دے اور کانچ کی شیشی میں رکھ کر گھوڑے کی لید میں دفن کرے یہاں تک کہ مثل
تیل کے ہو جاوے اُس کو روغن ہڑتال کہتے ہیں پھر ان چاروں کے تیار شدہ مجموعہ کو کسی
چینی کی رکابی میں یا شیشہ کی رکابی میں پوری کوشش کے ساتھ تین دن تک کھرل کرے یہ سب
مل کر انشاء اللہ تعالیٰ ایک روغن بن جائیگا اور بفضلہ اور کمال کرم اللہ جل جلالہ حصول مطلوب کے
لئے ایک نسخہ تیار ہو جائیگا اور تولید مقصود کے لئے کفایت کریگا مس کو اور قلعی کو چاندی بنا دیگا
اور چاندی کو سونا چمکدار بنا دیگا جس کی ترکیب یہ ہے کہ جس قدر مطلوب ہو لیکر اُس کے پترے
بنا کر ایک چینی کی پیالی میں ڈالکر اُس میں تیل میں سے قطرہ قطرہ ڈالے اور تھوڑی سی حرارت دے
مثل حرارت صبح کے سورج کے اور کانچ کے بٹے سے کھرل کرے پس وہ کلس ہو کر تیل بن جائیگا
اُس کے بعد ایک ریت کے دانہ کے برابر ڈالو جس چیز کو بنانا چاہو اس ترکیب سے کہ پہلا پہلوں
پر اور دوسرا دوسرے کے واسطے یعنے چاندی کا عمل چاہے تو چاندی کا تیل بنا لو اور اگر سونا
بنانا چاہے تو سونے کا تیل بنا کر مس اور نقرہ پر ڈالو تو سونا ہوگا اور چاندی بنانے کیواسطے
قلعی اور مس پر چاندی کا تیل ڈالو اس طرح پر کہ اتنے آگ پر رکھو کہ وزن ایک مثقال کا ہو
تو ان تینوں میں سے ذرا سا اس میں لگا دو تو اُس کو ایک درجہ سے دوسرے درجہ پر لے جائیگا
گویا بنانے والے نے اس کو اسی طرح بنایا تھا یہ یادداشت ہے شیخ مرحوم کیمیاگر کی طرف سے
جس پر اللہ کی رحمت اور مغفرت ہو آمین ثم آمین ٭

حکیم غلام محمد صاحب ناظم مدرسہ دارالتجارب کے کیمیاوی نسخہ جات

سم الفار سفید قائم تولہ ہڑتال قائم تولہ کشتہ نقرہ تولہ سیماب غلیظ یعنی سکہ سیماب یا سیماب مصفی چار تولہ نوشادر آفتابی پنج تولہ۔ اول سم الفار ہڑتال کشتہ نقرہ سیماب زبانہ فن بیان کردہ در کھرل اندازند و شش تلہ ماشہ نوشادر شامل کردہ با سیمابیوں سہ بار تطہر شدہ و پکپاس کاں کھرل کنند چوں قریب خشک شدن شود قرص را بمقدار یکتولہ تا دو تولہ سازند بعد خشک شدن در طشت چینی جدا جدا نہادہ آتش تشویہ دہند ازاں بعد بار دگر با شش ماشہ نوشادر آفتابی در کھرل ہر سہ را بخوبی سہ بار تطہر کردہ تا یکپاس کھرل کنند و آتش تشویہ دہند ہمچنیں ہفت بار تکرار عمل کنند ازاں بعد ہفتاد کنند کہ اکسیر مذکور خواص شدہ است یا نہ اگر قدرے کسر باقی باشد ہمچنیں طریق تکرار عمل دوسہ بار کنند انشاء اللہ اکسیر تیار خواہد شد پس دو مسقی برسن مصلی طرح کنند نقرہ خواہد شد۔

(۲) ریکپور قائم النار قلعی کو قابل حلان مشتری بنانے:۔ قلعی شورہ قائم النار بذریعہ سہ گرم چہ تولہ لیکر قریب نصف کے ایک کوزہ گلی میں کہ اس پر ایکتولہ ریکپور رکھکر باقی قلعی خوب کریں اور کوزہ کا منہ اچھی طرح خام کرکے دو سیر اُپلوں کی گرم راکھ میں آگ دیں انشاء اللہ سرد ہونے پر ریکپور قائم النار ہوگا ازاں بعد ایک تولہ قلعی پر بقدر ایک شہ یا اس سے کم طرح کریں۔

(۳) قائم النار شورہ۔ سفوف استخواں شانہ بز سیاہ نیم پاؤ قلعی شورہ یکپاؤ دونوں کو اچھی طرح سے کھرل کرکے کسی کوزہ گلی میں تین سیر کی آگ گرم کھود کر دیں سرد ہونے پر پیسکر تصرف میں لائیں۔

ترکیب دیگر سوہاگہ آدھ پاؤ قلعی شورہ آدھ پاؤ دونوں کو اچھی طرح کھرل کرکے کوزہ گلی یا طباخ گلی میں رکھ کر کنڈوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں شورہ قائم تیار ہوگا۔

(۴) روغن شورہ کا تیل قائم النار قلعی شورہ پاؤ بھر لیکر آدھ سیر پانی میں حل کریں اور کسی کڑاہی آہنی میں رکھکر نرم آگ پر پکائیں اور دودھ کی لسی کے چھینٹے دیتے جائیں اس ترکیب سے شورہ کی نمک الگ ہو جائیگی ازاں بعد پانی خشک ہونے دیں پھر کڑاہی کو نیچے اتار لیں قلعی شورہ قرص بستہ ملیگا اور نیچے کڑاہی میں شورہ کا نمک یا فضلہ رہ جائیگا جو کام کا نہیں ہے تلخ نیل کنٹھ بوٹی جسکو بندیاں والی بھی کہتے ہیں تازہ وزنی ایک سیر لیکر کوٹنے کے بعد دو قرص بنا لیں

کے بنالیں اور ایک قرص پر قلمی شورہ صاف شدہ پیسکر پھیلائیں اور اُسپر دوسرا قرص رکھیں اور
دونوں کے لب بند کریں زاں بعد کسی کڑاہی آہنی میں رکھ کر نیچے آہستہ آہستہ آگ جلائیں جب بوٹی
جل جائے کڑاہی کو ٹیڑھا کر کے قلمی شورہ کو کسی کانچ کے برتن میں گرالیں پھر اس قلمی شورہ کو باریک پیسکر
کسی کانچ کی بوتل میں بھریں اور بوتل کے گرد روئی اور گرم کپڑا وغیرہ لپیٹ کر گھوڑے کے گوبر میں
گڑھا کھود کر چھ ماہ تک دفن رکھیں بعدہٗ نکالیں شورہ تیل ہو گیا ہوگا اس تیل کو کانچ کی پیالی
میں گل حکمت کرنے کے بعد ڈالکر آگ پر رکھیں اور سم الفار یا شنگرف وغیرہ اس میں پکالیں ہر
ایک چیز پختہ ہونے کے بعد قائم النار نکلیگی ۔

حکیم اکبر حسین الہ آبادی ممبر دار التجارب کے کیمیاوی نسخہ جات

پارہ قائم پارہ مصفیٰ منقیٰ ۳ تولہ لیکر ایک رکابی گلی پختہ میں رکھ کر اور نیچے بیری کی لکڑی جلا کر
اُس پر عرق خالص چولائی خاردار جو بالکل سُرخ رنگ ہووے یعنی اُس کا پتہ ڈال جو کل سُرخ
رنگ ہو جناب کو اس قسم کی چولائی انگریزوں کے بنگلوں میں کثیر تعداد میں دستیاب ہو سکتی ہے
اس کا عرق ۳ سیر بذریعہ چوبیہ جذب کریں جب کل عرق جذب ہو جاوے اب اُس پارہ مصفیٰ کو ایک
کٹوری میں پھر رکھکر اُوپر آگ کے رکھدیں اور اُس پارہ پر ایک ایک گرین فاسفورس خشک جو انگریزی
دواخانہ سے نہایت آسانی سے دستیاب ہو سکتی ہے ڈالنا شروع کریں معاً فوراً آگ لگ جاویگی لیکن یہ
کام بہت تیز دستی کا اور بہت تیز دست آدمی کو کرنا چاہئے کیونکہ فاسفورس ایک خطرناک چیز ہے
جس کو پانی سے نکالنے پر فوراً آگ لگ جاتی ہے بہرحال ایک ایک گرین فاسفورس چھوڑنا شروع کریں
جس وقت ۳ ڈرام تک نوبت آجاوے بند کردیں پارہ قائم النار لرزاں مسکہ شدہ برآمد ہوگا جو ۲۰۰
ڈگری کے علاوہ ۱۲۰۰ ڈگری تک قائم رہیگا جسقدر آگ دوگے برداشت کریگا کبھی ایسا بھی ہوا کرتا
ہے کہ فاسفورس چھوڑتے چھوڑتے پارہ بالکل کشتہ ہو جاتا ہے وہ کشتہ نہایت اعلیٰ درجہ کی چیز ہے اور
بہت تھوڑی ہی محنت سے آپ اُسکو بہت سے کاموں میں لا سکتے ہیں میں اب تک جناب کو صرف ایک
ہی عمل تحریر کرتا ہوں جو میرا تین مرتبہ کا کیا ہوا ہے اور جس پر مجھ کو ناز ہے کہ اس سے بہتر ترکیب
پارہ قائم کرنے کی شاید کسی کے پاس ہو اور یہ آسان یہی ہے ۔

حکیم تلسی رام صاحب دہلوی ممبر دار التجارب کے کیمیاوی نسخجات

حلال شمسی۔ ایک تولہ شنگرف اردی کی ایک ڈلی پر ۲ تولہ بُرادہ سم ہمراہ سفیدی بیضہ یا ٹیپ کیکوار میں خلوط کر کے لیپ کریں اور دھوپ میں خشک کر کے پھر خفیف سی کپڑوٹی کر کے اسی طرح خشک کریں بعد ازاں زمین پر رکھ کر جہاں ہوا کا گزر نہ ہو تو آنچ خصوصاً ول جتدیگی دیں زمین میں گڑھا کھود کر لے کی کوئی ضرورت نہیں محض ڈلی کپڑوٹی شدہ کو فرش پر رکھ کر پہلی آگ آدھ پاؤ اُپلوں کی کر کی دیں دوسری آگ تین چھٹانک تیسری آگ پاؤ بھر چوتھی آگ سوا پاؤ کی دیں ان آنچوں کو دینے میں یہ خیال رکھیں کہ نہ تو ڈلی کو اپنی جگہ سے ہٹائیں نہ ہی رکھا ایک دوسری انگیٹھی جا چکی ہے جدا کریں اسی آگ پر اور اُپلے وزن مذکورہ کے آنچ دیں پانچویں آگ ڈیڑھ پاؤ چھٹی آگ آدھ سیر کی دیں چھ آنچ جب پوری ہو جاویں تو قدرے رکھ ہٹا لینی چاہئے پھر ساتویں آگ تین پاؤ کی دیں آٹھویں آگ ایک سیر کی دیں پھر کسی قدر رکھ ہٹا کر نویں آگ سوا سیر کی دیں ٹھنڈا ہونے کے نکالیں بُرادہ کو جدا کر کے شنگرف کی ڈلی نکالیں جو سیاہ رنگ نکلی اور شکر بچھی ہوگی کہیں کہیں سفیدی مائل قدرتی شکل تارے چمکتے ہونگے یہ شنگرف تا قائم رہیگی چمک جاویگی پارہ قائم ہوگا کبریت اسکی مر جاتی ہے نیز ہر دو کا وزن بھی کم ہو جائیگا بُرادہ کو [illegible] کے کام میں لاویں یا کسی دوسرے کام میں یہ بھی کسی قدر کرشنا ہوگا شنگرف قائم شدہ کو چکنی اور اس کا نصف طلا اطلان کریں بے داغ جلان ہوگا کبریت کٹھالی میں جدا ہو کر چمک جاویگی نصف طلا اس لئے کہ ڈلی تو شنگرف میں ۲ ماشہ یا ۲ ماشہ سیماب ہوتا ہے اگر شنگرف کیلئے چرخ دیکر رکھنا چاہیں تو چرخ دیکر رکھ سکتے ہیں لیکن کبریت جدا نہ ہوگی طلا کے جلان کے وقت آدھ تولہ چرخ میں خود بخود جدا ہو جاتی ہے اگر اس کا سیماب نکالنا مطلوب ہو تو دوبارہ چرخ دیکر پھر سیماب جدا ہو جاتا ہے جو بہت تیز ہوتا ہے چرخ میں جدا ہونے لگتا ہے خوں خوں کی طرح آواز نکلتی ہے یہ بہت کام کی چیز ہے بجز سکار حکیم جس طرح چاہیں کام میں لاویں ۔

نوٹ۔ نسخہ نہایت احتیاط سے بنانا چاہیے کیونکہ اگر کسی خلط میں فرق رہ جاویگا تو شنگرف نہ پختہ رہ جاویگی اس میں پوری مشاقی اور مہارت کی ضرورت ہے جب شنگرف پختہ ہو جاتی ہے تو چمکدار

کے برادہ کا غلاف چھوڑ دیتی ہے کھڑکتی ہوئی ڈلی کی آواز غلاف میں آتی ہے میرا کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے دو تین دیگر صاحب کو بھی تعلیم کیا لیکن اول مرتبہ اُن سے غلطی کچھ نہ کچھ ہوئی لیکن بعد میں درست اُترا ۔

حملان فضی ۔ سیماب ۲ تولہ سم الفار ۲ تولہ ہر دو اجزا کی سات یوم تک ہمراہ عرق نیبو کھرل کرے اور خشک کرے چار تولہ سیم کی دو کٹوریاں بنوائیں پیچدار ہوں تو بہتر ورنہ ایسی ہوں کہ ایکدوسرے کا منہ اندر باہر جوڑنے پر پیوست ہو جاوے اور یہ مذکورہ بند کر کے سات مرتبہ گل حکمت پختہ کریں اور خشک کر کے ہوا بچا کر سات سیر اُپلہ صحرائی کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں کٹوریاں سیاہ کشتہ ہونگی اور کچھ سم الفار وغیرہ کا فضلہ ہوگا سب کو پیس کر رکھ لیں چار رتی مس پر طرح کریں برابر کا سیم ملا کر حملان کریں ۔

نسخہ روغن کبریت جو نحاس کو جلد گلا دے ۔ کبریت ۲ تولہ مغز جمالگوٹہ یکتولہ ثمر کٹائی خورد پختہ ۲ تولہ (کٹائی جسکو پنجاب میں کنڈیاری اور دیگر جگہ بھٹ کٹیا) کہتے ہیں تینوں ادویہ کو کھرل میں سحق بلیغ کر کے گولیاں بنا کر خشک کر لیں اور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں یہ روغن ایک ایک سیخ چار سوت موٹے نحاس کے پتر پر لگا دو چند سکنڈ میں چند انگاروں پر لگانے سے گلا دیگا اگر اس روغن میں سیماب کو کھرل کر کے ناپدید کرے اور عمل سحق و تشویہ جاری رکھے تو سیماب اکسیری قوت پر پہنچ جاویگا جو ایک عجیب چیز ہوگی ۔

نوٹ ۔ یہ عمل ابھی شروع کیا جاتا ہے ۔

شورہ قائم النار ۔ آدھ سیر شورہ قلمی لیکر کڑھائی میں فرش کریں اُس پر ایک بیخ بوٹی اِٹ سِٹ جو کوب کر کے لحاف دیں اور کچھ جو کوب شدہ باقی رکھیں کڑھائی کو چولہے پر رکھ کر نیچے آہستہ آہستہ دھیمی نرم نرم آگ جلا دیں شورہ پگھل کر شر شر کر کے بیٹھ جاویگا اگر کہیں کہیں سے دھواں دے تو وہیں پر تھوڑی بیخ رکھ دیں بعد میں نکال کر احتیاط سے بند کر کے رکھیں اگر ہوا لگیگی تو شورہ کا اثر زائل ہو جائیگا اور نمی آجائیگی جو مانند مکھن ہو جاویگا یہ طائر اشیا کو قائم کرتا ہے اور روغن کرتا ہے ۔

تمت بالخیر

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ
دیباچہ	۱
مجربات اطبائے ہند۔ مقدمہ	۹
" حکیم نورالدین صاحب لائل پور	۱۱
" حکیم غلام جیلانی خان صاحب لاہور	۱۳
" حکیم فقیر محمد صاحب لاہور	۱۵
" حکیم محمد شریف صاحب لاہور	۱۶
" حکیم محمد حسن صاحب قرشی لاہور	۱۹
" حکیم مولوی خواجہ معین الدین صاحب حیدرآباد دکن	۱۹
" حکیم فضل حسن صاحب رضوی میرٹھ	۲۱
" حکیم ایس صاحبداد صاحب شکارپور سندھ	۲۲
" حکیم محمد حبیب اللہ خان صاحب اجمیر شریف	۲۳
" ڈاکٹر محمد یوسف صاحب جھنگ	۲۴
" حکیم محمد عبدالرحمن صاحب صدیقی گوالیار ریاست	۲۵
" حکیم دلاور علی خان صاحب عرف نتھے خان صاحب قصبہ بیس رو	۲۷
" حکیم محمد یوسف صاحب تعلقہ مست نگر	۲۸
" ڈاکٹر علی احمد شاہ صاحب دھوراجی	۲۹
" حکیم محمد عبدالرحمن صاحب گورنمنٹ بھوپال	۲۹
مجربات حکیم محمد شمس الحق خان صاحب امرتسر	۳۱
" حکیم رام رکھا صاحب ضلع فیروزپور	۳۳
" حکیم فقیر محمد صاحب نمبردار موضع موٹھی ریاست جموں	۳۵
" حکیم نور احمد صاحب منور مقیم پھلن	۳۶
" حکیم ظہیر احمد صاحب شہر گیا	۳۸
" حکیم مستانہ فقیر صاحب جہلم پنجاب	۳۸
" حکیم محمد مطیع احمد صاحب شکوہ آباد	۳۹
" حکیم عبدالخالق صاحب امرتسری	۴۰
" حکیم سید عبداللہ شاہ صاحب نوشہرہ	۴۲
" حکیم مولوی عبدالحی صاحب ڈگرپور	۴۳
" حکیم محمد علی صاحب آزاد میسور	۴۳
" حکیم ہاوا سوبھا رام صاحب	۴۵
" حکیم نظام الدین صاحب ضلع سورت	۴۶
" حکیم ملک اللہ دتہ خان صاحب	۴۷
" حکیم رتھو لال صاحب ضلع مظفر نگر	۴۸
" حکیم سید عماد الحسن صاحب کانپور	۴۸
" حکیم اکرم الدین صاحب عرف مجن	۴۹
" حکیم پنڈت شنکر دت صاحب	۵۰
" حکیم لدھا رام صاحب بہادر پور	۵۱

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
مجربات منشی غریب داس صاحب حکیم حاذق	۵۲	مجربات حکیم سید رضا حسین صاحب سنبل	۷۷
" حکیم پنڈت سردھا رام صاحب	۵۳	" حکیم چلتہ رام صاحب ضلع مظفر گڑھ	۸۰
" حکیم محمد حیات صاحب ضلع لائلپور	۵۵	" حکیم گنگا پرشاد صاحب ضلع بلند شہر	۸۱
" ایم پی مسرا صاحب سمبل	۵۸	" سید محمد یعقوب خاں صاحب فتح جنگ	۸۴
" سید ذہانت حسین صاحب موجیانوالہ	۶۰	" حکیم تلسی رام صاحب۔ دہلی	۸۵
" سید لعل شاہ صاحب پشاور	۶۰	" انند میڈیکل ہال آیورویدک روڑکی	۸۸
" حکیم حافظ احمد الدین صاحب وزیر آباد	۶۱	" حکیم ڈاکٹر مرزا محمد ابراہیم صاحب ضلع ملتان	۸۹
" ڈاکٹر غلام حیدر خاں صاحب بارہ بنکی	۶۲	" حکیم شیخ غلام محمد صاحب راولپنڈی	۹۱
" حکیم لالہ سکھدیال صاحب اودھم پور	۶۳	" ڈاکٹر گوہر بیگم صاحبہ ضلع ویلور	۹۳
" حکیم محمد مظفر الدین صاحب قصبہ مکھیڑ	۶۴	" حکیم مظفر الدین صاحب اعظم گڑھ	۹۴
" حکیم محمد نواز خاں صاحب موسیٰ خیل	۶۵	" حکیم حافظ احمد صاحب ضلع حیدرآباد	۹۴
" حکیم سید حمید الحسن صاحب ضلع اجمیر	۶۶	" حکیم منشی شیر محمد صاحب ضلع جالندھر	۹۵
" حکیم رحیم بخش صاحب ضلع ہشیارپور	۶۷	" حکیم سید عالم علی صاحب راجپوتانہ	۹۶
" حکیم رام چند سنیاسی ضلع فیروزپور	۶۷	" حکیم ملک اللہ دتہ خاں صاحب مقام بھرتہ	۹۷
" حکیم دیوراج صاحب پٹیالہ	۶۹	" حکیم غلام حسین صاحب۔ اودھ	۹۸
" حکیم عبدالوحید خاں صاحب سہارنپور	۷۰	" " " " راولپنڈی	۹۸
" ڈاکٹر محمد عظیم الدین صاحب قصور	۷۱	" حکیم ڈاکٹر علی کوثر صاحب بھوپال	۱۰۰
" حکیم محمد سعد اللہ صاحب خیرپور میر	۷۲	" " سید علی اکبر صاحب چاندپور	۱۰۱
" حکیم سید محمد شفیع صاحب قصبہ سنہر	۷۴	" حکیم قاضی محمد عبدالقادر صاحب جھانسی	۱۰۲
" حکیم منی رام صاحب ضلع امرتسر	۷۵	" حکیم مولا بخش صاحب رکنوی ضلع جھنگ	۱۰۳
" حکیم سید نظیر حسین صاحب ضلع میرٹھ	۷۴	" حکیم سید نظیر حسین صاحب ضلع پٹیالہ	۱۰۶
" حکیم تمکین احمد خاں صاحب بلند شہر	۷۶	" حکیم عبدالغفور صاحب ضلع میرٹھ	۱۰۷

مضمون	صفحہ
حکیم حافظ محمد عبدالرحمن صاحب	۱۰۹
" حکیم دیوی داس صاحب مقام کنجاہ	۱۱۰
" حکیم بسنت سنگھ صاحب مقام جوال	۱۱۲
" حکیم جیون مل صاحب " "	۱۱۳
" حکیم ڈاکٹر اوم پرکاش صاحب جموں	۱۱۳
" حکیم سید غلام یاری صاحب بگہ کلانور	۱۱۴
" حکیم سلطان علی شاہ صاحب ضلع جالندھر	۱۱۶
" ڈاکٹر بشن رام ہرش صاحب۔ کلکتہ	۱۱۸
" حکیم غلام عبدالقادر صاحب دکن	۱۱۹
" حکیم محمد خاں صاحب صوبہ بہار	۱۲۰
" حکیم پنڈت دینا ناتھ صاحب مقام نگرکوٹ	۱۲۰
" حکیم ایس ایم یوسف صاحب مدراس کلکتہ	۱۲۱
" حکیم سید غلام مرتضیٰ شاہ صاحب سندھ	۱۲۲
" حکیم لالہ کندن لال صاحب شکارپور سندھ	۱۲۳
" حکیم ایس بجے رام نندن کیرت پور	۱۲۴
" حکیم نظام الدین محمد صدیق صاحب حیدرآباد	۱۲۶
" حکیم اکبر حسین صاحب۔ الہ آباد	۱۲۸
" حکیم ہرشید صاحب پونہ جھیڈیال	۱۳۱
" پنڈت ہماری لال جی گوجرانوالہ	۱۳۲
" حکیم حافظ محمد مظفر صاحب وحکیم	۱۳۳
" حافظ محمد عمر صاحب مقام جلسہ	۱۳۳
" حکیم چرنجی لال صاحب تحصیل کیمری	۱۳۴

مضمون	صفحہ
تجربات حکیم صاحب رام صاحب مقام پیہ	۱۳۵
" حکیم محمد مرزا صاحب سرائے کمال	۱۳۶
" ڈاکٹر محمد اسمٰعیل صاحب۔ بانسبریلی	۱۳۶
" قاضی میراں بخش صاحب۔ میرٹھ شاہ	۱۳۷
" حکیم محمد علی صاحب۔ مقام شاہ ابوبکر	۱۳۸
" حکیم قاضی بخش صاحب۔ موضع پرمال	۱۳۸
" حکیم تسلی بن جمیت رائے سکھر	۱۴۰
" حکیم محمد حمید الرحمن صاحب بگہ سیفپور	۱۴۱
" پنڈت گنگا سہائے صاحب جاکن بسوال	۱۴۲
" حکیم محمد عبدالقادر صاحب بھاگلپوری	۱۴۳
" حکیم ہرسری مہر صاحب ضلع بنارس	۱۴۴
میری بیاض " "	۱۴۵
امراض دماغ و اعصاب "	۱۴۸
امراض چشم " " "	۱۵۲
کان ناک اور منہ کی بیماریاں	۱۶۱
امراض حلق و حنجرہ "	۱۶۵
" صدر و قلب "	۱۶۶
" معدہ و امعاء جگر	۱۷۰
" مردانہ کا علاج کرنیکے لئے	
اکسیری نسخہ جات۔	۱۷۸
تقویت باہ کیلئے چند دیگر تجربات	۱۸۶
کمزور مخلوق کا بیرونی علاج	۱۹۱

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
مُلذّذات	۱۹۵	استرخاء اللّہات	۲۵۲
آتشک	۱۹۶	امراض حلق و سینہ ..	۲۵۳
سوزاک	۱۹۷	ذات الجنب و ذات الریۃ	۲۶۳
امراض مثانہ و گردہ ..	۱۹۹	امراض القلب	۲۶۶
امراض النساء	۲۰۱	" مری و معدہ ..	۲۷۰
زینت النساء	۲۰۳	ہیضہ	۲۸۳
امراض النسا اور ہومیاپیتھی	۲۰۴	وجع الفواد	۲۸۴
متفرق امراض کے نسخہ جات	۲۰۵	امراض جگر	۲۸۵
مجربات ڈاکٹر امام الدین صاحب لاہور	۲۱۲	علاج استسقا	۲۸۸
طب مخفی حصہ دوئم صنعت اکبر	۲۱۶	" یرقان	۲۹۱
یونانی ویدک فارماکوپیا ..	۲۱۷	امراض امعاء و مقعد ..	۲۹۵
امراض سر	۲۱۹	دیدان شکم	۳۰۲
امراض نزلہ زکام و حلق وغیرہ	۲۲۳	بواسیر	۳۰۳
" حلق نزلہ کھانسی وغیرہ	۲۲۵	ناسور مقعد	۳۰۶
صرع یعنی مرگی	۲۲۶	امراض گردہ و مثانہ و ذیابیطس	۳۰۷
مالیخولیا	۲۳۰	" مجاری بول	۳۱۲
امراض چشم	۲۳۱	سوزاک و قرحہ	۳۱۵
متفرق نسخہ جات امراض چشم	۲۳۹	آتشک	۳۱۹
امراض گوش (کان)	۲۴۱	امراض مخصوصہ مردمان ..	۳۲۵
امراض بینی	۲۴۴	مقویات اعضائے رئیسہ	۳۲۸
امراض دہن و زبان ..	۲۴۶	مقویات باہ	۳۳۱
" دندان	۲۴۹	معاوضات عضو مخصوص کا علاج	۳۴۷

مضمون	صفحہ
دافع سرعت انزال	۳۵۴
ملذ ذات	۳۵۷
ادرام انثیین	۳۵۹
شق	۳۶۰
امراض النسا	۳۶۱
اختناق الرحم	۳۶۲
امراض حیض و نفاس	۳۶۴
ضیق و دافع سیلان ارحم	۳۶۹
متعلق حمل وغیرہ	۳۷۱
حکۂ الرحم	۳۷۵
نفخ رحم	۳۷۶
متفرق امراض نسواں	۳۷۷
امراض الاطفال	۳۷۸
امراض اعصاب	۳۸۲
جلد و خرابی خون	۳۹۰
جذام و برص	۳۹۳
تنازیر	۳۹۴

مضمون	صفحہ
چیچک	۳۹۷
ثمیات	۳۹۸
رموز الطبیا	۴۰۹
اکسیر کے لئے تین چیزیں	۴۱۷
تیزاب و روغن برائے حل و عقد	۴۲۸
علم المیزان	۴۲۹
نکتے	۴۳۳
چند نسخہ جات برائے عمل	۴۳۵
نسخہ جات حکیم اکبر حسین صاحب الہ آبادی	۴۴۲
نسخہ جات حکیم غلام محمد صاحب لاہوری	۴۴۱
نسخہ جات حکیم تلسی رام صاحب	۴۴۳
ادویہ کی تدبیر و اصلاح	۴۵۷
اوزان و پیمانے	۴۶۰

فرہنگ

الفاظ	معنی
(الف)	
اذریر	قلعی
آرنے	اُپلے جنگلی
ارلو	ٹینٹو۔ کریل کا پھل
اثمد	سُرمہ
اسفاناخ	پالک
ایرسا	بیخ بنفشہ
ابزباریس	زرشک
انجدان	بھانگی، سیسالیوس کا تخم
(ب)	
بنگ	قلعی
بٹی	گولی
بلع کریں	نگل لیں
بونٹ	نخود سبز
بزرالبنج	اجواین خراسانی
بادروج	جنگلی تلسی
بذرقطونا	اسپغول
بنزرخ	تیزپات
(پ)	
پٹہ زاغ	کوے کی چربی

الفاظ	معنی
پھریری	روٹی
پس انگنڈ ابابیل	بیٹ ابابیل
پچھاڑ دیں	بجھاؤ دیں
پاش	پاس - پہر
پاڈھل	پاڈاہ
پرسٹ پرل	پتھون
پدماک	پدمک
(ت)	
توتیائے اخضر	ٹیلہ تھوتھہ سبز
تریاک	زہر کو دفع کرنیوالی، فادزہر افیون، زہر مہرہ
تراب الملک ابیض	سم الفار سفید
تلخ بافہ	کچھوا یا مینڈک کا پتہ
(ٹ)	
ٹنڈ	مٹی کا وہ برتن جس سے کنویں سے پانی نکالتے ہیں
(ج)	
جزرات	دہی
جوز ماثل	دھتورہ
جوز القی	مین پھل

الفاظ	معنی
جسد	جست
(چ)	
چپڑ کر	لت پت کر کے
چیکٹ	گادھ
چٹا مانسی	بالچھڑ
چترک	چیتہ و شیطرج
(ح)	
حب البان	بکائن کے بیج
حلتیت	ہینگ
حریق	جلا ہوا
حب القرطم	کسوم کے بیج
حب القلت	کلہتی
حماما	ساذج ہندی کی شکل بوٹی کا نام ہے
حاشا	پودینہ جنگلی
حب الرشاد	ہالیوں یا تیرہ تیزک
حب السلاطین	جمالگوٹہ
حب العصفر	کسوم کے بیج۔ کرڑھ
حب القرع	کدو کے بیج
حب القطن	پنبہ دانہ
حب الملوک	جمالگوٹہ
حب النیل	کالا دانہ

الفاظ	معنی
(خ)	
خریق	قاتل الکلب
خرنوب	املتاس
خبز عوق	روٹی پختہ
خرزہرہ	کنیر
(د)	
دبیز	موٹا
دُرد بول خر	گدھے کے پیشاب کی گادھ
دُراج	تیتر
دوقو	گزر یا کرفس دشتی کہتے ہیں
(ذ)	
ذراریح	تیلنی مکھی
(ر)	
ریسمان	رسی
راڑا	مین پھل
روغن آفتابی	دھوپ کی تپش سے جو روغن نکالا جائے
رامک	مازو و انار وغیرہ سے تیار شدہ مرکب دوا کا نام ہے
راسن	مشہور
رازیانج	سونف

(ز)	
زراقہ	پچکاری
زنبور	لوہے کا اوزار بھڑ
زنجفر	شنگرف
زردک	گاجر

(س)	
سوزن	سوئی
سرشف	سرسوں
سنگ پشت	کچھوہ
سلیمانی	دارچکنہ
سکھدرشن	سدرشن ایک ہندی نبات ہے
سیسالیوس	انجدان
سلک	دودھ اونٹنی
سکبینج	کندل
سعتر	صعتر

(ش)	
شونیز	کلونجی
شب یمانی	پھٹکڑی
شارک	ایک پرندہ
شراب درجہ سوم	دیسی شراب
شال پرنی	ایک ویدک دوا
شحم گھیکوار	گودہ گھیکوار

(ص)	
صلایہ	لول کرنا۔ پیسنا

(ض)	
ضفدع	مینڈک

(ط)	
طولی درخت مدار	ٹڈا مدار
طرفا	جھاؤ کا درخت

(ع)	
عنی	نامرد
عقرب	بچھو
عضو ماؤف	وہ حصہ جہاں مرض موجود ہو
عروق الصفرا	ممیرا۔ بلدی
عفص	مازو

(غ)	
غدبہ	مائیں خورد

(ف)	
فودنہ	پودینہ
فراسیون	گندنا
فود	مجیٹھ
فطراسالیون	اجمود
فانیذ	مصری
فوۃ الصبافین	مجیٹھ
قنب	بھنگ

قلقدیس	ہیراکسیس
قلقطار	〃
قصب الذریرہ	چرائتہ
قرفۃ الطیب	دارچینی
قردمانا	پیاز
قنطوریون	اسی نام سے مشہور ہے
قیمولیا (گل)	کھریا مٹی
کیسو سبز	گل کیسو
کنار	بیر
کچھرالی	ورم مغابن
گوزن	بارہ سنگا
کپور	کافور
کتان	السی
کوے ابریشم	ابریشم خام
کبک	چکور
گاؤرس	چینا یا باجرہ
کمافیطوس	ککروندہ
کاشم	انجدان
کوک	چغد ایک روئیدگی ہے کھکھوسٹ بھی کہتے ہیں

م

مسقط	گرانے والی
مہندی	حنا
مصفر	کسنبہ
منوم	نیند آور
منشیات	نشہ آور
مند	بہت ہلکی
مدھم	ہلکی
مگھاں	فلفل دراز
مجوف	چھیلی ہوئی
مرارہ	پتہ
مہک	ملٹھی
مرہٹی	بابونہ
مرچیا کند	اذخر
مغسول	دھویا ہوا، مصفا

(ن)

نشویہ	تشویہ میں دیکھو
نانخواہ	اجوائن
نعناع	قسم پودینہ
نخالہ	بھوسی

(و)

ودع	سیپ، سنکھ

(ہ)

ہیل خورد	الائچی خورد
ہزال	دبلاپن

ادویہ کی تدبیر اور اصلاح

تصفیہ ابرک - ابرک کو آگ میں تپا کر دودھ میں بجھاویں یا چولائی کے رس میں بجھاویں یا کھٹائی میں بجھائیں تب ابرک صاف ہو۔

احراق اسپنج - اسپنج کو صابن لگا کے خوب صاف کریں جدا جدا نچوڑ کے اور دھوپ میں سکھا کے باریک کتر ڈالیں پھر کسی لوہے یا مٹی کے برتن میں رکھ کے آگ پر رکھیں اور کسی چیز سے چلاتے جائیں یہاں تک چلاویں کہ سخت اور قابل پیسنے کے ہو جائے بالکل جل کر راکھ نہ ہو جائے۔

تدبیر و تصفیہ افیون - افیون کو پانی یا گلاب میں چار پہر تر کر کے آگ پر رکھیں اور ملیں تاکہ خوب حل ہو جائے پھر چھان کے اور گاڑھا دفع کر کے پانی کو پکا کے جمائیں یہاں تک کہ گولی باندھنے کے قابل ہو جائے اگر چکانے کے وقت ذرا سی شراب انگوری بھی شامل کر دیں تو لطیف اور خوش کیفیت اور بے ضرر ہو جائے۔

غسل اقلیمیائے نقرہ - پانی میں پیس کر اور تھوڑی دیر ٹھیرا کر اوپر سے نتھار دیں پھر ایسا ہی کریں یہاں تک کہ پانی کے اوپر میل کا آنا بند ہو جائے۔

احراق بیضۂ مرغ - انڈے کے چھلکے کو تین روز نمک کے پانی میں بھگو کے اندرونی جھلی اور آلایش سے پاک کر کے اور کچل کر کوزے میں بھر کے اور گل حکمت کر کے پھونک دیں تاکہ راکھ ہو جائے۔

تخمیص و احراق بچھو - بچھو کو مٹی کے برتن میں زندہ رکھ کے اوپر سرپوش اور خمیر لگا کے تنور کی گرمی میں رات بھر رکھیں اور صبح کو نکال کے اوپیس کے باریک کپڑے میں چھانیں۔

تدبیر بچھناگ - بچھناگ کو ایک باریک کپڑے کی پوٹلی میں باندھیں اور اس پوٹلی میں ڈورا باندھ کر سرپوش کے سرے سے باندھ دیں اور ایک برتن میں دودھ بھر کے

اس سرپوش کو دودھ کے برتن پر ڈھک دیں اس طرح سے کہ پوٹلی دودھ میں لٹکتی رہے مگر پوٹلی کو اس طرح لٹکائیں کہ دودھ سے چھ انگل اونچی رہے اور اس برتن کو چولھے پر رکھ کے دھیمی آنچ کر دیں اور یہ آنچ ایک شبانہ روز رکھیں پھر اتار کے اور پھٹاک کو خشک کر کے کام میں لائیں ۔

تدبیر بھلانواں - دو پتھر یا دو لوہے کے ٹکڑے یا سنڈاسی یا چمٹے کو گرم کریں اور بھلانویں کو دو ٹکڑے کر کے اس میں خوب دبا دیں اور برشہد کی طرح طوبت لے لیں سکو بانس کی کمچی سے جدا کر کے کہیں رکھ دیں اور بھلانویں کو چیل کے اور کوٹ کے دوا میں شریک کریں - جو رطوبت علیحدہ ہو وہ شہد بھلاوہ ہے -

تصفیہ و تدبیر پارہ - پارے کو چالیس مرتبہ سنگین کپڑے میں چھانیں اس طرح کہ کپڑا لیا کریں تاکہ سیاہی جاتی رہے پھر گھیکوار کے گودے کے ہمراہ خرل کریں اور صاف کر کے کام میں لائیں ۔

تدبیر جمالگوٹہ - ایک ہانڈی میں ہانڈی کے گوبر یا گدے کی لید میں پانی ملا کر اس میں ڈال دیں اور خوب جوش دیں پھر دوسرا جوش اسی طرح دہی میں دیں پھر جمالگوٹے کو چھیل کے دو ٹکڑے کریں اور اس کے بیچ میں جو چھوٹا سا پردہ سفید رنگ اور لہسن کی طرح ہوتا ہے نکال کے پھینک دیں ۔

تصفیہ دھات غازات - دھات دو قسم کے ہوتے ہیں (۱) پگھلنے والے دھات جیسے سیسہ جست وغیرہ ان کے تصفیے کا یہ طریق ہے کہ تل کا تیل گرم کر کے دھات کو پگھلا کر اس تیل میں سرد کریں اسی طرح تین بار پگھلائیں اور بجھائیں پھر تین بار پگھلا کر بجھائیں پھر تین بار پگھلا کر اس گائے کے پیشاب میں جو ابھی نو زائیدہ ہو چھڑکا ہوا ہو کلتھی کے مطبوخ میں تین تین بار پگھلا کر سرد کرنا چاہئے اور یہ پانی مٹی کے برتن میں بھلا اور وہ برتن گاب میں دھرا ہے جس برتن میں یہ پانی رکھے ہوں اس کے منہ پر سرپوش لگا کر اس سرپوش میں ایک سوراخ کر دیں اور اس سوراخ میں اس پگھلے ہوئے دھات کو اندر ڈالتے رہیں تاکہ کچھ اس میں سے اڑ کر ہوا میں نہ جائے ۔

تصفیہ دال چکنا - چونے میں لپیٹ کر پوٹلی باندھ کر گائے کے دودھ میں پکائیں پھر مکروہن پھل اور چونے میں باندھ کر اطریفل کے پانی میں پھر صرف پانی میں لٹکا کر پکائیں ۔

تدبیر رسکپور - رسکپور کی ایک تولہ کی ڈلی لیکر منڈی کے پتوں کے ساتھ جو ایک پاؤ کے قریب ہوں حقے کے متعفن پانی میں ڈال کر پکائیں جب پانی نصف کے قریب رہ جائے تو پوٹلی نکال لیں ۔

تصفیہ شنگرف - شنگرف کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے کاغذی لیموں کے رس میں بھگو کے سکھا لینا چاہئے اس طرح سات بار کرنے سے صاف ہو جائیگا ۔

تدبیر کچلہ - کچلے کو ایک شبانہ روز تر کریں اور اوپر کا چھلکا جدا کر کے اور اسکو خشک کر کے سوہان سے ریت کے برادہ بنائیں اور اس برادے کو ایک شبانہ روز سرکہ میں تر کر کے خشک کر لیں اس برادے کی پوٹلی باندھ کے دودھ کی ہانڈی میں ہمراہ دودھ کے جوش دیں اور نکال کے خشک کر لیں اور دودھ پھینکدیں

تصفیہ گندھک - ایک ہانڈی میں گلے تک دودھ بھریں اور ہانڈی کے منہ پر باریک کپڑا باندھ دیں اور اس کپڑے پر گندھک باریک کر کے بچھا دیں اور اس پر لوہے کا توا اوندھا دیں اس طرح کہ توے کا سطح اندرونی گندھک سے علیحدہ رہے پھر اس توے پر سرخ کوئلے رکھ کر دھونکیں جب گندھک پگھل کے اور چھن کے دودھ میں جا رہے اس کو نکال کے کام میں لائیں یہ عمل سات بار کریں ۔

تصفیہ ہڑتال - ہڑتال کے پتر بنوا کر اس کی پوٹلی باندھ کر ایک ہانڈی میں کانجی بھر کر پوٹلی ڈال کر ایک پہر تک پکائیں پھر نکال کے چونے کے پانی میں چار پہر تک پکائیں تو صاف ہو جائے مگر امرت ساگر سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہانڈی کے اوپر لکڑی رکھے اس لکڑی میں ہڑتال کپڑے اور ڈوری میں باندھ کر اور لٹکا کر جوش دیا جائے ۔

اوزان و پیمانے

انگریزی اوزان

گرین
۶۰ گرین کا ایک ڈرام
۸ ڈرام کا ایک اونس
۱۶ اونس کا ایک پونڈ

سیال دوا ناپنے کا پیمانہ

ایک منم
۶۰ بوند = ایک فلوئیڈ ڈرام
۸ فلوئیڈ ڈرام = ایک فلوئیڈ اونس
۲۰ فلوئیڈ اونس = ایک پائنٹ
۸ پائنٹ = ایک گیلن

پیمانہائے طول

ایک انچ
۱۲ انچ = ایک فٹ
۳۶ انچ یا ۳ فٹ = ایک یارڈ (گز)

بازاری سکہ کے اوزان

ایک پیسہ = ۱۲ ماشہ ۳ رتی = ۱۸۰ گرین
اٹھنی = ۶ ″ ۱½ ″ = ۹۰ ″
چونی = ۳ ″ = ۴۵ ″
دونی = ۱½ ماشہ = ۲۲½ گرین
اکنی = ۳/۴ ماشہ = ۶۰ گرین
پیسہ = ۵/۴ = ۱۰۰ ″

انگریزی خانگی پیمانے

ایک ٹی سپون فل = چائے کا ایک چمچ بھر = ایک فلوئیڈ ڈرام = ۶۰ بوند
″ ڈیزرٹ سپون فل = مربہ کھانیکا ″ ″ = ۲ ″ ″ = ۱۲۰ ″
″ ٹیبل ″ = کھانا کھانیکا ″ ″ = ۴ ″ ″ = ½ اونس
″ وائن گلاس فل = شراب پینے کا ایک گلاس بھر = ۱½ سے ۲ اونس
″ ٹی کپ فل = چائے پینے کی ایک پیالی بھر = ۵ فلوئیڈ اونس
″ بریکفاسٹ کپ فل = ناشتہ خوری کا ایک پیالہ بھر = ۸ ″ ″
″ ٹم بلر فل = پانی پینے کا ایک گلاس = ۱۱ ″ ″

نوٹ۔ اونس = ½ تولہ = ۱ گرین = ۱ دانہ گندم = ڈرام = ۱ درہم ۲½ ماشہ
ایک تولہ = ۸۰ گرین ۔ ۲ اونس = ایک چھٹانک
۸ اونس = ایک پاؤ ۔ ۲ گرین = رتی ۔ ایک پوٹہ = ½ سیر

اوزان بیدک

۶ جَو	=	ایک مرچکا	
۶ مرچکا	=	" رائی	
۳ رائی	=	" سرسوں	
۸ سرسوں	=	" جَو	
۴ جَو	=	" چرمٹی (رتی)	
۸ چرمٹی	=	" ماشہ	
۴ ماشہ	=	" ٹانک	
۶ "	=	" گدیان	
۲ ٹانک ۸ ماشہ	=	" سکتہ کول	
۴ " ۱۶ "	=	" کرکھ	
۴ کرکھ	=	اپل ۱ تولہ ۴ ماشہ	
۴ پل	=	ایک پرسرتی	
۲ پرسرتی	=	" انجل کنڈب	
۲ کنڈب	=	" سراب	
۲ سراب	=	" پرست	
سرساہی	=	۲۱ ماشہ	
ترمرہ	=	ذرہ ریگ	
راجگان	=	۳۶ ذرہ	
دھرن	=	۴ ماشہ	

کول	=	۸ ماشہ
ہل ہشت	=	۵ تولہ ۴ ماشہ
دون	=	۱۷ سیر ۵ تولہ
پرسرت	=	۲ چھٹانک ۸ ماشہ
پنجل مہرو	=	۲ چھٹانک ۱ تولہ ۴ ماشہ
مانگا سراو	=	آدھ سیر ۲ تولہ ۸ ماشہ
پرسہتی	=	۱ سیر ۱ چھٹانک ۲ ماشہ

اوزان ہندی

۸ خشخاش	=	ایک چاول	
۴ سرسوں	=	" جَو	
۲ جَو	=	" رتی	
۸ چاول	=	" "	
۸ رتی	=	" ماشہ	
۱۲ ماشہ	=	" تولہ	
۵ تولہ	=	" چھٹانک	
۱۶ چھٹانک	=	" سیر	
۲ سیر	=	" دھڑی	
۵ "	=	" پنسیری	
۴۰ "	=	" من	

اوزان طب یونانی

استار ۔ ساڑھے چار شقال

اوقیہ	=	۲ تولہ ۱۳ ماشہ	قبضہ	=	جس قدر دو سر انگشت پکڑ سکیں
بندق	=	۴½ ماشہ	قیراط	=	۱ رتی ۱ جَو
پول	=	۱۴ "	سن بلی	=	۲۷½ تولہ
تولہ	=	۱۲ "	درم و درہم	=	۳½ ماشہ
دانگ	=	۰۴ رتی	سُرخ	=	ایک رتی
ارزہ	=	۱ چاول	خروس	=	۲۱ یا ۱۴ ماشہ
بہلولی	=	۱۴ ماشہ	قفیز	=	۱ سیر ۵ چھٹانک
پیمانگیری	=	۱ تولہ	ماشہ	=	۸ رتی
حبہ	=	۱ جَو	شقال	=	۴½ ماشہ
دام پختہ	=	۲۱ ماشہ	حصہ	=	۱ رتی
" خام	=	۱۴ "	بندق	=	۳ ماشہ
دمڑی	=	۰۲ "	طسیرہ	=	۲ چاول
رطل	=	۴۰ تولہ	دینار	=	۷۵ جَو
سرسابی	=	۲۱ ماشہ	حسہ	=	۴ "
ابریق	=	۴۵۰ شقال	سیر جہانی	=	۷۰ تولہ
خردل	=	½ چاول	قسط	=	۲۰ اوقیہ
عدس	=	مسدد	خروب	=	۱ رتی ۱ جَو
دینار	=	۴½ ماشہ	قنطار	=	۱۲۰۰ اوقیہ
برنج	=	چاول			

ماہرِ جنسیات

حکیم محمد یوسف حسن کی مقبول ترین تصانیف

جس طرح جہالت اور لاعلمی گناہ ہے اس طرح سے فحاشی اور عریانی گناہ کبیرہ ہیں۔ جنسیات کا موضوع جتنا اہم ہے اتنا ہی نازک ہے۔ ملک میں عریاں اور گندے لٹریچر نے ہمارے صحت مند ادب اور ملی اخلاق کے پرخچے اڑا دیئے ہیں۔ جناب حکیم یوسف حسن صاحب ان کتب میں عریاں اور گندے الفاظ کے خلاف جہاد کرتے ہوئے اس قدر خوبصورت زبان استعمال کی ہے جو متانت، شرافت اور اخلاقیات کے ہر تقاضے کو پورا کرتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ والدین اب یہ کتب خود اپنی اگلی نسل کو دے رہے ہیں تاکہ جوانی کی حدوں میں داخل ہونے والی ہر لڑکی اور لڑکا اپنی آئندہ زندگی کا احسن طریقے سے آغاز کر سکیں۔

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار، لاہور

ادارہ ترجمان الطب
مین بازار قصور پورہ
ماڈل ٹاؤن لاہور